Maktaba Tul Ishaat.com

کتاب الجنائز، کتاب الحج، کتاب الزکاۃ

جلد ششم

الفیض الجاری فی دروس البخاری

افادات درس صحیح بخاری

محدث عصر حضرت اقدس مولانا محمد یونس صاحب جونپوری رحمۃ اللہ علیہ
شیخ الحدیث جامعہ مظاہر علوم سہارنپور

ضبط و ترتیب

مولانا محمد ایوب سورتی
خادم حدیث نبوی دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر، گجرات

MAKTABA-E-REHMANIA

Maktaba Tul Ishaat

تمام فنون کے کتب ہمارے ویب سائٹ اور پلے سٹور سے فری ڈاون لوڈ کریں۔ ہم روزانہ کی بنیاد پر اس میں مزید نئے کتب شامل کر رہے ہیں نئے شامل شدہ کتب لیے روزانہ ہمارے پلے سٹور اور ویب سائٹ کو باقاعدگی سے چیک کیا کریں۔

اپنی کتاب کو ہمارے ویب سائٹ پر شائع کرنے کے لیے رابطہ کریں

تفاسیر	خطبات	منطق
احادیث	سیرت	معانی
فقہ	تاریخ	تصوف
سوانح حیات	صرف	تقابل ادیان
درس نظامی	نحو	تجوید
لغت	فلسفہ	نعت
فتاوی	حکمت	تراجم
اصلاحی	بلاغت	تبلیغ و دعوت
آڈیو دروس	مناظرے	تمام فنون

maktaba.tul.ishaatofficial@gmail.com

Maktaba Tul Ishaat.com

الفیض الجاری فی دروس البخاری

جلد ششم

کتاب الجنائز، کتاب الحج، کتاب الزکاۃ

افادات درسِ صحیح بخاری

محدث عصر حضرت اقدس مولانا محمد یونس صاحب جونپوری رحمۃ اللہ علیہ
شیخ الحدیث جامعہ مظاہر علوم سہارنپور

ضبط و ترتیب

مولانا محمد ایوب سورتی

خادم حدیث نبوی دار العلوم فلاح دارین ترکیسر گجرات

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)
اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 37355743-37224228-042
MAKTABA-E-REHMANIA

Maktaba Tul Ishaat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

نام کتاب

الفیض الجاری فی دروس البخاری

جلد ششم

ناشر

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

مطبع

خضر جاوید پرنٹرز لاہور

اقرأ سنٹر۔غزنی سٹریٹ۔اردو بازار۔لاہور
فون: 042-37224228-37355743

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

تنبیہ

ہمارے ادارے کا نام بغیر ہماری تحریری اجازت بطور ملنے کا پتہ، ڈسٹری بیوٹر، ناشر یا تقسیم کنندگان وغیرہ میں نہ لکھا جائے۔ بصورت دیگر اس کی تمام تر ذمہ داری کتاب طبع کروانے والے پر ہوگی۔ ادارہ ہذا اس کا جوابدہ نہ ہوگا اور ایسا کرنے والے کے خلاف ادارہ قانونی کارروائی کا حق رکھتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فهرس الموضوعات

صفحہ بخاری	فہرست ابواب	صفحہ کتاب
	عرض مرتب (محمد ایوب سورتی)	
	خطاب (حضرت مولانا مفتی خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ العالی)	
١٦٥	**كِتَابُ الْجَنَائِزِ**	٢٢
١٦٥	بَابُ مَا جَاءَ فِي الْجَنَائِزِ وَمَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ	٢٢
١٦٥	بَابُ الْأَمْرِ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ	٢٨
١٦٦	بَابُ الدُّخُولِ عَلَى الْمَيِّتِ بَعْدَ الْمَوْتِ إِذَا أُدْرِجَ فِي أَكْفَانِهِ	٣١
١٦٦	بَابُ الرَّجُلِ يَنْعَى إِلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ بِنَفْسِهِ	٣٩
١٦٧	بَابُ الْإِذْنِ بِالْجَنَازَةِ	٤١
١٦٧	بَابُ فَضْلِ مَنْ مَاتَ لَهُ وَلَدٌ فَاحْتَسَبَ	٤٢
١٦٧	بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ الْقَبْرِ اصْبِرِي	٤٦
١٦٧	بَابُ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَوُضُوئِهِ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ	٤٦
١٦٧	بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ أَنْ يُغْسَلَ وِتْرًا	٥٠
١٦٧	بَابُ يُبْدَأُ بِمَيَامِنِ الْمَيِّتِ	٥١
١٦٨	بَابُ مَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنَ الْمَيِّتِ	٥٢
١٦٨	بَابُ هَلْ تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِي إِزَارِ الرَّجُلِ	٥٣
١٦٨	بَابُ يُجْعَلُ الْكَافُورُ فِي الْأَخِيرَةِ	٥٤
١٦٨	بَابُ نَقْضِ شَعَرِ الْمَرْأَةِ	٥٦
١٦٨	بَابُ كَيْفَ الْإِشْعَارُ لِلْمَيِّتِ	٥٧
١٦٨	بَابُ هَلْ يُجْعَلُ شَعَرُ الْمَرْأَةِ ثَلَاثَةَ قُرُونٍ	٥٩
١٦٨	بَابُ يُلْقَى شَعَرُ الْمَرْأَةِ خَلْفَهَا	٦٠
١٦٩	بَابُ الثِّيَابِ الْبِيضِ لِلْكَفَنِ	٦١
١٦٩	بَابُ الْكَفَنِ فِي ثَوْبَيْنِ	٦٢
١٦٩	بَابُ الْحَنُوطِ لِلْمَيِّتِ	٦٣
١٦٩	بَابُ كَيْفَ يُكَفَّنُ الْمُحْرِمُ	٦٤
١٦٩	بَابُ الْكَفَنِ فِي الْقَمِيصِ الَّذِي يُكَفُّ أَوْ لَا يُكَفُّ	٦٦
١٦٩	بَابُ الْكَفَنِ بِغَيْرِ قَمِيصٍ	٧١
١٦٩	بَابُ الْكَفَنِ بِلَا عِمَامَةٍ	٧٤
١٦٩	بَابُ الْكَفَنِ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ	٧٤
١٧٠	بَابُ إِذَا لَمْ يُوجَدْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ	٧٦
١٧٠	بَابُ إِذَا لَمْ يَجِدْ كَفَنًا إِلَّا مَا يُوَارِي رَأْسَهُ أَوْ قَدَمَيْهِ غَطَّى رَأْسَهُ	٧٧

Maktaba Tul Ishaat.com

١٧٠	بَاب مَنْ اسْتَعَدَّ الْكَفَنَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ ﷺ فَلَمْ يُنْكَرْ عَلَيْهِ	٧٧
١٧٠	بَاب اتِّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَائِزَ	٨٠
١٧٠	بَاب إِحْدَادِ الْمَرْأَةِ عَلَى غَيْرِ زَوْجِهَا	٨١
١٧١	بَاب زِيَارَةِ الْقُبُورِ	٨٥
١٧١	بَاب قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ يُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ	٨٦
١٧٢	بَاب مَا يُكْرَهُ مِنَ النِّيَاحَةِ عَلَى الْمَيِّتِ	٩٣
١٧٢	بَاب	٩٦
١٧٢	بَاب لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوبَ	٩٧
١٧٣	بَاب رِثَاءِ النَّبِيِّ ﷺ سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ	٩٨
١٧٣	بَاب مَا يُنْهَى مِنَ الْحَلْقِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ	١٠٣
١٧٣	بَاب لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ	١٠٤
١٧٣	بَاب مَا يُنْهَى مِنَ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ	١٠٥
١٧٣	بَاب مَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ	١٠٥
١٧٣	بَاب مَنْ لَمْ يُظْهِرْ حُزْنَهُ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ	١٠٧
١٧٤	بَاب الصَّبْرِ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى	١١٠
١٧٤	بَاب قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ إِنَّا بِكَ لَمَحْزُونُونَ	١١٢
١٧٤	بَاب الْبُكَاءِ عِنْدَ الْمَرِيضِ	١١٤
١٧٤	بَاب مَا يُنْهَى مِنَ النَّوْحِ وَالْبُكَاءِ وَالزَّجْرِ عَنْ ذَلِكَ	١١٥
١٧٥	بَاب الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ	١١٧
١٧٥	بَاب مَتَى يَقْعُدُ إِذَا قَامَ لِلْجَنَازَةِ	١١٩
١٧٥	بَاب مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَا يَقْعُدُ حَتَّى تُوضَعَ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ فَإِنْ قَعَدَ أُمِرَ بِالْقِيَامِ	١٢٠
١٧٥	بَاب مَنْ قَامَ لِجَنَازَةِ يَهُودِيٍّ	١٢٢
١٧٥	بَاب حَمْلِ الرِّجَالِ الْجِنَازَةَ دُونَ النِّسَاءِ	١٢٤
١٧٥	بَاب السُّرْعَةِ بِالْجِنَازَةِ	١٢٤
١٧٦	بَاب قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجِنَازَةِ قَدِّمُونِي	١٢٨
١٧٦	بَاب مَنْ صَفَّ صَفَّيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً عَلَى الْجِنَازَةِ خَلْفَ الْإِمَامِ	١٢٩
١٧٦	بَاب الصُّفُوفِ عَلَى الْجِنَازَةِ	١٣٠
١٧٦	بَاب صُفُوفِ الصِّبْيَانِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْجَنَائِزِ	١٣٥
١٧٦	بَاب سُنَّةِ الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَازَةِ	١٣٦
١٧٦	بَاب فَضْلِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ	١٤٠
١٧٧	بَاب مَنِ انْتَظَرَ حَتَّى تُدْفَنَ	١٤٢
١٧٧	بَاب صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ	١٤٥
١٧٧	بَاب الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَائِزِ بِالْمُصَلَّى وَالْمَسْجِدِ	١٤٦
١٧٧	بَاب مَا يُكْرَهُ مِنِ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُورِ	١٥٠
١٧٧	بَاب الصَّلَاةِ عَلَى النُّفَسَاءِ إِذَا مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا	١٥١

Maktaba Tul Ishaat.com

۱۷۷	بَاب أَيْنَ يَقُومُ مِنَ الْمَرْأَةِ وَالرَّجُلِ	۱۵۲
۱۷۸	بَاب التَّكْبِيرِ عَلَى الْجَنَازَةِ أَرْبَعًا	۱۵۳
۱۷۸	بَاب قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلَى الْجَنَازَةِ	۱۵۴
۱۷۸	بَاب الصَّلَاةِ عَلَى الْقَبْرِ بَعْدَ مَا يُدْفَنُ	۱۵۵
۱۷۸	بَاب الْمَيِّتُ يَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ	۱۵۷
۱۷۸	بَاب مَنْ أَحَبَّ الدَّفْنَ فِي الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ أَوْ نَحْوِهَا	۱۶۲
۱۷۸	بَاب الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ	۱۶۶
۱۷۹	بَاب بِنَاءِ الْمَسْجِدِ عَلَى الْقَبْرِ	۱۶۷
۱۷۹	بَاب مَنْ يَدْخُلُ قَبْرَ الْمَرْأَةِ	۱۶۹
۱۷۹	بَاب الصَّلَاةِ عَلَى الشَّهِيدِ	۱۷۰
۱۷۹	بَاب دَفْنِ الرَّجُلَيْنِ أَوِ الثَّلَاثَةِ فِي قَبْرٍ وَاحِدٍ	۱۷۶
۱۷۹	بَاب مَنْ لَمْ يَرَ غُسْلَ الشُّهَدَاءِ	۱۷۶
۱۷۹	بَاب مَنْ يُقَدَّمُ فِي اللَّحْدِ	۱۷۷
۱۷۹	بَاب الْإِذْخِرِ وَالْحَشِيشِ فِي الْقَبْرِ	۱۷۹
۱۸۰	بَاب هَلْ يُخْرَجُ الْمَيِّتُ مِنَ الْقَبْرِ وَاللَّحْدِ لِعِلَّةٍ	۱۸۰
۱۸۰	بَاب اللَّحْدِ وَالشَّقِّ فِي الْقَبْرِ	۱۸۳
۱۸۰	بَاب إِذَا أَسْلَمَ الصَّبِيُّ فَمَاتَ هَلْ يُصَلَّى عَلَيْهِ وَهَلْ يُعْرَضُ عَلَى الصَّبِيِّ الْإِسْلَامُ	۱۸۴
۱۸۱	بَاب إِذَا قَالَ الْمُشْرِكُ عِنْدَ الْمَوْتِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ	۱۹۷
۱۸۱	بَاب الْجَرِيدِ عَلَى الْقَبْرِ	۱۹۹
۱۸۲	بَاب مَوْعِظَةِ الْمُحَدِّثِ عِنْدَ الْقَبْرِ وَقُعُودِ أَصْحَابِهِ حَوْلَهُ	۲۰۲
۱۸۲	بَاب مَا جَاءَ فِي قَاتِلِ النَّفْسِ	۲۰۵
۱۸۲	بَاب مَا يُكْرَهُ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَى الْمُنَافِقِينَ وَالِاسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِينَ	۲۰۹
۱۸۲	بَاب ثَنَاءِ النَّاسِ عَلَى الْمَيِّتِ	۲۱۰
۱۸۳	بَاب مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ	۲۱۳
۱۸۴	بَاب التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ	۲۲۱
۱۸۴	بَاب عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْغِيبَةِ وَالْبَوْلِ	۲۲۳
۱۸۴	بَاب الْمَيِّتِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ	۲۲۳
۱۸۴	بَاب كَلَامِ الْمَيِّتِ عَلَى الْجَنَازَةِ	۲۲۵
۱۸۴	بَاب مَا قِيلَ فِي أَوْلَادِ الْمُسْلِمِينَ	۲۲۶
۱۸۵	بَاب مَا قِيلَ فِي أَوْلَادِ الْمُشْرِكِينَ	۲۲۸
۱۸۵	بَاب	۲۳۱
۱۸۶	بَاب مَوْتِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ	۲۳۶
۱۸۶	بَاب مَوْتِ الْفُجَاءَةِ بَغْتَةً	۲۳۹
۱۸۶	بَاب مَا جَاءَ فِي قَبْرِ النَّبِيِّ ﷺ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا	۲۴۰
۱۸۷	بَاب مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الْأَمْوَاتِ	۲۴۷

Maktaba Tul Ishaat.com

۱۸۷	بَاب ذِكْرِ شِرَارِ الْمَوْتَى	۲۴۸
۱۸۷	**كِتَابُ الزَّكَاةِ**	۲۵۰
۱۸۷	بَاب وُجُوبِ الزَّكَاةِ	۲۵۱
۱۸۸	بَاب الْبَيْعَةِ عَلَى إِيتَاءِ الزَّكَاةِ	۲۶۸
۱۸۸	بَاب إِثْمِ مَانِعِ الزَّكَاةِ	۲۶۹
۱۸۸	بَاب مَا أُدِّيَ زَكَاتُهُ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ	۲۷۲
۱۸۹	بَاب إِنْفَاقِ الْمَالِ فِي حَقِّهِ	۲۷۸
۱۸۹	بَاب الرِّيَاءِ فِي الصَّدَقَةِ	۲۷۸
۱۸۹	بَاب لَا يَقْبَلُ اللَّهُ صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ وَلَا يَقْبَلُ إِلَّا مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ	۲۷۹
۱۸۹	بَاب الصَّدَقَةِ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ	۲۸۱
۱۹۰	بَاب الصَّدَقَةِ قَبْلَ الرَّدِّ	۲۸۳
۱۹۰	بَاب اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ وَالْقَلِيلِ مِنَ الصَّدَقَةِ	۲۸۶
۱۹۰	بَاب فَضْلِ صَدَقَةِ الشَّحِيحِ الصَّحِيحِ	۲۸۹
۱۹۱	بَاب	۲۹۰
۱۹۱	بَاب صَدَقَةِ الْعَلَانِيَةِ	۲۹۳
۱۹۱	بَاب صَدَقَةِ السِّرِّ	۲۹۳
۱۹۱	بَاب إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى غَنِيٍّ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ	۲۹۵
۱۹۱	بَاب إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى ابْنِهِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ	۲۹۸
۱۹۱	بَاب الصَّدَقَةِ بِالْيَمِينِ	۲۹۹
۱۹۲	بَاب مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ	۳۰۱
۱۹۲	بَاب لَا صَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى	۳۰۲
۱۹۲	بَاب الْمَنَّانِ بِمَا أَعْطَى	۳۰۸
۱۹۲	بَاب مَنْ أَحَبَّ تَعْجِيلَ الصَّدَقَةِ مِنْ يَوْمِهَا	۳۰۹
۱۹۲	بَاب التَّحْرِيضِ عَلَى الصَّدَقَةِ وَالشَّفَاعَةِ فِيهَا	۳۰۹
۱۹۳	بَاب الصَّدَقَةِ فِيمَا اسْتَطَاعَ	۳۱۱
۱۹۳	بَاب الصَّدَقَةُ تُكَفِّرُ الْخَطِيئَةَ	۳۱۱
۱۹۳	بَاب مَنْ تَصَدَّقَ فِي الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ	۳۱۲
۱۹۳	بَاب أَجْرِ الْخَادِمِ إِذَا تَصَدَّقَ بِأَمْرِ صَاحِبِهِ غَيْرَ مُفْسِدٍ	۳۱۵
۱۹۳	بَاب أَجْرِ الْمَرْأَةِ إِذَا تَصَدَّقَتْ أَوْ أَطْعَمَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ	۳۱۶
۱۹۳	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى﴾ الآيَةَ	۳۱۸
۱۹۴	بَاب مَثَلِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِيلِ	۳۱۹
۱۹۴	بَاب صَدَقَةِ الْكَسْبِ وَالتِّجَارَةِ	۳۲۲
۱۹۴	بَاب عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوفِ	۳۲۴
۱۹۴	بَاب قَدْرُ كَمْ يُعْطَى مِنَ الزَّكَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَمَنْ أَعْطَى شَاةً	۳۲۵
۱۹۴	بَاب زَكَاةِ الْوَرِقِ	۳۲۷

Maktaba Tul Ishaat.com

١٩٤	بَاب الْعَرْضِ فِي الزَّكَاةِ	٣٣٢
١٩٥	بَاب لَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ	٣٣٦
١٩٥	بَاب مَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ	٣٤٠
١٩٥	بَاب زَكَاةِ الْإِبِلِ	٣٤٢
١٩٥	بَاب مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ	٣٤٣
١٩٥	بَاب زَكَاةِ الْغَنَمِ	٣٤٦
١٩٦	بَاب لَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَلَا تَيْسٌ إِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ	٣٥٣
١٩٦	بَاب أَخْذِ الْعَنَاقِ فِي الصَّدَقَةِ	٣٥٥
١٩٦	بَاب لَا تُؤْخَذُ كَرَائِمُ أَمْوَالِ النَّاسِ فِي الصَّدَقَةِ	٣٥٦
١٩٦	بَاب لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ	٣٥٧
١٩٦	بَاب زَكَاةِ الْبَقَرِ	٣٥٧
١٩٧	بَاب الزَّكَاةِ عَلَى الْأَقَارِبِ	٣٦٠
١٩٧	بَاب لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهِ صَدَقَةٌ	٣٦٥
١٩٧	بَاب لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ صَدَقَةٌ	٣٦٨
١٩٧	بَاب الصَّدَقَةِ عَلَى الْيَتَامَى	٣٦٨
١٩٨	بَاب الزَّكَاةِ عَلَى الزَّوْجِ وَالْأَيْتَامِ فِي الْحَجْرِ	٣٧٠
١٩٨	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ	٣٧٢
١٩٨	بَاب الِاسْتِعْفَافِ عَنْ الْمَسْأَلَةِ	٣٧٦
١٩٩	بَاب مَنْ أَعْطَاهُ اللَّهُ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَلَا إِشْرَافِ نَفْسٍ	٣٧٩
١٩٩	بَاب مَنْ سَأَلَ النَّاسَ تَكَثُّرًا	٣٨٠
١٩٩	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى ﴿لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾ وَكَمْ الْغِنَى وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَلَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ	٣٨٢
٢٠٠	بَاب خَرْصِ التَّمْرِ	٣٨٩
٢٠١	بَاب الْعُشْرِ فِيمَا يُسْقَى مِنْ مَاءِ السَّمَاءِ وَالْمَاءِ الْجَارِي	٣٩٣
٢٠١	بَاب لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ	٣٩٨
٢٠١	بَاب أَخْذِ صَدَقَةِ التَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ وَهَلْ يُتْرَكُ الصَّبِيُّ فَيَمَسُّ تَمْرَ الصَّدَقَةِ	٣٩٩
٢٠١	بَاب مَنْ بَاعَ ثِمَارَهُ أَوْ نَخْلَهُ أَوْ أَرْضَهُ أَوْ زَرْعَهُ وَقَدْ وَجَبَ فِيهِ الْعُشْرُ أَوْ الصَّدَقَةُ فَأَدَّى الزَّكَاةَ مِنْ غَيْرِهِ أَوْ بَاعَ ثِمَارَهُ وَلَمْ تَجِبْ فِيهِ الصَّدَقَةُ	٤٠١
٢٠١	بَاب هَلْ يَشْتَرِي الرَّجُلُ صَدَقَتَهُ	٤٠٣
٢٠٢	بَاب مَا يُذْكَرُ فِي الصَّدَقَةِ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَآلِهِ	٤٠٦
٢٠٢	بَاب الصَّدَقَةِ عَلَى مَوَالِي أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم	٤٠٩
٢٠٢	بَاب إِذَا تَحَوَّلَتْ الصَّدَقَةُ	٤١٢
٢٠٢	بَاب أَخْذِ الصَّدَقَةِ مِنْ الْأَغْنِيَاءِ وَتُرَدَّ فِي الْفُقَرَاءِ حَيْثُ كَانُوا	٤١٣
٢٠٣	بَاب صَلَاةِ الْإِمَامِ وَدُعَائِهِ لِصَاحِبِ الصَّدَقَةِ	٤١٥
٢٠٣	بَاب مَا يُسْتَخْرَجُ مِنْ الْبَحْرِ	٤١٧
٢٠٣	بَاب فِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ	٤١٩

٢٠٣	بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَمُحَاسَبَةِ الْمُصَدِّقِينَ مَعَ الْإِمَامِ	٤٢٦
٢٠٣	بَابُ اسْتِعْمَالِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَأَلْبَانِهَا لِأَبْنَاءِ السَّبِيلِ	٤٢٧
٢٠٤	بَابُ وَسْمِ الْإِمَامِ إِبِلَ الصَّدَقَةِ بِيَدِهِ	٤٢٨
	(أَبْوَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ)	٤٢٩
٢٠٤	بَابُ فَرْضِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ	٤٢٩
٢٠٤	بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْعَبْدِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ	٤٣٢
٢٠٤	بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ	٤٣٣
٢٠٤	بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ	٤٣٤
٢٠٤	بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ	٤٣٦
٢٠٤	بَابُ صَاعٍ مِنْ زَبِيبٍ	٤٣٦
٢٠٤	بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ الْعِيدِ	٤٣٧
٢٠٥	بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ	٤٣٨
٢٠٥	بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ	٤٤٠
٢٠٥	كِتَابُ الْمَنَاسِكِ (الحج)	٤٤٢
٢٠٥	بَابُ وُجُوبِ الْحَجِّ وَفَضْلِهِ	٤٤٣
٢٠٥	بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ	٤٤٧
٢٠٥	بَابُ الْحَجِّ عَلَى الرَّحْلِ	٤٤٩
٢٠٦	بَابُ فَضْلِ الْحَجِّ الْمَبْرُورِ	٤٥١
٢٠٦	بَابُ فَرْضِ مَوَاقِيتِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ	٤٥٣
٢٠٦	بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى	٤٥٥
٢٠٦	بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ مَكَّةَ لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ	٤٥٥
٢٠٦	بَابُ مِيقَاتِ أَهْلِ الْمَدِينَةِ وَلَا يُهِلُّوا قَبْلَ ذِي الْحُلَيْفَةِ	٤٥٨
٢٠٦	بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الشَّامِ	٤٥٩
٢٠٧	بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ نَجْدٍ	٤٦٠
٢٠٧	بَابُ مُهَلِّ مَنْ كَانَ دُونَ الْمَوَاقِيتِ	٤٦٠
٢٠٧	بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الْيَمَنِ	٤٦١
٢٠٧	بَابُ ذَاتُ عِرْقٍ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ	٤٦١
٢٠٧	باب الصلوة بذی الحليفة	٤٦٣
٢٠٧	بَابُ خُرُوجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم عَلَى طَرِيقِ الشَّجَرَةِ	٤٦٣
٢٠٧	بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الْعَقِيقُ وَادٍ مُبَارَكٌ	٤٦٤
٢٠٨	بَابُ غَسْلِ الْخَلُوقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِنَ الثِّيَابِ	٤٦٦
٢٠٨	بَابُ الطِّيبِ عِنْدَ الْإِحْرَامِ وَمَا يَلْبَسُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحْرِمَ وَيَتَرَجَّلَ وَيَدَّهِنَ	٤٦٨
٢٠٨	بَابُ مَنْ أَهَلَّ مُلَبِّدًا	٤٧٢
٢٠٨	بَابُ الْإِهْلَالِ عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ	٤٧٣
٢٠٨	بَابُ مَا لَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ	٤٧٤

Maktaba Tul Ishaat.com

٢٠٩	بَاب الرُّكُوبِ وَالِارْتِدَافِ فِي الْحَجِّ	٤٧٨
٢٠٩	بَاب مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنْ الثِّيَابِ وَالْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ	٤٧٩
٢٠٩	بَاب مَنْ بَاتَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ حَتَّى أَصْبَحَ	٤٨٥
٢٠٩	بَاب رَفْعِ الصَّوْتِ بِالْإِهْلَالِ	٤٨٦
٢١٠	بَاب التَّلْبِيَةِ	٤٨٧
٢١٠	بَاب التَّحْمِيدِ وَالتَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ قَبْلَ الْإِهْلَالِ عِنْدَ الرُّكُوبِ عَلَى الدَّابَّةِ	٤٨٩
٢١٠	بَاب مَنْ أَهَلَّ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ	٤٩١
٢١٠	بَاب الْإِهْلَالِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ	٤٩٢
٢١٠	بَاب التَّلْبِيَةِ إِذَا انْحَدَرَ فِي الْوَادِي	٤٩٣
٢١٠	بَاب كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ	٤٩٥
٢١١	بَاب مَنْ أَهَلَّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ ﷺ كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ ﷺ	498
٢١١	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ	٥٠٠
٢١٢	بَاب التَّمَتُّعِ وَالْإِقْرَانِ وَالْإِفْرَادِ بِالْحَجِّ وَفَسْخِ الْحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ	٥٠٦
٢١٣	بَاب مَنْ لَبَّى بِالْحَجِّ وَسَمَّاهُ	٥١٨
٢١٣	بَاب التَّمَتُّعِ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ	٥١٩
٢١٣	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	٥٢٠
٢١٤	بَاب الِاغْتِسَالِ عِنْدَ دُخُولِ مَكَّةَ	٥٢٥
٢١٤	بَاب دُخُولِ مَكَّةَ نَهَارًا أَوْ لَيْلًا	٥٢٥
٢١٤	بَاب مِنْ أَيْنَ يَدْخُلُ مَكَّةَ	٥٢٦
٢١٤	بَاب مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ مِنْ مَكَّةَ	٥٢٦
٢١٥	بَاب فَضْلِ مَكَّةَ وَبُنْيَانِهَا	٥٢٨
٢١٦	بَاب فَضْلِ الْحَرَمِ	٥٣٣
٢١٦	بَاب تَوْرِيثِ دُورِ مَكَّةَ وَبَيْعِهَا وَشِرَائِهَا وَأَنَّ النَّاسَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سَوَاءٌ خَاصَّةً	٥٣٥
٢١٦	بَاب نُزُولِ النَّبِيِّ ﷺ مَكَّةَ	٥٣٩
٢١٦	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَنْ نَعْبُدَ الْأَصْنَامَ رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِنْ النَّاسِ إِلَى قَوْلِهِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ	٥٤٠
٢١٦	بَاب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى جَعَلَ اللَّهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ إِلَى قَوْلِهِ عَلِيمٌ	٥٤١
٢١٧	بَاب كِسْوَةِ الْكَعْبَةِ	٥٤٥
٢١٧	بَاب هَدْمِ الْكَعْبَةِ	٥٤٧
٢١٧	بَاب مَا ذُكِرَ فِي الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ	٥٤٩
٢١٧	بَاب إِغْلَاقِ الْبَيْتِ وَيُصَلِّي فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ	٥٥١
٢١٧	بَاب الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ	٥٥٢
٢١٧	بَاب مَنْ لَمْ يَدْخُلْ الْكَعْبَةَ	٥٥٤
٢١٨	بَاب مَنْ كَبَّرَ فِي نَوَاحِي الْكَعْبَةِ	٥٥٥
٢١٨	بَاب كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الرَّمَلِ	٥٥٧

Maktaba Tul Ishaat.com

۲۱۸	بَاب اسْتِلَامِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ حِينَ يَقْدَمُ مَكَّةَ أَوَّلَ مَا يَطُوفُ وَيَرْمُلُ ثَلَاثًا	۵٦۰
۲۱۸	بَاب الرَّمَلِ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ	۵٦۲
۲۱۸	بَاب اسْتِلَامِ الرُّكْنِ بِالْمِحْجَنِ	۵٦۳
۲۱۸	بَاب مَنْ لَمْ يَسْتَلِمْ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ	۵٦۵
۲۱۸	بَاب تَقْبِيلِ الْحَجَرِ	۵٦٦
۲۱۹	بَاب مَنْ أَشَارَ إِلَى الرُّكْنِ إِذَا أَتَى عَلَيْهِ	۵٦۸
۲۱۹	بَاب التَّكْبِيرِ عِنْدَ الرُّكْنِ	۵٦۸
۲۱۹	بَاب مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا	۵٦۹
۲۱۹	بَاب طَوَافِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ	۵۷۲
۲۱۹	بَاب الْكَلَامِ فِي الطَّوَافِ	۵۷۵
۲۲۰	بَاب إِذَا رَأَى سَيْرًا أَوْ شَيْئًا يُكْرَهُ فِي الطَّوَافِ قَطَعَهُ	۵۷٦
۲۲۰	بَاب لَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَلَا يَحُجُّ مُشْرِكٌ	۵۷٦
۲۲۰	بَاب إِذَا وَقَفَ فِي الطَّوَافِ	۵۷۷
۲۲۰	بَاب صَلَّى النَّبِيُّ ﷺ لِسُبُوعِهِ رَكْعَتَيْنِ	۵۷۸
۲۲۰	بَاب مَنْ لَمْ يَقْرَبْ الْكَعْبَةَ وَلَمْ يَطُفْ حَتَّى يَخْرُجَ إِلَى عَرَفَةَ وَيَرْجِعَ بَعْدَ الطَّوَافِ الْأَوَّلِ	۵۸۱
۲۲۰	بَاب مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيْ الطَّوَافِ خَارِجًا مِنْ الْمَسْجِدِ	۵۸۲
۲۲۰	بَاب مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيْ الطَّوَافِ خَلْفَ الْمَقَامِ	۵۸۳
۲۲۰	بَاب الطَّوَافِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ	۵۸۴
۲۲۱	بَاب الْمَرِيضِ يَطُوفُ رَاكِبًا	۵۸۷
۲۲۱	بَاب سِقَايَةِ الْحَاجِّ	۵۸۸
۲۲۱	بَاب مَا جَاءَ فِي زَمْزَمَ	۵۹۰
۲۲۱	بَاب طَوَافِ الْقَارِنِ	۵۹۳
۲۲۲	بَاب الطَّوَافِ عَلَى وُضُوءٍ	٦۰۰
۲۲۲	بَاب وُجُوبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَجُعِلَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ	٦۰۳
۲۲۳	بَاب مَا جَاءَ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ	٦۰۸
۲۲۳	بَاب تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَإِذَا سَعَى عَلَى غَيْرِ وُضُوءٍ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ	٦۱۱
۲۲۴	بَاب الْإِهْلَالِ مِنْ الْبَطْحَاءِ وَغَيْرِهَا لِلْمَكِّيِّ وَلِلْحَاجِّ إِذَا خَرَجَ إِلَى مِنًى	٦۱۴
۲۲۴	بَاب أَيْنَ يُصَلِّي الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ	٦۱۵

Maktaba Tul Ishaat.com

عرض مرتب

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العلمين، والصلاة والسلام على سيدنا محمد، خاتم النبيين، أشرف الأنبياء والمرسلين، قائد الغرّ المحجّلين، وعلى آله وأصحابه أجمعين، ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين۔

أما بعد:

اللہ تعالیٰ کالاکھ لاکھ شکرو احسان ہے کہ الفیض الجاری فی دروس البخاری افاداتِ استاذنا العلامۃ المحقق محدث العصر حضرت مولانا محمد یونس جونپوری علیہ الرحمۃ والرضوان کی جلد ششم جو کتاب الجنائز سے شروع ہو کر باب الصلاۃ بمنی پر ختم ہورہی ہے طبع ونشر کے لائق ہوگئی، اور انشاء اللہ شائقین وطالبین کے دل کے سرور اور آنکھوں کے سرور کا باعث ہوگا۔

یقیناً اس جلد کو بھی بہت جلد منظر عام پر آنا چاہئے مگر عوارض وموانع کے ساتھ شواغل ومشاغل نے نیز اس درمیان کئی کتب کی ترتیب کا کام بیچ میں آنے کی وجہ سے تاخیر پر تاخیر ہوتی گئی، اور اس سے پہلی اور اس جلد میں ڈیڑھ سال کا طویل فاصلہ ہوگیا، اللہ کرے آئندہ کمر ہمت بندھی رہے اور بلا سستی واعذار مانعہ کے اگلی جلدیں جلد از جلد منظر عام پر آسکیں۔

اس وقت بھی کوشش کی گئی ہے کہ کم سے کم صفحات میں زیادہ سے زیادہ ابواب کی شرح آجائے تاکہ اسکو مزید جلدوں کی کثرت اور زیادہ ضخامت سے بچایا جاسکے مگر افادات ومضامین کی کثرت ووسعت کی بناپر سمیٹنا بہت مشکل ہورہاہے، پھر بھی ایک کوشش یہ کی گئی کہ جس طرح بعض مخلص اہل علم کے مشورہ پر احادیث کے عربی متن کے تحت ترجمہ کرنے کا التزام کیا تھا اس میں کچھ کمی کی گئی کہ وہ احادیث جوماقبل میں گزر گئیں اسکا ترجمہ حذف کرکے ماقبل باب کا حوالہ دے دیا گیا جس کی وجہ سے کافی صفحات کی بچت ہوگئی، بلکہ بچت کی خاطر

Maktaba Tul Ishaat.com

کئی جگہوں پر یہ لکھنا بھی چھوڑ دیا کہ یہ روایت فلاں جگہ گزر گئی، ناظر کے ذمہ ہی لگا دیا کہ اگر اسے ترجمہ کی ضرورت ہو تو اس روایت کو پچھلے ابواب میں تلاش کرے، اور بعض جگہ ترجمہ آسان ہونے کی وجہ سے بھی حذف کیا گیا ہے، کہیں یہ انداز ہوا کہ حضرت نے دوران درس خود اس کا ترجمہ کیا ہے اس لئے شروع میں ترجمہ حذف کر دیا، نیز عنوانات کی کثرت سے بھی پرہیز کیا گیا، جہاں طویل مباحث ہوئے وہاں عنوانات قائم کئے گئے، البتہ بہت سے مضامین کو پیراگراف بنا بنا کر مضمون کو آسان کیا گیا ہے تب کہیں جا کر اس جلد میں بخاری شریف کے تقریباً ٦٠ صفحات کی شرح ہی آسکی۔

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ چوتھی جلد سے حضرۃ الاستاد کی ١٩٨٢ء کا درس جو کیسٹ سے نقل کیا گیا تھا اسی کو کاغذ پر منتقل کر کے ترتیب دیا جا رہا ہے مگر بعض ابواب میں کچھ گنجلک پیش آئی تو ١٩٩٦ء کے درس سے جس کی کاپیاں حضرت مفتی شبیر احمد صاحب مدظلہ (بلیک برن، انگلینڈ) کے پاس تھیں استفادہ کیا گیا، نیز حضرۃ الاستاذ مختلف سالوں میں جس باب یا عنوان پر مبسوط اور مرتب کلام کرتے اس کو اُس سال کے طلبہ سے نقل کروا لیتے، وہ نقل شدہ اوراق حضرت کے پاس محفوظ رہتے اور حضرت اس کو ملاحظہ فرما کر حسب ضرورت اصلاح بھی فرماتے اور بعد میں اپنے ہاتھ سے ان اوراق پر (دیدہ شد) تحریر فرما دیتے جس سے انداز ہوتا کہ حضرت کی نظر سے پورا مضمون گزر چکا ہے، وہ تمام اوراق بھی بفضل اللہ ہمارے پاس موجود ہیں، اُن ابواب کو کیسٹ سے نقل شدہ تقریر کے بجائے انہی اوراق سے نقل کیا جاتا ہے قطع نظر اس کے کہ وہ کسی سال کے بھی ہوں، اور آئندہ بھی اسی طرح کام ہوگا انشاء اللہ۔

اب تک اللہ کا فضل رہا اس کی دی ہوئی ہمت سے کام کرنے کی امنگ باقی رہی تو الیواقیت الغالیہ کی چار جلدیں اور نبراس الساری فی ریاض البخاری کی سات جلدیں اور الفیض الجاری کی اس جلد کے ساتھ سات جلدیں شائع ہو گئیں، اس طرح حضرۃ الاستاذ کے علوم وافادات کی یہ اٹھارویں جلد ہے، والحمدللہ علی ذالک۔

نیز سابقہ جلدوں کی طرح یہاں بھی عرض ہے کہ الحمدللہ حضرت سے تعلق رکھنے والے بہت سے تلامذہ اور احباب ان کاموں کی بار بار ہمت افزائی فرما رہے ہیں، بالخصوص حضرت کے خادم خاص مکرم مولانا یونس

Maktaba Tul Ishaat.com

رندیرا صاحب، محترم مفتی شبیر احمد صاحب، محترم مولانا یوسف ٹنکاروی صاحب، مولانا عبد الرشید متالا صاحب، مولانا ایوب پانولی، مولانا جابر پالنپوری بطورِ خاص قابلِ ذکر ہیں۔

اس موقع پر ایک شکریہ ہمارے عزیز دوست محبی فی اللہ الحاج منصور الحسن غوری کا ہے جو باوجودیکہ نہ کسی مدرسہ کے فارغ التحصیل نہ فیض یافتہ ہیں، نہ کوئی علمی سلسلہ و مشغلہ، بس دینی ذوق رکھتے اور اردو لکھ بول لیتے ہیں محض دینی تعلق کی وجہ سے اپنا انتہائی قیمتی وقت دے رکھا ہے اور شانہ بشانہ کمپیوٹر پر بیٹھ کر کتاب کی تحریر و تہذیب میں تعاون کرتے رہتے ہیں جبکہ اچھے اچھے جوان فضلاء اس مشقت سے جی کتراتے ہیں، اللہ تعالی اپنے شایانِ شان ان کو اور ان کے گھر والوں کو جزائے خیر عطا فرمائیں اپنی محبت اور رضا نصیب فرمائیں، اللہ تعالی ان کی اور ہماری اولاد کو بھی صلاح و فلاح سے نواز کر دینی خدمات کے لئے قبول فرمائے۔

مناسب سمجھا گیا کہ ہر جلد میں محدث عصر صاحب افادات حضرت مولانا محمد یونس صاحبؒ کی شخصیت اور ان کے علوم و افادات پر اہل علم کے مضامین کو شامل کتاب کیا جائے، چنانچہ اس وقت عالم جلیل صاحب فضل و کمال حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب کا خطاب جو سیمینار منعقدہ جامعہ قاسمیہ کھروڈ میں ہوا اس کو شامل کیا جارہا ہے کہ حضرت کا خطاب انتہائی جامع مؤثر اور حضرت کی شخصیت کی صحیح ترجمانی پر مشتمل ہے۔

آخر میں اپنے تمام محسنین و متعلقین، دوست و احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کسی بھی طرح اس میں ہمارا تعاون فرمایا، اللہ تعالی محض اپنے کرم سے اس علمی سلسلہ کو قبول فرمائیں اور ہمت و توفیق عطا فرمائیں، تمام قارئین سے درخواست ہے کہ حضرۃ الاستاذ کی مغفرت تامہ اور درجات عالیہ میں ترقی کی دعاء فرمائیں اور مرتب کے حق میں خیر و عافیت اور بالخصوص اس سلسلہ کو پایۂ تکمیل تک پہونچانے اور اللہ تعالی کی مدد شامل حال ہونے کی ضرور دعاء کریں۔

والسلام

احقر محمد ایوب سورتی عفا اللہ عنہ

خادم حدیث نبوی دار العلوم فلاح دارین ترکیسر، سورت، گجرات

وخادم مجلس دعوۃ الحق یوکے، ودعوۃ الحق سورت

۲۴ رجب ۱۴۴۴ھ مطابق ۱۶ فروری ۲۰۲۳ء پنج شنبہ

Maktaba Tul Ishaat.com

خطاب

حضرت مولانا مفتی خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ العالی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ، مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ أَجْمَعِیْنَ، وَمَنْ تَبِعَھُمْ بِإِحْسَانٍ إِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ. أَمَّا بَعْدُ.

گجرات کے علماء کا تعلق حضرت شیخؒ سے:

حضرت مولانا محمد حنیف صاحب، گجرات اور دور دراز سے تشریف لانے والے علماءِ کرام، محترم بزرگو اور دوستو! ماشاء اللہ گجرات کے علماء اور تلامذہ امیر المؤمنین فی الحدیث حضرت مولانا محمد یونس صاحب جونپوری رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی میں بھی اُن کی خدمت فرماتے تھے اور جیسے پروانے شمع پر گرتے ہیں اسی طرح کا سلوک ان کا حضرت شیخؒ کے ساتھ تھا، حضرتؒ کی وفات کے بعد بھی ماشاء اللہ یہاں کے علماء نے اس تعلق کو نبھانے کا حق ادا کیا ہے، اور جو حضرتؒ کے افادات ہیں ہم جیسے لوگ جو براہِ راست ان سے تلمذ کی سعادت حاصل نہ کرسکے ان تک ان افادات کو پہنچانے کا انتظام بھی یہیں سے ہو رہا ہے، بالخصوص اس سلسلے میں حضرت مولانا محمد ایوب صاحب سورتی دامت برکاتہم، ہم سب لوگوں کو ان کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

حضرت کی شخصیت اتنی گوناگوں اور ہمہ جہت ہے، جیسا کہ ہمیں اور آپ کو صبح سے اندازہ ہوا کہ اگر ان میں سے ایک ایک پہلو پر ایک ایک نشست رکھی جاتی تب بھی شاید ناکافی ہوتی؛ لیکن ایسے سیمیناروں سے ایک بہت بڑا فائدہ ہوتا ہے کہ کئی علمی بیش قیمت مقالات یا اشارات یہاں پیش کیے گئے ہیں ان سے اندازہ ہے کہ ان شاء اللہ جب حضرت مولانا شیخ محمد حنیف صاحب اس مجموعے کو شائع کریں گے تو یہ دستاویز ہوگی اور آئندہ کوئی بڑے پیمانے پر ان کا تذکرہ کرنا چاہے تو اسے بہت آسانی کے ساتھ معلومات حاصل ہو جائیں گی، پختہ اور معتبر معلومات اس کے ہاتھوں میں ہوں گی، اللہ کرے کہ ساری چیزیں جلد سے جلد ہمارے سامنے آجائیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اُذْكُرُوا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اُذْكُرُوا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ، جو لوگ گزر جائیں ان کی خوبیوں کا، ان کے محاسن کا ذکر کرو، ذکر محاسن میں دو پہلو ہیں: ایک پہلو تو یہ ہے کہ مؤمن اگر اپنے کسی مؤمن بھائی کا خیر سے ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے یہاں وہ اس کے حق میں شہادت ہے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللهِ فِي الْأَرْضِ، تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس سرزمین میں گواہ ہو، لہٰذا جو لوگ گزر چکے تم ان کے بارے میں کلمہ خیر کہو، تو یہ انشاء اللہ ان کے لیے خیر کا ذریعہ ہے۔

دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ جب بزرگوں کے محاسن ذکر کیے جاتے ہیں تو ہم کو خود اپنی زندگی کے لیے روشنی ملتی ہے، ایک اُسوہ حاصل ہوتا ہے، ایک نمونہ حاصل ہوتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اس دوسرے نقطۂ نظر سے اس وقت جو باتیں آئی ہیں میں ان کا خلاصہ یا جو کچھ ہم نے تھوڑا بہت حضرت کی ملاقات میں -جو بہت کم رہی ہے- اور حضرت کی کتابوں سے بالواسطہ استفادہ سے اور ان کے شاگردوں سے سن کر جو نتیجہ اخذ کیا ہے وہ میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ پہلی بات جو حضرت کی کتابوں میں دیکھنے میں آئی وہ یہ ہے:

(۱) مسائل فقہ میں مصادرِ اصلیہ سے مراجعت:

عام طور پر ہم لوگوں کا مزاج متاخرین کی کتابوں سے مراجعت کا رہا ہے، لیکن میں نے ایک بڑے حصے کی ورق گردانی کی، میں نے دیکھا کہ حضرت مولانا محمد یونس صاحب جونپوریؒ جہاں بھی احناف کا نقطۂ نظر نقل کرتے ہیں تو چاہتے ہیں کہ امام محمدؒ کی 'کتاب الأصل' سے اس کو نقل کریں، اور جہاں 'کتاب الأصل' میں وہ بات نہ مل پائی ہو تو بعد میں علامہ سرخسیؒ کی 'المبسوط'، پھر دوسری کتابیں۔

یہ بہت اہم بات ہے، کسی بھی فن میں آدمی واسطہ در واسطہ مراجع کی بجائے اگر اصل مراجع تک پہنچے تو اس سے بڑا عملی نفع ہوتا ہے، متقدمین جو چیزیں لکھتے ہیں ان میں شرائط و قیود اور دیگر بہت سی باتیں ملحوظ ہوتی ہیں، آہستہ آہستہ جب متاخرین ان کو نقل کرتے ہیں تو بعض جگہ ابہام ہوتا ہے، شرطوں کا ذکر نہیں ہوتا، قیود کا ذکر نہیں آتا، مسئلے کی مختلف شکلیں ہیں تو کسی ایک شق کا ذکر ہو جاتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ حضرت مولاناؒ کی زندگی سے علماء، بالخصوص فقہ پر کام کرنے والوں کو، اہل افتاء کو اور اساتذہ و

Maktaba Tul Ishaat.com

اہل علم کو یہ سبق ملتا ہے کہ ہمارا رشتہ مراجع و مصادرِ اصلیہ سے ٹوٹنا نہیں چاہیے، اگر ہم نے ایک مسئلہ 'فتاویٰ عالمگیری' میں دیکھا اور اس میں لکھا تھا: 'کذا في الخلاصة' تو ہمیں چاہیے کہ ہم 'خلاصۃ الفتاویٰ' تک پہنچیں، اور جب ہم نے 'خلاصۃ الفتاویٰ' میں دیکھا اور وہاں یہ بات لکھی گئی ہو، مثلاً ابو اللیث سمرقندی نے کہا، تو ہمیں چاہیے کہ ہم ان کی 'نوازل' تک پہنچیں، اور ہم امام محمدؒ کی 'کتاب الاصل' میں تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ یہ جو قناعت کا مزاج مجھ جیسے لوگوں میں پیدا ہو گیا ہے کہ کسی بھی ایک کتاب میں دیکھ لیا، یہاں تک کہ بعض دفعہ ہم اس کو بھی نہیں دیکھتے ہیں کہ اصحابِ افتاء نے اسے کتبِ معتبرہ میں سے مانا ہے یا نہیں؟

ہم اپنی تحقیق میں، افتاء میں اور درس وغیرہ میں اس بات کا لحاظ رکھیں کہ یہ ایک سبق ہے جو حضرت کی زندگی سے اور طریقۂ تحقیق سے لینے کی چیز ہے۔

(۲) دوسرا منہج:

حضرت کی شروحِ بخاری وغیرہ جو ابھی آئیں اگرچہ مکمل نہیں آئی ہے، اس میں دیکھنے کا موقع ملا، وہ کسی حدیث کا مفہوم متعین کرنے میں اور اس سے استفادہ و استنباط میں تعددِ طرق اور تعددِ شیخ دونوں کو سامنے رکھتے ہیں، کیوں کہ حدیث کے جب تمام طرق جمع ہوتے ہیں اور کہیں الفاظ میں تفاوت ہوتا ہے تو اس سے پڑھنے والے کو بڑا نفع ہوتا ہے، بہت سے شبہات کا ازالہ ہوتا ہے، بہت سے ابہام کی تفسیر ہوتی ہے، بہت سی دفعہ اس مسئلے کا پس منظر معلوم ہوتا ہے، اسی طرح ایک کتاب کے مختلف نسخے سامنے ہوں تو بہت سی چیزوں کو حل کرنے میں مدد ملتی ہے، حضرت کی جو یاد داشت شائع ہوئی ہے میں نے اسے دیکھا، اس کا بڑا اہتمام فرمایا ہے، حدیث کے مختلف طرق ہیں تو ان کو جمع کرنا اور کسی کتاب کے جو مختلف نسخے ہیں ان کو جمع کر کے ایک رائے قائم کرنا یہ بڑا کام ہے، خاص کر جو حضرات علم حدیث سے شغف رکھتے ہوں، اس میں تصنیف و تالیف کا کام کرتے ہوں، اس میں تدریس کا کام کرتے ہوں، میں سمجھتا ہوں کہ ان کے لیے یہ ایک بہترین نمونہ ہے۔

(۳) مطالعہ کی کثرت:

حضرت کی زندگی سے مزید جو سبق ملتا ہے وہ مطالعہ کی کثرت ہے، جو حوالجات ہیں وہ بھی ہمیں سامنے رکھنا چاہیے کہ آج کے دور میں حوالجات کا جمع کرنا بہت آسان ہو گیا ہے، کمپیوٹر کی شکل میں ایک ایسی مشینری عالم میں موجود ہے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

آپ نے کوئی حدیث ڈالی، حدیث کا کوئی ٹکڑا ڈالا تو لمبی فہرست سامنے آگئی، ہم نے "معہد" میں "بدائع الصنائع" کی تخریج کا کام کرایا ہے، پانچ جلدوں میں مکمل ہو گیا ہے، بعض دفعہ طلبہ آکر کہتے تھے کہ "نصب الرایہ" میں وہ حدیث نہیں ملی، علامہ زیلعی نے "لَمْ أَجِدْهُ" لکھا، یا یہ روایت اس میں مل گئی ہے، میں نے طلبہ سے کہا کہ تم لوگوں نے کبھی یہ سوچا کہ علامہ زیلعی نے جس زمانے میں تخریج کا کام کیا وہ کمپیوٹر کا دور نہیں تھا، وہ پریس کا دور نہیں تھا، وہ آج کی طرح کتب خانوں اور لائبریریوں کا دور نہیں تھا، قلمی نسخوں کے ذریعہ دنیا بھر کی گرد چھان کر کس مشقت سے مواد جمع کیا جاتا تھا، یہ ایک بڑی اہم بات ہے کہ حضرت کے یہاں مطالعہ کی کثرت تھی، جہاں آپ بیٹھتے تھے، مجھے بھی دو چار دفعہ حاضری کا موقع ملا، ایسا لگتا تھا جیسے آپ کتابوں کے درمیان ہیں اور کتابیں اس طرح ہوتی تھیں گویا کمرے کی دیوار اینٹوں کے بجائے کتابوں سے بنائی گئی ہے۔

حیدرآباد میں ایک دفعہ حضرت کی تشریف آوری ہوئی، میں جس ادارے میں تھا وہاں ہم لوگوں نے دعوت دی، آپ تشریف لائے تو بجائے دفتر اہتمام میں بیٹھنے کے سیدھے لائبریری تشریف لائے اور مجھ سے کہا کہ کچھ نئی کتابیں ہوں تو مجھے لاکر دِکھایئے! اس زمانے میں ادارے کے ذمہ دار مولانا رضوان صاحب اور میں سعودی عرب جاتے تھے، ہم لوگ ہر سال ایک بجٹ اپنے ذہن میں متعین کر کے نئی کتابیں لاتے تھے، تو جتنی کتابیں مولانا کو بتائیں، چاہے وہ متونِ حدیث کی نئی مطبوعات ہوں، رِجال سے متعلق ہوں، اصولِ حدیث کی بحثیں ہوں، یہاں تک کہ فقہ کی کتابیں، سب کے بارے میں فرماتے تھے کہ یہ کتاب میری نظر سے گزر چکی ہے، یہ کتاب میرے کتب خانے میں موجود ہے، ایک دو کتابیں جو دکتوراہ سے متعلق بحوث کی تھیں ان کو مولانا نے ایک نظر دیکھا، یہ مطالعہ کی کثرت ہے، اس پر ہمیں توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔

حضرت علامہ سید انور شاہ کشمیری آخری زمانے میں جب بہت بیمار تھے تو رات بھر چراغ جلا کر مطالعہ کرتے تھے کیوں کہ دیوبند میں بجلی کا نظام ٹھیک نہیں تھا، ایک بار علامہ شبیر احمد عثمانی اور ان کے شاگردوں نے یہ طے کیا کہ خود چل کر حضرت سے یہ درخواست کریں کہ معالج مطالعہ سے منع کرتے ہیں، آپ کے اس عمل سے صحت کو بڑا نقصان ہوتا ہے، علامہ شبیر احمد عثمانی آپ کے چند تلامذہ کے ساتھ پہنچے تو دیکھا کہ لالٹین جل رہی ہے اور حضرت جھک کر مطالعہ فرما رہے ہیں، مطالعہ بھی اس شان سے کرتے تھے جیسے "بیضاوی" کا مطالعہ کر رہے ہیں، اگر کوئی سطر دائیں

Maktaba Tul Ishaat.com

جانب لکھی ہوئی ہے تو علامہ کشمیری اس کو اِدھر موڑ کر نہیں دیکھتے بلکہ خود اُدھر جاکر بیٹھ کر دیکھتے، فرماتے تھے کہ یہ کتاب کے ادب کے خلاف ہے کہ میں اپنے لحاظ سے کتاب کو موڑوں، کتاب کا ادب یہ ہے کہ میں کتاب کے رخ کے لحاظ سے بیٹھوں، علامہ شبیر احمد عثمانی نے عرض کیا کہ حضرت! دیوبند کے کتب خانہ میں کونسی ایسی کتاب ہے جو آپ کے سامنے سے نہیں گزری؟ اور کونسی کتاب ہے جسے آپ نے پڑھا اور وہ آپ کے ذہن میں محفوظ نہ ہو؟ پھر بھی اگر کوئی حوالہ مطلوب ہو تو ہم خدام حاضر ہیں، آپ حکم فرمادیجیے! ہم لوگ تلاش کر کے آپ کے سامنے پیش کر دیں گے، معالج منع کرتے ہیں، آپ کے اس عمل سے صحت کو بڑا نقصان پہنچ رہا ہے، آپ کی صحت ایسی ہے پھر رات بھر مطالعہ کرتے ہیں، علامہ نے سر اُٹھایا اور مسکرا کر فرمایا: ”مولوی صاحب! یہ بھی ایک بیماری ہے اور اللہ کرے کہ یہ بیماری آپ لوگوں کو بھی لگ جائے“، اللہ تعالیٰ ہم لوگوں کو بھی لگادے، ہمارے لیئے یہ ایک بہت ہی اہم سبق ہے۔

ہم لوگوں کے اندر- میں اپنے آپ کو سب سے پہلے مخاطب کرتا ہوں- مطالعہ میں بہت قناعت پیدا ہوگئی ہے، اگر ہم ایک کتاب پہلے سال پڑھاتے ہیں تو دسویں سال بھی اسی کتاب کے مطالعہ کو کافی سمجھتے ہیں، حالانکہ ہونا یہ چاہیے کہ اسی مضمون پر ہر سال ہمارے مطالعہ میں اضافہ ہونا چاہیے، حضرت مولانا کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ کتب فقہ میں مصادرِ اصلیہ سے مراجعت، احادیث میں طرق کو جمع کرنے کا اہتمام اور تیسرے مطالعہ کی کثرت ہونی چاہیے۔

(۴) اختلافِ رائے کے باوجود دوسروں کا اعتراف:

چوتھی بات جو اہم ہے اور ہم لوگوں میں آج کل مفقود ہوتی جارہی ہے وہ یہ کہ اختلافِ رائے کے باوجود دوسروں کا اعتراف، حضرت مولانا محمد یونس صاحب جونپوریؒ حنفی مسلک کے تھے، آپ نے ابھی ابھی سنا، آپ فرماتے تھے کہ میں تم لوگوں کی طرح کٹر حنفی نہیں ہوں، لیکن تھے بہر حال فقہ حنفی پر، بیشتر عمل آپ کا فقہ حنفی پر تھا، اسی کے مطابق درس ہوا کرتا تھا جیسا کہ آپ نے سنا۔ اور مولانا کی کتابوں سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ فقہاء میں خاص کر امام شافعی اور امام احمد، محدثین میں امام بخاری اور امام زیلعی کا بھی بہت ذکر خیر فرماتے، مولانا کی کتابوں میں شارحین حدیث میں حافظ ابن حجر، علامہ زیلعی، اسلامی مفکرین میں علامہ ابن تیمیہ کا اختلافِ رائے کے باوجود جس احترام کے ساتھ ذکر کرتے ہیں وہ ایک مثال ہے، یہ مثال اب ہمارے زمانے میں ختم ہوتی جارہی ہے تو ہمیں اس سے سبق لینا چاہیے کہ خواہ نقطۂ نظر کا اختلاف ہو لیکن تمام اہل علم کا تذکرہ احترام کے ساتھ ہو، ان کی عظمت ہمارے دل میں ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(۵) وسعتِ فکر:

پانچویں بات جو مولانا سے لینے کی ہے اور اسی پر میں اپنی بات ختم کروں گا ان شاء اللہ، بار بار مولانا کے فقہی نقطۂ نظر کے بارے میں بات آتی ہے، مجھے اس پر بات نہیں کرنی ہے مگر اس سے جو دوسرا پہلو نکلتا ہے وہ ہے وسعت فکر، آدمی کو عمل ایسا کرنا چاہیے جس سے لوگوں میں انتشار پیدا نہ ہو، فتویٰ ایسا دینا چاہیے جو موجب انتشار نہ ہو، لیکن درس کی حد تک، تحقیق کی حد تک اور تنہائی میں عمل کی حد تک وسعت فکری ہونی چاہیے۔ خاص طور پر آپ غور کریں کہ جن لوگوں نے اپنی زندگی میں حدیث و فقہ دونوں کو جمع کیا، فقہ سے بھی ان کا شغف رہا اور حدیث سے بھی ان کا تعلق رہا تو ان کے یہاں یہ بات دیکھی گئی کہ ان میں وسعت فکر زیادہ پائی جاتی ہے ان لوگوں کے مقابلے جن کا ربط صرف فقہ سے رہا ہو، یا جن کا ربط صرف حدیث سے رہا ہو، ایسی مثالیں ہمیں بہت پہلے سے ملتی ہیں، جیسے میں آپ سے عرض کروں کہ ہمارے فقہاءِ احناف میں امام طحاوی احناف کے بہت بڑے وکیل مانے جاتے ہیں لیکن بعض مسائل میں انہوں نے احناف کے مشہور قول سے ہٹ کر رائے اختیار فرمائی ہے۔ اسی طرح ہمارے علامہ ابن الہمام کو دیکھیے! اتنے بڑے حنفی عالم ہیں لیکن بڑے فقیہ بھی ہیں بڑے محدث بھی ہیں، ان کے یہاں جو وسعت فکر ہے اس سے تمام اہل علم واقف ہیں۔ اسی طرح آپ دیکھیں کہ ہمارے ہندوستان کے قدیم علماء میں سے حضرت شاہ نظام الدین اولیاء کو تصوف سے تعلق کے باوجود علم حدیث سے بھی بہت زیادہ شغف تھا، آپ بھی رفع یدین اور قراءتِ فاتحہ خلف الامام کے مسئلے میں امام شافعی کا نقطۂ نظر اختیار فرماتے تھے۔ پھر ہمارے ہندوستان میں خاص کر ہم سب لوگوں کے لیے فکری مرجع امام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی جن کی کتابیں ہمارے سامنے موجود ہیں، اور مولانا عبدالحی فرنگی محلی لکھنوی جن کا ذکر آیا، ہمارے علماءِ دیوبند میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی جمعہ فی القریٰ کے مسئلے میں، صلوٰۃ العصر کے وقت کے مسئلے میں، جمع بین الصلاتین کے مسئلے میں اور کئی مسائل میں ان کے یہاں وسعت پائی جاتی ہے۔

اسی طرح علامہ سید انور شاہ کشمیری کے بارے میں سب کو معلوم ہے۔ حضرت تھانوی کے یہاں بعض مسائل میں اور ہمارے موجودہ دور کے علماء میں مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کی مثال لے لیں، تکملہ فتح الملہم میں آپ سب حضرات نے دیکھا ہوگا کہ قضاء بالیمین والشاہد کے احناف قائل نہیں، لیکن مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ نے لکھا ہے کہ اگر دو گواہ مہیا نہ ہوں تو قاضی القضاۃ یمین و شاہد کی بنا پر فیصلہ کر سکتا ہے، جیسے اموالِ ربویہ کی علت میں

Maktaba Tul Ishaat.com

ہمارے مفتی محمد تقی صاحب مدظلہ نے مالکیہ کی رائے کو ترجیح دی ہے، اسی طرح عہد والتزام کے مسئلے میں مالکیہ کی رائے کو ترجیح دی ہے، بعض مسائل میں حنابلہ کی رائے کو ترجیح دی ہے۔

اسی طرح حضرت مولانا محمد یونس صاحب کے یہاں بھی ہے کہ وہ اس درجے کے عالم تھے کہ آپ کو بعض مسائل میں الگ رائے اختیار کرنے کا حق حاصل تھا، اس لیے حضرت شاہ ولی اللہ نے تقلید عالم اور تقلید عامی میں فرق فرمایا ہے، ہم لوگوں کی تقلید تقلیدِ عامی ہو سکتی ہے لیکن مولانا کی تقلید تقلیدِ عالم تھی، اسلیے میں سمجھتا ہوں کہ اس پر سوال کھڑا کرنا بہت کم ظرفی اور تنگ ذہنی کی بات ہے، اس سے ہمیں احکامِ شرعیہ میں وسعتِ نظری کا سبق لینا چاہیے۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کی ایک بات میں نے "البلاغ" کے مفتی اعظم نمبر میں پڑھی، مجھے بہت اچھی لگی، مفتی صاحب نے لکھا ہے - الفاظ میرے ذہن میں بعینہ نہیں ہیں - کہ ہم لوگوں کے پڑھانے کا منہج یہ ہے کہ جب ہم حدیث پڑھاتے ہیں تو مذاہب نقل کرتے ہیں، احناف، شوافع، مالکیہ، حنابلہ اور فلاں فلاں کی یہ دلیل ہے مگر تمام دلیلوں کو رد کرتے ہیں، مفتی صاحب فرماتے ہیں کہ حدیث ہمیں اس طرح پیش کرنی چاہیے کہ مثلاً اس مسئلے میں تین طرح کی حدیثیں آئی ہیں، یہ حدیث امام ابوحنیفہ نے لی ہے، یہ امام شافعی نے لی ہے اور یہ امام مالک نے لی ہے، ہم نے جس حدیث کو لیا اس کی وجہ ترجیح یہ ہے بس، یہ نہ ہو کہ دوسرے لوگوں کی رائے صدفی صد غلط ہے، مفتی صاحب کے ملفوظ میں ہے کہ جب ہم دوسروں کو امامِ مجتہد مانتے ہیں اور مجتہد وہی ہوتا ہے جو دلیل کی بنیاد پر بات کرے تو ہمارے لیے درس میں مسائل کو اس طرح پیش کرنا کہ گویا دوسروں کے ہاتھ بالکل خالی ہیں یہ کیسے درست ہو سکتا ہے؟ یہ تو تقلید کے اصولوں کے خلاف ہے، تقلید اس کو کہتے ہیں کہ ہماری رائے صواب ہے البتہ محتمل خطا ہے، دوسری رائے میں خطا ہے لیکن محتمل صواب وہ بھی ہے۔

ہمیں درس کے انداز میں ایسا نہج اختیار کرنا چاہیے جس میں وسعت ہو، تمام لوگوں کا اعتراف ہو، عدل واعتدال کے ساتھ اقوال پیش کیے جائیں، ایک دوسرے کا احترام ہو، ساتھ میں دلائل پیش کیے جائیں، جہاں فتویٰ دینے کی بات ہو وہاں ایسی بات نہ کی جائے جس سے لوگوں میں انتشار پیدا ہو، کبھی مولانا محمد یونس صاحب نے اس طرح کا کوئی فتویٰ نہیں دیا، لوگوں کو کبھی ایسی تلقین نہیں فرمائی۔

علامہ ابن البر نے اپنے استاذ کا واقعہ لکھا ہے کہ وہ ہمیشہ درس میں رفع الیدین عند خفض ورفع کو بڑی قوت سے

Maktaba Tul Ishaat.com

ثابت کرتے تھے لیکن جب نماز پڑھتے تو اس پر عمل نہیں فرماتے تھے، تو ہم لوگوں نے ایک دن اپنے استاذ سے پوچھا کہ آپ اتنی قوت سے اس کو ثابت کرتے ہیں لیکن عمل نہیں فرماتے، اگر آپ عمل فرماتے تو ہمیں بھی عمل کرنے کی جرأت ہوتی، استاذ نے فرمایا کہ جہاں ہم لوگ رہتے ہیں وہاں مالکیہ کی آبادی ہے اور مالکیہ اس کے قائل نہیں ہیں، اگر میں اس پر عمل کروں گا تو امت میں انتشار پیدا ہو گا، چوں کہ رسول اللہ ﷺ کا عمل اس میں مختلف رہا ہے اسلیے جسے اختیار کر لیا جائے وہ کافی ہے، میں عوام میں اس پر عمل کرنے سے احتراز کرتا ہوں، تو علماء کی شان یہ ہے کہ ان میں جذبۂ تحقیق ہو، تحقیق کے معاملے میں آدمی کا ذہن تقلیدی نہ ہو لیکن ہماری زبان سے یا قلم سے ایسی بات نہ نکلے جس سے لوگوں میں انتشار پیدا ہو۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ حضرت مولانا محمد یونس صاحب واقعی فکر ولی اللٰہی کے امین تھے، اور اس زمانے میں جو قدیم محدثین کی باتیں سنتے ہیں کہ ان کا حافظہ اور مزاج ایسا تھا انکی کتابوں سے کثرتِ مراجعت اور رجال پر نظر وغیرہ، بعض دفعہ آدمی کو شبہ ہو جاتا ہے تو اسکی ایک مثال مولانا محمد یونس صاحب تھے جن کو ہم لوگوں نے دیکھا ہے۔

میں آخری بات یہ کہتا ہوں کہ دراصل ایسی شخصیتوں کا مختلف ادوار میں پیدا ہونا جو علم حدیث کی محافظ ہیں، یہ محمد رسول اللہ ﷺ کا معجزہ ہے، جو چیز انسانیت کیلئے مفید ہوتی ہے اسے اللہ تعالیٰ باقی رکھتے ہیں، اور جو چیز انسانیت کیلئے مفید نہیں ہوتی وہ کائنات سے ختم ہو جاتی ہے، چوں کہ رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ سے انسانیت کا مفاد تا قیامت وابستہ ہے اسلئے اللہ تعالیٰ نے غیبی نظام کے تحت حضور ﷺ کے ایک ایک قول و فعل کی حفاظت کا انتظام فرما دیا اور اس حفاظت میں ایسا تسلسل قائم فرما دیا کہ ہر دور میں ایسے محدثین اور ایسے ناقدین رجال پیدا ہوتے رہے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ بھی پیدا ہوتے رہیں گے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "نَضَّرَ اللهُ امْرَأً سَمِعَ مَقَالَتِي فَوَعَاهَا ثُمَّ أَدَّاهَا... إلخ" محدثین وشارحین نے لکھا ہے کہ "اللہ تعالیٰ تر و تازہ رکھے" اس کا تعلق دنیا سے بھی ہے اور آخرت سے بھی، اور ہمیں یقین ہے کہ جس عظیم شخصیت کی یاد میں اور ان کے محاسن کے ذکر کیلئے ہم لوگ یہاں بیٹھے ہیں یقیناً وہ اس حدیث کے مصداق ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی مثالیں اس اُمت میں پیدا ہوتی رہیں، ہم سب کو ان کی خوبیوں کو اخذ کرنے اور کشید کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

Maktaba Tul Ishaat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(ص ۱۶۵) كِتَابُ الْجَنَائِزِ

کتاب الجنائز کی کتاب الصلوۃ کے ساتھ مناسبت بایں معنی ہے کہ جنائز کے متعلق اگرچہ بہت سے احکام ہیں غسل، کفن، حمل الی المقبرہ اور تدفین وغیرہ، لیکن ان میں سب سے زیادہ اہم صلوۃِ جنازہ ہے لہذا اس کو صلوۃ کے بعد ذکر فرمایا ہے۔

جنائز جنازۃ کی جمع ہے اس کی اصل جنز ہے جس کے معنی ستر کے ہیں۔

جنازہ کی جیم پر فتحہ اور کسرہ دونوں جائز ہے، بعض علماء فرماتے ہیں کہ جِنازہ بالکسر میت کے لئے اور جَنازہ بالفتح سریر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور بعض عکس کے قائل ہیں، ابوداؤد مصاحفی نے نضر بن شمیل سے پوچھا تو فرمایا الجنازۃ السریر مع الرجل یعنی میت جب چارپائی پر ہو تب سریر کو جنازہ کہا جاتا ہے۔

نماز جنازہ کی مشروعیت سن ۱ھ میں ہوئی ہے، بعض علماء نے لکھا ہے کہ یہ اس امت کے خصائص میں سے ہے لیکن دعویٰ خصوصیت مشکل ہے، عبداللہ بن احمد نے زوائد مسند میں ایک روایت نقل کی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی وفات ہوئی تو فرشتے آئے اور انہوں نے حضرت آدم علیہ السلام کو غسل دیا کفن دیا اور اس کے بعد ایک فرشتہ نے آگے بڑھ کر ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

(ص ۱۶۵) بَابُ مَا جَاءَ فِي الْجَنَائِزِ وَمَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

وَقِيلَ لِوَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ أَلَيْسَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لَيْسَ مِفْتَاحٌ إِلَّا لَهُ أَسْنَانٌ فَإِنْ جِئْتَ بِمِفْتَاحٍ لَهُ أَسْنَانٌ فُتِحَ لَكَ وَإِلَّا لَمْ يُفْتَحْ لَكَ.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٢٣٧. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا وَاصِلُ الْأَحْدَبُ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ أَتَانِي آتٍ مِنْ رَبِّي فَأَخْبَرَنِي أَوْ قَالَ بَشَّرَنِي أَنَّهُ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِي لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ.

١٢٣٨. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا شَقِيقٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَنْ مَاتَ يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ وَقُلْتُ أَنَا مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ.

ترجمہ: باب، جنائز کا بیان اور اس شخص کا بیان جس کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہو، وہب بن منبہ سے کسی نے سوال کیا کہ کیا لا الہ الا اللہ جنت کی کنجی نہیں ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ کیوں نہیں؟ لیکن بات یہ ہے کہ ایسی کوئی کنجی نہیں جس کے دندانے نہ ہوں لہٰذا اگر تم دندانوں والی کنجی لیکر آؤ گے تو تمہارے لئے دروازہ کھل جائے گا ورنہ نہیں کھلے گا۔

حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا آیا اور مجھے یہ خبر دی- یا انہوں نے یہ کہا: بشارت دی- کہ میری امت کا جو شخص اس حال میں وفات پائے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو وہ جنت میں داخل ہو گا میں نے سوال کیا کہ اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اور چوری کی ہو؟ آپ نے فرمایا کہ اگرچہ اس نے زنا کیا ہو اور چوری کی ہو۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کو اس حال میں موت آئے کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک کرتا ہو وہ جہنم میں جائے گا، اور میں یہ کہتا ہوں کہ جو اس حال میں وفات پائے کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرتا ہو وہ جنت میں جائے گا۔

تشریح: امام بخاری اس سے کیا بیان کرنا چاہتے ہیں اس میں مختلف اقوال ہیں۔

(۱) حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری کے نزدیک تلقین میت کے سلسلہ میں کوئی روایت اپنی شرط کے مطابق ثابت نہیں تھی لہٰذا جو چیز تلقین میت پر دال ہے اسی کے ذکر پر اکتفاء فرمالیا، گویا حافظ صاحب کے کلام سے یہ بات نکلتی ہے کہ امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے تلقین میت کے مسئلہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ لا کر اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ اگر کسی آدمی کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہو جائے تو وہ مستحق مغفرتِ خداوندی ہوتا ہے، حدیث پاک میں وارد ہوا ہے کہ جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے وہ جنت میں داخل ہو گا اور جو مرے اس حال میں کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرتا ہو تو وہ جہنم میں جائے گا، لہٰذا مصنف نے یہ بتلادیا کہ میت کو مرتے وقت تلقین کرنی چاہئے، مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہؓ

Maktaba Tul Ishaat.com

اور ابو سعید خدریؓ کی روایت میں وارد ہوا ہے لقّنوا موتاکم لا إله إلا الله۔

تلقین موتی سے کیا مراد ہے؟ اس میں دو قول ہیں۔

۱ علی المشہور تلقین محتضر (قریب المرگ کی تلقین) ہے، امام احمد، امام ابو حاتم بن حبان، امام غزالی، شیخ عزالدین بن عبد السلام، امام نووی، محب طبری، علامہ موفق بن قدامہ، شیخ الاسلام بن تیمیہ، حافظ حمیدی اور صاحب ہدایہ وغیرہ نے اسکو محتضر ہی پر محمول فرمایا ہے اور شارح منیہ نے اسکو جمہور کی طرف منسوب کیا ہے۔

تلقین کا ضابطہ یہ ہے کہ میت کے پاس بیٹھ کر معتدل آواز سے کلمہ شریف پڑھا جائے اور جب وہ ایک مرتبہ پڑھ لے تو پھر رک جائے، اگر وہ بیچ میں کچھ بات کرلے تو پھر کلمہ پڑھا جائے، باقی اس کو حکم نہ دیا جائے تاکہ کہیں وہ درد کی وجہ سے انکار کردے تو خواہ مخواہ لوگ بعد میں بدگمانی کریں۔

۲ تلقین میت یعنی تلقین بعد الموت، اس مسئلہ میں اختلاف ہے مگر لقنوا موتاکم کی ایک شرح بعض علماء نے یہی کی ہے، حافظ ابن صلاح اور بہت سے شافعیہ اور احناف میں سے محقق ابن ہمام اسی طرف مائل ہیں، اس معنی کر تلقین موتی کا مسئلہ مختلف فیہ ہے، حافظ ابن تیمیہ نے اس میں تین قول نقل کئے ہیں، (۱) مباح ہے قاله أحمد (۲) مستحب ہے قاله جماعة من الشافعية والحنابلة واختاره القاضی أبویعلی وأبوخطاب (۳) بدعت ہے قاله المالكية، شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اباحت والے قول کو اعدل الاقوال قرار دیا اور نقل کیا ہے کہ ابو امامہؓ اور واثلہ بن اسقعؓ دونوں صحابیوں سے منقول ہے۔

تلقین میت کے سلسلہ میں ایک روایت اور بھی نقل کی جاتی ہے، امام ابوداؤد اور حاکم نے معاذ بن جبلؓ سے روایت کیا ہے مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، بعض علماء فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اسی حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ایک عجیب واقعہ: اس حدیث کے بارے میں ایک عجیب وغریب قصہ منقول ہے، ابن ابی حاتم اور خطیب بغدادی وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ حضرت امام ابوزرعہ عبید اللہ بن عبد الکریم رازی جب مرض الوفات میں مبتلا ہوئے تو اس وقت کے علماء عین وقت پر حاضر ہوئے، امام ابو حاتم رازی نے محمد بن مسلم بن وارہ کو کہا کہ تلقین میت کے بارے میں کیا یاد ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ حضرت معاذ بن جبلؓ کی حدیث نقل کی جاتی ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

قبل ازیں کہ وہ اپنی بات پوری فرمائیں امام ابوزرعہ رازی نے فرمایا روی عبدالحمید بن جعفر عن صالح بن أبي عريب عن كثير بن مرة عن معاذ بن جبل عن رسول الله ﷺ قال من كان آخر كلامه لا اله إلا الله دخل الجنة وتوفي أبو زرعة رحمه الله تعالى، مطلب یہ ہے کہ اِدھر یہ حدیث پوری ہوئی اور اُدھر ان کی روح مبارک قفس عنصری سے پرواز کر گئی اور حضرات علماء یہ حالت دیکھ کر رو پڑے۔

(۲) بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے روایاتِ باب کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں، ابوذر غفاریؓ کی روایت میں وارد ہوا ہے مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِي لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ جو آدمی بھی میری امت میں سے اس حال میں مرتا ہو کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے وہ جنت میں داخل ہوگا، حضرت امام بخاری نے مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کو ترجمہ کا جزء بنا کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ یہ حدیث آخری وقت پر محمول ہے، یعنی اگر آدمی کی زبان سے آخری وقت میں یہ مبارک کلمہ جاری ہو جائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا، علامہ سندی نے اسی توجیہ کو اختیار کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ اس توجیہ کی وجہ سے حدیث باب کو اور کسی توجیہ کی ضرورت نہیں پڑتی ہے اور یہ نہیں کہنا پڑتا ہے کہ بہر حال آدمی جنت میں داخل ہوگا اگرچہ اول وہلہ میں نہ سہی۔

(۳) بعض علماء یوں فرماتے ہیں کہ مصنف نے حدیث باب سے مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کی تشریح فرمائی ہے، علامہ سندی اس کو تسلیم نہیں کرتے ہیں اور بعید قرار دیتے ہیں۔

(۴) امام ابن رشید فرماتے ہیں کہ حضرت امام بخاری نے مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ سے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اگر کسی آدمی کی زبان سے آخری وقت میں اخلاص کے ساتھ یہ مبارک کلمہ جاری ہو جائے تو اس کی مغفرت ہو جائے گی، اخلاص توبہ اور ندامت کو مستلزم ہے اور پھر اس کے بعد ابوذرؓ اور ابن مسعودؓ کی روایتیں ذکر کر کے اس بات پر تنبیہ فرمائی کہ زبانی اقرار کے ساتھ ساتھ دل کا اعتقاد بھی ضروری ہے، گویا حضرت امام بخاری یہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آخری وقت میں زبان سے لا الہ الا اللہ کہتا ہے اور دل سے اعتقاد کرتا ہے تو زبان کا یہ کہنا دل کے اعتقاد کے ساتھ اس کی مغفرت کے لئے کافی ہو جائے گا اس لئے کہ جو شخص اخلاص سے کہے گا اس کو اپنے گناہوں پر ندامت ہوگی اور توبہ کا تحقق ہو جائے گا لہٰذا اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَقِيلَ لِوَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ: وہب بن منبہ کا یہ اثر امام بخاری نے اپنی تاریخ میں موصولاً روایت کیا ہے، حاصل اثر یہ ہے کہ جنت کی کنجی لا الہ الا اللہ ہے لیکن اس کنجی سے کامیاب ہونے کے لئے اور آسانی سے دروازہ کھولنے کے لئے اسنان (دندانے) کا ہونا شرط ہے، اسنان اگر ہوں گے تو کنجی اول وہلہ میں تالا کھول دے گی اور آسانی سے تالا کھل جائے گا اور اگر کنجی میں اسنان نہیں ہوں گے تو پھر اس کا کھلنا مشکل ہو جائے گا، وہب نے یہ فرمایا فُتِحَ لَكَ وَإِلَّا لَمْ يُفْتَحْ لَكَ اس کا مطلب یہی ہے یعنی اگر چابی اسنان والی ہے تو اس سے آسانی سے تالا کھل جائے گا ورنہ آسانی سے نہیں کھلے گا۔

مصنف نے وہب بن منبہ کا کلام یہاں پر کیوں ذکر فرمایا ہے آیا امام بخاری اس کی تائید کرنا چاہتے ہیں یا تردید؟ اگر امام بخاری کا مقصود یہ ہے کہ آخری کلام لا الہ الا اللہ ہو تو مغفرت ہو جائے گی تب تو امام بخاری وہب کے کلام کی تردید کرنا چاہتے ہیں، اور اگر مقصود یہ ہے کہ کسی کی زبان پر آخر میں اخلاص کے ساتھ لا الہ الا اللہ جاری ہو اور وہ اخلاص اور ندامت کو اپنے اندر لئے ہوئے ہے اور ساتھ ساتھ اس کے دل میں اعتقاد بھی ہے تو اس کی مغفرت ہو جائے گی تو اس صورت میں امام بخاری وہب کی موافقت کر رہے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ محض زبان سے کلمہ کہہ دینا کافی نہیں ہے اگر کسی نے اعمال میں کوتاہی کی ہے اور یہی اعمال اوامر خداوندی ہیں اور اس میں کوتاہی پر مواخذہ ہونا احادیث میں منصوص ہے لہٰذا اس کلمہ شریفہ پر پوری طرح عمل درآمد ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہاں پر موانع موجود نہ ہوں اور وہ موانع معاصی کا ارتکاب اور اوامر الٰہیہ کا عدم امتثال ہے۔

أَتَانِي آتٍ مِنْ رَبِّي: یہ آنے والے حضرت جبرئیلؑ ہیں جیسا کہ بخاری کی کتاب التوحید میں آرہا ہے۔

أَنَّهُ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِي: اس حدیث میں ہے مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِي لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، اور کتاب اللباس میں یہی روایت آرہی ہے اس میں ہے مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ ثُمَّ مَاتَ عَلَى ذَٰلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، معلوم ہوا کہ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا کا معنی ہے لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ کا قائل ہو۔

دَخَلَ الْجَنَّةَ: اس کے تین مطلب ہیں، ١ اگر اللہ نے مغفرت فرمادی تو اول وہلہ میں داخل ہوگا، ٢ یا مطلب یہ ہے کہ اگر مرتے وقت یہ کلمہ زبان پر اخلاص کے ساتھ جاری ہو گیا تو پھر اول وہلہ میں داخل ہوگا، ٣ یا مطلب یہ ہے کہ بہر حال جنت میں داخل ہوگا جب مقدر ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

قُلْتُ وَإِنْ زَنٰی وَإِنْ سَرَقَ: میں نے کہا اگرچہ وہ زنا اور سرقہ ہی کیوں نہ کرے؟ فرمایا اگرچہ وہ زنا اور سرقہ ہی کیوں نہ کرے، یہ کہنے والے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور مقول لہ فرشتہ ہیں جس نے آکر بشارت دی، لیکن کتاب اللباس میں آرہا ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ حدیث پاک بیان کی تو ابوذرؓ نے پوچھا وَإِنْ زَنٰی وَإِنْ سَرَقَ؟ اس کے جواب میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَإِنْ زَنٰی وَإِنْ سَرَقَ، دونوں میں جمع یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو وضاحت کے لئے سوال کیا تھا اور ابوذر غفاریؓ کا سوال بر بناء انکار تھا ان کو یہ سمجھ ہی میں نہ آیا کہ بھلا ان معاصی کے ساتھ بھی کوئی جنت میں جا سکتا ہے، آپ نے فرمایا کہ بہر حال جنت میں جائے گا۔

مَنْ مَاتَ یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا دَخَلَ النَّارَ: اس حدیث پاک میں دو جملے ہیں، پہلا جملہ مَنْ مَاتَ یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا دَخَلَ النَّارَ وعیدیہ ہے اور یہ مرفوع ہے، اور دوسرا جملہ مَنْ مَاتَ لَا یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ جملہ وعدیہ ہے اور یہ موقوف ہے، مسلم شریف میں بھی اسی طرح سے واقع ہوا ہے، امام حمیدی نے جمع بین الصحیحین میں لکھا ہے کہ مسلم میں بخاری کا عکس واقع ہوا ہے اور علامہ مغلطای بن قلیج حنفی نے ان کا اتباع التلویح فی شرح الصحیح میں کیا ہے لیکن یہ وہم ہے کیوں کہ مسلم میں وہی ہے جو بخاری میں ہے، ہاں مسند ابو عوانہ میں صحیحین کی روایت کا عکس واقع ہوا یعنی جملہ وعدیہ مرفوع اور جملہ وعیدیہ موقوف نقل کیا گیا ہے۔

امام نووی اور ان کے اتباع میں بہت سے شراح بخاری و مشکوۃ جیسے مغلطای، علامہ ابو عبد اللہ الابی، علامہ عینی اور سنوسی وغیرہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں جملے بیان فرمائے مگر حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ نے جب ایک مرتبہ نقل کیا تو دوسرا جملہ مرفوعًا محفوظ نہیں رہا اور جب دوسری مرتبہ نقل کیا تو پہلا جملہ مرفوعًا محفوظ نہ رہا، ایک مرتبہ جملہ وعدیہ کو مرفوعًا نقل کیا اور ایک مرتبہ جملہ وعیدیہ کو مرفوعًا۔

مگر مجھ کو اس میں اشکال ہے کیوں کہ مخرجِ حدیث متحد ہے اور مخرج کے اتحاد کے وقت تعدد کا قول صحیح نہیں ہوتا اس لئے صحیح یہ ہے کہ احدی الجملتین مرفوع اور دوسرا بہر حال موقوف ہے، یہی ارجح اور صواب ہے، اور یہی صاحبی الصحیح امام بخاری و مسلم نے جملہ وعیدیہ کو مرفوعًا اور وعدیہ کو موقوفًا نقل کیا ہے، امام ابو بکر بن خزیمہ اور امام ابو بکر اسماعیلی بھی یہی فرماتے ہیں کہ اس حدیث پاک میں محفوظ یہ ہے کہ جملہ وعیدیہ مَنْ مَاتَ یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا دَخَلَ النَّارَ مرفوع ہے اور جملہ وعدیہ یعنی مَنْ مَاتَ لَا یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ موقوف ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے یہ معنی بطور مفہوم مخالف نہیں لئے اس لئے کہ جملہ وعیدیہ کا مفہوم مخالف تو یہ ہے کہ جو آدمی اللہ کے ساتھ شریک نہ کرتا ہو اور وہ مر جائے تو وہ جہنم میں نہیں جائے گا، اور جہنم میں نہ جانے کے لئے جنت میں جانا ضروری نہیں ہے بلکہ ابن مسعودؓ نے یا تو دوسرے نصوص سے یہ اخذ کیا یا اس بات پر اعتماد کر کے اخذ کیا ہے کہ دو ہی بات ہے، یا تو جنت یا جہنم، لہذا جب مشرک جہنم میں جائے گا تو موحّد جنت میں جائے گا۔

(ص ۱۶۵) بَابُ الْأَمْرِ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

١٢٣٩. حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَشْعَثِ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أَمَرَنَا النَّبِيُّ ﷺ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ أَمَرَنَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَعِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَإِجَابَةِ الدَّاعِي وَنَصْرِ الْمَظْلُومِ وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ وَرَدِّ السَّلَامِ وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ وَنَهَانَا عَنْ آنِيَةِ الْفِضَّةِ وَخَاتَمِ الذَّهَبِ وَالْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ وَالْقَسِّيِّ وَالْإِسْتَبْرَقِ.

١٢٤٠. حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ السَّلَامِ وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَرَوَاهُ سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ عَنْ عُقَيْلٍ.

ترجمہ: باب، جنازوں میں شریک ہونے کا بیان۔

حضرت براءؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ہمیں سات چیزوں کا حکم دیا اور سات چیزوں سے منع فرمایا، ہمیں حکم دیا: جنازوں کے ساتھ جانے کا، مریض کی عیادت کا، داعی کی دعوت قبول کرنے کا، مظلوم کی مدد کرنے کا، کسی کی قسم کو پورا کرنے میں مدد کرنے کا، سلام کا جواب دینے کا اور چھینکنے والے کو دعا دینے کا، اور منع فرمایا: چاندی کے برتنوں سے، سونے کی انگوٹھی سے، خالص ریشم سے اور ریشم کی ان قسموں دیباج، قسی اور استبرق سے۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حقوق ہیں: سلام کا جواب دینا، بیمار کی مزاج پرسی کرنا، جنازوں کے ساتھ جانا، دعوت قبول کرنا اور چھینکنے والے کو دعا دینا، عبدالرزاق نے عمرو بن ابی سلمہ کی متابعت کی اور کہا ہمیں معمر نے خبر دی، اس کو سلامہ نے بھی عقیل سے بیان کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: حضرت امام بخاری نے ترجمہ میں احتمال رکھا ہے، علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں 'اَمَرَنَا' کا لفظ ہے اور اس میں وجوب اور ندب دونوں کا احتمال ہے۔

یہاں ایک اشکال یہ ہے کہ امام بخاری نے یہاں بھی اتباع جنائز کا ذکر کیا اور آگے ص ۱۷۳ پر ایک ترجمہ منعقد کیا ہے باب فضل اتباع الجنائز دونوں میں صرف لفظی فرق ہے ورنہ ترجمہ مکرر ہو گیا۔

حافظ ابن حجر نے اس کا جواب یہ دیا کہ یہاں تو اتباع جنائز کی مشروعیت ثابت فرمائی ہے اور آئندہ اس کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ اتباع جنائز کے ایک مشہور معنی ہیں جنازے کے پیچھے پیچھے چلنا، یہ معنی یہاں سمجھ میں نہیں آتے اس لئے کہ اب تک میت کی تجہیز و تکفین کو شروع نہیں کیا گیا تو اتباع جنائز کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے؟ اس لئے حضرت فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اتباع جنائز کے مشہور معنی مراد نہیں لئے بلکہ اتباع کو ایک دوسرے معنی پر محمول کیا اور وہ ہے جنائز کی تجہیز و تکفین میں سعی کرنا، گویا امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ جب میت کی وفات ہو جائے تو میت کی تجہیز و تکفین کا فکر کرنا چاہئے، چنانچہ ابوداؤد شریف میں ایک حدیث وارد ہوئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنازہ کی تجہیز و تکفین میں تعجیل کرنی چاہئے کیوں کہ اس حدیث میں ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ حضرت طلحہ بن براءؓ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور فرمایا إِنِّي لَا أَرَى طَلْحَةَ إِلَّا قَدْ حَدَثَ فِيهِ الْمَوْتُ اور فرمایا کہ جب ان کی وفات ہو جائے تو مجھے اطلاع کرنا اور جلدی کرنا اور فرمایا لَا يَنْبَغِي لِجِيفَةِ مُسْلِمٍ أَنْ تُحْبَسَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ أَهْلِهِ کسی مسلمان کی میت کیلئے یہ زیبا نہیں کہ وہ گھر والوں میں محبوس کر دی جائے۔

أَمَرَنَا النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِسَبْعٍ: مامورات بھی سات ہیں اور منہیات بھی سات، اتباع جنائز کا آپ نے ہم کو امر فرمایا یعنی جنازہ کی تجہیز و تکفین کا اہتمام کرنے کا امر فرمایا۔

وَعِيَادَةِ الْمَرِيضِ: مریض کی عیادت اصلاً تو مندوب ہے لیکن بعض اوقات درجۂ وجوب تک پہنچ جاتی ہے۔

وَإِجَابَةِ الدَّاعِي: داعی کی دعوت کا قبول کرنا ایک تو ولیمہ میں ہوتا ہے اور ایک غیر ولیمہ میں، مسئلہ

کچھ مختلف فیہا ہے، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اجابتِ دعوت مستحب ہے اور بعض شافعیہ، داؤد ظاہری اور ابو محمد بن حزم ظاہری کہتے ہیں کہ واجب ہے۔

وَنَصرِ الْمَظْلُومِ: مظلوم کی امداد کرنا چاہئے چاہے مسلمان ہو یا ذمی، قول سے ہو یا فعل سے، ہر حال میں اس کی مدد کرنی چاہئے۔

وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ: اگر کسی آدمی نے قسم کھالی تو پھر اس قسم کو پورا کرنا چاہئے، لیکن شرط یہ ہے کہ اس قسم کے پورا کرنے کی وجہ سے کوئی شرعی قباحت لازم نہ آتی ہو ورنہ اگر کسی آدمی نے خدانخواستہ یہ قسم کھالی کہ میں فلاں کا نفقہ نہیں دوں گا اور ہے اس کا نفقہ واجب تو یہ قسم پوری کرنی جائز نہیں ہے۔

بعض روایات میں وإبرار المقسم ہے قسم کھانے والے کی قسم پوری کرنا، اِبرارِ مُقسم کے کیا معنی ہے؟ بعض حضرات کہتے ہیں کہ مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی قسم کھا بیٹھے اور تم اس کی قسم پورا کرادینے پر قادر ہو تو اس کی امداد کرو تاکہ وہ اپنی قسم پوری کرلے، اور بعض حضرات کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص یوں قسم کھالے واللہ لتفعلن کذا واللہ یہ تم کو ضرور کرنا پڑے گا اور تم اس کو کرسکتے ہو تو اب اس شخص کو اس کی قسم میں حانث نہ ہونے دو بلکہ بار کردو یعنی قسم کو پوری کردو۔

وَرَدِّ السَّلَامِ: سلام کرنا سنت ہے اور سلام کا جواب دینا فرض کفایہ ہے، اگر ایک جماعت میں سے ایک شخص جواب دیدے تو کافی ہوجائے گا۔

وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ: چھینکنے والے سے شماتت کا دفع کرنا دعاء کے ذریعہ، اور اس کی صورت یہ ہے کہ چھینکنے والا کہے گا الحمدللہ اور سننے والا اس کے جواب میں یرحمک اللہ کہے گا، یہ یرحمک اللہ کہنا تشمیت کہلاتا ہے، تشمیت کی اصل شماتت ہے، شماتت کہتے ہیں کسی کی مصیبت دیکھ کر خوش ہونا اور تشمیت کے معنی اس شماتت کو زائل کرنا، مطلب یہ ہوا کہ سننے والا عاطس کو ایسی دعاء دے جس سے وہ شماتت اعداء سے محفوظ ہوجائے اور وہ دعاءِ رحمت ہے، تشمیت عاطس بعض مالکیہ کے یہاں فرض عین ہے اور یہی ظاہریہ کہتے ہیں، حنفیہ اور جمہور حنابلہ، مالک فی ظاہر المذہب کہتے ہیں کہ فرض کفایہ ہے، شافعیہ کہتے ہیں کہ سنت علی الکفایہ ہے۔

وَنَهَانَا عَنْ آنِيَةِ الْفِضَّةِ: سونے چاندی کا برتن استعمال کرنا بالاتفاق جائز نہیں ہے، اسی طرح حریر ودیباج اور قسّی واستبرق جو ریشم کی انواع ہیں ان کا استعمال کرنا یہ سب مردوں کے لئے ناجائز ہیں، منہیات

Maktaba Tul Ishaat.com

اجمال میں تو سات مذکور ہیں اور تفصیل میں چھ، یہی حدیث جلد ثانی میں ص ۷۷ پر آ رہی ہے اس میں ساتواں جزء بھی آرہا ہے اور وہ ہے رکوب میاثر کی ممانعت، بظاہر یہ جزء یا تو بخاری سے ساقط ہو گیا یا ان کے استاذ سے۔

حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: مسلم شریف میں ہے خمس تجب للمسلم علی المسلم اس سے معلوم ہو گیا کہ یہاں حق بمعنی الوجوب ہے، علامہ ابن بطال فرماتے ہیں کہ یہاں حق سے مراد حق حرمت ہے لیکن صحیح پہلا ہی قول ہے لما دل علیہ روایۃ مسلم، پھر وجوب سے مراد وجوب علی الکفایہ ہے۔

(ص ١٦٦) بَابُ الدُّخُولِ عَلَى الْمَيِّتِ بَعْدَ الْمَوْتِ إِذَا أُدْرِجَ فِي أَكْفَانِهِ

١٢٤١. حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ أَخْبَرَنِي مَعْمَرٌ وَيُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ أَخْبَرَتْهُ قَالَتْ أَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى فَرَسِهِ مِنْ مَسْكَنِهِ بِالسُّنْحِ حَتَّى نَزَلَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمْ يُكَلِّمِ النَّاسَ حَتَّى دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ فَتَيَمَّمَ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ مُسَجًّى بِبُرْدِ حِبَرَةٍ فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ ثُمَّ أَكَبَّ عَلَيْهِ فَقَبَّلَهُ ثُمَّ بَكَى فَقَالَ بِأَبِي أَنْتَ يَا نَبِيَّ اللهِ لَا يَجْمَعُ اللهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ أَمَّا الْمَوْتَةُ الَّتِي كُتِبَتْ عَلَيْكَ فَقَدْ مُتَّهَا.

١٢٤٢. قَالَ أَبُو سَلَمَةَ فَأَخْبَرَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ فَقَالَ اجْلِسْ فَأَبَى فَقَالَ اجْلِسْ فَأَبَى فَتَشَهَّدَ أَبُو بَكْرٍ فَمَالَ إِلَيْهِ النَّاسُ وَتَرَكُوا عُمَرَ فَقَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا ﷺ فَإِنَّ مُحَمَّدًا ﷺ قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللهَ فَإِنَّ اللهَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ قَالَ اللهُ تَعَالَى ﴿ وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ ٱلرُّسُلُ ﴾ إِلَى ﴿ ٱلشَّٰكِرِينَ ﴾ وَاللهِ لَكَأَنَّ النَّاسَ لَمْ يَكُونُوا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللهَ أَنْزَلَهَا حَتَّى تَلَاهَا أَبُو بَكْرٍ فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ فَمَا يُسْمَعُ بَشَرٌ إِلَّا يَتْلُوهَا.

١٢٤٣. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ أُمَّ الْعَلَاءِ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ بَايَعَتِ النَّبِيَّ ﷺ أَخْبَرَتْهُ أَنَّهُ اقْتُسِمَ الْمُهَاجِرُونَ قُرْعَةً فَطَارَ لَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ فَأَنْزَلْنَاهُ فِي أَبْيَاتِنَا فَوَجِعَ وَجَعَهُ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ فَلَمَّا تُوُفِّيَ وَغُسِّلَ وَكُفِّنَ فِي أَثْوَابِهِ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقُلْتُ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ فَشَهَادَتِي عَلَيْكَ لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللهُ فَقَالَ

Maktaba Tul Ishaat.com

النَّبِيُّ ﷺ وَمَا يُدْرِيكِ أَنَّ اللهَ قَدْ أَكْرَمَهُ؟ فَقُلْتُ بِأَبِي أَنْتَ يَا رَسُولَ اللهِ فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللهُ؟ فَقَالَ أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ الْيَقِينُ وَاللهِ إِنِّي لَأَرْجُو لَهُ الْخَيْرَ وَاللهِ مَا أَدْرِي وَأَنَا رَسُولُ اللهِ مَا يُفْعَلُ بِي قَالَتْ فَوَاللهِ لَا أُزَكِّي أَحَدًا بَعْدَهُ أَبَدًا حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ مِثْلَهُ. وَقَالَ نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ عُقَيْلٍ مَا يُفْعَلُ بِهِ. وَتَابَعَهُ شُعَيْبٌ وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَمَعْمَرٌ.

١٢٤٤. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ لَمَّا قُتِلَ أَبِي جَعَلْتُ أَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ أَبْكِي وَيَنْهَوْنِي عَنْهُ وَالنَّبِيُّ ﷺ لَا يَنْهَانِي فَجَعَلَتْ عَمَّتِي فَاطِمَةُ تَبْكِي فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ تَبْكِينَ أَوْ لَا تَبْكِينَ مَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتَّى رَفَعْتُمُوهُ. تَابَعَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرًا.

ترجمہ: باب، مرنے کے بعد میت کے پاس جانے کا بیان جب کہ میت کو کفن پہنا دیا گیا ہو۔

حضرت ابو سلمہؓ نے بیان کیا کہ حضور ﷺ کی زوجہ حضرت عائشہؓ نے ان کو بتایا کہ حضرت ابو بکرؓ سخ میں واقع اپنے گھر سے اپنے گھوڑے پر آئے اور نبی ﷺ کا رخ کیا آپ ﷺ کو ایک دھاری دار یمنی چادر میں ڈھانپ دیا گیا تھا تو حضرت ابو بکرؓ نے حضور ﷺ کا چہرہ کھولا پھر حضور پر جھکے بوسہ دیا اور روئے پھر کہا کہ اے اللہ کے نبی میرے باپ آپ پر قربان! اللہ آپ پر دو موت جمع نہیں فرمائے گا جو موت آپ کے لئے لکھی تھی وہ آپ کو آگئی۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ابو بکرؓ باہر آئے تو عمرؓ لوگوں سے مخاطب تھے ابو بکرؓ نے عمرؓ سے کہا کہ بیٹھ جاؤ، انہوں نے انکار کر دیا، ابو بکرؓ نے پھر کہا کہ بیٹھ جاؤ، عمرؓ نے پھر انکار کر دیا، حضرت ابو بکرؓ نے خطبہ پڑھا تو لوگ ان کی طرف آگئے اور حضرت عمرؓ کو چھوڑ دیا، آپ نے فرمایا: امابعد: تم میں سے جو کوئی محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا (وہ جان لے کہ) بے شک محمد ﷺ تو وفات پاچکے اور جو اللہ کی عبادت کرتا ہے (وہ جان لے کہ) اللہ زندہ ہے اللہ کو موت نہیں اللہ فرماتا ہے وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ إِلَى الشَّاكِرِينَ نہیں ہیں محمد مگر رسول (یہ آیت) شاکرین تک پڑھی؛ اللہ کی قسم ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے وہ یہ جانتے ہی نہ تھے کہ اللہ نے یہ آیت نازل کی ہے یہاں تک کہ ابو بکرؓ نے اسے تلاوت کیا اور لوگوں نے ان سے اس کو لیا، پھر تو کوئی انسان ایسا نہیں سنا گیا جو اسے نہ پڑھتا ہو۔

خارجہ بن زید کہتے ہیں کہ ایک انصاری عورت ام علاءؓ - جس نے حضور ﷺ سے بیعت بھی کی تھی - نے بتایا کہ مہاجرین کی قرعے کے ذریعہ انصار سے مواخات کرائی گئی یعنی ان کے بھائی بنائے گئے تھے ہمارے حصے میں عثمان بن مظعونؓ آئے، ہم نے انہیں اپنے گھروں میں قیام کرایا، وہ اپنی اس بیماری میں مبتلا ہوئے جس میں ان کی وفات ہوئی، جب ان کی وفات ہوگئی اور ان کو غسل دے دیا گیا اور ان کے کپڑوں میں ان کو کفنا دیا گیا تو حضور ﷺ تشریف لائے، میں نے کہا: اے ابو سائب! آپ پر

Maktaba Tul Ishaat.com

اللہ کی رحمت ہو، آپ کے بارے میں میری گواہی تو یہ ہے کہ یقیناً اللہ نے آپ کا اکرام کیا تو اللہ کے نبی نے فرمایا: تمہیں کس نے بتایا کہ اللہ نے ان کا اکرام کیا؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے باپ آپ پر قربان، تو پھر اللہ کس کا اکرام کرے گا؟ آپ نے فرمایا کہ جہاں تک ان کی بات ہے تو ان کو تو یقین کی منزل یعنی موت آچکی اور میں اللہ سے ان کے لئے خیر کی امید کرتا ہوں، اللہ کی قسم؛ میں حالانکہ اللہ کا رسول ہوں مگر نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا، ام علاء کہتی ہیں اس کے بعد میں کبھی بھی کسی کی صفائی نہیں دیتی۔

سعید بن عفیر نے کہا کہ لیث نے ہم سے اس کے مثل بیان کیا، اور نافع نے عقیل سے یہ الفاظ نقل کئے مَا یُفعَلُ بِہ یعنی عثمان کے ساتھ کیا کیا جائے گا، ان کی متابعت شعیب، عمرو بن دینار اور معمر نے کی۔

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ جب میرے والد شہید کر دیئے گئے تو میں ان کے چہرے سے کپڑا ہٹارہا تھا اور رو رہا تھا لوگ مجھے منع کرتے تھے مگر حضور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ منع نہیں فرماتے تھے پھر میری پھوپھی فاطمہؓ بھی رونے لگی تو نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم روؤ یا نہ روؤ، فرشتے ان پر اپنے پروں سے مسلسل سایہ کئے رہے یہاں تک کہ تم نے انہیں اٹھایا، ان کی متابعت ابن جریج نے کی ہے وہ کہتے ہیں کہ ابن المنکدر نے مجھے خبر دی کہ انہوں نے جابر سے سنا۔

تشریح: امام بخاری کا مقصود یہ ہے کہ میت پر یوں ہی داخل نہیں ہونا چاہئے، کیوں کہ ہو سکتا ہے اس کے عورۃ (ستر) پر نظر پڑ جائے، جب وہ مستور کر دیا جائے اسکے بعد داخل ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ایک خاص چیز پر تنبیہ کی ہے کہ میت کو جب اکفان میں داخل کر دیا گیا تو اس کے بعد اس کا چہرہ کھول کر کے دیکھنا جائز ہے، اور اس پر تنبیہ کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ مرنے کے بعد محاسنِ میت بدل جاتے ہیں اسی واسطے اس کی آنکھوں کو بند کرنے کا حکم دیا جاتا ہے جس کا تقاضہ یہ تھا کہ جب میت کو اکفان میں داخل کر دیا گیا تو اس کے بعد اس کا چہرہ نہ کھولنا چاہئے حتی کہ ابراہیم نخعی سے منقول ہے کہ میت پر صرف غاسل اور اس کے معاونین ہی کو اطلاع ہونی چاہئے اور کوئی میت کو نہ دیکھے امام بخاری نے روایت ذکر کر کے بتلادیا کہ میت کو جب اس کے اکفان میں داخل کر دیا جائے تو اس کے بعد چہرہ کھول کر دیکھا جاسکتا ہے۔

لیکن اس غرض پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ امام بخاری نے ترجمہ منعقد کیا ہے بَابُ الدُّخولِ عَلَى الْمَيِّتِ بَعْدَ الْمَوْتِ اِذَا أُدْرِجَ فِي أَكْفَانِهِ کا، نہ کہ باب الكسف عن وجه الميت إذا أدرج في أكفانه کا تو علامہ ابن رشید نے ترجمہ کی جو غرض بیان فرمائی ہے لفظ ترجمہ اس کی موافقت نہیں کرتا ہے اگرچہ باب میں ذکر کردہ روایات

Maktaba Tul Ishaat.com

سے یہ مقصود حاصل ہو جاتا ہے، غالبًا اسی وجہ سے علامہ سندی نے ترجمہ کی غرض پہلی اختیار کی ہے یعنی یہ کہ جب تک بدن مستور نہ ہو جائے اس کے پاس نہ جانا چاہئے تا کہ میت کا کوئی ایسا حصہ نظر نہ آجائے جس کو دیکھنے کی گنجائش نہیں ہے۔

أَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى فَرَسِهِ مِنْ مَسْكَنِهِ بِالسُّنْحِ: سنح سین کے ضمہ اور سکون نون کے ساتھ عوالی میں ایک موضع ہے جہاں بنو حارث بن خزرج آباد تھے وہاں حضرت صدیق اکبر کا ایک مکان تھا اور ایک اہلیہ وہاں پر رہتی تھی۔

صورت حال یہ ہوئی کہ رسول پاک ﷺ جب مرض الوفات میں بیمار ہوئے تو صدیق اکبرؓ کو آپ نے اپنی جگہ امامت کے لئے منتخب فرمالیا، دوشنبہ کے روز رسول پاک ﷺ کی طبیعت مبارکہ کچھ بحال معلوم ہوتی تھی ابن سعد وغیرہ کی روایت میں ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے حضور پاک ﷺ سے اجازت چاہی کہ میں ذرا اپنے مکان سنح ہو کر کے آؤں، آنحضور ﷺ نے اجازت دے دی حضرت صدیق اکبرؓ وہاں چلے گئے ادھر حضور پاک ﷺ کی طبیعت کچھ دیر کے بعد بدلی اور آپ کا وصال ہو گیا، جب صدیق اکبرؓ کو اطلاع ہوئی تو گھوڑے پر سوار ہو کر جلدی سے آئے پہلے تو مسجد میں گئے پھر وہاں سے حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں آئے اور سیدھے حضور اکرم ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے، آپ کے اوپر ایک یمنی دھاری دار چادر ڈالی ہوئی تھی، چہرۂ انور کھولا اور جھک کر کے آپ کی پیشانی مبارک کی تقبیل کی اور اس کے بعد پھر فرمایا بِأَبِي أَنْتَ يَا نَبِيَّ اللهِ لَا يَجْمَعُ اللهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اے اللہ کے نبی! اللہ آپ پر دو موتیں جمع نہیں فرمائیں گے۔

اس کلام کے کہنے کا منشاء یہ تھا کہ (۱) سیدنا عمر فاروقؓ مسجد میں کھڑے تھے اور یہ کہہ رہے تھے کہ رسول پاک ﷺ کا وصال نہیں ہوا آپ تو حق تعالیٰ شانہ کی ملاقات کے لئے تشریف لے گئے ہیں اس کے بعد واپس تشریف لائیں گے، آپ تو اس دنیا سے اس وقت تک تشریف لے ہی نہیں جائیں گے جب تک بہت سے لوگوں کے ہاتھ پاؤں نہیں کاٹ لیں گے یعنی منافقین کے، حضرت صدیق اکبرؓ نے اسی کی تردید میں فرمایا لَا يَجْمَعُ اللهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ اللہ آپ پر دو موتیں جمع نہیں کریں گے بس آپ کی یہی ایک موت ہے۔

(۲) بعض علماء فرماتے ہیں لَا يَجْمَعُ اللهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ جناب رسول اکرم ﷺ کو بس ایک دفعہ وفات دے چکے اس کے بعد آپ کو آپ کی قبر اطہر میں زندہ کر دیا جائے گا تو پھر آنحضور

Maktaba Tul Ishaat.com

ﷺ پر موت نہیں آئے گی ہمیشہ ہی زندہ رہیں گے بخلاف اور لوگوں گے کہ ان کو سوال کے لئے زندہ کیا جاتا ہے اور اس کے بعد ان پر موت طاری ہو جاتی ہے۔

لیکن اس توجیہ پر یہ اشکال ہے کہ جو لوگ مر چکے ہیں ان پر بھی دو موتیں نہیں آتی ہیں اس لئے کہ قرآن پاک میں ہے ﴿لَا یَذُوقُونَ فِیهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَى﴾ یعنی اہل جنت کو صرف ایک موت آئے گی، جنت میں موت نہیں آئے گی بس جو مر چکے دنیا میں وہی موت ہے۔

اسی لئے شرح عقائد میں یہ بیان کرنا پڑتا ہے کہ مُردوں سے قبر میں سوال کیسے ہوتا ہے؟ اگر زندگی تسلیم کی جائے تو دوسری موت ماننی پڑتی ہے اور یہ قرآن پاک کی نص کے معارض ہے، اور پھر ان کو جواب دینا پڑا کہ ہو سکتا ہے کہ بلا احیاء کے احساس پیدا کر دیا جائے جیسے سورج آسمان میں ہوتا ہے اور اس کا اثر زمین پر پہنچتا ہے ایسے ہی روح اپنے مستقر پر ہو اور اس کے اثر کی وجہ سے اس میں احساس و ادراک پیدا ہو جائے۔

۲۔ بعضوں نے کہا کہ حیات تو ہوتی ہے مگر حیات تامہ نہیں ہوتی ہے، صرف احساس پیدا کرنے کے لئے یہ حیات ہوتی ہے اور یہ حیات اصل حیات کے مقابل میں گویا لاشئی کا درجہ رکھتی ہے اس لئے اس کے نکلنے کو موت سے تعبیر نہیں کیا جائے گا۔

۳۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جناب رسول اکرم ﷺ کی وفات کے بعد کوئی یہ نہیں کہہ سکتا ہے کہ آپ کی شریعت ختم ہو جائے گی، ان میں راجح مطلب وہی ہے جو اولاً بیان کیا گیا ہے یعنی سیدنا عمرؓ کے قول پر رد کرنے کے لئے حضرت صدیق اکبرؓ نے یہ کلام ارشاد فرمایا تھا۔

قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: فرماتے ہیں ابو سلمہ کہ ابن عباسؓ نے مجھ کو یہ بتلایا کہ ابو بکرؓ نکلے اور عمرؓ لوگوں سے بات چیت کر رہے تھے فرمایا اجلس بیٹھ جا، عمرؓ مانے نہیں، رنج و غم تھا اور طبیعت میں جوش تھا اس لئے مانے نہیں، حضرت صدیق اکبرؓ نے خطبہ دیا، خطبہ کا سننا تھا کہ لوگ عمرؓ کو چھوڑ کر صدیقؓ کی طرف متوجہ ہو گئے، انہوں نے خطبہ کے بعد فرمایا أَمَّا بَعْدُ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللهَ فَإِنَّ اللهَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ دیکھو تم میں جو کوئی محمد کی پرستش کرتا تھا تو ان کا معبود محمد تو مر چکا اور جو اللہ کی پرستش کرتا تھا تو وہ اب بھی پرستش کرتا رہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ زندہ ہے اور اس کو موت نہیں آئے گی، حضرت صدیق اکبرؓ نے اس مختصر سے جملہ سے پوری حقیقت کھول کر سامنے رکھ دی اور مقصد یہ ہے کہ حضرت محمد ﷺ اس دنیا

Maktaba Tul Ishaat.com

میں اللہ کی عبادت کرانے کے لئے تشریف لائے تھے نہ کہ اپنی عبادت کرانے کے لئے، اگر آپ کی وفات ہو بھی گئی تو بہر حال ہونے ہی والی تھی اس کی وجہ سے آدمی کو ایسا بے حال نہ ہونا چاہئے کہ جو مقصود لیکر آپ دنیا میں تشریف لائے تھے اس کو ہاتھ سے چھوڑ دیا جائے۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ الخ: محمد تو اللہ کے رسول ہی ہیں، ان سے پہلے بھی رسل گزر چکے ہیں بتاؤ اگر ان کی وفات ہو جائے یا وہ شہید کر دیئے جائیں تو کیا تم الٹے قدم گمراہی اور کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے؟ مطلب یہ ہے کہ ایسا نہیں کرنا ہے اور اللہ زندہ ہے اسی کی عبادت کے لئے یہ رسول مبعوث ہوئے تھے لہذا اب بھی اس کی پرستش کرنی چاہئے۔

وَاللّٰہِ لَکَأَنَّ النَّاسَ لَمْ یَکُونُوا یَعْلَمُونَ أَنَّ اللّٰہَ أَنْزَلَھَا: یوں کہتے ہیں کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس سے پہلے یہ آیت ہی نازل نہیں ہوئی تھی جب حضرت صدیق اکبرؓ نے تلاوت کی تو بس پھر تو سارے لوگوں کی زبان پر یہی آیت تھی۔

مصنف کا ترجمہ: مصنف نے اس حدیث سے اپنا ترجمہ وَھُوَ مُسَجًّی بِبُرْدِ حِبَرَۃٍ سے ثابت کیا ہے۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ چادر تو آپ کے کفن کی چادر نہیں تھی بلکہ یوں ہی ڈھکی ہوئی تھی ابھی تو آپ کو غسل بھی نہیں دیا گیا تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ میت کو جب اکفان میں مستور کر دیا جائے تو اس کے بعد اس کے پاس جانا ایسے ہی جائز ہے جیسے میت کو جب چادر سے ڈھانپ دیا جائے، تو مستور ہونے میں دونوں حالتیں برابر ہیں، یا یوں کہئے کہ بخاری بقول ابن رشید یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ میت کو اکفان میں داخل کرنے کے بعد اس کا چہرہ کھول کر دیکھا جا سکتا ہے، جیسے میت کو اگر چادر سے ڈھانپ دیا گیا ہو تو اس کا چہرہ کھول کر دیکھا جا سکتا ہے کیوں کہ دونوں حالتیں ستر میں برابر ہیں۔

اقْتُسِمَ الْمُھَاجِرُونَ: مہاجرین تقسیم کئے گئے قرعہ اندازی کر کے، پس ہمارے حصہ میں پڑے حضرت عثمان بن مظعونؓ، ان کو ہم نے اپنے گھروں میں اتارا وہ اپنی وفات کی بیماری میں مبتلا ہوئے اور وفات پا گئے، حضور ﷺ تشریف لائے تو ام علاءؓ بولیں رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْكَ أَبَا السَّائِبِ ابو سائب تم پر اللہ رحم فرمائے میں تو گواہی دیتی ہوں کہ اللہ نے تم کو کرامت عطا فرمائی، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں کیا پتہ کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

اللہ نے ان کو شرافت وکرامت عطا فرمائی یا نہیں؟ کہتی ہیں کہ میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائے یہ بتایئے یارسول اللہ! اگر آپ کے اتنے مخصوص صحابی کو اللہ کرامت سے نہیں نوازیں گے اور ان کو مکرمین میں شمار نہیں کریں گے تو کس کی تکریم فرمائیں گے اور کس کو مکرمین میں شمار کریں گے؟

آپ نے فرمایا أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ الْيَقِينُ اس کے پاس تو ایک یقینی چیز یعنی موت آچکی ہے وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرْجُو لَهُ الْخَيْرَ اور میں ان کے لئے خیر کی توقع کرتا ہوں، حضور اکرم ﷺ کے ارشاد گرامی کا مطلب یہ ہے کہ کسی مرنے والے کے بارے میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا ہے توقع اور امید ہی کی بات کی جاسکتی ہے اس لئے کہ یہ چیز پردۂ غیب میں ہے اس کو تو اللہ رب العزت ہی جانتا ہے، پھر ارشاد ہوا وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي وَأَنَا رَسُولُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِي میں خود بھی یہ نہیں جانتا ہوں حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ میرے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا؟

یہاں پر دو نسخے ہیں مَا يُفْعَلُ بِي یا کے ساتھ اور دوسرا نسخہ کشمیہنی کا ہے مَا يُفْعَلُ بِهٖ ہا کے ساتھ، یہ کشمیہنی کا نسخہ روایتی حیثیت سے غلط ہے، لیث بن سعد کی روایت میں مَا يُفْعَلُ بِي یائے متکلم کے ساتھ ہے بِهٖ ہاء ضمیر واحد غائب کے ساتھ نہیں ہے اگرچہ نفس الامر میں بِهٖ کا لفظ صحیح ہے۔

اگر مَا يُفْعَلُ بِهٖ ہو تب کوئی اشکال نہیں اسلئے کہ حضور ﷺ کا مقصود ظاہر ہے کہ باوجود میں رسول برحق ہونے کے یہ نہیں جانتا ہوں کہ ان کے ساتھ آخرت میں کیا ہونے والا ہے تو تم کو کیا پتہ چل سکتا ہے؟

اور اگر لیث کی روایت کو ثابت مانا جائے تو اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ جناب رسول اکرم ﷺ نے صاف اعلان کیا ہے أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ سب سے پہلا شخص جو جنت کا دروازہ کھٹکھٹائے گا وہ میں ہوں گا اور جگہ جگہ صاف فرما دیا أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اور أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ غرضکہ جب آپ ان تمام شرافت وکرامت کے ساتھ مشرف ہیں تو پھر یہ کہنا کہ مجھے معلوم نہیں کہ میرے ساتھ کیا ہوگا یہ کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟

(۱) علامہ قرطبی نے جواب دیا کہ اصل میں حضور ﷺ نے اپنی عدم درایت دنیا کے متعلق ذکر کی ہے مطلب یہ ہے کہ مجھے یہ معلوم نہیں کہ دنیا میں میرے ساتھ کیا امر پیش آنے والا ہے نفع ہو نقصان ہو صحت ہو بیماری ہو راحت ہو تکلیف ہو یہ مجھے معلوم نہیں۔

(۲) قاضی بیضاوی فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے علم تفصیلی کی نفی فرمائی ہے یعنی مجھ کو مفصلاً یہ نہیں معلوم کہ ہمارے ساتھ کیا ہونے والا ہے بس اجمالی طور پر ہمارے سرور عالم ﷺ کو یہ معلوم تھا کہ آپ سید

Maktaba Tul Ishaat.com

الرسل ہیں اکرم خلق اللہ ہیں سب سے اونچا آپ کا مقام ہوگا، مگر کیا کیا چیزیں آپ کو عطا ہونے والی ہیں اور کیا کیا درجات ملیں گے اور کیسی کیسی نعماء آپ کو عطا ہوں گی اس کا علم آپ کو نہیں تھا، کیوں؟ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ جنت میں تو ایسی چیزیں ہیں جن کو نہ آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا اور نہ انسان کے قلب پر خطور ہوا، پتہ کیسے چل سکتا ہے، تم بتلاؤ کہ ابھی تم ہوائی جہاز کو اڑتا ہوا دیکھتے ہو لیکن پہلے کیا کسی انسان کے دل میں اس طرح کا تصور ہو بھی سکتا تھا کہ ایک زمانہ میں انسان یوں اڑے گا اور یہ کرے گا اور وہ کرے گا کبھی بھی اس طرح کا خیال نہیں ہوتا تھا، اور جب تک وائرلیس ایجاد نہیں ہوا تھا کیا کسی کے تصور اور خیال میں یہ بات تھی کہ یہاں سے بیٹھے ہوئے ہزاروں میل کے فاصلہ پر ایک شخص سے ایک سیکنڈ میں بات ہو سکتی ہے؟ ایسے ہی یہاں بھی ہے۔

(٣) بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہو چکی ہے، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ خبر ہے والنسخ لایدخل فی الأخبار، مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ جواب اتنے بڑے بڑے علماء نے دیا ہے کہ وہ اس طرح کے اشکال سے پہلے سے واقف ہیں، علامہ شمس الدین کرمانی، شمس الدین برماوی، بدر الدین زرکشی سب نے یہی جواب دیا ہے کہ یہ منسوخ ہے۔

(٤) میرے نزدیک اس کی توجیہ یہ ہے کہ نسخ سے مراد یہ ہے کہ حضور پاک ﷺ کو لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ کا علم نہیں تھا اس علم سے پہلے پہلے آپ نے یہ فرمایا تھا وَاللَّهِ مَا أَدْرِي وَأَنَا رَسُولُ اللَّهِ مَا يُفْعَلُ بِي لیکن بعد میں جب آپ کو یہ بتلا دیا کہ آپ مغفور لہ ہیں اور آپ کی کسی بات پر مؤاخذہ نہیں اور آپ بڑے درجات عالیہ پر فائز ہیں تو پھر یہ کلام جو آپ نے اپنے اندازے سے ارشاد فرمایا تھا اس کا حکم ختم ہو گیا۔

حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ:　　غور سے سنو اور یاد کر لو!

امام بخاری کا اہم اصول:　　امام بخاری کی یہ عادت ہے کہ جب کسی روایت میں کوئی ایسا لفظ واقع ہو جائے جو وہم ہوتا ہے تو صواب پر بعد میں تنبیہ کیا کرتے ہیں، چنانچہ حضرت امام بخاری کی رائے پر لیث بن سعد کی روایت میں یہ جو لفظ واقع ہوا تھا یعنی مَا أَدْرِي وَأَنَا رَسُولُ اللَّهِ مَا يُفْعَلُ بِي یہ وہم تھا لہذا مصنف نے نافع بن یزید کی روایت نقل کر کے یہ بتلا دیا کہ اصل لفظ مَا يُفْعَلُ بِهِ ہے اور یہ ضمیر عثمان بن مظعونؓ کی طرف عائد ہے،

Maktaba Tul Ishaat.com

علامہ ابن تیمیہ نے اس قاعدہ پر اور اس اصل پر منہاج السنہ اور اپنے فتاویٰ میں تنبیہ فرمائی ہے۔

تنبیہ: محشی نے بحوالہ عینی یہ نقل کیا ہے أشار بهذا إلى أن المحفوظ فی روایة اللیث ما یفعل به، یہ غلط ہے لیث کی روایت میں تو محفوظ مَا یُفعَلُ بِي ہے کما صرح بذلک الحافظ ابن حجر۔

لَمَّا قُتِلَ أَبِي: حضرت جابرؓ کے والد حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرامؓ صحابی ہیں جنگ احد سن ۳ھ میں ان کی شہادت ہوگئی۔

جَعَلْتُ أَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ: ان کو ڈھانپ دیا گیا تھا تو حضرت جابرؓ ان کا چہرہ کھول کر روتے تھے اور لوگ منع کرتے تھے لیکن نبی اکرم ﷺ ان کی نوعمری کی وجہ سے منع نہیں کرتے تھے۔

فَجَعَلَتْ عَمَّتِي فَاطِمَةُ تَبْكِي: فرماتے ہیں کہ میری پھوپھی فاطمہ بھی رونے لگیں، اس پر نبی پاک ﷺ نے فرمایا تَبْكِينَ أَوْ لَا تَبْكِينَ مَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا روؤ چاہے نہ روؤ جب سے ان کی شہادت ہوئی ہے اس وقت سے فرشتے ان پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہیں یعنی بھلا یہ رونے کی کوئی بات ہے حق تعالیٰ کے یہاں تو ان کو خاص قرب حاصل ہوا ہے، اس کے بعد فرماتے ہیں حَتَّى رَفَعْتُمُوهُ یہاں تک کہ تم نے ان کو اٹھالیا یعنی جب تک تم نے اٹھایا نہیں تھا اپنی جگہ پر سے اس وقت تک ان پر فرشتے سایہ فگن تھے۔

اس روایت کی ترجمہ کے ساتھ مطابقت کیا ہے؟ بعض علماء نے یہ اشکال کیا ہے کہ اس سے ترجمہ ثابت نہیں ہوتا ہے اس لئے کہ حضرت جابرؓ کے والد پر جو کپڑا تھا وہ ان کے اکفان نہیں تھے، علامہ ابن منیر نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ شہید کے کپڑے خود اس کے اکفان ہوا کرتے ہیں، اور ایک تقریر وہ ہے جو ماقبل میں کی جاچکی ہے یعنی امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ میت کو مستور کر دینے کے بعد کھولنا ایسا ہی ہے جیسے کفن دے دینے کے بعد کھولنا تو جب مستور کرنے کے بعد کھولنا جائز تو کفن دینے کے بعد بھی کھولنا جائز ہے۔

(ص ١٦٦) بَابُ الرَّجُلِ يَنْعَى إِلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ بِنَفْسِهِ

١٢٤٥. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ خَرَجَ إِلَى الْمُصَلَّى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ أَرْبَعًا.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٢٤٦. حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيبَ ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيبَ ثُمَّ أَخَذَهَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيبَ وَإِنَّ عَيْنَيْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ لَتَذْرِفَانِ ثُمَّ أَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ مِنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ فَفُتِحَ لَهُ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو خود میت کے گھر والوں کو موت کی خبر دے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجاشی کی موت کی خبر اسی دن دی جس دن ان کی وفات ہوئی، آپ ﷺ عید گاہ تشریف لے گئے لوگوں کی صف بنائی اور چار تکبیریں کہیں۔

حضرت انس بن مالکؓ نے کہا کہ پیغمبر ﷺ نے خبر دی کہ جہاد کا جھنڈا زیدؓ نے لیا اور شہید ہوگئے پھر اسے جعفرؓ نے اٹھایا وہ بھی شہید ہوگئے پھر عبد اللہ بن رواحہؓ نے سنبھالا اور وہ بھی شہید ہوگئے اس دوران حضور ﷺ کی دونوں آنکھیں آنسوؤں سے بہہ رہی تھیں پھر اسے میری نامزدگی کے بغیر از خود خالد بن ولیدؓ نے لیا پھر ان کو کامیابی دی گئی۔

تشریح: بِنَفْسِهِ کی ضمیر میت کی طرف عائد ہے اور یہی راجح ہے اور یہ مفعول ہے باظہار حرف الجر اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ بعض نسخوں میں باساقط ہے اور الرجل ینعی إلی أهل المیت نفسه واقع ہوا ہے مطلب یہ ہے کہ اگر کسی کی وفات ہو جائے تو اس کی وفات کی خبر کوئی شخص اہل میت کو پہنچا سکتا ہے۔

اس ترجمہ کی غرض علامہ ابن مرابط وغیرہ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ جب میت والوں کو میت کی خبر دی جاتی ہے تو اس سے ان کو تکلیف ہوتی ہے تو ہو سکتا ہے کہ کسی کو یہ خیال ہو کہ جب یہ خبر دینا موجب تکلیف ہے تو پھر اہل میت کو میت کے مرنے کی اطلاع نہ دینی چاہئے، لیکن اس خبر دینے میں بہت سے مصالح مضمر ہیں اس لئے باوجود تکلیف کا باعث ہونے کے خبر دینا ہی چاہئے، سب سے اہم مصلحت یہ ہے کہ میت کی تجہیز و تکفین کا اہتمام شروع ہوتا ہے، دوسری مصلحت یہ ہے کہ اس کے حقوق کی ادائیگی کی آدمی فکر کرتا ہے۔

امام بخاری نے اس باب سے نعی کا جواز بیان کیا ہے، نعی کہتے ہیں موت کی خبر دینے کو، پھر نعی کی دو قسمیں ہیں، (۱) نعی جاہلیہ (۲) نعی غیر جاہلیہ، نعی جاہلیہ کی حدیث پاک میں ممانعت وارد ہوئی ہے۔

نعی جاہلیت کسے کہتے ہیں؟ مالکیہ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ بلند آواز سے اطلاع دینا نعیِ جاہلیت ہے لیکن نعیِ جاہلیت کی تفسیر حنابلہ اور شافعیہ کے یہاں منادی کے ذریعہ موت کا اعلان کرانا ہے، شافعیہ کی ایک جماعت کہتی ہے کہ اگر اس میں اس کے مفاخر کا تذکرہ ہو تب یہ نعیِ جاہلیت ہے، علامہ ابن ہمام نے اسی کے

Maktaba Tul Ishaat.com

ساتھ یہ اضافہ کیا کہ آدمی اطلاع دیتے ہوئے شور کرے نوحہ کرے، بہر حال امام بخاری نے اس سے مطلقاً نعی کا جواز بیان کیا اور جس حدیث میں نعی کی ممانعت وارد ہوئی ہے وہ نعیِ جاہلیت ہے وہ اور چیز ہے۔

یہاں ایک سوال ہے کہ حضور ﷺ نے نجاشی کی خبرِ موت اہل مدینہ کو سنائی، جبکہ ترجمہ میں ہے إِلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ، مدینہ میں نجاشی کا کون تھا جن کی نعی سے نعی الی اہل المیت کا تحقق ہو۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ذی محرم نجاشی کے بھتیجے تھے جو مدینہ میں رہتے تھے ان کو اطلاع ہو گی۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ مسلمان ان کے دینی بھائی تھے تو گو نسبی اقارب کو نہ سہی لیکن دینی اقارب کو اطلاع ہو گئی، اور جب دینی اقارب کو موت کی خبر دینا جائز تو نسبی اقارب کو خبر دینا بدرجۂ اولیٰ جائز ہو گا۔

(ص ۱۶۷) بَابُ الْإِذْنِ بِالْجَنَازَةِ

وَقَالَ أَبُو رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَلَّا آذَنْتُمُونِي.

۱۲۴۷. حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاتَ إِنْسَانٌ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَعُودُهُ فَمَاتَ بِاللَّيْلِ فَدَفَنُوهُ لَيْلًا فَلَمَّا أَصْبَحَ أَخْبَرُوهُ فَقَالَ مَا مَنَعَكُمْ أَنْ تُعْلِمُونِي؟ قَالُوا كَانَ اللَّيْلُ فَكَرِهْنَا وَكَانَتْ ظُلْمَةٌ أَنْ نَشُقَّ عَلَيْكَ فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ.

ترجمہ: باب، جنازہ تیار ہو جانے کی خبر دینا۔

ابورافع نے حضرت ابوہریرہؓ سے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم نے مجھے خبر کیوں نہیں دی؟

حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ ایک شخص کا جس کی حضور ﷺ عیادت فرماتے تھے انتقال ہو گیا، ان کا انتقال رات میں ہوا لوگوں نے رات ہی میں دفن کر دیا جب صبح ہوئی تو لوگوں نے حضور ﷺ کو خبر دی آپ نے فرمایا کہ مجھے اطلاع دینے سے تمہیں کس چیز نے روکا؟ لوگوں نے جواب دیا کہ رات تھی اور اندھیرا تھا ہم نے یہ پسند نہ کیا کہ آپ کو مشقت میں ڈالیں پھر آپ ﷺ ان کی قبر پر آئے اور ان کی نماز جنازہ پڑھی۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ جنازے کی اطلاع جائز ہے۔

سوال یہ ہے کہ ابھی تو امام بخاری نے بَابُ الرَّجُلِ يَنْعَى کا ترجمہ منعقد کیا جس میں خبر دینے کا ذکر ہے وہی بات الاذن بالجنازۃ میں ہے صرف لفظی فرق ہے ورنہ دونوں کا حاصل یہ ہے کہ میت کی اطلاع دی جا سکتی

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے تو یہ تکرار ہے، جواب یہ ہے جیسا کہ علامہ زین بن منیر نے بیان کیا ہے کہ دونوں میں فرق ہے، اول سے مراد یہ ہے کہ میت کی وفات کی اطلاع اہل میت کو دی جائے، اور اس باب کی غرض یہ ہے کہ جنازے کے تیار ہونے کی اطلاع دی جائے، تو اذنِ جنازہ مرتب ہے نعیِ میت پر لہذا دونوں میں کوئی تکرار نہیں۔

بعض علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ پہلے امام بخاری نے اِعلام بنفسہ کو بتلایا تھا اور یہاں ترجمہ عام رکھا ہے چاہے بذات خود اِعلام ہو یا بواسطۂ غیر کے اِعلام ہو، صحیح وہی ہے جو زین بن منیر نے فرق بیان کیا ہے۔

مَاتَ إِنْسَانٌ: علامہ سراج الدین بن ملقن فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہی شخص ہے جس کا تذکرہ حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث میں وارد ہے جو مسجد میں جھاڑو دیتے تھے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ وہم ہے مسجد میں جھاڑو دینے والی تو ایک عورت ہے جو ام محجن کہلاتی تھی، اور اس حدیث پاک میں جس کا ذکر ہے وہ مرد تھے، حافظ کہتے ہیں کہ وہ حضرت طلحہ بن براءؓ ہیں جن کی وفات کا تذکرہ ابوداؤد شریف میں وارد ہوا ہے۔

فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ: آپ اُن کی قبر پر آئے اور آپ نے ان کی نماز جنازہ ادا فرمائی، اس سے معلوم ہوا کہ اگر آدمی وفات پا جائے تو دفن کے بعد اس کی قبر پر اس کی نماز جنازہ پڑھی جاسکتی ہے، جمہور کے یہاں یہ جائز ہے حنفیہ اور مالکیہ اس سے منع کرتے ہیں، اس روایت کا احناف نے یہ جواب دیا ہے کہ یہ حضور پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خصوصیت ہے کیوں کہ سرکار دوعالم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی نماز کی بدولت قبروں میں نور پیدا ہوتا ہے اس لئے آپ نماز پڑھ کے صاحبِ قبر کی قبر کو منور فرمایا کرتے تھے، مسلم شریف میں ہے إِنَّ هٰذِهِ الْقُبُورَ مَمْلُوءَةٌ ظُلْمَةً عَلَى أَهْلِهَا وَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلَاتِي عَلَيْهِم۔

(ص ١٦٧) بَاب فَضْلِ مَنْ مَاتَ لَهُ وَلَدٌ فَاحْتَسَبَ

وَقَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ ﴿ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِينَ ﴾.

١٢٤٨. حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَا مِنَ النَّاسِ مِنْ مُسْلِمٍ يُتَوَفَّى لَهُ ثَلَاثٌ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ.

١٢٤٩. حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ عَنْ ذَكْوَانَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ النِّسَاءَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ ﷺ اجْعَلْ لَنَا يَوْمًا فَوَعَظَهُنَّ وَقَالَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ مَاتَ لَهَا ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ كَانُوا حِجَابًا مِنَ

Maktaba Tul Ishaat.com

النَّارِ قَالَتِ امْرَأَةٌ وَاثْنَانِ؟ قَالَ وَاثْنَانِ.

١٢٥٠. وَقَالَ شَرِيكٌ عَنِ ابْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ حَدَّثَنِي أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ.

١٢٥١. حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَا يَمُوتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَيَلِجَ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ {وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا}

ترجمہ: باب، اس شخص کی فضیلت کا بیان جس کا کوئی بچہ گزر جائے اور وہ اس پر صبر کرے۔

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: صبر کرنے والوں کو خوش خبری سنادو۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جس مسلمان کے تین نابالغ بچے فوت ہو جائیں اللہ اسے جنت میں داخل کرے گا ان بچوں پر اپنی رحمت کی وجہ سے (یا اس شخص کی ان کے ساتھ رحمت کی وجہ سے)۔

حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ خواتین نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ ہمارے لئے ایک دن مقرر فرمائیں، چنانچہ آپ نے ان کے سامنے وعظ فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ جس عورت کے تین بچے فوت ہو جائیں وہ اس کے لئے جہنم سے رکاوٹ ہوں گے، ایک عورت نے کہا اور دو؟ آپ ﷺ نے جواب دیا کہ دو بھی۔ شعبہ کے ساتھی شریک نے بھی یہ روایت حضرت ابو سعیدؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کی اس میں ابو ہریرہؓ کا یہ قول زائد ہے کہ وہ بلوغ کو نہ پہنچے ہوں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس مسلمان کے تین بچے انتقال کر جائیں وہ جہنم میں جانے والا نہیں، مگر قسم پورا کرنے کے بقدر، ابو عبد اللہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد وہ بات ہے جو اس آیت ﴿وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا﴾ میں ہے یعنی نہیں ہے تم میں سے کوئی مگر جہنم پر سے گزرے گا۔

تشریح: اگر اولاد مر جائے اور آدمی اس پر صبر کرے اور احتساب کرے تو اس پر فضیلت حاصل ہوگی اور یہ اللہ کے بڑے قرب کا ذریعہ ہے، امام بخاری نے ترجمہ میں فضل ذکر فرمایا ہے اور روایتیں تین ذکر کی ہیں، ایک روایت میں یہ ہے کہ اگر آدمی ان بچوں کے مرنے پر صبر کرے جو بالغ نہ ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کریں گے، اور دوسری روایت میں یہ ہے کہ وہ بچہ اس کے حق میں حجاب ہو جائے گا، اور تیسری روایت میں یہ ہے کہ ایسا شخص جہنم میں صرف قسم پوری کرنے کے لئے داخل ہوگا، امام بخاری نے لفظِ فضل تینوں پر اس لئے منعقد کر دیا کہ مجموعی طور پر تینوں سے صبر اور احتساب کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے اور یہ کہ اگر

Maktaba Tul Ishaat.com

اولاد کے مرنے پر کوئی آدمی صبر اور احتساب کرتا ہے تو وہ اس کے حق میں مبارک چیز ہے۔

لَمْ یَبْلُغُوا الْحِنْثَ: جمہور علماء فرماتے ہیں کہ لَمْ یَبْلُغُوا الْحِنْثَ کنایہ ہے بالغ ہو جانے سے اس واسطے کہ بالغ ہونے کے بعد ہی انسان پر گناہ لکھا جاتا ہے اس سے پہلے پہلے تو معفو عنہ ہوا کرتا ہے۔

اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ بلوغ حنث سے مراد ارتکابِ اثم ہے اور مطلب یہ ہے کہ جس نے گناہ نہ کیا ہو چاہے وہ بالغ ہی کیوں نہ ہو، تفسیر اول ہی ارجح ہے۔

اس حدیث پاک سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اگر نابالغ بچوں کے مرنے پر صبر کیا جائے تو فضیلت مذکورہ فی الحدیث حاصل ہوگی۔

لیکن اگر کسی کا بڑا بچہ مر جائے تو کیا اس کے مرنے پر صبر کرنے سے بھی فضیلت مذکورہ فی الحدیث حاصل ہوگی یا نہیں؟ احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ فضیلت صغار کے ساتھ خاص ہے لہذا کبار کی موت پر صبر کرنا اگرچہ موجبِ اجر و ثوابِ ہو لیکن فضیلت موعودہ فی الحدیث حاصل نہیں ہوگی، چونکہ چھوٹے بچے بے فکر ہوں گے اس واسطے ان پر حق تعالیٰ کی جو خاص عنایتیں ہیں وہ ذریعہ بن جائیں گی والدین کو جنت میں پہونچا دینے کا، اسی کو فرمایا گیا ہے بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ حق تعالیٰ کی خاص رحمت بچوں کے ساتھ ہے اس لئے یہ سبب بن جائے گی والدین کے جنت میں جانے کا۔

مگر علامہ زین ابن منیر کی رائے یہ ہے کہ فضیلت موعودہ فی الحدیث ولد کبیر کی موت پر صبر کرنے سے بھی حاصل ہوگی، اس واسطے کہ جب چھوٹا بچہ مر جاتا ہے اور اس پر صبر کرنا موجبِ اجر ہے تو بڑا بچہ جس سے آدمی کی توقعات وابستہ ہو جاتی ہیں اس کے مرنے پر صبر کرنا بدرجۂ اولیٰ سبب بنے گا۔

یہ تعلیل اگرچہ اپنی جگہ بڑی مضبوط اور قوی ہے مگر واقعہ یہ ہے کہ یہاں ایک خاص نکتہ ہے جو چھوٹے میں تو پایا جاتا ہے بڑے میں نہیں، اور وہ یہ ہے کہ چھوٹے بچہ کی طرف سے ماں باپ کو کوئی اذیت نہیں پہونچتی ہے ان سے عقوق وغیرہ کا صدور نہیں ہوتا ہے بخلاف بڑے بچہ کے کہ اس کی طرف سے کوئی نہ کوئی نافرمانی ہو جاتی ہے کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے دل کو ٹھیس پہنچ جاتی ہے تو یہ کیا ضروری ہے کہ اگر چھوٹے بچے جو معصوم ہوتے ہیں ان کے مرنے پر صبر کرنا سبب بنتا ہے مخصوص فضیلت کا تو بڑوں کے مرنے پر صبر کرنا بھی اسی فضیلت کے لئے محصِّل ثابت ہو، دوسری بات یہ بھی ہے کہ چھوٹے بچے معصوم ہوتے ہیں وہ حجاب بنیں گے اور جنت میں گھسیٹ

Maktaba Tul Ishaat.com

کر لے جائیں گے اور بڑا تو خود اپنی ذمہ داری لئے ہوئے ہوتا ہے اس کو تو اپنا فکر ہوگا ﴿یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِیهِ وَأُمِّهِ وَأَبِیهِ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِیهِ لِکُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ یَوْمَئِذٍ شَأْنٌ یُغْنِیهِ﴾۔

حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ: یہ حدیث کتاب العلم میں ص ۲۱ پر گزر چکی ہے اور وہاں کلام بھی گزر چکا ہے، ابوہریرہؓ اور ابوسعید خدریؓ دونوں یہ روایت نقل کرتے ہیں لیکن ابوہریرہؓ کی حدیث میں لَمْ یبلغوا الْحِنْثَ کی قید لگی ہوئی ہے اور ابوسعیدؓ کی روایت میں نہیں ہے۔

إلّا تحلّة القسم: تحلة تفعلة کے وزن پر باب تفعیل کا مصدر ہے حَلَّلَ تحلیلاً و تحِلّةً یعنی یہ کام قسم پورا کرنے کے لئے کیا۔

تحلة القسم کا کیا مطلب ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ یہ کنایہ ہے قلت سے، قسم کے معنی مراد نہیں، کہا جاتا ہے لَا یَنَامُ هَذَا إِلَّا لِتَحْلِیلِ الْأَلِیَّةِ اور کہا جاتا ہے مَاضَرَبْتُهُ إِلَّا تَحْلِیلًا یعنی ذرا سا اراقسم پوری کرنے کے لئے، اور بعض کہتے ہیں کہ واقعی قسم کے معنی مراد ہیں، اور قسم سے مراد وہی قسم ہے جو آیت کریمہ ﴿وَإِنْ مِنْکُمْ إِلَّا وَارِدُهَا کَانَ عَلَی رَبِّکَ حَتْمًا مَقْضِیًّا﴾ میں مذکور ہے۔

مگر سوال یہ ہے کہ اس آیت میں قسم کہاں پر ہے؟ (۱) بعض کہتے ہیں کہ قسم کا مقصود تاکید ہے اور تاکید حتمًا مقضیًا سے حاصل ہوتی ہے اس لئے اس کو قسم سے تعبیر کر دیا گیا، (۲) اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے پہلے آیت میں ہے ﴿فَوَرَبِّکَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ﴾ یہ اسی پر عطف ہے، (۳) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہاں قسم مقدر ہے، (۴) علامہ طیبی کہتے ہیں کہ کلام کا سیاق معنیٔ قسم کو ادا کر رہا ہے۔

پھر اس میں اختلاف ہے کہ ﴿وَإِنْ مِنْکُمْ إِلَّا وَارِدُهَا﴾ میں ورودِ نار سے کیا مراد ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ اس سے دخول مراد ہے لیکن مؤمنین پر دخول بردوسلام ہو جائے گا، اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد مرور علی الصراط ہے، یہی دو تفسیریں زیادہ مشہور ہیں، بعضوں نے کہا ہے کہ اشراف یعنی جھانکنا مراد ہے، اور بعض اس کے علاوہ بھی تفسیریں کرتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٦٧) بَاب قَوْلِ الرَّجُلِ لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ الْقَبْرِ اصْبِرِي

١٢٥٢. حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ بِامْرَأَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ وَهِيَ تَبْكِي فَقَالَ اتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي.

ترجمہ: باب، مرد کا قبر کے پاس عورت کو یہ کہنا کہ صبر کرو۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ ایک قبر کے قریب ایک عورت کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ رو رہی تھی تو آپ نے فرمایا اللہ سے ڈر اور صبر کر۔

تشریح: مرد عورت کو قبر کے پاس صبر کی تلقین کر سکتا ہے، عورت کی تصریح اس لئے کی کہ یہ صنفِ اجنبی ہے لہذا امام بخاری نے یہ بتلا دیا کہ ایسے وقت میں امر بالمعروف کے لئے یہ نہ دیکھا جائے کہ صنف اجنبی نہ ہو بلکہ عورت کو بھی صبر کی تلقین کی جا سکتی ہے، اور میرا خیال یہ ہے کہ ممکن ہے امام بخاری نے مرأۃ کی تصریح اس لئے کر دی کہ عام طور پر عورتوں کے مزاج میں جزع و فزع زیادہ ہوتا ہے خصوصاً جبکہ وہ مقابر میں موجود ہوں اس لئے آدمی کو یہ چاہئے کہ عورت کو بھی صبر کی تلقین کرے کما فعلہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

(ص ١٦٧) بَاب غُسْلِ الْمَيِّتِ وَوُضُوئِهِ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ

وَحَنَّطَ ابْنُ عُمَرَ ابْنًا لِسَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ وَحَمَلَهُ وَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْمُسْلِمُ لَا يَنْجُسُ حَيًّا وَلَا مَيِّتًا، وَقَالَ سَعِيدٌ لَوْ كَانَ نَجِسًا مَا مَسِسْتُهُ، وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ الْمُؤْمِنُ لَا يَنْجُسُ.

١٢٥٣. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ حِينَ تُوُفِّيَتِ ابْنَتُهُ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذَلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَعْطَانَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ تَعْنِي إِزَارَهُ.

ترجمہ: باب، میت کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دینے اور وضو کرانے کا بیان۔

حضرت ابن عمرؓ نے حضرت سعید بن زیدؓ کے ایک لڑکے کی میت کو خوشبو لگائی، اسے اٹھایا، نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مسلمان ناپاک نہیں ہوتا زندہ نہ مردہ، حضرت سعدؓ نے فرمایا کہ اگر وہ ناپاک ہوتا تو میں اس کو نہ

Maktaba Tul Ishaat.com

چھوتا، نبی ﷺ نے فرمایا مؤمن ناپاک نہیں ہوتا۔

حضرت ام عطیہ انصاریہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس آئے جب آپ کی صاحب زادی کی وفات ہوئی اور فرمایا اس کو تین بار غسل دو یا پانچ بار یا اگر تمہاری رائے ہو تو اس سے بھی زائد بار، پانی اور بیری کے پتوں سے، اور آخر میں کافور یا کچھ کافور استعمال کرو اور جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع دو، تو جب ہم فارغ ہو گئیں تو ہم نے آپ کو اطلاع دی تو آپ نے اپنا ازار ہمیں دیا اور یہ کہا کہ ازار کو ان کے جسم کا اندرونی لباس بنادو۔

تشریح: میت کو غسل دیا جائے گا اور وضوء کرایا جائے گا ماء وسدر سے۔

میت کو وضوء کرانا بالاتفاق مشروع بلکہ مستحب ہے، حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں یہ لکھ دیا ہے کہ حنفیہ کے یہاں وضوء مستحب نہیں ہے یہ نسبت غلط ہے۔

اور میت کو غسل دینا جمہور علماء کے نزدیک فرض کفایہ ہے بلکہ امام نووی اور محقق ابن ہمام نے اس پر اجماع تک نقل کر دیا ہے مگر یہ اجماع نقل کرنا صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ مالکیہ کے یہاں اس مسئلہ میں دو قول ہیں، ایک قول جمہور کے موافق یعنی فرض کفایہ ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سنت علی الکفایہ ہے، علامہ قرطبی نے سنتِ کفایہ کے قول کو راجح کہا ہے، قاضی ابن عربی فرض کفایہ کے قول کو اختیار کر رہے ہیں اور ان لوگوں کی تردید فرماتے ہیں جنہوں نے اس قول کو اختیار نہیں کیا ہے اور سنت علی الکفایہ قرار دیا ہے۔

امام بخاری نے ترجمہ میں دو چیزیں ذکر کی ہیں، ایک غسل میت اور دوسری وضوء میت، روایت الباب سے غسل میت کا تو ثبوت ہوتا ہے لیکن وضوء میت کا ثبوت نہیں، پھر مصنف نے یہ جزء کیسے ثابت فرمایا ہے؟

اس کے دو جواب ہیں، (۱) ایک یہ کہ لفظِ غسل ہی سے وضوء اخذ کیا ہے اس لئے کہ غسل سے مراد غسل کامل ہے اور یہ وہ غسل ہے جو مسنون طریقہ پر کیا گیا ہو جس میں پہلے وضوء ہو اور پھر باقی بدن پر پانی بہایا جائے، (۲) بعض حضرات کہتے ہیں کہ امام بخاری نے وضوءہ میں وضوء میت مراد نہیں لیا ہے بلکہ وضوءِ غاسل مراد لیا ہے جو قرینۂ مقام سے سمجھ میں آتا ہے، اور اس کی دلیل حضرت ابن عمرؓ کا اثر ہے جو مصنف نے آگے نقل کیا ہے وَحَنَّطَ ابنُ عُمَرَ ابنًا لِسَعِيدِ بنِ زَيْدٍ وَحَمَلَهُ وَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، گویا بتلا دیا کہ حمل میت کی وجہ سے وضوء واجب نہیں ہوگا۔

غُسلِ میت سے غاسل پر غسل ہے یا نہیں: یہ مسئلہ اپنی جگہ پر مستقل ہے کہ آیا غُسلِ میت

Maktaba Tul Ishaat.com

سے غاسل کے ذمہ غسل آتا ہے یا نہیں؟ اسی طرح میت کے اٹھانے سے اس پر وضوء آتا ہے یا نہیں؟

امام ابوداؤد نے ایک روایت نقل کی ہے مَنْ غَسَلَ الْمَيِّتَ فَلْيَغْتَسِلْ وَمَنْ حَمَلَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ اس روایت کا تقاضہ یہ ہے کہ جو میت کو غسل دے وہ غسل کرے اور جو میت کو اٹھائے وہ بعد میں وضوء کرے، مگر اس باب کی ساری روایتیں متکلم فیہ ہیں، حاکم نے محمد بن یحی الذہلی سے نقل کیا ہے کہ اس باب میں کوئی حدیث ثابت نہیں ہے، ابن منذر بھی فرماتے ہیں کہ اس باب میں کوئی حدیث ثابت نہیں ہے، امام احمد فرماتے ہیں کہ یہ ابوہریرہؓ پر موقوف ہے، اور امام ابوداؤد کہتے ہیں کہ یہ حدیث منسوخ ہوگئی ہے۔

اسی لئے جمہور علماء فرماتے ہیں کہ غاسل پر غسل واجب نہیں البتہ سعید بن مسیب اور حسن بصری سے وجوب نقل کیا گیا ہے اور یہی مالک اور شافعی سے ایک ایک قول منقول ہے لیکن مرجوح ہے، امام احمد بن حنبل سے منقول ہے کہ کافر کو اگر غسل دے تو غسل واجب ہوتا ہے اور ایک روایت میں جمہور کے ساتھ ہیں۔

میت کے اٹھانے سے وضوء واجب ہے یا نہیں؟ میت کے اٹھانے سے وضوء واجب نہیں ہوتا ہے جمہور کی یہی رائے ہے، اور حنابلہ کے دو قول ہیں ایک وجوب وضوء کا اور یہی اسحاق بن راہویہ کا مسلک ہے، اور دوسرا عدم الوجوب اور اسی کو علامہ موفق الدین بن قدامہ حنبلی نے راجح قرار دیا ہے۔

ترجمہ کی ایک اور غرض: ایک بات میرے ذہن میں آرہی ہے اگرچہ ہے بعید لیکن میں بیان کئے دیتا ہوں کہ یہ باب ایک جامع باب کی حیثیت رکھتا ہے اور آگے اس کی تفصیلات آرہی ہیں۔

امام بخاری نے یہاں اجمالی طور پر یہ بتادیا کہ میت کو وضوء اور غسل دیا جائے گا اور آگے آنے والے ابواب سے اس کی تفصیل پیش فرمائی ہے، چنانچہ آئندہ ایک باب ہے باب مواضع الوضوء من المیت اور اس کے ذیل میں ام عطیہؓ کی حدیث سے وضوء میت کا ثبوت ہوتا ہے۔

وَحَنَّطَ ابْنُ عُمَرَ: حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے سعید بن زیدؓ کے ایک صاحب زادے کو حنوط لگایا اور اس کو اٹھایا بھی اور نماز بھی پڑھی اور وضوء نہیں کیا، معلوم ہوا کہ نہ تو میت کو غسل دینا موجبِ غسل اور نہ میت کو اٹھانا موجب وضوء ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ مسلمان ہر حال میں پا[...] ـندہ ہو یا

Maktaba-Tul-Ishaat.com

مردہ، زندہ تو بہر حال پاک ہے مردہ کے مسئلہ میں اختلاف ہے، حضرت امام شافعی نے کتاب الام میں یہ تصریح کی ہے کہ مردہ پاک ہوتا ہے اور یہی ان کے یہاں راجح قول ہے، اور یہی امام مالک اور امام احمد کا راجح قول ہے لیکن ان تینوں ائمہ سے ایک روایت نجاست کی ہے اور یہی امام ابو حنیفہ کا مشہور مذہب ہے اگرچہ حنفیہ میں سے محمد بن شجاع بلخی جمہور کے ہم خیال ہیں، خلاصۂ مقال یہ ہے کہ چاروں مذاہب میں دو دو قول ہیں نجاست کا اور طہارت کا، ائمۂ ثلاثہ کے یہاں طہارت کا قول راجح ہے اور حنفیہ کے یہاں نجاست کا قول راجح ہے۔

جن حضرات کے یہاں میت پاک ہے ان کے یہاں غُسل میت کیوں دیا جاتا ہے؟ اس میں دو قول ہیں، جمہور کہتے ہیں کہ یہ غسل تعبدی ہے لیکن مالکیہ میں سے ابن شعبان اور ابن الفرضی فرماتے ہیں کہ یہ غسل نظافت ہے، حنفیہ کے یہاں چونکہ میت ناپاک ہو جاتا ہے اس لئے اس کا غسل غسل طہارت ہو گا۔

پھر علماء احناف میں اختلاف ہے کہ علتِ ناپاکی کیا ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ دم مسفوح کا سرایت کر جانا اور بعض کہتے ہیں کہ حلولِ حدث۔

فائدہ: اصل میں حدث کے وقت وضوء بھی کافی نہیں ہونا چاہئے بلکہ غسل واجب ہونا چاہئے لیکن شریعت نے سہولت کی وجہ سے وضوء واجب کیا ہے، اور چونکہ موت ایک ہی مرتبہ ہے اس لئے غسل واجب کیا گیا، اور میت اپنی شرافت اور کرامت کی وجہ سے غسل دینے سے پاک ہو جائے گا اگرچہ دم مسفوح کا سرایت کر جانا اس کو مقتضی تھا کہ غسل دینے سے بھی وہ پاک نہیں ہو سکتا۔

امام بخاری اس مسئلہ میں جمہور کے موافق ہیں اور بظاہر ان کی رائے یہ ہے کہ یہ غسل تعبدی ہے۔

تُوُفِّيَتْ ابْنَتُهُ: مسلم میں ہے کہ یہ وفات پانے والی صاحب زادی حضرت زینبؓ ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت ام کلثومؓ ہیں، ابن ماجہ کی روایت میں اسی طرح سے وارد ہوا ہے ممکن ہے کہ ام عطیہؓ دونوں موقعوں پر شریک رہی ہوں۔

فَأَعْطَانَا حِقْوَهُ: حاء پر فتحہ اور کسرہ دونوں جائز ہیں، حقو کا اطلاق کمر یعنی معقد الإزار اور ازار دونوں پر ہوتا ہے، اور بعضوں نے کہا ہے کہ اصل میں حقو کہتے ہیں معقد الإزار کو اور پھر مجازاً اس کا اطلاق ازار پر بھی ہونے لگا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٦٧) باب ما یُستحبُّ أن یُغسَل وِترًا

١٢٥٤. حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهُ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ فَقَالَ أَيُّوبُ وَحَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ بِمِثْلِ حَدِيثِ مُحَمَّدٍ وَكَانَ فِي حَدِيثِ حَفْصَةَ اغْسِلْنَهَا وِتْرًا وَكَانَ فِيهِ ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا وَكَانَ فِيهِ أَنَّهُ قَالَ ابْدَءُوا بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنْهَا وَكَانَ فِيهِ أَنَّ أُمَّ عَطِيَّةَ قَالَتْ وَمَشَطْنَاهَا ثَلَاثَةَ قُرُونٍ.

ترجمہ: باب، میت کو طاق بار غسل دینا مستحب ہے۔

ترجمہ گزر چکا البتہ آگے یہ ہے، ایوب نے کہا کہ مجھ سے یہ حدیث محمد کی طرح حفصہ نے بھی بیان کی، حفصہ کی حدیث میں یہ بھی تھا کہ آپ نے فرمایا اسے طاق مرتبہ نہلاؤ، اسی طرح اس میں یہ بھی تھا کہ تین بار یا پانچ بار یا سات بار، نیز اس میں یہ بھی تھا کہ آپ نے فرمایا اُس کے داہنی طرف سے اور وضوء کے اعضاء سے شروع کرو، اسی طرح اس میں یہ بھی تھا کہ ام عطیہؓ نے کہا کہ اور ہم نے ان کو کنگھی کر کے تین چوٹیاں بنائیں۔

تشریح: غسل میت میں عدد وتر مستحب ہے، یہ مسئلہ جمہور علماء کے یہاں متفق علیہا ہے، جمہور فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ پورے بدن پر پانی بہانا فرض ہے، اور مالکیہ فرماتے ہیں کہ انقاء فرض ہے، حسن بصری، مزنی اور ظاہر یہ کہتے ہیں کہ تثلیث فرض ہے۔

علماء نے لکھا ہے کہ اگر ایک یا دو مرتبہ میں یا تین مرتبہ میں مقصود حاصل نہ ہو تو اس پر پانی کا اضافہ کیا جائے گا مثلاً چوتھی مرتبہ یا پانچویں مرتبہ پانی ڈالا جائے گا البتہ امام احمد فرماتے ہیں کہ سات سے تجاوز کرنا مکروہ ہے قاضی ماوردی کہتے ہیں کہ اسراف ہے، ابن منذر فرماتے ہیں کہ میں اس کو پسند نہیں کرتا ہوں کیوں کہ میت کے بدن میں استرخاء پیدا ہو جاتا ہے، حافظ ابن عبدالبر فرماتے ہیں کہ مجھے کوئی شخص ایسا معلوم نہیں جو مجاوزت سبع کا قائل ہو، ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم نے اس پر اشکال کیا ہے کہ مالکیہ اور حنابلہ وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ اگر سات میں انقاء حاصل نہیں ہو تا تو سات سے آگے پانی ڈالا جائے۔

میرا خیال یہ ہے کہ جن حضرات نے کراہت کا قول اختیار کیا ہے انہوں نے مراد یہ لیا ہے کہ اگر آدمی

Maktaba Tul Ishaat.com

ایسے ہی پانی ڈال رہا ہے تو زیادہ سے زیادہ سات مرتبہ ڈال سکتا ہے کیوں کہ یہ حدیث میں وارد ہے اور اس کے بعد پھر پانی ڈالنا مکروہ ہے، البتہ اگر انقاء حاصل نہیں ہوا مثلاً میت کے بدن سے کوئی چیز نکل آئی یا اور کوئی صورت پیش آگئی تو پھر اس صورت میں ضرورت کی بناء پر اضافہ جائز ہو گا۔

چنانچہ روایت الباب میں ہے اغسِلنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا لیکن بعض روایات میں أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ بھی وارد ہوا ہے، حافظ کہتے ہیں کہ سات کے بعد اکثریت کی تصریح صرف ابوداؤد میں وارد ہوئی ہے لیکن حافظ کی یہ بات صحیح نہیں، عنقریب بخاری میں یہ روایت آرہی ہے اور وہ مسلم میں بھی وارد ہوئی ہے اس میں سات کے بعد أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَٰلِكَ وارد ہوا ہے اور میں عنقریب ان شاء اللہ اس پر تنبیہ بھی کروں گا۔

وَمَشَطْنَاهَا ثَلَاثَةَ قُرُونٍ: یعنی ہم نے ان کے بالوں کو کنگھا کیا اور تین مینڈھیاں بنادیں۔

تسریح کنگھا کرنا حضرت امام شافعی کے یہاں اس روایت کی بناء پر مستحب ہے اور ائمہ ثلاثہ اس کی کراہت کے قائل ہیں، دوسری روایت میں وارد ہوا ہے عَلَامَ تَنْصُونَ مَيِّتَكُمْ اور اس روایت کو یا تو خصوصیت پر محمول کیا جائے گا یا یہ کہا جائے گا کہ ابن عطیہؓ وغیرہ نے اپنی رائے سے کیا تھا۔

(ص ١٦٧) بَابٌ يُبْدَأُ بِمَيَامِنِ الْمَيِّتِ

١٢٥٥. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي غَسْلِ ابْنَتِهِ ابْدَأْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنْهَا.

ترجمہ: باب، میت کے داہنے حصوں سے غسل شروع کیا جائے۔

تشریح: میت کا غسل میت کے داہنی طرف سے شروع کرنا چاہئے، اس مسئلہ میں حضرات ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے کہ جب میت کو غسل دیا جائے تو اس کی داہنی طرف سے ابتداء کی جائے گی، علامہ شوکانی کو اس میں غلطی ہوگئی کہ انہوں نے حنفیہ کی طرف یہ منسوب کر دیا کہ ان کے یہاں بداءت بمیامن المیت مستحب نہیں ہے، حنفیہ کا اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے البتہ ابو قلابہ سے منقول ہے کہ سر سے ابتداء کی جائے گی یعنی پہلے سر دھویا جائے گا پھر ڈاڑھی، بظاہر امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ابو قلابہ کے اس قول کی تردید فرمائی ہے۔

میامن المیت کا عام لفظ لا کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ میامن میت سے ابتداء کرنے میں غسل

Maktaba Tul Ishaat.com

ہی کی کوئی تخصیص نہیں ہے بلکہ ہر چیز میں میامن میت کی رعایت ہوگی، لہٰذا غسل میت کے لئے اور کفن دیتے ہوئے اور حنوط لگاتے ہوئے اور وضوء کراتے ہوئے بھی میامن سے ابتداء ہوگی، اس لئے کہ مصنف نے یہ نہیں فرمایا یغسل بمیامن المیت، بلکہ یُبْدَأُ بِمَیَامِنِ الْمَیِّتِ فرمایا، میت کے میامن سے ابتداء ہوگی تاکہ اس میں ما یتعلق بالمیت سبھی شامل ہو جائیں۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم نے یہاں ایک اور نکتہ پیدا کیا وہ یہ فرماتے ہیں کہ میامن میت فرما کر یہ بتلادیا کہ میت کے یمین کا اعتبار ہے غاسل اور عامل کے یمین کا اعتبار نہیں ہے۔

(ص ۱۶۸) بَاب مَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنَ الْمَيِّتِ

۱۲۵۶ . حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ لَمَّا غَسَّلْنَا بِنْتَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَنَا وَنَحْنُ نَغْسِلُهَا ابْدَءُوا بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنْهَا.

ترجمہ: باب، میت کے اعضاءِ وضوء کا ذکر۔

تشریح: ابتداء میامنِ میت اور اس کے مواضعِ وضوء سے کی جائے گی۔

چونکہ حدیث پاک میں پہلے ابْدَءُوا بِمَيَامِنِهَا اور بعد میں وَمَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنْهَا ہے اس لئے امام بخاری نے دونوں پر مستقل ترجمہ منعقد کیا، اور مقصد ظاہر ہے کہ میت کے دائیں سے اور اس کے اعضاءِ وضوء سے ابتداء ہوگی اور اعضاءِ وضوء سے ابتداء کرتے ہوئے داہنی طرف کی رعایت کی جائے گی۔

میں یہ بتلا چکا ہوں کہ میت کو وضوء کرانا باتفاق مذاہب اربعہ مستحب ہے، حافظ ابن حجر نے معلوم نہیں کہاں سے یہ نقل کر دیا کہ حنفیہ کے یہاں وضوء مستحب نہیں ہے یہ نقل غلط ہے۔

البتہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ میت کو مضمضہ اور استنشاق کرایا جائے یا نہیں؟ شافعیہ دونوں کے قائل ہیں، علامہ خلیل مالکی نے مضمضہ کی تصریح فرمائی ہے، حنفیہ اور حنابلہ کے یہاں مضمضہ نہیں کرایا جائے گا۔

پھر حضرات حنابلہ فرماتے ہیں اور حنفیہ میں سے صاحب کفایہ وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ ایک کپڑا پاک لیکر تر کرکے اس کے منھ میں دانتوں اور مسوڑھوں تک پھیرا جائے گا اور اسی طرح اس کی ناک میں پھیرا جائے اور

Maktaba Tul Ishaat.com

صاف کیا جائے، شمس الائمہ حلوائی فرماتے ہیں کہ وعلیہ عملنا فی الیوم آج کل لوگوں کا عمل اسی پر ہے۔

(ص ١٦٨) بَاب هَلْ تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِي إِزَارِ الرَّجُلِ

١٢٥٧. حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ بِنْتُ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ لَنَا اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَنَزَعَ مِنْ حِقْوِهِ إِزَارَهُ وَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ.

ترجمہ: باب، کیا عورت کو مرد کے ازار (یعنی لنگی) میں کفن دیا جاسکتا ہے؟

تشریح: روایت میں مصرح ہے کہ رسول پاک ﷺ نے اپنی ازار مبارک عطا فرمائی اور یہ فرمایا أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ یعنی اس کپڑے کو ان کے بدن سے ملا دینا۔

سوال یہ ہے کہ اس تصریح کے باوجود امام بخاری کو کیا تردد پیش آگیا جس کی بناء پر ترجمہ میں لفظِ هل ذکر کر دیا جو تردد کی خبر دیتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ فعل حضور ﷺ کا ہے اور آپ کے ازار کا تذکرہ ہے، اگر آنحضور ﷺ کے ازار میں عورت کو کفن دیا جاسکتا ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ مطلقاً ہر مرد کے ازار میں کفن دیا جاسکے، الحاصل حدیث میں چونکہ احتمال خصوصیت تھا اس واسطے امام بخاری نے ترجمہ میں لفظِ هل ذکر کر کے اس پر تنبیہ کردی، ویسے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، علامہ ابن بطال نے لکھا ہے کہ بالاتفاق مرد کے ازار میں عورت کو کفن دیا جاسکتا ہے۔

ترتیبِ ابواب: اس ترجمہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں سے ابواب کفن شروع ہوگئے، حافظ صاحب کے کلام سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے، لیکن ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ ابھی تو ابواب وضوء ہی چل رہے ہیں اور اس سے پہلے غسل کے ابواب تھے اور اس کے بعد بَاب يُجْعَلُ الْكَافُورُ فِي الْأَخِيرَةِ اور باب نقض شعر المرأة تک ابواب غسل ہیں، اصل بات یہ ہے کہ حضرت ام عطیہؓ کی حدیث بالا کے ایک طریق سے ایک مسئلہ یہ بھی ثابت ہوتا تھا کہ مرد کے ازار میں عورت کو کفن دیا جاسکتا ہے اس لئے امام بخاری نے بطور تنبیہ علی الفائدۃ کے بیچ میں یہ ترجمہ منعقد کردیا ہے، یہ ترجمہ مستقلہ نہیں بلکہ استطرادی ترجمہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے کذا قالہ شیخنا۔

فَنَزَعَ مِنْ حِقْوِهِ إِزَارَهُ: اس روایت میں حقو کا لفظ معقد الازار کے معنی میں استعمال ہوا ہے اور ایک روایت ماقبل میں گزری ہے اس کے الفاظ ہیں فَأَعْطَانَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ وہاں پر حقو کا لفظ ازار کے معنی میں مستعمل ہوا ہے اسی لئے وہاں روایت کے آخر میں گزرا ہے تَعْنِي إِزَارَهُ، میں یہ بتلا چکا ہوں کہ لفظِ حقو مشترک بین المعنیین ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ اصلاً تو یہ معقد الازار پر اور مجازاً ازار پر بولا جاتا ہے۔

(ص ١٦٨) بَاب يُجْعَلُ الْكَافُورُ فِي الْأَخِيرَةِ

١٢٥٨. حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ إِحْدَى بَنَاتِ النَّبِيِّ ﷺ فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي قَالَتْ فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ وَعَنْ أَيُّوبَ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ بِنَحْوِهِ.

١٢٥٩. وَقَالَتْ إِنَّهُ قَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ قَالَتْ حَفْصَةُ قَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ وَجَعَلْنَا رَأْسَهَا ثَلَاثَةَ قُرُونٍ.

ترجمہ: باب، غسل میں آخر میں کافور ملایا جائے۔

تشریح: فی الأخیرۃ، حافظ کہتے ہیں أی فی الغسلۃ الأخیرۃ، اور مقصد مصنف کا یہ ہے کہ جب آخری بار میت پر پانی بہایا جائے تو اس آخری بار کے پانی میں کافور شامل کر لیا جائے، یہ مسئلہ ائمۂ اربعہ کے یہاں متفق علیہا ہے، علامہ ابن جوزی، شہاب الدین قرانی اور امام نووی وغیرہ نے یہ لکھ دیا ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہ کے یہاں غسلۂ اخیرہ میں کافور ڈالنا مستحب نہیں ہے یہ نقل غلط ہے، کسی حنفی کا کوئی غیر مشہور قول ہو گا حنفیہ کا مشہور قول جو کتابوں میں مذکور ہے وہ یہی ہے کہ آخری بار میں کافور شامل کیا جائے گا۔

اس غرض میں حضرت شیخ دامت برکاتہم کے نزدیک تو کوئی اشکال نہیں اس لئے کہ حضرت کے نزدیک ابھی ابواب غسل چل رہے ہیں ابواب کفن شروع نہیں ہوئے، اور هَلْ تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِي إِزَارِ الرَّجُلِ ترجمہ استطرادیہ ہے جو بطور تنبیہ علی الفائدۃ کے ذکر کیا گیا ہے، لیکن حافظ ابن حجر وغیرہ کے نزدیک ابواب کفن

Maktaba Tul Ishaat.com

شروع ہوچکے ہیں اس لئے یہاں یہ اشکال ہوتا ہے کہ کفن کے ابواب میں غسل کا ترجمہ کیوں داخل کردیا؟

حافظ ابن حجرؒ نے اس کے دو جواب دیئے ہیں، ایک جواب اپنی طرف سے اور دوسرا علامہ زین بن منیر سے نقل کیا ہے، اور ایک جواب میں اپنی طرف سے دونگا۔

(۱) ان کے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اصل میں اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ آیا کافور کا تعلق حنوط سے ہے یا غسل سے؟ امام اوزاعی اور بعض احناف فرماتے ہیں کہ کافور حنوط کے ساتھ خاص ہے اور اس کو پانی میں نہیں ڈالا جائے گا لیکن بعض دوسرے احناف حضرات فرماتے ہیں کہ اس کو پانی میں ڈالا جائے گا یہی جمہور علماء کا قول ہے، امام بخاری نے ابواب کفن کے بیچ میں یہ ترجمہ لا کر اسی اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ پھر اس صورت میں حضرت امام بخاری؛ امام اوزاعی اور ان کے ہم نواؤں کے موافق ہوں گے جو یہ کہتے ہیں کہ کافور حنوط کے ساتھ خاص ہے پانی میں نہیں ڈالا جائے گا اسی لئے مصنف نے اس کو ابواب غسل میں ذکر کرنے کے بجائے ابواب کفن میں ذکر فرمایا ہے۔

(۲) دوسرا جواب حافظ نے علامہ زین بن منیر سے نقل کیا ہے کہ اصل میں دستور یہ ہے کہ میت کو جس چیز کی ضرورت پڑتی ہے غسل کو شروع کرنے سے پہلے یا کم از کم غسل مکمل کرنے سے پہلے پہلے اس کو تیار کرلیا جاتا ہے اور اسی میں حنوط بھی ہے جو میت کو لگایا جاتا ہے کما قالہ الزین بن المنیر۔

لیکن میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ اس جواب سے اشکال ختم کیسے ہوا؟ اشکال یہ تھا کہ ابواب کفن کے بیچ میں غسلۂ اخیرہ کا ترجمہ جو ابواب غسل سے تعلق رکھتا ہے کہاں سے آگیا؟ زین یوں فرماتے ہیں کہ دستور یہ ہے کہ جس چیز کی میت کو احتیاج ہوتی ہے غسل شروع کرنے سے پہلے یا اس کی تکمیل سے پہلے اس کو تیار کرلیا جاتا ہے اور اسی میں حنوط بھی ہے، مگر اس سے تو کوئی بات سمجھ میں نہیں آئی، حنوط تو ایک مخصوص خوشبو ہے جو تکمیل غسل کے بعد میت کے مواضع سجود پر اور اس کے اکفان میں لگائی جاتی ہے جیسا کہ علامہ ابن اثیر جزری نے نہایۃ الغریب میں اس کی تصریح فرمائی ہے۔

(۳) اصل بات یہ ہے کہ یہاں پر دو نسخے ہیں، ایک بَاب يُجْعَلُ الْكَافُورُ فِي الْأَخِيْرَةِ جو ہمارے متن میں واقع ہے اور دوسرا نسخہ بَاب يُجْعَلُ الْكَافُورُ فِي آخره ہے جو حاشیہ کا نسخہ ہے، حافظ ابن حجر کے سامنے متن والا نسخہ ہے اور اسی پر انہوں نے شرح کی بنیاد رکھی ہے اور جو حافظ نے تقریر کی ہے یعنی جو اشکال اور جواب دیا ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

وہ بالکل اپنی جگہ صحیح اور واضح ہے، اور علامہ زین بن منیر نے جو کچھ تقریر فرمائی ہے اس کا تعلق پہلے نسخہ سے نہیں بلکہ دوسرے نسخہ سے ہے یعنی یَجْعَلُ الْکَافُوْرَ فِي آخرہ اور اس نسخہ پر علامہ زین بن منیر کی بات بالکل واضح ہے اس لئے کہ آخرہ کی ضمیر غسل کی طرف لوٹ رہی ہے اور مطلب یہ ہے کہ اتمامِ غسل کے بعد کافور استعمال کی جائے اور اس وقت جب کافور استعمال کی جائے گی تو بدنِ میت اور اکفانِ میت میں استعمال ہوگی لہذا یہ باب ابواب کفن سے مربوط اور باب هل یکفن کے مطابق ہوگیا اور کوئی اشکال باقی نہیں رہا، بعد میں میں نے دیکھا تو علامہ قسطلانی نے بھی یہی یَجْعَلُ الْکَافُوْرَ فِي آخرہ والا نسخہ اختیار کیا ہے۔

البتہ اتنی بات سمجھ لو کہ جو نسخہ حافظ نے اختیار کیا ہے روایت الباب زیادہ تر اسی کے مطابق ہے اور جو نسخہ علامہ زین یا علامہ قسطلانی نے اختیار کیا ہے روایت الباب اس کی مطابقت نہیں کر رہی ہے اس لئے کہ روایت سے تو صاف طور سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کافور غسلۂ اخیرہ میں استعمال کی جائے۔

تنبیہ: أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِکَ، یہاں پر مصنف نے دوسری روایت وَقَالَتْ إِنَّهُ قَالَ سے ذکر کی ہے، اس کے الفاظ ہیں اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِکَ، یہاں خود أو أکثر من ذلک کا لفظ وارد ہوا ہے، اسی طرح مسلم کی روایت میں بھی أَوْ سَبْعًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِکَ وارد ہوا ہے و کذا ورد في أبي داؤد، حافظ ابن حجر نے اس لفظ کو دیکھا نہیں اس لئے پہلی جگہ جہاں ام عطیہؓ کی روایت آئی ہے وہاں تشریح کرتے ہوئے یہ فرمادیا کہ صرف ابوداؤد کی روایت میں أکثر من سبع کا تذکرہ ہے باقی اور کسی روایت میں نہیں ہے۔

(ص ۱۶۸) بَابُ نَقْضِ شَعْرِ الْمَرْأَةِ

وَقَالَ ابْنُ سِيرِينَ لَا بَأْسَ أَنْ يُنْقَضَ شَعْرُ الْمَيِّتِ.

۱۲۶۰. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَيُّوبُ وَسَمِعْتُ حَفْصَةَ بِنْتَ سِيرِينَ قَالَتْ حَدَّثَتْنَا أُمُّ عَطِيَّةَ أَنَّهُنَّ جَعَلْنَ رَأْسَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ ﷺ ثَلَاثَةَ قُرُونٍ نَقَضْنَهُ ثُمَّ غَسَلْنَهُ ثُمَّ جَعَلْنَهُ ثَلَاثَةَ قُرُونٍ.

ترجمہ: باب، عورت کے بالوں کو کھولنے کا بیان۔

ابن سیرین نے فرمایا میت کے بالوں کو کھولنے میں کوئی حرج نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: غسل سے پہلے پہلے عورت کے بال کھول دینا چاہئے، امام شافعی اور احمد کا یہی مسلک ہے۔ باقی حنفیہ کا کیا مسلک ہے؟ حضرت گنگوہی نے ہمارا مسلک بھی یہی نقل کیا ہے لیکن مجھے اپنی کتابوں میں یہ مسئلہ مصرح طور پر نہیں ملا اور میری مراد اپنی کتابوں سے کتاب الاصل، شامی، فتح القدیر اور ہدایہ وغیرہ ہے باقی اور کتابوں میں ہو تو میں کہہ نہیں سکتا ہوں۔

بظاہر یہ باب بھی ابواب غسل ہی سے متعلق معلوم ہوتا ہے حضرت شیخ دامت برکاتہم کی رائے پر تو کوئی اشکال ہے نہیں لیکن اگر ابواب کفن شروع ہو چکے ہیں تو پھر اس باب کی توجیہ کی بھی ضرورت پیش آئے گی۔ وہ توجیہ یہ کی جاسکتی ہے کہ نقض شعر عام ہے، بالوں کا کھلا ہوا ہونا غسل کے وقت بھی مطلوب ہے اور غسل کے بعد بھی، امام بخاری نے اس کی کوئی قید نہیں لگائی ہے لہذا اس لحاظ سے یہ ترجمہ عام ہو گیا اور عموم کے اعتبار سے کفن سے بھی مربوط ہو گیا۔

(ص ۱۶۸) بَاب كَيْفَ الْإِشْعَارُ لِلْمَيِّتِ

وَقَالَ الْحَسَنُ الْخِرْقَةُ الْخَامِسَةُ تَشُدُّ بِهَا الْفَخِذَيْنِ وَالْوَرِكَيْنِ تَحْتَ الدِّرْعِ.

۱۲۶۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَنَّ أَيُّوبَ أَخْبَرَهُ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ سِيرِينَ يَقُولُ جَاءَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مِنَ اللَّاتِي بَايَعْنَ النَّبِيَّ ﷺ قَدِمَتِ الْبَصْرَةَ تُبَادِرُ ابْنًا لَهَا فَلَمْ تُدْرِكْهُ فَحَدَّثَتْنَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهُ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذَلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي قَالَتْ فَلَمَّا فَرَغْنَا أَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ فَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذَلِكَ وَلَا أَدْرِي أَيُّ بَنَاتِهِ وَزَعَمَ أَنَّ الْإِشْعَارَ الْفُفْنَهَا فِيهِ وَكَذَلِكَ كَانَ ابْنُ سِيرِينَ يَأْمُرُ بِالْمَرْأَةِ أَنْ تُشْعَرَ وَلَا تُؤْزَرَ.

ترجمہ: باب، میت کو جسم کے اندر کا لباس کیسے پہنایا جائے؟ حضرت حسن نے فرمایا: پانچویں کپڑے کو قمیص کے نیچے رکھا جائے اور اس سے دونوں رانوں اور کولہوں کو باندھا جائے۔

ابن سیرین کہتے ہیں کہ ام عطیہؓ۔ ان انصار عورتوں میں سے ہیں جنہوں نے بیعت کی۔ بصرہ آئیں وہ اپنے ایک بیٹے کو (بحالت حیات) پانے کے لئے جلدی آرہی تھیں لیکن وہ اس کو پا نہیں سکیں، (بیچ کا مضمون گزر چکا، آگے یہ ہے) ام عطیہؓ نے

Maktaba Tul Ishaat.com

اتنا ہی بیان کیا۔ میں نہیں جانتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کونسی بیٹی تھیں۔ ایوب کا کہنا ہے کہ اشعار کا معنی یہ ہے کہ اسے اس میں لپیٹ دو، ابن سیرین بھی عورت کے بارے میں اسی طرح یہ حکم دیا کرتے تھے کہ لپیٹا جائے باندھا نہ جائے۔

تشریح: اشعار کا معنی ہے شعار بنا دینا، شعار وہ کپڑا جو شعرِ بدن سے ملا ہوا ہو یعنی اس کے اور بدن کے درمیان کوئی حائل نہ ہو اور جو کپڑا کسی کپڑے کے اوپر ہو اس کا نام دِثار ہے۔

حضرت امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے اشعارِ وارد فی الحدیث کی شرح کرنا چاہتے ہیں کہ اشعار کے معنی ہیں الفاف یعنی خود میت کو اس میں لپیٹ دیا جائے چنانچہ راوی نے أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ کی تفسیر أَلْفِفْنَهَا فِيهِ سے کی ہے۔

وَقَالَ الْحَسَنُ الْخِرْقَةُ الْخَامِسَةُ تَشُدُّ: پانچویں کپڑے سے فخذین اور ورکین کو قمیص کے نیچے باندھ دیا جائے گا، حنفیہ میں امام زفر کی رائے اور اکثر حضرات کا اسی طرف میلان ہے، حنفیہ کا مشہور قول یہ ہے کہ سارے کپڑوں کے اوپر خرقۂ خامسہ باندھ دیا جائے، امام محمد نے کتاب الاصل میں اسی کی تصریح کی ہے۔

تَحْتَ الدِّرْعِ: اس سے معلوم ہوا کہ عورت کو قمیص میں کفن دیا جائے گا، حنفیہ کے یہاں مرد و عورت قمیص کے اعتبار سے دونوں برابر ہیں اور باقی ائمہ امام شافعی اور امام احمد وغیرہ کے یہاں بھی عورت کو قمیص میں بلا کراہت کفن دیا جاسکتا ہے، بلکہ حنابلہ نے تو اس کے استحباب کی تصریح فرمائی ہے۔

جَاءَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ: ام عطیہؓ انصار کی ایک خاتون ہیں انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی وہ بصرہ آئی تھیں اور جلدی سے اپنے ایک بیٹے سے ملنا چاہتی تھیں لیکن ان کو وہ پا نہیں سکیں، حضرت ام عطیہؓ کے اس صاحب زادے کا نام ہم کو معلوم نہیں ہوسکا، یہ جہاد میں بصرہ کے علاقہ میں گئے ہوئے تھے، ام عطیہؓ کو یہ معلوم ہوا کہ وہ بیمار ہیں تو مدینہ سے اپنے صاحب زادے کی ملاقات کے لئے چلیں لیکن بصرہ پہنچنے سے پہلے ان کی وفات ہوگئی، اور بخاری ہی کی بعض روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے صاحب زادے کی وفات کے ایک یا دو دن بعد بصرہ پہونچیں۔

وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذَلِكَ: یعنی أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ کے بعد ام عطیہؓ کی اس روایت میں کوئی اور اضافہ نہیں کیا۔

وَلَا أَدْرِي أَيُّ بَنَاتِهِ: یہ مقولہ ایوب سختیانی کا ہے، مسلم شریف کی ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ یہ صاحب زادی حضرت زینبؓ ہیں ان کی وفات سن ۸ھ میں ہوئی ہے کما ذکرہ الطبری اور ابن ماجہ کی روایت میں حضرت ام کلثومؓ ہیں واختارہ الداؤدی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَزَعَمَ أَنَّ الْإِشْعَارَ الْفُفْنَهَا فِيهِ: زَعَمَ کی ضمیر ایوب سختیانی کی طرف لوٹ رہی ہے کما ھو مصرح فی مصنف عبدالرزاق، ایوب سختیانی نے أَشْعِرْنَهَا کی تفسیر کی ہے اَلْفُفْنَهَا فِيهِ سے۔

وَكَذٰلِكَ كَانَ ابْنُ سِيرِينَ الخ: اسی طرح ابن سیرین عورت کے بارے میں حکم دیتے تھے کہ اشعار کیا جائے ازار نہ بنایا جائے، یعنی امام ابن سیرین یہ فرمایا کرتے تھے کہ ایسا کپڑا ہو تو اسے عورت کے حق میں اشعار بنا دیا جائے یعنی پورے بدن پر لپیٹ دیا جائے صرف ازار کے درجہ میں نہ رکھا جائے کہ کمر کے نیچے نیچے اس کو باندھا جائے، مصنف نے جو روایت پیش کی ہے اس سے بھی اشعار کی وضاحت ہو گئی اور یہ معلوم ہوا کہ اشعارِ میت یہ ہے کہ بدن سے پورا کپڑا متصل ہو صرف ازار اور لنگی کی طرح سے نہ باندھا جائے۔

(ص ١٦٨) بَاب هَلْ يُجْعَلُ شَعَرُ الْمَرْأَةِ ثَلَاثَةَ قُرُونٍ

١٢٦٢. حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ ضَفَرْنَا شَعَرَ بِنْتِ النَّبِيِّ ﷺ تَعْنِي ثَلَاثَةَ قُرُونٍ وَقَالَ وَكِيعٌ قَالَ سُفْيَانُ نَاصِيَتَهَا وَقَرْنَيْهَا.

ترجمہ: باب، کیا عورت کے بالوں کی تین چوٹیاں بنائی جائیں؟

تشریح: قرون قرن کی جمع ہے بمعنی ضفائر (بالوں کی چوٹیاں)۔

یہاں تین مسئلے ہیں، اس میں اختلاف ہے کہ آیا عورت کے بالوں کی تضفیر ہو گی یا نہیں؟ دوسرا اختلاف یہ ہے کہ تین قرون یعنی تین مینڈھیاں بنائی جائیں یا نہیں؟ تیسرا اختلاف یہ ہے کہ بال پیچھے کی جانب ڈالے جائیں یا سامنے اوپر کی جانب ڈالے جائیں گے؟

پہلے مسئلہ میں امام شافعی و احمد اور اسحاق فرماتے ہیں کہ عورت کے بالوں کی تضفیر یعنی مینڈھیاں بنائی جائیں گی، مشہور عند الناس یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ اور امام مالک انکار کرتے ہیں، امام نووی نے شرح مہذب میں اسی طرح امام ابو حنیفہ اور مالک سے نقل کیا ہے لیکن حنفیہ سے یہ نقل مشکل ہے، علامہ عینی نے اس پر اشکال کیا ہے اور فرماتے ہیں ویجعل عندنا ضفیر تین، مالکیہ کے یہاں دونوں قول ہیں، ایک قول یہ ہے کہ بالوں کو لپیٹ دیا جائے تضفیر نہ کی جائے کذا ذکرہ الشیخ خلیل المالکی فی مختصرہ لیکن اس کے شارح فرماتے ہیں المعتمد تضفیرہ معتمد یہ ہے کہ بالوں کی تضفیر کی جائے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ آیا اس کے تین حصے اور تین جزء کئے جائیں یا دو؟ امام شافعی اور امام احمد ثلاثۃ قرون کے قائل ہیں اور حنفیہ قرنین کے قائل ہیں، دو حصے کر کے اوپر کو ڈال دیئے جائیں۔

تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ سینہ کے اوپر ڈالا جائے یا پیچھے کی جانب؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ بالوں کو پیچھے کی جانب ڈالا جائے یہی امام شافعی واحمد کا مسلک ہے، حضرت امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب فرماتے ہیں یجعل علی صدرھا سینہ پر بال ڈال دیئے جائیں، ابن قاسم فرماتے ہیں یلف لپیٹ دیا جائے۔

امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے اس مسئلہ پر تنبیہ فرمائی ہے کہ آیا عورت کے بالوں کی مینڈھیاں بنائی جائیں یا نہیں؟ اور ضمناً ثلاثہ کا بھی تذکرہ کیا ہے، غالباً ترجمہ میں لفظ ھل اس لئے ذکر کیا ہے کہ روایت محتمل ہے، ہو سکتا ہے کہ ام عطیہؓ وغیرہ نے حضور ﷺ کی صاحب زادی کے ساتھ جو کیا وہ اپنی رائے سے کیا ہو یا حضور پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے امر سے کیا ہو، چونکہ روایت محتمل تھی اس لئے مصنف نے ترجمہ میں لفظ ھل ذکر فرمادیا لیکن بعض نسخوں میں یہاں لفظ ھل نہیں ہے، اس صورت میں کسی تقریر کی ضرورت نہیں اور ظاہر یہ ہے کہ ام عطیہؓ نے امر نبوی ہی سے کیا تھا، چنانچہ ابن حبان کی روایت میں اس کی تصریح بھی وارد ہوئی ہے یعنی اجعلن لھا ثلاثۃ قرون کا لفظ وارد ہوا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ امام بخاری اس مسئلہ میں اس بات کے قائل ہیں کہ مرنے والی عورت کے بالوں کی تضفیر کی جائے گی ثلاثۃ قرون سے اور جمہور علماء شافعی واحمد کی تائید کی ہے اور جو لوگ قرنین کے قائل ہیں ان پر رد کیا ہے، مگر یہ سب اختلاف اختلاف فی الامر المباح کے قبیل سے ہے۔

نَاصِيَتَهَا وَقَرْنَيْهَا: پیشانی کے بالوں کی ایک مینڈھی اور دائیں بائیں حصوں کی دو مینڈھیاں۔

(ص ١٦٨) بَاب يُلْقَى شَعَرُ الْمَرْأَةِ خَلْفَهَا

١٢٦٣. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ قَالَ حَدَّثَتْنَا حَفْصَةُ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ إِحْدَى بَنَاتِ النَّبِيِّ ﷺ فَأَتَانَا النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا بِالسِّدْرِ وِتْرًا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ ذَلِكَ وَاجْعَلْنَ فِي الْآخِرَةِ كَافُورًا أَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُورٍ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ فَضَفَرْنَا شَعَرَهَا ثَلَاثَةَ قُرُونٍ وَأَلْقَيْنَاهَا خَلْفَهَا.

ترجمہ: باب، عورت کے بال اس کی پشت پر ڈالے جائیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: عورت کے بالوں کی تین مینڈھیاں کر کے پیچھے ڈال دی جائیں گی، یہی حضرت امام شافعی واحمد کا قول ہے، اور حضرات حنفیہ اس مسئلہ میں اور ابن قاسم مخالف ہیں، حنفیہ کہتے ہیں کہ سامنے سینہ پر ڈالا جائے گا اور ابن قاسم کہتے ہیں کہ لپیٹ دیا جائے گا، امام بخاری نے شافعی واحمد کی موافقت فرمائی ہے۔

(ص ١٦٩) بَاب الثِّيَابِ الْبِيضِ لِلْكَفَنِ

١٢٦٤. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ يَمَانِيَةٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ مِنْ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيهِنَّ قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ.

ترجمہ: باب، کفن کے لئے سفید کپڑوں کا بیان۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو تین سفید، یمن کے سحول نامی مقام کے تیار کردہ سوتی کپڑوں میں کفن دیا گیا، ان میں نہ قمیص تھی اور نہ عمامہ۔

تشریح: مقصد یہ ہے کہ کفن کے لئے سفید کپڑے منتخب کرنا مستحب ہے، اس مسئلہ پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے، اور اس میں خاص طور سے حضور ﷺ کی ایک روایت بھی وارد ہوئی ہے ارشاد گرامی ہے الْبَسُوا الثِّيَابَ الْبِيضَ فَإِنَّهَا أَطْيَبُ وَأَطْهَرُ وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، رواه أصحاب السنن، امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے اس روایت کی طرف اشارہ کیا ہے اور اپنی روایت سے مدعا یوں ثابت کیا ہے کہ حضور پاک ﷺ کو سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا، اب اگر سفید کپڑے اللہ کے یہاں محبوب نہ ہوتے تو اپنے حبیب کے لئے ان کو منتخب نہ فرماتا إن اللہ تعالی لا یختار لحبیبه وصفیه إلا ماهو الأحب عنده تعالی۔

سَحُولِيَّةٍ: سین کا ضمہ اور فتحہ دونوں مروی ہیں، فتحہ کے ساتھ نسبت ہے سَحول کی طرف بمعنی قصّار، دھوبی، إنما سمی السحول لأنه يسحلها أی يغسلها، اور ہو سکتا ہے کہ یہ نسبت ہو اس سحول کی طرف جو یمن کی ایک بستی ہے، اور اگر سُحول بضم السین ہے تو اس صورت میں سُحُول بمعنی سفید صاف کپڑا جو روئی کا بنا ہوا ہو، مگر ابن اثیر کہتے ہیں کہ سُحولیہ کہنے میں شذوذ ہے اس لئے کہ اس میں نسبت الی الجمع ہے حالانکہ نسبت مفرد کی طرف ہوا کرتی ہے، اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ ضم سین کے ساتھ بھی ایک قریہ کا نام ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ بضم السین ہو یا بفتح السین بہر دو صورت احتمال یہ ہے کہ قریۂ یمن کی طرف منسوب ہو، اور اگر بفتح السین پڑھا جائے تو احتمال ہے کہ یہ سَحول قصار کی طرف منسوب ہو، اور بضم السین پڑھا جائے تو یہ سحل کی جمع ہو جس کے معنی ہیں روئی کا سفید کپڑا۔ **مِنْ کُرْسُفٍ:** جو روئی کا تھا۔

لَيْسَ فِيهِنَّ قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ: سے کیا مراد ہے؟ شافعیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ اس میں یہ دونوں تھے ہی نہیں، حنفیہ کہتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ متعارف قمیص نہیں تھی اور عمامہ مطلق نہیں تھا، مالکیہ کہتے ہیں کہ ان تین میں نہیں بلکہ یہ دونوں تین پر مزید تھے۔

(ص ١٦٩) بَابُ الْكَفَنِ فِي ثَوْبَيْنِ

١٢٦٥. حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ إِذْ وَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ فَوَقَصَتْهُ أَوْ قَالَ فَأَوْقَصَتْهُ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا.

ترجمہ: باب، دو کپڑوں میں کفن دینے کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص عرفات میں وقوف کر رہا تھا کہ اپنی سواری سے گر گیا اور سواری نے اس کی گردن توڑ دی، نبی ﷺ نے فرمایا اسے پانی اور بیری کے پتوں سے نہلاؤ اور دو کپڑوں میں کفن دو، اسے حنوط خوشبو نہ لگاؤ اور اس کے سر کو نہ ڈھانکو کیوں کہ یہ قیامت کے دن تلبیہ کہتا ہوا اٹھایا جائے گا۔

تشریح: مقصد یہ ہے کہ یہ جو روایت بالا سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا، تین کپڑے کفن میں مرد کے لئے یقیناً مستحب ہیں لیکن ضروری نہیں، اگر تین میسر نہ ہوں تو دو ہی کپڑوں کفن دیا جا سکتا ہے وهذا مما لا خلاف فيه لأحد۔

فَوَقَصَتْهُ: فَوَقَصَتْهُ مجرد سے اور فَأَوْقَصَتْهُ باب افعال سے واؤ قاف سے مقدم اور اس سے پہلے ہمزہ۔ یہ شک راوی ہے اور معروف فَوَقَصَتْهُ مجرد ہے بمعنی کسرت عنقه ان کی گردن توڑ دی، ہوا یہ کہ ایک گڑھا تھا اور یہ صحابی اس کے منہ پر تھے اتفاق سے ان کا پاؤں اس گڑھے میں چلا گیا اور ایک دم نیچے گرے سر نیچے آ گیا جس کی وجہ سے گردن ٹوٹ گئی اور اس میں وفات ہو گئی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضور ﷺ نے فرمایا اغسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ پانی اور بیری کے پتوں سے اس کو غسل دو، وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ اور دو کپڑوں میں کفن دو وَلَا تُحَنِّطُوهُ حنوط استعمال نہ کرا وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ اور نہ ان کے سر کو ڈھانکو اس لئے کہ وہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتے ہوئے اٹھے گا۔

محرم کے انتقال پر اس کے سر کو ڈھانکا جائے یا نہیں؟ ایک باب کے بعد ترجمہ آرہا ہے وہیں کلام ہو گا۔

(ص ١٦٩) بَابُ الْحَنُوطِ لِلْمَيِّتِ

١٢٦٦۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ بِعَرَفَةَ إِذْ وَقَعَ مِنْ رَاحِلَتِهِ فَأَقْصَعَتْهُ أَوْ قَالَ فَأَقْعَصَتْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّ اللَّهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا.

ترجمہ: باب، میت کو حنوط یعنی خوشبو لگانے کا بیان۔

تشریح: میت کو حنوط لگانی چاہئے؟ حنوط ایک مرکب خوشبو ہوتی ہے جس کا میت کے بدن اور کفن میں استعمال کرنا بالاتفاق مستحب ہے، البتہ ہمارے فقہاء فرماتے ہیں کہ مرد کے حنوط میں زعفران اور ورس نہ ہونا چاہئے، امام بخاری نے حنوط کے استحباب پر دلیل یہ پیش کی ہے کہ جب محرم میت کا عرفہ میں انتقال ہو گیا تو رسول پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا اغسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَ كَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ ماء وسدر سے اس کو غسل دو اور اس کے دونوں کپڑوں میں کفن دے دو یعنی ازار اور رداء میں اور حنوط نہ لگاؤ، مصنف نے وَلَا تُحَنِّطُوهُ سے اپنا ترجمہ ثابت کیا ہے اس لئے کہ یہ ممانعت للاحرام تھی، معلوم ہوا کہ اگر میت غیر محرم ہو تو اس کو حنوط لگایا جائے گا، نیز حضور ﷺ کا حنوط سے منع فرمانا اس بات کا قرینہ ہے کہ ان کے یہاں یہ چیز متعارف تھی اسی لئے حضور ﷺ نے اس سے منع فرمادیا کہ کہیں یہ حضرات یہ نہ سمجھیں کہ سارے میت ایک ہی حکم میں ہیں اس لئے اس کو حنوط نہ لگادیں۔

یہاں پر فیض الباری میں ایک عجیب وغریب تقریر کی گئی ہے کہ مصنف میت کے لئے منع من الحنوط کے قائل ہیں اور دلیل میں وَلَا تُحَنِّطُوهُ پیش کر رہے ہیں اور پھر مصنف پر یہ اعتراض کیا کہ یہ حکم تو خاص محرم کے لئے ہے لہٰذا امام بخاری کا علی الاطلاق ان سے منع کرنا صحیح نہیں، میرے نزدیک فیض الباری کی یہ ساری تقریر

Maktaba Tul Ishaat.com

سہو ہے اور انداز یہ ہے کہ جامع کتاب کو یہ سہو ہوا ہے ورنہ اس امام نبیل یعنی علامہ انور شاہ کشمیری سے ایسی غلطی ہونا سمجھ میں نہیں آتی ہے۔

بڑوں پر اعتراض کا یہ مقصد نہیں ہے کہ ہم بڑے ہیں صرف یہ بتلا دیا جاتا ہے کہ اس جگہ سہو ہو گیا ہے تا کہ کوئی طالب علم دھوکہ میں نہ پڑ جائے ورنہ بڑوں کی غلطی پر نشان دہی کرنا کوئی بڑے کمال کی بات نہیں ہے۔

فَأَقْصَعَتْهُ: صاد کی تقدیم کے ساتھ عین پر أی ھشمته ان کے سر کی ہڈی ٹوٹ گئی۔

أَوْ قَالَ فَأَقْعَصَتْهُ: بتقديم العين على الصاد أی قتلته سريعا، فوراً موت ہو گئی۔

(ص ١٦٩) بَاب كَيْفَ يُكَفَّنُ الْمُحرِمُ

١٢٦٧. حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا وَقَصَهُ بَعِيرُهُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُمِسُّوهُ طِيبًا وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّ اللَّهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا.

١٢٦٨. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو وَأَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ بِعَرَفَةَ فَوَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ قَالَ أَيُّوبُ فَوَقَصَتْهُ وَقَالَ عَمْرٌو فَأَقْصَعَتْهُ فَمَاتَ فَقَالَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ أَيُّوبُ يُلَبِّي وَقَالَ عَمْرٌو مُلَبِّيًا.

ترجمہ: باب، محرم کو کفن کس طرح دیا جائے؟

باب کی حدیث اول کا ترجمہ ما قبل میں حدیث نمبر ١٢٦٥ کے تحت گزر چکا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ ایک شخص نبی ﷺ کے ساتھ عرفات میں وقوف کر رہا تھا کہ اپنی سواری سے گر گیا، اب ایوب نے 'فَوَقَصَتْهُ' (اس کی گردن توڑ دی) کہا اور عمرو نے 'فَأَقْصَعَتْهُ' (اس کو گرتے ہی موت کی گود میں پہنچا دیا) کہا، چنانچہ وہ انتقال کر گیا تو حضور ﷺ نے فرمایا اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے نہلاؤ، دو کپڑوں میں کفن دو، خوشبو نہ لگاؤ اور اس کے سر کو نہ ڈھانکو کیوں کہ یہ قیامت کے دن لبیک کہتا ہوا اٹھایا جائے گا، ایوب نے 'يُلَبِّي' کہا اور عمرو نے 'مُلَبِّيًا' کہا۔

تشریح: مُحرم کو کفن کیسے دیا جائے؟ یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، امام ابو حنیفہ اور امام مالک فرماتے ہیں

Maktaba Tul Ishaat.com

یصنع به مایصنع بالحلال یعنی جو معاملہ غیر محرم کے ساتھ کیا جاتا ہے وہی محرم کے ساتھ کیا جائے، امام شافعی واحمد فرماتے ہیں کہ محرم وحلال کی تکفین میں فرق ہے، حلال کا تو سارا بدن ڈھانک دیا جائے چاہے مرد ہو یا عورت لیکن محرم کا سر نہیں ڈھانکا جائے گا اگر مرد ہو، اور عورت ہو تو اس کا چہرہ بھی نہیں ڈھانکا جائے گا۔

امام بخاری بظاہر اس مسئلہ میں امام شافعی واحمد کے ہم خیال ہیں اس لئے کہ ان دو حضرات نے ابن عباسؓ کی جس روایت سے استدلال کیا ہے اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَ كَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُمِسُّوهُ طِيبًا وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ اسی روایت کو بخاری نے بھی مستدل بنایا ہے۔

اور جو حضرات یہ کہتے ہیں یفعل به مایفعل بالحلال وہ روایت باب کو خصوصیت پر محمول کرتے ہیں، اور علامہ داؤدی نے امام مالک کی طرف سے ایک جواب یہ دیا ہے لم یبلغه الحدیث ان کو حدیث نہیں پہونچی، یہ جواب امام اعظم کی طرف سے بھی دیا جاسکتا ہے۔

ایک تنبیہ سنو! اس کتاب کے ایک شارح علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ اگرچہ روایت سے یہ بات صاف طور سے معلوم ہوتی ہے کہ محرم کو کفن کس طرح سے دیا جائے لیکن امام بخاری نے اس پر ترجمہ استفہامیہ كَيْفَ يُكَفَّنُ منعقد کرکے اشارہ کر دیا کہ روایتِ باب محتمل الخصوصیة ہے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری بظاہر كَيْفَ يُكَفَّنُ سے تکفین کی کیفیت بتلانا چاہتے ہیں استفہام مقصود نہیں ہے، اور بھلا امام بخاری کو تردد کیسے پیش آسکتا ہے جبکہ وہ حدیث کے ایک ہی جزء کو عام مانتے ہیں یعنی وَ كَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ اور اس پر کفن فی الثوبین کا ترجمہ منعقد کرتے ہیں۔

عبد ضعیف اس مسئلہ میں تو حافظ کے ساتھ ہے کہ امام بخاری کا یہ ترجمہ استفہامیہ نہیں ہے بلکہ بیان کیفیت کے لئے ہے مگر حافظ ابن حجر کی یہ دلیل بندہ کے نزدیک ضعیف ہے اس لئے کہ اگر بخاری نے حدیث کے ایک جزء کو مان لیا ہے تو یہ کیا ضروری ہے کہ اس کے دوسرے جزء کو بھی وہ مانتے ہوں اگرچہ ظاہر یہی ہے کہ وہ اس کو عام ہی مانتے ہیں۔

فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّدًا: اسی طرح سے اس روایت میں ملبّدًا واقع ہوا ہے، تلبید کہتے ہیں صمغ گوند وغیرہ لیکر بالوں میں لگالینا تاکہ اس میں جوئیں وغیرہ نہ پڑیں، قاضی عیاض نے اس روایت کا انکار

Maktaba Tul Ishaat.com

کیا ہے اور وہ یہ فرماتے ہیں کہ تلبید کے یہاں کیا معنی؟ بلکہ کتاب الحج میں اس روایت میں یھلُّ کا لفظ وارد ہوا ہے اور نسائی میں یوم القیامۃ محرمًا کا لفظ وارد ہوا ہے، حافظ فرماتے ہیں کہ بخاری کے اس لفظ کی بھی توجیہ ممکن ہے اس لئے کہ محرم بھی بعض وقت احرام سے پہلے تلبید کیا کرتا ہے۔

(ص ١٦٩) بَابُ الْكَفَنِ فِي الْقَمِيصِ الَّذِي يُكَفُّ أَوْ لَا يُكَفُّ

وَمَنْ كُفِّنَ بِغَيْرِ قَمِيصٍ

١٢٦٩. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ لَمَّا تُوُفِّيَ جَاءَ ابْنُهُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَعْطِنِي قَمِيصَكَ أُكَفِّنْهُ فِيهِ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَاسْتَغْفِرْ لَهُ فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ ﷺ قَمِيصَهُ فَقَالَ آذِنِّي أُصَلِّي عَلَيْهِ فَآذَنَهُ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ جَذَبَهُ عُمَرُ فَقَالَ أَلَيْسَ اللهُ نَهَاكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِينَ؟ فَقَالَ أَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ قَالَ {اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ} فَصَلَّى عَلَيْهِ فَنَزَلَتْ {وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ}

١٢٧٠. حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا قَالَ أَتَى النَّبِيُّ ﷺ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ بَعْدَ مَا دُفِنَ فَأَخْرَجَهُ فَنَفَثَ فِيهِ مِنْ رِيقِهِ وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ.

ترجمہ: باب، سلی ہوئی یا بے سلی قمیص میں کفن دینے اور اس شخص کا بیان جو بغیر قمیص کے کفنا دیا جائے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ جب عبد اللہ بن ابی کا انتقال ہوا تو اس کے فرزند نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! مجھے اپنی قمیص عنایت فرمائیں میں اس میں والد کو کفن دوں گا اور آپ ان کی نماز پڑھیں اور ان کے لئے استغفار فرمائیں حضور ﷺ نے ان کو اپنی قمیص عطا فرمائی اور کہا کہ مجھے خبر کرنا میں نماز جنازہ پڑھوں گا، فرزند نے آپ ﷺ کو اطلاع دی، لیکن جب حضور ﷺ نے ابن ابی کی نماز جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا تو حضرت عمرؓ نے آپ کو کھینچا اور عرض کیا کہ کیا اللہ نے آپ کو منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع نہیں فرمایا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں دو اختیاروں کے درمیان ہوں، اللہ نے فرمایا آپ ان کے لئے استغفار کریں یا استغفار نہ کریں، اگر آپ ان کے لئے ستر بار بھی استغفار کریں گے تو اللہ ہرگز ان کو معاف نہیں کرے گا، تو حضور ﷺ نے ابن ابی کی نماز جنازہ پڑھی اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور آپ ان میں سے جو کوئی مر جائے اس کی نماز جنازہ کبھی بھی نہ پڑھیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ عبد اللہ بن ابی کی قبر پر اس کے دفن کر دیئے جانے کے بعد تشریف لائے، اس کو نکالا، اس کے جسم میں اپنا لعاب لگایا اور اس کو اپنی قمیص پہنائی۔

تشریح: اس ترجمہ کے دو جزء ہیں، (۱) پہلا جزء الْكَفَنُ فِي الْقَمِيصِ الَّذِي يُكَفُّ أَوْ لَا يُكَفُّ۔

پہلے جزء کی تشریح: يُكَفُّ أَوْ لَا يُكَفُّ کے ضبط میں تین قول ہیں۔

(۱) يُكَفُّ بضم الیاء وفتح الکاف علی بناء المفعول۔

(۲) يَكُفُّ بفتح الیاء وضم الکاف علی بناء الفاعل۔

(۳) يَكْفِ بفتح الیاء وسکون الکاف وکسر الفاء۔

ان میں سے راجح پہلا قول ہے یعنی يُكَفُّ صیغۂ مجہول ہے اور اسی کو علامہ ابن التین نے اشبہ قرار دیا ہے، حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ یہی متبادر ہے۔

امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ قمیص میں کفن دینا جائز ہے چاہے وہ مکفوف الاطراف ہو یا غیر مکفوف الاطراف یعنی چاہے اس کا کنارے سلے ہوئے ہوں یا نہ ہوں، اور یہ بھی ممکن ہے کہ مکفوف سے مراد مزرّر ہو یعنی چاہے گھنڈی دار بٹن والا ہو اور چاہے نہ ہو۔

اگر مطلب اول مراد لیا ہے تب تو حنفیہ پر رد کیا ہے اس واسطے کہ احناف یہ کہتے ہیں کہ قمیص غیر مکفوف الاطراف ہونا چاہئے، لیکن احناف کی طرف سے یہ جواب ہو سکتا ہے کہ ہم کفِ اطراف کو منع نہیں کرتے ہیں باقی یہ کہتے ہیں کہ اس کا کوئی حاصل نہیں ہے، اور اگر اس سے مراد گھنڈی دار ہے تو پھر امام بخاری نے حنفیہ اور حنابلہ پر رد کیا ہے اس لئے کہ یہ حضرات کہتے ہیں کہ قمیص میں گھنڈی اور بٹن نہیں ہو گا۔

امام بخاری فرماتے ہیں کہ چاہے مکفوف یعنی سلا ہوا ہو یا غیر مکفوف، گھنڈی اور بٹن والا ہو یا نہ ہو ہر قسم کے قمیص میں کفن دیا جا سکتا ہے، اس واسطے کہ حدیث پاک میں یہ تصریح ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے عبد اللہ بن ابی کو اپنا قمیص عطا فرمایا، عرف وتبادر پر نظر کرتے ہوئے ظاہر یہ ہے کہ وہ قمیص مکفوف الاطراف اور گھنڈی دار تھا، اور جب مکفوف الاطراف اور گھنڈی دار قمیص میں کفن دیا جا سکتا ہے تو غیر مکفوف الاطراف اور غیر مزرّر قمیص میں بدرجۂ اولیٰ دیا جا سکتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

يَكُفُّ کی وجہ ترجیح: علامہ ابن رشید نے دوسرے ضبط کو اختیار کیا ہے یعنی یَکُفُّ أَوْ لَا یَکُفُّ علی صیغۃ المعروف اور فرماتے ہیں کہ حاتم طرابلسی اور ابوالقاسم بن ورد کی روایت میں اسی طرح سے ہے، اور مطلب یہ ہے کہ کسی صالح کے قمیص میں تبرک کے لئے کفن دینا جائز ہے چاہے وہ عذاب کو روکے یا نہ روکے۔

چنانچہ رسول اکرم ﷺ نے اپنا قمیص عبد اللہ بن ابی کے کفن کے لئے عطا فرمایا اور یہ ظاہر ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے قمیص کی وجہ سے وہ عذاب دور نہیں ہوسکتا ہے جو عبد اللہ بن ابی منافق کو ہوگا۔

یَکُفِ کی وجہ ترجیح: علامہ مہلب اور ان کے تلمیذ کہتے ہیں کہ تیسرا احتمال ہے یَکُفِ أَوْ لَا یَکُفِ، یاء ساقط ہے اصل میں یکفی أو لایکفی ہے اور مطلب یہ ہے کہ چاہے وہ قمیص بدن کے لئے پورا ساتر ہو یا نہ ہو اس میں کفن دیا جاسکتا ہے، علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ یہ معنی فاسد ہے اسلئے کہ حذفِ یاء کا یہاں پر کوئی موجب اور سبب نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ان احتمالات ثلاثہ اور تینوں ضبط میں سے پہلا احتمال اور پہلا ضبط یُکَفُّ أَوْ لَا یُکَفُّ ارجح ہے اور بخاری کا مقصود یہ ہے کہ چاہے قمیص مکفوف الاطراف ہو یا نہ ہو، گھنڈی دار ہو یا بغیر گھنڈی کا ہو اس میں کفن دیا جاسکتا ہے۔

(۲) دوسرے جزء کی تشریح: دوسرا جزء وَمَنْ کُفِّنَ بِغَیْرِ قَمِیصٍ صرف مستملی کی روایت میں وارد ہوا ہے، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ آئندہ ترجمہ بَابُ الْکَفَنِ بِغَیْرِ قَمِیصٍ آرہا ہے تو بھلا اس جزء کی یہاں پر کیا ضرورت ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اصل میں یہ جزء یہاں مستملی کے نسخہ میں واقع ہوا ہے اور ان کے نسخہ میں اگلا ترجمہ نہیں ہے، اور دوسرے حضرات کی روایت میں یہاں یہ جزء نہیں ہے مگر اگلا ترجمہ ہے۔

تو اگر مستملی کی روایت پر اس جزء کو تسلیم کرلیا جائے تو یہ جزء بھی تیسرے نمبر کی حضرت عائشہؓ کی روایت سے ثابت ہے یعنی کُفِّنَ النَّبِيُّ ﷺ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سُحُولٍ کُرْسُفٍ لَیْسَ فِیهَا قَمِیصٌ وَلَا عِمَامَةٌ اور چونکہ مستملی کی روایت میں اگلا باب ساقط ہے تو اس کی جو روایت ہوگی وہ اس جزء کے لئے مثبت ہوجائے گی۔ پس اچھی طرح سے یاد کرلو اس واسطے کہ بعض اکابر مشائخ کی تقریروں میں نہ معلوم کیا سے کیا بیان کردیا گیا ہے۔

لَمَّا تُوُفِّيَ جَاءَ ابْنُهُ: یہ عبد اللہ بن ابی رئیس المنافقین تھا جو ظاہراً مسلمان ہوگیا تھا اور درپردہ کافر تھا،

Maktaba Tul Ishaat.com

جب اس کی وفات ہو گئی تو اس کا بیٹا جس کا نام عبداللہ تھا اور وہ مخلص مسلمان تھا حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اپنا قمیص عطا فرما دیجئے جس میں میں اپنے باپ کو کفن دوں، اور بعض روایات میں ہے کہ اس وقت سرکار دو عالم ﷺ کے بدن اطہر پر دو قمیص تھے حضرت عبداللہؓ بن عبداللہ بن ابی نے یہ سوال کیا کہ یا رسول اللہ جو آپ کے بدن انور سے ملا ہوا ہے وہ عطا فرمایئے، حضور ﷺ نے دے دیا۔

دو روایت کا تعارض اور اس کا حل: اس روایت میں ہے کہ آنحضور ﷺ نے اپنا قمیص دیا اور دوسری روایت میں یہ تصریح ہے کہ جب ابن ابی کو قبر میں داخل کیا گیا تب رسول پاک ﷺ تشریف لائے اور اسکو نکلوایا اور اپنا لعاب مبارک اس کے منھ میں ڈالا اور اپنا قمیص مبارک اسکو پہنایا، دونوں میں تعارض ہے۔

اب یا تو یہ کہا جائے کہ آپ نے ایک قمیص تو اسی وقت دے دیا تھا اور دوسرا قمیص خود حضور ﷺ نے وہاں پہنچ کر عطا فرمایا، یا یہ کہا جائے کہ أعطاہ کا مطلب ہے کہ آپ نے دینے کا وعدہ کر لیا اور یہ وعدہ بمنزلہ دینے کے ہو گیا اس لئے راوی نے اس کو أعطاہ سے تعبیر کر دیا۔

آپ ﷺ نے دشمنِ اسلام کو یہ قمیص کیوں عطا فرمایا؟ اس کی حقیقی وجہ تو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں باقی سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں کہ (۱) اس کے دینے کی وجہ یہ ہے کہ جنگ بدر میں جب حضرت عباسؓ قید ہو کر آئے اور ان کے بدن پر کوئی قمیص نہیں آتا تھا تو اسی شخص نے اپنا قمیص دیا تھا جو ان کے بدن پر فٹ آیا تھا آپ نے اس کا دنیا ہی میں بدلہ عطا فرما دیا اور اس کا احسان یہیں ختم فرما دیا أعطاہ لأنه کساعباسًا قمیصًا۔

(۲) بعضوں نے یہ کہا ہے کہ اصل میں رسول پاک ﷺ نے تالیف قلب کے لئے ایسا کیا تھا، اس کا بیٹا مسلمان تھا اس لئے آپ نے اس کی رعایت فرمائی اور اس کی رعایت میں آپ نے یہ قمیص عطا فرمائی۔

(۳) بعض کہتے ہیں کہ کفار کی تالیف قلب کیلئے ایسا کیا تھا تا کہ دوسروں کو یہ معلوم ہو جائے کہ یہ نبی امی ایسے ہیں کہ رأس المنافقین اور دشمن اسلام کو بھی قمیص کی ضرورت پیش آئی تو اس کا بیٹا آپ کا قمیص لا کر پہنا رہا ہے، چنانچہ مؤرخین نے لکھا ہے کہ اس واقعہ کو دیکھ کر ایک ہزار آدمی قبیلۂ خزرج کے مسلمان ہوئے ہیں۔

آذِنِّي أُصَلِّي عَلَيْهِ: پھر آپ نے فرمایا کہ مجھے اجازت دو کہ میں ان کی نماز پڑھوں، اس سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ میں اصل حقدار ولی ہوتا ہے دوسرا اگر امامت کرے گا تو ولی کی اجازت سے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ: جب حضور اکرم ﷺ نے نماز کا ارادہ فرمایا تو فوراً حضرت عمرؓ نے آپ کو کھینچا **فَقَالَ أَلَيْسَ اللهُ نَهَاكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِينَ** کیا آپ کو اللہ نے منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا ہے؟ **فَقَالَ أَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ** حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے دو باتوں میں سے ایک کا اختیار دیا گیا ہے اور ارشاد ہوا ہے ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ﴾۔

غور سے سنو! یہ حدیث بالکل ظاہر الاشکال ہے، اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ نے ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ﴾ بطور اختیار کے نہیں فرمایا تھا بلکہ مطلب اللہ پاک کا یہ ہے کہ اس کے حق میں استغفار اور عدم استغفار دونوں برابر ہیں کیوں کہ حق تعالیٰ مغفرت نہیں فرمائیں گے لہذا دعاءِ مغفرت کرنا نہ کرنا سب برابر ہے، جب اس کا یہ مطلب ہے تو آنحضور ﷺ نے کہاں سے یہ اخذ کیا **أَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ** مجھ کو دو باتوں میں سے ایک بات کا اختیار دیا گیا ہے۔

اس الجھے ہوئے اشکال کی بناء پر بہت سے علماء نے تو اس روایت ہی کا انکار کر دیا، امام الحرمین نے برہان میں لکھ دیا **لا يصححه أهل الحديث**، امام غزالی نے المستشفیٰ میں لکھ دیا کہ یہ حدیث ثابت نہیں اور بھی بعض دیگر علماء نے اس روایت کو اسی طرح سے رد کیا ہے، لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ روایت تنہا بخاری کی نہیں بلکہ امام مسلم نے بھی اس روایت کی تخریج کی ہے بلکہ جن اکابر ائمہ نے تخریج احادیث صحیحہ کا التزام کیا ہے انہوں نے بھی اس روایت کو اپنی کتابوں میں درج فرمایا ہے، تو گویا یہ حدیث ان اکابر ائمہ کی رائے پر جو صحیح حدیث ہی کو اپنی کتابوں میں درج کرنے کا التزام فرماتے ہیں صحیح ہے، اب ان اکابر محدثین کی تصحیح کے مقابل میں امام الحرمین اور ان کے تلمیذ غزالی اور ان جیسے حضرات کے انکار کی کوئی حقیقت نہیں ہو سکتی ہے اس لئے کہ یہ لوگ علم حدیث کے امام نہیں ہیں، یہ امام ہیں اصول وکلام کے، فن حدیث ان کا فن نہیں ہے، اس میں تو اسی شخص کا قول معتبر ہوگا جو اس فن میں امامت کی حیثیت اور اس کا درجہ رکھتا ہو، اس لئے اب دوسرے جواب کی ضرورت پیش آئی، علماء نے مختلف جوابات دیئے ہیں۔

بعض حضرات نے ایک جواب دیا ہے جو مجھ کو بہت ہی زیادہ پسند ہے اور وہ جواب یہ ہے کہ یہ من باب تلقی المخاطب بغیر ما یترقبہ السامع ہے، مطلب یہ ہے کہ مخاطب سے ایک بات کہی جاتی ہے اور مخاطب اسکو ایسے معنی

Maktaba Tul Ishaat.com

پر محمول کرتا ہے جس کا سامع منتظر بھی نہیں ہوتا ہے اور اس کے ذہن میں بھی نہیں ہوتا ہے کہ یہ مخاطب اس کلام کے یہ معنی لے لیگا۔

جیسے تم نے پڑھا ہو گا حجاج اور قبعثری کا قصہ، المختصر یہ کہ حجاج نے اس سے طویل گفتگو کی، اسی میں یہ ہے کہ حجاج نے یہ کہا لأحملنک علی الأدھم میں تجھے بیڑیاں پہنا کر جیل میں ڈال دوں گا اور ادھم کہتے ہیں بیڑیوں کو، مگر أدھم کے معنی آتے ہیں سیاہ رنگ کے گھوڑے کے بھی، تو قبعثری نے فورًا کہہ دیا مثلُ الأمیر یحمل علی الأدھم و الأشھب امیر جیسا با وقار اور سلطنت والا قدرت والا آدمی تو گھوڑے ہی دیتا ہے کبھی سیاہ دیتا ہے اور کبھی سفید دیتا ہے، اس پر حجاج نے کہا إنما ھو الحدید ارے کمبخت اس سے تو مراد لوہے کی بیڑیاں ہیں مگر قبعثری نے اس کو فورًا دوسرے معنی میں لے کر کہا لأن یکون حدیدًا خیر من أن یکون بلیدًا أو مثل ذلک، حدید کے معنی تیز کے بھی آتے ہیں یعنی تیز ہو یہ بہتر ہے اس سے کہ وہ بلید ہو چلتا بھی نہ ہو۔

تو اسی طرح حضرت رسول اکرم ﷺ کو بارگاہ صمدیت سے خطاب ہوا تھا ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ﴾ ہمارے رسول اکرم ﷺ پر چونکہ انتہائی شفقت ورحمت کا غلبہ تھا اس لئے غلبۂ رحمت کی وجہ سے اس پیکرِ رحمت ﷺ نے اس کلام کو ایک نئے معنی کا رخ دے دیا اور یوں کہہ دیا کہ مجھے اختیار دیا گیا ہے، آخر کی طرف التفات ہی نہیں کیا اول حصہ کو دیکھا اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ۔

اور بھی بعض علماء نے دوسرے جوابات دیئے ہیں اور ان شاء اللہ میں بعض جوابات کا کتاب التفسیر میں تذکرہ بھی کروں گا۔

بَعْدَمَا دُفِنَ: أی بعدما دُلِّیَ فی قبرہ اس کو اس کی قبر میں ڈال دیا گیا تھا تب آپ تشریف لے آئے۔

(ص ١٦٩) بَابُ الْكَفَنِ بِغَيْرِ قَمِيصٍ

١٢٧١. حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُفِّنَ النَّبِيُّ ﷺ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سُحُولٍ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ.

١٢٧٢. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، قمیص کے بغیر کفن دینے کا بیان۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے پہلے یہ بتلایا تھا کہ قمیص میں کفن دینا جائز ہے چاہے مکفوف الاطراف ہو یا نہ ہو، اور اب اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ قمیص ضروری نہیں ہے بلا قمیص کے بھی کفن دیا جا سکتا ہے۔

اس مسئلہ میں سب کا اتفاق ہے کہ کفن کے لئے کوئی لباس متعین نہیں اور اس میں بھی سب کا اتفاق ہے کہ ساتر بدن ہونا ضروری ہے، اور اگر یہ ناممکن ہو تو ستر عورۃ مطلوب ہے اور اگر اس کی بھی قدرت نہ ہو تو گھاس وغیرہ سے ستر کیا جائے۔

اور اس میں بھی اتفاق ہے کہ مرد کیلئے تین کپڑے احب اور اولیٰ ہے اور مالکیہ پانچ کپڑوں کو احب اور اولیٰ کہتے ہیں، پھر جو لوگ تین کپڑوں کو احب اور اولیٰ کہتے ہیں ان میں یہ اختلاف ہے کہ اولیٰ اور افضل کیا ہے؟ امام شافعی اور امام احمد فرماتے ہیں کہ تین لفائف ہونے چاہئیں یعنی تین چادریں لمبی لمبی اور چوڑی ہوں گی جس میں میت کو لپیٹا جائے گا، امام ابو حنیفہ، ابراہیم نخعی اور حماد فرماتے ہیں کہ دو چادریں اور ایک قمیص ہوگی۔

امام بخاری کی رائے کیا ہے؟ کوئی قطعی بات نہیں کہی جا سکتی ہے لیکن ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ جمہور کے ہم خیال ہیں اور جمہور کی طرح سے بخاری نے حضرت عائشہؓ کی حدیث كُفِّنَ النَّبِيُّ ﷺ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سُحُولٍ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ سے استدلال کیا ہے۔

کفن فی القمیص کے دلائل: جو لوگ کفن فی القمیص کے قائل ہیں وہ ان روایات سے استدلال کرتے ہیں جن میں قمیص میں کفن دینے کا تذکرہ ہے، (۱) پہلی دلیل عبد اللہ بن ابی منافق کے کفن کی روایت ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ نے بنفس نفیس اپنے قمیص میں اس کو کفن دیا تھا، (۲) دوسری دلیل شداد بن ہاد کی وہ روایت ہے جس کو امام نسائی نے مفصل طور پر بسندِ صحیح نقل کیا ہے کہ ایک اعرابی آئے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں اور مسلمان ہو گئے پھر اتفاق سے کوئی غزوہ ہوا اور وہاں سے جو مال حاصل ہوا اس میں آنحضور ﷺ نے ان کا بھی حصہ لگایا، جب ان کو حصہ دیا گیا تو عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں تو اس لئے مسلمان نہیں ہوا بلکہ میں اس لئے مسلمان ہوا تھا کہ ایک تیر میرے یہاں پر لگے اور میں اللہ کی راہ میں شہید ہو جاؤں، آپ نے

Maktaba Tul Ishaat.com

فرمایا إنْ تَصْدُقِ اللّٰهَ يَصْدُقْكَ اگر تم واقعۃً حق تعالیٰ سے یہ کلام کر رہے ہو تو اللہ تمہاری تصدیق بھی فرما دیں گے، اتفاق سے قریب زمانہ ہی میں ایک جنگ میں جانا ہوا اور اس جنگ میں وہ شہید ہو گئے اٹھا کر لائے گئے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ کیا یہ وہی شخص ہے؟ صحابہ نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ! تو آپ نے فرمایا صَدَقَ اللّٰهَ فَصَدَقَهُ اس نے حق تعالیٰ سے سچی بات کہی تھی اللہ نے بھی اس کی تصدیق کر دی، آگے راوی فرماتے ہیں ثُمَّ كَفَّنَهُ النَّبِيُّ ﷺ فِي جُبَّةِ النَّبِيِّ ﷺ نبی اکرم ﷺ نے ان کو اپنے جبہ میں کفن دیا، اور جبہ ایسا ہی ہوتا ہے جیسے قمیص کی شکل، (۳) تیسری دلیل وہ روایات ہیں جن میں نبی اکرم ﷺ کے کفن میں قمیص کا تذکرہ وارد ہے۔

لیکن یہ تمام روایتیں کلام سے خالی نہیں ہیں بلکہ سب کی سب شاذ معلوم ہوتی ہیں، ان میں ایک روایت وہ ہے جو ابن ابی شیبہ اور ابوداؤد نے بطریق یزید بن ابی زیاد عن ابن عباسؓ نقل کیا ہے قَالَ كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ فِي قَمِيصِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَحُلَّةٍ نَجْرَانِيَّةٍ یزید بن ابی زیاد اگرچہ صدوق راوی ہے لیکن سیئ الحفظ ہے اور یہ روایت عام روایات صحیحہ کے خلاف ہے۔

اسی طرح ایک دوسری روایت ہے جس کو عبدالرزاق نے المصنف میں اور امام محمد نے کتاب الآثار اور کتاب الاصل میں روایت کیا ہے عن أبي حنيفة عن حماد عن إبراهيم أن رسول الله ﷺ كفن في حلة يمانية وقميص یہ روایت مراسیل میں سے ہے، اور بھی بعض روایات پیش کی جاتی ہیں لیکن جتنی روایتیں حضور ﷺ کے تکفین فی القمیص کے سلسلہ میں ذکر کی جاتی ہیں سب کی سب متکلم فیہ ہیں، اور حضرت عائشہؓ کی روایت باتفاق محدثین صحیح ہے لہٰذا روایتی حیثیت سے اس کو ترجیح حاصل ہے۔

بعض علماء نے روایت عائشہ کی توجیہ کی ہے کہ اس میں قمیص معتاد نہیں تھا لیکن اس صورت میں ولا عمامة کا لفظ بالکل بے فائدہ ہو جاتا ہے، اگر معتاد قمیص کی نفی مقصود ہوتی تو پھر عمامہ کی نفی کی کیا ضرورت تھی۔

بعضوں نے کہا ہے کہ اس سے مراد وہ قمیص ہے جس میں سرور عالم ﷺ کو غسل دیا گیا۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ اس قمیص کی نفی کی کیا ضرورت ہے، یہ تو دنیا جانتی ہے کہ جس قمیص میں غسل دیا گیا تھا وہ تر ہو چکی تھی اور اس قابل ہی نہیں تھی کہ اس میں کفن دیا جائے، اس کے علاوہ بعضوں نے اور بھی دیگر بعض توجیہات بیان کی ہیں لیکن احقر کا قلب ان توجیہات کو قبول نہیں کرتا ہے۔

جہاں تک غور و تامل سے بات سمجھ میں آتی ہے کہ حضرات ائمۂ فقہ وحدیث کے پیش نظر اتباع احادیث

Maktaba Tul Ishaat.com

وآثار ہے، جس امام کو جو حدیث پہنچی اس نے اس کو معمول بہا بنایا ہے، امام ابو حنیفہ کے سامنے ابراہیم نخعی کی مرسل روایت ہے چنانچہ امام محمد نے کتاب الجنائز میں کفن کے بیان میں اس کو بنیادی طور پر نقل کیا ہے اور کتاب الاصل حکایت ہے امام ابو حنیفہ کے اقوال کی، انہوں نے اس روایت کو مستدل بنایا ہے، اور مالک، شافعی اور احمد کے نزدیک حضرت عائشہؓ کی یہ روایت ہے اس لئے انہوں نے اس روایت کو معمول بہا بنایا ہے۔

اور مالکیہ روایت الباب کے سلسلہ میں یہ کہتے ہیں کہ ان تین اثواب میں قمیص وعمامہ نہیں تھا بلکہ اس سے زائد تھا، مگر واقعہ یہ ہے کہ کسی روایت سے صراحۃً آنحضور ﷺ کے لئے قمیص وعمامہ کا ثبوت ایسے طور پر نہیں مل سکتا ہے جو ثابت بھی ہو، البتہ حضرت ابن عمرؓ کا فعل مصنف عبد الرزاق اور مصنف ابن ابی شیبہ میں وارد ہوا ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے واقد کو کفن دیا تھا تو قمیص وعمامہ بھی دیا تھا اور لفائف یعنی چادریں بھی تھیں۔

(ص ١٦٩) بَابُ الْكَفَنِ بِلَا عِمَامَةٍ

١٢٧٣. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ.

ترجمہ: باب، بغیر عمامہ کے کفن کا بیان۔

تشریح: امام ابو حنیفہ، شافعی اور احمد فرماتے ہیں کہ کفن میں عمامہ نہیں ہوگا، امام مالک اور بعض متاخرین احناف عمامہ کو مستحب کہتے ہیں، مصنف نے فریق اول کی تائید کی ہے لیکن اگر عمامہ باندھ دیا جائے تو مباح ہے مکروہ نہیں ہے اس لئے کہ حضرت ابن عمرؓ وغیرہ جیسے صحابہ نے کفن میں عمامہ باندھا ہے۔

(ص ١٦٩) بَابُ الْكَفَنِ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ

وَبِهِ قَالَ عَطَاءٌ وَالزُّهْرِيُّ وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَقَتَادَةُ وَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ الْحَنُوطُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ يُبْدَأُ بِالْكَفَنِ ثُمَّ بِالدَّيْنِ ثُمَّ بِالْوَصِيَّةِ وَقَالَ سُفْيَانُ أَجْرُ الْقَبْرِ وَالْغَسْلِ هُوَ مِنَ الْكَفَنِ.

١٢٧٤. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أُتِيَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ يَوْمًا بِطَعَامِهِ فَقَالَ قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَكَانَ خَيْرًا مِنِّي فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ مَا يُكَفَّنُ فِيهِ إِلَّا بُرْدَةٌ

Maktaba Tul Ishaat.com

وَقُتِلَ حَمْزَةُ أَوْ رَجُلٌ آخَرُ خَيْرٌ مِنِّي فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ مَا يُكَفَّنُ فِيهِ إِلَّا بُرْدَةٌ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ يَكُونَ قَدْ عُجِّلَتْ لَنَا طَيِّبَاتُنَا فِي حَيَاتِنَا الدُّنْيَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِي.

ترجمہ: باب، کفن کی تیاری پورے مال سے کی جائے گی (یعنی میت کے مال میں سب سے پہلے کفن کا خرچ نکالا جائے)، عطاء، زہری، عمرو بن دینار اور قتادہ سے یہی مروی ہے، عمرو بن دینار نے کہا کہ خوشبو کا خرچ سارے مال سے دیا جائے، ابراہیم سے منقول ہے کہ مال میں سے اولاً کفن دیا جائے پھر قرضہ ادا کیا جائے اور پھر وصیت پوری کی جائے، سفیان نے کہا کہ قبر اور غسل کی اجرت بھی کفن ہی کا حصہ ہے۔

سعد بن ابراہیم نے اپنے والد سے روایت بیان کی کہ عبدالرحمن بن عوفؓ کے سامنے ایک دن ان کا کھانا لایا گیا تو انہوں نے فرمایا: مصعب بن عمیرؓ کو قتل کیا گیا اور وہ مجھ سے بہتر تھے تو ان کے لئے سوائے ایک چادر کے کوئی ایسی چیز نہیں ملی جس میں ان کو کفن دیا جاتا، حضرت حمزہؓ کو قتل کیا گیا یا ایک دوسرے شخص کو جو مجھ سے بہتر تھے ان کے لئے بھی کوئی ایسی چیز نہیں ملی جس میں ان کو کفن دیا جاتا سوائے ایک چادر کے، یقیناً مجھے ڈر ہے کہ کہیں ہماری لذت کی چیزیں دنیا کی زندگی ہی میں جلدی نہ دے دی گئی ہوں، پھر وہ رونے لگے۔

تشریح: ترجمہ کے الفاظ ایک حدیث کے الفاظ ہیں جو امام طبرانی نے اپنی معجم میں حضرت علیؓ سے روایت فرمایا ہے، جمہور امت کا یہی مسلک ہے کہ کفن سارے مال سے لیا جائے گا، مطلب یہ ہے کہ میت جو ترکہ چھوڑ کر وفات پاتی ہے اس سارے ترکہ میں سب سے پہلے کفن آئے گا، یہی ائمۂ اربعہ اور تمام سلف وخلف کا مسلک ہے، ابن منذر فرماتے ہیں کہ تمام اہل علم اسی کے قائل ہیں صرف ایک شاذ روایت ہے خلاس بن عمرو وغیرہ سے نقل کی گئی ہے الکفن من الثلث یعنی ترکہ کے تین حصے کر لئے جائیں گے ایک ثلث میں سے کفن آئے گا، اور طاؤس سے منقول ہے کہ اگر مال قلیل ہو تو پھر ثلث میں سے آئے گا، یہ دونوں اثر عبدالرزاق نے المصنف میں روایت فرمائے ہیں۔

وَبِهِ قَالَ عَطَاءٌ وَالزُّهْرِيُّ وَعَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَقَتَادَةُ: مطلب یہ ہے کہ کفن مقدم ہوگا قرض اور میراث وغیرہ پر اور یہی ائمۂ اربعہ کا مسلک ہے۔

وَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ: الْحَنُوطُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ: حنوط بھی دَین و میراث پر مقدم ہوگا، حنفیہ اور مالکیہ کا یہی مسلک ہے، شافعیہ اور حنابلہ کے یہاں دو دو قول ہیں، ایک یہ کہ حنوط واجب ہے دوسرا قول

Maktaba Tul Ishaat.com

یہ ہے کہ حنوط واجب نہیں، وجوب کے قول پر من جمیع المال اور عدم وجوب کے قول پر من ثلث المال۔

وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ: يُبْدَأُ بِالْكَفَنِ ثُمَّ بِالدَّيْنِ ثُمَّ بِالْوَصِيَّةِ: ابراہیم نخعی کے اس اثر کو عبد الرزاق نے المصنف میں روایت کیا ہے، حاصل یہ ہے کہ ترکہ میں سب سے پہلے کفن آئے گا اس کے بعد اگر اس پر دین ہو تو وہ اداء کیا جائے گا پھر اگر کچھ بچے تو وصیت پوری کی جائے گی۔

وَقَالَ سُفْيَانُ: أَجْرُ الْقَبْرِ وَالْغَسْلِ هُوَ مِنَ الْكَفَنِ: یعنی قبر کھودنے کی اجرت اور غسل میں جو صرفہ آئے یہ سب کفن میں شامل ہے، یہ حنفیہ اور دوسرے حضرات کا مسلک ہے۔

أُتِيَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ يَوْمًا بِطَعَامِهِ: وَكَانَ خَيْرًا مِنِّي تواضع کے طور پر اپنے سے افضل فرمایا حالانکہ حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں اور حضرت مصعب بن عمیرؓ سے افضل ہیں، بہت ممکن ہے کہ جو لوگ جنگ احد میں شہادت پاچکے تھے، عشرۂ مبشرہ کی تفضیل ان کے علاوہ سے متعلق ہو لیکن یہ بعید ہے، جمہور علماء کا مسلک یہی ہے کہ سب سے افضل خلفاء اربعہ ہیں علی ترتیب الخلافہ پھر بقیہ عشرۂ مبشرہ ہیں پھر بدر میں شریک ہونے والے اور پھر اصحاب بیعت رضوان ہیں۔

(ص ١٧٠) بَابُ إِذَا لَمْ يُوجَدْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ

١٢٧٥۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ إِبْرَاهِيمَ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ أُتِيَ بِطَعَامٍ وَكَانَ صَائِمًا فَقَالَ قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّي كُفِّنَ فِي بُرْدَةٍ إِنْ غُطِّيَ رَأْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَإِنْ غُطِّيَ رِجْلَاهُ بَدَا رَأْسُهُ وَأُرَاهُ قَالَ وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّي ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ أَوْ قَالَ أُعْطِينَا مِنَ الدُّنْيَا مَا أُعْطِينَا وَقَدْ خَشِينَا أَنْ تَكُونَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِي حَتَّى تَرَكَ الطَّعَامَ.

ترجمہ: باب، کفن کے لئے اگر ایک ہی کپڑا میسر ہو تو کیا کرے؟

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ اصل یہ ہے کہ تین کپڑوں میں کفن دیا جائے جیسا کہ حضور ﷺ کو دیا گیا تھا لیکن اگر اتفاق سے تین کپڑے نہ مل سکیں ایک ہی کپڑا ہو تو پھر کفن ضرورت ہے باقی کا انتظار نہیں کیا جائے گا اور ایک ہی کپڑے میں کفن دے دیا جائے گا، یہ متفق علیہ مسئلہ ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۷۰) بَابٌ إِذَا لَمْ يَجِدْ كَفَنًا إِلَّا مَا يُوَارِي رَأْسَهُ أَوْ قَدَمَيْهِ غَطّٰى رَأْسَهُ

۱۲۷۶. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ حَدَّثَنَا شَقِيقٌ حَدَّثَنَا خَبَّابٌ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ نَلْتَمِسُ وَجْهَ اللّٰهِ فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَاتَ لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ مَا نُكَفِّنُهُ إِلَّا بُرْدَةً إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ ﷺ أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ وَأَنْ نَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الْإِذْخِرِ.

ترجمہ: باب، اگر کفن کے لئے صرف اتنا کپڑا میسر ہو جو یا تو سر کو چھپائے یا دونوں پاؤں کو تو اس کے سر کو چھپانا چاہئے۔

حضرت خبابؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت کی اس حال میں کہ ہم اللہ کی خوشنودی کے طالب تھے تو ہمارا اجر عند اللہ ثابت ہو گیا، پھر ہم میں کچھ تو وہ ہیں جو وفات پا گئے اور انہوں نے اپنے اجر میں سے کچھ نہیں کھایا، ان میں مصعب بن عمیرؓ ہیں اور ہم میں دوسرے وہ ہیں جن کا پھل پک چکا ہے اور اب وہ اس کو توڑ رہے ہیں، مصعب بن عمیرؓ احد میں شہید ہوئے تھے ہمیں ان کو کفن دینے کے لئے ایک چادر کے علاوہ کچھ نہ ملا، جب اس چادر سے ہم ان کے سر کو ڈھانکتے تو ان کے پاؤں نکل جاتے اور جب ان کے پاؤں ڈھانکتے تو ان کا سر باہر آ جاتا تو پیغمبر ﷺ نے ہمیں فرمایا کہ ہم ان کا سر ڈھانک دیں اور ان کے پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دیں۔

تشریح: اگر ایک کپڑا بھی ساترِ بدن نہیں مل سکتا ہے، اتنا چھوٹا ہے کہ اگر سر ڈھکا جائے تو پیر کھل جائیں اور پیر ڈھکے جائیں تو سر کھل جائے تو سر ڈھانک دیا جائے گا اس کی شرافت کی وجہ سے اور پاؤں چھوڑ دیئے جائیں گے، اور روایت سے یہ معلوم ہو گیا کہ پیر کے اوپر اذخر گھاس ڈال دی جائے اور اگر وہ نہ ہو تو کوئی اور گھاس ڈال دی جائے، علماء نے لکھا ہے کہ اگر بالکل چھوٹا سا کپڑا ہو کہ اس سے صرف ستر ڈھانکا جا سکتا ہے تو ستر ڈھانک دیا جائے اور باقی پر گھاس، اور اگر کچھ بھی نہ ہو تو گھاس سے ڈھانک دیا جائے۔

(ص ۱۷۰) بَابُ مَنِ اسْتَعَدَّ الْكَفَنَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ فَلَمْ يُنْكَرْ عَلَيْهِ

۱۲۷۷. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَهْلٍ أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتِ النَّبِيَّ ﷺ

Maktaba Tul Ishaat.com

بِبُرْدَةٍ مَنْسُوجَةٍ فِيهَا حَاشِيَتُهَا أَتَدْرُونَ مَا الْبُرْدَةُ؟ قَالُوا الشَّمْلَةُ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ نَسَجْتُهَا بِيَدِي فَجِئْتُ لِأَكْسُوَكَهَا فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ ﷺ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا فَخَرَجَ إِلَيْنَا وَإِنَّهَا إِزَارُهُ فَحَسَّنَهَا فُلَانٌ فَقَالَ اكْسُنِيهَا مَا أَحْسَنَهَا قَالَ الْقَوْمُ مَا أَحْسَنْتَ لَبِسَهَا النَّبِيُّ ﷺ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا ثُمَّ سَأَلْتَهُ وَعَلِمْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ قَالَ إِنِّي وَاللَّهِ مَا سَأَلْتُهُ لِأَلْبَسَهُ إِنَّمَا سَأَلْتُهُ لِتَكُونَ كَفَنِي قَالَ سَهْلٌ فَكَانَتْ كَفَنَهُ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جس نے پیغمبر ﷺ کے زمانہ میں کفن تیار کیا اور اس پر نکیر نہیں ہوئی۔

حضرت سہلؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی ﷺ کے پاس ایک بُنی ہوئی پھندنے والی چادر لائی، راوی نے اپنے شاگردوں سے معلوم کیا کہ تم جانتے ہو بردہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا شملہ، استاذ نے کہا کہ ہاں، اس عورت نے عرض کیا کہ اسے میں نے اپنے ہاتھ سے بُنا ہے اور اسے آپ کو پہنانے کے لئے لائی ہوں، حضور ﷺ نے اس کو لے لیا اس حال میں کہ آپ کو اس کی ضرورت تھی، اس کے بعد حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور وہ چادر آپ نے ازار کے طور پر باندھ رکھی تھی تو فلاں نے اس کی تعریف کی اور کہا کہ یہ چادر مجھے پہنا دیں، یہ کتنی اچھی ہے! لوگوں نے کہا کہ تم نے اچھا نہیں کیا، نبی ﷺ کو اس کی ضرورت تھی پھر بھی تم نے سوال کر لیا جب کہ تم جانتے ہو کہ حضور ﷺ منع نہیں فرماتے، اس شخص نے جواب دیا کہ اللہ کی قسم! میں نے یہ چادر پہننے کے لئے نہیں مانگی ہے یہ تو میں نے اس لئے مانگی ہے تاکہ یہ میرا کفن ہو، حضرت سہلؓ فرماتے ہیں کہ چنانچہ وہ چادر ان کا کفن بنی۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی پہلے سے کفن تیار کرلے تو یہ جائز ہے، اس لئے کہ ایک شخص نے نبی کریم ﷺ کے عہد انور میں اپنے لئے کفن کا کپڑا رکھ لیا تھا تو اس پر حضور پاک ﷺ نے کوئی نکیر نہیں فرمائی۔

فقہاء نے لکھا ہے کہ کفن تیار کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے البتہ بعض فقہاء شافعیہ کہتے ہیں کہ کفن تیار کرکے نہ رکھنا چاہئے اس واسطے کہ آدمی سے اس کی تیاری کا حساب لیا جائے گا، ہوسکتا ہے کہ امام بخاری نے اس اختلاف کی طرف اشارہ فرمایا ہو۔

آیا آدمی اپنے لئے قبر بھی کھود سکتا ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے، خود فقہاء احناف اپنی کتابوں میں اختلاف نقل کرتے ہیں، بعض کہتے ہیں کہ ہاں کھود لے کیا حرج ہے؟ اور سلف کی ایک جماعت سے منقول بھی ہے عمر بن عبد العزیز، جعفر فریابی، ربیع بن خثیم، بُشیر بن کعب عدوی وغیرہ کا اپنے لئے قبر کھودنا

Maktaba Tul Ishaat.com

منقول ہے، بُشیر بن کعب سے منقول ہے کہ انہوں نے قبر کھودی تھی اور اس میں قرآن بھی پڑھتے تھے اور جب وفات ہوگئی تو اسی میں دفن ہوئے ہیں أخرجه البخاري، لیکن جعفر فریابی نے جو قبر کھودی تھی اتفاقاً وہ اس میں دفن نہیں کئے جاسکے بلکہ دوسری جگہ دفن ہوئے ہیں أخرجه الخطيب البغدادي۔

ایک شخص نے بغداد میں بشر حافی کی قبر کے پاس قبر کھودرکھی تھی صوفی تھے اور اس میں وہ قرآن وغیرہ پڑھتے تھے لیکن جب خطیب بغدادی کی وفات ہوگئی تو لوگوں نے یہ چاہا کہ خطیب کو وہاں دفن کریں، صوفی صاحب نے مزاحمت کی تو ایک شخص نے کہا کہ اچھا یہ بتلاؤ کہ اگر بشر حافی زندہ ہوتے تو وہ تم کو پسند کرتے یا حافظ خطیب کو؟ فرمانے لگے کہ خطیب کو، پھر دست بردار ہوگئے اور اس قبر میں خطیب بغدادی کو دفن کیا گیا۔

ہمارے بعض دیگر فقہاء فرماتے ہیں کہ آدمی کو اپنے لئے قبر تیار نہیں کرنا چاہئے لأنه لايدري بأي أرض يموت کسی کو کیا معلوم کہ اس کی موت کہاں آئے گی اور حضرات صحابہ میں سے کسی نے بھی اپنے لئے قبر تیار نہیں کروائی۔

أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِبُرْدَةٍ مَنْسُوجَةٍ فِيهَا حَاشِيَتُهَا: اس میں اس کا کنارہ بُنا ہوا تھا، مطلب یہ ہے کہ کوئی نئی چادر تھی جس کے اطراف اور جھالریں اچھی طرح محفوظ تھیں۔

أَتَدْرُونَ مَا الْبُرْدَةُ: تمہیں معلوم بھی ہے کہ بردہ کیا تھی؟ حاضرین نے کہا کہ شملہ، وہ چادر جس کا آدمی اشتمال کرتا ہے۔

قَالَتْ نَسَجْتُهَا بِيَدِي: اس عورت نے یوں کہا کہ میں نے اپنے ہاتھوں سے اس کو بُنا ہے اور میں اس لئے آئی ہوں تاکہ یہ چادر آپ کو پہناؤں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو لے لیا مُحْتَاجًا إِلَيْهَا۔

سوال یہ ہے کہ یہ کیسے معلوم ہوا کہ آپ کو احتیاج تھی؟ ظاہر یہ ہے کہ صحابی نے حالات پر نظر کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا، یا یہ کہ حضرت والا کی رغبت سے لے لینے سے آپ کی احتیاج کو اخذ کرلیا۔

فَحَسَّنَهَا فُلَانٌ: یہاں پر ہے فَحَسَّنَهَا فُلَانٌ فلاں آدمی نے اس کی تحسین کی یعنی تعریف کی اور یہ کہا کہ یہ تو بڑی حسین ہے یہاں پر تو تمام روایات میں حَسَّنَهَا ہی وارد ہوا ہے تحسین سے، لیکن کتاب اللباس میں فَجَسَّهَا ہے جیم اور سین سے یعنی ہاتھ سے چھویا، یہ کون ہیں فلاں؟ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ عبدالرحمن بن عوفؓ ہیں اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سعد بن ابی وقاصؓ ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۷۰) بَاب اِتِّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَائِزَ

۱۲۷۸۔ حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ نُهِينَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَيْنَا.

ترجمہ: باب، عورتوں کے جنازے کے ساتھ جانے کا بیان۔

حضرت ام عطیہؓ نے کہا کہ ہمیں جنازوں میں ساتھ جانے سے روکا گیا مگر اس بارے میں تاکیدی حکم نہیں دیا گیا۔

تشریح: عورتیں جنازے کے ساتھ جاسکتی ہیں یا نہیں؟ روایت باب کے ذریعہ مصنف نے اس بات پر تنبیہ کردی کہ عورتوں کا جنازے کا اتباع کرنا منہی عنہ ہے لیکن حتمی چیز نہیں ہے۔

حضرت امام مالک کا مسلک مدونہ میں تو یہ مذکور ہے کہ عورتیں جاسکتی ہیں لیکن اصل مسلک یہ ہے کہ شابّہ کے لئے نکلنا مکروہ ہے، ابن حزم ظاہری اباحت کے قائل ہیں اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ مکروہ تنزیہی ہے، حضرات حنفیہ کہتے ہیں کہ عورتوں کا جانا مکروہ تحریمی ہے اس لئے کہ جب سیدنا فاطمہؓ ایک مرتبہ جنازہ کے وقت گھر کی طرف واپس ہوئیں تو آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا فَهَلْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدَى؟ کیا تم ان کے ساتھ قبرستان گئی تھیں؟ انہوں نے کہا کہ نہیں میں تو ان میت والوں کے یہاں گئی تھی، اس پر حضور ﷺ نے ایک سخت کلمہ ارشاد فرمایا جو نسائی وغیرہ میں مذکور ہے اور جس کو امام ابوداودؒ نے ادباً حذف کردیا ہے لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدَى مَا رَأَيْتِ الْجَنَّةَ حَتَّى يَرَاهَا جَدُّ أَبِيكِ أو كما قال، معلوم ہوا کہ قبرستان میں عورتوں کا جانا شدید الکراہت ہے، ایک روایت میں وارد ہے کہ کچھ عورتیں جنازے کے ساتھ جارہی تھیں آنحضور ﷺ نے فرمایا أَتَحْمِلْنَهُ؟ قُلْنَ لَا، قَالَ أَتَدْفِنَّهُ؟ قُلْنَ لَا، قَالَ فَارْجِعْنَ مَأْزُورَاتٍ غَيْرَ مَأْجُورَاتٍ۔

لیکن جمہور علماء نے حضرت ام عطیہؓ کی اس روایت کو سامنے رکھ کر یہ فیصلہ کیا ہے کہ عورتوں کا جانا کراہت سے تو خالی نہیں مگر یہ کراہت تحریمی نہیں تنزیہی ہے اس لئے کہ ام عطیہؓ کہتی ہیں نُهِينَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَيْنَا سختی کے ساتھ اور مؤکد طور پر ہم کو جانے سے منع نہیں کیا گیا تھا، علامہ عینی نے حضرت امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے لا ینبغی ذلک مناسب نہیں ہے، اور یہ جو ہم نے کراہت تحریمی کا قول نقل کیا ہے یہ فقہاء متاخرین کی بات ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فائدہ! شارحین فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اتباع جنائز کا ایک ترجمہ مردوں کے متعلق اور دوسرا عورتوں سے متعلق منعقد کیا ہے لیکن دونوں ترجموں میں صاف فرق کر دیا اور فصل پیدا کر دیا، یہاں اتِّبَاعُ النِّسَاءِ الْجَنَائِزَ کا ترجمہ منعقد فرمایا اور مردوں کے متعلق ص ١٧٦ پر ترجمہ منعقد کیا باب فضل اتباع الجنائز ہے، زین وغیرہ فرماتے ہیں کہ یہ تفریق کر کے مصنف نے دونوں کے حکم کی تفریق کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مردوں کے حق میں یہ اتباع ذو الفضیلۃ ہے اور عورتوں کے حق میں یہ اتباع ممنوع اور منہی عنہ ہے، بس یہ نکتہ ہے۔

(ص ١٧٠) بَاب إِحْدَادِ الْمَرْأَةِ عَلَى غَيْرِ زَوْجِهَا

١٢٧٩. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ تُوُفِّيَ ابْنٌ لِأُمِّ عَطِيَّةَ فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ دَعَتْ بِصُفْرَةٍ فَتَمَسَّحَتْ بِهِ وَقَالَتْ نُهِينَا أَنْ نُحِدَّ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثٍ إِلَّا بِزَوْجٍ.

١٢٨٠. حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى قَالَ أَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَتْ لَمَّا جَاءَ نَعْيُ أَبِي سُفْيَانَ مِنَ الشَّامِ دَعَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ بِصُفْرَةٍ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ فَمَسَحَتْ عَارِضَيْهَا وَذِرَاعَيْهَا وَقَالَتْ إِنِّي كُنْتُ عَنْ هَذَا لَغَنِيَّةً لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ فَإِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا.

١٢٨١. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا.

١٢٨٢. ثُمَّ دَخَلْتُ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِينَ تُوُفِّيَ أَخُوهَا فَدَعَتْ بِطِيبٍ فَمَسَّتْ بِهِ ثُمَّ قَالَتْ مَا لِي بِالطِّيبِ مِنْ حَاجَةٍ غَيْرَ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، عورت کا اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور کی موت پر سوگ کرنا۔

محمد بن سیرین سے مروی ہے کہ ام عطیہؓ کے ایک فرزند کا انتقال ہوا اور جب تیسرا دن آیا تو انہوں نے زرد خوشبو منگا کر اپنے جسم پر لگائی اور کہا کہ ہمیں شوہر کے علاوہ کسی اور پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

زینب بنت ابی سلمہ سے روایت ہے کہ جب شام سے ابو سفیانؓ کی وفات کی خبر آئی تو اس کے تین دن بعد حضرت ام حبیبہؓ نے زرد خوشبو طلب کی اور اپنے دونوں رخساروں اور بازوؤں پر لگائی اور کہا کہ بے شک مجھے اس کی ضرورت نہ تھی مگر میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو عورت اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو اس کے لئے حلال نہیں ہے کہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے سوائے شوہر کے کہ اس پر چار ماہ دس دن سوگ کرے۔

تیسری حدیث کے الفاظ کا ترجمہ گزشتہ حدیث کے ترجمہ میں آگیا۔

زینب بنت ابی سلمہ کہتی ہیں کہ پھر میں زینب بنت جحشؓ کے پاس ان کے بھائی کے انتقال کے موقع پر گئی تو انہوں نے ایک خوشبو لگا کر منگائی، پھر کہا کہ مجھے خوشبو کی کوئی احتیاج نہیں تھی لیکن میں نے منبر پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو عورت اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہو اس کے لئے جائز نہیں کہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے سوائے شوہر کے کہ اس پر چار مہینے دس دن سوگ کرے۔

تشریح: اِحداد ماخوذ ہے حد سے، حد کے معنی منع کرنا، اصطلاح میں احداد کہتے ہیں ترک تزین کو۔

امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ کسی عورت کو اپنے خاوند کے علاوہ پر صرف تین دن سوگ منانے کی اجازت ہے، یہ سوگ منانا مباح ہے واجب نہیں حتی کہ خاوند اگر ان ایام ثلاثہ میں بیوی سے وطی کا مطالبہ کرے تو اس کو حق پہنچتا ہے اور عورت روک نہیں سکتی ہے۔

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن تک سوگ منانے کی اجازت دی ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ رنج وغم کی چیزیں جب پیش آتی ہیں تو انسان فطری طور پر تاثر لیتا ہے اور غمزدہ ہوتا ہے، اور طبیعت کا یہ بھی قاعدہ ہے کہ تین دن تک تولوعۃ الحزن (غم کا شدید اثر) اس پر غالب رہتا ہے پھر وہ سرد پڑنے لگتا ہے اس لئے انسان کے جذبات کی رعایت کرکے شریعت مطہرہ نے اس کو تین دن تک سوگ منانے کی اجازت دے دی ہے، لیکن خاوند کے انتقال پر بیوی کو طویل مدت چار ماہ دس دن تک عدت گزارنی ہے۔

لَمَّا جَاءَ نَعْيُ أَبِي سُفْيَانَ مِنَ الشَّامِ: جب ابو سفیانؓ کی خبرِ موت شام سے آئی۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ ابو سفیانؓ کی موت تو مدینہ منورہ میں ہوئی ہے سن ۳۲ھ یا سن ۳۳ھ میں تو شام سے

Maktaba Tul Ishaat.com

ان کی خبر موت کے آنے کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے؟ ہاں البتہ شام میں ام حبیبہؓ کے بھائی یزید بن ابی سفیان کی وفات ہوئی تھی ظاہر یہ ہے کہ اس روایت مِنَ الشَّامِ کا لفظ اوہام میں سے ہے، اور یہ وہم سفیان بن عیینہ کو ہوا ہے اس لئے کہ ان کے دوسرے رفقاء امام مالک اور سفیان ثوری وغیرہ کی روایات میں یہ لفظ نہیں ہے، اور دارمی اور مسند ابن ابی شیبہ میں وارد ہوا ہے جاء نعی أخ لأم حبيبة أو حميم لها ام حبیبہؓ کے بھائی یا ان کے کسی عزیز وقریب کی خبر موت آئی یہ روایت صحیح ہو سکتی ہے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ الگ الگ دو واقعے ہیں، ایک ابوسفیانؓ کی وفات کے وقت کا قصہ اور دوسرا قصہ ان کے بھائی یا کسی عزیز وقریب کا ہے، مگر مجھ کو اس میں تامل ہے، غور سے سن لو!

اصل میں اس حدیث کے کئی راوی ہیں، سفیان بن عیینہ، سفیان ثوری، مالک اور شعبہ، سب نعی ابی سفیان کہتے ہیں لیکن شعبہ نعی أخ لأم حبيبة أو حميم لها کہتے ہیں، پھر اسکے بعد صرف ابن عیینہ کی روایت میں مِنَ الشَّامِ ہے اور مالک اور ثوری کی روایت میں یہ زیادتی نہیں، چونکہ مخرج حدیث متحد ہے اسلئے تعدد پر محمول کرنے سے میری طبیعت اباء کرتی ہے اور قانون روایت کے خلاف معلوم ہوتا ہے، اسلئے خیال یہ ہے کہ شعبہ کی روایت وہم ہے لأنه خالف الحفاظ اور ابن عیینہ کی روایت میں مِنَ الشَّامِ کا لفظ وہم ہے لأنه خالفه الحافظان مالک والثوری، اور یہ مالک وہی ہیں جن کی ایک روایت میں مخالفت سن کر سفیان بن عیینہ بول اٹھے تھے

وابن اللبون اذا ما لُزَّ فی قرن
لم یستطع صولة البزل القناعیس

لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ إلخ: مسئلہ یہ ہے کہ عورت کو غیر زوج پر تین دن سوگ منانا مباح ہے واجب نہیں، اور زوج پر چار ماہ دس دن سوگ منانا واجب ہے، اس میں صرف حسن بصری اور بعض تابعین کا اختلاف نقل کیا جاتا ہے لیکن یہ اختلاف شاذ ہے، اسی لئے ابن عبد البر، ابن قدامہ اور نووی وغیرہ نے خاوند پر سوگ منانے کے وجوب کے مسئلہ کو اجماعی قرار دیا ہے۔

البتہ اس میں اختلاف ہے کہ کس عورت پر واجب ہے؟ امام ابوحنیفہ، ابوثور اور بعض مالکیہ کہتے ہیں کہ مؤمنہ پر ہے ذمیہ پر نہیں، اور باقی ائمہ کہتے ہیں کہ ذمیہ پر بھی واجب ہے۔

اسی طرح اس میں اختلاف ہے کہ بالغہ پر ہے یا صبیہ پر بھی واجب ہے؟ امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ صبیہ پر

Maktaba Tul Ishaat.com

واجب نہیں اس لئے کہ اس کو امرأۃ نہیں کہا جاتا ہے اور روایت میں لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ کا لفظ وارد ہوا ہے اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ صبیہ پر بھی سوگ منانا واجب ہے۔

چار ماہ دس دن کی عدت کیوں؟ خاوند پر جو چار ماہ دس دن سوگ منانے کا حکم دیا گیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہو سکتا ہے یہ عورت مشغول الرحم بماء الزوج ہو اور چار ماہ دس دن میں پوری طرح سے پتہ چل جاتا ہے اس لئے یہ مدت ایسی رکھی گئی ہے کہ اس میں عورت خاوند کے حق میں محبوس رہے گی۔

دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ حَبِيبَةَ: زینب بنت ابی سلمہ فرماتی ہیں کہ میں حضرت ام حبیبہؓ کے پاس گئی تو ان سے یہ حدیث سنی لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ الخ اس کے بعد فرماتی ہیں ثُمَّ دَخَلْتُ عَلٰى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ پھر میں زینب بنت جحشؓ کے یہاں گئی جب ان کے بھائی وفات پا گئے تھے۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ حضرت زینب بنت جحشؓ کی وفات علی الصحیح ابو سفیانؓ کی وفات سے دس سال پیش تر ہو چکی تھی پھر زینب بنت ابی سلمہ ام حبیبہؓ کے یہاں پہلے اور زینب بنت جحشؓ کے یہاں بعد میں کیسے جا سکتی ہیں حالانکہ ام حبیبہؓ نے لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ الخ اس وقت فرمایا تھا جب ان کے پاس ان کے والد ابو سفیانؓ کے موت کی خبر آئی تھی، اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ثُمَّ ترتیبِ واقعی اور ترتیبِ تاریخ کے بیان کرنے کے لئے نہیں ہے بلکہ ترتیبِ ذکری کے لئے ہے۔

اس روایت میں ہے حِينَ تُوُفِّيَ أَخُوهَا، اس پر اشکال یہ ہے کہ زینب بنت جحشؓ کے تین بھائی ہیں، (۱) عبد اللہ بن جحش المکبر (۲) عبید اللہ بن جحش المصغر (۳) عبد جو ابو حمید کے نام کے ساتھ مشہور و معروف ہیں، عبد اللہ المکبر تو مراد ہو نہیں سکتے اس لئے کہ وہ تو حضور اکرم ﷺ کے زمانہ ہی میں جنگ احد میں شہید ہو چکے تھے اور اس وقت تک ام حبیبہؓ حضور اکرم ﷺ کے نکاح میں آئی بھی نہیں تھیں، اسی طرح عبید اللہ المصغر بھی مراد ہو نہیں سکتا اس لئے کہ یہ تو اپنی بیوی ام حبیبہ کے ساتھ حبشہ ہجرت کر کے گیا تھا اور وہاں نصرانی ہو گیا تھا اور نصرانیت ہی پر مر گیا تھا، اور ابو حمید اس لئے نہیں مراد ہو سکتے کہ ان کی وفات زینب بنت جحشؓ کے بعد ہوئی ہے، تو وہ کون سے بھائی تھے جس کی وفات کی خبر حضرت زینبؓ کے یہاں پہنچی اور حضرت زینبؓ نے ان کی خبرِ موت پر یہ فرمایا کہ مجھے طیب کی حاجت نہیں ہے الخ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اگر کوئی کہے کہ عبد اللہ المکبر مراد ہوں اور جب حضرت زینب بنت جحشؓ کو یہ اطلاع پہونچی ہو کہ میرے بھائی شہید ہو گئے ہیں اس وقت انہوں نے یہ حدیث بیان کی ہو تو اس پر اشکال یہ ہے کہ اس وقت حضرت زینب بنت ابی سلمہ اتنی عمر کی تھی ہی نہیں کہ وہ حضرت زینب بنت جحشؓ کے پاس جائیں اور اس طرح کی حدیث سنیں اور یاد کریں، نو عمر بچی تھیں، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ بظاہر عبید اللہ المصغر مراد ہے، آدمی کو جیسے اپنے مسلمان اقرباء کی موت پر رنج و غم ہوتا ہے ایسے ہی کافر اقرباء کی موت پر بھی رنج و غم ہوتا ہے، اور حافظ فرماتے ہیں کہ یہ بھی ممکن ہے کہ شاید حضرت زینبؓ کے کوئی ماں شریک بھائی یا رضاعی بھائی ہوں۔

(ص ۱۷۱) بَاب زِيَارَةِ الْقُبُورِ

۱۲۸۳. حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ بِامْرَأَةٍ تَبْكِي عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ اتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي قَالَتْ إِلَيْكَ عَنِّي فَإِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيبَتِي وَلَمْ تَعْرِفْهُ فَقِيلَ لَهَا إِنَّهُ النَّبِيُّ ﷺ فَأَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ ﷺ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِينَ فَقَالَتْ لَمْ أَعْرِفْكَ فَقَالَ إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى.

ترجمہ: باب، قبروں پر یعنی قبرستان جانے کا بیان۔

انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ایک عورت کے پاس سے گزرے جو ایک قبر کے پاس رو رہی تھی حضور ﷺ نے اس سے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور صبر کرو، اس عورت نے آپ کو پہچانا نہیں اور یہ جواب دیا کہ آپ مجھے میرے حال پر چھوڑ دیں، میری مصیبت تمہارے اوپر نہیں آئی ہے، بعد میں اس عورت کو بتایا گیا کہ یہ پیغمبر ﷺ ہیں تو وہ عورت پیغمبر ﷺ کے دروازے پر آئی، اس نے حضور ﷺ کے پاس دربان نہیں دیکھے، اب اس نے عذر کیا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا، آپ ﷺ فرمایا بے شک صبر صدمے کی پہلی ساعت میں ہوتا ہے۔

تشریح: اس میں اختلاف ہے کہ مردوں کے لئے قبروں کی زیارت جائز ہے یا نہیں؟ عامر شعبی، ابراہیم نخعی، محمد بن سیرین انکار کرتے تھے، حدیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ابتداءً زیارت قبور سے منع فرما دیا تھا کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگوں کے دلوں میں قبروں کی غیر معمولی عظمت پیدا ہو جائے جو بدعقیدگی کا سبب بنے، اس کے بعد حضور اکرم ﷺ نے اس کی اجازت دے دی، حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں قَالَ رَسُولُ اللهِ

Maktaba Tul Ishaat.com

ﷺ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ الْآخِرَةَ أو کما قال علیه الصلوۃ والسلام، رواہ مسلم، مانعین کو اس روایت کا پتہ نہیں چلا اسی لئے انکار کرتے تھے، اس کے بعد جمہور علماء کا زیارتِ قبور پر اجماع واتفاق ہوگیا بلکہ ابو محمد بن حزم ظاہری نے تو ایک قدم آگے بڑھایا اور انہوں نے کہہ دیا کہ عمر میں ایک مرتبہ زیارت واجب ہے، لیکن جمہور استحباب کے قائل ہیں، یہ مسئلہ تو مردوں کی زیارت کا ہے۔

عورتوں کی زیارت کے مسئلہ میں مذاہب اربعہ میں اقوال مختلفہ ہیں، امام احمد ایک روایت میں کراہت کے قائل ہیں یہی مشہور ہے دوسری روایت میں اباحت کے قائل ہیں، مالکیہ ایک روایت میں حرمت کے قائل ہیں اور دوسری روایت میں اباحت کے، حنفیہ کے تین قول ہیں حرمت، کراہت، اباحت، یہی اکثر علماء کی رائے ہے، شافعیہ کے چار اقوال ہیں حرمت، کراہت، اباحت اور چوتھا قول یہ ہے کہ اگر تجدید نوحہ وحزن کے لئے ہو تو مکروہ ہے اور اگر تذکر بالآخرۃ کے لئے ہو تو اس کی اجازت ہے، اکثر شافعیہ کراہت ہی کے قائل ہیں۔

امام بخاری نے زیارۃ القبور کا ترجمہ عام رکھا ہے تاکہ مرد وعورت دونوں کا حکم معلوم ہوجائے اور عورت کی زیارت کی روایت پیش کی اس سے مرد کی زیارت کا مسئلہ بطریق اولویت ثابت ہوگیا۔

(ص ١٧١) بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ ﷺ يُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ

إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ، لِقَوْلِ اللهِ تَعَالَى ﴿قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا﴾ وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مِنْ سُنَّتِهِ فَهُوَ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى وَهُوَ كَقَوْلِهِ وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ ذُنُوبًا إِلَى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَمَا يُرَخَّصُ مِنَ الْبُكَاءِ فِي غَيْرِ نَوْحٍ وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا وَذٰلِكَ لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ.

١٢٨٤. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ وَمُحَمَّدٌ قَالَا أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ أَرْسَلَتِ ابْنَةُ النَّبِيِّ ﷺ إِلَيْهِ إِنَّ ابْنًا لِي قُبِضَ فَأْتِنَا فَأَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ وَيَقُولُ إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطَى وَكُلٌّ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَأْتِيَنَّهَا فَقَامَ وَمَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرِجَالٌ فَرُفِعَ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهُ تَتَقَعْقَعُ قَالَ حَسِبْتُهُ أَنَّهُ قَالَ كَأَنَّهَا شَنٌّ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ سَعْدٌ يَا

Maktaba Tul Ishaat.com

رَسُولَ اللَّهِ مَا هَذَا؟ فَقَالَ هَذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللَّهُ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللَّهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ.

١٢٨٥. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ شَهِدْنَا بِنْتًا لِرَسُولِ اللَّهِ ﷺ قَالَ وَرَسُولُ اللَّهِ ﷺ جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ قَالَ فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ قَالَ فَقَالَ هَلْ مِنْكُمْ رَجُلٌ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ؟ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ أَنَا قَالَ فَانْزِلْ قَالَ فَنَزَلَ فِي قَبْرِهَا.

١٢٨٦. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ تُوُفِّيَتْ ابْنَةٌ لِعُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِمَكَّةَ وَجِئْنَا لِنَشْهَدَهَا وَحَضَرَهَا ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ وَإِنِّي لَجَالِسٌ بَيْنَهُمَا أَوْ قَالَ جَلَسْتُ إِلَى أَحَدِهِمَا ثُمَّ جَاءَ الْآخَرُ فَجَلَسَ إِلَى جَنْبِي فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ لِعَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ أَلَا تَنْهَى عَنِ الْبُكَاءِ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ.

١٢٨٧. فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَدْ كَانَ عُمَرُ يَقُولُ بَعْضَ ذَلِكَ ثُمَّ حَدَّثَ قَالَ صَدَرْتُ مَعَ عُمَرَ مِنْ مَكَّةَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ إِذَا هُوَ بِرَكْبٍ تَحْتَ ظِلِّ سَمُرَةٍ فَقَالَ اذْهَبْ فَانْظُرْ مَنْ هَؤُلَاءِ الرَّكْبُ قَالَ فَنَظَرْتُ فَإِذَا صُهَيْبٌ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ ادْعُهُ لِي فَرَجَعْتُ إِلَى صُهَيْبٍ فَقُلْتُ ارْتَحِلْ فَالْحَقْ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَلَمَّا أُصِيبَ عُمَرُ دَخَلَ صُهَيْبٌ يَبْكِي يَقُولُ وَا أَخَاهُ وَا صَاحِبَاهُ فَقَالَ عُمَرُ يَا صُهَيْبُ أَتَبْكِي عَلَيَّ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ.

١٢٨٨. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا مَاتَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ رَحِمَ اللَّهُ عُمَرَ وَاللَّهِ مَا حَدَّثَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّ اللَّهَ لَيُعَذِّبُ الْمُؤْمِنَ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ وَلَكِنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ إِنَّ اللَّهَ لَيَزِيدُ الْكَافِرَ عَذَابًا بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ وَقَالَتْ حَسْبُكُمُ الْقُرْآنُ ﴿وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عِنْدَ ذَلِكَ وَاللَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى قَالَ ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ وَاللَّهِ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ شَيْئًا.

١٢٨٩. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ إِنَّمَا مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ عَلَى يَهُودِيَّةٍ يَبْكِي عَلَيْهَا أَهْلُهَا فَقَالَ إِنَّهُمْ لَيَبْكُونَ عَلَيْهَا وَإِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِي قَبْرِهَا.

Maktaba Tul Ishaat.com

۱۲۹۰. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ خَلِيلٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ وَهُوَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا أُصِيبَ عُمَرُ جَعَلَ صُهَيْبٌ يَقُولُ وَا أَخَاهُ فَقَالَ عُمَرُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ.

ترجمہ: باب، پیغمبر ﷺ کا یہ فرمانا کہ میت کو بعض وقت اس کے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے یعنی جبکہ نوحہ اس کی عادت ہو (اس کے خاندان کی رسم ہو)، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے کہ بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے، پیغمبر ﷺ نے فرمایا تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کے ماتحتوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا، اور جب رونا پیٹنا اس کی عادت نہ ہو تو پھر ایسا ہی ہے جیسا کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور جیسا کہ اس فرمان الٰہی میں ہے اور اگر گناہوں سے بوجھل کوئی شخص اپنے بوجھ کے لئے کسی کو بلائے گا تو اس کے بوجھ میں سے کچھ بھی نہیں اٹھایا جائے گا، نیز نوحہ کے بغیر رونے کی اجازت کا بیان، اور نبی ﷺ نے فرمایا جب بھی کوئی ناحق خون ہوتا ہے تو اس خون کا کچھ وبال آدم کے اولین فرزند پر بھی پڑتا ہے کیوں کہ وہی پہلا انسان ہے جس نے ناحق خون کرنے کی بناڈالی۔

حضرت اسامہ بن زیدؓ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ کی بیٹی نے آپ کے پاس یہ خبر بھیجی کہ میرا بیٹا حالت نزع میں ہے لہذا آپ تشریف لائیں، حضور ﷺ نے قاصد کے ہاتھ سلام اور یہ پیغام کہلا بھیجا کہ اللہ ہی کا ہے سب کچھ، جو لے لیا وہ بھی اور جو عطا کیا وہ بھی اور ہر ایک اللہ کے یہاں مقررہ مدت تک کے لئے ہے سو تم کو صبر کرنا چاہئے اور اجر کی امید رکھنا چاہئے، لیکن صاحب زادی نے اب قسم دے کر پیغام بھیجا کہ ان کے پاس حضور ضرور آئیں تو حضور ﷺ تشریف لے گئے آپ کے ساتھ سعد بن عبادہؓ، معاذ بن جبلؓ، ابی بن کعبؓ اور زید بن ثابتؓ اور کچھ لوگ اور تھے تو حضور ﷺ کو بچہ دیا گیا جب کہ اس کا سانس اکھڑ رہا تھا، ابو عثمان کہتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ اسامہؓ نے یہ کہا کہ سانس کی آواز پرانے مشکیزے کے جیسی تھی یہ حال دیکھ کر آپ کی دونوں آنکھیں بہنے لگیں تو حضرت سعدؓ نے کہا کہ یارسول اللہ! یہ کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ یہ رحمت ہے جو اللہ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھی ہے بے شک اللہ اپنے انہی بندوں پر رحم کرتا ہے جو دوسروں پر رحم کرتے ہیں۔

حضرت انسؓ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی ایک بیٹی کے جنازے میں حاضر تھے حضور ﷺ قبر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے فرمایا میں نے حضور ﷺ کی دونوں آنکھوں کو آنسو بہاتے ہوئے دیکھا پھر آپ نے فرمایا کہ تم میں ایسا کون ہے جس نے رات بیوی سے جنسی ملاقات نہیں کی؟ ابو طلحہؓ نے عرض کیا کہ میں، تو آپ نے فرمایا کہ قبر میں اترو، چنانچہ وہ قبر میں اترے۔

عبداللہ بن عبید اللہ بن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ حضرت عثمانؓ کی ایک بیٹی مکہ مکرمہ میں وفات پا گئی تھی ہم جنازے میں شرکت کے لئے آئے، ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ بھی جنازے میں شرکت کے لئے آئے تھے میں ان کے درمیان بیٹھا تھا یا یہ کہا کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

میں ان میں سے ایک کے پاس بیٹھا تھا، پھر دوسرے صاحب آئے تو میری پہلو میں بیٹھے حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے عمرو بن عثمان سے کہا کہ کیا تم رونے سے نہیں روکتے؟ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میت کو اس کے گھر والوں کے اس رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا حضرت عمرؓ بھی کچھ ایسا ہی کہتے تھے پھر بیان کیا کہ میں مکہ مکرمہ سے حضرت عمرؓ کے ساتھ واپس ہوا جب ہم بیداء میں تھے تو اچانک انہوں نے ایک ببول کے درخت کے نیچے ایک جماعت دیکھی اور کہا کہ جا کر دیکھو کہ یہ جماعت کون ہے؟ میں نے دیکھا تو صہیبؓ تھے چنانچہ آکر بتادیا حضرت عمرؓ نے کہا کہ ان کو میرے پاس بلالاؤ، میں پھر صہیبؓ کے پاس گیا اور کہا کہ چلو امیر المؤمنین کے پاس چلو، پھر حضرت عمرؓ پر حملہ ہوا تو صہیبؓ روتے ہوئے آئے یہ کہہ رہے تھے کہ ہائے میرے بھائی! ہائے میرے ساتھی! حضرت عمرؓ نے فرمایا: صہیب! تم میرے اوپر روتے ہو؟ حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ میت کو اس کے گھر والوں کے اس پر رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔

ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد میں نے یہ بات حضرت عائشہؓ سے بیان کی انہوں نے کہا کہ اللہ عمر پر رحم کرے، اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے یہ کبھی نہیں فرمایا کہ اللہ مؤمن کو اس کے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے عذاب دیتا ہے بلکہ آپ نے یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کافر کے عذاب کو اس کے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے بڑھادیتا ہے، نیز کہنے لگیں کہ تمہیں قرآن کافی ہے کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اس وقت ابن عباسؓ نے تو یہ کہا کہ اللہ ہی ہنساتا ہے اور وہی رلاتا ہے، ابن ابی ملیکہ نے کہا کہ واللہ ابن عمرؓ نے اس بات کو سن کر کچھ نہیں کہا۔

حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ حضور ﷺ ایک یہودی عورت کے پاس سے گزرے جس پر اس کے گھر والے رو رہے تھے تو آپ نے یہ فرمایا کہ یہ تو اس پر رو رہے ہیں مگر اس کو اس کی قبر میں عذاب دیا جارہا ہے۔

آخری حدیث کا ترجمہ آچکا ہے۔

تشریح: میت پر رونے کے سلسلہ میں دو طرح کی احادیث وارد ہوئی ہیں، بعض سے اباحت اور بعض سے ممانعت معلوم ہوتی ہے، امام بخاری ان روایات متعارضہ کو جمع کرنا اور ہر ایک کا محمل بتلانا چاہتے ہیں۔

فرماتے ہیں يُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ گھر والوں کے بعض رونے پر میت کو عذاب ہوتا ہے، حدیث میں بِبُكَاءِ أَهْلِهِ بھی ہے اور بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ بھی ہے، لفظِ اول کے راوی ابن عمرؓ اور لفظِ ثانی کے راوی ابن عباسؓ ہیں، بخاری نے ترجمہ میں بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ لا کر یہ اشارہ فرمادیا کہ ابن عمرؓ کی حدیثِ مطلقہ محمول ہے ابن عباسؓ کی حدیثِ مقیدہ پر، اور بکاء سے بعض بکاء مراد ہے یعنی وہ بکاء جس کی شریعت میں اجازت نہیں ہے اور وہ ہے نوحہ کے ساتھ رونا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ: جبکہ نوحہ مرنے والے کی سنت ہو۔

نوحہ یہ ہے کہ میت کے محاسن کو ذکر کر کے آواز سے اس طرح رویا جائے کہ آواز گلے میں پھنس کر نکلے جس میں رنین اور غنہ ہوتا ہے اسی کو عربی میں رَنَّة کہتے ہیں۔

یہ إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ اسی طرح عام نسخوں میں نون اور تاء کے ساتھ واقع ہوا ہے، اور بعض نسخوں میں إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سَبَبِهِ بائین واقع ہوا ہے، علامہ ابن ناصر نے اسی کو راجح قرار دیا ہے اور متن میں جو لفظ مِنْ سُنَّتِهِ بالنون والتاء آیا ہے اس کا انکار کیا ہے اور فرماتے ہیں کہ میت کی کیا سنت ہوگی، لیکن پہلا ہی نسخہ روایات میں وارد ہے، قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ دونوں متحد المعنی ہیں۔

لیکن زین بن منیر نے پہلے نسخہ کو ترجیح دی ہے اس لئے کہ لفظِ سنت اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہ مرنے والی کی عادت تھی، اور کسی کی طرف کسی فعل کو بطور سنت اسی وقت منسوب کیا جاتا ہے جب وہ فعل اس پر غالب ہو اور وہ اس کے ساتھ مشہور ہو اور خود بخاری سے بھی اسی کی ترجیح نکلتی ہے، امام بخاری نے آگے فرمایا وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا وَذَلِكَ لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ، لیکن یہ قید إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ امام بخاری کی طرف سے ہے اور یہ قید لگا کر ان نصوص کا تعارض دور کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی کی غلطی پر دوسرے کو سزا نہ دی جائے جس کا بیان آگے آرہا ہے۔

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى ﴿قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا﴾: یعنی یہ بکاء سببِ تعذیبِ میت اس وقت ہے جبکہ نوحہ مرنے والے کی سنت ہو، کیونکہ اس نے اپنی اس سنت کے ذریعہ لوگوں کو مبتلائے معصیت کیا اور اللہ تعالیٰ شانہ کے حکم کی اطاعت نہیں کی اپنے گھر والوں کو گناہ سے نہیں بچایا حالانکہ اپنے گھر والوں کو گناہ سے بچانا واجب ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا﴾ اپنے نفسوں کو اور اپنے گھر والوں کو نار سے بچاؤ یعنی کوئی ایسا کام نہ کرو جو موجب نار ہو اور اس کو تم سے تمہارے گھر والے سیکھیں۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ: اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ہر آدمی نگراں ہے اور اس کی رعیت کے متعلق اس سے سوال ہوگا، لہٰذا اگر گھر کے ذمہ دار نے گھر والوں کو کسی غلط کام پر دیکھا اور منع نہ کیا یا اس غلط کام کا رواج ڈال گیا تو یہ شخص اس کے متعلق مسئول ہوگا۔

فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مِنْ سُنَّتِهِ فَهُوَ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى: اور اگر نوحہ انسان کی

Maktaba Tul Ishaat.com

سنت نہیں ہے تو پھر کسی کے رونے سے مرنے والے پر کوئی مؤاخذہ نہیں ہے، حضرت عائشہؓ نے جو فرمایا تھا کہ کوئی کسی کے رونے سے معذّب نہیں ہوتا اور اس کی دلیل میں آیت کریمہ ﴿لَاتَزِرُوَازِرَةٌوِزْرَأُخْرَى﴾ پیش کی تھی اس آیت کا تعلق ایسے شخص سے ہے جس کا طور وطریق نوحہ گری کا نہ ہو۔

وَهُوَ كَقَوْلِهِ ﴿وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ﴾: اگر کوئی نفس گناہوں سے بوجھل اپنے گناہوں کے بوجھ کی طرف کسی کو بلائے گا تو اس کا بوجھ اس سے لیکر دوسرے پر نہیں لادا جائے گا، یعنی اس آیت کا مضمون آیت ﴿لَاتَزِرُوَازِرَةٌوِزْرَأُخْرَى﴾ کے بالکل ہم معنی ہے۔

حاصل یہ ہے کہ جس رونے میں میت کا سبب کے درجہ میں دخل ہو تو اس پر مرنے والے سے مؤاخذہ ہوگا اور جس میں سبب کے درجہ میں دخل نہیں ہے اس پر مؤاخذہ نہ ہوگا۔

وَمَايُرَخَّصُ مِنَ الْبُكَاءِ فِي غَيْرِ نَوْحٍ: اور بکاء بغیر نوحہ کے مرخّص فیہ ہے، لہٰذا اگر رونا بلا نوحہ کے ہو تو اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں، مصنف نے مَا يُرَخَّصُ فرما کر اشارہ کر دیا کہ ہر نوعِ بکاء کی گنجائش نہیں بلکہ مخصوص بکاء کی گنجائش ہے جو حدیث سے سمجھ میں آتی ہے کہ حضور ﷺ اپنے نواسے کے اور اپنے بیٹے ابراہیم کے مرنے پر رو پڑے، جب حضرت سعدؓ نے سبب پوچھا تو فرمایا إِنَّمَا هِيَ رَحْمَةٌ یہ تو رحمت کا اثر ہے، لہٰذا اگر رونا غلبۂ رحمت کی وجہ سے ہو جو بندوں کے دلوں میں اللہ کی طرف سے ودیعت ہے تو ایسے رونے کی رخصت اور گنجائش ہے، اور اگر خدانخواستہ اللہ کے فعل پر اعتراض کی وجہ سے رونا ہو تو ایسے رونے کی گنجائش نہیں ہے۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا الخ: یہ جملہ وَمَا يُرَخَّصُ مِنَ الْبُكَاءِ فِي غَيْرِ نَوْحٍ سے پہلے ہونا چاہئے تھا کیوں کہ اس کا تعلق پہلے مسئلہ سے ہے، یعنی مرنے والے پر رونے سے یہ عذاب اس وقت ہوگا جب مرنے والے نے رونے کی سنت ایجاد کی ہو۔

مسئلہ کی پوری وضاحت: جیسا کہ میں نے ابھی بتایا کہ امام بخاری نے نصوص مختلفہ میں جمع فرمایا ہے اور یہ بتایا کہ جہاں پر یہ کہا گیا ہے کہ میت پر رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے اس سے مراد وہ صورت ہے جس میں میت کو سبب کے درجہ میں دخل ہو، اور جہاں یہ کہا گیا ہے کہ کوئی کسی کا گناہ اپنے سر پر نہیں لادے گا اس کا تعلق اس صورت سے ہے جبکہ اس رونے میں مرنے والے کو دخل نہ ہو، یہ جمع کی ایک صورت ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حقیقی بات یہ ہے کہ اس سلسلہ میں دور اول سے اختلاف ہے، حضرت عمرؓ، ابن عمرؓ اور ابن عباسؓ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ میت پر رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے، اور ان لوگوں کا استدلال یُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ سے ہے، صرف اتنی سی بات ہے کہ ابن عمرؓ کی روایت مطلق ہے اس میں بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ علی الاطلاق وارد ہوا ہے اور ابن عباسؓ کی روایت مقید ہے اس میں بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ وارد ہوا ہے، لیکن یہ حضرات بہر حال یہ مذہب رکھتے تھے کہ مرنے والے پر رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے۔

اس کے بالمقابل حضرت عائشہؓ اور حضرت ابوہریرہؓ اس کا انکار کرتے تھے اور ان کی رائے یہ تھی کہ کسی کے رونے سے مرنے والے کو کوئی عذاب نہیں ہوتا ہے، حضرت عائشہؓ کہتی تھیں کہ قرآن کہتا ہے ﴿لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ﴾، ابوہریرہؓ کہتے تھے کہ اگر کوئی بے وقوف عورت خاوند کے مرنے پر رونے لگے تو اس میں مرنے والے کا کیا قصور ہے جو اس کو سزا دی جائے گی، اور حضرت عائشہؓ بعض وقت یہ کہتی تھیں کہ جن نصوص میں تعذیب علی البکاء کا ذکر ہے اس کا تعلق (۱) یہودیہ سے ہے، (۲) کبھی کہتی تھیں کہ کافر سے ہے اور ان کا مطلب یہ تھا کہ جن اوصاف کو ذکر کر کے کفار پر رویا جاتا ہے وہ برے اوصاف ہوتے ہیں ان پر ان کو سزا ہوتی ہے، (۳) اور کبھی فرماتیں کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس وقت رویا جاتا ہے اسی وقت میت کو عذاب ہوتا ہے یعنی یُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ کا تعلق بیان وقت سے ہے۔

امام محمد نے اس قول کو نقل کر کے فرمایا وبقول عائشة نأخذ وهو قول أبي حنيفة۔

حضرت امام شافعی نے کبھی تو حضرت عائشہؓ کے انکار کے اتباع میں تعذیب بالبکاء کا انکار کر دیا، اور کبھی اس کو بیانِ وقت پر محمول کیا جیسا کہ ابھی میں محمد بن حسن سے نقل کر آیا ہوں، اور کبھی ان کی دوسری توجیہ نقل کر دی کہ یہ یہودیہ یا کافر سے تعلق رکھتی ہے۔

لیکن اکثر حضرات دونوں قسم کی نصوص کو تسلیم کرتے ہیں اور پھر اس کا محمل تجویز کرتے ہیں، پھر اس محمل کی تجویز میں اختلاف ہے۔

(۱) ایک رائے تو امام بخاری کی آچکی کہ تعذیب کی نصوص کا تعلق تسبب سے ہے اور عدم تعذیب کی نصوص کا تعلق عدمِ تسبب سے ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(۲) داؤد ظاہری کہتے ہیں کہ اگر مرنے والے نے ترک بکاء کی وصیت نہیں کی تو عذاب ہوگا۔

(۳) امام مزنی، ابراہیم حربی اور اکثر علماء فرماتے ہیں کہ اگر مرتے ہوئے بکاء کی وصیت کرکے مرا ہے تو عذاب ہوگا، جیسا کہ عربوں کا دستور تھا کہ مرتے ہوئے اپنے اوپر نوحہ گری کی وصیت کرتے تھے۔

(۴) امام اسماعیلی اور ابن حزم کہتے ہیں کہ تعذیب کی نصوص کا تعلق رونے والے میت کے ان اوصاف پر ہے جن کو ذکر کرکے روتے تھے وہ اوصاف سببِ تعذیب تھے جیسے یامخرِب البلدان یاموتم الولدان یامفرق الأخدان (اے شہروں کو ویران کر جانے والے، اے بچوں کو یتیم کر جانے والے، اے دوستوں کو جدا کرنے والے)، ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک یہ اوصافِ کمال تھے حالانکہ سراسر معصیت اور گناہ تھے۔

(۵) ابن جریر طبری کہتے ہیں کہ اس سے مراد حقیقی تعذیب نہیں ہے بلکہ میت کا تألم ہے، جب میت کو معلوم ہوتا ہے کہ اس کے پسماندے اس پر رو رہے ہیں تو اس کو رنج و غم ہوتا ہے، اسی کو ابن مرابط نے راجح قرار دیا ہے اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ بھی اسی کی تائید کے حق میں ہیں۔

(۶) بعض کہتے ہیں کہ میت سے محتضر (قریب المرگ) مراد ہے یعنی اس کو تکلیف ہوتی ہے۔

(۷) بعض کہتے ہیں کہ اس سے توبیخ بالاوصاف مراد ہے، ابو موسیٰ اشعریؓ پر غشی کی کیفیت طاری ہوگئی ان کی بیوی نے ان کے بعض اوصاف ذکر کرکے کچھ چیخ وپکار کی، جب ہوش میں آئے تو فرمایا جو کچھ تم نے کہا مجھ سے کہا گیا یعنی فرشتہ نے کہا کہ کیا تم پہاڑ ہو؟ کیا تم چناں ہو؟ کیا تم چنیں ہو؟ تو توبیخ مقصود ہے۔

(۸) ابن قتیبہ کہتے ہیں کہ لَاتَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَی کا تعلق دنیا سے ہے، ہوتا یہ تھا کہ باپ کے جرم میں بیٹے کو پکڑ لیتے تھے، قرآن نے کہہ دیا کہ ایک کو دوسرے کے جرم میں نہیں پکڑا جائے گا اور تعذیب میت بالبکاء کا تعلق آخرت سے ہے۔

(ص ۱۷۲) بَاب مَايُكْرَهُ مِنَ النِّيَاحَةِ عَلَى الْمَيِّتِ

وَقَالَ عُمَرُ دَعْهُنَّ يَبْكِينَ عَلَى أَبِي سُلَيْمَانَ مَا لَمْ يَكُنْ نَقْعٌ أَوْ لَقْلَقَةٌ، وَالنَّقْعُ التُّرَابُ عَلَى الرَّأْسِ وَاللَّقْلَقَةُ الصَّوْتُ.

۱۲۹۱. حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ

Maktaba Tul Ishaat.com

يَقُولُ إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلَى أَحَدٍ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.
سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ مَنْ نِيحَ عَلَيْهِ يُعَذَّبُ بِمَا نِيحَ عَلَيْهِ.

١٢٩٢ . حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ بِمَا نِيحَ عَلَيْهِ تَابَعَهُ عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ وَقَالَ آدَمُ عَنْ شُعْبَةَ الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ عَلَيْهِ.

ترجمہ: باب، میت پر نوحہ کرنا مکروہ ہے، حضرت عمرؓ نے کہا کہ ان کو ابو سلیمان پر رونے دو جب تک رونے میں 'نقع' اور 'القلقہ' نہ ہو، نقع کہتے ہیں سر پر مٹی ڈالنے کو اور لقلقہ چلانے کو۔

حضرت مغیرہؓ نے فرمایا کہ میں نے پیغمبر ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے اوپر جھوٹ بولنا کسی اور پر جھوٹ بولنے کی طرح نہیں ہے جس نے میرے اوپر جان بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے، میں نے پیغمبر ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ جس پر نوحہ کیا جاتا ہے اسے اس نوحہ کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا میت کو قبر میں نوحہ کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے، عبد الاعلی نے عن یزید بن زریع عن سعید عن قتادۃ کے طریق سے عبدان کی متابعت کی ہے، آدم نے شعبہ کی سند سے یہ روایت بیان کی میت کو زندہ کے اس پر رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے۔

تشریح: نوحہ کرنا میت پر مکروہ ہے، امام نووی فرماتے ہیں کہ نوحہ کرنا مطلقاً حرام ہے اور یہی سارے علماء کا مسلک ہے، لیکن بعض مالکیہ فرماتے ہیں کہ نیاحت بذات خود حرام نہیں بلکہ جب اس کے ساتھ کوئی اور چیز شامل ہو جائے تب یہ حرام ہے، امام مالک نے اس قول کو باطل قرار دیا ہے لیکن بعض حنابلہ بھی کچھ اسی طرف مائل ہیں، بعض انواع نوحہ کی وہ لوگ اجازت دیتے ہیں، چنانچہ امام احمد سے منقول ہے کہ اگر کوئی ذرا سا کچھ رولے اور آواز وغیرہ نکال لے اور کچھ اشعار وغیرہ پڑھ لے جیسے حضرت فاطمہؓ نے پڑھا تھا

مَاذَا عَلَى مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ أَحْمَدَا ۔۔۔ أَنْ لَا يَشُمَّ مَدَى الزَّمَانِ غَوَالِيَا
صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَائِبُ لَوْ أَنَّهَا ۔۔۔ صُبَّتْ عَلَى الْأَيَّامِ عُدْنَ لَيَالِيَا

تو کوئی مضائقہ نہیں ہے، وہ فرماتے ہیں کہ نوحہ اس وقت حرام ہے جب اس کے ساتھ کوئی فعل بھی شامل ہو جائے جیسے ضرب الوجوہ اور شق الجیوب وغیرہ، جمہور علماء مطلقاً نوحہ کو حرام کہتے ہیں۔

مصنف کا یہ کہنا مَا يُكْرَهُ مِنَ النِّيَاحَةِ عَلَى الْمَيِّتِ بظاہر اسی تفصیل کی طرف مشیر ہے جو حضرت امام احمد

Maktaba Tul Ishaat.com

سے نقل کی گئی ہے، فرماتے ہیں یہ باب میت پر اس نیاحت کے بیان میں ہے جو مکروہ ہے، معلوم ہوا کہ بعض انواعِ نوحہ مکروہ نہیں اور پھر بخاری نے آگے چل کر اس نوع مکروہ کی تعیین کی ہے اور حضرت عمرؓ کا اثر ذکر کر دیا، وَقَالَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ دَعْهُنَّ يَبْكِينَ عَلَى أَبِي سُلَيْمَانَ مَا لَمْ يَكُنْ نَقْعٌ أَوْ لَقْلَقَةٌ چھوڑ دو ان کو ابو سلیمان پر روئیں جب تک کہ نقع اور لقلقہ نہ ہو، یعنی جب تک سر پر غبار نہ ڈالیں، چیخ وپکار نہ کریں، حضرت عمرؓ کا یہ اثر عبد الرزاق، ابن سعد، حاکم، ابو عبید اور اسماعیل حربی وغیرہ نے موصولاً روایت فرمایا ہے۔

حضرت خالد بن ولیدؓ شام میں سن ۲۱ھ میں وفات پا گئے تھے جب اس کی اطلاع بنو مغیرہ کی عورتوں کو ہوئی جس خاندان کے ایک فرد فرید حضرت خالدؓ تھے تو وہ رونے لگیں، حضرت عمرؓ کو اطلاع کی گئی کہ بنو مغیرہ کی عورتیں حضرت خالد بن ولیدؓ کے مکان میں جمع ہو کر رو رہی ہیں اور ہمیں یہ بات ناپسند ہے کہ آپ کو اذیت پہنچے لہٰذا اگر آپ منع کر دیں تو بہتر ہو، اس پر حضرت عمرؓ نے ارشاد فرمایا مَا عَلَيْهِنَّ أَنْ يُهْرِقْنَ مِنْ دُمُوعِهِنَّ عَلَى أَبِي سُلَيْمَانَ سَجْلًا أَوْ سَجْلَيْنِ مَا لَمْ يَكُنْ نَقْعٌ وَلَا لَقْلَقَةٌ۔

وَالنَّقْعُ التُّرَابُ عَلَى الرَّأْسِ: نقع کی ایک تفسیر تو یہی کی گئی ہے سر پر مٹی ڈالنا، اور بعض نے کہا شق الجیوب، بعض نے کہا صوت لطم الخدود چہرہ پیٹنے کی جو آواز ہوتی ہے، بعض نے کہا صنیعة الطعام للمأتم جنازے کے لئے کھانا بنانا، بعض کہتے ہیں إنه رفع الصوت۔

وَاللَّقْلَقَةُ الصَّوْتُ: لقلقہ وہ آواز ہے جو چیخ اور پکار کے اندر ہوتی ہے۔

إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلَى أَحَدٍ: میری طرف دروغ گوئی اور میری طرف غلط بات منسوب کرنا کسی اور کی طرف بات منسوب کرنے جیسا نہیں ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر کسی اور کی طرف کوئی غلط بات منسوب کر دی جائے تو اس کا اثر بس نسبت کرنے والے تک ہوگا، اور اگر رسول پاک ﷺ کی طرف غلط بات منسوب کر دی جائے تو ایک شریعت بن جائے گی اور ہمیشہ کے لئے ایک غلط بات دین بن جائے گی، اس کا نقصان بڑا عظیم ہے۔

نیز گناہ کے اعتبار سے بھی فرق ہے، کسی اور کی طرف غلط بات منسوب کی جائے یہ اپنی جگہ حرام ہے لیکن اس کی حیثیت وہ نہیں جو حضور پاک ﷺ کی طرف غلط بات منسوب کرنے کی ہے، آپ کی طرف غلط بات منسوب کرنا یہ تو بڑا سخت گناہ ہے معصیت عظیمہ اور گناہ کبیرہ ہے، حتی کہ شیخ ابو محمد جوینی کہتے ہیں کہ یہ شخص

Maktaba Tul Ishaat.com

کافر ہو گیا اور ابو العلاء ہمدانی نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے، ابن ناصر فرماتے ہیں کہ اگر چہ تکفیر کا قول علماء کے یہاں ضعیف ہے غیر معتبر ہے لیکن بہر حال اس سے یہ ضرور اندازہ ہوتا ہے کہ کذب علی النبی کا درجہ بہت ہی سخت ہے اور یہی وہ روایت ہے جس کی طرف میں نے کتاب العلم میں اشارہ بھی کیا تھا۔

مَنْ نِيحَ عَلَيْهِ يُعَذَّبُ بِمَا نِيحَ عَلَيْهِ: جس میت پر جن اوصاف کے ذریعہ نوحہ کیا جائے گا ان پر عذاب ہو گا۔

(ص ١٧٢) بَاب

١٢٩٣۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ جِيءَ بِأَبِي يَوْمَ أُحُدٍ قَدْ مُثِّلَ بِهِ حَتَّى وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَقَدْ سُجِّيَ ثَوْبًا فَذَهَبْتُ أُرِيدُ أَنْ أَكْشِفَ عَنْهُ فَنَهَانِي قَوْمِي ثُمَّ ذَهَبْتُ أَكْشِفُ عَنْهُ فَنَهَانِي قَوْمِي فَأَمَرَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَرُفِعَ فَسَمِعَ صَوْتَ صَائِحَةٍ فَقَالَ مَنْ هَذِهِ؟ فَقَالُوا ابْنَةُ عَمْرٍو أَوْ أُخْتُ عَمْرٍو قَالَ فَلِمَ تَبْكِي؟ أَوْ لَا تَبْكِي فَمَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا حَتَّى رُفِعَ.

ترجمہ: باب۔ حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ احد کے دن میرے والد کی لاش لائی گئی، ان کو مثلہ کیا گیا تھا، لاش کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے رکھا گیا وہ کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے میں نے ان کو کھول کر دیکھنے کا ارادہ کیا تو میری قوم کے لوگوں نے مجھے منع کیا میں نے پھر کھول کر دیکھنا چاہا تو قوم نے پھر منع کیا پھر رسول اللہ ﷺ نے جنازہ اٹھانے کا حکم دیا چنانچہ جنازہ اٹھایا گیا لیکن اس وقت ایک چلانے والی عورت کی آواز آئی آپ نے دریافت فرمایا کہ یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ عمرو کی بیٹی یا بہن ہے آپ نے فرمایا کہ وہ کیوں روتی ہے؟ یا یہ فرمایا کہ اسے رونا نہیں چاہئے کیوں کہ فرشتے اپنے پروں سے ان پر سایہ کئے رہے یہاں تک کہ ان کو اٹھایا گیا۔

تشریح: یہ باب بلا ترجمہ ابو محمد اصیلی کے نسخہ میں واقع ہوا ہے، امام بخاری نے اس باب میں حضرت جابرؓ والی روایت ذکر کی ہے کہ ان کے والد جنگ احد میں شہید کر دیئے گئے اور ان کا مثلہ کیا گیا جب وہ لائے گئے تو ایک چادر سے ڈھانک دیا گیا میں نے آکر کے چہرہ کھولا تو میری قوم نے روکا اور منع کیا، رسول اکرم ﷺ نے ایک صائحہ کی آواز سنی تو پوچھا کون ہے؟ لوگوں نے کہا کہ عمرو کی بیٹی ہے، فرمایا فَلِمَ تَبْكِي أَوْ لَا تَبْكِي فَمَا زَالَتْ

Maktaba Tul Ishaat.com

اَلْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا معلوم ہوا کہ اگر محض رونا ہو اور آواز بلند ہو جائے تو یہ مضر نہیں ہے۔

گویا امام بخاری نے باب گزشتہ سے ممنوع صورت کو بیان کیا ہے اور باب بلاترجمہ سے مباح صورت کو بیان کرتے ہیں جس کی گنجائش ہے، اسی لئے میں نے یہ کہا تھا کہ امام بخاری بظاہر امام احمد کی اس روایت کے قائل معلوم ہوتے ہیں جس میں انہوں نے نوحہ کی تفصیل کی ہے کہ فی نفسہ نوحہ کی بعض انواع جائز ہیں اور حرام وہ صورت ہے جس کے ساتھ کوئی فعل ممنوع شامل ہو جائے جیسے ضرب الوجوہ، شق الجیوب وغیرہ، اور حنابلہ کی کتابوں سے کچھ تفصیل ہی معلوم ہوتی ہے، نیل المارب وغیرہ میں لکھا ہوا ہے کہ میت پر قبل الموت وبعد الموت رونا جائز ہے اور اکثر احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے، لیکن ندبہ کرنا اور وہ یہ کہ محاسن میت کو شمار کر کے رویا جائے اور اس میں وا کا لفظ ہو اور اخیر میں ہاء ہو جیسے واجبلاہ، واسیداہ، وارجلاہ یہ حرام ہے، اسی طرح سے نیاحت اور رفع صوت بھی حرام ہے۔

(ص ١٧٢) بَاب لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوب

١٢٩٤. حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ الْيَامِيُّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الْخُدُودَ وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ.

ترجمہ: باب، حضور ﷺ کے اس فرمان کا بیان کہ جو گریبان چاک کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ وہ ہم میں سے نہیں ہے جو گالوں پر تھپڑ مارے، گریبان چاک کرے اور جاہلیت کے دور والی باتیں کریں۔

تشریح: حضور اکرم ﷺ نے متعدد اعمال کے متعلق یوں فرمایا ہے کہ جس نے ان کا ارتکاب کیا وہ ہم میں سے نہیں ہے، امام بخاری سب کو ایک ترجمہ میں ذکر فرماسکتے تھے لیکن ہر ایک کے لئے الگ الگ مستقل ترجمہ منعقد کیا ہے لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوبَ، لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ اور بَاب مَا يُنْهَى مِنَ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ، ان سب پر الگ الگ ترجمہ منعقد کر کے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ حضور ﷺ کا مقصود اس قول سے ایسا کرنے والے سے براءت کا اظہار اور بیزاری کا بیان کرنا ہے، اور یہ تبری اور اظہار بیزاری ان افعال کے مجموعہ پر موقوف نہیں بلکہ ان میں سے کسی ایک کا بھی ارتکاب کرنا نعوذ باللہ

Maktaba Tul Ishaat.com

حضور اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی تبری اور بیزاری کے لئے کافی اور مثبت ہے۔

حضور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کا لیس منا فرمانا بالکل اپنے ظاہر پر ہے، سفیان بن عیینہ اور سفیان ثوری وغیرہ احادیث کی تاویل لیس علی طریقتنا وغیرہ کرنے کو پسند نہیں فرماتے تھے، اس لئے کہ اس کا مقصود تو زجر ہے اور اس تاویل مذکور پر یہ مقصود بدرجۂ اتم حاصل نہیں ہوگا گو مراد یہی ہے، اس لئے کہ ان افعال وجرائم کا مرتکب اگر مُستحِلّ ہے تب تو وہ اس سے ایمان سے خارج ہو جائے گا اور اگر مستحل نہیں ہے تو معاصی کا مرتکب ہے اور ارتکاب معاصی کی وجہ سے آدمی دائرۂ ایمان سے خارج نہیں ہوتا ہے مگر چونکہ یہ افعال اہل جاہلیت کا شعار ہیں لہٰذا ان امور جاہلیہ کا ارتکاب کرنے والا صورۃً مسلمانوں میں سے نہیں رہے گا، یہ ہے لیس منا کا مطلب۔

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الْخُدُودَ الخ: جو اپنا منہ پیٹے، گریبان چاک کرے اور دعویٰ جاہلیت کو پکارے وہ ہم میں سے نہیں ہے، دعویٰ جاہلیت جیسے واویلا اور واثبورا، اور اسی طرح اہل جاہلیت کی طرح ندبہ کرنا واجبلاہ، واسیداہ، وارجلاہ۔

(ص ۱۷۳) بَابُ رِثَاءِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم سَعْدَبْنَ خَوْلَةَ

۱۲۹۵. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُودُنِي عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِي فَقُلْتُ إِنِّي قَدْ بَلَغَ بِي مِنَ الْوَجَعِ وَأَنَا ذُو مَالٍ وَلَا يَرِثُنِي إِلَّا ابْنَةٌ أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِي؟ قَالَ لَا فَقُلْتُ بِالشَّطْرِ؟ فَقَالَ لَا ثُمَّ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ أَوْ كَثِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي؟ قَالَ إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً ثُمَّ لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ اللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ لَكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ ابْنُ خَوْلَةَ يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ.

ترجمہ: باب، سعد بن خولہؓ پر نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے افسوس کرنے کا بیان۔

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم حجۃ الوداع کے موقع پر میری اس بیماری پر مزاج پرسی کے لئے

Maktaba Tul Ishaat.com

آئے تھے جو بڑھ گئی تھی، میں نے عرض کیا کہ میری بیماری زیادہ ہوگئی ہے میں مال والا ہوں اور میری وارث صرف میری ایک بیٹی ہے تو کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کردوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں، میں نے کہا کہ آدھا مال خیرات کردوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں، پھر فرمایا کہ تہائی خرچ کرنا کافی ہے اور تہائی بھی بڑی خیرات ہے یا بہت خیرات ہے، بے شک یہ بات کہ تم اپنے ورثہ کو مالدار چھوڑ جاؤ بہتر ہے اس سے کہ تم ان کو محتاج چھوڑ دو کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں اور بے شک تم اللہ کی رضا کے لئے جو بھی خرچ کروگے تمہیں اس کا اجر دیا جائے گا یہاں تک کہ بیوی کے منھ میں لقمہ دینا بھی قابل اجر ہے پھر میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیا میں اپنے ساتھیوں کے چلے جانے کے بعد یہاں رہ جاؤں گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک تم یہاں رہ کر جو بھی نیک عمل کروگے اس سے تمہارا درجہ بلند ہوگا، پھر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم بعد تک زندہ رہوگے یہاں تک کہ بہت سے تم سے فائدہ اٹھائیں گے اور بہت سوں کو نقصان ہوگا، اے اللہ میرے اصحاب کی ہجرت کو مکمل فرما، ان کو الٹے پاؤں نہ لوٹا، لیکن افسوس تو سعد بن خولہؓ کا حال ہے، راوی کہتا ہے کہ حضور ﷺ سعد بن خولہؓ پر افسوس کرتے تھے کہ ان کا انتقال مکہ ہی میں ہوا۔

تشریح: رِثاء راء کے کسرہ کے ساتھ مصدر ہے رثا یرثو سے، کہا جاتا ہے رثیتُ المیت رثاء و مرثیۃ جب میت کے محاسن و مفاخر کو شمار کیا جائے، اور اگر اس کو رثیث لہ لام کے صلہ کے ساتھ استعمال کیا جائے تو معنی ہونگے اس کے حال پر رنجیدہ ہونے اور رحم کھانے کے، رثیث لہ أی تحزّنتُ علیہ و رحمتہ۔

امام بخاری نے اس باب میں جو روایت ذکر کی ہے وہ یہ ہے کہ حضور پاک ﷺ نے حضرت سعد بن خولہؓ کے بارے میں ارشاد فرمایا لٰکِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ، راوی کہتے ہیں یَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ حضور پاک ﷺ ان کے اوپر اظہارِ تحزن فرما رہے ہیں کہ ان بیچارے کی وفات مکہ ہی میں ہوگئی اور دار الہجرۃ مدینہ میں ان کی وفات نہیں ہوسکی۔

امام اسماعیلی نے امام بخاری پر یہ اعتراض فرمایا ہے کہ حدیث پاک میں رثاء کا لفظ تحزن و توجع کے معنی میں مستعمل ہے یعنی میت کے حال پر رنج و غم کا اظہار کرنا، اور ترجمہ میں جو لفظ رثاء ذکر فرمایا ہے وہ تو مرثیہ سے ہے جو محاسن میت کے شمار کرنے کے معنی میں ہے، تو ان کا یہ دعوی روایت الباب سے ثابت نہیں ہوسکتا ہے؟

اسماعیلی کے اعتراض کا خلاصہ یہ ہے کہ امام بخاری نے یہ سمجھ لیا کہ یہ لفظ متعدی بنفسہ ہو یا متعدی بحرف اللام ہو بہر صورت ایک ہی معنی میں مستعمل ہوتا ہے یعنی محاسن میت کو شمار کرنا، حالانکہ متعدی بنفسہ اور متعدی بحرف اللام دونوں کے معنی میں فرق ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے رثاء بول کر کے مرثیہ یعنی محاسن میت کو شمار کرنا مراد نہیں لیا جس کی احادیث میں ممانعت وارد ہوئی ہے چنانچہ مسند احمد، ابن ماجہ اور متدرک حاکم میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ سے ایک روایت منقول ہے نَهَى رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنِ الْمَرَاثِي، یعنی میت کے محاسن ومفاخر شمار کرنے سے (انسان کو جو اور زیادہ رنج وغم پر برانگیختہ کرتا ہے اس سے) حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے، بلکہ ان کی مراد وہی ہے جو حدیث سے سمجھ میں آتی ہے یعنی کسی کے حالِ زار پر رنج وغم اور حزن وقلق کا اظہار کرنا، اور مقصد یہ ہے کہ اگر کسی آدمی کا تذکرہ اس طور پر کیا جائے کہ اس سے رنج وغم اور درد وحزن کا اظہار کیا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور یہ رثاء جاہلیت میں داخل نہیں۔

علامہ قسطلانی کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ مرثیہ کی دو شکلیں ہیں، ایک یہ کہ میت کی خوبیاں اور محاسن بیان کردی جائیں، دوسرے یہ کہ اہل جاہلیت کے طرز پر مرثیہ گوئی کی جائے اور ایسے مفاخر اور محاسن تراشے جائیں جو میت میں تھے ہی نہیں جیسے اہل جاہلیت کرتے تھے واسیداہ، واجبلاہ، وارجلاہ وغیرہ، تو فی نفسہ مرثیہ گوئی مباح ہے جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر صحابہ نے مراثی کہے ہیں، اسی طرح سے صحابہ کی وفات پر بعض لوگوں نے مرثیہ کہے ہیں، ہاں مرثیہ کی وہ صورت جو اہل جاہلیت کا شعار تھا اس سے منع فرمایا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ محاسن میت کو صرف شمار کردینا منہی عنہ نہیں ایسا تو حدیث میں بھی وارد ہوا ہے، ہاں ایسے طور پر محاسن میت کو بیان کرنا جو اہل جاہلیت کا شعار ہے وہ ہے ممنوع۔

مگر اس صورت میں ایک کھلا اشکال اور آئے گا کہ روایت میں میت کی کوئی خوبی نہیں بیان کی گئی ہے بلکہ اس کے حال پر رنج وغم کا اظہار کیا گیا ہے کہ بیچارا دار ہجرت میں وفات نہیں پاسکا بلکہ جس جگہ کو چھوڑ کر گیا تھا وہیں اس کی وفات ہوگئی۔

لامحالہ پہلی ہی بات کی طرف عود کرنا پڑے گا اور یہ کہنا پڑے گا کہ امام بخاری نے اس باب میں رثاء سے محاسن میت کے بیان کرنے کو مراد نہیں لیا ہے بلکہ رثی لہ مراد لیا ہے یعنی میت کے حال پر اظہار غم میں کوئی مضائقہ نہیں۔

كَانَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَعُودُنِي عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: مسلم میں بھی يَعُودُ فِيْ عَامِ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وارد ہوا ہے، بظاہر يَعُودُنِي نون کے ساتھ ہونا چاہئے تھا ویسے دونوں صحیح ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ حجۃ الوداع کے سال بیمار ہو گئے تو آپ ﷺ ان کی عیادت کیلئے تشریف لائے۔

حجۃ الوداع کے نام: اس سے یہ معلوم ہوا کہ حجۃ الوداع کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں، حضور ﷺ نے جو حج کیا ہے اس کے مختلف نام ہیں، (۱) حجۃ الاسلام اس لئے کہ آپ کا سب سے پہلا اسلامی فریضۂ حج ہے، (۲) حجۃ التمام اس لئے کہ اس حج میں آپ پر اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي نازل ہوئی، (۳) حجۃ البلاغ اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ نے حج میں تقریر فرمائی اور فرمایا ألا هل بلّغت؟ اور لوگوں کو تبلیغ کا امر فرمایا، (۴) حجۃ الوداعؑ، اس لئے کہ جناب رسول اکرم ﷺ نے اس میں ایسے الفاظ ارشاد فرمائے جن سے معلوم ہوتا تھا کہ بس آپ امت کو رخصت کر رہے ہیں کبھی فرمایا لَعَلِّي لَا أَلْقَاكُمْ بَعْدَ عَامِي هَذَا کبھی فرمایا لَعَلِّي لَا أَلْقَاكُمْ بَعْدَ مَقَامِي هَذَا شاید میں تمہیں بعد میں اس جگہ نہ ملوں، شاید میں تمہیں اس سال کے بعد نہ ملوں۔

حجۃ الوداع کہنے میں اختلاف ہے، جمہور کہتے ہیں کہ کوئی مضائقہ نہیں، حضرت ابن عباسؓ کی طرف کراہت نقل کی جاتی ہے، یہی بعض شافعیہ کا قول ہے اور حنابلہ کی کتابوں میں امام احمد سے مذکور ہوا ہے لیکن یہ قول ضعیف ہے، امام نووی وغیرہ نے اس کی تردید کی ہے کہ حضرات صحابہ نے حجۃ الوداع کہا ہے۔

فَقُلْتُ إِنِّي قَدْ بَلَغَ بِي مِنَ الْوَجَعِ: میرا مرض اس حال پر پہنچا ہوا ہے یعنی انتہائی درجہ پر جو جناب والا کو معلوم ہے اور میں مال والا ہوں اور میری صرف ایک بیٹی وارث ہے، کیا میں دو ثلث مال صدقہ کر دوں؟ آپ نے فرمایا نہیں، کہا کہ آدھا؟ فرمایا کہ نہیں، عرض کیا کہ ایک ثلث؟ فرمایا کہ ثلث کر دو یہ بھی بہت بڑا ہے یا بہت زیادہ ہے۔

إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ: أن ناصبہ بھی ہو سکتا ہے اور إن شرطیہ بھی ہو سکتا ہے۔

مقصد یہ ہے کہ تم اپنے ورثاء کو اپنے بعد اغنیاء چھوڑو یہ بہتر ہے کہ وہ عال ہوں، عالة عائل کی جمع ہے لوگوں سے ہاتھ پھیلا کر مانگتے ہوں، پھر اس کے بعد آپ نے فرمایا إِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا جو بھی تم اللہ کی رضا کے لئے خرچ کرو گے اللہ تم کو اس پر اجر دیں گے حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ حتی کہ اپنی بیوی کے منھ میں جو لقمہ دو گے اس پر بھی ثواب ملے گا۔

إنک لن تخلّف کے دو مطلب: بس حضرت سعدؓ حضور اکرم ﷺ کے اس کلام سے سمجھ

Maktaba Tul Ishaat.com

گئے کہ اس مرض میں وفات نہیں ہوگی زندگی عطا ہوگی، چنانچہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي؟ حضور میں اپنے اصحاب کے بعد بھی کیا زندہ رہوں گا؟ حضور نے فرمایا إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا، یہ جو ہم نے مطلب بیان کیا ہے أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي کا، یہ ایک مطلب ہے جو بعض علماء ابن عبد البر وغیرہ نے بیان کیا ہے۔

لیکن صحیح مطلب یہ ہے کہ حضرت سعدؓ کو یہ خطرہ تھا کہ کہیں میں مکہ ہی میں نہ رہ جاؤں اور یہیں میری وفات نہ ہو جائے انہوں نے پوچھا أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي کیا یہاں میں اپنے ساتھیوں کے بعد پیچھے رہ جاؤں گا؟ چنانچہ بعض روایات میں وارد ہے سعدؓ نے فرمایا کہ مجھے یہ خوف ہے کہ کہیں میں اس زمین میں نہ مر جاؤں جہاں سے میں ہجرت کر کے گیا تھا، نبی پاک ﷺ نے جواب دیا کہ ایسا ہوگا نہیں، اور پھر ارشاد فرمایا لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ شاید تم پیچھے ڈال دیئے جاؤ یعنی تمہاری عمر دراز ہو جائے حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ ایک قوم کو تم سے نفع ہو اور دوسروں کو ضرر پہونچے، انہوں نے تو تخلف کے معنی اور لئے اور حضور پاک ﷺ نے معنی اور لئے، سعدؓ نے تو معنی یہ لئے تھے کہ میں اپنے ساتھیوں کے بعد پیچھے رہ جاؤں گا کہ ساتھی چلے جائیں گے اور میں مکہ ہی میں رہ جاؤں گا، حضور ﷺ نے سعدؓ سے کہہ دیا کہ تمہاری عمر دراز ہوگی بعد میں تم کو زندگی ملے گی حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ أی المسلمون وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ أی المشركون والكفار، پھر آپ نے دعاء کی اَللّٰهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ اے اللہ میرے اصحاب کے لئے ان کی ہجرت نافذ فرما، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى أَعْقَابِهِمْ ان کو الٹے قدم نہ لوٹا، لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ لیکن سعد بن خولہ کا حال رنج والا ہے، ابن شہاب کہتے ہیں يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، یہ ابن شہاب کا مقولہ ہے کما قاله الطيالسي۔

أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ: اس وجہ سے کہ وہ مکہ میں مر گئے، حضرت سعد بن خولہؓ نے ہجرت کی تھی یا نہیں؟ بعض کہتے ہیں کہ ہجرت نہیں کی اور حضور ﷺ کا یہ کلام مذمت ہے لیکن یہ قول صحیح نہیں ہے، راوی حدیث کہتے ہیں يَرْثِي لَهُ اور رثاء لہ کہتے ہیں کسی کے حال زار پر رنج کا اظہار کرنا بطور رحمت کے، مشہور یہ ہے کہ انہوں نے ہجرت کی حتی کہ امام بخاری نے ان کو ان لوگوں میں شمار کیا ہے جو جنگ بدر میں شریک ہوئے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۷۳) بَاب مَا يُنْهَى مِنَ الْحَلْقِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ

۱۲۹٦. وَقَالَ الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَابِرٍ أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَيْمِرَةَ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوسَى قَالَ وَجِعَ أَبُو مُوسَى وَجَعًا شَدِيدًا فَغُشِيَ عَلَيْهِ وَرَأْسُهُ فِي حَجْرِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهَا شَيْئًا فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ أَنَا بَرِيءٌ مِمَّنْ بَرِئَ مِنْهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ بَرِئَ مِنَ الصَّالِقَةِ وَالْحَالِقَةِ وَالشَّاقَّةِ.

ترجمہ: باب، مصیبت کے وقت سر منڈانے کی ممانعت کا بیان۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کے صاحبزادے ابو بردہ نے بیان کیا کہ ایک بار ابو موسیٰؓ بیمار ہوئے اور بے ہوش ہو گئے، ان کا سر ان کی ازواج میں سے ایک زوجہ کی گود میں تھا، (اس نے چیخ ماری) اس حال میں وہ اس عورت کو کچھ کہہ نہ سکے، پھر جب ان کو ہوش آیا تو فرمایا کہ میں ان چیزوں سے بری ہوں جن سے اللہ کے رسول ﷺ نے براءت ظاہر کی ہے بے شک اللہ کے رسول ﷺ نے (مصیبت کے وقت) شور مچانے والی، سر منڈانے والی اور کپڑے پھاڑنے والی عورت سے براءت ظاہر کی ہے۔

تشریح: یعنی مصیبت کے وقت حلق راس ممنوع ہے۔

حلق راس کی چار صورتیں ہیں، (۱) ایام منیٰ میں حلق کرانا یہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے، (۲) کسی بیماری کی وجہ سے حلق کرانا جیسے سر میں جوئیں پڑ جائیں یہ بھی کتاب و سنت سے ثابت ہے، (۳) آدمی کسی مصیبت کے اظہار کے لئے حلق راس کرے جیسے تم نے ہندوستان کے بت پرستوں اور مشرکین کو دیکھا ہو گا کہ جب ان کا کوئی مر جاتا ہے تو وہ چار عضو پر صفایا کرا لیتے ہیں سر، ڈاڑھی، مونچھ اور ابرو، سب کچھ صفایا کرا کے منڈے سنڈے بن جاتے ہیں یہ صورت حرام اور ناجائز ہے اس لئے کہ یہ صورۃً اللہ تعالیٰ شانہ کی شکایت ہے ایسا کرنے والے سے حضور اکرم ﷺ نے براءت کا اظہار فرمایا ہے، (۴) تعبّد و تزہّد کے طور پر جیسے بعض سلسلوں میں سر منڈانے کا عرف ہے، علامہ ابن تیمیہ نے اس پر نکیر کی ہے اور فرماتے ہیں کہ تعبد و تزہد کا اس فعل سے کوئی تعلق نہیں نہ سلف صالح میں اس کی کوئی اصل ہے۔

(۵) بلا کسی سبب کے بال نہ رکھنا جیسا کہ اب عام طور سے سر منڈانے کا دستور ہو گیا ہے یہ کیسا ہے؟

اس سلسلہ میں اختلاف ہے، امام مالک مکروہ کہتے ہیں، امام شافعی مباح کہتے ہیں، احمد کی دونوں روایتیں ہیں، حنفیہ کے قدماء کیا کہتے ہیں اللہ جانے، باقی امام طحاوی حلق کو ترجیح دیتے ہیں، علامہ زندوستی نے روضۃ العلماء

Maktaba Tul Ishaat.com

میں حلق اور اسی طرح فرق دونوں کو برابر برابر درجہ میں ذکر کیا ہے، اور روایت پر نظر کرنے والا یہ فیصلہ کرے گا کہ نسک الحج والعمرۃ میں تو حلق سنت ہے اور اس کے ماسوا میں فرق سنت ہے یعنی بال رکھنا، مانگ نکالنا، اور اگر مانگ نہ نکالے تو سدل کر سکتا ہے، بہرحال عام سنت نبویہ بال رکھنے کی ہے اگر کوئی اتباع رسول اکرم ﷺ رکھتا ہے وقلیل ماھم، اور اگر کوئی زینت کے لئے رکھے یا کوئی آدمی اپنی شکل بنانے کے لئے رکھے یا کوئی اپنے کو دکھانے کے لئے رکھے کوئی کسی اور وجہ سے رکھے یہ سب جائز تو ہے مگر رسول پاک ﷺ کی سنت تو اور چیز ہے۔

وَقَالَ الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى: یہ حدیث تمام نسخ بخاری میں معلق ہے صرف ابو الوقت کے نسخہ میں 'حدثنا' واقع ہوا ہے، لیکن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ وہم ہے اس لئے کہ جن حضرات نے مشائخ بخاری کو جمع کیا ہے انہوں نے حکم بن موسیٰ کو ان کے مشائخ میں شمار نہیں کیا ہے اس لئے اکثر حضرات کی روایت بصورت تعلیق ہی ارجح ہے اور یہی روایت امام مسلم نے اپنی صحیح میں موصولاً تخریج کی ہے۔

مِنَ الصَّالِقَةِ وَالْحَالِقَةِ وَالشَّاقَّةِ: صالقہ ماخوذ ہے صلق سے آواز بلند کرنا اور بعضوں نے کہا ہے ضرب وجہ یعنی منہ پیٹنے کو، حالقہ سر منڈا دینے والی، ہندوؤں میں یہ رسم ہے کہ ان کی عورتیں مصیبت کے وقت سر منڈا دیتی ہیں، والشاقۃ اور گریبان چاک کرنے والی۔

(ص ۱۷۳) بَاب لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ

۱۲۹۷. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ.

ترجمہ: باب، جو گالوں کو پیٹے وہ ہم میں سے نہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو گالوں کو پیٹے، گریبان پھاڑے اور جاہلیت کے دور کی باتیں کرے وہ ہم میں سے نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٧٣) بَاب مَا يُنْهَى مِنْ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ

١٢٩٨. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ.

ترجمہ: باب، حدیث گزر چکی ہے۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ مصیبت کے وقت ویل اور ثبور کو پکارنا، واویلاہ اور واثبوراہ کہنا اور دعوی جاہلیت یعنی جاہلیت کے کلمات بولنا یہ سب ناجائز اور ممنوع ہے، جاہلیت کے کلمات جیسے واجبلاہ، واسیداہ وغیرہ کہنا۔

(ص ١٧٣) بَاب مَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ

١٢٩٩. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى قَالَ أَخْبَرَتْنِي عَمْرَةُ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا جَاءَ النَّبِيَّ ﷺ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٍ وَابْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ وَأَنَا أَنْظُرُ مِنْ صَائِرِ الْبَابِ شَقِّ الْبَابِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ وَذَكَرَ بُكَاءَهُنَّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ لَمْ يُطِعْنَهُ فَقَالَ انْهَهُنَّ فَأَتَاهُ الثَّالِثَةَ قَالَ وَاللَّهِ لَقَدْ غَلَبْنَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَزَعَمَتْ أَنَّهُ قَالَ فَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ فَقُلْتُ أَرْغَمَ اللَّهُ أَنْفَكَ لَمْ تَفْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَلَمْ تَتْرُكْ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ مِنَ الْعَنَاءِ.

١٣٠٠. حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ شَهْرًا حِينَ قُتِلَ الْقُرَّاءُ فَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ حَزِنَ حُزْنًا قَطُّ أَشَدَّ مِنْهُ.

ترجمہ: باب، مصیبت کے موقع پر چہرے سے غم ظاہر ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب نبی ﷺ کے پاس زید بن حارثہؓ، جعفر بن ابی طالبؓ اور عبد اللہ بن رواحہؓ کی شہادت کی خبر آئی تو آپ اس طرح تشریف فرما ہوئے کہ آپ پر رنج معلوم ہو رہا تھا، میں دروازے کی دراز سے دیکھ رہی تھی، اسی دوران ایک شخص آپ کے پاس آیا اور اس نے جعفر بن ابی طالبؓ کے گھر کی عورتوں کے رونے کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ ان عورتوں کو منع کر دو، وہ شخص گیا پھر دوبارہ آیا اور کہا کہ عورتوں نے اس کی بات نہیں مانی، آپ ﷺ نے فرمایا ان کو روکو، وہ

Maktaba Tul Ishaat.com

تیسری بار حضور ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول! وہ ہم پر غالب آگئیں، حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ حضور نے اب یہ فرمایا کہ ان کے منہ میں خاک ڈال دو، تو میں نے (دل میں) کہا کہ اللہ تیری ناک خاک آلود کرے، جس چیز کا اللہ کے رسول نے تجھے حکم دیا تھا وہ تو تجھ سے ہوا نہیں اور پھر اللہ کے رسول کو (سنا کر) مبتلائے مشقت بھی کر رہا ہے۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ جب قراء کی جماعت کو شہید کیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے ایک ماہ قنوت پڑھا، میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس سے زیادہ سخت غمگین کبھی نہیں دیکھا۔

تشریح: علامہ زین بن منیر کی رائے پر امام بخاری یہ بیان کرنا چاہتے ہیں کہ مصیبت کے وقت آدمی کو معتدل راستہ اختیار کرنا چاہئے، نہ تو رنج و غم کے اظہار میں افراط کرے کہ حدود شریعت سے تجاوز کر جائے اور شق جیوب اور لطم خدود وغیرہ کرنے لگے، اور نہ بہت زیادہ سختی کا اظہار کرے حتی کہ قساوت کے حدود تک پہنچ جائے بلکہ رسول پاک ﷺ کا اتباع کرے وقار سے اس طرح بیٹھ جائے کہ ظاہر سے رنج و غم معلوم ہو رہا ہو لیکن حرکات سے کوئی بات ظاہر نہ ہو رہی ہو۔

لَمَّا جَاءَ النَّبِيَّ ﷺ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ الخ: حضور اکرم ﷺ نے غزوۂ موتہ میں سیدنا زید بن حارثہؓ کو امیر لشکر بنا کر بھیجا تھا اور یہ فرمایا تھا کہ اگر زید شہید ہو جائیں تو جعفر بن ابی طالب امیر لشکر ہوں گے اور اگر وہ بھی شہید ہو جائیں تو عبد اللہ بن رواحہ امیر ہوں گے اور اگر وہ بھی شہید ہو جائیں تو مسلمان منتخب کر لیں، مسلمانوں نے یہ سمجھ لیا تھا کہ بہر حال ان تینوں کی شہادت ہونی ہے اور جب یہ شہید ہو گئے اس کے بعد سالار لشکر باتفاق رائے حضرت خالد بن ولیدؓ قرار پائے۔

جَلَسَ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ: رسول اکرم ﷺ بیٹھے اس طور پر کہ اندازہ ہو رہا تھا کہ آپ کو رنج ہے۔

وَأَنَا أَنْظُرُ مِنْ صَائِرِ الْبَابِ: اور میں دروازے کی دراڑ سے دیکھ رہی تھی، صائر امام مازری کہتے ہیں کہ اسی طرح سے صحیحین میں وارد ہوا ہے لیکن صواب صِیْر ہے بکسر الصاد وسکون الیاء جس کے معنی شق الباب یعنی دراڑ کے ہیں، اور علامہ ابن جوزی فرماتے ہیں کہ صائر اور صِیْر دونوں ہم معنی ہیں۔

فَأَتَاهُ رَجُلٌ: یعنی ایک آدمی نے حضور ﷺ کی خدمت میں آکر حضرت جعفر بن ابی طالبؓ کے گھر والی عورتوں کا شکوہ کیا کہ وہ رونے میں مصروف ہیں، آپ نے فرمایا کہ جاؤ ان کو منع کر دو وہ گیا اور کہنے لگا لَمْ يُطِعْنَهُ، آپ نے فرمایا کہ منع کر دو، سہ بارہ وہی بات آکر کہی اور کہنے لگا وَاللهِ لَقَدْ غَلَبْنَنَا يَا رَسُولَ اللهِ، نبی اکرم

Maktaba Tul Ishaat.com

ﷺ نے فرمایا فَاحثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ ان کے منہ میں مٹی بھر دو، حضرت عائشہؓ ناراض ہو گئیں اور کہنے لگیں اللہ تیری ناک خاک آلود کرے وہ بات تو تو کر سکتا نہیں جس کا تجھ کو حکم دے رہے ہیں اور آنحضور ﷺ کو خواہ مخواہ مشقت میں ڈال رہا ہے۔

نساء جعفر نے جو اس کی اطاعت نہیں کی غالب گمان یہ ہے کہ اس نے حضرت سرور عالم ﷺ کا پیغام نہیں سنایا بلکہ اپنے طور پر اس نے منع کیا، انہوں نے یہ سمجھا کہ یہ آدمی ویسے ہی اپنی طرف سے خواہ مخواہ اس کا اظہار کر رہا ہے اس لئے اس کی بات نہیں مانی، ورنہ یہ بعید ہے کہ آل بیت رسول ﷺ حضرت رسول اکرم ﷺ کی اطاعت و فرماں برداری نہ کریں۔

حضور ﷺ نے ان کو جو منع کرایا تھا اس کی وجہ کیا ہے؟ اس میں دو احتمال ہیں، ہو سکتا ہے کہ کچھ حدودِ عدم جواز میں ان کا فعل داخل ہو گیا ہو، اور ہو سکتا ہے کہ ہو تو حدودِ جواز میں لیکن آپ نے اس لئے منع کرایا ہو کہ کہیں نہ کہنے میں ایسا نہ ہو جائے کہ شریعت کو پھاند کر ناجائز میں پڑ جائیں اور آگے ترقی کر کے نوحہ کی شکلیں اختیار کر لیں، بہر حال یہ حدیث اس بات کی طرف مشیر ہے کہ نوحہ وغیرہ کرنا جائز نہیں ہے اور حضور ﷺ نے یہاں تک فرما دیا کہ ان کے منہ میں مٹی بھر دو۔

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ: حضور ﷺ کے متعلق فرماتے ہیں کہ جتنا آپ قراء کی شہادت پر غمگین ہوئے اس سے پہلے کبھی بھی اتنے غمگین نہیں ہوئے۔

(ص ١٧٣) بَاب مَنْ لَمْ يُظْهِرْ حُزْنَهُ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ الْجَزَعُ الْقَوْلُ السَّيِّئُ وَالظَّنُّ السَّيِّئُ وَقَالَ يَعْقُوبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ﴿إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ﴾

١٣٠١ . حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ اشْتَكَى ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ قَالَ فَمَاتَ وَأَبُو طَلْحَةَ خَارِجٌ فَلَمَّا رَأَتِ امْرَأَتُهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ هَيَّأَتْ شَيْئًا وَنَحَّتْهُ فِي جَانِبِ الْبَيْتِ فَلَمَّا جَاءَ أَبُو طَلْحَةَ قَالَ كَيْفَ الْغُلَامُ قَالَتْ قَدْ هَدَأَتْ نَفْسُهُ وَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ قَدِ اسْتَرَاحَ وَظَنَّ أَبُو طَلْحَةَ أَنَّهَا صَادِقَةٌ قَالَ فَبَاتَ فَلَمَّا أَصْبَحَ اغْتَسَلَ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ

Maktaba Tul Ishaat.com

يَخْرُجَ أَعْلَمَتْهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ فَصَلَّى مَعَ النَّبِيِّ ﷺ ثُمَّ أَخْبَرَ النَّبِيَّ ﷺ بِمَا كَانَ مِنْهُمَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لَعَلَّ اللهَ أَنْ يُبَارِكَ لَكُمَا فِي لَيْلَتِكُمَا قَالَ سُفْيَانُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ فَرَأَيْتُ لَهُمَا تِسْعَةَ أَوْلَادٍ كُلُّهُمْ قَدْ قَرَأَ الْقُرْآنَ.

ترجمہ: باب، اگر کوئی شخص مصیبت کے وقت غم ظاہر نہ کرے تو اس کا کیا حکم ہے؟

محمد بن کعب قرظی کہتے ہیں کہ جزع کے معنیٰ ہیں زبان سے بری بات کہنا اور اللہ کے ساتھ برا گمان رکھنا، حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا میں اپنی بے قراری اور غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ابوطلحہؓ کا ایک بیٹا بیمار ہوا، حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ پھر وہ انتقال کر گیا اس وقت ابوطلحہؓ باہر تھے جب ان کی اہلیہ نے دیکھا کہ وہ انتقال کر چکا ہے تو انہوں نے کچھ (کھانا) تیار کیا اور بچہ کو گھر کے ایک کونے میں کر دیا جب ابوطلحہؓ آئے تو انہوں نے دریافت کیا کہ لڑکا کیسا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ وہ پر سکون ہو گیا ہے (یہاں 'نفسہ' فاء کے فتحہ کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اس وقت معنی یہ ہوں گے کہ سانس پُر سکون ہو گیا ہے) اور مجھے امید ہے کہ وہ آرام سے ہے ابوطلحہؓ نے یہی سمجھا کہ وہ سچ کہہ رہی ہے، راوی کا بیان ہے کہ ابوطلحہؓ اس رات (اہلیہ کے ساتھ) سوئے پھر جب صبح ہوئی تو غسل کیا پھر جب باہر جانے کا ارادہ کیا تو بیوی نے بتایا کہ بچہ اللہ کو پیارا ہو گیا ہے، ابوطلحہؓ نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی اور حضور کو اپنے اور بیوی کے درمیان جو پیش آیا اس کی خبر دی، حضور ﷺ نے فرمایا شاید اللہ اس رات میں تم دونوں کو برکت دے، سفیان کہتے ہیں کہ ایک انصاری شخص نے سنایا کہ میں نے ان دونوں کے نو بچے دیکھے سب کے سب قرآن کے قاری تھے۔

تشریح: امام بخاری نے پہلے یہ بتلایا تھا کہ اگر آدمی اس طور پر بیٹھے جس سے وقار کے ساتھ ساتھ رنج کا اظہار ہوتا ہو تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے، اب دوسری شکل بیان کر رہے ہیں کہ اگر آدمی کسی مصیبت کے وقت بہت ہی زیادہ اپنی طبیعت پر قابو کرے اور کنٹرول کرے حتی کہ رنج و غم کا کوئی ظہور نہ ہو تو سنت میں اس کی بھی اصل موجود ہے، چنانچہ جب حضرت ام سلیمؓ کے صاحب زادے کی وفات ہو گئی تو انہوں نے ایسا حال بنالیا کہ حضرت ابوطلحہؓ کو بھی جو ان کے خاوند تھے پتہ چل نہیں پایا، اور جب حضور اکرم ﷺ کو صورت حال کی اطلاع ہوئی تو آپ نے ام سلیمؓ کے اس فعل پر کوئی نکیر نہیں کی، معلوم ہوا کہ ایسا کرنا بھی جائز ہے، باقی رہی یہ بات کہ آیا پہلی صورت اولیٰ ہے یا دوسری صورت؟ اس میں دونوں احتمال ہیں۔

اگر اس بات پر نظر کی جائے کہ پہلی صورت رسول اکرم ﷺ کا فعل ہے تو وہ افضل ہوگا، اور اگر یہ دیکھا جائے کہ دوسری صورت میں صبر زیادہ ہوتا ہے لہذا اس میں اجر زیادہ ہوگا تو دوسری شکل اولیٰ وافضل ہوگی اور

Maktaba Tul Ishaat.com

رسول پاک ﷺ کا فعل بیان جواز پر محمول کیا جائے گا۔

میرے دل میں یہ آتا ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے جو کچھ کیا وہ تو ہے اولیٰ وافضل اور باقی صحابیہ نے جو کچھ کیا اور رسول پاک ﷺ نے اس پر تقریر فرمائی اس سے دوسری صورت کا جواز نکلتا ہے۔

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ: محمد بن کعب قرظی فرماتے ہیں کہ جزع کہتے ہیں بری بات کہنا اور بدگمانی کرنا، آدمی گویا اللہ کے ساتھ بدگمانی کرے اور ایسے ناشائستہ کلمات کہے جو شریعت میں مباح نہ ہوں مذموم ہیں۔

إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللهِ: معلوم ہوا کہ اس طرح کا کلمہ کہہ دینا منافی صبر نہیں ہے اور یہ جزع وفزع میں داخل نہیں ہے، بلکہ اگر ایسی بات کہی جائے کہ خدانخواستہ تقدیر پر اعتراض ہوتا ہو، خدا پر نعوذ باللہ اعتراض کرتا ہو، شریعت پر اعتراض واشکال ہو تو پھر یہ چیزیں ممنوع ہیں۔

اشْتَكَى ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ: یہ وہی ابوعمیر ہیں جن سے حضور ﷺ دل لگی فرماتے تھے اور جب ان کی بلبل یا نغیر بلبل جیسا پرندہ مر گیا تو آپ نے ان سے دل لگی میں فرمایا تھا یَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ ابوعمیر تمہاری بلبل کیا ہوئی؟ ان کا ہو گیا انتقال اور ابوطلحہؓ باہر تھے، باہر سے مراد یہ نہیں کہ مدینہ سے باہر تھے بلکہ مطلب یہ ہے کہ گھر سے باہر گئے ہوئے تھے۔

هَيَّأَتْ شَيْئًا: تو کچھ تیار کیا، یہاں شارحین نے مختلف احتمالات لکھ دیئے ہیں، ایک یہ کہ کچھ کھانا تیار کیا، دوسرے یہ کہ کچھ اپنا حال تیار کیا یعنی تزین وغیرہ اپنے خاوند کے لئے کیا تا کہ خاوند کو دیکھ کر رغبت پیدا ہو اور وہ جماع کرے، لیکن صحیح ان دونوں کے علاوہ تیسرا احتمال ہے اور وہ یہ کہ انہوں نے اس بچہ کا حال درست کر دیا اس کو غسل دیا اور کفن دیا اور حنوط لگایا وغیرہ، چنانچہ طیالسی کی روایت میں اس کی تصریح وارد ہوئی ہے۔

فَلَمَّا جَاءَ أَبُو طَلْحَةَ: ابوطلحہؓ آئے اور پوچھا کہ بچہ کا کیا حال ہے؟ کہنے لگیں قَدْ هَدَأَتْ نَفْسُهُ ان کے سانس کو سکون ہو گیا ہے، وہ سمجھے کہ سکون سے مراد یہ ہے کہ بیماری کی وجہ سے جو سانس میں اضطراب تھا وہ ختم ہو گیا اور اعتدال پر آ گیا جبکہ مراد یہ تھی کہ انتقال ہو گیا، وَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ قَدِ اسْتَرَاحَ اور مجھے امید ہے کہ بچہ کو آرام حاصل ہو گیا ہو گا۔

وَظَنَّ أَبُو طَلْحَةَ أَنَّهَا صَادِقَةٌ: ابوطلحہؓ کو لگا کہ وہ سچ کہتی ہیں، سچ تو کہہ ہی رہی تھی لیکن ابوطلحہؓ نے اپنے ذہن میں جو مطلب سمجھا تھا اس کے پیش نظر انہوں نے یہ گمان کیا کہ وہ صادقہ ہیں یعنی بچہ کا تندرست ہو جانا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

قَالَ فَبَاتَ: رات گزاری یعنی انہوں نے اپنے اہل کے ساتھ رات گزاری اور صبح کو غسل کیا۔

بعض روایات میں وارد ہوا ہے کہ صبح حضرت ام سلیمؓ نے حضرت ابو طلحہؓ سے کہا کہ بتاؤ اگر کچھ لوگوں نے کسی کو کوئی چیز عاریت دی ہو اور پھر وہ عاریت دینے والے اپنی عاریت واپس مانگ لے تو کیا ان لینے والوں کو روکنے کا حق پہنچتا ہے؟ ابو طلحہؓ نے فرمایا کہ ہرگز نہیں، کہنے لگیں فاحتسب یعنی صبر کرو اور جاؤ اپنے بیٹے کو اللہ کے لئے قبر میں دفن کردو، ناراض ہوگئے فرمانے لگے کہ میرا بیٹا مر گیا اور تو نے مجھے اطلاع نہیں کی اور جب میں آلودہ ہوگیا تب مجھے دفن کرنے کے لئے کہہ رہی ہے، الغرض مسجد تشریف لے گئے اور حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی اور آپ کو سارا واقعہ سنایا تو آپ نے فرمایا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمَا فِي لَيْلَتِهِمَا اے اللہ ان کی اس رات میں برکت عطا فرما، دوسری روایت میں ہے لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُبَارِكَ لَكُمَا فِي لَيْلَتِكُمَا ان دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، آپ نے اولاً دعا کی اور پھر اپنی دعاء کی قبولیت کی ترجی کا اظہار فرمایا، چنانچہ اس برکت کا ظہور ہوا کہ اس رات میں استقرار حمل ہوا اس حمل کی مدت پوری ہوئی تو ایک بیٹا پیدا ہوا جن کا نام عبد اللہ رکھا گیا۔

سفیان بن عیینہ کہتے ہیں کہ ایک انصاری صحابی حضرت عبایہ بن رفاعہ کہتے ہیں فَرَأَيْتُ لَهُ تِسْعَةَ أَوْلَادٍ میں نے اس لڑکے کی نو اولادیں دیکھی ہیں كُلُّهُمْ قَدْ قَرَأُوا الْقُرْآنَ سب قرآن کے حافظ تھے، اس روایت میں تسعة أولاد ہے اور بعض روایات میں سبعة بنين ہے، ان دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، ہو سکتا ہے کہ سات بیٹے ہوں اور دو بیٹیاں ہوں، اور ہو سکتا ہے کہ سات مکمل قرآن کے حافظ ہوں اور دو مکمل حافظ نہ ہوں، اور یہ بھی ممکن ہے کہ دو روایت میں سے ایک تصحیف ہو۔

(ص ۱۷۴) بَابُ الصَّبْرِ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى

وَقَالَ عُمَرُ: نِعْمَ الْعِدْلَانِ وَنِعْمَ الْعِلَاوَةُ ﴿الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ أُولٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ﴾ وَقَوْلُهُ تَعَالَى ﴿وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ﴾.

۱۳۰۲. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ اصل صبر وہی ہے جو صدمہ کے شروع میں کیا جائے۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ (آیت میں مذکور) دونوں طرف کے بوجھ بھی بہت خوب ہیں اور بیچ کا بوجھ بھی، یعنی وہ لوگ کہ جب ان کو کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے مملوک ہیں اور اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں انہیں پر خصوصی اور عمومی رحمتیں ہیں ان کے رب کی طرف سے اور وہی ہدایت پر ہیں، اور اللہ تعالیٰ کا قول مدد لو صبر اور نماز سے بے شک نماز دشوار ہے مگر اللہ سے ڈرنے والوں پر دشوار نہیں ہے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اصل صبر تو صدمہ کے شروع میں ہوتا ہے۔

تشریح: مقصود یہ ہے کہ جو صبر شریعت میں مطلوب ہے اور جس پر صلوۃ ورحمت کی بشارت دی گئی ہے وہ ایک مخصوص صبر ہے جو اول صدمہ کے وقت ہوا کرتا ہے ورنہ فی نفسہ صبر کا حاصل ہو جانا یہ تو انسان کا طبعی خاصہ ہے کہ جتنی مدت گزرتی جاتی ہے اتنا غم ڈھلتا جاتا ہے اور آہستہ آہستہ صبر و قرار آہی جاتا ہے۔

وَقَالَ عُمَرُ: نِعْمَ الْعِدْلَانِ وَنِعْمَ الْعِلَاوَةُ: عِدلان تثنیہ ہے عِدل کا، عِدل کہتے ہیں اس بوجھ کو جو جانور کے ایک طرف لادا جاتا ہے اور دوسری جانب دوسرا عِدل ہوتا ہے، اور عِلاوہ وہ بوجھ جو دونوں کے بیچ میں رکھ دیا جاتا ہے۔

﴿الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ﴾ میں عِدلان سے مراد صلوات اور رحمت اور عِلاوہ سے مراد مُهْتَدُونَ ہیں یعنی ان کے لئے اہتداء کا انعام ہے، مطلب یہ ہے کہ جو اول وہلہ میں صبر کرتے ہیں حق تعالیٰ کی طرف سے ان کو تین بشارتیں دی گئیں، ایک صلوۃ، دوسرے رحمت اور تیسرے یہ کہ یہ لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

مصنف نے اس آیت شریفہ کو بَابُ الصَّبْرِ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى میں ذکر کرکے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ یہ جو آیت شریفہ میں إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ کہنے والوں اور صبر کرنے والوں پر ایک خاص عنایت کا ذکر کیا گیا ہے یہ ان لوگوں کے متعلق ہے جو مصیبت کے حلول کے وقت فوراً صبر کرتے ہیں، اور آیت میں اس کی طرف اشارہ ہے فرماتے ہیں الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ وہ لوگ جب ان کو مصیبت پہنچتی ہے قَالُوا یعنی فوراً کہتے ہیں، جیسے ہی مصیبت پہنچی کہتے ہیں إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، معلوم ہوا کہ اس میں جن لوگوں کی مدح سرائی کی گئی ہے وہ وہ لوگ ہیں جو صدمۂ اولیٰ کے وقت صبر کرتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ: صبر وصلوۃ کے ذریعہ مدد چاہو، جب کوئی مصیبت آجائے تو آدمی صبر اختیار کرے اور نماز پڑھ کر دعاء کرے، یہ قرآن پاک کی رہنمائی اور ہدایت ہے یقینی طور پر اللہ تعالیٰ شانہ سکون عطا فرمادیں گے تسلی عطا فرمادیں گے۔

(ص ۱۷۴) بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم إِنَّا بِكَ لَمَحْزُونُونَ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ تَدْمَعُ العَيْنُ وَيَحْزَنُ القَلْبُ.

۱۳۰۳ . حَدَّثَنَا الحَسَنُ بْنُ عَبْدِ العَزِيزِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا قُرَيْشٌ هُوَ ابْنُ حَيَّانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ عَلَى أَبِي سَيْفٍ القَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِإِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَخَذَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِبْرَاهِيمَ فَقَبَّلَهُ وَشَمَّهُ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذَلِكَ وَإِبْرَاهِيمُ يَجُودُ بِنَفْسِهِ فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللهِ ﷺ تَذْرِفَانِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَأَنْتَ يَا رَسُولَ اللهِ؟ فَقَالَ يَا ابْنَ عَوْفٍ إِنَّهَا رَحْمَةٌ ثُمَّ أَتْبَعَهَا بِأُخْرَى فَقَالَ ﷺ إِنَّ العَيْنَ تَدْمَعُ وَالقَلْبَ يَحْزَنُ وَلَا نَقُولُ إِلَّا مَا يَرْضَى رَبُّنَا وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ رَوَاهُ مُوسَى عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ المُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

ترجمہ: باب، حضور ﷺ کے اس قول کی وضاحت کہ ہم تمہاری جدائی سے غمگین ہیں۔

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غم کرتا ہے۔

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ہمراہ ابو یوسف لوہار کے گھر گئے وہ (حضور کے صاحب زادے) ابراہیم کو دودھ پلانے والی عورت کے خاوند تھے حضور ﷺ نے ابراہیم کو لیا، چوما اور پیار کیا پھر ہم اس کے بعد وہاں گئے اس حال میں کہ ابراہیم کا سانس اکھڑ رہا تھا حضور ﷺ کی دونوں آنکھیں اشک بار ہوگئیں، عبدالرحمن بن عوفؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! آپ بھی! (رو رہے ہیں) تو آپ نے فرمایا اے ابن عوف! یہ رحمت ہے، حضور ﷺ دوبارہ روئے اور فرمایا بے شک آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غم کرتا ہے مگر ہم وہی کہتے ہیں جس سے ہمارا رب راضی ہے اور ہم اے ابراہیم تمہاری جدائی سے غمگین ہیں، اس حدیث کو موسیٰ نے سلیمان بن مغیرۃ عن ثابت عن أنس عن النبی کی سند سے بیان کیا ہے۔

تشریح: امام بخاری کا مقصود یہ ہے کہ اس طرح کے کلمہ کا اظہار کرنا منافی صبر نہیں ہے، اس لئے کہ جس ذات گرامی نے صبر کے اختیار کرنے کی تلقین کی ہے اور ترغیب دی ہے خود اسی ذات پاک نے اس طرح کا

Maktaba Tul Ishaat.com

کلمہ ارشاد فرمایا ہے اور ظاہر ہے کہ آپ خلاف صبر کوئی کام اور کوئی بات نہیں کر سکتے ہیں، لامحالہ یہ قول صبر کے خلاف نہیں ہو گا۔

تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ: آنکھیں آنسو بہا رہی ہیں اور دل کو رنج ہو رہا ہے یہ خلاف صبر نہیں، خلاف صبر یہ ہے کہ آدمی ہائے واویلا کرے، شور مچائے، شکوہ شکایت کرنا شروع کر دے۔

عَلَى أَبِي سَيْفٍ الْقَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِإِبْرَاهِيمَ: ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے جو آپ کی باندی تھیں اور باقی آپ کی ساری اولادیں حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰؓ سے پیدا ہوئی ہیں، ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ کی پیدائش باتفاق ذی الحجہ سن ٨ھ میں ہوئی ہے اور ان کی وفات واقدی کے بیان کے مطابق منگل کے روز ربیع الاول سن ١٠ھ میں ہوئی، ویسے ان کی وفات میں اور بھی بعض اقوال ہیں، وَكَانَ ظِئْرًا لِإِبْرَاهِيمَ، ظِئر کہتے ہیں مرضعہ کے خاوند کو۔

فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِبْرَاهِيمَ: حضور نے ان کو اٹھایا تقبیل کی اور سونگھا جیسے اولاد کے ساتھ کیا جاتا ہے، اسی لئے حدیث میں آیا ہے وَإِنَّكُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللَّهِ اولاد اللہ کے دیئے ہوئے ریحان اور پھول ہیں۔

ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذَلِكَ: دوسری بار حضور تشریف لے گئے، وَإِبْرَاهِيمُ يَجُودُ بِنَفْسِهِ اور ابراہیم بن رسول اللہ اپنی جان کے ساتھ سخاوت کر رہے تھے یعنی بیمار تھے اور زندگی کے آخری ایام تھے، رسول اکرم ﷺ کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے، حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے فرمایا وَأَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ! اے اللہ کے رسول آپ بھی اس طرح کے مصائب کے وقت میں آنسو بہاتے ہیں۔

يَا ابْنَ عَوْفٍ إِنَّهَا رَحْمَةٌ: ابن عوف! یہ رونا بر بناء رحمت ہے یعنی میرے قلب میں جو اس بچہ کے ساتھ رحمت ہے اس کا یہ اثر ہے کہ میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

ثُمَّ أَتْبَعَهَا بِأُخْرَى: پھر آپ نے آنسو بہائے۔

إِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ الخ: آنکھ آنسو بہا رہی ہے دل غمگین ہو رہا ہے اور نہیں کہیں گے ہم مگر وہی بات جو ہمارے رب کو راضی کرے اور فرمایا وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ اے ابراہیم تیرے فراق پر ہم غمگین ہیں، معلوم ہوا کہ اس طرح کے کلمات کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۷۴) بَاب الْبُكَاءِ عِنْدَ الْمَرِيضِ

١٣٠٤. حَدَّثَنَا أَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اشْتَكَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ شَكْوَى لَهُ فَأَتَاهُ النَّبِيُّ ﷺ يَعُودُهُ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ فِي غَاشِيَةِ أَهْلِهِ فَقَالَ قَدْ قَضَى قَالُوا لَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَبَكَى النَّبِيُّ ﷺ فَلَمَّا رَأَى الْقَوْمُ بُكَاءَ النَّبِيِّ ﷺ بَكَوْا فَقَالَ أَلَا تَسْمَعُونَ إِنَّ اللَّهَ لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ وَلَكِنْ يُعَذِّبُ بِهَذَا وَأَشَارَ إِلَى لِسَانِهِ أَوْ يَرْحَمُ وَإِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ وَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَضْرِبُ فِيهِ بِالْعَصَا وَيَرْمِي بِالْحِجَارَةِ وَيَحْثِي بِالتُّرَابِ.

ترجمہ: باب، مریض کے پاس رونے کا بیان۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ سعد بن عبادہؓ کو ایک بیماری ہوئی تو حضور ﷺ عبد الرحمن بن عوفؓ، سعد بن ابی وقاصؓ اور عبد اللہ بن مسعودؓ کو ساتھ لیکر ان کے یہاں مزاج پرسی کے لئے تشریف لے گئے جب آپ ان کے پاس پہنچے تو ان کو خدمت کرنے والے اہل خانہ کے بیچ پایا، آپ نے معلوم کیا کہ کیا انتقال کر گئے؟ انہوں نے جواب دیا کہ نہیں یا رسول اللہ! اس کے بعد حضور ﷺ روئے، لوگوں نے جب حضور ﷺ کو روتے ہوئے دیکھا تو وہ بھی روئے، تو آپ نے فرمایا کہ کیا تم نہیں سنتے! بے شک اللہ تعالیٰ آنکھ کے آنسو کی وجہ سے عذاب نہیں دیتا اور نہ ہی دل کے غم کرنے کی وجہ سے، ہاں اللہ اس۔ زبان کی طرف اشارہ فرمایا۔ کی وجہ سے عذاب دیتا ہے یا رحم کرتا ہے، اور بے شک میت کو اس کے گھر والوں کے اس پر نوحہ کرنے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے، حضرت عمرؓ نوحہ کرنے پر لاٹھی مارتے تھے، پتھر مارتے تھے اور مٹی ڈالتے تھے۔

تشریح: مریض کے پاس رونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، اس مسئلہ میں سب کا اتفاق ہے کہ مریض کے پاس رونا مطلقاً جائز ہے چاہے وہ قریب الموت ہو یا نہ ہو، لیکن مرنے کے بعد رونے کا کیا حکم ہے؟ ائمہ ثلاثہ اور ان کے اصحاب کے یہاں کوئی مضائقہ نہیں ہے، شافعیہ فرماتے ہیں کہ بعد الموت خلاف اولیٰ ہے اور دلیل میں مؤطا وغیرہ سنن کی روایت کو پیش کرتے ہیں فإذا وجب فلاتبکین باکیۃ جب موت آجائے تو پھر کوئی رونے والی نہ ہو، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد بکاء کی منہی عنہ صورت ہے اور غیر منہی عنہ صورت میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، حضور اکرم ﷺ سے ایسے رونے کی اجازت واباحت نقل کی گئی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَوَجَدَهُ فِي غَاشِيَةِ أَهْلِهِ: یعنی ان کے اہل وعیال ان کو گھیرے ہوئے تھے۔

إِنَّ اللهَ لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ: آپ نے فرمایا کہ آنکھ سے آنسو نکلنا اور پھر اس پر دل رنجیدہ ہونا موجب عذاب نہیں بلکہ یہ زبان موجب عذاب ہے یعنی زبان سے کوئی ایسا کلمہ کہہ دیا جائے جو اللہ تعالیٰ شانہ کو پسند نہیں ہے تو عذاب ہوتا ہے۔

أَوْيَرْحَمُ: اس کے دو مطلب ہیں، ایک مطلب یہ ہے کہ اگر کسی آدمی نے زبان سے کوئی ناشائستہ اور ناجائز کلمہ کہہ دیا تو وہ سببِ عذاب ہے الا یہ کہ اللہ میاں رحم کرے اور معاف فرمادے، دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ زبان ہی سببِ عذاب بھی ہے اور یہی سببِ رحمت بھی ہے، اگر زبان سے کوئی جائز کلمہ کہہ دیا جائے تو سببِ رحمت ہے اور اگر کوئی ایسا کلمہ کہہ دیا جو اللہ تعالیٰ شانہ کو ناراض کرنے والا ہے تو سببِ عذاب ہے۔

(ص ۱۷۴) بَاب مَا يُنْهَى مِنَ النَّوْحِ وَالْبُكَاءِ وَالزَّجْرِ عَنْ ذَلِكَ

۱۳۰۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَخْبَرَتْنِي عَمْرَةُ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ لَمَّا جَاءَ قَتْلُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٍ وَعَبْدِ اللهِ بْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ النَّبِيُّ ﷺ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ وَأَنَا أَطَّلِعُ مِنْ شَقِّ الْبَابِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ وَذَكَرَ بُكَاءَهُنَّ فَأَمَرَهُ بِأَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ الرَّجُلُ ثُمَّ أَتَى فَقَالَ قَدْ نَهَيْتُهُنَّ وَذَكَرَ أَنَّهُنَّ لَمْ يُطِعْنَهُ فَأَمَرَهُ الثَّانِيَةَ أَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَى فَقَالَ وَاللهِ لَقَدْ غَلَبْنَنِي أَوْ غَلَبْنَنَا الشَّكُّ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَوْشَبٍ فَزَعَمَتْ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ فَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ فَقُلْتُ أَرْغَمَ اللهُ أَنْفَكَ فَوَاللهِ مَا أَنْتَ بِفَاعِلٍ وَمَا تَرَكْتَ رَسُولَ اللهِ ﷺ مِنَ الْعَنَاءِ.

۱۳۰۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ أَخَذَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ عِنْدَ الْبَيْعَةِ أَنْ لَا نَنُوحَ فَمَا وَفَتْ مِنَّا امْرَأَةٌ غَيْرَ خَمْسِ نِسْوَةٍ أُمِّ سُلَيْمٍ وَأُمِّ الْعَلَاءِ وَابْنَةِ أَبِي سَبْرَةَ امْرَأَةِ مُعَاذٍ وَامْرَأَتَيْنِ أَوِ ابْنَةِ أَبِي سَبْرَةَ وَامْرَأَةِ مُعَاذٍ وَامْرَأَةٍ أُخْرَى.

ترجمہ: باب، نوحہ کرنے اور رونے کی ممانعت کا بیان اور نوحہ سے روکنے کا بیان۔

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ جب زید بن حارثہؓ، جعفرؓ اور عبداللہ بن رواحہؓ کے شہید ہونے کی خبر آئی تو حضور ﷺ اس

Maktaba Tul Ishaat.com

طرح تشریف فرما ہوئے کہ آپ (کے چہرے سے) غم معلوم ہو رہا تھا میں دروازے کی دراز سے جھانک رہی تھیں اس وقت ایک شخص آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ یا رسول اللہ! جعفرؓ کی عورتیں، (اتنا کہہ کر) پھر ان کے رونے کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے اسے ان کو روکنے کا حکم دیا وہ شخص گیا اور پھر آیا اور کہنے لگا کہ میں نے انہیں منع کیا اور پھر اس نے ذکر کیا کہ انہوں نے اس کی بات نہیں مانی، حضور ﷺ نے اسے منع کرنے کا دوبارہ حکم دیا وہ گیا اور پھر آیا اور کہنے لگا کہ اللہ کی قسم! عورتیں میرے اوپر غالب آگئی ہیں یا یہ کہا کہ ہمارے اوپر غالب آگئی ہیں۔ شک محمد بن حوشب کی طرف سے ہے۔ حضرت عائشہؓ نے کہا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ان کے منہ میں مٹی ڈال دو، میں نے (دل میں) کہا کہ اللہ تیری ناک خاک آلود کرے، اللہ کی قسم تو (وہ کام کہ جس کا اللہ کے رسول نے حکم دیا) کر نہیں سکے گا اور پھر رسول اللہ کو تکلیف دینے سے بھی باز نہیں آتا۔

حضرت ام عطیہؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے بیعت کے وقت ہم سے یہ عہد لیا کہ ہم نوحہ نہیں کریں گی، چنانچہ ہم میں سے صرف پانچ عورتوں نے اس عہد کو پورا کیا یعنی ام سلیمؓ، ام علاءؓ، ابو سبرہ کی دختر جو کہ معاذؓ کی بیوی ہیں اور دو دیگر عورتیں یا یہ کہا ابو سبرہ کی بیٹی معاذؓ کی بیوی اور دیگر عورت۔

تشریح: امام بخاری نے بکاء اور نیاحت کی ممانعت کا ترجمہ اگرچہ ما قبل میں منعقد کر دیا ہے لیکن مزید زجر کے اثبات کے لئے یہ ترجمہ منعقد کیا ہے، گویا پہلے امام بخاری نے بکاء و نیاحت کا حکم بیان کیا کہ ناجائز اور ممنوع و مکروہ ہے اور یہاں سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ اس سے روکنے کا اہتمام کرنا چاہئے زجر کرنا چاہئے۔

أَخَذَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ ﷺ: حضور اکرم ﷺ نے بیعت اسلام کے وقت ہم سے یہ وعدہ لیا تھا کہ ہم نوحہ نہ کریں، فرماتی ہیں فَمَا وَفَتْ مِنَّا امْرَأَةٌ غَيْرَ خَمْسِ نِسْوَةٍ ہم میں سے کسی عورت نے یہ وعدہ اچھی طرح سے پورا نہیں کیا سوائے پانچ عورتوں کے، مطلب یہ ہے کہ اس بیعت کے وقت جتنی عورتیں موجود تھیں ان میں سے پانچ عورتوں نے اس وعدہ کو پوری طرح سے نبھایا اور بعض دیگر عورتوں سے یہ وعدہ پوری طرح سے پورا نہ ہو سکا کچھ سے نوحہ کا صدور ہو گیا اور کچھ حزن و غم ہو گیا، یہ مطلب نہیں ہے کہ کسی عورت نے سوائے پانچ عورتوں کے مکمل وعدہ پورا نہیں کیا۔

آگے ان کا بیان ہے، (۱) ام سلیمؓ (۲) ام العلاءؓ (۳) ابنۃ ابی سبرۃؓ، اور امرأۃ معاذ اسی سے بدل ہے، اور آگے فرماتے ہیں (۴ و ۵) و امرأتان دو عورتیں اور ہیں، پھر اس کے بعد کہتے ہیں أَوْ ابْنَةُ أَبِي سَبْرَةَ وَامْرَأَةُ مُعَاذٍ وَامْرَأَةٍ أُخْرَى یعنی ام سلیمؓ اور ام العلاءؓ کے علاوہ بقیہ تین عورتیں یہ ہیں، ابنۃ ابی سبرۃؓ اور امرأۃ معاذؓ اور امرأۃ اُخریٰ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

یہ اصل میں راوی کو تردد ہے، پہلے دو میں تو اس کو یقین ہے کہ ام سلیم اور ام العلاء ہیں اور باقی اخیر کی تین کون ہیں؟ آیا ابنۃ ابی سبرۃ معاذ کی بیوی یہ تیسری ہے اور دو عورتیں اس کے علاوہ ہیں؟ یا ابنۃ ابی سبرۃ اور ہیں اور معاذ کی بیوی اور ہیں اور اس کے علاوہ ایک تیسری عورت اور ہے؟

حافظ ابن حجر کی رائے یہ ہے کہ جس روایت میں واوٌ عطف وارد ہوا ہے یعنی ابْنَةِ أَبِي سَبْرَةَ وَامْرَأَةِ مُعَاذٍ وہ ارجح ہے اس لئے کہ ابنۃ ابی سبرۃ کا نام ام کلثوم ہے اور حضرت معاذؓ کی بیوی ام عمرو بنت خلاد سُلَمِیّہ ہیں، ابن مندہ نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔

(ص ۱۷۵) بَابُ الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ

۱۳۰۷۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ قَالَ سُفْيَانُ قَالَ الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي سَالِمٌ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَخْبَرَنَا عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ زَادَ الْحُمَيْدِيُّ حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ أَوْ تُوضَعَ۔

ترجمہ: باب، جنازہ کے لئے کھڑے ہونے کا بیان۔

عامر بن ربیعہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ یہاں تک کہ وہ تمہیں پیچھے چھوڑ دے، سفیان کہتے ہیں کہ زہری نے کہا کہ أَخْبَرَنِي سَالِمٌ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَخْبَرَنَا عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، حمیدی نے حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ کے بعد أَوْ تُوضَعَ کا اضافہ کیا کہ یہاں تک کہ وہ تمہیں پیچھے چھوڑ جائے یا (زمین پر) رکھ دیا جائے۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ایک مسئلہ بیان کیا ہے کہ اگر جنازہ کسی آدمی کے پاس سے گزرے تو وہ اس جنازہ کو دیکھ کر کھڑا ہو یا نہ ہو؟

قیام للجنازہ کی دو قسمیں ہیں، ایک یہ کہ کسی کے پاس سے جنازہ گزرے تو وہ کھڑا ہو، یہاں امام بخاری نے اسی مسئلہ کو بیان کیا ہے، دوسری قسم یہ ہے کہ آدمی اگر جنازہ کے ساتھ جائے تو قبرستان میں جنازہ اتارنے سے پہلے بیٹھے یا کھڑا ہی رہے تا آنکہ اتارا نہ جائے؟ امام بخاری نے اس دوسرے مسئلہ کو اگلے باب میں بیان کیا ہے۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اگر جنازہ پاس سے گزرے تو اسے دیکھ کر کھڑا ہونا چاہیے یا نہیں۔

(۱) ائمہ ثلاثہ امام مالک، امام ابو حنیفہ اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ کھڑا ہونا جائز نہیں ہے، (۲) اس کے

Maktaba Tul Ishaat.com

بالمقابل ابن حبیب، ابن ماجشون مالکی اور متولی اور نووی شافعی اور ابن ابی موسیٰ اور قاضی ابویعلیٰ حنبلی فرماتے ہیں کہ کھڑا ہونا مستحب ہے، (۳) امام ترمذی اور قاضی عیاض نے امام احمد اور اسحاق سے نقل کیا ہے کہ اختیار ہے چاہے کھڑا ہو یا نہ کھڑا ہو، علامہ موفق بن قدامہ نے یہی قول امام احمد سے نقل کیا ہے اور فرمایا إن قام لم أعبه وإن قعد فلا حرج اگر کھڑا ہو جائے تو میں اس پر عیب نہیں لگاؤں گا اور بیٹھ جائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے، لیکن متاخرین حنابلہ کی کتابوں میں اس قیام کی کراہت کی تصریح ہے، صاحب نیل المارب اور صاحب روض مربع وغیرہ نے اس قیام کی کراہت کی تصریح کی ہے گویا حنابلہ کا مسلک بھی جمہور کے موافق ہو گیا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ حنفیہ کے یہاں صرف ایک قول ہے کہ یہ قیام جائز نہیں ہے، مالکیہ اور شافعیہ کے مسلک میں دو دو قول ہیں، راجح قول یہ ہے کہ جائز نہیں اور مرجوح قول یہ ہے کہ جائز بلکہ مستحب ہے، مالکیہ میں سے ابن حبیب اور ابن ماجشون نے اس کو اختیار کیا ہے اور شافعیہ میں سے متولی اور امام نووی نے اس کو اختیار کیا ہے، حنابلہ کے تین قول ہیں، ۱۔ جائز نہیں ہے، قیام منسوخ ہو چکا یہی صاحب نیل المارب اور صاحب روض مربع نے ذکر کیا ہے، ۲۔ اختیار ہے إن شاء قام وإن شاء قعد یہ امام احمد سے منصوص ہے کذا نقله الترمذی والقاضی عیاض والموفق، ۳۔ یہ قیام مستحب ہے اس کو قاضی ابویعلیٰ اور ابن ابی موسیٰ نے حنابلہ میں سے اختیار کیا ہے۔

امام بخاری اس مسئلہ میں بظاہر قول استحباب یا کم از کم اباحت کے قائل ہیں اس لئے کہ جو روایت پیش کی ہے اس میں ہے إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ، امام احمد اس کو اباحت پر محمول کرتے ہیں لیکن جمہور علماء اس روایت کو منسوخ قرار دیتے ہیں اور دلیل میں یہ پیش کرتے ہیں کہ امام مسلم نے حضرت علیؓ سے روایت نقل کی ہے كَانَ يَقُومُ فِي الْجَنَائِزِ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدُ، امام احمد اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں حضرت علیؓ سے نقل کیا ہے كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وآله وسلم يَأْمُرُنَا بِالْقِيَامِ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَأَمَرَ بِالْجُلُوسِ امام حازمی نے کتاب الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الآثار میں اس روایت کو نسخ کی دلیل کے طور پر پیش کیا ہے۔

فَقُومُوا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ: پیچھے کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جنازہ تم سے غائب ہو جائے، اس کی ایک شکل یہ ہے کہ جنازہ آگے چلا جائے، دوسری شکل یہ ہے کہ تم کہیں ہٹ جاؤ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازہ کو دیکھ کر جو قیام کا حکم فرمایا ہے یہ امر ایجابی بھی ہو سکتا ہے اور استحبابی بھی، وجوب کا تو ہمارے علم میں کوئی قائل نہیں ہے ہاں البتہ استحباب کے قائلین کی ایک جماعت حضرات ائمۂ ثلاثہ میں موجود

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں، پھر یہ استحباب باقی ہے یا منسوخ ہو چکا ہے؟ یہ بھی بتا چکا کہ جمہور کے نزدیک منسوخ ہو چکا البتہ ایک جماعت اب تک استحباب کے بقاء کی قائل ہیں۔

رہی یہ بات کہ حضور اکرم ﷺ نے جنازہ کو دیکھ کر کھڑے ہونے کا امر کیوں فرمایا اس کی کیا علت ہے؟ روایات میں اس کی کئی علتیں وارد ہوئی ہیں، (۱) بخاری اور مسلم کی ایک روایت میں ہے أَلَيْسَتْ نَفْسًا کیا یہ جان نہیں، (۲) مسلم کی ایک روایت میں ہے إِنَّ لِلْمَوْتِ فَزَعًا موت تو گھبرا دینے والی چیز ہے، (۳) سنن نسائی اور مستدرک حاکم میں ہے إِنَّمَا قُمْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اور مسند احمد کی ایک روایت میں ہے فَلَسْتُمْ لَهَا تَقُومُونَ إِنَّمَا تَقُومُونَ لِمَنْ مَعَهَا مِنَ الْمَلَائِكَةِ اور مسند احمد اور حاکم وغیرہ میں ایک روایت ہے إِنَّمَا تَقُومُونَ إِعْظَامًا لِلَّذِي يَقْبِضُ النُّفُوسَ ان روایتوں میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

خلاصہ مطلب یہ ہے کہ بہر حال یہ روح ہے اور اس کا قبض کرنے والا فرشتہ ہے اور فرشتے اللہ تعالیٰ شانہ کے حکم کی وجہ سے روح قبض کرتے ہیں لہٰذا ہم حکم خداوندی کی تعظیم میں اللہ کی تکریم کے لئے اس کے حکم کے مطابق عمل کرنے والوں کی تعظیم میں یعنی فرشتوں کے لئے کھڑے ہوتے ہیں۔

زَادَ الْحُمَيْدِيُّ حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ أَوْ تُوضَعَ: یعنی حمیدی کی روایت میں حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ کے بعد أَوْ تُوضَعَ کا لفظ ہے، یعنی اعناق رجال سے زمین پر رکھ دیا جائے۔

(ص ۱۷۵) بَاب مَتَى يَقْعُدُ إِذَا قَامَ لِلْجَنَازَةِ

۱۳۰۸. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ جِنَازَةً فَإِنْ لَمْ يَكُنْ مَاشِيًا مَعَهَا فَلْيَقُمْ حَتَّى يُخَلِّفَهَا أَوْ تُخَلِّفَهُ أَوْ تُوضَعَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُخَلِّفَهُ.

۱۳۰۹. حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدْ حَتَّى تُوضَعَ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ جنازے کے لئے کھڑا ہو تو کب بیٹھے؟

عامر بن ربیعہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی جنازے کو دیکھے تو اگر اس کے ساتھ چلنے کا

Maktaba Tul Ishaat.com

ارادہ نہ ہو تو کھڑا ہو جائے یہاں تک کہ وہ اس جنازے کو پیچھے چھوڑ دے یا وہ جنازہ اس کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جائے یا جنازہ اس کو پیچھے چھوڑنے سے پہلے رکھ دیا جائے۔

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ، پھر جو جنازے کے پیچھے جائے وہ جنازہ رکھے جانے سے پہلے نہ بیٹھے۔

تشریح: آدمی جب جنازہ کو لیکر کھڑا ہو تو بیٹھے کب؟ یہ ترجمہ بعض نسخوں میں موجود ہے، اس ترجمہ کا مقصد قیام کی حد بیان کرنی ہے، روایت سے معلوم ہو گیا کہ یا تو جنازہ انسان کو پیچھے کر دے یعنی انسان کی آنکھوں سے غائب ہو جائے یا خود یہ وہاں سے ہٹ کر کہیں اور چلا جائے یا اعناق رجال سے اتار دیا جائے، یہ تین صورتیں ہو گئیں۔

فَلْيَقُمْ حَتَّى يُخَلِّفَهَا أَوْ تُخَلِّفَهُ أَوْ تُوضَعَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُخَلِّفَهُ: یعنی قیام کی انتہاء یہ ہے کہ یا جنازہ تم سے غائب ہو جائے یا مدفن (قبرستان) میں اتار دیا جائے۔

اور جنازہ کے غائب ہونے کی دو شکلیں ہیں، یا یُخَلِّفَهَا یہ شخص اسے چھوڑ کر کہیں چلا جائے أَوْ تُخَلِّفَهُ، یا جنازہ اس کو پیچھے چھوڑ دے یعنی آگے چلا جائے اور نظروں سے غائب ہو جائے، مگر یہ شرح ہم نے الفاظ روایت کو سامنے رکھ کر اور أو کو تنویع کا مان کر کی ہے، ویسے راجح یہ ہے کہ یہ أو شک راوی کے لئے ہے، اصل لفظ یا تو تُخَلِّفَهُ ہے یا یُخَلِّفَهَا ہے اور یہ شک یا تو بخاری کو ہوا یا ان کے استاذ قتیبہ کو، اس لئے کہ امام نسائی نے یہی حدیث قتیبہ سے اور امام مسلم نے قتیبہ اور محمد بن رمح سے نقل کی ہے اور وہ دونوں لیث سے نقل کرتے ہیں اس میں حَتَّى تُخَلِّفَهُ بغیر کسی شک کے ہے۔

(ص ۱۷۵) بَابُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَا يَقْعُدُ حَتَّى تُوضَعَ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ فَإِنْ قَعَدَ أُمِرَ بِالْقِيَامِ

۱۳۰۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فَأَخَذَ أَبُو هُرَيْرَةَ بِيَدِ مَرْوَانَ فَجَلَسَا قَبْلَ أَنْ تُوضَعَ فَجَاءَ أَبُو سَعِيدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَأَخَذَ بِيَدِ مَرْوَانَ فَقَالَ قُمْ فَوَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمَ هَذَا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ نَهَانَا عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ صَدَقَ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس حکم کا بیان کہ جب تک جنازہ لوگوں کے کاندھوں سے نیچے نہ رکھ دیا جائے جنازے کے پیچھے جانے والا نہ بیٹھے اور اگر بیٹھ گیا تو اسے کھڑے ہونے کا حکم دیا جائے۔

حضرت سعید مقبری کے والد فرماتے ہیں کہ ہم ایک جنازے کے ساتھ تھے تو ابوہریرہؓ نے مروان کا ہاتھ پکڑا اور جنازہ نیچے رکھے جانے سے پہلے دونوں بیٹھ گئے پھر ابوسعیدؓ آئے اور مروان کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ، اللہ کی قسم یہ صاحب جانتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں اس سے منع فرمایا ہے تو ابوہریرہؓ نے کہا کہ انہوں نے درست فرمایا۔

تشریح: یہ قیام کی دوسری قسم آ گئی یعنی اگر کوئی آدمی حامل جنازہ ہو تو جب تک جنازہ کو اتار نہ دیا جائے کھڑا رہے، اس قیام میں اختلاف ہے کہ اس کا حکم کیا ہے؟ امام مالک اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ یہ قیام منسوخ ہو چکا لہٰذا اب یہ قیام مکروہ ہے، امام ابوحنیفہ اور امام احمد اور ان دونوں کے اصحاب فرماتے ہیں کہ یہ قیام مستحب ہے اور جب تک جنازہ کو اتار نہ دیا جائے اس سے پہلے پہلے بیٹھنا مکروہ ہے، امام بخاری کا یہ کہنا فَإِنْ قَعَدَ أُمِرَ بِالْقِيَامِ اس بات کو مقتضی ہے کہ یہ قیام واجب ہے۔

اس کے بعد اس میں اختلاف ہے کہ حَتّٰی تُوضَعَ سے کیا مراد ہے؟ امام بخاری نے تو کہہ دیا حَتّٰی تُوضَعَ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ کاندھوں سے اتار دے یہی حنابلہ اور اکثر احناف کا قول ہے، صاحب محیط کہتے ہیں حَتّٰی تُوضَعَ فِي اللَّحْدِ جب تک لحد میں نہ اتار دیا جائے کھڑے رہنا چاہئے، لیکن یہ قول مرجوح ہے اور اصل مذہب کے بھی خلاف ہے، امام محمد نے کتاب الاصل میں تصریح کی ہے کہ اس سے مراد مناکب رجال سے اتار دینا ہے، مناکب رجال سے اتارنے سے پہلے پہلے تک کھڑے رہنا چاہئے اور جب مناکب رجال سے اتار دیا جائے تو بیٹھ جائے، ابوداؤد شریف کی ایک روایت میں حَتّٰی تُوضَعَ فِي اللَّحْدِ وارد ہوا ہے اور ایک روایت میں حَتّٰی تُوضَعَ عَلَى الْأَرْضِ ہے لیکن راجح حَتّٰی تُوضَعَ عَلَى الْأَرْضِ والی روایت ہے۔

كُنَّا فِي جَنَازَةٍ: سعید مقبری اپنے والد ابوسعید مقبری سے جن کا نام کیسان ہے نقل کرتے ہیں کہ ہم ایک جنازے میں تھے ابوہریرہؓ نے مروان کا ہاتھ پکڑا اور دونوں بیٹھ گئے حالانکہ اب تک جنازہ کاندھوں سے اتارا نہیں گیا تھا ابوسعید خدریؓ آئے مروان کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ کھڑا ہو بخدا یہ جانتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے جنازے کو مناکب رجال سے اتارنے سے پہلے پہلے بیٹھنے سے منع کیا ہے ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ سچ کہا۔

اب سوال یہ ہے کہ پھر ابوہریرہؓ بیٹھے کیوں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مروان امیر مدینہ ہے وہ بیٹھ گئے تو

Maktaba Tul Ishaat.com

ابوہریرہؓ اس کی اتباع میں بیٹھ گئے، بظاہر ابوہریرہؓ نے یہ سمجھا کہ یہ قیام استحبابی ہے ایجابی نہیں ہے اور یہ امیر مدینہ ہے اگر میں اس کی مخالفت کروں گا تو کہیں ایسا نہ ہو کہ خواہ مخواہ کوئی فتنہ کھڑا ہو جائے، فتنہ کے خوف کی وجہ سے جلوس کیا، اور اس سے بہتر توجیہ وہ ہے جو مستدرک حاکم کی روایت سے معلوم ہوتی ہے وہ یہ کہ مروان نے ابوہریرہؓ سے کہا فَمَا مَنَعَكَ أَنْ تُخْبِرَنِي؟ جب تمہیں معلوم تھا کہ رسول اکرم ﷺ نے مناکب رجال سے جنازے کو اتارنے سے پہلے پہلے بیٹھنے سے منع کیا ہے تو آپ نے ہمیں بیٹھنے سے کیوں نہیں روکا؟ قَالَ كُنْتَ إِمَامًا فَجَلَسْتَ فَجَلَسْتُ تو امام تھا بیٹھ گیا میں تیری اتباع میں بیٹھ گیا، معلوم ہوا کہ ابوہریرہؓ اس قیام کو واجب نہیں سمجھتے تھے اور چونکہ مروان امام تھا لہذا حضرت ابوہریرہؓ نے اس کے ساتھ مزاحمت نہیں کی اور بیٹھ گئے۔

(ص ١٧٥) بَاب مَنْ قَامَ لِجَنَازَةِ يَهُودِيٍّ

١٣١٠. حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مِقْسَمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ مَرَّ بِنَا جَنَازَةٌ فَقَامَ لَهَا النَّبِيُّ ﷺ وَقُمْنَا بِهِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهَا جِنَازَةُ يَهُودِيٍّ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْجِنَازَةَ فَقُومُوا.

١٣١١. حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى قَالَ كَانَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ قَاعِدَيْنِ بِالْقَادِسِيَّةِ فَمَرُّوا عَلَيْهِمَا بِجَنَازَةٍ فَقَامَا فَقِيلَ لَهُمَا إِنَّهَا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ أَيْ مِنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ فَقَالَا إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ مَرَّتْ بِهِ جِنَازَةٌ فَقَامَ فَقِيلَ لَهُ إِنَّهَا جِنَازَةُ يَهُودِيٍّ فَقَالَ أَلَيْسَتْ نَفْسًا.

١٣١٢. وَقَالَ أَبُو حَمْزَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ كُنْتُ مَعَ قَيْسٍ وَسَهْلٍ فَقَالَا كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ وَقَالَ زَكَرِيَّاءُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى كَانَ أَبُو مَسْعُودٍ وَقَيْسٌ يَقُومَانِ لِلْجَنَازَةِ.

ترجمہ: باب، یہودی کے جنازے کے لئے کھڑے ہونے کا بیان۔

حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ ایک جنازہ ہمارے پاس سے گزرا، نبی کریم ﷺ اسے دیکھ کر کھڑے ہو گئے اور ہم بھی کھڑے ہو گئے پھر ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو ایک یہودی کا جنازہ ہے آپ نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عبد الرحمن بن ابی لیلی نے بیان کیا کہ سہل بن حنیفؓ اور قیس بن سعدؓ قادسیہ میں بیٹھے ہوئے تھے لوگ ایک جنازہ لیکر ان کے پاس سے گزرے تو وہ دونوں کھڑے ہوگئے ان سے کہا گیا کہ یہ جنازہ اس علاقے کے رہنے والے یعنی کسی ذمی کا ہے تو ان دونوں نے جواب دیا کہ ایک جنازہ حضور ﷺ کے پاس سے گزرا تھا تو آپ کھڑے ہوگئے تھے آپ سے عرض کیا گیا تھا کہ یہ یہودی کا جنازہ ہے تو آپ نے فرمایا تھا کہ کیا وہ نفس انسانی نہیں ہے۔

ابو حمزہ نے اعمش عن عمرو کے طریق سے یہ کہا کہ ابن ابی لیلی نے بیان کیا کہ میں قیسؓ اور سہلؓ کے ساتھ تھا تو ان دونوں نے کہا کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے جب کہ زکریا نے عن الشعبی عن ابن ابی لیلی کے طریق سے یہ کہا کہ ابو مسعودؓ اور قیسؓ جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوتے تھے۔

تشریح: امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ کافر کے جنازے کو دیکھ کر کھڑے ہونا جائز ہے، سنت میں اس کی اصل موجود ہے اس لئے کہ یہ قیام اس جنازہ اور اس کافر کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ ذوِ روح ہونے کی وجہ سے ہے اور روح کا قبض ہونا بہر حال ہر شخص کو پیش آئے گا لہذا اہتمام ظاہر کرنے کے واسطے کھڑے ہو جانا چاہئے۔

بِالْقَادِسِيَّةِ: قاف اور دال مکسورہ اور سین مکسورہ کے ساتھ ہے، ایک چھوٹا سا بلد ہے کوفہ سے آگے۔

إِنَّهَا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ: اہل ذمہ کو اہل ارض اس لئے کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں نے جب بلاد فتح کئے تو وہاں والوں کو زمین میں عمل کرنے کیلئے رکھ چھوڑا اور ان پر خراج مقرر کر دیا اس لئے وہ اہل ارض کہلائے۔

فَقَالَا إِنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم مَرَّتْ بِهِ جِنَازَةٌ فَقَامَ: حضور ﷺ کے سامنے سے ایک جنازہ گزرا آپ کھڑے ہوئے آپ سے کہا گیا کہ یہودی کا جنازہ ہے آپ نے فرمایا أَلَيْسَتْ نَفْسًا، معلوم ہوا کہ حضور ﷺ نے قیام اس وجہ سے فرمایا تھا کہ روح ہونے میں سارے برابر ہیں، جیسے ایک روح کو قبض کیا جائے گا دوسری کو بھی قبض کیا جاتا ہے لہذا مومن کو اپنی تیاری ظاہر کرنے کے واسطے قیام کرنا چاہئے۔

میں بتلا چکا ہوں کہ قیام کی مختلف علتیں سرکار دو عالم ﷺ سے نقل کی گئی ہیں أَلَيْسَتْ نَفْسًا، إِنَّمَا قُمْنَا لِلْمَلَائِكَةِ، إِنَّمَا تَقُومُونَ لِمَنْ مَعَهَا مِنَ الْمَلَائِكَةِ، إِنَّمَا تَقُومُونَ إِعْظَامًا لِلَّذِي يَقْبِضُ النُّفُوسَ وغیرہ، ان میں کوئی تعارض نہیں مگر بعض صحابہ سے یہ منقول ہے کہ حضور ﷺ اس لئے کھڑے ہوئے لِئَلَّا تَعْلُوَ رَأْسَهُ تاکہ جنازہ آپ کے سر سے اوپر نہ ہونے پائے اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بو کی وجہ سے کھڑے ہوئے، یہ توجیہات صحابہ کی اپنی سمجھی ہوئی ہیں اور رسول پاک ﷺ سے قیام کی جو علتیں نقل کی گئی ہیں وہ اور ہیں وہ ارجح ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٧٥) بَاب حَمْلِ الرِّجَالِ الْجِنَازَةَ دُونَ النِّسَاءِ

١٣١٣. حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ إِذَا وُضِعَتِ الْجِنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا؟ يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَهُ صَعِقَ.

ترجمہ: باب، اس حکم کا بیان کہ جنازہ مردوں کو اٹھانا ہے نہ کہ عورتوں کو۔

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب میت (مسہری یا تخت پر) رکھ دی جاتی ہے اور مرد اسے اپنے کندھوں پر اٹھالیتے ہیں تو اگر وہ نیک ہو تو یہ کہتا ہے کہ مجھے آگے لے چلو اور اگر نیک نہ ہو تو یہ کہتا ہے کہ ہائے میری خرابی! کہاں لے جارہے ہو! اس کی آواز انسان کے علاوہ ہر چیز سنتی ہے اور اگر انسان سن لے تو بے ہوش ہو جائے۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ جنازہ مرد اٹھائیں گے، وجہ اس کی یہ ہے کہ جنازہ اٹھانے کے لئے طاقت کی ضرورت ہے اور عورت صنف نازک ہے، دوسرے یہ کہ عورتوں کا مردوں کے ساتھ مخلوط ہو کر چلنا جائز نہیں، تیسرے یہ کہ ان کے کپڑے وغیرہ کھل جانے کا اندیشہ ہے لہذا عورتیں جنازہ نہیں اٹھائیں گی۔

سوال یہ ہے کہ إِذَا وُضِعَتُ الْجِنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي الخ میں یہ کہاں وارد ہوا ہے کہ مرد ہی اٹھائیں عورتیں نہیں اٹھائیں گی، یہ حکم مصنف نے کیسے اخذ کر لیا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ (۱) روایت میں رجال کا ذکر ہے اور شارع علیہ الصلوۃ والسلام کے کلام کو جتنا ممکن ہو تشریع پر محمول کرنا چاہئے نہ کہ محض اخبار پر، (۲) اور ہو سکتا ہے کہ حضرت انسؓ اور حضرت علیؓ کی حدیثوں کی طرف اشارہ کیا ہو، حضرت انسؓ سے ابو یعلیٰ نے اور حضرت علیؓ سے ابن ماجہ نے ایک روایت نقل کی ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ حضور ﷺ نے کچھ عورتوں کو جنازہ میں جاتے ہوئے دیکھا آپ نے فرمایا أَتَحْمِلْنَهُ؟ قُلْنَ لَا، قَالَ أَتَدْفِنَّهُ؟ قُلْنَ لَا، قَالَ فَارْجِعْنَ مَأْزُورَاتٍ غَيْرَ مَأْجُورَاتٍ۔

(ص ١٧٥) بَاب السُّرْعَةِ بِالْجِنَازَةِ

وَقَالَ أَنَسٌ أَنْتُمْ مُشَيِّعُونَ وَامْشِ بَيْنَ يَدَيْهَا وَخَلْفَهَا وَعَنْ يَمِينِهَا وَعَنْ شِمَالِهَا وَقَالَ غَيْرُهُ قَرِيبًا مِنْهَا.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٣١٥. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ أَسْرِعُوا بِالْجَنَازَةِ فَإِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُونَهَا وَإِنْ يَكُ سِوَى ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُونَهُ عَنْ رِقَابِكُمْ.

ترجمہ: باب، جنازہ لے جانے میں جلدی کرنے کا بیان، حضرت انسؓ نے کہا کہ تم رخصت کرنے والے ہو لہٰذا اس کے سامنے، پیچھے، دائیں اور بائیں چلو، حضرت انسؓ کے علاوہ دوسروں نے یہ کہا کہ جنازے کے قریب چلنا چاہیے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جنازہ لے جانے میں عجلت سے کام لو کیوں کہ اگر وہ نیک ہے تو تم اسے ایک خیر کی طرف لے جا رہے ہو اور اگر وہ صالح نہیں ہے تو تم ایک شر کو اپنی گردنوں سے اتار رہے ہو۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ جب لوگ جنازہ لیکر چلیں تو تیز گام اور جلدی جلدی چلیں۔

سرعت بالاتفاق مطلوب ہے لیکن دو باتوں میں اختلاف ہے ایک یہ کہ اس کا حکم کیا ہے؟ دوسرے یہ کہ سرعتِ مطلوبہ کی حد کیا ہے؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ سرعت مستحب ہے اور ابو محمد بن حزم ظاہری کہتے ہیں کہ واجب ہے اس لئے کہ حضور پاک ﷺ نے أَسْرِعُوا بِالْجَنَازَةِ فرمایا ہے، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ امر ہر جگہ ایجاب کے لئے نہیں ہوا کرتا ہے، علماء نے لکھا ہے کہ ابن حزم کا یہ قول شاذ ہے۔

دوسری چیز یہ کہ سرعت کی حد کیا ہے؟ امام شافعی اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ شدتِ مشی مطلوب نہیں بلکہ مشی معتاد سے تیز چلنا مراد ہے، اور حنفیہ سے نقل کیا گیا ہے کہ انکے یہاں شدتِ مشی مطلوب ہے، صاحب ہدایہ فرماتے ہیں مسرعین دون الخبب، قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ حقیقۃً اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے، جن لوگوں نے یہ کہا کہ اسراع مطلوب ہے مسرعین دون الخبب ان کا مقصود یہ ہے کہ مشی معتاد سے تیز چلے اور رمل کی حد کسی کے یہاں بھی مطلوب نہیں ہے، امام محمد نے کتاب الاصل میں امام ابو حنیفہ سے نقل کیا ہے العجلة أحب إلیَّ من الإبطاء اس سے بھی یہی بات نکلتی ہے، اب ہم کہتے ہیں کہ رمل کے طور پر نہ چلے گو قریب بہ رمل ہو جائے، ایک روایت میں وارد ہوا ہے وَإِنَّا لَنَكَادُ أَنْ نَرْمُلَ بِهَا رَمَلاً ہم جنازے کو لیکر چلتے تھے تو قریب تھا کہ ہم اس کو لیکر چلنے میں رمل کرنے لگیں رواہ أبو داؤد والنسائی، یہی ہم حنفیہ کی ایک دلیل ہے۔

وَقَالَ أَنَسٌ: حضرت انسؓ کا یہ اثر عبد الرزاق نے المصنف میں اور امام طحاوی نے معانی الآثار میں موصولاً روایت فرمایا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

أَنْتُمْ مُشَيِّعُونَ وَامْشِ بَيْنَ يَدَيْهَا وَخَلْفَهَا الخ: تم جنازے کے ساتھ چلنے والے ہو لہذا جیسے ساتھ چلنے والے چلتے ہیں کچھ آگے کچھ پیچھے کچھ دائیں کچھ بائیں اسی طرح سے تم بھی مختار ہو چاہے آگے چلو چاہے پیچھے چلو چاہے دائیں چاہے بائیں۔

اس اثر سے مقصود کیا ہے؟ آیا سرعت کا اثبات کا مقصود ہے؟ یا ضمنی طور پر یہ اثر ذکر کر دیا یہ بتلانے کے واسطے کہ جنازہ کے ساتھ چلنے میں کوئی خاص جہت متعین نہیں ہے اختیار ہے، دونوں احتمال ہیں۔

(۱) علامہ زین بن منیر شارحِ بخاری نے اسی اثر سے سرعت کو ثابت کیا ہے اور حاصل اثبات یہ ہے کہ اصل میں جہات مختلفہ میں چلنا سرعت ہی کی شکل میں ہوتا ہے کوئی آگے ہو جاتا ہے کوئی پیچھے کوئی ادھر ہو جاتا ہے کوئی ادھر، اس لئے کہ لوگ چلنے میں متفاوت الاحوال ہیں، علامہ ابن مرابط نے بھی یہی تقریر کی ہے۔

(۲) علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ دو احتمال ہیں، یا امام بخاری یہ اثر ذکر کر کے حدیث کے ذریعہ اس کی شرح کرنا چاہتے ہیں کہ یہ مشی عام ہے چاہے تیزی کے ساتھ ہو یا آہستہ آہستہ ہو، مصنف نے بتلا دیا کہ حضرت انسؓ نے مشی سے وہ مشی مراد لی ہے جس کا حدیث میں مطالبہ ہے یعنی مشی سریعًا، دوسرا احتمال یہ ہے کہ امام بخاری نے اس کو ذکر کر کے اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ جنازے کو لیکر چلنے میں اگرچہ سرعت مطلوب و مقصود ہے لیکن وقار بھی ملحوظ ہونا چاہئے ایسا نہیں کہ آدمی دوڑنے لگے کہ وقار فوت ہو جائے۔

(۳) میرے ذہن میں احتمالاً یہ بات آتی ہے کہ چونکہ امام بخاری نے جنازہ لے چلنے کا مسئلہ ذکر فرمایا تھا تو جو مسئلہ ان کی روایت سے ثابت ہوتا تھا اس کو تو ترجمہ میں ذکر کر دیا یعنی سرعت بالجنازۃ اور جو مسئلہ ان کی روایت سے ان کی رائے پر ثابت نہیں ہوتا تھا یعنی جنازے کے آگے یا پیچھے چلنا اس کو مصنف نے حضرت انسؓ کے اثر کو ذکر کر کے ثابت کر دیا اور یہ بتلا دیا کہ جنازہ کے ساتھ چلنے میں کوئی جہت متعین نہیں۔

مسئلہ کا حکم: ویسے اس مسئلہ میں اتفاق واجماع ہے کہ میت کے آگے پیچھے چلنا سب جائز ہے، مگر اولیٰ وافضل کیا ہے؟ جنازہ کے ساتھ چلنے والے آگے چلیں یا پیچھے؟ یا اس میں کوئی تفصیل ہے یا بلا تفصیل کے چلیں گے؟ اس میں علماء کے چھ قول ہیں، (۱) امام شافعی فرماتے ہیں کہ آگے چلنا افضل ہے، (۲) امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ پیچھے چلنا افضل ہے، (۳) امام مالک اور امام احمد فرماتے ہیں کہ ماشی آگے چلے گا اور راکب پیچھے چلے گا، (۴)

Maktaba Tul Ishaat.com

امام ابو محمد بن حزم ظاہری فرماتے ہیں کہ راکب تو پیچھے چلے گا اور ماشی جہاں چاہے چل سکتا ہے، (۵) ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ اگر جنازہ کے ساتھ عورتیں ہوں تو آگے چلنا افضل ہے ورنہ پیچھے، (٦) سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ اختیار ہے جدھر چاہے جہاں چاہے جیسے چاہے چلے، سفیان نے گویا افضلیت کی کوئی تحدید نہیں فرمائی ہے۔

جو لوگ آگے چلنے کو افضل کہتے ہیں وہ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوا يَمْشُونَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ، رواه الحاكم وأصحاب السنن الأربعة ومالك في المؤطا مرسلاً سے استدلال کرتے ہیں۔

اور جو حضرات پیچھے چلنے کو افضل کہتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ متعدد روایات سے پیچھے چلنے کی فضیلت ثابت ہوتی ہے، ١ حضور اکرم ﷺ نے اتباع کا لفظ استعمال کیا، معلوم ہوتا ہے کہ اس میں تابعیت مطلوب ہے پیچھے چلنا مطلوب ہے، ٢ ترمذی کی ایک روایت میں ابن مسعودؓ سے منقول ہے اَلْجَنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ وَلَيْسَتْ بِتَابِعَةٍ لَيْسَ مَعَهَا مَنْ تَقَدَّمَهَا جو آگے چلا گیا وہ اس کے ساتھ نہیں وفي إسناده مقال، ٣ حضرت علیؓ سے سعید بن منصور اور ابن ابی شیبہ نے بسند حسن نقل کیا ہے فضل الماشي خلف الجنازة على الماشي أمامها كفضل صلاة الجماعة على صلاة الفذ، اور حضور ﷺ اور ابو بکرؓ و عمرؓ کے آگے چلنے کی توجیہ حضرت علیؓ سے مصنف عبد الرزاق میں یہ نقل کی گئی ہے کہ یہ حضرات ساتھ چلنے والوں کی سہولت کی وجہ سے ایسا کرتے تھے۔

بعض احناف نے ایک بات کہی یوں فرماتے ہیں کہ جنازہ کے ساتھ چلنے والے مشایعت کرنے والے ہیں لہذا وہ پیچھے چلیں اور شافعیہ کہتے ہیں کہ شفعاء ہیں لہذا وہ آگے چلیں گے مگر واقعہ یہ ہے کہ یہ تعلیل بے موقع ہے۔

امام بخاری نے حضرت انسؓ کا قول نقل کر دیا أَنْتُمْ مُشَيِّعُونَ وَامْشِ بَيْنَ يَدَيْهَا وَخَلْفَهَا الخ جس سے معلوم ہوا کہ مشایعت کرنے والوں کے لئے کچھ پیچھے چلنا ضروری نہیں ہے آگے پیچھے دائیں بائیں جہاں موقع ملے چل سکتا ہے اور ہوتا بھی یہی ہے۔

أَسْرِعُوا بِالْجِنَازَةِ: اسکے مطلب میں دو قول ہیں، مشہور یہ ہے کہ جنازہ کو جب اپنے کاندھوں پر اٹھالو تو جلدی سے اس کی قبر تک پہنچادو، بعضوں نے کہا ہے کہ اس سے مراد تجہیز و تکفین میں اسراع ہے یہ معنی پہلے معنی سے اعم و اشمل ہے، ابو العباس قرطبی فرماتے ہیں والأول أظهر، اور امام نووی معنی ثانی کے بارے میں یوں فرماتے ہیں هو باطل، مگر بطلان کا دعویٰ ذرا مشکل معلوم ہوتا ہے ہاں اظہر کہا جاسکتا ہے اس لئے کہ آگے ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

فَإِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُونَهَا وَإِنْ يَكُ سِوَى ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُونَهُ عَنْ رِقَابِكُمْ یہ لفظ اس بات کی طرف مشیر ہے کہ اسراع بالجنازہ سے مراد قبر میں جلدی پہونچا دینا ہے، لیکن بہر حال دوسرے معنی بھی مراد ہو سکتے ہیں اور مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ جنازہ کی تجہیز و تکفین میں جلدی کرو کہ تم اس کی ذمہ داری سے جلدی سے فارغ ہو جاؤ، اگر صالح ہے تو اس کو خیر کی طرف جلدی پہنچا رہے ہو اور اگر غیر صالح ہے تو اس صورت میں تم اس شر کو اپنی گردنوں سے اتارتے ہو یعنی تم اس کو اپنے پاس سے جدا کر دو گے۔

(ص ١٧٦) بَاب قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجِنَازَةِ قَدِّمُونِي

۱۳۱۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَقُولُ إِذَا وُضِعَتِ الْجِنَازَةُ فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ لِأَهْلِهَا يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الْإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَ الْإِنْسَانُ لَصَعِقَ.

ترجمہ: باب، میت کا جنازہ پر ہوتے ہوئے یہ کہنا کہ مجھے جلدی لے جاؤ۔

تشریح: یہ باب بابِ سابق کے لئے بمنزلۂ علت کے ہے، خلاصہ یہ ہے کہ میت کو جب نعش پر رکھ دیا جاتا ہے تو وہ خود یہ کہتا ہے قَدِّمُونِي مجھے آگے لے جاؤ، لہٰذا اسے لے چلنے میں عجلت کرنی چاہئے۔

ایک سوال! امام بخاری نے ایک باب یہ منعقد کیا اور ایک باب ص ۱۸۴ پر آرہا ہے بَاب كَلَامِ الْمَيِّتِ عَلَى الْجِنَازَةِ اور جیسے یہاں ابو سعید خدریؓ کی روایت ذکر کی ہے آنے والے باب میں بھی ذکر فرمائی ہے لہٰذا ترجمہ مکرر ہو گیا صرف لفظی ہیر پھیر رہا تو یہ تکرار کیوں؟

علامہ ابن رشید نے یہ جواب دیا ہے کہ اصل میں یہاں بابِ سابق کی رعایت میں ترجمہ منعقد کیا ہے اس لئے کہ پہلے سرعۃ بالجنازۃ کا ترجمہ منعقد فرمایا تو اس کے بعد بَاب قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجِنَازَةِ قَدِّمُونِي منعقد کر کے یہ بتلادیا کہ سرعۃ بالجنازۃ اس لئے مطلوب ہے کہ خود جنازہ نعش پر قَدِّمُونِي کا مطالبہ کرتا ہے۔

اور ص ۱۸۴ پر جو باب منعقد کیا ہے بَاب الْمَيِّتِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ اس کے بعد کلام المیت علی الجنازہ کا ترجمہ منعقد کر کے اس بات پر تنبیہ فرمادی کہ مقعد کی پیشی کی ابتداء تو اسی وقت سے

Maktaba Tul Ishaat.com

شروع ہو جاتی ہے جب جنازے کو کاندھوں پر لاد دیا جاتا ہے حتی کہ جنتی تو کہتا ہے قَدِّمُونِي جلدی لے چلو اور اگر خدانخواستہ اس کا انجام اچھا نہیں ہوتا ہے تو وہ گھبراتا ہے اور کہتا ہے يَاوَيْلَهَا أَيْنَ تَذْهَبُونَ بِهَا۔

اور ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ یہاں تو ترجمہ کی وہی غرض ہے جو ابن رشید نے بیان کی ہے یعنی اسراع بالجنازہ کی وجہ بیان کرنا مقصود ہے اور جو ترجمہ آئندہ آرہا ہے وہاں امام بخاری کا مقصود ایک مستقل مسئلہ بیان کرنا ہے اور وہ یہ کہ میت کلام کرتا ہے۔

فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي: یہ کلام جسد کا تھا یا روح کلام کرتی ہے یا دونوں کرتے ہیں؟ اس میں تینوں احتمال ہیں، ظاہر تو یہ ہے کہ متکلم جسد ہے لیکن ابن بطال کہتے ہیں کہ روح کلام کرتی ہے، ابن منیر فرماتے ہیں کہ روح کو جسد میں لوٹایا جاتا ہے، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ ابوداؤد شریف میں حضرت براء بن عازبؓ کی روایت میں تعاد روحه في جسده واقع ہوا ہے اس میں اگرچہ اعادۂ روح کا تذکرہ ہے لیکن قبر میں اتار دینے کے بعد جب کہ میت کو دفن کر دیا جاتا ہے اور لوگ وہاں سے پشت پھیرتے ہیں، اس سے پہلے اعادۂ روح کا کوئی تذکرہ وارد نہیں ہوا ہے، حافظ ابن حجر نے علامہ ابن بطال کے قول کو اختیار کیا ہے اس لئے کہ محض جسد تو کیا کلام کرے گا اصل توجیات کا تعلق روح سے ہے۔

وَلَوْ سَمِعَ الْإِنْسَانُ لَصَعِقَ: انسان اگر سنے تو بیہوش ہو جائے کیوں کہ وہ آواز غیر معروف ہوتی ہے اس لئے اس کے سننے سے انسان گھبرا کر بیہوش ہو جائے گا، یہ صعق غیر صالح کی آواز کے متعلق ہے یا صالح کی آواز بھی ایسی ہی ہوتی ہے؟ علامہ ابن بزیزہ صاحب کتاب الاحکام کی رائے یہ ہے کہ یہ غیر صالح کی آواز کے متعلق ہے صالح کی آواز تو اچھی ہوتی ہے، لیکن بعض روایات سے جس کو ابوالقاسم بن مندہ اصبہانی نے نقل کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صالح اور غیر صالح سب کی آواز ایسی ہی منکر اور غیر معروف آواز ہو جاتی ہے کہ انسان اگر اس دنیا میں اس آواز کو سنے تو گھبرا جائے۔

(ص ١٧٦) بَاب مَنْ صَفَّ صَفَّيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً عَلَى الْجَنَازَةِ خَلْفَ الْإِمَامِ

١٣١٧. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي أَوِ الثَّالِثِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، جنازے کی نماز میں امام کے پیچھے دو یا تین صفیں بنانے کا بیان۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی اور میں دوسری یا تیسری صف میں تھا۔

تشریح: جب جنازہ لیکر قبرستان جائیں تو وہاں نماز پڑھیں گے اور صف بندی کریں گے۔

فرماتے ہیں کہ صف بندی میں کوئی تحدید نہیں دو ہو تین ہو سب جائز ہے، اور مصنف نے دلیل میں یہ پیش کیا ہے کہ حضرت جابرؓ اپنا عمل نقل کرتے ہیں فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي أَوِ الثَّالِثِ معلوم ہوا کہ حضور کے پیچھے دو یا تین صف تھیں۔

لیکن یہاں دو اشکال ہے، اول یہ کہ روایت میں صرف یہ ہے فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي أَوِ الثَّالِثِ. اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ منتہائے صفوف کیا تھا یعنی دوسری صف منتہائے صف تھی یا تیسری، دوسری بات یہ کہ امام بخاری نے ترجمہ میں خَلْفَ الْإِمَامِ ذکر کیا ہے اور روایت میں کہیں بھی خلف الامام کا ذکر نہیں؟

اشکال اول کا جواب یہ ہے کہ جب صحابی دو یا تین صف کا ذکر کر رہے ہیں تو ظاہر ہے کہ آگے صف نہیں ہوگی، مزید یہ کہ مسلم شریف میں حضرت جابرؓ ہی کی حدیث میں ہے فَقُمْنَا فَصَفَّنَا صَفَّيْنِ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف دو صفیں تھیں لیکن مصنف نے اپنی روایت پر نظر کر کے ترجمہ میں أَوْ ثَلَاثَةً کا لفظ ذکر فرمادیا۔

دوسرے اشکال کا جواب یہ ہے کہ یہی حدیث ہجرتِ حبشہ میں ص ۵۴۷ پر آرہی ہے اس میں تصریح ہے فَصَفَّنَا وَرَاءَهُ ہم کو اپنے پیچھے حضور ﷺ نے صف میں کھڑا کیا، بعض علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ہو سکتا ہے کہ اس ترجمۃ الباب سے امام مالک کی تردید کی ہو، علامہ مغلطای بن قلیج حنفی نے ابن عربی سے اور انہوں نے امام مالک سے نقل فرمایا ہے کہ لوگ ایک صف میں کھڑے ہوں گے، بخاری فرماتے ہیں کہ جنازہ میں ایک صف میں کھڑا ہونا مطلوب و مقصود نہیں بلکہ صف بندی کی جائے گی، حضرت شیخ دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ چونکہ بہت سی روایتوں میں تین صفوں کی فضیلت وارد ہوئی ہے تو ممکن ہے کہ کوئی یہ سمجھ جائے کہ تین صف بنانا واجب ہے امام بخاری نے صَفَّ صَفَّيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً کہہ کر اس کی تردید فرمادی۔

(ص ١٧٦) بَابُ الصُّفُوفِ عَلَى الْجِنَازَةِ

١٣١٨. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَعَى

Maktaba Tul Ishaat.com

النَّبِيُّ ﷺ إِلَى أَصْحَابِهِ النَّجَاشِيَّ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَصَفُّوا خَلْفَهُ فَكَبَّرَ أَرْبَعًا.

١٣١٩. حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ شَهِدَ النَّبِيَّ ﷺ أَتَى عَلَى قَبْرٍ مَنْبُوذٍ فَصَفَّهُمْ وَكَبَّرَ أَرْبَعًا قُلْتُ مَنْ حَدَّثَكَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ.

١٣٢٠. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ قَدْ تُوُفِّيَ الْيَوْمَ رَجُلٌ صَالِحٌ مِنَ الْحَبَشِ فَهَلُمَّ فَصَلُّوا عَلَيْهِ قَالَ فَصَفَفْنَا فَصَلَّى النَّبِيُّ ﷺ عَلَيْهِ وَنَحْنُ مَعَهُ صُفُوفٌ قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ كُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي.

ترجمہ: باب، جنازے کی نماز میں صفیں بنانے کا بیان۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے صحابہ کو نجاشی کے انتقال کی خبر دی پھر آپ آگے بڑھے اور صحابہ نے آپ کے پیچھے صف بنائی پھر آپ نے چار تکبیریں کہیں۔

عامر شعبی کہتے ہیں کہ مجھے ایک ایسے صاحب نے خبر دی جو نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے کہ نبی کریم ﷺ ایک قبر پر آئے جو الگ تھلگ تھی آپ نے لوگوں کی صف بنائی اور چار تکبیریں کہیں، شیبانی کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا کہ آپ سے یہ حدیث کس نے بیان کی؟ (ان کا نام تو بتاؤ) تو فرمایا کہ ابن عباسؓ نے۔

جابر بن عبد اللہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ آج حبشہ کے ایک نیک شخص کا انتقال ہو گیا ہے، چلو ان کی نماز جنازہ پڑھو، حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ہم نے صف بنائی تو حضور ﷺ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور ہم صف بنائے ہوئے تھے، ابوزبیر نے جابر کا یہ قول نقل کیا کہ میں دوسری صف میں تھا۔

تشریح: بظاہر مقصد یہ ہے کہ جنازہ پر کئی صفیں بنائی جائیں گی۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ مضمون تو ترجمۂ گزشتہ سے معلوم ہو چکا تو اس کے باوجود یہ ترجمہ کیوں منعقد فرمایا؟ علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ اصل میں ترجمۂ گزشتہ میں امام بخاری نے صَفَّيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً بغیر تعیین کے فرمایا تھا کیوں کہ اس کی روایت میں تعیین نہیں تھی اور اب تعیین کے ساتھ الصُّفُوف عَلَى الْجَنَازَة کا ترجمہ منعقد کرتے ہیں، گویا ترجمۂ گزشتہ میں زیادۃ علی الصفین کی تعیین نہیں تھی اور اِس باب میں زیادۃ علی الصفین کی تعیین فرما رہے ہیں۔

علامہ ابن بطال فرماتے ہیں کہ اصل میں عطاء بن ابی رباح سے منقول ہے کہ جنازہ میں تسویۃ الصفوف

Maktaba Tul Ishaat.com

مشروع نہیں، امام بخاری نے اس کی تردید کی اور بتلایا کہ جنازہ میں تسویۃ الصفوف مشروع ہے۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ ترجمہ میں کہیں بھی تسویۃ الصفوف کا ذکر نہیں ہے تو یہ تسویہ کہاں سے اخذ کرلیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ جب صف بندی ہوگی تو یقیناً اس میں تسویہ بھی ہوگا، اس لئے کہ جس طرح نماز کی صفوں میں تسویہ مطلوب ہے اور صلوۃ جنازہ نماز ہے تو اس میں بھی صف بندی کے وقت تسویہ ہوگا۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے امام بخاری نے مالک بن ہبیرہ وغیرہ کی ان روایات کی طرف اشارہ کیا ہو جس میں تین صف بنالینے کی فضیلت وارد ہوئی ہے کہ اگر کسی جنازہ پر تین صفیں نماز پڑھتی ہیں تو اس کی مغفرت واجب کردی جاتی ہے۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم نے یہاں ایک عجیب وغریب نکتہ بیان کیا کہ امام بخاری نے بڑے عجیب طریقہ سے اس ترجمۃ الباب کے ذریعہ سے صلوۃ جنازہ علی الغائب کے مسئلہ کی طرف اشارہ کرکے حنفیہ اور ان کے موافقین کی تائید کی ہے۔

صلاۃ الغائب کا مسئلہ: مسئلہ مختلف فیہا ہے کہ آیا غائب کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی یا نہیں؟

امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور جمہور علماء اس کے قائل ہیں، حنفیہ اور مالکیہ اس کا انکار کرتے ہیں، جو لوگ اثبات کے قائل ہیں وہ نجاشی کی نماز جنازہ پڑھنے کے قصہ سے استدلال کرتے ہیں، اور جو حضرات منع کرتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ نماز میت پر پڑھی جاتی ہے اور جنازہ جب غائب ہے تو اس کی نماز کیسے پڑھی جائے گی؟ اور صحابۂ کرام کی کثرت سے اسفار میں شہادتیں اور موتیں ہوئیں لیکن کہیں بھی آنحضور ﷺ سے کسی کی بھی غائبانہ نماز جنازہ پڑھنا منقول نہیں ہے، معلوم ہوا کہ غائب کی نماز جنازہ پڑھنا سنن میں سے نہیں ہے۔

اب رہی یہ بات کہ حضور ﷺ نے نجاشی کی نماز جنازہ کیوں پڑھی؟ اس کی مختلف توجیہات کی ہیں۔

(۱) ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ اصل میں نجاشی کا جہاں پر انتقال ہوا وہاں ان کی کوئی نماز جنازہ پڑھنے والا نہیں تھا اس لئے حضور پاک ﷺ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی، امام خطابی نے اس روایت کی بناء پر یہی مطلب اختیار کیا ہے اور ابو المحاسن رویانی نے اس کو مستحسن قرار دیا ہے۔

مگر اس پر یہ اشکال ہے کہ نجاشی بادشاہ تھے اور وہاں ان کی کوئی نماز جنازہ پڑھنے والا نہ ہو یہ بہت ہی بعید

Maktaba Tul Ishaat.com

بات معلوم ہوتی ہے، یہ اشکال علامہ قرطبی نے کیا ہے اور یقیناً قرطبی کی بات نہایت وزن دار ہے، وہاں پر مسلمین موجود تھے چنانچہ ابن ابی شیبہ نے سعید بن مسیب کی ایک مرسل روایت نقل کی ہے اس میں تصریح ہے کہ نجاشی مسلمان ہوئے تو ان کے ساتھ ان کے لوگ بھی مسلمان ہوئے۔

(۲) قاضی ابن عربی نے ایک جواب دیا کہ ہو سکتا ہے کہ وہاں ان کے علاقہ میں نماز جنازہ کی مشروعیت کا علم نہ ہو اس لئے نماز جنازہ نہ پڑھی گئی ہو، حافظ ابن کثیر کہتے ہیں ھذا جواب جید، مگر یہ جواب صرف حنابلہ کے مسلک پر چل سکتا ہے، امام ابن تیمیہ نے اسی کو اختیار کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی نماز جنازہ نہ پڑھی گئی ہو تو پڑھی جاسکتی ہے، امام ابن قیم نے امام احمد سے یہی ایک روایت نقل کی ہے، امام ابوداؤد بھی اسی طرف مائل ہیں اور باب الصلوۃ علی المسلم یموت فی بلاد الشرک اس پر ترجمہ منعقد کیا، احناف کے اصول پر یہ جواب نہیں چل سکتا ہے کیوں کہ احناف اس تفصیل کے قائل نہیں اور بظاہر مالکیہ کے اصول پر بھی یہ جواب نہیں چلنا چاہئے ان کے متعلق بھی مجھے یہ تفصیل معلوم نہیں۔

(۳) تیسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ نجاشی کی خصوصیت ہے، سرور عالم ﷺ نے کسی اور کی نماز جنازہ اس طور پر نہیں پڑھی ہے، اس پر اشکال یہ ہے کہ معاویہ بن معاویہ لیثیؓ کی جب وفات ہوئی تھی تو ان کی بھی نماز جنازہ غائبانہ ادا ہوئی ہے اس میں بھی خصوصیت کا جواب دیا جاسکتا ہے۔

(۴) چوتھا جواب بعض علماء نے یہ دیا ہے کہ یہ نماز جنازہ صحابہ کے اعتبار سے غائبانہ تھی حضور پاک ﷺ کے اعتبار سے غائبانہ نہیں تھی، آپ کے لئے ہو سکتا ہے کہ پردہ اٹھا دیا گیا ہو اور حضور ﷺ نے جنازہ کا مشاہدہ کر لیا ہو اور نماز پڑھی ہو، چنانچہ بعض روایات سے یہ بات معلوم ہوتی ہے، ابن حبان وغیرہ کی روایات میں ہے وَهُمْ لَا يَظُنُّونَ إِلَّا أَنَّ جَنَازَتَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، علامہ ابن حبان کہتے ہیں کہ اگر جانب قبلہ میں میت ہو تو نماز پڑھی جاسکتی ہے، اور بعض علماء سے ابن عبدالبر نے نقل کیا ہے کہ وقت قریب میں نماز پڑھ سکتے ہیں ورنہ نہیں۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے بَابُ الصُّفُوفِ عَلَى الْجِنَازَةِ سے اسی مسئلہ کو ثابت کیا ہے اور حنفیہ اور مالکیہ کی موافقت ظاہر کی ہے اور یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ وہ صفوف جنازہ پر تھیں، پردہ ہٹا دیا گیا تھا اور حضور ﷺ کے سامنے جنازہ تھا اسلئے یہ غائبانہ نماز جنازہ نہیں تھی۔

مگر اشکال یہ ہے کہ امام بخاری نے اس میں صلوۃ علی القبر کا بھی تذکرہ کیا، حضرت شیخ نے اس کا جواب دیا کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

یہ تو تنزیل بالمسئلۃ کے طور پر ہے، اور مطلب یہ ہے کہ جس طرح سے مقبور کی نماز جنازہ پڑھی جاسکتی ہے جو عام لوگوں کو نظر نہیں آتا ایسے ہی حضور ﷺ نے نجاشی کی نماز پڑھی تھی جو عام لوگوں کو نظر نہیں آتا تھا۔

مگر میں حضرت والا دامت برکاتہم کے اس بیان کو ایک لطیفہ اور نکتہ ہی کے درجہ میں سمجھتا ہوں، ترجمہ کی یہ غرض میری سمجھ میں نہیں آرہی ہے، ہوسکتا ہے کہ بخاری کی یہ مراد ہو، باقی اپنے نزدیک تو ترجمہ کی غرض وہی ہے جو علامہ زین بن منیر سے نقل کی گئی ہے۔

ایک سوال! امام بخاری نے اس باب میں تین روایتیں ذکر کی ہیں، ایک ابوہریرہؓ کی، دوسری حضرت جابرؓ اور تیسری مَنْ شَهِدَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابی غیر معین اسم کی، پہلی اور تیسری روایت کا تعلق نجاشی کی نماز جنازہ سے ہے اور مَنْ شَهِدَ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مراد حضرت ابن عباسؓ ہیں اور ان کی روایت کا تعلق صلوۃ علی القبر سے ہے، سوال یہ ہے کہ ان تینوں روایتوں میں جنازہ کا ذکر نہیں ہے، نجاشی کی نماز جنازہ جب پڑھی گئی تب جنازہ سامنے نہیں تھا غائب تھا، ایسے ہی منبوذ کی قبر پر جو نماز جنازہ پڑھی گئی تو جنازہ آنکھوں کے سامنے تھا ہی نہیں قبر میں مدفون تھا، تو جب جنازہ تھا ہی نہیں پھر مصنف نے اس سے صفوف علی الجنازہ کیسے ثابت کیا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ جب قبر پر صف بنانا جائز ہے کہ میت اندر رکھا ہوا ہے تو ایسے ہی جنازہ پر بھی اصطفاف جائز ہے اور اگر جنازہ کے غائب ہونے کی صورت میں اصطفاف جائز ہے تو حاضر ہونے کی صورت میں بدرجۂ اولیٰ جائز ہوگا۔

عَلَى قَبْرٍ مَنْبُوذٍ: قَبْرٍ مَنْبُوذٍ موصوف صفت کے ساتھ اور قَبْرِ مَنْبُوذٍ اضافت کے ساتھ دونوں جائز ہے، اگر توصیف کے ساتھ ہو تو منبوذ کے معنی المنتبذ أی المنفرد ہے یعنی ایک الگ تھلگ قبر پر، اور اگر اضافت کے ساتھ ہو تو منبوذ بمعنی اللقیط ہے یعنی لقیط کی قبر پر۔

تکرار صلوۃ علی الجنازہ: اس اثر سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ تکرار صلوۃ علی الجنازہ جائز ہے کیوں کہ یہ ظاہر ہے کہ منبوذ کو نماز جنازہ پڑھ کر ہی دفن کیا گیا ہوگا، تکرار صلوۃ جنازہ کا مسئلہ مختلف فیہا ہے، امام ابوحنیفہ اور امام مالک فرماتے ہیں لاینبغی جب نماز جنازہ ہوگئی تو دوبارہ نہیں ہاں البتہ اگر ولی نے نماز نہ پڑھی ہو تو اس کو حق اعادہ حاصل ہے بعد میں جاکر پڑھ سکتا ہے، امام شافعی اور امام احمد فرماتے ہیں کہ تکرار جائز ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٧٦) بَابُ صُفُوفِ الصِّبْيَانِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْجَنَائِزِ

١٣٢١. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ مَرَّ بِقَبْرٍ قَدْ دُفِنَ لَيْلًا فَقَالَ مَتَى دُفِنَ هٰذَا؟ قَالُوا الْبَارِحَةَ قَالَ أَفَلَا آذَنْتُمُونِي؟ قَالُوا دَفَنَّاهُ فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ فَكَرِهْنَا أَنْ نُوقِظَكَ فَقَامَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَأَنَا فِيهِمْ فَصَلَّى عَلَيْهِ.

ترجمہ: باب، جنازہ کی نماز میں بچوں کی صفیں مردوں کے ساتھ بنانے کا بیان۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک قبر کے پاس سے گزرے جس میں رات کو تدفین ہوئی تھی، حضور ﷺ نے دریافت کیا کہ یہ کب دفن کیا گیا؟ لوگوں نے بتایا کہ گزشتہ رات، آپ نے فرمایا تم نے مجھے اطلاع نہ دی؟ لوگوں نے عرض کیا کہ ہم نے اسے رات کی تاریکی میں دفن کیا اور یہ پسند نہ کیا کہ آپ کو جگائیں تو آپ کھڑے ہوئے اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بنائی، ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ میں بھی مردوں کے بیچ میں تھا پھر حضور ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔

تشریح: جنازے میں اگر بچے شریک ہوں تو مردوں کے ساتھ صف بندی کریں گے، یعنی ان کی صفیں صلوۃ فریضہ کی طرح الگ اور علیحدہ نہیں ہوں گی۔

مگر اشکال یہ ہے کہ ایک ترجمہ آگے ص۱۷۷ پر منعقد کیا ہے بَابُ صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ یعنی بچے بھی نماز جنازہ پڑھیں گے تو اب ترجمہ مکرر ہو گیا، اس واسطے کہ جب بچے جنازے میں مردوں کے ساتھ صف بندی کریں گے تو یقیناً وہ نماز پڑھ سکتے ہیں، لہذا انکے اصطفاف سے انکا نماز پڑھنا خود ثابت ہو گیا پھر دوبارہ صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ بیان کرنے کی ضرورت کیا تھی؟ اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں۔

ایک جواب یہ ہے کہ امام بخاری نے یہاں تو اصلاً و بالذات بچوں کے صف بنانے کا مسئلہ بیان کیا ہے اور اس کے ضمن میں صلوۃ صبیان بھی معلوم ہو گئی اور آگے چل کر مصنف نے مستقلاً صلوۃ صبیان کو بیان فرمایا ہے۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ یہاں تو ترجمہ کی وہی غرض ہے جو ابھی ہم نے بیان کی یعنی بچے جنازہ میں مردوں کے ساتھ صف بندی کریں گے، ان کی الگ صف نہیں ہو گی جیسے فریضہ میں الگ ہوتی ہے، اور آئندہ باب صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ سے ایک مخصوص مسئلہ اختلافیہ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اگر بچے ہی تنہا نماز جنازہ پڑھ لیں تو فریضہ ساقط ہو گا یا نہیں؟ یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔

حنابلہ فرماتے ہیں کہ فریضہ ساقط نہیں ہو گا، بعض شافعیہ کا یہی قول ہے لیکن ان کا اصح قول یہ ہے کہ ساقط

Maktaba Tul Ishaat.com

ہو جائے گا، حنفیہ کے بھی دو قول ہیں ایک اسقاط فریضہ کا اور دوسرا عدم سقوط فریضہ کا، امام بخاری نے اسی اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے اور باب صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ سے بتایا کہ تنہا بچوں کا نماز پڑھ لینا اسقاط فریضہ کے واسطے کافی نہیں ہے۔

(ص ١٧٦) بَاب سُنَّةِ الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَازَةِ

وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَنْ صَلَّى عَلَى الْجَنَازَةِ، وَقَالَ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ، وَقَالَ صَلُّوا عَلَى النَّجَاشِيِّ، سَمَّاهَا صَلَاةً لَيْسَ فِيهَا رُكُوعٌ وَلَا سُجُودٌ وَلَا يُتَكَلَّمُ فِيهَا وَفِيهَا تَكْبِيرٌ وَتَسْلِيمٌ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يُصَلِّي إِلَّا طَاهِرًا وَلَا يُصَلِّي عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبِهَا وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ، وَقَالَ الْحَسَنُ أَدْرَكْتُ النَّاسَ وَأَحَقُّهُمْ بِالصَّلَاةِ عَلَى جَنَائِزِهِمْ مَنْ رَضُوهُمْ لِفَرَائِضِهِمْ، وَإِذَا أَحْدَثَ يَوْمَ الْعِيدِ أَوْ عِنْدَ الْجَنَازَةِ يَطْلُبُ الْمَاءَ وَلَا يَتَيَمَّمُ، وَإِذَا انْتَهَى إِلَى الْجَنَازَةِ وَهُمْ يُصَلُّونَ يَدْخُلُ مَعَهُمْ بِتَكْبِيرَةٍ، وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ يُكَبِّرُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالسَّفَرِ وَالْحَضَرِ أَرْبَعًا، وَقَالَ أَنَسٌ التَّكْبِيرَةُ الْوَاحِدَةُ اسْتِفْتَاحُ الصَّلَاةِ، وَقَالَ {وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا}، وَفِيهِ صُفُوفٌ وَإِمَامٌ.

١٣٢٢. حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ مَرَّ مَعَ نَبِيِّكُمْ ﷺ عَلَى قَبْرٍ مَنْبُوذٍ فَأَمَّنَا فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ فَقُلْنَا يَا أَبَا عَمْرٍو مَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ.

ترجمہ: باب، نماز جنازہ کے طریقے اور شرعی حیثیت کا بیان، نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے جنازہ کی نماز پڑھی، نیز آپ ﷺ نے فرمایا اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھ لو، نیز آپ ﷺ نے فرمایا نجاشی کی نماز جنازہ پڑھو، آپ ﷺ نے اسے نماز کا نام دیا اس میں نہ تو رکوع ہے اور نہ سجدہ لیکن اس میں بات نہیں کی جائے گی اور ہاں اس میں تکبیر ہے اور سلام ہے، ابن عمرؓ کا معمول یہ تھا کہ وہ نماز جنازہ باوضوہی پڑھتے تھے اور اس نماز کو بھی طلوع شمس اور غروب شمس کے وقت نہیں پڑھتے تھے نیز وہ رفع یدین کرتے تھے، حسن بصری فرماتے ہیں کہ میں نے لوگوں (صحابہ وتابعین) کا زمانہ دیکھا ہے نماز جنازہ میں بھی امامت کے ان میں زیادہ مستحق وہ ہوتے تھے جن کو لوگ فرض نمازوں کی امامت کے لئے پسند کرتے تھے، عید کے دن یا جنازہ کے وقت اگر حدث لاحق ہو جائے تو پانی تلاش کرے اور تیمم نہ کرے، اگر جنازے کے پاس ایسے وقت پہنچے جب لوگ نماز میں ہوں تو ایک بار اللہ اکبر کہہ کر داخل نماز ہو جائے، ابن مسیب نے فرمایا کہ چار تکبیریں کہنی ہیں رات میں بھی، دن میں بھی، سفر میں بھی اور حضر میں بھی، حضرت انسؓ نے فرمایا کہ ایک بار اللہ اکبر کہنا نماز کا افتتاح ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان (منافقین) میں

Maktaba Tul Ishaat.com

سے جو مر جائے اس کی نمازِ جنازہ کبھی بھی نہ پڑھیں، نمازِ جنازہ میں صفیں بھی ہوں گی اور اس کا امام بھی ہوگا۔
عامر شعبی کہتے ہیں کہ مجھے ان بزرگ نے خبر دی جو تمہارے نبی ﷺ کے ساتھ ایک الگ واقع قبر کے پاس سے گزرے، انہوں نے بتایا کہ حضور ﷺ نے ہماری امامت کی اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بنائی، ہم نے عرض کیا کہ اے ابو عمرو! بیان تو کریں کہ آپ سے کس نے بیان کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ابن عباسؓ نے۔

تشریح: اس ترجمۃ الباب کی غرض میں اختلاف ہے۔

(١) علامہ ابن رشید، ابن مرابط وغیرہ شراح کرام کی رائے یہ ہے کہ امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ صلوۃ جنازہ نماز ہے صرف دعا اور استغفار نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگوں نے کہہ دیا ہے، اور اس کے بعد یہ بھی کہہ دیا کہ اس کے لئے طہارت شرط نہیں ہے، عدمِ اشتراطِ طہارت کا قول شعبی سے منقول ہے اور ابن جریر طبری نے ان کی موافقت فرمائی ہے، امام بخاری ان پر رد کرنا چاہتے ہیں اور صلوۃ جنازہ کے صلوۃ ہونے پر دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ قرآن پاک میں اس کو صلوۃ کہا گیا ہے بس صرف اتنی بات ہے کہ رکوع اور سجود نہیں ہے، دوسری دلیل امام نے یہ پیش کی ہے کہ اس میں تکبیر پائی جاتی ہے جو صلوۃ اور نماز میں پائی جاتی ہے۔

(٢) علامہ کرمانی فرماتے ہیں کہ امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ صلوۃ جنازہ پر صلوۃ کا اطلاق کرنا جائز ہے اور یہ بھی صلوۃ مشروعہ ہے اگرچہ ذاتِ رکوع و سجود نہیں ہے۔

امام بخاری نے صلوۃ جنازہ پر صلوۃ کے اطلاق اور اس کے صلوۃ کہنے پر مختلف طرح سے دلیل قائم کی ہے، ایک یہ کہ اس صلوۃ کا اطلاق نصوص میں وارد ہوا ہے، اسی طرح اس میں خصائصِ صلوۃ پائے جاتے ہیں جیسے اس میں کلام نہیں کیا جاتا، اور تکبیر تحریمہ سے شروع کیا جاتا ہے اور تسلیم پر ختم کیا جاتا ہے، نیز اس میں طہارت شرط ہے اور اسے وقت مکروہ میں ادا نہیں کیا جاتا ہے۔

(٣) احقر کا خیال یہ ہے کہ امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ صلوۃ جنازہ صلوۃ ہے اور اس میں کیا کیا چیزیں مشروع ہیں؟ سنت کا لفظ لغت میں طریقہ کے معنی میں آتا ہے اور مراد یہاں پر الطریقۃ المنقولۃ فی الدین ہے خواہ وہ واجب ہو یا مندوب، اسی لئے نمازِ جنازہ کے طریقہ سے متعلق اکثر چیزیں اس باب میں روایت وآثار کی صورت میں جمع فرمادی ہیں۔

اچھی طرح سے سمجھ لیجئے میں نے جو غرض بیان کی ہے وہ پہلی دونوں غرضوں سے مختلف ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

پہلی غرض کا خلاصہ یہ ہے کہ صلوۃ جنازہ نماز ہے محض دعا و استغفار نہیں ہے جیسا کہ بعض لوگوں نے نقل کیا ہے، دوسری غرض کا حاصل یہ ہے کہ صلوۃ جنازہ کو صلوۃ کہا جاسکتا ہے، اور میں جو کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے صلوۃ جنازہ کا طریقہ بتلارہے ہیں اور یہ کہ نماز جنازہ میں کیا کیا چیزیں ملحوظ ہوں گی چاہے وہ واجب ہوں یا غیر واجب، چنانچہ صلوۃ جنازہ کے متعلق جو تفصیلات بیان کی ہیں اس میں اس کے بہت سے اجزاء آگئے ہیں۔

ویسے صلوۃ جنازہ کے ارکان کیا کیا ہیں اس کی تفصیل کتب فروع میں ہیں، المختصر یہ کہ حنابلہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ سات ارکان ہیں، مالکیہ کہتے ہیں کہ پانچ اور حنفیہ صرف دو بتلاتے ہیں ایک قیام اور دوسرے تکبیرات۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَنْ صَلَّى عَلَى الْجَنَازَةِ: مصنف کا مقصود یہ ہے کہ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوۃ جنازہ کو صلوۃ کہا ہے لہذا اس میں ساری وہ چیزیں ہوں گی جو نماز میں ہوا کرتی ہیں۔

سَمَّاهَا صَلَاةً لَيْسَ فِيهَا رُكُوعٌ وَلَا سُجُودٌ: یہ امام بخاری کا مقولہ ہے، فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوۃ جنازہ کو صلوۃ کہا ہے لہذا یہ حقیقۃً صلوۃ ہے بس اتنی سی بات ہے کہ اس میں رکوع اور سجود نہیں ہوتا ہے، علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ صلوۃ جنازہ میں رکوع و سجود اس لئے نہیں رکھا گیا ہے تا کہ کوئی جاہل یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ یہ نماز اور عبادت میت سے متعلق ہے اور میت کے لئے رکوع اور سجود ہو رہا ہے۔

وَلَا يَتَكَلَّمُ فِيهَا: اور اس میں کلام نہیں کیا جائے گا۔

وَفِيهَا تَكْبِيرٌ وَتَسْلِيمٌ: اور اس میں تکبیر تحریمہ اور سلام بھی ہے، تکبیر تحریمہ متفق علیہ ہے، تسلیم کے مسئلہ میں تھوڑا سا اختلاف ہے کہ ایک تسلیم ہوگی یا دو؟ امام مالک کے یہاں نماز میں بھی ایک ہی تسلیم ہے، امام احمد صرف ایک تسلیم کے قائل ہیں، ابو حنیفہ اور شافعی دو تسلیم کے قائل ہیں۔

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يُصَلِّي إِلَّا طَاهِرًا: ابن عمرؓ صلوۃ جنازہ طہارت کی حالت میں پڑھتے تھے، معلوم ہوا کہ صلوۃ جنازہ کیلئے عام نمازوں کی طرح سے طہارت مطلوب تھی، اس میں سلف و خلف میں کوئی خاص اختلاف نہیں، صرف عامر شعبی کہتے ہیں کہ طہارت شرط نہیں، اسی طرح سے ابراہیم بن علیہ سے بھی یہی نقل کیا گیا ہے لیکن ابن علیہ نے جمہور کے خلاف نہ معلوم کتنی جگہ نئی نئی باتیں کہی ہیں اسی لئے علماء نے ان کے اختلاف کی کوئی پرواہ نہیں کی ہے صرف ابن جریر طبری البتہ اس مسئلہ میں عدم اشتراط طہارت کے قائل ہیں،

Maktaba Tul Ishaat.com

ان لوگوں کے سامنے یہ بات ہے کہ صلوۃ جنازہ کا اصل مقصود اور حقیقت میت کیلئے دعاء واستغفار ہے، لہذا جیسے دعاواستغفار کیلئے طہارت شرط نہیں ایسے ہی صلوۃ جنازہ کیلئے بھی شرط نہیں، مگر ان کا یہ قیاس قیاس مع الفارق ہے، صلوۃ جنازہ دعاواستغفار ضرور ہے مگر یہ کہ اس کی حقیقت صرف دعاواستغفار ہے یہ صحیح نہیں۔

وَلَا يُصَلِّي عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبِهَا: اوقات منہیہ میں صلوۃ جنازہ جمہور علماء جس میں ابو حنیفہ، مالک اور احمد ہیں فرماتے ہیں کہ نہیں پڑھی جائے گی۔

وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ: تکبیر تحریمہ کے وقت تو رفع یدین متفق علیہ ہے لیکن اس کے علاوہ باقی تکبیرات میں بھی رفع یدین ہو گا یا نہیں؟ یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، امام شافعی واحمد فرماتے ہیں کہ ہر تکبیر پر رفع یدین ہو گا، امام مالک اور ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ صرف ابتداء میں ایک مرتبہ ہو گا۔

وَقَالَ الْحَسَنُ أَدْرَكْتُ النَّاسَ الخ: میں نے صحابہ اور تابعین کا زمانہ پایا ہے ان کے یہاں نماز جنازہ میں بھی امامت کا زیادہ مستحق وہ ہوتا تھا جس کو وہ اپنے فرائض میں منتخب کرتے اور پسند کرتے تھے، مطلب یہ ہے کہ امام حی جو فرائض کا امام ہوتا تھا وہی جنازہ کا بھی امام ہوا کرتا تھا، معلوم ہوا کہ صلوۃ جنازہ جماعت کے ساتھ ادا کی جائے گی۔

وَإِذَا أَحْدَثَ يَوْمَ الْعِيدِ أَوْ عِنْدَ الْجَنَازَةِ يَطْلُبُ الْمَاءَ وَلَا يَتَيَمَّمُ: اس سے ایک اختلافی مسئلہ کی طرف اشارہ کیا کہ اگر کسی آدمی کو صلوۃ جنازہ یا عید کی نماز پڑھتے ہوئے حدث لاحق ہو جائے تو وہ وضو کرے یا تیمم کرکے شامل ہو جائے گا؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ وضو کرے گا تیمم کرکے شامل ہونا کافی نہیں۔

حنفیہ فرماتے ہیں کہ تیمم کرکے شامل ہو جائے گا یہی ربیعۃ الرائے اور لیث بن سعد کا مسلک اور امام احمد بن حنبل سے ایک روایت ہے، امام بخاری نے اس پر رد کیا ہے۔

اصل میں حنفیہ کے سامنے ایک قانون ہے، وہ یہ فرماتے ہیں کل عبادۃ تفوت لا إلی خلف یجوز أداءھا بالتیمم اور چونکہ یہ نماز بھی ان نمازوں اور انہیں عبادات میں سے ہے اس لئے احناف نے یہاں پر صلوۃ جنازہ کے لئے تیمم کر لینے کو کافی سمجھا ہے اور دلیل میں مہاجر بن قنفذؓ والی روایت پیش کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ردِ سلام کے واسطے تیمم فرمایا کیوں کہ ردِ سلام ایک ایسی عبادت ہے کہ مصلی اگر سامنے سے چلا جائے تو فوت ہو جائے گی اور فوت ہو گا لا إلی خلف یعنی اس کا کوئی بدل نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَإِذَا انْتَهَى إِلَى الْجَنَازَةِ وَهُمْ يُصَلُّونَ يَدْخُلُ مَعَهُمْ بِتَكْبِيرَةٍ: امام بخاری نے اس سے ایک مسئلہ بیان کیا ہے اور وہ یہ کہ اگر کوئی آدمی صلوۃ جنازہ میں مسبوق ہو تو جاتے ہی فوراً شامل ہو جائے یا امام کی تکبیر کا انتظار کرے؟ امام شافعی فرماتے ہیں کہ فوراً شامل ہو جائے، امام ابو حنیفہ اور سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ امام کی تکبیر کا انتظار کرے گا جب وہ تکبیر کہے دوسری یا تیسری تب شامل ہو، حنابلہ اور مالکیہ کے دونوں قول ہیں، قاضی ابو یوسف سے امام شافعی کی موافقت منقول ہے۔

وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ يُكَبِّرُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالسَّفَرِ وَالْحَضَرِ أَرْبَعًا: مصنف نے ابن مسیب کا اثر نقل کر کے یہ بتلا دیا کہ صلوۃ جنازہ میں چار تکبیرات ہیں، اگرچہ یہ مسئلہ مصنف آگے بیان کریں گے لیکن یہاں چونکہ صلوۃ جنازہ کا طریقہ بیان کیا جارہا ہے اس لئے اس جزء کو بھی ذکر فرمادیا۔

وَقَالَ أَنَسٌ: یعنی پہلی تکبیر تکبیرۃ الافتتاح اور تکبیر تحریمہ ہے۔

وَفِيهِ صُفُوفٌ وَإِمَامٌ: صفوف بھی ہوں گی اور امام بھی ہو گا، جمہور تو صفوف کے قائل ہیں البتہ مغلطای نے قاضی ابن عربی سے نقل کیا ہے کہ ایک سطر (صف) میں لوگ کھڑے ہو جائیں گے ولعل المصنف أشار بهذا الرد عليه۔

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ: حضرت رسول پاک ﷺ نے ہم کو لے کر قبر پر نماز پڑھائی اور آپ امام تھے اور آپ کے پیچھے قوم صف بستہ کھڑی تھی، یہ تمام چیزیں نماز کے حقائق ہیں معلوم ہوا کہ صلوۃ جنازہ بھی نماز ہے میری مراد نماز کے حقائق سے یہ ہے کہ نماز میں یہ چیزیں ملحوظ ہوتی ہیں اور ان کو کیا جاتا ہے۔

(ص ١٧٦) بَابُ فَضْلِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ

وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ إِذَا صَلَّيْتَ فَقَدْ قَضَيْتَ الَّذِي عَلَيْكَ وَقَالَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ مَا عَلِمْنَا عَلَى الْجَنَازَةِ إِذْنًا وَلَكِنْ مَنْ صَلَّى ثُمَّ رَجَعَ فَلَهُ قِيرَاطٌ.

١٣٢٣. حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ حُدِّثَ ابْنُ عُمَرَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَهُ قِيرَاطٌ فَقَالَ أَكْثَرَ أَبُو هُرَيْرَةَ عَلَيْنَا.

١٣٢٤. فَصَدَّقَتْ — يَعْنِي عَائِشَةَ — أَبَا هُرَيْرَةَ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُهُ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ

Maktaba Tul Ishaat.com

لَقَدْ فَرَّطْنَا فِي قَرَارِيطَ كَثِيرَةٍ، فَرَّطْتُ ضَيَّعْتُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ.

ترجمہ: باب، جنازہ کے ساتھ جانے کا بیان۔

زید بن ثابتؓ نے کہا کہ جب تم نے نماز پڑھ لی تو تم نے اپنی ذمہ داری پوری کر دی، حمید بن ہلال نے کہا کہ جنازہ میں اجازت لینے کی بات ہم نہیں جانتے، لیکن جو نماز پڑھ کر لوٹ جائے اس کو ایک قیراط ثواب ملے گا۔

نافع کہتے ہیں کہ ابن عمرؓ کے سامنے بیان کیا گیا کہ ابوہریرہؓ یہ کہہ رہے ہیں کہ جو جنازے کے ساتھ جائے گا اس کے لئے ایک قیراط ثواب ہے، ابن عمرؓ نے کہا کہ ابوہریرہؓ کچھ زیادہ ہی حدیثیں بیان کر رہے ہیں۔

لیکن حضرت عائشہؓ نے ابوہریرہؓ کی تصدیق کی اور کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، تب ابن عمرؓ نے فرمایا کہ پھر تو ہم نے بہت قیراط ضائع کر لئے۔ فَرَّطْتُ کے معنی ضَيَّعْتُ کے ہیں یعنی میں نے اللہ کے حکم میں کوتاہی کی۔

تشریح: امام بخاری کا یہ ترجمہ کسی تقریر کا محتاج نہیں ہے، یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ جنائز کا اتباع کرنا ایک بہت بڑی فضیلت رکھتا ہے، علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ امام بخاری اس ترجمہ سے حکمِ اتباع جنازہ نہیں بتلانا چاہتے ہیں کہ وہ تو واجبات علی الکفایہ میں سے ہے بلکہ یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ یہ ذوالفضیلۃ امر ہے۔

علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہوں کہ اتباع کا لفظ جو حدیث پاک میں وارد ہوا ہے اس کا مسمّٰی کب حاصل ہوگا؟ مصنف نے حضرت زید بن ثابتؓ کا اثر نقل کر کے یہ بتلا دیا کہ آدمی اگر نماز پڑھ لے تو اتباع کا حق ادا ہو گیا۔

اور یہ بھی فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہوں کہ مقصود اتباع کب حاصل ہوگا؟ اس لئے کہ جنازہ میں شرکت کرنے کے تین احتمالات ہیں، ۱۔ یا آدمی صرف نماز پڑھ لے اور اسی پر اکتفاء کرے، ۲۔ یا صرف دفن میں شرکت کرے اور اس پر اکتفاء کرے، ۳۔ یا دونوں میں شریک ہو، امام بخاری نے زید بن ثابتؓ کا اثر ذکر کر کے یہ بتلا دیا کہ صرف نماز پڑھ لینے پر اتباع کا مقصود حاصل ہو جائے گا۔

وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: یہ اثر ابن ابی شیبہ نے نقل کیا ہے۔

وَقَالَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ: حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے کہ حمید بن ہلال کا یہ اثر موصولاً نظر نہیں پڑا۔

مَا عَلِمْنَا عَلَى الْجَنَازَةِ إِذْنًا: مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی جنازہ میں شریک ہو تو واپس ہونے کے لئے جنازہ والوں سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے، یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، شافعی واحمد کے یہاں جنازہ میں

Maktaba Tul Ishaat.com

شرکت کے بعد اربابِ جنازہ اور جنازہ والوں سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے، امام احمد ایک مرتبہ جنازے میں شریک ہوئے اور بغیر اذن کے واپس ہوگئے، امام ابوحنیفہ اور امام مالک فرماتے ہیں کہ اجازت لیکر واپس ہو، یہ مسئلہ اصل میں سلف ہی میں مختلف فیہ رہ چکا ہے، صحابہ اور تابعین کی ایک جماعت یہ کہتی تھی اور دوسری جماعت اس کے خلاف کہتی تھی، امام بخاری؛ شافعی واحمد کے ہم خیال ہیں۔

حَدِّثْ ابْنَ عُمَرَ: علامہ ابن التین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ نے حضرت ابوہریرہؓ کو متہم نہیں کیا بلکہ ان کو یہ خوف تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ سہو ونسیان ہو گیا ہو، اس لئے کہ جب آدمی کثرت سے نقل کرتا ہے تو بعض اوقات اس کو سہو ونسیان لاحق ہو جاتا ہے، لیکن حضرت عائشہؓ نے حضرت ابوہریرہؓ کی تصدیق کی اور یہ کہا کہ میں نے خود رسول اکرم ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا ہے، اس سے معلوم ہو گیا کہ اتباع جنازہ پر ایک قیراط حاصل ہو گا اور مطلقاً اتباع موجب فضیلت ہے۔

اسی حدیث سے حضرات حنفیہ نے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے اس لئے کہ اتباع کی یہی حقیقت ہے، اور جو لوگ افضل آگے چلنے کو قرار دیتے ہیں وہ سنن کی روایات سے استدلال کرتے ہیں جس میں یہ وارد ہوا ہے أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوا يَمْشُونَ أَمَامَ الْجِنَازَةِ، لیکن حنفیہ کہتے ہیں کہ سیدنا علی بن ابی طالبؓ سے سعید بن منصور اور ابن ابی شیبہ نے بسند حسن نقل کیا ہے فضل الماشي خلف الجنازة على الماشي أمامها كفضل صلوة الجماعة على صلوة الفذ۔

فَرَّطْتُ ضَيَّعْتُ مِنْ أَمْرِ اللهِ: بخاری کی عادت ہے ہی کہ جب حدیث میں کوئی لفظ آجائے اور وہ قرآن کے لفظ کے مطابق ہو تو فوراً ان کا ذہن قرآن کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، فَرَّطْتُ قرآن کا لفظ ہے امام بخاری اس کی طرف منتقل ہو گئے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿يَا حَسْرَتَا عَلَى مَا فَرَّطْتُ فِي جَنْبِ اللهِ﴾ مصنف نے فَرَّطْتُ کی تفسیر ضَيَّعْتُ سے کی اور فِي جَنْبِ اللهِ کی تفسیر مِنْ أَمْرِ اللهِ سے کر دی۔

(ص ١٧٧) بَابُ مَنِ انْتَظَرَ حَتَّى تُدْفَنَ

١٣٢٤. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ ح حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شَبِيبِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي

Maktaba Tul Ishaat.com

حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَحَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتَّى يُصَلِّيَ فَلَهُ قِيرَاطٌ وَمَنْ شَهِدَ حَتَّى تُدْفَنَ كَانَ لَهُ قِيرَاطَانِ قِيلَ وَمَا الْقِيرَاطَانِ؟ قَالَ مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ الْعَظِيمَيْنِ.

ترجمہ: باب، میت کو دفن کئے جانے تک انتظار کرنے کا بیان۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا جو شخص جنازہ میں نماز ہونے تک شریک رہے اس کے لئے ایک قیراط کا ثواب ہے اور جو دفن کئے جانے تک شریک رہے اس کے لئے دو قیراط کا ثواب ہے، پوچھا گیا کہ دو قیراط سے کیا مراد ہے؟ تو فرمایا دو بڑے پہاڑوں کے برابر۔

تشریح: امام بخاری نے شرط ذکر فرمائی اور جوابِ شرط اعتماداً علی الحدیث ذکر نہیں فرمایا اور مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی دفن کے انتظار میں ٹھہر جائے تو اس کو مزید قیراط ملے گا۔

مصنف نے ترجمہ میں لفظ انتظار ذکر کیا ہے حالانکہ حدیث پاک میں شہود کا لفظ وارد ہوا ہے۔

علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ترجمہ میں لفظ انتظار لاکر اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ شہود سے مقصود محض حاضری نہیں بلکہ اہل میت کی معاونت ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ لفظ انتظار مسلم کی روایت میں وارد ہوا ہے اور چونکہ یہ لفظ اعم اور اشمل ہے اس لئے امام بخاری نے اس کو اختیار فرمالیا۔

بہر حال مقصد یہ ہے کہ امام بخاری نے پہلے یہ بتایا تھا کہ اتباع جنائز ذوالفضیلۃ امر ہے، اگر کوئی آدمی صرف نماز ہی میں شرکت کر کے واپس ہو جائے تو اس کو ایک قیراط ملے گا، لیکن اگر اس کے بعد دفن کے انتظار میں ٹھہرا رہے تو وہ مزید فضیلت کا مستحق ہو گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ: امام بخاری نے یہ حدیث یہاں پر تین سندوں سے نقل کی ہے۔

پہلی سند میں ہے عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا هُرَيْرَةَ، یعنی سعید مقبری اور ابوہریرہؓ کے درمیان ابو سعید مقبری کا واسطہ ہے، بعض حضرات نے اس پر اعتراض کیا ہے اور ان کی رائے یہ ہے کہ سعید مقبری یہ روایت ابوہریرہؓ سے بلاواسطہ نقل کرتے ہیں، لیکن یہ ضروری نہیں کہ اگر بلاواسطہ نقل کرتے ہوں تو بالواسطہ نقل نہ کرتے ہوں، امام بخاری کے نزدیک واسطہ ثابت ہے اسی لئے انہوں نے اولاً اس کو ذکر فرمایا ہے، اور جن روایات میں واسطہ مذکور نہیں یا تو وہ انقطاع پر محمول ہے، اور اگر وہ متصل ہے تو ابو سعید

Maktaba Tul Ishaat.com

مقبری کے واسطہ والی روایت من قبیل المزید فی متصل الاسانید ہے اور شاید اسی اختلاف کی وجہ سے مصنف نے عبد الرحمن بن ہرمز عن ابی ہریرہ کا طریق ذکر کیا۔

مصنف نے جو دوسری سند ذکر فرمائی ہے یعنی حدثنی عبد اللہ بن محمد قال حدثنا ہشام قال أخبرنا معمر عن الزہری عن ابن المسیب، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ سند ان اصول میں موجود نہیں جو ہم تک بخاری سے پہنچی ہیں صرف بعض نسخ میں موجود ہے اس لئے امام ابو بکر اسماعیلی نے مستخرج علی البخاری میں اس کا ذکر نہیں کیا ہے اور ابو نعیم اصفہانی نے ذکر کیا ہے۔

مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتَّى يُصَلِّي فَلَهُ قِيرَاطٌ: حَتَّى يُصَلِّي جو آدمی جنازہ میں شریک ہو یہاں تک کہ اس پر نماز پڑھ لی جائے اور حَتَّى يُصَلِّيَ حتی کہ اس پر نماز پڑھ لے فَلَهُ قِيرَاطٌ اس کو ایک قیراط ملے گا۔

كَانَ لَهُ قِيرَاطَانِ کے دو مطلب: ۱۔ اس حدیث کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ صلوۃ پر تو ایک قیراط ملے گا اور دفن پر مستقل دو قیراط ملیں گے قیراطِ صلوۃ کے علاوہ، اکثر روایات کے سیاق سے ظاہر بھی یہی ہوتا ہے اور بعض سلف نے اسی کو اختیار بھی کر لیا، علامہ ابن التین نے قاضی ابو الولید سے یہی مطلب نقل کیا ہے، ۲۔ مگر امام بخاری نے کتاب الایمان میں جو روایت نقل کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک قیراط ملے گا نماز جنازہ میں شرکت کرنے پر اور دوسرا قیراط ملے گا دفن میں شرکت کرنے پر۔

اب یہ روایت اس روایت کے معارض ہو گئی، امام نووی فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب ہے کان لہ قیراطان أی مع قیراط الصلوۃ، اور یہ ایسا ہی ہو گیا جیسے مسلم کی ایک روایت میں ہے مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّيْلِ وَمَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهُ أی مع قیام صلوۃ العشاء صلوۃ عشاء کی جو فضیلت ہے اس کو ملا کر صلوۃ فجر کی فضیلت ایک رات کے قیام کے برابر ہو جائے گی۔

قِيلَ وَمَا الْقِيرَاطَانِ: اس کے پوچھنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ قیراط تو دینار و درہم کے ایک مخصوص جزء کا نام ہے، قیراط ایک درہم کا بارہواں حصہ اور ایک دینار کا بیسواں حصہ کہلاتا ہے اور بعض حضرات کے یہاں چوبیسواں حصہ کہلاتا ہے، تو صحابۂ کرام کے ذہن میں یہ خیال سا گزرا کہ آیا حضور پاک ﷺ اس حدیث پاک میں جو قیراط کا تذکرہ فرما رہے ہیں یہ وہی قیراط ہے جو ہمارے عرف میں مستعمل ہے یا اس سے کوئی اور بات مراد ہے اس لئے استفسار کیا، آپ نے فرمایا مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ الْعَظِيمَيْنِ یعنی دو قیراطِ

Maktaba Tul Ishaat.com

متعارف مراد نہیں ہے۔

ایک نکتہ: صلوۃ جنازہ میں قیراط کا لفظ جبل یعنی بہت بڑے ثواب کے معنی میں ہے اس سے بہت بڑا ثواب پہاڑ جیسا مراد ہے، لیکن ایک جگہ اور بھی قیراط ؔ لفظ آیا ہوا ہے اور وہ ہے کتا پالنے کی روایت میں کہ اگر کوئی آدمی کتا پالتا ہے تو ہر دن اس کے ثواب میں سے ایک قیراط کم ہوتا ہے اور بعض روایات میں ہے کہ دو قیراط کم ہوتا ہے، علماء نے لکھا ہے کہ وہاں تو اس کے متعارف اور مشہور معنی مراد ہے یعنی درہم کا بارہواں حصہ یا دینار کا بیسواں یا چوبیسواں حصہ، یہاں اس روایت میں تو من باب الفضل ہے لہذا یہاں ایک قیراط مثل الجبل العظیم ہوگا، اور وہ من باب المؤاخذہ ہے لہذا حضرت حق سبحانہ وتقدس کی طرف سے یہی توقع ہے کہ تھوڑے سے تھوڑا اور کم سے کم درجہ مراد ہو۔

(ص ١٧٧) بَاب صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ

١٣٢٦. حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَتَى رَسُولُ اللَّهِ ﷺ قَبْرًا فَقَالُوا هَذَا دُفِنَ أَوْ دُفِنَتْ الْبَارِحَةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَصَفَّنَا خَلْفَهُ ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا.

ترجمہ: باب، نماز جنازہ میں مردوں کے ساتھ بچوں کے بھی شریک ہونے کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ایک قبر کے پاس آئے لوگوں نے کہا کہ یہ مرد یا یہ عورت گزشتہ رات دفن ہوئے ہیں، ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ پھر ہم نے حضور ﷺ کے پیچھے صف بنائی اور حضور نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔

تشریح: یہ وہ باب ہے جو صفحہ گزشتہ پر گزرا ہے بَاب صُفُوفِ الصِّبْيَانِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْجَنَائِزِ اور اب یہاں بَاب صَلَاةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ کا ترجمہ منعقد کیا ہے، بظاہر ان دونوں ترجموں میں تکرار ہے جس کا جواب پچھلے باب میں دیا جا چکا ہے۔

علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ترجمۂ گزشتہ میں یہ بتلایا تھا کہ صلوۃ جنازہ میں بچے مردوں کے پیچھے نہیں کھڑے ہوں گے بلکہ مردوں کے ساتھ کھڑے ہوں گے بخلاف صلوۃ مکتوبہ کے کہ بچے مردوں کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں، اس سے اگرچہ مشروعیت صلوۃ جنازہ معلوم ہوئی تھی لیکن ضمناً، اور یہاں امام بخاری

Maktaba Tul Ishaat.com

بچوں کے لئے صلوۃِ جنازہ کی مشروعیت قصداً بیان فرمارہے ہیں کہ وہ نماز جنازہ میں شرکت کرسکتے ہیں۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم نے جو دونوں میں فرق کیا ہے وہ میں بَاب صُفُوفِ الصِّبيَانِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْجَنَائِزِ کے ذیل میں بیان کرچکا ہوں۔

(ص ١٧٧) بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَائِزِ بِالْمُصَلَّى وَالْمَسْجِدِ

١٣٢٧ . حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ أَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَعَى لَنَا رَسُولُ اللهِ ﷺ النَّجَاشِيَّ صَاحِبَ الْحَبَشَةِ يَوْمَ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ.

١٣٢٨ . وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَفَّ بِهِمْ بِالْمُصَلَّى فَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا.

١٣٢٩ . حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ الْيَهُودَ جَاءُوا إِلَى النَّبِيِّ ﷺ بِرَجُلٍ مِنْهُمْ وَامْرَأَةٍ زَنَيَا فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا قَرِيبًا مِنْ مَوْضِعِ الْجَنَائِزِ عِنْدَ الْمَسْجِدِ.

ترجمہ: باب، عید گاہ اور مسجد میں جنازہ کی نماز پڑھنے کا بیان۔

ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حبشہ کے بادشاہ نجاشی کی وفات کی خبر اسی روز دی جس دن انتقال ہوا اور یہ فرمایا اپنے بھائی کے لئے استغفار کرو۔

ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے عید گاہ میں صحابہ کی صف بنائی اور چار تکبیریں کہیں۔

ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ یہود اپنی قوم کے ایک مرد اور ایک عورت کو لیکر آئے جنھوں نے زنا کیا تھا حضور ﷺ نے ان دونوں کو رجم کرنے کا حکم دیا چنانچہ ان دونوں کو مسجد کے پاس جنازے رکھنے کی جگہ کے قریب سنگسار کیا گیا۔

تشریح: نمازِ جنازہ مسجد میں جائز ہے یا نہیں؟

امام شافعی، امام احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ، ابوثور اور ابن منذر وغیرہ فرماتے ہیں کہ کوئی مضائقہ نہیں، امام ابوحنیفہ اور امام مالک وغیرہ فرماتے ہیں کہ مسجد میں نماز جنازہ مکروہ ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے بظاہر فریق اول کی تائید کر رہے ہیں اور دلیل میں یہ پیش کیا کہ جناب رسول اکرم ﷺ نے حضرت نجاشی کی نماز جنازہ مصلیٰ میں ادا فرمائی اور مصلیٰ مسجد کے حکم میں ہے، اسی لئے عورتوں کو آنحضور ﷺ نے یوں فرمایا تھا کہ حائضہ عورتیں عید گاہ جائیں گی وَلْيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِينَ وَيَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلّٰى خیر اور دعاؤں میں تو شرکت کریں گی لیکن مصلیٰ اور عید گاہ سے الگ اور جدا رہیں گی، اگر مصلیٰ فی حکم المسجد نہ ہوتا تو حضور ﷺ حیّض کو اعتزال کا حکم کیوں فرماتے؟ اور جب مصلیٰ میں نماز جنازہ پڑھنے کا ثبوت ہو گیا تو مسجد میں بھی نماز جنازہ پڑھنا ثابت ہو گیا۔

اور دوسری روایت جو مصنف نے ذکر فرمائی ہے اس میں عند المسجد سے مراد اگر مسجد نبوی ہو تب تو مصنف نے استدلالی طور پر اپنا ترجمہ ثابت کیا ہے، اور حاصل یہ ہے کہ جب مسجد نبوی کے پاس مصلیٰ الجنائز تھا تو لوگوں کا جب ہجوم ہوتا ہو گا تب بعض لوگ مسجد میں کھڑے ہو جاتے ہوں گے۔

یا یہ کہا جائے کہ مسجد سے مراد مصلیٰ ہے اور مراد اس سے مصلیٰ العید ہے جہاں آپ نے رجم فرمایا تھا اور واقعی مسجد نبوی کے پاس کوئی رجم کی جگہ تو ہے نہیں، غالب یہ ہے کہ یہ رجم مصلیٰ العید ہی میں ہوا ہو گا، یہ جو ہم نے تقریر کی ہے مصنف کے طرز سے یہی بات ہمارے ذہن میں ظاہر معلوم ہوتی ہے۔

لیکن بعض علماء کہتے ہیں کہ امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ مسجد میں نماز جنازہ جائز نہیں اس لئے کہ مصنف نے اس باب میں جو روایتیں ذکر کی ہیں اس سے صلوۃ جنازہ بالمصلیٰ کا ثبوت ہوتا ہے نہ کہ صلوۃ جنازہ فی المسجد کا، تو گویا امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ صلوۃ جنائز مصلیٰ میں جائز ہے اور مسجد میں جائز نہیں، مگر میرے نزدیک یہ تقریر بعید ہے اور مصنف کے طرز کے خلاف ہے۔

دلیل جواز: جو لوگ صلوۃ جنائز فی المسجد کے قائل ہیں ان کے پاس اس مسئلہ میں ایک صریح روایت ہے جو مسلم شریف وغیرہ میں وارد ہوئی ہے کہ جب حضرت سعدؓ کی وفات ہو گئی تو حضرت عائشہؓ نے یہ حکم دیا کہ ان کا جنازہ مسجد میں لایا جائے، لوگوں نے اس پر انکار کیا تو حضرت عائشہؓ نے ان کے انکار پر اظہار تعجب فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا مَا أَسْرَعَ مَا نَسِيَ النَّاسُ، مَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ عَلَى سُهَيْلِ بْنِ الْبَيْضَاءِ إِلَّا فِي الْمَسْجِدِ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

دلیل عدم جواز: اور جو حضرات مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے کو مکروہ کہتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ نبی پاک ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا شَيْءَ لَهُ، رواه أحمد وابن أبي شيبة وأبو داود وابن ماجه والطحاوي وغيرهم۔

لیکن محدثین امام احمد بن حنبل، ابن منذر، خطابی اور بیہقی وغیرہ نے اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے، ابن عدی نے اس کو صالح مولی التوأمہ کے منکرات میں شمار کیا ہے، محدث ابو حاتم بن حبان البستی کتاب الضعفاء والمجروحین میں فرماتے ہیں کہ یہ باطل ہے، بھلا حضور پاک ﷺ یہ بات کیسے ارشاد فرماسکتے ہیں حالانکہ آپ نے سہیل ابن بیضاءؓ کی نماز جنازہ مسجد میں ادا فرمائی ہے۔

امام نووی خلاصہ اور شرح مہذب میں فرماتے ہیں کہ صالح مولی التوأمہ پر سب سے بڑا اشکال یہ ہے کہ ان پر اختلاط طاری ہو گیا تھا اور مختلط کے بارے میں محدثین کی رائے یہ ہے کہ ان کی جو روایتیں اختلاط سے پہلے کی ہوں گی اگر وہ مختلط فی نفسہ ثقہ تھے تو مقبول ہوں گی، اس روایت کے ناقل ابن ابی ذئب ہیں اور ان کے بارے میں محدثین فرماتے ہیں کہ انہوں نے صالح سے اختلاط سے پہلے روایت لی ہے۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ اس کی تصحیح علی ابن مدینی، یحیی بن معین اور جوزجانی نے کی ہے، ابن حبان نے تصریح کی ہے کہ ان کے اختلاط سے پہلے کی حدیثیں صحیح ہیں اور ابن ابی ذئب نے اس سے پہلے ان سے روایت لے لی ہے تو ان کی یہ روایت معتبر ہونی چاہئے، حافظ ذہبی نے میزان الاعتدال میں صالح مولی التوأمہ کی چند روایتیں نقل کی ہیں اور اس کے بعد یحیی ابن معین کا قول نقل کر کے لکھا ہے وهذه أحاديث صحاح عند يحيى بن معين یہ حدیثیں یحیی بن معین کے نزدیک صحیح ہونی چاہئیں ان کے مسلک پر معتبر ہونی چاہئیں۔

مگر اب ایک چیز غور طلب یہ رہ جاتی ہے کہ جب اللہ کے رسول نے خود مسجد میں نماز جنازہ ادا فرمائی تو پھر آگے مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا شَيْءَ لَهُ کیسے ارشاد فرماسکتے ہیں؟ اس کے تین جواب ہیں۔

١۔ واقعہ یہ ہے کہ حدیث مسلم کے بعد اس روایت کے ثبوت میں خلجان ضرور ہوتا ہے اور اسی خلجان کی وجہ سے ابن حبان نے اس کو باطل کہہ دیا، مطلب یہ ہے کہ اس میں ناقل کو سہو اور وہم ہو گیا ہے۔

٢۔ بعضوں نے یہ کہہ دیا کہ فَلَا شَيْءَ لَهُ میں اصل لفظ فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ ہے كما ذكره ابن القيم والخطيب

Maktaba Tul Ishaat.com

مگر میرے نزدیک یہ لفظ غلط ہے چاہے خطیب کہے اور چاہے ابن قیم، اس لئے کہ یہ تنہا ابوداؤد کی روایت نہیں ہے بلکہ اور کتب حدیث میں بھی موجود ہے اس میں لیس لہ شیئ اور فَلاَشَيْءَلَهُ جیسے الفاظ وارد ہوئے ہیں۔

سے تیسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ لام؛ علیٰ کے معنی میں آتا ہے چنانچہ وَأَنْ لَيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَاسَعَى میں ایک تفسیر لیس علی الإنسان إلا ماسعی کی گئی ہے، یہ توجیہ ان لوگوں کی طرف سے کی گئی ہے جو صلوۃ جنازہ فی المسجد کے قائل ہیں، لیکن جو لوگ قائل نہیں ہیں وہ تو اسی روایت کو اصل مانتے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ سہیل ابن بیضاءؓ کی نماز جنازہ آپ نے جب مسجد میں پڑھی تو فَلاَشَيْءَلَهُ کیوں فرمارہے ہیں؟ الا یہ کہ یہ کہا جائے فَلاَشَيْءَلَهُ أی کاملاً و فی النفس من هذا الجواب خجالة و الله تعالیٰ أعلم۔

قولِ فیصل: بات یہ ہے کہ نصوص اور روایات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور پاک ﷺ کی سیرت طیبہ نماز جنازہ مسجد سے باہر پڑھنے کی تھی لیکن گاہے گاہے آپ سے مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے کا ثبوت ہے اور آپ کے بعد صحابۂ کرام نے بھی ایسا کیا ہے، چنانچہ صدیق اکبرؓ کی نماز جنازہ حضرت عمر فاروقؓ نے مسجد میں ادا کی اور حضرت عمر فاروقؓ کی نماز جنازہ حضرت صہیبؓ نے مسجد میں ادا کی رواہ ابن أبی شیبة۔

صلوۃ جنازہ علی المیت فی المسجد مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟ متاخرین احناف نے تو اس میں بہت زیادہ تشدد کیا، صاحب در مختار اور اس کے ماتن علامہ غزی صاحب تنویر الابصار وغیرہ یہ کہتے ہیں کہ مکروہ تحریمی ہے لیکن علامہ ابن ہمام اور ان کے تلمیذ قاسم بن قطلوبغا فرماتے ہیں کہ مکروہ تنزیہی ہے، اور حرمین میں ہمیشہ سے مسجد میں نماز جنازہ ہوتی چلی آرہی ہے، پھر اس میں فقہاء احناف کا اختلاف ہے کہ مطلقاً مکروہ ہے یا یہ کہ اگر جنازہ مسجد میں ہو تب کراہت ہے اور اگر جنازہ مسجد سے باہر ہو تو کوئی کراہت نہیں فیہ قولان۔

قَرِيبًا مِنْ مَوْضِعِ الْجَنَائِزِ عِنْدَ الْمَسْجِدِ: علامہ ابن بطال نے ابن حبیب سے نقل کیا ہے کہ مصلیٰ الجنائز مسجد نبوی کے شرقی جانب میں ہے اور واقع میں اب تک وہاں مصلیٰ الجنائز چلا آرہا ہے، لیکن حافظ ابن حجر کو اس میں تأمل ہے اور وہ یہ ہے کہ مسجد نبوی کے پاس کوئی ایسی جگہ نہیں تھی جہاں پر رجم کیا جاسکے اس لئے حافظ فرماتے ہیں کہ ہوسکتا ہے عند المسجد میں المسجد سے مراد مصلیٰ ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۷۷) بَاب مَا يُكْرَهُ مِنِ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُورِ

وَلَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ضَرَبَتِ امْرَأَتُهُ الْقُبَّةَ عَلَى قَبْرِهِ سَنَةً ثُمَّ رُفِعَتْ فَسَمِعُوا صَائِحًا يَقُولُ أَلَا هَلْ وَجَدُوا مَا فَقَدُوا فَأَجَابَهُ الْآخَرُ بَلْ يَئِسُوا فَانْقَلَبُوا.

١٣٣٠. حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ هِلَالٍ هُوَ الْوَزَّانُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ لَعَنَ اللَّهُ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ قَالَتْ وَلَوْلَا ذَلِكَ لَأُبْرِزَ قَبْرُهُ غَيْرَ أَنِّي أَخْشَى أَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا.

ترجمہ: باب، قبروں پر مسجد بنانے کی کراہت کا بیان، جب حضرت حسن بن حسن بن علی کی وفات ہوئی تو ان کی اہلیہ نے ان کی قبر پر سال بھر خیمہ لگایا پھر اٹھادیا، لوگوں نے ایک پکارنے والے ہاتف غیبی کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا کہ انہوں نے جس کو کھویا تھا کیا اسے پالیا؟ دوسرے نے جواب دیا کہ نہیں، یہ تو مایوس ہو کر لوٹ گئے۔

حضرت عائشہؓ نبی ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے مرض وفات میں فرمایا کہ اللہ نے یہود اور نصاری کو رحمت سے دور کر دیا جنہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجد بنایا، حضرت عائشہؓ فرمایا کہ اگر یہ بات نہ ہوتی تو لوگ آپ کی قبر کو کھلا رکھتے لیکن میں ڈرتی ہوں کہ اسے مسجد (سجدہ گاہ) نہ بنالیا جائے۔

تشریح: مَا يُكْرَهُ مِنِ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُورِ کہہ کر مصنف نے اشارہ کیا کہ اتخاذ کی بعض صورتیں مکروہ ہیں اور بعض صورتیں مکروہ نہیں ہے، مکروہ صورت وہ ہے جس میں قبور ہی کی وجہ سے مسجد بنانا پایا جائے اور اگر قبور مقصود نہ ہوں تو پھر کراہت نہیں ہے، دیکھو مسجد نبوی جب بنائی گئی تو وہاں کئی پرانی قبریں تھیں لیکن ان کا نام ونشان مٹ گیا تھا تو آپ نے ان قبروں کو کھدوادیا اور مسجد بنوائی، اس سے معلوم ہوا کہ اتخاذ المسجد علی القبور اگر قبور کی وجہ سے ہو تو مکروہ ہے اور اگر قبور کی وجہ سے نہ ہو تو کوئی کراہت نہیں ہے۔

علامہ ابن رشید نے لکھا ہے کہ اگر وہاں مسجد بنانا موجب فتنہ ہے اور اس کی وجہ سے کسی غلط بات میں پڑ جانے کا خطرہ ہو تب تو کراہت ہے ورنہ کراہت نہیں۔

ایک تنبیہ: امام بخاری نے ایک باب یہ منعقد کیا اور ایک باب آٹھ ترجموں کے بعد ص ۱۷۹ پر منعقد کیا ہے بَاب بِنَاءِ الْمَسْجِدِ عَلَى الْقَبْرِ ان دونوں ترجموں میں صرف لفظی فرق ہے واقعۃً کوئی فرق نہیں اور ترجمہ مکرر ہے، علامہ ابن رشید وغیرہ فرماتے ہیں کہ دونوں میں فرق یہ ہے کہ اتخاذ عام ہے اور بناء اخص ہے، بناء کے

Maktaba Tul Ishaat.com

معنیٰ ہیں تعمیر کرنا اور اتخاذ کے لئے تعمیر ضروری نہیں ہے، اور ان شاء اللہ تعالیٰ ایک فرق میں آنے والے ترجمہ کے ذیل میں بیان کروں گا۔

وَلَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: حضرت حسن بن حسن بن علی کی بیوی نے ان کی قبر پر ایک سال تک خیمہ نصب کئے رکھا، ان کی بیوی کا نام فاطمہ بنت الحسینؓ ہے اپنے محبوب خاوند کے رنج و غم میں اپنے دل کو تسلی دینے کے لئے انہوں نے یہ صورت کی کہ ان کی قبر پر خیمہ نصب کر لیا اور وہیں رہتی تھیں، ایک سال گزرنے کے بعد خیمہ اٹھالیا، ایک ہاتف نے آواز دی ألا هَلْ وَجَدُوا مَا فَقَدُوا دوسرے نے جواب دیا بَلْ يَئِسُوا فَانْقَلَبُوا، یہ ہاتف کوئی فرشتہ بھی ہو سکتا ہے اور کوئی مؤمن جن بھی ہو سکتا ہے، بہر حال اس سے مقصود تنبیہ کرنی تھی کہ اس طرح کی حرکات سے اجتناب کیا جائے کوئی حاصل نہیں ہے۔

(ص ١٧٧) بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النُّفَسَاءِ إِذَا مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا

١٣٣١. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا فَقَامَ عَلَيْهَا وَسَطَهَا.

ترجمہ: باب، نفاس کی حالت میں وفات پانے والی عورت کی نماز جنازہ کا بیان۔

حضرت سمرہؓ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے پیچھے ایک عورت کی نماز جنازہ پڑھی جو اپنے نفاس کے ایام میں انتقال کر گئی تھی، تو حضور ﷺ نے اس کے درمیان میں کھڑے ہو کر نماز پڑھائی۔

تشریح: امام بخاری نے یہی ترجمہ کتاب الحیض میں ص ٤٧ پر منعقد کیا ہے اور یہاں پر بھی یہ ترجمہ ہے، کتاب الحیض میں ترجمہ کے انعقاد کی وجہ میں بیان کر چکا ہوں، یہاں یہ ترجمہ اس غرض کے لئے منعقد فرمایا ہے کہ نفساء اگرچہ حکماً شہیدہ ہے اور شہید کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی ہے اسلئے کہ وہ شہیدِ معرکہ ہے، مگر شہیدِ حکمی کا وہ حکم نہیں ہے لہٰذا اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، یا یہ کہا جائے کہ نفساء جب خود نماز نہیں پڑھتی تو ہو سکتا ہے کہ کوئی توہم کرے کہ اس کی نماز جنازہ بھی نہیں پڑھی جائے گی مصنف نے اس کی تردید فرما دی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۷۷) بَابُ أَيْنَ يَقُومُ مِنَ الْمَرْأَةِ وَالرَّجُلِ

١٣٣٢. حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا فَقَامَ عَلَيْهَا وَسَطَهَا.

ترجمہ: باب، جنازے کی نماز میں امام کہاں کھڑا ہو؟

یہ حدیث متن کے انہیں الفاظ کے ساتھ گزشتہ باب میں گزر چکی ہے۔

تشریح: امام؛ مرد و عورت کے کس حصہ بدن کے مقابل میں کھڑا ہو؟ اس میں علماء کے چار بلکہ پانچ قول ہیں، (۱) امام شافعی اور امام احمد بن حنبل ایک روایت میں ارشاد فرماتے ہیں کہ مرد کے سر اور عورت کی کمر کے مقابل میں کھڑا ہو یہی حضرت امام ابو حنیفہ کی ایک روایت اور صاحبین کا قول ہے، اور اس کی صریح دلیل حضرت انسؓ کی وہ روایت ہے جو ترمذی اور ابوداؤد میں وارد ہوئی ہے لیکن اس کی سند میں علاء بن زیاد ہے جو ضعیف راوی ہے، (۲) امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ مرد کے سینہ کے سامنے اور عورت کے کمر کے مقابل میں، (۳) امام ابو حنیفہ کا مشہور مسلک یہ ہے کہ مرد و عورت دونوں کے سینہ کے مقابل میں ہوں گے، (۴) مالکیہ ارشاد فرماتے ہیں عند وسط الرجل ومنکبیھا مرد کے کمر کے مقابل میں اور عورت کے منکبین مونڈھوں کے مقابل میں، (۵) مالکیہ کا ایک قول تخییر کا بھی ہے۔

امام بخاری بظاہر اس مسئلہ میں سب سے الگ ہیں، ان کی رائے یہ ہے کہ امام مرد و عورت دونوں کے وسط کے مقابل میں کھڑا ہو لیکن سوال یہ ہے کہ مصنف نے جو روایت پیش کی ہے اس سے عورت کے وسط کے مقابل کھڑا ہونا تو ثابت ہوتا ہے مرد کے وسط کے مقابل کھڑا ہونا ثابت نہیں ہوتا ہے کیوں کہ مرد کا کوئی ذکر ہی نہیں پھر مصنف نے یہ دوسرا جزء والرجل کیسے ثابت کیا؟

بعض علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے یہ جزء قیاسی طور پر ثابت کیا ہے مگر یہ انہیں لوگوں کی رائے پر صحیح ہو سکتا ہے جو امام بخاری کو قائسین میں تسلیم کرتے ہیں اور جو حضرات امام بخاری کو قیاس کرنے والوں میں نہیں مانتے ہیں ان کے مسلک پر یہ استدلال صحیح نہیں ہو سکتا ہے۔

بہت ممکن ہے کہ امام بخاری کے پیش نظر یہ بات ہو النساء شقائق الرجال، جب دونوں ایک دوسرے کے لئے شقائق ہیں اور ایک کا حکم یہ ہو تو دوسرے کا حکم بھی الگ نہیں ہو سکتا ہے، یہی ہو گا، گویا امام بخاری نے

Maktaba Tul Ishaat.com

اپنا مدعا استدلالی طور پر ثابت کیا ہے، امام بخاری صرف قیاس تمثیل کا انکار کرتے ہیں جیسا کہ کتاب الاعتصام میں آئے گا باقی بہت سی انواعِ قیاس کو تو وہ بھی اختیار کرتے ہیں۔

(ص ۱۷۸) بَابُ التَّكْبِيرِ عَلَى الْجَنَازَةِ أَرْبَعًا

وَقَالَ حُمَيْدٌ صَلَّى بِنَا أَنَسٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَكَبَّرَ ثَلَاثًا ثُمَّ سَلَّمَ فَقِيلَ لَهُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ كَبَّرَ الرَّابِعَةَ ثُمَّ سَلَّمَ.

۱۳۳۳. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَخَرَجَ بِهِمْ إِلَى الْمُصَلَّى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعَ تَكْبِيرَاتٍ.

۱۳۳٤. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَلَّى عَلَى أَصْحَمَةَ النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ أَرْبَعًا وَقَالَ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ سَلِيمٍ أَصْحَمَةَ وَتَابَعَهُ عَبْدُ الصَّمَدِ.

ترجمہ: باب، جنازے کی نماز میں چار تکبیریں کہنے کا بیان، حمید نے بیان کیا کہ انس بن مالکؓ نے ہمیں نماز پڑھائی تو تین تکبیریں کہہ کر سلام پھیر دیا جب ان کو توجہ دلائی گئی تو وہ قبلہ رو ہوئے، چوتھی تکبیر کہی اور پھر سلام پھیرا۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجاشی کی وفات کی خبر اسی روز دی جس روز ان کا انتقال ہوا، آپ لوگوں کو لیکر عید گاہ تشریف لے گئے ان کی صف بنائی اور چار تکبیریں کہیں۔

حضرت جابرؓ سے بھی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اصحمہ نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی تو اس میں چار تکبیریں کہیں، یزید بن ہارون نے اور عبد الصمد نے سلیم کے واسطے سے نجاشی کا نام اصحمہ لیا۔

تشریح: اس مسئلہ میں پہلے اختلاف تھا اور صحابۂ کرام کے معمولات مختلف تھے کوئی پانچ تکبیریں کہتا تھا کوئی چار تکبیریں، کوئی تین کہتا تھا اور کوئی اس سے زائد، ابن منذر نے حضرت علیؓ سے نقل کیا ہے کہ آپ اہل بدر پر چھ تکبیریں کہتے تھے اور عام صحابہ پر پانچ اور دوسرے لوگوں پر چار تکبیریں کہا کرتے تھے، ابن منذر اور طحاوی وغیرہ نے سعید بن مسیب سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے زمانہ میں لوگوں کو چار تکبیروں پر

Maktaba Tul Ishaat.com

جمع فرمادیا تھا اسی کو امام بخاری نے اختیار کیا ہے، حافظ ابن عبد البر فرماتے ہیں کہ مجھے فقہاء میں سے کوئی ایسا معلوم نہیں جو چار تکبیروں پر زیادتی کا قائل ہو سوائے ابن ابی لیلیٰ کے، لیکن حنفیہ کی کتاب المبسوط میں لکھا ہوا ہے کہ امام ابو یوسف فرماتے ہیں یکبر خمسًا، اور امام احمد فرماتے ہیں لاینقص من أربع ولا یزید علی سبع چار سے کم نہ کرے اور سات پر اضافہ نہ کرے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ: سوال یہ ہے کہ سلیم بن حیان کی جو روایت مصنف نے بطریق محمد بن سنان نقل کی ہے اس میں بھی اصحمہ ہے اور یزید بن ہارون اور عبد الصمد؛ سلیم سے جو نقل کرتے ہیں اس میں بھی اصحمہ ہے پھر فرق کیا ہوا؟

(۱) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ محمد بن سنان کی روایت میں ہے أصحمه اور یزید بن ہارون اور عبد الصمد کی روایت میں ہے صحمه بحذف الہمزة، (۲) بعضوں نے کہا ہے کہ محمد بن سنان کی روایت میں أصحمة بتقدیم الحاء علی المیم اور باقی دونوں حضرات کی روایت میں ہے أصمحه بتقدیم المیم علی الحاء، یہ نجاشی شاہ حبشہ کا نام ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئے تھے۔

(ص ۱۷۸) بَاب قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلَى الْجَنَازَةِ

وَقَالَ الْحَسَنُ يَقْرَأُ عَلَى الطِّفْلِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَيَقُولُ اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَسَلَفًا وَأَجْرًا.

١٣٣٥. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ عَنْ طَلْحَةَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ ح حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلَى جَنَازَةٍ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ قَالَ لِيَعْلَمُوا أَنَّهَا سُنَّةٌ.

ترجمہ: باب، جنازہ کی نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کا بیان، حسن بصری کہتے ہیں کہ بچہ کی نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھے اور یہ دعا پڑھے ’اے اللہ! اس بچہ کو ہمارے لئے آگے انتظام کرنے والا، پہلے جانے والا اور اجر دلانے والا بنا۔

طلحہ بن عبید اللہ کا بیان ہے کہ میں نے ابن عباسؓ کے پیچھے ایک جنازہ کی نماز پڑھی انہوں نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور فرمایا (میں نے فاتحہ اس لئے پڑھی) تاکہ لوگ جان لیں کہ یہ سنت ہے۔

تشریح: صلوۃ جنازہ میں فاتحۃ الکتاب پڑھنا کیسا ہے؟

Maktaba Tul Ishaat.com

امام شافعی واحمد فرماتے ہیں کہ رکن ہے، امام مالک اور ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ فرض نہیں ہے، امام بخاری نے کوئی صاف بات نہیں کہی ہے لیکن بظاہر وہ فریق اول کے ہم خیال ہیں اور دلیل میں یہ پیش کیا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے صلوۃ جنازہ پر فاتحۃ الکتاب پڑھی اور پھر فرمایا لِیَعْلَمُوا أَنَّهَا سُنَّةٌ۔

جنازہ پر سورۂ فاتحہ پڑھنے کے سلسلہ میں ایک نہیں دو نہیں بلکہ آٹھ روایتیں ہیں، لیکن حضرات احناف اس کی فرضیت کے قائل نہیں اور وہ کہتے ہیں کہ سنت کے لفظ سے زیادہ سے زیادہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ سے یہ فعل منقول ہے اور نفس فعل سے فرضیت یا وجوب کا ثبوت نہیں ہوتا ہے الا یہ کہ اس کے ساتھ صلوا کما رأیتمونی أصلّی اور لا صلوۃ إلا بفاتحۃ الکتاب ملالیا جائے۔

حنفیہ اپنی کتابوں میں لکھتے ہیں کہ صلوۃ جنازہ میں فاتحۃ الکتاب نہ پڑھی جائے اور اگر کوئی پڑھے تو بنیۃ الثناء والدعاء پڑھے، علامہ ابن ہمام کہتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ سے قرأۃ فاتحہ کا ثبوت نہیں ہے، علامہ طحاوی کہتے ہیں کہ صحابہ میں سے جس نے بھی سورۂ فاتحہ پڑھی ہے علی وجہ الدعاء پڑھی ہے، یہ چیز بھی غور طلب ہی ہے۔

ابن حزم کہتے ہیں کہ ہر تکبیر میں سورۂ فاتحہ پڑھی جائے گی، اور باقی دوسرے حضرات صرف پہلی تکبیر کے بعد سورۂ فاتحہ کے قائل ہیں، احناف متقدمین میں سے تو ہمیں سورۂ فاتحہ پڑھنے کا کوئی قائل اپنی کم علمی اور کتابوں کی قلت کی وجہ سے معلوم نہیں لیکن ہمارے حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی اس کے قائل ہیں اور انہوں نے اپنے مرض الوفات میں جو وصیت نامہ لکھوایا تھا اس میں یہ وصیت فرمائی تھی کہ میری نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھی جائے۔

اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَسَلَفًا وَأَجْرًا: فَرَط فاء اور راء کے فتحہ کے ساتھ ہے، فرط وہ شخص کہلاتا ہے جو قافلہ سے آگے منزل پر پہونچ کر اسباب فراہم کرتا ہے، چونکہ یہ والدین کے لئے راحت کے اسباب مہیا کرنے کا ذریعہ ہے اس لئے دعاء میں کہا جاتا ہے اے اللہ تو اس کو ہمارے لئے فرط بنا، وَسَلَفًا اور سلف بنا یعنی پیشگی جانے والا، وَأَجْرًا اور اجر کا ذریعہ بنا۔

(ص ١٧٨) بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى الْقَبْرِ بَعْدَ مَا يُدْفَنُ

١٣٣٦۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ قَالَ

Maktaba Tul Ishaat.com

أَخْبَرَنِي مَنْ مَرَّ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ عَلَى قَبْرٍ مَنْبُوذٍ فَأَمَّهُمْ وَصَلُّوا خَلْفَهُ قُلْتُ مَنْ حَدَّثَكَ هَذَا يَا أَبَا عَمْرٍو؟ قَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ.

١٣٣٧. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ أَسْوَدَ رَجُلًا أَوِ امْرَأَةً كَانَ يَكُونُ فِي الْمَسْجِدِ يَقُمُّ الْمَسْجِدَ فَمَاتَ وَلَمْ يَعْلَمِ النَّبِيُّ ﷺ بِمَوْتِهِ فَذَكَرَهُ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ مَا فَعَلَ ذَلِكَ الْإِنْسَانُ؟ قَالُوا مَاتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَفَلَا آذَنْتُمُونِي؟ فَقَالُوا إِنَّهُ كَانَ كَذَا وَكَذَا قِصَّتُهُ قَالَ فَحَقَرُوا شَأْنَهُ قَالَ فَدُلُّونِي عَلَى قَبْرِهِ فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ.

ترجمہ: باب، دفن کے بعد قبر پر نماز کا پڑھنے کا بیان۔

شعبی کہتے ہیں کہ مجھے ان صاحب نے جو حضور ﷺ کے ساتھ ایک ایسی قبر سے گزرے تھے جو الگ تھلگ واقع تھی یہ خبر دی کہ حضور ﷺ نے امامت فرمائی اور لوگوں نے حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی، سلیمان کہتے ہیں کہ میں نے معلوم کیا کہ اے ابو عمرو! آپ سے یہ حدیث کس نے بیان کی؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ابن عباسؓ نے۔

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ ایک سیاہ فام مرد یا عورت کا انتقال ہو گیا جو مسجد میں صفائی کیا کرتا تھا حضور ﷺ کو اس کی وفات کا علم نہ ہوا پھر ایک روز حضور ﷺ نے اسے یاد کیا اور پوچھا کہ فلاں شخص کو کیا ہوا؟ لوگوں نے بتایا کہ اس کا انتقال ہو گیا حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم نے مجھے کیوں نہ بتایا؟ لوگوں نے جواب دیا کہ اس کا واقعہ تو اس اس طرح پیش آیا تھا، راوی کہتا ہے کہ انہوں نے اس کی حیثیت کو گرایا حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اس کی قبر بتاؤ، حضور ﷺ اس کی قبر پر آئے اور نماز پڑھی۔

تشریح: دفن کے بعد قبر پر نماز پڑھی جا سکتی ہے یا نہیں؟

اس میں اختلاف ہے، امام شافعی واحمد جواز کے قائل ہیں اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک انکار کرتے ہیں اور ایک ایک روایت ان دونوں حضرات سے یہ منقول ہے کہ اگر پہلے نمازِ جنازہ نہ پڑھی گئی ہو اور بلا نماز جنازہ پڑھے ہوئے دفن کر دیا گیا ہو تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جا سکتی ہے ورنہ نہیں۔

باقی یہ کہ کتنے دنوں تک پڑھی جائے گی؟ اس میں اختلاف ہے، قاضی ابو یوسف فرماتے ہیں کہ تین دن تک، ابن رستم نے یہی امام محمد سے بھی نقل کیا ہے، امام ابو حنیفہ نے اس میں کوئی تحدید نہیں فرمائی ہے، سرخسی نے مبسوط میں لکھا ہے والمعتبر فيه أكبر الرأى ظن غالب کا اعتبار ہے کہ جب تک آدمی کو یہ ظن غالب ہو کہ میت علی حالہا موجود ہو گی تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جا سکتی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام بخاری اس مسئلہ میں فریق اول کے ہم خیال ہیں اور دلیل میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت پیش کی ہے کہ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے قبر منبوذ پر نماز جنازہ ادا فرمائی، اس مضمون کی روایتیں متعدد صحابہ کرام سے منقول ہے، امام احمد فرماتے ہیں کہ صلوۃ علی القبر کے سلسلہ میں چھ روایتیں وجوہ حسان سے منقول ہیں، حافظ ابن عبد البر فرماتے ہیں کہ بلکہ نو روایات ہیں اور سب وجوہ حسنہ سے نقل کی گئی ہیں۔

اور جو لوگ انکار کرتے ہیں وہ اس کو رسول اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خصوصیت پر محمول کرتے ہیں، مسلم میں وارد ہے إِنَّ هَذِهِ الْقُبُورَ مَمْلُوءَةٌ ظُلْمَةً عَلَى أَهْلِهَا وَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلَاتِي عَلَيْهِمْ، اور بعض احناف سے علامہ سیوطی نے أنموذج اللبیب میں نقل کیا ہے کہ حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے زمانہ میں آپ کی حیات میں صلوۃ جنازہ بغیر آپ کے اداء ہی نہیں ہوتی تھی، اگر یہ بات ثابت ہو جائے تو بس پھر تو بڑی مضبوط بات ہو گی لیکن اس کے ثبوت کے واسطے کوئی صریح دلیل ہونی چاہیے۔

أَنَّ أَسْوَدَ رَجُلًا أَوِ امْرَأَةً: روایات میں یہ تصریح ہے کہ یہ عورت تھی اور ان کا نام ام محجن تھا ان کی وفات ہو گئی حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو پتہ چلا نہیں، ایک دن آپ نے پوچھ لیا تو صحابہ نے کہا یا رسول اللہ ان کی تو وفات ہو گئی، آپ نے فرمایا کہ اطلاع کیوں نہیں دی؟ صحابہ نے ان کی کچھ حالت ایسی بیان کی جس سے یہ معلوم ہو کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی شرکت کی کوئی ضرورت نہیں تھی، قَالَ فَحَقَرُوا شَأْنَهُ ان کی شان کی تحقیر کی یعنی قصہ اس طرح سے ذکر کیا کہ جس سے ان کے حال کی تحقیر معلوم ہو۔

فَأَتَى قَبْرَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ: ان کی قبر پر تشریف لائے اور ان کی نماز جنازہ ادا فرمائی جس سے ان کا اعزاز ہونا معلوم ہوا۔

(ص ۱۷۸) بَابُ الْمَيِّتُ يَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ

۱۳۳۸۔ حَدَّثَنَا عَيَّاشٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا سَعِيدٌ قَالَ وَقَالَ لِي خَلِيفَةُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَبْدُ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتُوُلِّيَ وَذَهَبَ أَصْحَابُهُ حَتَّى إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ أَتَاهُ مَلَكَانِ فَأَقْعَدَاهُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَيَقُولُ أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللهِ وَرَسُولُهُ فَيُقَالُ انْظُرْ إِلَى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهِ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ

Maktaba Tul Ishaat.com

قَالَ النَّبِيُّ ﷺ فَيَرَاهُمَا جَمِيعًا وَأَمَّا الكَافِرُ أَوِ الْمُنَافِقُ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي كُنْتُ أَقُولُ مَا يَقُولُ النَّاسُ فَيُقَالُ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ ثُمَّ يُضْرَبُ بِمِطْرَقَةٍ مِنْ حَدِيدٍ ضَرْبَةً بَيْنَ أُذُنَيْهِ فَيَصِيحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيهِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ میت جوتوں کی آواز سنتا ہے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب بندہ اپنی قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ واپس آنے لگتے ہیں اور اس کے رفقاء جانے لگتے ہیں تو وہ ان کے جوتوں کی کھٹ کھٹاہٹ سنتا ہے پھر دو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں اس کو بٹھاتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ تم اس شخص یعنی محمد ﷺ کے بارے میں کیا کہتے تھے؟ وہ کہتا ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے بندہ اور اس کے رسول ہیں اس سے کہا جاتا ہے کہ اپنی جہنم والی جگہ کو دیکھو اللہ کے نے اس کے بدلے تمہیں جنت میں ٹھکانہ دیا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وہ ان دونوں کو ایک ساتھ دیکھتا ہے، رہا کافر یا منافق تو وہ کہتا ہے میں نہیں جانتا، میں وہی کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے اس سے کہا جاتا ہے کہ نہ تو تو نے خود جانا اور نہ ہی جاننے والوں کی پیروی کی پھر لوہے کے ایک گرز سے دونوں کانوں کے زور سے مارا جاتا ہے اس کی چیخ اتنی بلند ہوتی ہے کہ انسان اور جن کے علاوہ آس پاس کی تمام چیزیں سنتی ہیں۔

تشریح: امام بخاری نے یہ ترجمہ دفن کے تراجم سے پہلے پہلے منعقد کر کے اس بات پر تنبیہ فرمائی ہے کہ آدمی جب مقابر میں جائے تو ادب اور وقار ملحوظ رکھے شور و شغب نہ کرے زمین کو پاؤں سے نہ کھٹکھٹائے۔

مسئلہ سماع موتیٰ: مصنف کے اس ترجمہ سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مردہ سنتا ہے، یہ مسئلہ صحابہ کے دور ہی سے مختلف فیہ چلا آرہا ہے، بعض صحابہ سماع کے قائل تھے اور حضرت عائشہؓ وغیرہ انکار کرتی تھیں، چنانچہ جب حضرت عائشہؓ کو یہ معلوم ہوا کہ لوگ ان کفار مقتولین کے متعلق جن کو قلیب بدر میں ڈال دیا گیا تھا حضور ﷺ کا ارشاد مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا قُلْتُ مِنْهُمْ نقل کرتے ہیں تو حضرت عائشہؓ نے اس پر نکیر کی اور یہ فرمایا کہ حضور ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا، آپ نے تو یہ فرمایا إِنَّهُمُ الآنَ لَيَعْلَمُونَ ان کو اس وقت پتہ چل رہا ہے کہ میں ان سے جو کہتا تھا وہ حق ہے۔

لیکن علماء نے حضرت عائشہؓ کی اس تردید کو تسلیم نہیں کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ علم منافیِ سماع نہیں ہے اگر حضرت عائشہؓ نے إِنَّهُمُ الآنَ لَيَعْلَمُونَ سنا ہے تو یہ سماع کی نفی نہیں کرتا ہے بلکہ اس کے لئے یہ مؤکِد ہے۔

تفصیلی بحث: سماع کے قائلین کی ایک بہت بڑی جماعت ہے جس میں صحابہ اور تابعین کو چھوڑ کر ابن

Maktaba Tul Ishaat.com

جریر طبری، ابن قتیبہ، ابن عربی، قاضی عیاض، امام نووی، ابن تیمیہ اور حافظ ابن کثیر ہیں، حافظ ابن عبد البر نے یہ قول اکثر علماء سے نقل کیا ہے، ہمارے علماء احناف میں شاہ عبد العزیز محدث دہلوی، مولانا عبد الحی لکھنوی اور حضرت مولانا یعقوب صاحب نانوتوی بھی اس کے قائل ہیں۔

مشہور عند الاحناف یہ ہے کہ حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ مردہ نہیں سنتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہمارے ائمہ سے اس سلسلہ میں کوئی صریح روایت نقل نہیں کی جاتی ہے، کہیں بھی کوئی تصریح امام ابو حنیفہ یا امام ابو یوسف یا امام محمد سے منقول نہیں کہ انہوں نے سماع موتی کا انکار کیا۔

اصل میں ایک فقہی مسئلہ ذکر کیا جاتا ہے اس سے متاخرین نے یہ مسئلہ مستنبط کر لیا، اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی آدمی نے یوں کہہ دیا واللہ لا أکلّم فلانا اور اس کے بعد وہ مر گیا اور مرنے کے بعد اس سے کلام کر لیا تو ہمارے فقہاء فرماتے ہیں کہ یہ حانث نہیں ہوگا، اس سے متاخرین نے یہ مسئلہ استنباط کر لیا کہ مردہ نہیں سنتا ہے، حالانکہ یہ استدلال اپنی جگہ ضعیف ہے، فقہاء نے یہ جو فرمایا ہے کہ وہ حانث نہیں ہوگا اس کی وجہ یہ ہے کہ قسم کھانے والے نے قسم میں جس کلام کا ذکر کیا تھا وہ کلام دنیا تھا، زندگی کے اندر کا کلام تھا مرنے کے بعد کا کلام نہیں تھا، اور مبنیٔ ایمان عرف پر ہے اس واسطے اس کلام کے نہ پائے جانے کی وجہ سے وہ حانث نہیں ہوگا۔

اور متعدد دلائل ایسے ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ مردہ سنتا ہے، ابن ہمام نے اس کا جواب یہ دیا کہ حضرت عائشہؓ نے سماع موتی کی روایت کو رد کر دیا، مطلب یہ ہے کہ یہ روایت اگرچہ سنداً صحیح ہے لیکن معنیً صحیح نہیں اس میں انقطاع باطن ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے اپنے علم وظن کے اعتبار سے نفی کی ہے، ان کے نفی اور انکار کی وجہ سے ناقلین کے نقل پر کیا اثر پڑتا ہے؟ ناقلین ایک نہیں کئی ہیں، حضرت ابو طلحہؓ سے بخاری شریف میں ایک روایت وارد ہوئی ہے، اسی طرح سے عبد اللہ بن مسعودؓ اور عبد اللہ بن سید انؓ سے طبرانی میں وارد ہوا ہے مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا قُلْتُ مِنْهُمْ، اور یہاں حضرت انسؓ کی روایت سامنے موجود ہے کہ جب مردے کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے تو حضور ﷺ اس کے متعلق فرماتے ہیں العَبْدُ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتُوُلِّيَ وَذَهَبَ أَصْحَابُهُ حَتَّى إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ مردہ ان کے جوتوں کی کھٹ کھٹاہٹ کو سنتا ہے۔

ابن ہمام کو یہاں یہ تاویل کرنی پڑی کہ ہو سکتا ہے کہ یہ اول وہلہ کے ساتھ خاص ہو یعنی جس وقت رکھا جاتا

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے اس وقت سنتا ہو اور اس کے بعد نہ سنتا ہو، لیکن اس کے بعد سماع کی نفی کی کوئی دلیل ابن ہمام یا کسی کے پاس نہیں، جو کچھ دلیل ہے وہ آیت کریمہ ہے إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَى اور وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ۔

لیکن یہ آیت مختلف فیہ ہے کہ آیا یہاں پر موتیٰ اور من فی القبور سے حقیقی اموات اور حقیقی من فی القبور مراد ہے یا یہ کہ یہ کلام مجازی ہے؟ حضرت عائشہؓ وغیرہ اس کو حقیقت پر محمول کرتی ہیں لیکن بعض دیگر حضرات اس کو مجاز پر محمول کرتے ہیں اور مطلب یہ ہے من هم في حكم الموتىٰ اور من هم حكمًا في القبور مطلب یہ ہے کہ یہ کفار جو حقیقۃً مردہ کی حیثیت رکھتے ہیں آپ کا کلام مبارک ان تک نہیں پہنچ سکتا یہ اس کو سن نہیں سکتے ہیں اس لئے کہ جب سننے کا قصد نہیں کرتے ہیں تو سنیں گے کیا؟ علامہ ابن تیمیہ نے ایک مقام پر لکھا ہے وقد يسمع أيضًا من كلمه۔

مجھ کو تو اس مسئلہ میں یہی قول فیصل معلوم ہوتا ہے، اللہ جب چاہتے ہیں تو سن لیتا ہے اور جب نہیں چاہتے تو نہیں سنتا ہے، نہ سماع کی کوئی کلی دلیل ہے اور نہ انکار کی کوئی کلی دلیل ہے، ویسے علامہ جلال الدین سیوطی نے شرح الصدور میں بہت سے آثار نقل کئے ہیں جس سے سماع موتی کا ثبوت ہوتا ہے اور حضرات صوفیاء پر تو یہ بات بالکل روز روشن کی طرح سے واضح ہے کہ موتیٰ سنتے ہیں، خصوصاً جن کو کچھ کشف وغیرہ ہوتا ہے ان سے معلوم کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مردہ سنتا ہے۔

وَتُوُلِّيَ وَذَهَبَ أَصْحَابُهُ: اور لوگ اس سے پشت پھیرتے ہیں اور اس کے اصحاب یعنی اس کو قبر میں رکھنے والے چلے جاتے ہیں۔

حَتَّى إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ: اس کو ادراک ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ ان کے جوتوں کی کھسکھساہٹ تک سنتا ہے، اس روایت سے یہ معلوم ہوا کہ مقابر میں جوتا پہن کر چلنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، جمہور علماء کی تو یہی رائے ہے لیکن امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ مکروہ تنزیہی ہے، علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری کہتے ہیں کہ حرام ہے اس لئے کہ ابوداؤد وغیرہ میں یہ وارد ہوا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ایک شخص کو مقابر میں جوتا پہن کر چلتے ہوئے دیکھا تو فرمایا یا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ وَيْحَكَ! أَلْقِ سِبْتِيَّتَيْكَ اے سبتی جوتوں والے! اپنے جوتوں کو اتار دے، امام طحاوی فرماتے ہیں ہو سکتا ہے کہ اس میں قذر اور گندگی لگی ہوئی ہو، امام خطابی فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے وہ شخص تکبر اور اعجاب نفس کے ساتھ چل رہا ہو اس لئے آپ نے اتارنے کا حکم دیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

یہاں اشکال یہ ہے کہ امام بخاری ترجمہ میں خفق النعال فرماتے ہیں اور روایت میں قرع نعال ہے تو ترجمہ کیسے ثابت ہوا؟ اس کے دو جواب ہیں، ایک یہ کہ قرع اور خفق ہم معنیٰ ہیں، دوسرا جواب یہ ہے کہ بعض روایات میں خفق النعال کا لفظ وارد ہوا ہے چنانچہ مسند احمد اور ابوداؤد میں حضرت براء بن عازبؓ کی روایت میں خفق نعال ہی کا لفظ ہے۔

مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ: اس رجل یعنی حضرت محمد ﷺ کے بارے میں تو کیا کہتا تھا؟

هٰذَا الرَّجُل سے اشارہ کس طرف ہے؟ اس کے متعلق میں کئی دفعہ کلام کر چکا ہوں، (۱) علامہ جلال الدین سیوطی نے حافظ ابن حجر کے فتاوی سے نقل کیا ہے کہ یہ حاضر فی الذہن کی طرف اشارہ ہے و كذا نقله شارح المشكوة العلامة الطيبي، (۲) قاضی عیاض نے دو احتمال ذکر کئے ہیں، سُمِّيَ لَهٗ أَوْ مُثِّلَ لَهٗ یعنی حضور اکرم ﷺ کا نام گرامی لیکر پوچھا جاتا ہوگا یا یہ کہ آپ کی مثال شریف پیش کی جاتی ہوگی، میں ما قبل ابواب جمعہ میں جہاں مصنف نے یہ بیان کیا ہے کہ خطبۂ جمعہ میں امابعد کہا جائے گا یہ بتلا آیا ہوں کہ مسند احمد کی ایک روایت میں اس کی تصریح وارد ہوئی ہے کہ آپ کا نام نامی پیش کیا جاتا ہے، (۳) اور بھی دوسرے احتمالات ہیں ان میں سے ایک یہ کہ پردہ ہٹا دیا جاتا ہے وہیں سے مردہ مشاہدہ کر لیتا ہے اس کو عارف ابن ابی جمرہ نے اختیار کیا ہے، (۴) ایک احتمال یہ بھی ہے کہ مردہ کو خود اس بارگاہ اقدس میں پیش کیا جاتا ہے۔

فَيُقَالُ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ: لَا دَرَيْتَ تو نے جانا نہیں، وَلَا تَلَيْتَ تو نے اتباع نہیں کیا۔

تَلَيْتَ اصل میں تھا تَلَوْتَ تَلْوٌ سے، تلو کہتے ہیں پیچھے چلنے کو، مطلب یہ ہے کہ نہ خود جانا اور نہ دوسرے کا اتباع کیا، دَرَيْتَ کی مناسبت سے اس کو تَلَيْتَ کر دیا گیا جیسے عشایا اور غدایا، کہا جاتا ہے غدایا غدوۃ کی جمع ہے، غدوۃ کی جمع غدوات آتی ہے لیکن چونکہ عشیۃ کی جمع عشایا آتی ہے اس لئے اس کی مناسبت سے غدوۃ کی جمع غدایا استعمال کر لی گئی۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ تلوت تھا تلاوت سے، مطلب یہ ہے لا علمت و لا تلوت القرآن نہ تو نے جانا یعنی حالات کا مشاہدہ اور علامات کو دیکھ کر نہ استدلال کیا اور نہ تو نے قرآن پاک پڑھا۔

اور بعضوں نے کہا کہ اصل میں تھا أَتْلَيْتَ أي لا أتليت تو اپنے پیچھے کوئی ایسا نہ چھوڑے جو تیرا اتباع کرے، یہ بددعا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ثُمَّ يُضْرَبُ بِمِطْرَقَةٍ مِنْ حَدِيدٍ: پھر لوہے کے گرز سے اس کو مارا جاتا ہے اس کے دونوں کانوں کے درمیان اور وہ ایسے زور سے چیختا ہے کہ جو لوگ اس کے آس پاس ہوتے ہیں سب سن لیتے ہیں سوائے ثقلین کے کہ ان پر اللہ تعالیٰ شانہ نے پردہ ڈال رکھا ہے تاکہ ایمان بالغیب فوت نہ ہو جائے اور ان کا سکون وقرار بھی نہ چھن جائے ورنہ اگر آدمی ایسی آوازیں سننے لگے تو اس کا سونا دوبھر ہو جائے، جینا دوبھر ہو جائے۔

(ص ١٧٨) بَاب مَنْ أَحَبَّ الدَّفْنَ فِي الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ أَوْ نَحْوِهَا

١٣٣٩. حَدَّثَنَا مَحْمُودٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَلَمَّا جَاءَهُ صَكَّهُ فَرَجَعَ إِلَى رَبِّهِ فَقَالَ أَرْسَلْتَنِي إِلَى عَبْدٍ لَا يُرِيدُ الْمَوْتَ فَرَدَّ اللَّهُ عَلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ ارْجِعْ فَقُلْ لَهُ يَضَعُ يَدَهُ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهُ بِكُلِّ مَا غَطَّتْ بِهِ يَدُهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ قَالَ أَيْ رَبِّ ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ فَالْآنَ فَسَأَلَ اللَّهَ أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلَى جَانِبِ الطَّرِيقِ عِنْدَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ.

ترجمہ: باب، ارض مقدسہ یا اور کسی بابرکت مقام میں دفن ہونے کی آرزو کرنے کا بیان۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ موت کے فرشتے کو موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا گیا جب وہ حضرت موسیٰ کے پاس آیا تو انہوں نے اس کو ایک طمانچہ مارا اور اس کی ایک آنکھ پھوڑ دی، وہ فرشتہ اپنے رب کے پاس واپس ہو گیا اور یہ کہا کہ تو نے مجھے ایسے بندے کے پاس بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا، اللہ نے اس کو آنکھ دوبارہ دے دی اور کہا کہ جاؤ اس سے یہ کہو کہ وہ اپنا ہاتھ کسی بیل کی پیٹھ پر رکھے، اس کا ہاتھ جتنے بالوں کو ڈھانپے گا اس میں سے ہر بال کے عوض اسے ایک سال کی عمر ملے گی، موسیٰ نے کہا اے میرے رب! پھر کیا ہو گا؟ اللہ نے فرمایا پھر موت ہے، موسیٰ نے کہا کہ پھر تو اے میرے رب ابھی سہی، پھر موسیٰ نے اللہ سے دعا کی کہ انہیں ارض مقدسہ سے ایک پتھر پھینکنے کے بقدر قریب کر دے، حضرت ابوہریرہؓ نے کہا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں وہاں ہوتا تو تمہیں موسیٰ کی قبر راستے کے کنارے لال ٹیلے کے پاس دکھا دیتا۔

تشریح: اس ترجمہ کی غرض کیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

ترجمہ کی پہلی غرض: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس سے نقل میت

Maktaba Tul Ishaat.com

الی المواضع المتبرکۃ کا مسئلہ بیان کیا ہے۔

میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا دو حال سے خالی نہیں، یا تو دفن سے پہلے ہوگا یا دفن کے بعد، اگر دفن سے پہلے میت کو نقل کیا جائے تو اس صورت میں حضرات حنفیہ اور شافعیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مباح ہے، لیکن حنفیہ کے یہاں تھوڑا سا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ مطلق جائز ہے اور بعض کہتے ہیں کہ مادون مسافۃ السفر جائز ہے، امام محمد فرماتے ہیں کہ ایک دو میل کے بقدر جائز ہے لیکن بعض وقت مقابرِ بلد اتنی یا اس سے زیادہ دور پہنچ جایا کرتے ہیں وہ حقیقۃً نقل نہیں ہے۔

شافعیہ کے دو قول ہیں، ایک قول یہ ہے کہ نقل میت قبل الدفن حرام ہے اس لئے کہ اس میں تاخیر دفن ہے اور خطرہ ہے اس کی ہتک حرمت کا، دوسرا قول یہ ہے کہ مکروہ ہے الا یہ کہ مکہ، مدینہ یا بیت المقدس کے قریب ہو تو نقل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

حضرات حنابلہ فرماتے ہیں کہ قبل الدفن اور بعد الدفن نقل کرنا جائز ہے اگر کوئی غرض شرعی ہو، جیسے مکہ یا مدینہ نقل کیا جائے یا کسی نیک آدمی کے آس پاس میں دفن کرنا ہو وہاں نقل کیا جائے جائز ہے بشرطیکہ تغیر نہ ہوتا ہو لیکن شہید اپنی جگہ ہی میں دفن کیا جائے گا۔

مالکیہ فرماتے ہیں کہ قبل الدفن بھی جائز ہے اور بعد الدفن بھی جائز ہے مگر تین شرطوں کے ساتھ، اول یہ کہ انفجار اور پھٹنا نہ ہو اور دوسرے یہ کہ ہتک حرمت نہ ہو اور تیسرے یہ کہ کوئی خاص مصلحت ہو۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر نقل بعد الدفن ہے تو حنفیہ اور شافعیہ حرام کہتے ہیں صرف ایک صورت میں جائز ہے اور وہ یہ ہے کہ کسی آدمی کا حق تلف ہو رہا ہو تو دفن کے بعد بھی نکالا جا سکتا ہے مثلاً ارض مغصوبہ میں دفن کر دیا گیا ہے۔

اور اگر نقل قبل الدفن ہے تو اس میں شافعیہ حرمت کے قائل ہیں اس لئے کہ تاخیر دفن لازم آتا ہے اور ایک قول پر کراہت ہے إلا أن ینقل إلی المواضع الفاضلة کمکة، حضرات حنفیہ کی روایات مختلف ہیں، بعض کہتے ہیں کہ مطلق جائز ہے اور بعض کہتے ہیں کہ مادون مسافۃ القصر جائز ہے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ ایک دو میل جائز ہے، مگر یہ کوئی مستقل قول نہیں ہے اس لئے کہ ایک دو میل تو مقابر بلد پہنچ ہی جاتے ہیں اور وہاں دفن کیا ہی جاتا ہے، حنابلہ اور مالکیہ فرماتے ہیں کہ قبل الدفن جائز ہے، اور بعد الدفن بھی جائز ہے لیکن شرط یہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے کہ میت کی ہتک حرمت نہ ہو اور اسی طرح کوئی مقصد شرعی ہو، مزید مالکیہ کہتے ہیں کہ میت کے پھٹنے کا خطرہ نہ ہو، یہ شرطیں ایسی ہیں کہ اگرچہ مالکیہ لگاتے ہیں لیکن حنفیہ اور حنابلہ بھی ان کو ملحوظ رکھتے ہوں گے۔

ترجمہ کی دوسری غرض: امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی کسی مقدس جگہ میں دفن ہونے کا خیال رکھتا ہو اور اس کی خواہش اور تمنا ہو تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے۔

اَصل میں دستور یہ ہے کہ بعض لوگ تمنا کرتے رہتے ہیں کوئی کہتا ہے کہ اسے مکہ میں دفن کیا جائے اور کوئی کہتا ہے کہ اسے مدینہ میں دفن کیا جائے اور کوئی کہتا ہے کہ اسے فلاں شیخ کے جوار میں دفن کیا جائے، امام بخاری نے سنت سے اس کی ایک اصل پیش کردی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعاء کی تھی اے رب مجھے ارض مقدسہ سے رمیۂ حجر کے بقدر قریب فرمادے۔

میرا خیال یہ ہے کہ امام بخاری کا اصل مقصود یہی ہے، اور نقل میت کا مسئلہ اس کے لئے لازم ہے اور اس پر غالبًا تنبیہ کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ موطا امام مالک میں حضرت سلمان فارسیؓ سے نقل کیا گیا ہے إن الأرض المقدسة لاتقدّس أحدًا اس سے بظاہر یہ شبہ ہوتا ہے کہ آدمی کو مواضع مقدسہ میں دفن ہونے کی تمنا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اس کا عمل اس کے ساتھ ہوگا، امام بخاری نے یہ بتلادیا کہ اگر کوئی آدمی مواضع فاضلہ مقدسہ میں دفن ہونے کی تمنا کرتا ہے تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے۔

فَلَمَّا جَاءَهُ صَكَّهُ: جب ملک الموت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے تو موسیٰ علیہ السلام نے ان کی آنکھ پر طمانچہ رسید کیا ففقأعینہ ان کی آنکھ پھوٹ گئی فَرَجَعَ إِلَى رَبِّهِ اللہ کے پاس جاکر شکوہ کیا۔

بعض ملاحدہ نے اس پر اشکال یہ کیا ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام کے پاس جب خدائے پاک کا فرستادہ فرشتہ آیا تو انہوں نے مارا کیوں؟ اور اگر مارا تو فرشتے کی آنکھ کیسے پھوٹ گئی؟ فرشتہ تو بڑا طاقتور ہوتا ہے، اور اگر بالفرض آنکھ پھوٹ گئی تو حضرت موسیٰ سے قصاص کیوں نہیں لیا گیا؟ اس کے مختلف جوابات ہیں۔

پہلے اشکال کا (۱) ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ اصل میں حق تعالیٰ چاہتے تھے کہ ملک الموت کا امتحان لیا جائے، (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وجاہت کا اظہار مقصود تھا، (۳) حضرت موسیٰ نبی تھے اور قاعدہ یہ ہے کہ فرشتہ جب نبی کے پاس جائے تو اس کو تخییر دے کہ آپ دنیا میں رہنا چاہتے ہیں یا چلنا چاہتے ہیں اور اس کے

Maktaba Tul Ishaat.com

بعد پھر روح قبض کرے، حضرت ملک الموت نے یہاں ضابطہ پر عمل نہیں کیا اس لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو طمانچہ مارا، (۴) سب سے اچھا جواب میرے نزدیک وہ ہے جو ابن خزیمہ، ابن حبان، مازری اور قاضی عیاض وغیرہ نے دیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے کام میں مصروف تھے اور ملک الموت تشریف لائے اور یہ فیصلہ سنایا کہ میں روح قبض کرنے آیا ہوں، موسیٰ علیہ السلام التفات نہیں فرماسکے اور وہ یہ سمجھے کہ کوئی دشمن ہے جو میرے مکان میں گھس پڑا ہے اور مجھ پر حملہ کرنا چاہتا ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو مدافعانہ طور پر تھپڑ مارا اس سے ان کی آنکھ پھوٹ گئی، (۵) بعض حضرات نے ایک عجیب وغریب جواب دیا کہ لطمہ اور آنکھ پھوڑ دینا ظاہر پر محمول نہیں بلکہ مجاز پر محمول ہے، مطلب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو مغلوب کر دیا جیسے کوئی آدمی کسی آدمی سے مقابلہ کرے اور وہ اپنے مقابل کو اچھی طرح سے مغلوب کردے اور کوئی پوچھے کہ کیا ہوا تو کہتا ہے کہ پیس کرر کھ دیا، تو کیا واقعی پیس کرر کھ دیا، کیا آٹا بنادیا، میدہ بنادیا، نہیں، مطلب یہ ہے کہ اچھی طرح سے مغلوب کر دیا، یا جیسے کوئی آدمی کسی سے گفتگو کرے اور گر جائے، کوئی پوچھے کیا ہوا؟ تو کہے ہو تا کیا دھول اڑگئی آنکھ میں، ایسے ہی یہاں پر بھی ہے۔

مگر یہ مجازی معنیٰ ہے اور حدیث کا سیاق اس سے اباء کرتا ہے، حدیث میں وارد ہے فَرَدَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ عَیْنَہٗ اللہ نے ان کی آنکھ درست کر دی، معلوم ہوا کہ واقعۃً ملک الموت کی آنکھ پھوٹی تھی۔

اب سوال یہ ہے کہ ان کی آنکھ کیسے پھوٹی؟ وہ تو فرشتہ کی آنکھ تھی، اس کا جواب یہ ہے کہ ملک الموت انسانی شکل میں آئے تھے انسانی خصائص ان میں پیدا ہوگئے تھے اس لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تھپڑ سے آنکھ پھوٹ گئی، جیسے اگر کوئی جنات سانپ کی شکل میں آجائے تو ایک قمچی سے مر جائے گا اور اگر بچھو کی شکل میں آجائے تو ایک چپل کافی ہو جائے گی لیکن اگر ہاتھی یا بھینس کی شکل میں آجائے تو اس کا مقابلہ دشوار ہوگا، معلوم ہوا کہ اَشکال کے تغیر و تبدل کا اثر پڑتا ہے حتیٰ کہ اگر جنات سانپ کی شکل میں آجائے تو اس میں زہر پیدا ہو جاتا ہے کاٹ لے تو آدمی مر جاتا ہے۔

آگے ایک سوال رہ جاتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پھر قصاص کیوں نہیں لیا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قصاص تو انسانوں میں مشروع ہوا ہے انسان اور فرشتہ میں تو مشروع ہوا نہیں، دوسری بات یہ کہ قصاص اس وقت لیا جاتا ہے جب صاحب حق مطالبہ کرتا ہے اور یہاں مطالبہ کیا نہیں تو پھر قصاص کیسا؟

Maktaba Tul Ishaat.com

وَقَالَ ارْجِعْ: اللہ میاں نے آنکھ دے دی اور فرمایا کہ جا موسیٰ کے پاس اور ان سے یہ کہنا کہ ایک بیل کی پشت پر ہاتھ رکھ دے جتنے بال ان کے ہاتھ کے نیچے آجائیں گے ہر بال کے بدلہ میں ایک سال دے دیا جائے گا، ملک الموت نے جاکر کہہ دیا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وہ جلالی شان ختم ہو چکی تھی اور اس وقت نرمی میں آگئے تھے، فرمایا أَيْ رَبِّ، ثُمَّ مَاذَا؟ اللہ میاں پھر کیا ہونا ہے؟ فرمایا کہ پھر موت، کہا کہ جب موت ہی ہے تو اتنی زندگی لیکر کیا کروں گا بس ابھی، البتہ یہ دعاء ضرور کی أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ ارض مقدسہ سے مجھے اتنا قریب کردے جتنا ایک پتھر پھینکا جائے اور وہ دور جاکر گرے۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ اصل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام جبارین سے لڑ رہے تھے اور بیت المقدس سے دور تھے تو انہوں نے یہ چاہا کہ بیت المقدس کے حدود میں پہنچ جائیں اور وہ اتنے ہی فاصلے پر تھا جہاں پتھر پہنچ سکتا ہے، لیکن یہ سب کچھ بعید سا معلوم ہوتا ہے، بظاہر انہوں نے اس سے یہ مراد لیا تھا کہ ارض مقدسہ سے میری قبر صرف اتنے فاصلے پر رہے جتنی دور ایک پتھر جا پڑتا ہے، اور یہ اس لئے مانگا تھا تاکہ بعد میں کوئی ان کی قبر کے ساتھ غلو کا معاملہ نہ کر بیٹھے۔

رہا یہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا کیوں مانگی؟ بعض کہتے ہیں کہ اس لئے کہ وہ مدفن انبیاء ہے، مہلب کہتے ہیں کہ وہ ارض محشر ہے اس لئے انہوں نے یہ چاہا کہ دور سے آنے کی مشقت برداشت نہ کرنی پڑے وہیں قریب کے قریب جمع ہو جائیں گے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں وہاں ہوتا تو میں تم کو ان کی قبر دکھلا دیتا راستہ کے کنارہ پر سرخ ٹیلہ کے پاس۔

(ص ١٧٨) بَابُ الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ

وَدُفِنَ أَبُو بَكْرٍ لَيْلًا.

١٣٤٠۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ ﷺ عَلَى رَجُلٍ بَعْدَ مَا دُفِنَ بِلَيْلَةٍ قَامَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ وَكَانَ سَأَلَ عَنْهُ فَقَالَ مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا فُلَانٌ دُفِنَ الْبَارِحَةَ فَصَلَّوْا عَلَيْهِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، رات میں دفن کرنے کا حکم، حضرت ابو بکرؓ کو رات میں دفن کیا گیا۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کی نماز جنازہ رات میں دفن کئے جانے کے بعد پڑھی، آپ اور آپ کے ساتھی نماز کے لئے کھڑے ہوئے، اس سے قبل آپ نے اس کے بارے میں معلوم کیا تھا کہ یہ کون ہے؟ لوگوں نے جواب دیا تھا کہ یہ فلاں ہے جسے رات میں دفن کیا گیا تو لوگوں نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔

تشریح: رات میں دفن کرنا جمہور علماء کے نزدیک جائز ہے، سعید بن مسیب اور حسن بصری وغیرہ سے کراہت نقل کی گئی ہے، امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ان لوگوں پر رد کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ رات میں دفن کئے گئے اور رسول پاک ﷺ کے زمانہ میں بعض حضرات رات میں دفن کئے گئے، ابن حبان کی روایت میں یہ جو وارد ہوا ہے أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ زَجَرَ أَنْ يُقْبَرَ الرَّجُلُ لَيْلًا إِلَّا أَنْ يُضْطَرَّ إِنْسَانٌ إِلَى ذَلِكَ، اس کا محمل یہ ہے کہ جب آدمی مقبور کے ساتھ کوتاہی کرے ایسی صورت میں رات میں دفن کرنے سے منع کیا ہے، اور منع کرنے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ جنازہ میں شرکت کر سکیں رات میں بہت سے لوگ نہیں پہنچ پاتے ہیں۔

(ص ١٧٩) بَاب بِنَاءِ الْمَسْجِدِ عَلَى الْقَبْرِ

١٣٤١. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اشْتَكَى النَّبِيُّ ﷺ ذَكَرَتْ بَعْضُ نِسَائِهِ كَنِيسَةً رَأَيْنَهَا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ يُقَالُ لَهَا مَارِيَةُ وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ وَأُمُّ حَبِيبَةَ أَتَتَا أَرْضَ الْحَبَشَةِ فَذَكَرَتَا مِنْ حُسْنِهَا وَتَصَاوِيرَ فِيهَا فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ أُولَئِكِ إِذَا مَاتَ مِنْهُمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلَى قَبْرِهِ مَسْجِدًا ثُمَّ صَوَّرُوا فِيهِ تِلْكَ الصُّورَةَ أُولَئِكِ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللَّهِ.

ترجمہ: باب، قبر پر مسجد تعمیر کرنے کا بیان۔

حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ (مرض الوفات میں) بیمار ہوئے تو آپ کی بعض ازواج نے ایک گرجا گھر کا تذکرہ کیا جسے ماریہ کہا جاتا تھا اس گرجا کو انہوں نے حبشہ کی سرزمین میں دیکھا تھا ام سلمہؓ اور ام حبیبہؓ ملک حبشہ گئی تھیں ان دونوں نے اس گرجا کے حسن اور اس میں موجود تصاویر کا حال بیان کیا نبی کریم ﷺ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور ارشاد فرمایا یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کا دستور یہ تھا کہ جب ان میں نیک شخص انتقال کر جاتا تو اس کی قبر پر مسجد بناتے پھر اس میں اس کی تصویر بناتے یہی لوگ اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: امام بخاری نے ص ۱۷۷ پر ایک ترجمہ منعقد کیا تھا بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُورِ علامہ ابن رشید نے بین البابین یہ فرق بیان کیا ہے کہ اتخاذ بناء سے عام ہے، خلاصہ یہ ہے کہ بناء کے لئے تعمیر کا ہونا ضروری ہے لیکن اتخاذ کے لئے تعمیر کا ہونا ضروری نہیں ہے خیمہ سے بھی حاصل ہو سکتا ہے۔

علامہ ابن رشید کی اس تقریر سے یہ بات نکلتی ہے کہ امام بخاری نے دونوں جگہوں پر ایک ہی مسئلہ بیان کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ قبر پر مسجد بنانا یعنی تعمیر کرنا مکروہ ہے، اسی طرح اگر تعمیر نہ ہو ویسے ہی کچھ مسجد کی شکل ہو تو یہ بھی مکروہ ہے، مطلب یہ ہے کہ دونوں جگہ امام بخاری نے کراہت بیان کی ہے، البتہ ابن رشید یوں فرماتے ہیں کہ ترجمۂ گزشتہ کا لفظ اس بات کا مقتضی ہے کہ بعض اتخاذ مکروہ نہیں ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اتخاذ کی صورت میں کوئی مفسدہ مرتب ہوتا ہو تو کراہت ہے، اور مفسدہ کا مطلب یہ ہے کہ قبر کے ساتھ تعظیم مسجد کا معاملہ ہو مثلاً قبلہ کی جانب میں قبر ہو یا بالکل پاس ہی ہو، اور اگر کوئی مفسدہ مرتب نہیں ہوتا ہے مثلاً قبر ایک طرف ہو تو پھر یہ صورت مکروہ نہ ہوگی۔

علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ اصل میں مسجد بنانے کی دو شکلیں ہیں، ایک شکل یہ ہے کہ قبر کی وجہ سے مسجد بنائی جائے کہ اگر قبر نہ ہوتی تو وہاں مسجد نہ ہوتی تو گویا اس بنانے میں تعظیم قبر مقصود ہوئی۔

دوسری شکل یہ ہے کہ قبر کی وجہ سے مسجد نہ بنائی جائے بلکہ مقبرہ میں ایک طرف مسجد اس لئے بنائی جائے کہ اگر لوگ اتفاقاً جنازہ کو اس وقت لیکر کے آئیں کہ جب نماز کا وقت ہو رہا ہو اور نماز پڑھنا ہو تو جلدی سے کوئی جگہ ایسی مل جائے جہاں نماز پڑھ سکیں۔

علامہ زین فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے پہلی صورت کے لئے تو ترجمۂ گزشتہ بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُورِ منعقد کر کے یہ بتلایا ہے کہ قبور کی تعظیم کی وجہ سے اگر مسجد تعمیر کی جائے تو یہ مکروہ ہے، اور دوسری صورت کے لئے مصنف نے یہ ترجمہ منعقد کر کے اس بات پر تنبیہ فرمائی ہے کہ اگر مسجد ایک طرف کو بنائی جائے تا کہ اگر وقت آ جائے اور نماز پڑھنا ہو تو صاف ستھری خالی جگہ مل جائے جہاں با جماعت نماز پڑھ لی جائے تو یہ صورت جائز ہے، علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں فَنَحَا بِهِ مَنْحَى الْجَوَازِ اسی لئے اس ترجمہ کو جواز کے طرز پر منعقد کیا ہے، علامہ زین کا پورا کلام میرے یہاں حاشیہ میں نقل ہے میں اس کی عبارت پڑھتا ہوں قَالَ الزَّيْنُ بْنُ الْمُنِيرِ كَأَنَّهُ قَصَدَ بِالتَّرْجَمَةِ الْأُولَى اتِّخَاذَ الْمَسَاجِدِ فِي الْمَقْبَرَةِ لِأَجْلِ الْقُبُورِ بِحَيْثُ لَوْلَا تَجَدُّدُ

Maktaba Tul Ishaat.com

الْقَبْرِ مَا اتُّخِذَ الْمَسْجِدُ وَيُؤَيِّدُهُ بِنَاءُ الْمَسْجِدِ فِي الْمَقْبَرَةِ عَلَى حِدَتِهِ لِئَلَّا يُحْتَاجَ إِلَى الصَّلَاةِ فَيُوجَدُ مَكَانٌ يُصَلَّى فِيهِ سِوَى الْمَقْبَرَةِ فَلِذَلِكَ نَحَا بِهِ مَنْحَى الْجَوَازِ۔

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ: یہ روایت ابواب مساجد میں گزر چکی ہے، ماریہ راء کے ساتھ اس کنیسہ کا نام ہے۔

(ص ١٧٩) بَاب مَنْ يَدْخُلُ قَبْرَ الْمَرْأَةِ

١٣٤٢. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ أَنَسٍ قَالَ شَهِدْنَا بِنْتَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ وَرَسُولُ اللَّهِ ﷺ جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ فَقَالَ هَلْ فِيكُمْ مِنْ أَحَدٍ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ؟ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ أَنَا قَالَ فَانْزِلْ فِي قَبْرِهَا فَنَزَلَ فِي قَبْرِهَا فَقَبَرَهَا قَالَ ابْنُ مُبَارَكٍ قَالَ فُلَيْحٌ أُرَاهُ يَعْنِي الذَّنْبَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ {لِيَقْتَرِفُوا} أَيْ لِيَكْتَسِبُوا.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ عورت کی قبر میں کون اترے؟

حضرت انس بن مالکؓ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی ایک بیٹی کے جنازے میں حاضر تھے حضور ﷺ قبر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں نے حضور ﷺ کی دونوں آنکھوں کو آنسو بہاتے ہوئے دیکھا پھر آپ نے فرمایا کیا تم میں کوئی ایسا ہے جس نے رات بیوی سے جنسی ملاقات نہیں کی؟ ابو طلحہؓ نے عرض کیا کہ میں، تو آپ نے فرمایا کہ قبر میں اترو، تو ابو طلحہؓ قبر میں اترے اور صاحب زادی کو قبر میں اتارا، ابن المبارک نے کہا کہ فلیح نے یہ کہا کہ میرے خیال میں (لم یقارف سے) حضور کی مراد گناہ ہے، ابو عبداللہ کہتے ہیں لِيَقْتَرِفُوا کے معنی ہیں لِيَكْتَسِبُوا (یعنی ارتکاب کرنا)۔

تشریح: مقصد یہ ہے کہ عورت کو قبر میں نیک لوگ اتاریں کما دلّ علیہ حدیث الباب۔

حضرات فقہاء ارشاد فرماتے ہیں کہ سب سے مقدم ذو رحم محرم ہے وہ نہ ہو تو پھر حنفیہ فرماتے ہیں کہ صلحاء داخل ہوں، ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ ذو رحم محرم کو ترجیح ہے اور پھر خاوند کو اور اس کے بعد اجنبی صالح لوگ۔

کیا بیوی کے مرنے سے زوجیت ختم ہو جاتی ہے؟ اصل میں خاوند کے مسئلہ میں حنفیہ اور جمہور کا اختلاف ہے، حضرات جمہور فرماتے ہیں کہ موت سے تعلق ازدواج منقطع نہیں ہوتا ہے اور حنفیہ اس کو منقطع مانتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ خاوند اجنبی ہو گیا لہٰذا وہ قبر میں داخل نہیں ہوگا، یہ مسئلہ ہے عجیب و غریب، بعض متاخرین احناف اس مسئلہ میں جمہور ہی کے قول کی طرف مائل ہیں، حضرت علامہ انور شاہ کشمیری کا رجحان بھی

Maktaba Tul Ishaat.com

اسی طرف ہے اور ان کی رائے یہ معلوم ہوتی ہے کہ موت سے زوجیت کا رشتہ منقطع نہیں ہوتا ہے۔

علامہ ابن حزم کہتے ہیں کہ عورت کو قبر میں اتارنے کا سب سے زیادہ حق دار وہ شخص ہے جس نے اس رات میں وطی نہ کی ہو چاہے اجنبی ہو اور اس کا خاوند موجود ہو اور اس کے اولیاء موجود ہوں یا نہ ہوں، اور انہوں نے حدیث الباب سے استدلال کیا ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ: یہ روایت ابھی قریب میں گزر چکی ہے اور میں وہاں کلام کر چکا ہوں۔

لَمْ یُقَارِفِ اللَّیْلَةَ کے معنی میں علماء کا اختلاف بھی بیان کر چکا ہوں کہ آیا اس سے مراد گناہ کا ارتکاب ہے جیسا کہ ابن مبارک نے فلیح سے نقل کیا ہے یا اس سے مراد مجامعت ہے اور ابو محمد بن حزم ظاہری نے اسی کو اختیار کیا ہے، مسند احمد میں ہے لَا یدخل الْقَبْرَ رجل قارف اللَّیْلَةَ أهله، عورت کو قبر میں اتارنے کا زیادہ حق دار وہ شخص ہے جس نے اس رات میں جماع نہ کیا ہو، فتنحیّ عثمان، عثمان ایک طرف ہو گئے، علامہ ابو محمد ابن حزم ظاہری نے اسی کو اختیار کیا اور فرماتے ہیں کہ معاذ اللہ! بھلا ابو طلحہؓ حضور ﷺ کے سامنے یہ فخر کریں کہ آج رات میں نے کوئی گناہ نہیں کیا بہت بعید ہے۔

امام طحاوی کی رائے یہ ہے کہ یہاں مفارقت کے معنی اصابۃ مرأۃ نہیں ہے بلکہ مفارقت بمعنی المقاولۃ ہے یعنی قول نہ کیا ہو کوئی ایسی بات نہ کہی ہو جو نگاہ شارع میں مذموم سمجھی جاتی ہو، اور باقی جو حافظ ابن حجر نے لکھ دیا ہے کہ امام طحاوی لَمْ یُقَارِفْ کو تصحیف مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اصل میں لم یقاول ہے اور مراد لم ینازع ہے معلوم نہیں حافظ ابن حجر نے طحاوی کی طرف یہ بات کہاں سے منسوب کر دی ہے۔

امام بخاری نے ابن مبارک سے نقل کیا ہے اور انہوں نے فلیح سے کہ جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو، تو اس صورت میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ امام نے گویا اشارہ کیا ہے کہ قبر مرأۃ میں صالحین داخل ہوں گے۔

(ص ۱۷۹) بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى الشَّهِيدِ

١٣٤٣۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ وَقَالَ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هَؤُلَاءِ

Maktaba Tul Ishaat.com

يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ فِي دِمَائِهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوا وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ.

١٣٤٤. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ يَوْمًا فَصَلَّى عَلَى أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ وَأَنَا شَهِيدٌ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي وَاللَّهِ لَأَنْظُرُ إِلَى حَوْضِي الْآنَ وَإِنِّي أُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ أَوْ مَفَاتِيحَ الْأَرْضِ وَإِنِّي وَاللَّهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي وَلَكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا.

ترجمہ: باب، شہید کی نماز جنازہ کا بیان۔

حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ احد کے شہداء میں سے دو دو کو ایک کپڑے میں جمع فرماتے تھے اور یہ معلوم کرتے تھے کہ ان میں قرآن زیادہ کس کو یاد تھا؟ جب آپ کو ان میں سے ایک کے بارے میں بتادیا جاتا تو آپ اس کو (بغلی) قبر میں آگے کی طرف رکھتے اور آپ نے فرمایا میں قیامت کے دن ان کا گواہ ہوں آپ نے ان کو خون سمیت دفن کرنے کو فرمایا ان کو نہ تو غسل دیا گیا اور نہ ہی ان پر نماز پڑھی گئی۔

عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور ﷺ (مدینے سے) باہر نکلے اور احد کے شہداء پر نماز جنازہ کے طریقے پر نماز پڑھی پھر فارغ ہو کر منبر پر آئے اور فرمایا میں تمہارا امیر سامان ہوں (تمہاری راحت کا انتظام کرنے کیلئے آگے جانے والا ہوں) میں تمہارا گواہ ہوں، اللہ کی قسم! میں اس وقت اپنی حوض دیکھ رہا ہوں، مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں یا زمین کی کنجیاں عطا ہوئیں، اللہ کی قسم! مجھے یہ ڈر نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کروگے لیکن مجھے یہ ڈر ہے کہ تم دنیا کے حاصل کرنے میں مقابلہ آرائی کروگے۔

تشریح: صلوۃ علی الشہید کے مسئلہ میں اختلاف ہے، جمہور حضرات امام مالک، امام شافعی اور امام احمد روایت مشہورہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ شہید کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

نہ پڑھے جانے کا کیا مطلب ہے؟ شافعیہ کا ایک قول یہ ہے کہ نہ پڑھنا چاہئے، لیکن راجح قول یہ ہے کہ ان کے یہاں پڑھنا جائز ہی نہیں ہے، امام ابو حنیفہ اور اسحاق بن راہویہ فرماتے ہیں کہ شہید کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، امام احمد بن حنبل کی یہی دوسری روایت ہے اور تابعین میں سے ایک بہت بڑی جماعت کا یہی مسلک رہ چکا ہے، علامہ ماوردی نے امام احمد ابن حنبل سے نقل کیا ہے الصلوۃ علیہ أجود صلوۃ علی الشہید اجود ہے ویسے ترک صلوۃ بھی جائز ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام بخاری اس مسئلہ میں کیا رائے رکھتے ہیں؟ ہمارے حضرت اقدس شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس باب میں اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ اس مسئلہ میں دلائل متعارضہ ہیں، بعض دلائل مثبتِ صلوۃ جنازہ ہیں اور بعض سے اس کی نفی ہوتی ہے، امام بخاری کی یہی عادت ہے کہ ایسے موقع پر مسئلہ کے ادلۂ متعارضہ کی طرف اشارہ کیا کرتے ہیں، گویا شاہ صاحب کی رائے پر امام بخاری نے کوئی فیصلہ کن بات نہیں کہی ہے بلکہ مجتہد کے یا ناظرین کتاب کے حوالہ کر دیا ہے۔

لیکن شراح شافعیہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اجمالی ترجمہ منعقد فرمایا ہے اور حضرت جابرؓ کی روایت ذکر کر کے یہ بتلایا ہے کہ شہید کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی اس لئے کہ رسول اکرم ﷺ نے شہداء احد کی نماز جنازہ نہیں پڑھی تھی، لیکن انہیں کے متعلق حضرت عقبہ بن عامرؓ کی روایت ہے جس میں فَصَلّٰی عَلٰی أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهٗ عَلَى الْمَيِّتِ وارد ہوا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی ہے اس لئے شاہ صاحب کی بات ہی ارجح معلوم ہوتی ہے۔

بہر حال جو لوگ صلوۃ علی الشہید کا انکار کرتے ہیں وہ حضرت جابرؓ کی روایت سے استدلال کرتے ہیں اور جو لوگ صلوۃ علی الشہید کے قائل ہیں ان کا استدلال دو طرح سے ہے۔

(۱) علامہ عینی وغیرہ نے تو بخاری کی روایت سے جس کو امام بخاری نے عقبہ بن عامرؓ سے نقل کیا ہے استدلال کیا ہے اس میں ہے أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰی عَلٰی أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهٗ عَلَى الْمَيِّتِ۔

امام شافعی، ابن حبان اور بیہقی فرماتے ہیں کہ اس روایت میں صلوۃ کے معنی دعاء ہے، اس پر علامہ جمال الدین زیلعی حنفی نے یہ اعتراض کیا ہے کہ لفظِ صَلَاتَهٗ عَلَى الْمَيِّتِ اس تاویل سے اباء کرتا ہے، علامہ ابو عبد اللہ الابّی شارح مسلم فرماتے ہیں کہ لفظ صلوۃ جب اصطلاح میں بولا جاتا ہے تو اس سے صلوۃ شرعیہ مراد ہوتی ہے لہذا اس کو دعاء کے معنی پر محمول نہ کرنا چاہئے۔

مگر ابو حاتم بن حبان البستی فرماتے ہیں کہ اگر اس کو حقیقی صلوۃ پر محمول کیا جائے تو یہ لازم آئے گا کہ جو لوگ صلوۃ علی الشہید کے قائل ہیں وہ اس کے بھی قائل ہو جائیں کہ ایک طویل کے مدت کے بعد شہید کی نماز جنازہ ہو سکتی ہے، اس لئے کہ عقبہ بن عامرؓ کی روایت میں یہ تصریح ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے جنگ احد کے آٹھ سال بعد یعنی وفات کے سال یہ صورت اختیار فرمائی تھی، اور جو لوگ صلوۃ علی الشہید کے قائل ہیں وہ اتنی

Maktaba Tul Ishaat.com

تاخیر کے قائل نہیں ہیں، علامہ ابن حبان کا یہ اشکال ہے اپنی جگہ زور دار۔

لیکن احناف کی طرف سے اس کا یہ جواب دیا جاسکتا ہے کہ شہداء بنص القرآن أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ زندہ ہیں لہذا جب ان کا جسد محفوظ ہے تو کیا عجب ہے کہ ان کی نماز جنازہ ایک مدت کے بعد اداء کی جائے، مگر ہمارے حضرت علامہ انور شاہ کشمیری اس استدلال کو پسند نہیں کرتے ہیں وہ یہ فرماتے ہیں کہ یہ تو تودیع تھی، اصل میں سرکار دوعالم ﷺ چونکہ اس دنیا سے رحلت فرمانے والے تھے اس لئے آپ سب کو رخصت فرمارہے تھے چنانچہ اسی عقبہ بن عامرؓ کی روایت کے بعض طرق میں وارد ہوا ہے کالمودّع للأحياء والأموات، اور پھر اسی حدیث میں یہ وارد ہے ثم صعد المنبر پھر آپ منبر پر چڑھ گئے، بھلا احد میں کہاں منبر نبوی تھا وہ تو مسجد نبوی سے تین میل کے فاصلہ پر ہے، واقعہ یہ ہے کہ اس روایت سے صراحۃً صلوۃ شہید کا ثبوت نہیں ہوتا ہے۔

(۲) بعض دوسرے احناف علامہ قطب الدین زیلعی وغیرہ اور خود علامہ جمال الدین زیلعی نے ان روایات سے استدلالِ کیا ہے جس میں شہداء احد کی نماز جنازہ کا تذکرہ ہے، امام ابوداؤد نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت نقل کی ہے أن النبيَّ ﷺ مَرَّ بحمزةَ وقد مُثِّلَ به ولم يصلِّ على أحدٍ من الشهداء غيرِه، اس کی سند کا دار ومدار اسامہ بن زید لیثی پر ہے اور وہ نقل کرتے ہیں زہری سے اور وہ نقل کرتے ہیں انسؓ سے، اسامہ سے نقل کرنے والے عثمان بن عمر ہیں، دار قطنی کہتے ہیں کہ ولم يصلِّ على أحدٍ من الشهداء غيرِه یہ منفردات عثمان میں سے ہے کوئی ان کا متابع نہیں، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ امام حاکم نے المستدرک میں یہی روایت تخریج کی ہے اور اس میں عثمان کا ایک متابع ہے روح بن عبادہ۔

اصل میں محل اشکال یہ ہے کہ اس زیادتی کے نقل کرنے میں اسامہ بن زید لیثی منفرد ہے اور علماء نے ان پر بڑا کلام کیا ہے، اور انہی پر حضرت ابو مسعود انصاریؓ کے مواقیت کے تفصیلی بیان کا دار ومدار بھی ہے وہاں پر احناف ان کو قابل استناد نہیں مانتے ہیں تو یہاں پر بھی احناف کو ان کی روایت سے استناد نہیں کرنا چاہئے۔

امام احمد نے ایک اور طریق سے روایت نقل کی ہے اس میں شہداء احد کی نماز جنازہ کا ذکر ہے اور روایاتِ سیر وغیرہ میں یہ تصریح وارد ہے کہ حضرت حمزہؓ کی ستر نمازیں پڑھی گئی ہیں۔

(۳) لیکن اس پر فریق مخالف کو اعتراض ہے وہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتا، صحیحین کی روایت کی نفی کو دوسری روایات مثبتہ پر ترجیح دیتا ہے، حضرات احناف کی طرف سے اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ اصل میں

Maktaba Tul Ishaat.com

شہداء احد کا معاملہ عجیب تھا، دس دس آدمی لائے جاتے تھے حضرت حمزہؓ ساتھ رکھے ہوئے ہوتے ہر ایک کی نماز جنازہ پڑھی جاتی تھی پھر اٹھا لئے جاتے، حضرت حمزہ اپنی جگہ پر ہوتے تو چونکہ حضرت حمزہؓ کی نماز مکرر ہوئی اور ستر آدمیوں کے ساتھ ہوئی اس لئے راوی نے تجوّز سے کام لیکر یہ کہہ دیا کہ حضرت حمزہؓ کی نماز جنازہ ستر مرتبہ ہوئی، اور چونکہ عام دستور کے خلاف ایک ایک جماعت کی نماز ایک ساتھ ہوئی ہے اس لئے بعض وقت راوی نے یہ کہہ دیا کہ حمزہؓ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی، اگر یہ تاویل چل سکتی ہے فبہا ورنہ واقعہ یہ ہے کہ روایتی میدان فریق مخالف کے ہاتھ میں ہے، البتہ شہداء احد سے اگر قطع نظر کر لیا جائے تو ایسی دوسری روایات موجود ہیں جن سے صلوۃ علی الشہید کا ثبوت ہوتا ہے۔

(۴) امام نسائی نے شداد بن ہاد سے ایک طویل روایت نقل کی ہے جس میں یہ مضمون ہے کہ ایک صحابی خدمت والا میں آئے مسلمان ہوگئے اور اس کے بعد ایک غزوہ میں صحابہ گئے وہاں سے جو مال غنیمت آیا اس میں سرکار دو جہاں نے ان کا بھی حصہ لگایا جب وہ آئے اور ان کو ان کا حصہ دیا گیا تو خدمت والا میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میں اس لئے مسلمان نہیں ہوا، میں تو اس لئے مسلمان ہوا الأرمی ھاھنا میرے یہاں گلے میں ایک تیر لگے اور میں شہید ہو جاؤں آپ نے فرمایا إن تَصْدُقِ اللهَ يَصْدُقكَ، اس کے بعد قریب میں جہاد کا ایک سفر پیش آیا اس میں وہ صحابی شریک ہوئے تھوڑی دیر بعد لائے گئے تیر وہیں لگا ہوا تھا جہاں انہوں نے اشارہ کیا تھا سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا صَدَقَ اللهَ فَصَدَّقَهُ، ثم كفنه النبی ﷺ فی جبته و صلی علیه آپ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی۔

امام بیہقی نے اس کو مُرتث پر محمول کیا ہے، مطلب یہ ہے کہ ان کو کچھ تھوڑا سا ایسا موقع مل گیا جس میں انہوں نے حیات دنیویہ سے انتفاع حاصل کر لیا، اور جس شہید کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی ہے وہ وہ شہید معرکہ ہے جس کو دنیوی زندگی سے انتفاع کا کوئی موقع نصیب نہ ہو سکا ہو، مگر امام بیہقی کی یہ توجیہ روایت کے قانون سے ہٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

(۵) امام ابوداؤد نے باب الرجل یموت بسلاحه میں ایک روایت نقل کی ہے اس میں بھی اسی طرح کا ایک واقعہ ہے اور ایک صحابی کی شہادت اور اس کے بعد حضور اکرم ﷺ کا نماز جنازہ پڑھنے کا ذکر ہے، علامہ شوکانی نے اس واقعہ کو ذکر کر کے یہ اعتراف کیا ہے کہ اس کا کوئی جواب مجھے نہیں ملا، ویسے صلوۃ علی الشہید کے

Maktaba Tul Ishaat.com

سلسلہ میں نصف درجن سے زائد روایات ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ مسئلہ ہے بڑا مختلف فیہا اور اگر کوئی آدمی ان تمام روایات کو سامنے رکھ کر امام احمد کے قول کو اختیار کرے تو وہ اقرب الی مسلک الحدیث ہوگا یعنی الصلوة علیه أجود للروایات الدالة علیها وإن ترکها جاز لحدیث جابر بقصة شهداء أحد۔

فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ: علامہ مظہری شارح مصابیح فرماتے ہیں کہ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ سے مراد فی قبر واحد ہے، لیکن یہ مطلب بعید ہے اس واسطے کہ آگے آرہا ہے ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ، معلوم ہوا کہ لحد اور قبر میں داخل کرنے کا ذکر بعد میں آرہا ہے لہذا ثوب سے مراد حقیقی ثوب ہے قبر نہیں ہے، اور ترمذی اور ابوداؤد میں حضرت انسؓ کی روایت میں وارد ہوا ہے فَكَثُرَ الْقَتْلَى وَقَلَّتِ الثِّيَابُ قَالَ فَكُفِّنَ الرَّجُلُ وَالرَّجُلَانِ وَالثَّلَاثَةُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ ثُمَّ يُدْفَنُونَ فِي قَبْرٍ وَاحِدٍ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ثوب قبر کے معنی میں نہیں ہے بلکہ اپنے ظاہر پر ہے۔

علامہ عینی نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ سے نقل کیا ہے کہ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ کا مطلب یہ ہے کہ ایک کپڑا کاٹ لیا جاتا تھا اور اس کے بعد دو آدمیوں کو اس میں کفن دے دیا جاتا تھا، اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ میت کے کپڑے جو اس کے ملبوسات ہوتے ہیں وہ خود اس کے اکفان ہوا کرتے ہیں تو پھر ان کو مزید کپڑا دینے کی کیا ضرورت تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے یہ ان لوگوں کے ساتھ کیا گیا ہو جن کے کپڑے آلات حربیہ کی زد کی وجہ سے کٹ پھٹ گئے ہوں، اور ممکن ہے اس سے مراد تکثیر ثیاب ہو یعنی ان کے کپڑوں کے ساتھ مزید ایک آدھ کپڑا پورے بدن کے ڈھانکنے کے لئے ملا دیا جاتا ہو، اور اگر ایک ہی کپڑے میں دو دو مقتولوں کو کفن دیا جائے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ گھاس وغیرہ کے ذریعہ سے دونوں کے بدن میں فصل کر دیا جائے ورنہ بغیر فصل کے دو آدمیوں کو اور دو میتوں کو ایک کفن میں رکھ دینا جائز نہیں ہے۔

یہ سب باتیں جو بیان کی گئیں ان شاء اللہ عنقریب کتاب المغازی میں بھی آئیں گی۔

إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ: میں تمہارے لئے فرط یعنی پیشگی جانے والا ہوں تاکہ تمہارے لئے تیاری کروں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٧٩) بَابُ دَفْنِ الرَّجُلَيْنِ أَوِ الثَّلَاثَةِ فِي قَبْرٍ وَاحِدٍ

١٣٤٥ . حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ.

ترجمہ: باب، ایک قبر میں دو یا تین کے دفن کرنے کے جواز کا بیان۔

جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ احد کے مقتولین میں سے دو دو کو یکجا دفن فرماتے تھے۔

تشریح: اگر ضرورت پیش آجائے تو دو یا تین آدمیوں کو ایک قبر میں دفن کیا جاسکتا ہے۔

بضرورت دفن کرنا ائمہ اربعہ کے یہاں متفق علیہ ہے، لیکن بلا ضرورت دفن کرنا جمہور علماء فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے، شافعیہ کہتے ہیں کہ حرام ہے، اور علامہ موفق نے مغنی میں لکھا ہے و لا یدفن اثنان دو آدمی دفن نہ کئے جائیں، اس عبارت میں دو احتمال ہیں، یا تو مطلب یہ ہے کہ یہ جائز نہیں یا مطلب یہ ہے کہ یہ مکروہ ہے، ابن ابی شیبہ نے حضرت حسن بصری سے نقل کیا ہے کہ وہ دو آدمیوں کے ایک قبر میں دفن کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے، بظاہر انہوں نے بھی بے ضرورت دفن کرنے کو مکروہ قرار دیا نہ کہ بضرورت دفن کرنے کو، اور اگر بضرورت دفن کرنے کو بھی مکروہ سمجھا ہے تو مصنف کا یہ ترجمہ ان کی تردید میں ہوگا۔

مصنف نے اس باب میں الرَّجُلَيْنِ أَوِ الثَّلَاثَةِ ذکر کیا ہے اور روایت الباب سے رجلین کا ثبوت ہوتا ہے ثلاثہ کا ثبوت نہیں ہوتا ہے تو پھر یہ جزء کیسے ثابت ہوا؟ ابن رشید وغیرہ ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے مسئلہ قیاساً ثابت کیا ہے کہ جب دو کو ایک قبر میں دفن کیا جاسکتا ہے تو تین کو بھی دفن کیا جاسکتا ہے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اگر بخاری مسئلہ کو بالقیاس ثابت کرتے تو أو الثَّلَاثَة کہنے کی کیا ضرورت تھی؟ یوں فرمادیتے دفن الرجل أو أکثر فی قبر واحد، بلکہ امام بخاری نے ہشام بن عامر کی اس روایت کی طرف اشارہ کیا ہے جس کو امام احمد اور اصحاب سنن نے مرفوعاً نقل کیا ہے اجعلوا الرجلین أو الثلاثة فی قبر واحد۔

(ص ١٧٩) بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ غُسْلَ الشُّهَدَاءِ

١٣٤٦ . حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ ادْفِنُوهُمْ فِي دِمَائِهِمْ يَعْنِي يَوْمَ أُحُدٍ وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، ان لوگوں کے استدلال کا بیان جو شہداء کو غسل دینے کے قائل نہیں ہیں۔
حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ان شہداء کو ان کے خون کے ساتھ دفن کرو یعنی احد کے دن، نیز آپ نے ان کو غسل نہیں دیا۔

تشریح: اس مسئلہ میں تھوڑا سا اختلاف ہے، ائمۂ اربعہ فرماتے ہیں کہ شہداء کو غسل نہیں دیا جائے گا، مگر ابن ابی شیبہ نے سعید بن مسیب اور حسن بصری سے نقل کیا ہے کہ شہید کو غسل دیا جائے گا ما مات إلا أجنب جو میت مر جاتا ہے وہ جنب ہو جاتا ہے اور جنب کو غسل دینا ضروری ہے تو یہاں پر بھی شہید کو غسل دیا جائے گا، امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے جمہور کی تائید کی ہے اور ان دونوں حضرات پر رد کیا ہے۔

شہیدِ جنبی کا غسل: اگر اتفاقاً جنب شہید ہو، جنابت کی حالت ہی میں جنگ میں شریک ہوا اور شہید ہو گیا تو کیا کیا جائے؟ امام ابو حنیفہ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ اس کو غسل دیا جائے گا، امام مالک، ابو یوسف اور محمد بن حسن فرماتے ہیں کہ غسل نہیں دیا جائے گا، امام شافعی سے اس مسئلہ میں دونوں روایتیں ہیں۔

جو لوگ غسل شہیدِ جنب کے قائل ہیں وہ حضرت حنظلۃ الغسیل کے واقعہ سے استدلال کرتے ہیں کہ حضرات ملائکہ نے ان کو غسل دیا ہے لیکن جو لوگ اس کے عدم کے قائل ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ تو فرشتوں کا فعل ہے جو حجت نہیں ہو سکتا ہے وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا۔

وَلَمْ يَغْسِلْهُمْ: آپ نے غسل نہیں دیا اور وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ غسل نہیں دلوایا یعنی اس کا امر نہیں فرمایا۔

(ص ۱۷۹) بَابُ مَنْ يُقَدَّمُ فِي اللَّحْدِ

وَسُمِّيَ اللَّحْدُ لِأَنَّهُ فِي نَاحِيَةٍ، وَكُلُّ جَائِرٍ مُلْحِدٌ، {مُلْتَحَدًا} مَعْدِلًا، وَلَوْ كَانَ مُسْتَقِيمًا كَانَ ضَرِيحًا.

١٣٤٧۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ أَخْبَرَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ وَقَالَ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هَؤُلَاءِ وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ.

١٣٤٨۔ وَأَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ

Maktaba Tul Ishaat.com

يَقُولُ لِقَتْلَى أُحُدٍ أَيُّ هَؤُلَاءِ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى رَجُلٍ قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ قَبْلَ صَاحِبِهِ وَقَالَ جَابِرٌ فَكُفِّنَ أَبِي وَعَمِّي فِي نَمِرَةٍ وَاحِدَةٍ وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرًا.

ترجمہ: باب، اس مسئلہ کا بیان کہ قبر میں آگے کس کو رکھا جائے؟ بغلی قبر کو لحد اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ایک جانب میں ہوتی ہے، ہر ظالم پر لفظ ملحد صادق آتا ہے، قرآن میں آئے لفظ مُلْتَحَدًا کے معنی سیدھے راستے سے ہٹے ہوئے کے ہیں، اگر قبر سیدھی (وسطی/صندوقی) ہو تو اسے ضریح کہتے ہیں۔

تشریح: روایتِ باب اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جس کو قرآن زیادہ یاد ہو وہ مقدم کیا جائے گا کذا قالہ الحافظ ابن حجر، حافظ ابن حجر نے ایک دوسرے مقام پر لکھا ہے کہ امام بخاری نے روایت الباب سے یہ ثابت فرمایا ہے کہ جو افضل ہو اس کو قبر میں مقدم کیا جائے گا وصرح بذلک صاحب المغنی۔

وَسُمِّيَ اللَّحْدُ لِأَنَّهُ فِي نَاحِيَةٍ: لحد کو لحد اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ ایک جانب میں ہوتی ہے، قبلہ کی طرف بنائی جاتی ہے۔

مُلْتَحَدًا مَعْدِلًا: وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَدًا ملتحد کہتے ہیں ملجا کو یعنی اللہ کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں کہ آدمی اللہ کو چھوڑ کر اس کی طرف جا پڑے، وہ ذات حق ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

وَلَوْ كَانَ مُسْتَقِيمًا كَانَ ضَرِيحًا: یعنی اگر قبر بیچ میں سیدھی ہو تو اس کو ضریح کہا جاتا ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ: علامہ دار قطنی نے اس حدیث کو متنقدات میں شمار کیا ہے، ان کا اعتراض یہ ہے کہ ابن شہاب زہری کو اس روایت میں اضطراب ہو گیا ہے، کبھی وہ کہتے ہیں عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ اور کبھی کہتے ہیں حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرًا اور کبھی واسطہ حذف کر کے سیدھے کہہ دیتے ہیں عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ابن شہاب زہری بڑے آدمی ہیں، ہو سکتا ہے کہ انہوں نے من سمع جابرًا سے مراد عبد الرحمن بن کعب کو لیا ہو اور روایت بالواسطہ بھی سنی ہو اور بلا واسطہ بھی سنی ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٧٩) بَابُ الْإِذْخِرِ وَالْحَشِيشِ فِي الْقَبْرِ

١٣٤٩. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ حَرَّمَ اللهُ مَكَّةَ فَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي وَلَا لِأَحَدٍ بَعْدِي أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تُلْتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ إِلَّا الْإِذْخِرَ لِصَاغَتِنَا وَقُبُورِنَا؟ فَقَالَ إِلَّا الْإِذْخِرَ.

وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ لِقُبُورِنَا وَبُيُوتِنَا.

وَقَالَ أَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ مِثْلَهُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لِقَيْنِهِمْ وَبُيُوتِهِمْ.

ترجمہ: باب، قبر میں اذخر اور حشیش گھاس رکھنے کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ نے مکہ کو حرم بنایا ہے، مکہ مکرمہ نہ مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال کیا گیا اور نہ میرے بعد، میرے لئے بھی ایک دن تھوڑے وقت کے لئے حلال کیا گیا، اس کی گھاس نہ کاٹی جائے، اس کے درخت نہ کاٹے جائیں، اس کے شکار نہ بھگائے جائیں اور اس میں گری پڑی چیز نہ اٹھائی جائے؛ ہاں اعلان کے لئے اٹھانے والے کو اجازت ہے، حضرت عباسؓ نے عرض کیا کہ اذخر کا استثناء فرمادیں کہ وہ ہمارے سناروں اور قبروں کے کام کی چیز ہے تو آپ نے فرمایا اذخر کے علاوہ۔

ابوہریرہؓ سے ایک روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہماری قبروں کے لئے اور ہمارے گھروں کے لئے، صفیہ بنت شیبہ کہتی ہیں کہ میں نے پیغمبر ﷺ سے اسی کے مثل سنا ہے، حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں یہ آیا کہ ان کے لوہاروں کے لئے اور ان کے گھروں کے لئے۔

تشریح: اذخر ایک خاص قسم کی گھاس ہے جو مکہ میں بہت زیادہ پیدا ہوتی ہے اسی لئے اس کو اذخر مکی کہا جاتا ہے اور حشیش کہتے ہیں مطلق گھاس کو، قبر میں اذخر اور دوسری کسی بھی قسم کی گھاس بچھائی جاسکتی ہے، مصنف نے باوجودیکہ روایت میں صرف اذخر کا لفظ ہے ترجمہ میں اذخر کے ساتھ حشیش کا لفظ اس لئے بڑھادیا ہے تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ اذخر کا ذکر اس وجہ سے ہے کہ مکہ میں وہ کثرت سے پائی جاتی ہے، حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ قبر میں بچھانے کے لئے گھاس ڈالتے ہیں اس سے کسی طرح کی تطییب مقصود نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حَدَّثنا مُحَمَّدُ بنُ عَبدِاللهِ بنِ حَوشَبٍ: یہ حدیث مصنف نے پوری صحیح میں دس جگہ تخریج فرمائی ہے ویسے روایت کتاب العلم میں گزر چکی ہے اور وہاں پر میں تفصیلاً اس کے جملوں کے متعلق کلام کر چکا ہوں۔

وَلَا تُلتَقَطُ لُقَطَتُهَا إِلَّا لِمُعَرِّفٍ: اس میں اختلاف ہے، شافعی و احمد اور ابو یوسف فرماتے ہیں کہ لقطۂ حرم کی ہمیشہ ہی تعریف کرنی پڑے گی، مالک و ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ لقطۂ حل و حرم کی تعریف میں کوئی فرق نہیں ہے البتہ لقطۂ حرم کی تعریف میں بہت مبالغہ مطلوب ہے۔

(ص ١٨٠) بَاب هَلْ يُخرَجُ الْمَيِّتُ مِنَ الْقَبْرِ وَاللَّحْدِ لِعِلَّةٍ

١٣٥٠. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَتَى رَسُولُ اللَّهِ ﷺ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أُبَيٍّ بَعْدَ مَا أُدْخِلَ حُفْرَتَهُ فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ فَوَضَعَهُ عَلَى رُكْبَتَيْهِ وَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيقِهِ وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ فَاللَّهُ أَعْلَمُ وَكَانَ كَسَا عَبَّاسًا قَمِيصًا قَالَ سُفْيَانُ وَقَالَ أَبُو هَارُونَ وَكَانَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ قَمِيصَانِ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلْبِسْ أَبِي قَمِيصَكَ الَّذِي يَلِي جِلْدَكَ قَالَ سُفْيَانُ فَيُرَوْنَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أَلْبَسَ عَبْدَ اللَّهِ قَمِيصَهُ مُكَافَأَةً لِمَا صَنَعَ.

١٣٥١. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا حَضَرَ أُحُدٌ دَعَانِي أَبِي مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ مَا أُرَانِي إِلَّا مَقْتُولًا فِي أَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ وَإِنِّي لَا أَتْرُكُ بَعْدِي أَعَزَّ عَلَيَّ مِنْكَ غَيْرَ نَفْسِ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ فَإِنَّ عَلَيَّ دَيْنًا فَاقْضِ وَاسْتَوْصِ بِأَخَوَاتِكَ خَيْرًا فَأَصْبَحْنَا فَكَانَ أَوَّلَ قَتِيلٍ وَدُفِنَ مَعَهُ آخَرُ فِي قَبْرٍ ثُمَّ لَمْ تَطِبْ نَفْسِي أَنْ أَتْرُكَهُ مَعَ الْآخَرِ فَاسْتَخْرَجْتُهُ بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ فَإِذَا هُوَ كَيَوْمِ وَضَعْتُهُ هُنَيَّةً غَيْرَ أُذُنِهِ.

١٣٥٢. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ دُفِنَ مَعَ أَبِي رَجُلٌ فَلَمْ تَطِبْ نَفْسِي حَتَّى أَخْرَجْتُهُ فَجَعَلْتُهُ فِي قَبْرٍ عَلَى حِدَةٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ کیا کسی وجہ سے میت کو قبر اور لحد سے نکالا جا سکتا ہے؟

حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ اللہ کے رسول ﷺ عبد اللہ بن ابی کی قبر پر اس کو قبر میں داخل کئے جانے کے بعد تشریف لائے، آپ کے فرمانے پر اس کو باہر نکالا گیا۔ آپ نے اس کو اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھا، اپنا لعاب اس پر لگایا اور اسے

Maktaba Tul Ishaat.com

اپنی قمیص پہنائی، اصل حال تو اللہ کو معلوم ہے لیکن اس نے حضرت عباسؓ کو ایک قمیص پہنائی تھی، سفیان نے کہا کہ ابو ہارون نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس دو قمیص تھیں عبد اللہ کے فرزند نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ کے جسم سے جو قمیص متصل ہے وہ میرے والد کو پہنا دیں، سفیان نے کہا کہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی قمیص عبد اللہ کو اس کے مذکورہ احسان کی مکافات میں پہنائی تھی۔

حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ جب غزوۂ احد کا وقت آیا تو والد نے رات میں مجھے بلایا اور کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ پیغمبر ﷺ کے جو ساتھی سب سے پہلے شہید ہوں گے میں انہیں کے ساتھ شہید کر دیا جاؤں گا، اپنے بعد مجھے رسول ﷺ کے علاوہ تم سے زیادہ عزیز کوئی نہیں، دیکھو میرے اوپر قرض ہے اسے ادا کر دینا اور اپنی بہنوں کا بھلائی کے ساتھ خیال رکھنا، صبح ہوئی تو وہ اولین مقتولین میں تھے ان کے ساتھ ایک اور کو بھی دفن کیا گیا تھا بعد میں میری طبیعت اس پر مطمئن نہ ہوئی کہ میں ان کو دوسرے کے ساتھ دفن رہنے دوں، میں نے چھ ماہ بعد ان کو نکالا تو اس وقت وہ ایسے تھے جیسے میں نے ان کو آج ہی دفن کیا ہو، کان کے علاوہ باقی سب کچھ اسی طرح تھا۔

حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ میرے والد کے ساتھ ایک دیگر شخص کو بھی دفن کیا گیا تھا مگر میری طبیعت مطمئن نہ ہوئی یہاں تک کہ میں نے ان کو نکالا اور ایک علیحدہ قبر میں دفن کیا۔

تشریح: کسی ضرورت وسبب کی بناء پر آیا میت کو قبر میں داخل کرنے اور دفن کر دینے کے بعد نکالا جا سکتا ہے یا نہیں؟ حضرات حنفیہ فرماتے ہیں کہ جب میت کو دفن کر دیا گیا تو مٹی ڈالنے کے بعد اس کو نکالنا صرف ایک ہی صورت میں جائز ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی حق اس سے متعلق ہو گیا ہو مثلاً اسے ارض مغصوبہ میں دفن کر دیا گیا ہو تو اب وہاں سے نکال کر دوسری جائز جگہ پر دفن کیا جا سکتا ہے، باقی اگر نماز کے بغیر دفن کر دیا گیا ہے یا بغیر غسل کے دفن کر دیا گیا ہے تو اس صورت میں نکالا نہیں جائے گا، حضرات ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ اگر بغیر نماز کے دفن کیا گیا ہے تب تو نہیں نکالا جائے گا اور بعد میں قبر پر نماز پڑھ دی جائے گی لیکن اگر بلا غسل کے دفن کر دیا گیا ہے تو اس صورت میں قبر سے نکالا جائے گا۔

امام بخاری نے بظاہر مطلقاً بضرورت نکالنے کے جواز کو ثابت کیا ہے اور دو روایتیں اس باب میں ذکر کی ہیں، پہلی روایت سے یہ ثابت فرمایا ہے کہ اگر میت کی کوئی مصلحت ہو تو اس کو نکالا جا سکتا ہے جیسے عبد اللہ بن ابی کی مصلحت کی وجہ سے اس کو نکالا گیا اور رسول پاک ﷺ نے اپنی قمیص اس کو پہنائی، اسی طرح صاحب میت کی مصلحت سے بھی اس کو نکالا جا سکتا ہے مثلاً بیٹا یہ چاہتا ہے کہ اس کا باپ کسی اور جگہ دفن کیا جائے تو اس کی

Maktaba Tul Ishaat.com

مصلحت کی وجہ سے اس کو نکالا جاسکتا ہے۔

آگے یہاں ایک سوال ہے کہ امام بخاری نے ترجمہ میں لفظ ھل کیوں ذکر فرمایا ہے جو تردد پر دلالت کرتا ہے؟ علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ عبد اللہ بن ابی کے قصہ میں تخصیص کا احتمال ہے اور حضرت جابرؓ کا قصہ جو آگے مذکور ہے وہ ان کا فعل ہے اس میں رفع کی تصریح ہے نہیں۔

فَاللهُ أَعْلَمُ: یعنی کیوں حضور ﷺ نے باوجود یہ کہ وہ رئیس المنافقین تھا اس کے ساتھ ایسی رواداری کا معاملہ فرمایا اللہ ہی جانتے ہیں۔

وَكَانَ كَسَا عَبَّاسًا قَمِيصًا: یہ سفیان بن عیینہ کا مقولہ ہے اور ان کی توجیہ ہے یعنی حضرت عباسؓ جب جنگ بدر میں ماسور ہو کر آئے تو چونکہ اس نے قمیص دی تھی وہی ان کے بدن پر فٹ بھی آئی تھی اس لئے حضور نے یہ چاہا کہ دنیا ہی میں اس کا بدلہ پورا ہو جائے۔

مَا أُرَانِي إِلَّا مَقْتُولًا فِي أَوَّلِ مَنْ يُقْتَلُ: اِس ارشاد کی ایک وجہ حاکم نے مستدرک میں واقدی سے نقل کی ہے کہ اصل میں انہوں نے خواب دیکھا تھا کہ حضرت مبشر بن عبد المنذرؓ جو جنگ بدر میں شہید ہو گئے تھے فرما رہے ہیں أَنْتَ قَادِمٌ عَلَيْنَا فِي هَذِهِ الْأَيَّامِ انہوں نے اپنا خواب نبی اکرم ﷺ سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا هَذِهِ الشَّهَادَةُ۔

وَدَفَنْتُ مَعَهُ آخَرَ: ان کے ساتھ ایک دوسرے آدمی کو میں نے دفن کر دیا اور وہ حضرت عمرو بن جموحؓ تھے جو حضرت جابرؓ کے والد عبد اللہ بن عمروؓ کے دوست تھے۔

فَإِذَا هُوَ كَيَوْمِ وَضَعْتُهُ هُنَيَّةً غَيْرَ أُذُنِهِ: اسی طرح سے بعض نسخوں میں واقع ہوا ہے جبکہ ابن السکن کے نسخہ میں ہے وَضَعْتُهُ غَيْرَ هُنَيَّةٍ فِي أُذُنِهِ، قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ یہی صواب ہے اور هُنَيَّةٍ کہتے ہیں اثر کو، اور مطلب یہ ہے کہ ان کے کان میں بس تھوڑا سا اثر تھا ورنہ سارا بدن ایسا تر و تازہ تھا جیسے آج ان کو دفن کیا گیا، اگلی روایت میں ہے کہ اس کے بعد ان کو الگ قبر میں دفن کر دیا۔

اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت جابرؓ نے اپنے والد کو حضرت عمرو بن جموحؓ سے الگ قبر میں جنگ احد کے چھ ماہ بعد ہی دفن کر دیا تھا، لیکن امام مالک نے مؤطا میں عبد الرحمن بن ابی صعصعہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمرو بن جموحؓ اور عبد اللہ بن عمروؓ یہ دونوں ایک ہی جگہ تھے سیلاب نے ان کی قبر کو چاک کر دیا تھا اور

Maktaba Tul Ishaat.com

دونوں ایک ہی قبر میں تھے، اس سیل سے مراد وہ نہر ہے جو حضرت امیر معاویہؓ نے اپنے دور امارت میں نکلوائی تھی، اب یہاں اشکال یہ ہے کہ امیر معاویہؓ نے جو نہر نکلوائی تھی وہ تو جنگ احد کے چھیالیس (۴۶) سال بعد پیش آئی ہے تو چھیالیس سال بعد یہ دونوں کہاں سے قبر میں جمع ہو گئے حالانکہ حضرت جابرؓ نے تو چھ ماہ بعد ہی اپنے والد کو الگ قبر میں دفن کر دیا تھا۔

علامہ عینی فرماتے ہیں بہتر جواب یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ عبد الرحمن بن ابی صعصعہ سے جو چیز منقول ہے وہ بلاغا ہے جو بھلا بخاری کی روایت مرفوعہ متصلہ کا مقابلہ کہاں کر سکتی ہے؟ لیکن اگر بالفرض اس کو صحیح مان لیا جائے تو پھر ایک دوسری توجیہ یہ کی گئی ہے کہ اصل میں فی قبر واحد کا اطلاق عبد الرحمن بن ابی صعصعہ کی روایت میں مجازاً واقع ہوا ہے، مطلب یہ ہے کہ بالکل قریب قریب تھے، اور ہو سکتا ہے کہ اس سیل کی وجہ سے اندر کی زمین پھٹ گئی ہو اور دونوں قبروں کے بیچ تھوڑا سا فصل بھی ختم ہو گیا ہو اور دونوں قبریں ایک بن گئی ہوں۔

(ص ۱۸۰) بَابُ اللَّحْدِ وَالشَّقِّ فِي الْقَبْرِ

۱۳۵۳ . حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَجْمَعُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ فَقَالَ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُغَسِّلْهُمْ.

ترجمہ: باب، قبر کو بغلی اور وسطی یعنی غیر بغلی بنانے کا بیان۔

تشریح: لحد بغلی قبر کو کہتے ہیں اور شق وہ قبر ہے جو بیچ میں بنائی جاتی ہے جس کو ضریح کہا جاتا ہے۔

لحد اور شق دونوں جائز ہیں اور یہ مسئلہ مجمع علیہا ہے، البتہ حدیث اَللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا أخرجه أصحاب السنن کی بناء پر جمہور کہتے ہیں کہ لحد افضل ہے الا یہ کہ کہیں بنوانا دشوار ہو جائے۔

مگر یہاں سوال یہ ہے کہ امام بخاری نے جو روایت پیش کی ہے اس سے لحد کا ثبوت ہوتا ہے شق کا ثبوت نہیں ہوتا تو یہ دوسرا جزء امام بخاری نے کیسے ثابت کیا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ترجمہ استدلالی طور پر ثابت کیا ہے، اس طرح کہ روایت میں یہ تصریح ہے کہ دو دو

Maktaba Tul Ishaat.com

آدمی ایک قبر میں دفن کئے جارہے تھے اور آسانی کے ساتھ ایک لحد میں ایک ہی آدمی آسکتا ہے دوسرے آدمی کو اس میں داخل کرنا دشوار ہوتا ہے اس لئے ظاہر ہے کہ جب ایک قبر میں دو آدمی دفن کئے جاتے ہوں گے تو ایک کو لحد میں رکھتے ہوں گے اور دوسرے کو ضریح اور شق میں رکھتے ہوں گے۔

ایک فائدہ سنو! اللحد لنا والشق لغیرنا کے مطلب میں مختلف اقوال ہیں، ایک مشہور مطلب یہ ہے اللحد للمسلمین والشق لغیر المسلمین، اسی کے قریب قریب ایک دوسری تفسیر ہے اللحد للمسلمین والشق لأهل الكتاب یہ تفسیر مسند احمد کی ایک روایت سے مؤید ہے اس میں اہل الکتاب کی تصریح وارد ہوئی ہے، مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ شق مسلمانوں کے لئے جائز نہیں ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ مسلمان عام طور سے لحلی قبر بناتے ہیں اور اہل کتاب شق بناتے ہیں۔

(ص ۱۸۰) بَاب إِذَا أَسْلَمَ الصَّبِيُّ فَمَاتَ هَلْ يُصَلَّى عَلَيْهِ وَهَلْ يُعْرَضُ عَلَى الصَّبِيِّ الْإِسْلَامُ

وَقَالَ الْحَسَنُ وَشُرَيْحٌ وَإِبْرَاهِيمُ وَقَتَادَةُ إِذَا أَسْلَمَ أَحَدُهُمَا فَالْوَلَدُ مَعَ الْمُسْلِمِ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَعَ أُمِّهِ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِينَ وَلَمْ يَكُنْ مَعَ أَبِيهِ عَلَى دِينِ قَوْمِهِ وَقَالَ الْإِسْلَامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلَى.

١٣٥٤. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُمَرَ انْطَلَقَ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي رَهْطٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ حَتَّى وَجَدُوهُ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ وَقَدْ قَارَبَ ابْنُ صَيَّادٍ الْحُلُمَ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتَّى ضَرَبَ النَّبِيُّ ﷺ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ لِابْنِ صَيَّادٍ تَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللهِ؟ فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ الْأُمِّيِّينَ فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ ﷺ أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللهِ؟ فَرَفَضَهُ وَقَالَ آمَنْتُ بِاللهِ وَبِرُسُلِهِ فَقَالَ لَهُ مَاذَا تَرَى؟ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ يَأْتِينِي صَادِقٌ وَكَاذِبٌ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ خُلِّطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيئًا فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ هُوَ الدُّخُّ فَقَالَ اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ فَقَالَ عُمَرُ دَعْنِي يَا رَسُولَ اللهِ أَضْرِبْ عُنُقَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ إِنْ يَكُنْهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْهُ فَلَا خَيْرَ لَكَ فِي قَتْلِهِ.

١٣٥٥. وَقَالَ سَالِمٌ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ انْطَلَقَ بَعْدَ ذَلِكَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ إِلَى النَّخْلِ

Maktaba Tul Ishaat.com

الَّتِي فِيهَا ابْنُ صَيَّادٍ وَهُوَ يَخْتِلُ أَنْ يَسْمَعَ مِنِ ابْنِ صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ يَرَاهُ ابْنُ صَيَّادٍ فَرَآهُ النَّبِيُّ ﷺ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ يَعْنِي فِي قَطِيفَةٍ لَهُ فِيهَا رَمْزَةٌ أَوْ زَمْرَةٌ فَرَأَتْ أُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ وَهُوَ يَتَّقِي بِجُذُوعِ النَّخْلِ فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ يَا صَافِ وَهُوَ اسْمُ ابْنِ صَيَّادٍ هَذَا مُحَمَّدٌ ﷺ فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ وَقَالَ شُعَيْبٌ فِي حَدِيثِهِ فَرَفَصَهُ رَمْرَمَةٌ أَوْ زَمْزَمَةٌ وَقَالَ إِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ وَعُقَيْلٌ رَمْرَمَةٌ وَقَالَ مَعْمَرٌ رَمْزَةٌ.

١٣٥٦. حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ ﷺ فَمَرِضَ فَأَتَاهُ النَّبِيُّ ﷺ يَعُودُهُ فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَقَالَ لَهُ أَسْلِمْ فَنَظَرَ إِلَى أَبِيهِ وَهُوَ عِنْدَهُ فَقَالَ لَهُ أَطِعْ أَبَا الْقَاسِمِ ﷺ فَأَسْلَمَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ وَهُوَ يَقُولُ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ.

١٣٥٧. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ قَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي يَزِيدَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ كُنْتُ أَنَا وَأُمِّي مِنَ الْمُسْتَضْعَفِينَ أَنَا مِنَ الْوِلْدَانِ وَأُمِّي مِنَ النِّسَاءِ.

١٣٥٨. حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ يُصَلَّى عَلَى كُلِّ مَوْلُودٍ مُتَوَفًّى وَإِنْ كَانَ لِغَيَّةٍ مِنْ أَجْلِ أَنَّهُ وُلِدَ عَلَى فِطْرَةِ الْإِسْلَامِ يَدَّعِي أَبَوَاهُ الْإِسْلَامَ أَوْ أَبُوهُ خَاصَّةً وَإِنْ كَانَتْ أُمُّهُ عَلَى غَيْرِ الْإِسْلَامِ إِذَا اسْتَهَلَّ صَارِخًا صُلِّيَ عَلَيْهِ وَلَا يُصَلَّى عَلَى مَنْ لَا يَسْتَهِلُّ مِنْ أَجْلِ أَنَّهُ سِقْطٌ فَإِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُحَدِّثُ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَا مِنْ مَوْلُودٍ إِلَّا يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيمَةُ بَهِيمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّونَ فِيهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ {فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا} الْآيَةَ.

١٣٥٩. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَا مِنْ مَوْلُودٍ إِلَّا يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيمَةُ بَهِيمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّونَ فِيهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ {فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ذَلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ}

ترجمہ: باب: اس بات کا بیان کہ اگر بچہ اسلام قبول کرنے کے بعد مر جائے تو کیا اس کی نماز جنازہ پڑھی

Maktaba Tul Ishaat.com

جائے گی؟ نیز کیا بچہ پر اسلام کو پیش کیا جاسکتا ہے؟

حسن، شریح، ابراہیم اور قتادہ سے مروی ہے کہ اگر ماں باپ میں سے کوئی ایک اسلام قبول کرلے تو بچہ اسلام قبول کرنے والے کے ساتھ رہے گا، حضرت ابن عباسؓ اپنی والدہ کے ساتھ تھے اور کمزور (مستضعفین) مسلمانوں میں شمار ہوتے تھے اپنے والد کے ساتھ اپنی قوم کے مذہب پر نہیں تھے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا اسلام کی شان غالب رہنا ہے مغلوب رہنا نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ حضرت عمرؓ مع ایک جماعت نبی کریم ﷺ کے ہمراہ ابن صیاد کی طرف چلے یہاں تک کہ انہوں نے ابن صیاد کو بنی مغالہ کے مکانوں کے پاس بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا، ابن صیاد بلوغ کے قریب ہوگیا تھا، ابن صیاد کو خبر نہ ہوئی یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ نے اپنا ہاتھ اس کے سینہ پر مارا پھر آپ نے ابن صیاد سے معلوم کیا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابن صیاد نے آپ ﷺ کی طرف دیکھا اور کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امیّوں کے رسول ہیں، پھر ابن صیاد نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ حضور ﷺ نے اسے چھوڑ دیا اور فرمایا میں اللہ پر اس کے رسولوں پر ایمان لایا، اس کے بعد حضور ﷺ نے اس سے معلوم کیا کہ تو کیا دیکھتا ہے؟ ابن صیاد نے کہا کہ میرے پاس ایک سچا آتا ہے اور ایک جھوٹا، نبی کریم ﷺ نے فرمایا تیرے اوپر معاملہ مشتبہ ہوگیا، پھر نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا میں نے تیرے لئے (دل میں) ایک چیز چھپائی ہے، ابن صیاد نے کہا کہ وہ دھواں ہے، آپ نے فرمایا دور ہوجا، تو اپنی اوقات سے آگے نہیں جاسکتا، حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی گردن ماردوں! نبی کریم ﷺ نے فرمایا اگر یہ وہ ہے تو تو ہرگز اس پر قابو نہیں پاسکتا اور اگر یہ وہ نہیں ہے تو پھر اس کے قتل کرنے سے تمہیں کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

سالم نے حضرت ابن عمرؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ اور ابی ابن کعبؓ کھجور کے اس باغ میں تشریف لے گئے جس میں ابن صیاد تھا آپ رازداری سے جارہے تھے تاکہ ابن صیاد کے دیکھنے سے قبل اس سے کچھ سن لیں تو نبی کریم ﷺ نے اس کو دیکھا اس حال میں کہ وہ اپنی ایک چادر میں لپٹا ہوا ہے اس چادر سے رمزۃ گن گن یا زمرۃ بھُن بھُن کی آواز آرہی تھی، ابن صیاد کی ماں نے حضور ﷺ کو دیکھ لیا آپ کھجور کے تنوں میں چھپتے ہوئے جارہے تھے اس نے ابن صیاد سے کہا کہ اے صاف - یہ ابن صیاد کا نام ہے - یہاں محمد ہیں ابن صیاد کود کر اٹھ گیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ عورت اس کو نہ بتاتی تو وہ اپنا حال ظاہر کردیتا، شعیب نے زَمْزَمَۃٌ اور فَرْفَصَۃٌ کہا جبکہ اسحاق کلبی اور عقیل نے رَمْرَمَۃٌ اور معمر نے رَمْزَۃٌ کہا۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ ایک یہودی لڑکا نبی کریم ﷺ کی خدمت کرتا تھا وہ بیمار ہوا تو نبی کریم ﷺ اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے آپ اس کے سرہانے بیٹھے اور اس سے فرمایا کہ اسلام قبول کرلو، اس نے اپنے والد کی طرف دیکھا اس کے والد اس کے قریب ہی تھے والد نے جواب دیا کہ ابوالقاسم کی بات مان لو، اس نے اسلام قبول کرلیا (اس کے اسلام قبول کرنے کے بعد) نبی کریم ﷺ یہ فرماتے ہوئے وہاں سے باہر آئے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے اس کو جہنم سے نجات دی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عبید اللہ بن ابی زیاد نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابن عباسؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں اور میری والدہ دونوں کمزور مسلمانوں میں تھے، میں بچوں میں اور والدہ عورتوں میں۔

ابن شہاب نے کہا کہ وفات پانے والے ہر بچہ کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اگرچہ وہ ناجائز نطفہ سے ہو اس لئے کہ وہ اسلام کی فطرت پر پیدا ہوا ہے چاہے اس کے ماں باپ دونوں مسلمان ہوں، یا صرف باپ مسلمان ہو ماں مسلمان نہ ہو، اگر وہ پیدا ہوتے وقت آواز کرے گا تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی اور جو بچہ پیدا ہوتے وقت آواز نہ کرے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی اس لئے کہ وہ سقط یعنی ناتمام ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ ابوہریرہؓ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کوئی بچہ ایسا نہیں ہے جو فطرت (توحید) پر پیدا نہ ہوتا ہو پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی، نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں جس طرح چوپائے پورے پیدا ہوتے ہیں، کیا تم نے کوئی کان کٹا پیدا ہوتے دیکھا ہے؟ پھر ابوہریرہؓ آیت تلاوت کرتے تھے ﴿فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا﴾ الآيَةَ۔

حضرت ابوہریرہؓ نے روایت بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کوئی بچہ ایسا نہیں ہے جو فطرت (توحید) پر پیدا نہ ہوتا ہو، یہ تو اس کے ماں باپ ہیں جو اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں، بالکل اسی طرح جیسے چوپایہ پورے اعضاء کے ساتھ پیدا ہوتا ہے، کیا تم کسی چوپایہ کو کان کٹا پیدا ہوتے دیکھتے ہو؟ پھر ابوہریرہؓ فرماتے تھے ﴿فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ﴾ یعنی یہ اعضاء کا مکمل ہونا اللہ کی پیدا کردہ فطرت ہے جس پر اس نے سب کو پیدا کیا ہے اللہ کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، وہی مضبوط دین ہے۔

تشریح: اگر بچہ مسلمان ہو جائے تو کیا اسکی صلوۃ جنازہ پڑھی جائے؟ اور کیا بچہ پر اسلام پیش کیا جائے؟

حافظ ابن حجر وغیرہ کہتے ہیں کہ امام بخاری کا مقصد یہ بتانا ہے کہ بچہ کا اسلام لانا صحیح ہے۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ ترجمہ پھر کتاب الجنائز کے بجائے کتاب الایمان میں ہونا چاہئے تھا۔

میرا خیال یہ ہے کہ امام بخاری نے یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ اگر بچہ مسلمان ہو جائے تو اس کی نماز جنازہ کا حکم کیا ہے؟ چونکہ اس مسئلہ میں تفصیل واختلاف ہے جس کا بیان آگے آرہا ہے اس لئے مصنف نے کلمۂ ھل سے اس کی طرف اشارہ فرمادیا۔

اور یہاں وَهَلْ يُعْرَضُ عَلَى الصَّبِيِّ الْإِسْلَامُ بصیغۂ استفہام ذکر کیا ہے اور کتاب الجہاد میں کیف یعرض الاسلام علی الصبی فرمایا، حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ مصنف نے یہاں ترجمہ استفہامیہ منعقد کیا ہے اور پھر اسلام صبی کے صحت کے دلائل قائم کردیئے اسلئے جب کتاب الجہاد میں پہونچے تو وہاں کیفیت بیان فرمائی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

میرے نزدیک صحیح یہ ہے کہ امام بخاری نے اولاً اسلام صبی کی صحت کا مسئلہ ذکر کیا اور چونکہ بعض احادیث میں عرض اسلام علی الصبی بھی ذکر کیا گیا ہے اس لئے وہ مسئلہ بھی ذکر کر دیا، اور کتاب الجہاد میں ذکر کی وجہ یہ ہے کہ غنیمت میں جیسے اموال ملتے ہیں ایسے ہی انسان بھی ملتے ہیں تو وہاں چھوٹے بچہ پر عرض اسلام کا مسئلہ در پیش تھا اس لئے وہاں عرض اسلام علی الصبی کی کیفیت ذکر فرمادی اور لفظِ ھل لاکر مصنف نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اس میں تفصیل ہے۔

وہ تفصیل جیسا کہ باب کی روایات پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تین صورتیں ہیں۔

(۱) اگر بچہ اسلام کی صفت سمجھتا ہو تو اسلام پیش کیا جائے جیسے غلام یہودی پر حضور نے اسلام پیش کیا، یا ابن صیاد سے فرمایا أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللهِ۔

(۲) اور اگر بچہ اسلام کو نہیں سمجھتا ہے اور اپنے والدین میں سے کسی کے ساتھ ہے اور وہ مسلم ہیں تو بچہ والدین کے تابع قرار دے کر مسلمان سمجھا جائے گا جیسے حدیث نمبر تین میں ابن عباسؓ کو ان کی والدہ کے تابع قرار دے کر مسلمان سمجھا گیا۔

(۳) اور اگر کوئی بچہ والدین کے ساتھ نہ ہو تو ایسی صورت میں اس کے ساتھ اہل اسلام کا معاملہ کیا جائے گا **لأنہ ولد علی فطرۃ الإسلام**، حدیث ابوہریرہؓ میں ہے کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ۔

سوال یہ ہے کہ اگر بچہ اپنے کافر والدین کے ساتھ ہو تو وہاں اس کو مسلمان کیوں نہیں سمجھا جاتا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ وہاں چونکہ اپنے والدین کے تابع ہے اس لئے اس فطرت کا اعتبار وہاں نہیں ہے اس لئے کہ والدین اولاد کو اپنے مذہب پر بنالیتے ہیں فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ۔

اور اگر بچہ کو اتنا وقت نہ ملے کہ جس میں اپنے والدین کے دین پر عمل کر پائے تو بھی مسائل دنیا میں اپنے والدین کے دین پر ہی شمار کیا جائے گا، وہ اس کے وارث ہوں گے اور وہ لڑکا ان کا وارث ہوگا، البتہ بابِ آخرت کا مسئلہ مختلف فیہا ہے جو آئندہ آرہا ہے۔

مسئلۂ عرض الاسلام علی الصبی: عرض الاسلام علی الصبی مختلف فیہا ہے، (۱) ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں کہ بچہ پر اسلام پیش کیا جائے گا، (۲) امام شافعی فرماتے ہیں کہ نہیں پیش کیا جائے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اور اگر بچہ مسلمان ہو جائے اور وہ اسلام کو سمجھتا ہو تو یہ آخرت کے باب میں اس کے حق میں مفید ہے، اور دنیوی مسائل جیسے میراث وغیرہ میں اختلاف ہے، امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام ابو یوسف، امام محمد اور امام احمد کہتے ہیں کہ بچہ کا اسلام بھی صحیح اور ردّت بھی صحیح، امام شافعی اور امام احمد فی روایۃ کہتے ہیں کہ نہ اسلام صحیح اور نہ ردّت، امام احمد ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ اسلام تو صحیح ہے ردّت صحیح نہیں ہے۔

جو لوگ کہتے ہیں کہ بچہ کا اسلام صحیح ہے وہ حضرت علیؓ کے قصہ سے استدلال کرتے ہیں کہ وہ نابالغ تھے ان کے سامنے اسلام پیش کیا گیا تو حضرت علیؓ نے اسلام قبول کر لیا حضور ﷺ نے اس کا اعتبار کیا، ابن جریج نے نقل کیا ہے کہ اس پر حضرت علیؓ فخر کرتے تھے۔

امام ابو عبد اللہ حلیمی نے اس کا جواب دیا کہ ممکن ہے حضرت علیؓ کسی اور طریقہ سے سن کے علاوہ بالغ ہو گئے ہوں، احتلام ہو گیا ہو، ایک جواب یہ بھی دیا جاتا ہے کہ حضرت علیؓ کا یہ مسئلہ ابتدائی دور کا ہے اس سے استدلال صحیح نہیں ہے بعد میں احکام کا تعلق بلوغ سے ہو گیا تھا، لیکن خطاب کے متعلق ہونے سے نابالغ کے اعمال کا غیر معتبر ہو جانا لازم نہیں آتا، ہو سکتا ہے بچہ اپنے طور پر بالغ نہ ہونے کی وجہ سے مکلف نہ ہو لیکن اگر کرلے تو اس پر اس کو اجر و ثواب ملے اس میں کون سے استبعاد کی بات ہے۔

بچہ کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی؟ جمہور کہتے ہیں کہ نماز پڑھی جائے گی، شافعیہ کہتے ہیں کہ نماز نہیں پڑھی جائے گی، سعید بن جبیر کہتے ہیں لا یصلی علیه حتی یبلغ اور ایک روایت میں فرماتے ہیں لا یصلی علیه حتی یصلی هو بنفسه۔

وَلَمْ يَكُنْ مَعَ أَبِيهِ عَلَى دِينِ قَوْمِهِ: امام بخاری نے اس سے امام مالک کی تردید کی ہے جو یہ کہتے ہیں کہ لڑکا ماں کے تابع نہیں، جمہور کہتے ہیں الولد یتبع خیر الأبوین دینا، امام بخاری نے بتا دیا کہ ابن عباسؓ اپنی ماں کے تابع قرار دے کر مسلمان سمجھے گئے۔

وَقَالَ: الْإِسْلَامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلَى: یہ ابن عباسؓ کا قول ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں رواہ ابن حزم فی المحلی، میں کہتا ہوں کہ حافظ نے بہت دور کا سفر کیا ہے بلکہ رواہ الطحاوی فی معانی الآثار۔ اصل میں امام طحاوی نے اپنی کتابوں میں اور خاص طور سے معانی الآثار میں فقیہانہ انداز اختیار کیا ہے اور

Maktaba Tul Ishaat.com

مسلک کی دوسرے مسالک پر ترجیح بیان کی اس لئے عام علماء نے ان کی کتابوں کی طرف التفات نہیں کیا، حافظ ابن حجر جیسے انسان نے اس حدیث کو طحاوی میں تلاش کرنے کے بجائے محلّی میں دیکھا حالانکہ محلّی کا مصنف تو طحاوی کے تقریباً دو صدی بعد آیا ہے۔

اسی طرح سے یہ جملہ الْإِسْلَامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلَى حضور ﷺ سے بھی مروی ہے، محمد بن ہارون نے حضرت عائذ بن عمروؓ سے اس کو مرفوعاً نقل کیا ہے، اسلام بلند رہتا ہے اس پر کوئی چیز بلند نہیں ہوتی، اس کا مطلب یہ ہے کہ حجة الاسلام غالبة یا مطلب یہ ہے کہ آخرت میں اسلام اور غیر اسلام دونوں مقابل میں ہوں گے تو کلّی طور پر اسلام اور اسلام کے ماننے والے کو علو حاصل ہوگا۔

أُطُم: یہ ایک قلعہ نما عمارت ہوتی ہے جس میں یہودیوں کا عالم رہتا تھا اس میں ان کے حربی سامان ہوتے تھے، یہ ماخوذ ہے أَطَمَ عَيْنَيْهِ سے جب کوئی اپنی آنکھوں کو بند کرلے، اس کو اطم اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے منافذ (سوراخوں) سے باہر کی چیز نظر آتی ہے مگر باہر سے اندر کی چیز نظر نہیں آتی ہے۔

أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللهِ: یہ محل ترجمہ ہے۔

فَرَفَضَهُ: حضور نے اس کو چھوڑ دیا اور مستملی کی روایت ہے فرفصه بالصاد المهملة، امام مازری کی کتاب کے مکمّل قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ مجھ کو یہ لفظ جماہر اللغۃ میں نہیں ملا، امام مازری کہتے ہیں کہ شاید یہ رفسه بالسین المهمله ہے جس کے معنیٰ ہیں ضربه برجله۔

إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيئًا: خَبِيئًا مخبوئاً کے معنیٰ میں ہے میں نے تیرے لئے ایک چھپانے کی چیز چھپائی ہے یعنی تو اپنے بارے میں یہ دعویٰ کرتا ہے کہ میں چناں ہوں چنیں ہوں بتا وہ کیا ہے؟

فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُ: ابن صیاد کہنے لگا کہ وہ دخ ہے، دخ کیا ہے؟ دو قول ہیں۔

(۱) دخ دخان کے معنیٰ میں ایک لغت ہے اور حضور ﷺ نے اپنے دل میں آیت کریمہ ﴿يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ﴾ کو چھپایا تھا اور اس سے آپ علیہ السلام نے اس بات کی طرف تعریض کی تھی کہ اگر تو دجال ہے تو دجال کو عیسیٰ علیہ السلام جبل دخان پر قتل کریں گے، لیکن ابن صیاد کی حیثیت کاہنوں کی سی تھی اس سے آگے نہ بڑھ سکا ایک لفظِ دخ کا پتہ چلا آگے اس کو کچھ بھی معلوم نہ ہو پایا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(۲) مازری نے المُعلِم میں اور انہی کی اتباع میں قاضی عیاض نے اکمال ومشارق میں اور پھر حافظ ابن حجر اور سخاوی نے امام ابو سلیمان خطابی سے نقل کیا کہ یہاں پر دخان کی کوئی وجہ نہیں ہے اس لئے کہ وہ ہاتھ میں چھپانے کی چیز نہیں ہے حالانکہ حدیث میں ہے خَبأْتُ لك خَبِيئًا، بلکہ درخ باغوں میں ایک گھاس ہوتی ہے، ہاں اگر خَبأْتُ لك خَبِيئًا سے مراد أضمرت لك اسم دخان ہو تو جائز ہے۔

قول ثانی پر نقد: میں کہتا ہوں کہ یہ عبارت سب سے پہلے مازری نے نقل کی اس کے بعد قاضی عیاض، ابن حجر اور سخاوی نے نقل کر دی، لیکن مجھ کو خطابی کی موجودہ کتابیں الاعلام، معالم اور غریب میں اس کا کوئی نام ونشان نہیں ملا حالانکہ یہ حدیث بخاری میں ہے جس کی شرح انہوں نے أعلام الحديث کے نام سے لکھی، ابوداؤد میں ہے جس کی شرح معالم السنن کے نام سے لکھی اور غریب الحدیث میں مستقل حدیث کے الفاظِ غریبہ کو جمع فرمایا، اندازہ یہ ہے کہ مازری کو وہم ہو گیا، کسی اور کا کلام ہو گا جس کو مازری نے اپنے حافظہ سے نقل کر دیا اور بعد کے لوگوں نے اعتماد کی وجہ سے تفتیش کی زحمت گوارا نہیں کی۔

لیکن درخ کی تفسیر نبات سے کرنا قابل غور ہے، برہان ابناسی نے الشذا الفیاح میں خطابی سے یہ تفسیر نقل کرنے کے بعد لکھا ہے إنه غير صواب، حاکم نے کتاب المعرفہ میں درخ کی تفسیر جماع سے کی ہے اور اسکو غرائب تفسیر میں شمار کیا ہے لیکن یہ تفسیر بالاتفاق وہم ہے، ابن صلاح فرماتے ہیں إنه تخليط فاحش، حاکم نے صرف غرائب کے طور پر نقل کیا ہے یہ مطلب نہیں ہے کہ حاکم اسکو اس لفظ کی واقعی تفسیر قرار دے رہے ہیں۔

اِخسَأْ: یہ کلمہ زجرِ کلب کے لئے بولا جاتا ہے۔

رَمْزَةٌ أَوْ زَمْرَةٌ: یہاں پر چار روایات ہیں، (۱) زمزة بتقديم الراء المهملة على الزاء المعجمة، (۲) زمرة بالعكس والميم واحد، (۳) رمرمة برائين مهملتين وميمين، (۴) زمزمة بزائين معجمتين وميمين، یہ کلمات ایسی صوت کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں جو مسموع تو ہو مگر قریب الفہم نہ ہو۔

یَا صَافِ: یہ ابن صیاد کا نام ہے، مسند احمد میں وارد ہوا ہے فَآذَنَتْهُ أُمُّهُ فَقَالَتْ يَا عَبْدَ اللهِ هَذَا أَبُو الْقَاسِمِ، ممکن ہے کہ ایک نام ہو اور دوسرا لقب۔

فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ: ابن صیاد کھڑا ہو گیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لَو تَرَكَتهُ بَيَّنَ: یعنی ابن صیاد اپنے اقوال وافعال سے اپنے احوال کو ظاہر کر دیتا کہ وہ کیا ہے۔

كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخدُمُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وآله وسلم: ابن بشکوال نے صاحبِ عتبیہ سے نقل کیا ہے انہوں نے زیاد شبطون سے نقل کیا ہے کہ اس غلام کا نام عبد القدوس تھا۔

فَنَظَرَ إِلَى أَبِيهِ: لڑکے نے باپ کی طرف استشارہ کی نظر کی تو اس نے کہا أَطِعْ أَبَا القَاسِمِ صلى الله عليه وآله وسلم۔

فَأَسلَمَ: مسند احمد میں ہے فَقَالَ الغُلَامُ: أَشهَدُ أَن لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ۔

أَنقَذَهُ مِنَ النَّارِ: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ غلام نو عمر تھا لیکن بالغ تھا، غیر بالغ مکلف نہیں تو پھر اس پر عذاب کیسا؟ یا پھر یہ کہا جائے کہ صبی ممیز و غیر ممیز میں فرق ہوگا، غیر ممیز جو کسی چیز میں امتیاز نہ کر سکتا ہو وہ بالکل مکلف نہیں، اور جو ممیز ہے وہ مکلف ہے اور اپنی تمیز کے اعتبار سے اس سے مؤاخذہ ہوگا۔

يُصَلَّى عَلَى كُلِّ مَولُودٍ مُتَوَفًّى وَإِن كَانَ لِغَيَّةٍ: ہر بچہ کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی جو وفات پا جائے اگرچہ وہ ولد الزنا ہی کیوں نہ ہو اس لئے کہ یہ بچہ اسلام کی فطرت پر پیدا ہوا ہے۔

مسئلہ: ولد الزنا کی نماز سب کے یہاں پڑھی جائے گی صرف قتادہ انکار کرتے ہیں۔

إِذَا استَهَلَّ صَارِخًا: جب بچہ روئے یعنی اس میں حیات کے آثار ہو، یہی امام ابو حنیفہ، امام شافعی کا اصح مذہب و قول ہے، امام احمد اور داؤد ظاہری کہتے ہیں کہ اگر بچہ چار ماہ کا ہو تو اس کی نماز پڑھی جائے گی۔

وَلَا يُصَلَّى عَلَى مَن لَا يَستَهِلُّ مِن أَجلِ أَنَّهُ سِقطٌ: اور جس میں حیات کے آثار نہ ہوں اس کی نماز نہیں پڑھی جائے گی اس لئے کہ وہ سقط اور ناتمام بچہ ہے۔

مَا مِن مَولُودٍ إِلَّا يُولَدُ عَلَى الفِطرَةِ: جتنے بچے پیدا ہوتے ہیں سب فطرت پر پیدا ہوتے ہیں۔

فطرت سے کیا مراد ہے؟ اس کی تفسیر میں اختلاف ہے، متعدد اقوال ہیں۔

(١) امام شافعی فرماتے ہیں کہ فطرت سے مراد خلقت ہے یعنی ہر بچہ ایک ہی انداز پر پیدا ہوتا ہے، وہ اسلام و کفر کو نہیں جانتا، اسکو آباء کے تابع مان کر مسلمان یا کافر قرار دیا جاتا ہے، آباءِ مؤمنین میں پیدا ہوا تو مؤمن ہے آباءِ کفار میں پیدا ہوا تو کافر ہے، بذاتِ خود بچہ کی ذات پر نظر کر کے کفر و اسلام کا حکم نہیں لگایا جا سکتا۔

اس پر یہ اشکال ہے کہ اگر حدیث کا یہی مطلب ہے تو آگے فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَو يُنَصِّرَانِهِ أَو يُمَجِّسَانِهِ کیوں

Maktaba Tul Ishaat.com

کہا گیا اور مسلمان ہونے کا تذکرہ کیوں نہ کیا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مسلمان ہونا ایک محبوب و مطلوب صفت ہے جو محمود ہے اور اس کے علاوہ مللِ کفر میں سے کسی ملت کو اختیار کر لینا مذموم صفت ہے اس کو ذکر کر کے اس بات پر تنبیہ کی گئی ہے کہ یہ ملل صحیح نہیں ہیں لیکن والدین کی وجہ سے بچہ ان ملل میں شمار ہو جاتا ہے۔

دوسرا اشکال یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے پڑھا ﴿فِطْرَتَ اللهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللهِ ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ﴾ اگر فطرت سے مراد خلقت ہو تو حضرت ابو ہریرہؓ کا اس آیت کو پڑھنے کا کوئی مطلب نہیں ہے، اور اگر کوئی یہ کہنے لگے کہ اس آیت میں لفظِ فطرت کی تفسیر میں خود اختلاف ہے لہذا ابو ہریرہؓ کا آیت پڑھنا امام شافعی کی ذکر کردہ تفسیر کے معارض نہیں ہے۔

تو پھر اشکال یہ ہے کہ پوری آیت پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فطرت سے مراد دین ہے ﴿فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا فِطْرَتَ اللهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللهِ﴾، لہذا فطرت سے خلقت کیسے مراد ہو گا؟

مگر بعض علماء نے دین حنیف سے مراد دین اسلام نہیں لیا بلکہ ایک طرز خاص مراد لیا ہے جس پر بچہ کی تخلیق ہوتی ہے، حنیف کے معنی مستقیم کے آتے ہیں دین حنیف کے معنی یہ ہیں کہ مستقیم طریق پر ہو جاؤ۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ أَقِمْ امر کا صیغہ ہے اللہ کی طرف سے مطالبہ کیا جا رہا ہے تو یہاں صرف استقامت کے معنی جس میں دین کا مضمون نہ ہو کیسے مراد ہو سکتا ہے؟ الا یہ کہ کہا جائے کہ ابو ہریرہؓ نے آیت بے جگہ پڑھ دی اپنی طرف سے یہ سمجھ بیٹھے کہ آیت میں جو فطرت مراد ہے وہی حدیث میں مراد ہے۔

(۲) بہت سے علماء کی رائے یہ ہے کہ یہاں فطرت سے مراد استعداد اختیار المعرفہ ہے یعنی اللہ نے بچہ کی فطرت ایسی بنائی کہ وہ معرفت کیلئے مستعد ہے، اگر کوئی مانع نہ پیش آئے تو وہ دین اسلام کے علاوہ کوئی دین اختیار ہی نہ کرے، یہی مطلب امام خطابی نے اپنی بعض تالیفات میں احتمالاً اور بعض تالیفات میں بلا تردد کے ذکر کیا ہے اور یہی علامۃ التفسیر علامہ زمخشری وغیرہ نے تفسیر کی ہے اور اسی کو علامہ تورپشتی نے اختیار کیا ہے، اول اس وجہ سے کہ قرآن کریم میں ہے لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللهِ خلق اللہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی ہے، یہ وہی استعداد ہے جس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوتا ہے، آدمی کوئی سا دین اختیار کرے لیکن استعدادجوں کی توں رہتی ہے۔

اور اگر ہم استعداد مراد نہیں لیتے بلکہ اسلام مراد لیتے ہیں جیسا کہ آگے آرہا ہے تو تبدیل خلق اللہ تسلیم کرنا

Maktaba Tul Ishaat.com

پڑتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ کے معنی صرف یہ ہیں کہ اللہ نے ہر بچہ کی فطرت یکساں بنائی ہے سب کو اسلام پر پیدا کیا ہے لیکن بعض لوگ اس فطرت کے خلاف کر بیٹھتے ہیں تو فطرت تبدیل نہیں ہوتی بلکہ فطرت کے تقاضہ کے خلاف عمل ہوتا ہے۔

(۳) ایک بہت بڑی جماعت کہتی ہے کہ یہاں فطرت سے مراد عہد الست ہے، حماد بن سلمہ، ابو بکر اثرم وغیرہ نے اسی کو اختیار کیا ہے اور مطلب یہ ہے کہ اللہ نے عالم ازل میں عالم ذر میں جب عہد أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ لیا تو سب نے اللہ کی ربوبیت کا اقرار کیا اور سب نے کہا بلیٰ، یہ وہ عہد ہے جس پر سارے بچے پیدا ہوتے ہیں ہر ایک کی فطرت میں، اقرارِ ربوبیت موجود ہوتا ہے، یہ اور بات ہے کہ دنیا میں آکر کوئی توحید کا اقرار کرتا ہے کوئی بلا توحید کے رہتا ہے مگر جس کو دیکھو وہ اللہ کو مانتا ہے حتیٰ کہ کہتے ہیں کہ مرغی بھی اللہ کو مانتی ہے۔

کسی شاعر نے کہا ہے

قطرۂ آبے نخورد ماکیاں　　　تانہ کند روسوءِ آسماں

(مرغی پانی کا ایک قطرہ نہیں پیتی ہے جب تک کہ اپنا چہرہ آسمان کی طرف نہیں کرتی)

(۴) فطرت سے مراد اسلام ہے، یہ تفسیر امام بخاری نے کتاب الجنائز میں ابن شہاب سے نقل کی ہے اور یہی تفسیر خود امام بخاری نے کتاب التفسیر میں اختیار کی ہے یہی حکیم ترمذی کی رائے ہے اور محمد بن حسن شیبانی نے بھی یہی تفسیر کی ہے اور اکثر علماء اس کے قائل ہیں۔

پھر امام محمد نے یہ دعویٰ کر دیا کہ حدیث ابتداء کی ہے اور منسوخ ہے، جب تک جہاد کا حکم نہیں آیا تھا اس وقت کی بات ہے، بعد میں جب احکامات تبدیل ہوئے تو حضور نے فرمادیا لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ اگر بچہ فطرت اسلام پر ہوتا تو یہودی اور نصرانی باپ اپنی اولاد کا وارث کیوں ہوتا؟ اور وہ اولاد اپنے یہودی یا نصرانی باپ کی وارث کیوں ہوتی؟ حالانکہ اسلام کے قاعدہ میں میراث چلتی ہے اور یہ صحیح ہے۔

امام طحاوی نے اس پر اشکال کیا کہ حضور نے یہ حدیث توعین موقع جہاد پر فرمائی تھی، اسود بن سریع کی حدیث میں اس کی تصریح موجود ہے، اصل میں امام محمد نے یہ سمجھ لیا کہ اس حدیث میں حکم شرعی بیان کیا گیا ہے حالانکہ یہاں حکم نفس الامری بیان کیا گیا ہے، حکم شرعی کا مطلب یہ ہے کہ شریعت نے اس کو مسلمان سمجھا

Maktaba Tul Ishaat.com

اور حکم نفس الامری کا مطلب یہ ہے کہ شریعت نے ایک امر واقعی کا اظہار کیا کہ اس بچہ کے باطن میں اسلام ہے لیکن وہ اسلام اپنا اثر کہاں دکھلائے گا جب معارض موجود نہ ہو، ابھی ہم وضاحت کر چکے کہ اگر صبی غیر ممیز ہو اور اس کے والدین کافرین ہوں تو ان کے تابع شمار ہوگا اور اگر دونوں کافر نہ ہوں ایک مسلم ہو تو مسلمان کے تابع ہو کر مسلمان شمار کیا جائے گا یا دارالاسلام کے تابع ہو کر مسلمان شمار کیا جائے گا۔

معتزلہ نے یہی تفسیر اختیار کی اور کہتے ہیں کہ فطرت سے اسلام مراد ہے اور اس سے انہوں نے یہ استدلال کیا کہ نیکی اور بھلائی میں تقدیر کو کوئی دخل نہیں ہے بلکہ خود مکلفین کو دخل ہے اسی لئے حضور ﷺ نے فرمایا فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ یعنی اگر ماں باپ مسلمان ہوں تو وہ مسلمان بنا دیتے ہیں اور اگر غیر مسلم ہوں تو وہ غیر مسلم بنا دیتے ہیں۔

ابن قتیبہ فرماتے ہیں کہ اس کی صحیح تفسیر عہد الست ہے اس لئے معتزلہ کا استدلال ہی صحیح نہیں، لیکن حافظ ابن قیم نے اسلام ہی کی تفسیر کو لیا ہے اور جواب یہ دیا ہے کہ جو کچھ ہوتا ہے وہ اللہ کی تقدیر سے ہوتا ہے، ماں باپ کی تحویل تمثیل و تجزیہ سب تقدیر الٰہی کے تابع ہے جیسے اسلام تقدیر الٰہی کے تابع ہے۔

حضرت عبد اللہ بن مبارک اور امام احمد فرماتے ہیں کہ اس حدیث شریف کا مطلب وہ ہے جو دوسری حدیث شریف میں آیا ہے اللهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ یعنی ہر بچہ اپنی فطرت پر پیدا ہوتا ہے خواہ سعادت لکھی ہو تو سعادت پر اور خواہ شقاوت لکھی ہو تو شقاوت پر پیدا ہوتا ہے۔

اس پر یہ اشکال نہیں ہوگا کہ پھر فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ کا کیا مطلب ہے؟ اس لئے کہ جو اس کی فطرت ہے وہ اس وقت ماں باپ کے افعال کے اعتبار سے مستور ہو جاتی ہے لیکن آئندہ اس فطرت کا ظہور ہوتا ہے اور انسان میں جو کچھ سعادت و شقاوت لکھی ہے اسی پر اس کی وفات ہوتی ہے۔

اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس حدیث کا تعلق غیر ممیز، غیر مکلف بچہ سے ہے وہ بچہ اپنی فطرت پر پیدا ہوا یعنی سعادت و شقاوت جو کچھ اس میں مقدر ہے اسی پر پیدا ہوا ہے، دنیا کے اعتبار سے تو وہ ماں باپ کے تابع ہوگا لیکن مر جانے کے بعد اگر وہ بچپن میں مر گیا تو جو کچھ اس کے اندر فطرت ودیعت کی ہوئی ہے وہ ظاہر ہوگی جس کا بیان آگے آ رہا ہے کہ وہ آخرت میں ایمان لائے گا یا نہیں لائے گا۔

یہ اقوال حضراتِ ائمہ کی تفسیریں ہیں، ابن حجر نے اس کے علاوہ بہت سے اقوال نقل کئے ہیں لیکن یہاں پر

Maktaba Tul Ishaat.com

ابن حجر کا اتباع نہیں کیا گیا بلکہ ان ائمہ کے اقوال کو اصل ماخذ سے نقل کیا گیا ہے اور ہر قول اپنی جگہ ایک حقیقت رکھتا ہے، ان میں دو قول زیادہ مشہور ہیں۔

(۱) فطرت سے مراد اسلام ہے یعنی تفسیر نمبر چار، عام علماء نے فطرت اسلام کو اختیار کیا ہے، اور اس کی پہلی دلیل یہ ہے کہ یہ حدیث مطابق ہے آیت کریمہ ﴿فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ﴾ کے، اسی لئے حضرت ابو ہریرہؓ نے اس حدیث کو پڑھنے کے بعد آیت پڑھی تھی، آیت میں جس لفظ کو اولاً فطرت سے تعبیر کیا گیا ہے اسی کو آگے چل کر دین قیم سے تعبیر کیا گیا ہے اور اسی کو فطرت سے پہلے دین حنیف سے تعبیر کیا گیا ہے، دوسری دلیل یہ ہے کہ اسی حدیث میں مسلم شریف میں وارد ہوا ہے کُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْمِلَّةِ ہر مولود ملت اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔

(۲) یہاں فطرت سے مراد استعداد وصلاحیت ہے یعنی تفسیر نمبر دو، علامہ تورپشتی نے فطرت کی تفسیر استعداد سے کی اور اسی کو راجح قرار دیا ہے، اس کی دو دلیلیں ہیں۔

۱۔ پہلی دلیل یہ ہے کہ آیت میں ہے لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ اگر ہم فطرت سے اسلام مراد لیتے ہیں تو اس کی تبدیل تسلیم کرنا پڑے گی، حدیث میں ہے فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ حالانکہ قرآن کہتا ہے لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ أي لا تبديل لدين الله، اور اگر ہم فطرت سے استعداد مراد لیتے ہیں تو کوئی اشکال نہیں پڑتا ہے اس لئے کہ ماں باپ کے اولاد کا دین بدل دینے سے اولاد کی استعداد کا بدلنا لازم نہیں آتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ فطرت میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوتا کیوں کہ فطرت سب کی ایک ہی ہے، یا مطلب یہ ہے کہ یہ صیغۂ امر ہے اور مراد نہی ہے أي لا تبدّلوا خلق الله۔

۲۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ حدیث میں ہے اَلْغُلَامُ الَّذِي قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا خضر نے جس غلام کو قتل کیا تھا وہ اول تخلیق میں کافر پیدا ہوا تھا، اگر فطرت سے ہم اسلام مراد لیتے ہیں تو یہ حدیث حدیثِ فطرت کے معارض بن جائے گی، اور اگر فطرت سے ہم استعداد مراد لیتے ہیں تو کوئی معارضہ نہ ہوگا۔

اس کا پہلا جواب یہ ہے کہ غلامِ خضر اس قانون سے بنص الحدیث مستثنیٰ ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ غلامِ خضر گو پیدا ہوا فطرت اسلام پر لیکن اس بچہ میں

Maktaba Tul Ishaat.com

ایسے اخلاق موجود تھے کہ اگر وہ زندہ رہ جاتا تو اس فطرت کو چھوڑ کر کفر کو اختیار کر لیتا، اس کے اندر کفر کو اختیار کرنے کی صلاحیت موجود تھی۔

كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيمَةُ بَهِيمَةً جَمْعَاءَ: جیسے جانور تام الخلق بچہ جنتا ہے، هَلْ تُحِسُّونَ فِيهَا مِنْ جَدْعَاءَ کیا اس میں کوئی کنکٹا نظر آتا ہے؟ یعنی جانور کے سارے بچے سلیم الاعضاء پیدا ہوتے ہیں ایسے ہی ہر بچہ سالم پیدا ہوتا ہے اس کی ذات میں عیب نہیں ہوتا، عیب تو بعد میں آتا ہے۔

(ص ١٨١) بَابُ إِذَا قَالَ الْمُشْرِكُ عِنْدَ الْمَوْتِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ

١٣٦٠. حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ جَاءَهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لِأَبِي طَالِبٍ يَا عَمِّ قُلْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ كَلِمَةً أَشْهَدُ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللَّهِ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ يَا أَبَا طَالِبٍ أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ وَيَعُودَانِ بِتِلْكَ الْمَقَالَةِ حَتَّى قَالَ أَبُو طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ هُوَ عَلَى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَبَى أَنْ يَقُولَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ أَمَا وَاللَّهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى فِيهِ {مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ} الْآيَةَ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ اگر مشرک موت کے وقت لا الہ الا اللہ کہے تو کیا حکم ہے؟
حضرت سعید بن المسیب کے والد نے بیان کیا کہ جب ابوطالب کی وفات کے وقت رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے تو آپ نے ابوطالب کے پاس ابوجہل اور عبد اللہ بن ابی امیہ بن مغیرہ کو پایا، اللہ کے رسول ﷺ نے ابوطالب سے فرمایا کہ اے عم محترم! کلمہ لا الہ الا اللہ کہہ لیجئے، میں اللہ کے حضور میں آپ کے لئے اس کلمہ کی گواہی دوں گا، اس پر ابوجہل اور عبد اللہ بن ابی امیہ نے کہا کہ اے ابوطالب! کیا تم عبد المطلب کے دین سے اعراض کرتے ہو؟ پھر یہ ہوا کہ رسول اللہ ﷺ تو ابوطالب کے سامنے کلمہ پیش کرتے رہے اور وہ دونوں وہی بات دہراتے رہے یہاں تک کہ ابوطالب نے ان سے آخری بات جو کہی وہ یہ ہے کہ 'عبد المطلب کے دین پر' اور لا الہ الا اللہ نہیں کہا، اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کی قسم البتہ میں ضرور آپ کے لئے اس وقت تک استغفار کروں گا جب تک کہ مجھے اس سے منع نہ کر دیا جائے تو اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ میں یہ آیت نازل فرمائی یہ بات پیغمبر اور ایمان والوں کے شایان شان نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لئے استغفار کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: اگر کوئی مشرک مرتے وقت لا الٰہ الا اللہ کہہ دے تو اس کا اعتبار ہوگا یا نہیں ہوگا؟

امام بخاری نے اس مسئلہ میں بظاہر کوئی بات نہیں فرمائی ہے البتہ ابو طالب کا قصہ پیش کر دیا ہے کہ جب ان کی وفات کا وقت قریب ہوا تو آپ ﷺ تشریف لائے اور ان کو یہ فرمایا کہ چچا جان لا الٰہ الا اللہ کہہ دو أشهد لك بها عِندَ الله اللہ کے پاس میں آپ کی شہادت دوں گا، اب آیا یہ حکم عام ہے یا ابو طالب کے ساتھ خاص ہے؟ اس طور پر یہ محل نظر ہے اس لئے امام بخاری نے شرط تو ذکر فرمادی اور جواب شرط حذف فرمادیا، ظاہر یہ ہے کہ یہ مقام مقام تفصیل و نظر ہے اسی کو حافظ ابن حجر نے اختیار فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ حَتَّى إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ﴾، اسی طرح جناب رسول اکرم ﷺ سے ترمذی شریف میں روایت وارد ہوئی ہے إنَّ اللهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ العَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ دو چیزیں ہیں، ایک باس اور ایک یاس، باس کہتے ہیں عذاب کو اور یاس ناامیدی کو، ایمانِ یاس تو معتبر ہے لیکن ایمانِ باس معتبر نہیں یعنی عذاب خداوندی کا خدانخواستہ اگر کسی کو مشاہدہ کرادیا جائے تو چونکہ ایمان بالغیب فوت ہو گیا لہٰذا اس ایمان کا کوئی اعتبار نہیں کیا جائے گا، اور رہا یہ کہ توبۂ یاس مقبول ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ متکلمین کے یہاں مختلف فیہا ہے، بعض معتبر مانتے ہیں اور بعض معتبر نہیں مانتے ہیں۔

وَأَبَى أَنْ يَقُولَ لَا إِلٰهَ إِلَّا الله: اس سے معلوم ہوا کہ ابو طالب کی وفات کفر پر ہوئی ہے، اہل سنت والجماعت کا یہی مسلک ہے، روافض ان کے ایمان کے قائل ہیں اور اس سلسلہ میں اہل تشیع نے ایک مستقل رسالہ بھی لکھا ہے، لیکن حافظ ابن حجر نے الاصابہ میں ابو طالب کے ترجمہ میں ان کے تمام دلائل کو ذکر کر کے سب کی تردید فرمائی ہے، انہی دلائل میں سے ایک وہ روایت ہے جس کو ابن اسحاق نے اپنی سیرت میں نقل کیا ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب ابو طالب کی وفات قریب ہوئی تو حضرت عباسؓ نے ان کی طرف نظر کی وہ اپنے ہونٹ ہلا رہے تھے، حضرت عباسؓ نے حضور ﷺ سے فرمایا کہ بھتیجے! یہ تو وہی کلمہ کہہ رہے ہیں جس کا تم نے ان سے مطالبہ کیا تھا، رسول پاک ﷺ نے فرمایا لم أسمع میں نے نہیں سنا۔

مولانا شبلی نعمانی صاحب سیرتِ نبویہ فرماتے ہیں کہ ابن اسحاق کی روایت بخاری کی روایت کے معارض ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

اس واسطے کہ ابن اسحاق کی روایت میں ایک مبہم راوی ہے اور بخاری کی روایت میں یہ کمی ہے کہ اس کے ناقل مسیب بن حزن ہیں جو مسلمۃ الفتح میں سے ہے وہ واقعہ کے وقت موجود نہیں تھے لہذا دونوں روایت برابر ہوگئی۔

مولانا شبلی نعمانی کو اس طرح کی بہت سی اغلاط واقع ہوگئی ہیں جس کا منشاء غالباً عدم اشتغال بالفن ہے یا عجلت، کیونکہ ان کی عمر زیادہ نہیں ہوئی اور سیرت کی تصنیف کے زمانہ میں مولانا مرحوم بہت سے افکار و ہجوم آلام میں مبتلا تھے۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ علامہ شبلی کی یہ تقریر تحقیق کے خلاف ہے، اول اس وجہ سے کہ خود شبلی نعمانی نے یہ تصریح کی ہے کہ ابن اسحاق اس روایت کے نقل کرنے میں منفرد ہے اور ان کے تفردات کا اعتبار نہیں ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ابن اسحاق کی روایت بخاری کا ہم پلہ ہو ہی نہیں سکتی، ابن اسحاق کی روایت میں ارسال ہے اس واسطے کہ اس کے ناقل ابن عباسؓ ہیں جو وفات نبوی کے وقت تیرہ سال کے تھے، ابوطالب کی وفات کے بظاہر بعد ان کی ولادت ہوئی ہے جو مشاہد واقعہ نہیں ہے، تیسری وجہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیا کہ میں نے نہیں سنا، معلوم ہوا کہ آپ نے اس کا اعتبار نہیں کیا۔

اور بخاری کی روایت پر سب سے بڑا اشکال شبلی نعمانی کا یہ ہے کہ اس کے ناقل مسیب بن حزن ہیں جو مسلمۃ الفتح میں سے ہیں، لیکن یہ قول ہے مصعب زبیری کا، دوسرے حضرات اس کے خلاف کہتے ہیں کہ متقدم الاسلام ہیں اور یہی راجح ہے، اس لئے کہ صحیحین میں سعید بن مسیب سے ایک روایت میں وارد ہے کہ میرے باپ نے مجھ سے بیان کیا و کان ممن بایع النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تحت الشجرۃ انہوں نے شجرہ کے نیچے بیعت رضوان کی اور یہ بیعت رضوان حدیبیہ کے سال ہوئی ہے۔

(ص ۱۸۱) بَابُ الْجَرِيدِ عَلَى الْقَبْرِ

وَأَوْصَى بُرَيْدَةُ الأَسْلَمِيُّ أَنْ يُجْعَلَ فِي قَبْرِهِ جَرِيدَانِ، وَرَأَى ابْنُ عُمَرَ فُسْطَاطًا عَلَى قَبْرِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ انْزِعْهُ يَا غُلَامُ فَإِنَّمَا يُظِلُّهُ عَمَلُهُ، وَقَالَ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ رَأَيْتُنِي وَنَحْنُ شُبَّانٌ فِي زَمَنِ عُثْمَانَ وَإِنَّ أَشَدَّنَا وَثْبَةً الَّذِي يَثِبُ قَبْرَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ حَتَّى يُجَاوِزَهُ، وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ أَخَذَ بِيَدِي خَارِجَةُ فَأَجْلَسَنِي عَلَى قَبْرٍ وَأَخْبَرَنِي عَنْ عَمِّهِ يَزِيدَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ إِنَّمَا كُرِهَ ذٰلِكَ لِمَنْ أَحْدَثَ عَلَيْهِ، وَقَالَ نَافِعٌ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجْلِسُ

Maktaba Tul Ishaat.com

عَلَى الْقُبُورِ.

۱۳۶۱. حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ مَرَّ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ فَقَالَ إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِي كَبِيرٍ أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ الْبَوْلِ وَأَمَّا الْآخَرُ فَكَانَ يَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ ثُمَّ أَخَذَ جَرِيدَةً رَطْبَةً فَشَقَّهَا بِنِصْفَيْنِ ثُمَّ غَرَزَ فِي كُلِّ قَبْرٍ وَاحِدَةً فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ لِمَ صَنَعْتَ هَذَا؟ فَقَالَ لَعَلَّهُ أَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا.

ترجمہ: باب، قبر کے اوپر شاخ رکھنے کا بیان، حضرت بریدہ اسلمیؓ نے یہ وصیت کی کہ ان کی قبر پر دو شاخیں رکھی جائیں، حضرت ابن عمرؓ نے حضرت عبدالرحمنؓ کی قبر پر ایک خیمہ دیکھا تو فرمایا اے لڑکے! اسے اکھاڑ دے، اس پر سایہ اس کا عمل کرے گا، حضرت خارجہ بن زید نے فرمایا مجھے یاد ہے کہ حضرت عثمانؓ کے زمانے میں جبکہ ہم جوان تھے ہم میں کودنے میں زیادہ طاقتور وہ مانا جاتا تھا جو عثمان بن مظعون کی قبر کو کود کر پار کر جائے، حضرت عثمان بن حکیم نے بیان کیا کہ حضرت خارجہ بن زید نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ایک قبر کے اوپر بٹھایا پھر مجھے اپنے چچا یزید بن ثابتؓ کے واسطے سے یہ بات بتائی کہ قبر پر بیٹھنا اس شخص کے لئے مکروہ ہے جو اس پر حدث (استنجاء) کرے، نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ قبروں پر بیٹھتے تھے۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ ایسی دو قبروں سے گزرے جن کو عذاب دیا جارہا تھا تو آپ نے فرمایا بے شک ان دونوں کو عذاب دیا جارہا ہے لیکن ان کو یہ عذاب کسی بڑی وجہ سے نہیں دیا جارہا ہے، ان میں سے ایک تو پیشاب سے پرہیز نہیں کرتا تھا اور دوسرا چغلی کرتا تھا، پھر آپ نے ایک تر شاخ لی اور اسے دو حصوں میں چیرا پھر ہر قبر پر ایک شاخ لگادی صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ نے ایسا کیوں فرمایا؟ آپ نے جواب دیا امید ہے کہ ان کے سوکھنے تک عذاب میں تخفیف کی جائے۔

تشریح: یہ باب قبر پر جرید رکھنے کے بیان میں ہے، جرید کہتے ہیں کھجور کی تر شاخ کو، قبر پر تر شاخ کا گاڑنا کیسا ہے؟ امام بخاری نے بظاہر اپنی طرف سے کوئی فیصلہ کن بات نہیں کہی، یا یہ کہ کہی جس کی تقریر آئندہ آرہی ہے۔

(۱) علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ابہام سے کام لیا ہے اس لئے کہ بریدہؓ کا اثر بظاہر مشروعیت پر دلالت کرتا ہے لیکن حضرت ابن عمرؓ کا اثر انْزِعْهُ يَا غُلَامُ فَإِنَّمَا يُظِلُّهُ عَمَلُهُ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس میں کوئی تاثیر نہیں ہے۔

(۲) علامہ ناصر الدین بن منیر ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری کا ظاہر تصرف اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

وضع جرید علی القبر میت کے لئے نفع بخش نہیں ہے جیسے ظلِ فسطاط نفع بخش نہیں، حضرت ابن عمرؓ نے فرمادیا انزِعْهُ یَا غُلَامُ فَإِنَّمَا یُظِلُّهُ عَمَلُهُ، اسی طرح جیسے میت کی قبر پر بیٹھنا اور اس پر کودنا مضر نہیں ایسے ہی یہ جرید نفع بخش نہیں ہے۔

(۳) علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ امام بخاری کا ظاہر تصرف اسی بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ ان دو مقبورین کے ساتھ خاص ہے اسی لئے انہوں نے ابن عمرؓ کا قول فَإِنَّمَا یُظِلُّهُ عَمَلُهُ ذکر فرمایا ہے۔

(۴) حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری کے تصرف سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ان کے نزدیک وضع جرید علی القبر راجح ہے، رہا ابن عمرؓ کے اثر کا جواب تو وہ یہ ہے کہ وضع جرید کے باب میں روایت وارد ہوئی ہے اور ضرب الفسطاط کے باب میں کوئی روایت وارد نہیں ہے تو گویا بخاری یہ بتلاتے ہیں کہ وضع جرید نفع بخش ہے اور حدیث میں وارد ہے لیکن خیمہ نصب کرنا نفع بخش نہیں اس واسطے کہ حدیث میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں ہے۔

وَرَأَى ابْنُ عُمَرَ فُسْطَاطًا عَلَى قَبْرِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: عبد الرحمن سے مراد عبد الرحمن بن ابی بکر الصدیقؓ ہیں، جب اس غلام سے عبد اللہ بن عمرؓ نے یہ فرمایا کہ اس کو اکھاڑ دے تو کہنے لگا إن سیدتی تضربنی میری سیدہ مجھے مارے گی، فرمایا انزِعْهُ یَا غُلَامُ فَإِنَّمَا یُظِلُّهُ عَمَلُهُ۔

وَقَالَ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ: بعض شراح کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ جو مصنف نے چار آثار ذکر فرمائے ہیں، ابن عمرؓ کا اثر فَإِنَّمَا یُظِلُّهُ عَمَلُهُ، اور خارجہ بن زید کا اثر وَإِنَّ أَشَدَّنَا وَثْبَةً، اسی طرح عثمان بن حکیم کا اثر فَأَجْلَسَنِي عَلَى قَبْرٍ، اور نافع نے نقل کیا ہے كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجْلِسُ عَلَى الْقُبُورِ، ان کا ترجمۃ الباب سے کوئی تعلق نہیں ہے اور جلوس کے متعلق جو آثار ہیں ان کے متعلق بعض شراح فرماتے ہیں کہ بظاہر یہ اگلے باب کے تھے ان کو کسی کاتب نے غلطی سے یہاں نقل کر دیا۔

لیکن میں نے جو علامہ ناصر الدین بن منیر سے تقریر نقل کی ہے اس تقریر کے پیش نظر ان کی مناسبت بالکل کھلی ہوئی ہے، خلاصہ یہ ہے کہ امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ وضع جرید علی القبور نافع نہیں جیسے اس پر خیمہ نصب کرنا نافع نہیں، اسی طرح اس پر کودنا اور بیٹھنا مضر نہیں، مطلب یہ ہے کہ انسان کے لئے نفع بخش اس کا عمل ہے، کسی آدمی کا صاحب قبر کے ساتھ توہین کرنا اور نہ اس کی تعظیم کرنا اور اس پر خیمہ نصب کر دینا اس کے لئے مفید ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

إِنَّمَا كُرِهَ ذَلِكَ لِمَنْ أَحْدَثَ عَلَيْهِ: اس سے معلوم ہوا کہ جلوس علی القبور اس کے لئے مکروہ ہے جو اس پر پیشاب وپاخانہ کرے اور ویسے بیٹھنے میں کوئی کراہت نہیں، یہ مسئلہ ہے مختلف فیہا، امام شافعی واحمد فرماتے ہیں کہ مطلقاً بیٹھنا مکروہ ہے اور یہی داؤد ظاہری اور ابو محمد بن حزم ظاہری کی رائے ہے اور امام ابو حنیفہ کا مشہور قول ہے، لیکن امام مالک فرماتے ہیں کہ مطلقاً بیٹھنا مکروہ نہیں ہاں جلوس للحدث مکروہ ہے، امام طحاوی نے یہی امام ابو حنیفہ سے نقل کیا ہے اور علامہ عینی نے اس کو راجح قرار دیا ہے، علامہ شامی فرماتے ہیں کہ ویسے بیٹھنا مکروہ تنزیہی اور جلوس للغائط والبول مکروہ تحریمی ہے۔

حضور اکرم ﷺ سے ابو مرثد غنویؓ نقل کرتے ہیں لَا تَجْلِسُوا عَلَى الْقُبُورِ وَلَا تُصَلُّوا إِلَيْهَا، رواہ مسلم اور ابو ہریرہؓ کی حدیث میں ہے لَأَنْ يَجْلِسَ أَحَدُكُمْ عَلَى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهُ فَتَخْلُصَ إِلَى جِلْدِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَجْلِسَ عَلَى قَبْرٍ، رواہ مسلم، امام ابن حزم کہتے ہیں کہ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس سے مراد مطلقاً بیٹھنا ہے جلوس للتغوط نہیں اس لئے کہ قضائے حاجت کے لئے کپڑے باندھ کر کوئی آدمی نہیں بیٹھا کرتا ہے یعنی کپڑے کے ساتھ کوئی نہیں بیٹھتا ہے کپڑے اٹھا کر بیٹھا کرتا ہے۔

(ص ۱۸۲) بَابُ مَوْعِظَةِ الْمُحَدِّثِ عِنْدَ الْقَبْرِ وَقُعُودِ أَصْحَابِهِ حَوْلَهُ

{يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ} الْأَجْدَاثُ الْقُبُورُ، {بُعْثِرَتْ} أُثِيرَتْ، بَعْثَرْتُ حَوْضِي أَيْ جَعَلْتُ أَسْفَلَهُ أَعْلَاهُ، الْإِيفَاضُ الْإِسْرَاعُ وَقَرَأَ الْأَعْمَشُ (إِلَى نَصْبٍ) يُوفِضُونَ إِلَى شَيْءٍ مَنْصُوبٍ يَسْتَبِقُونَ إِلَيْهِ وَالنُّصْبُ وَاحِدٌ وَالنَّصْبُ مَصْدَرٌ {يَوْمُ الْخُرُوجِ} مِنَ الْقُبُورِ {يَنْسِلُونَ} يَخْرُجُونَ.

۱۳٦۲. حَدَّثَنَا عُثْمَانُ قَالَ حَدَّثَنِي جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ فَأَتَانَا النَّبِيُّ ﷺ فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهِ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ إِلَّا كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَإِلَّا قَدْ كُتِبَ شَقِيَّةً أَوْ سَعِيدَةً فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ؟ فَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ قَالَ أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا أَهْلُ الشَّقَاوَةِ

Maktaba Tul Ishaat.com

فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَأَ {فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى} الآيَةَ.

ترجمہ: باب، محدّث یعنی عالم کا قبر کے پاس نصیحت کرنا اور اس کے تلامذہ کا اس کے اردگرد بیٹھنا۔

وہ 'اَجداث' یعنی قبروں سے نکلیں گے (سورۂ قمر میں 'اَجداث' سے قبریں مراد ہیں)، (سورۂ انفطار میں) بُعْثِرَتْ کے معنی أُثِيرَتْ کے ہیں یعنی اٹھائے جائیں گے، کہا جاتا ہے بَعْثَرْتُ حَوْضِي یعنی میں نے حوض کے نیچے کے حصے کو اوپر کا حصہ کر دیا، إِيفَاض کے معنی جلدی کرنے کے ہیں، اعمش نے (سورۂ معارج میں) إِلَى نَصْبٍ يُوفِضُونَ پڑھا ہے کہ ایک کھڑی ہوئی چیز کی طرف دوڑتے جائیں گے، نُصْب واحد کا صیغہ ہے اور نَصْب مصدر ہے، (سورۂ قاف میں) جو يَوْمُ الْخُرُوجِ ہے اس سے مِنَ الْقُبُورِ یعنی قبروں سے نکلنے کا دن مراد ہے، (سورۂ انبیاء میں) يَنسِلُونَ سے يَخْرُجُونَ مراد ہے یعنی نکلیں گے۔

حضرت علیؓ نے بیان کیا کہ ہم بقیع غرقد میں ایک جنازے کے ساتھ تھے نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے آپ کے پاس ایک چھڑی تھی آپ نے سر جھکایا اور اس چھڑی سے زمین کریدنے لگے پھر فرمایا تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے یا کوئی نفس ایسا نہیں ہے جس کا ٹھکانہ جنت اور جہنم میں مقرر نہ کیا گیا ہو اور یہ نہ مقرر کیا گیا ہو کہ وہ بدبخت ہوگا یا نیک بخت، ایک شخص نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! تو کیا ہم اپنی تقدیر کے لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کرلیں اور عمل کو نہ چھوڑ دیں؟ کیوں کہ جو سعادت والوں میں سے ہوگا وہ انجام کار اہل سعادت کے عمل کی طرف رجوع ہوگا اور جو اہل شقاوت میں سے ہوگا وہ اہل شقاوت کے عمل کی طرف رجوع ہوگا، آپ ﷺ نے فرمایا جو اہل سعادت ہیں انہیں سعادت کے عمل کی توفیق دی جائے گی اور جو اہل شقاوت ہیں وہ شقاوت کا عمل اختیار کریں گے، پھر آپ نے یہ آیت پڑھی ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى﴾ الآيَةَ کہ بہرحال جو اللہ کی راہ میں خرچ کرے گا، تقوی اختیار کرے گا اور کلمۂ طیبہ کی تصدیق کرے گا تو ہم اس کو جنت کی توفیق دیں گے۔

تشریح: حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ قعود علی الاطلاق مکروہ نہیں ہے، اگر قعود میں کوئی مصلحت ہو جس کا تعلق زندہ یا مردہ سے ہو تو پھر جائز ہے۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ جب لوگ قبرستان میں جائیں تو وہاں پر لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہئے اور ان میں جو بڑا اور مقتدیٰ سمجھا جاتا ہے اس کو چاہئے کہ وہاں حاضرین کو نصیحت کرے کہ قبرستان میں آدمی کو کیسے داخل ہونا چاہئے نیز منزل آخرت کو یاد کرنا چاہئے انجام کیا ہونے والا ہے اس کا پتہ نہیں اس کا خیال کرنا چاہئے۔

حضرت شیخ نے جو غرض بیان کی ہے بظاہر یہی غرض معلوم ہوتی ہے اور علامہ زین بن منیر نے شرح کے

Maktaba Tul Ishaat.com

ذیل میں یہی غرض بیان فرمائی ہے، فرماتے ہیں کہ یہ جو آثار مصنف نے ترجمہ میں ذکر کئے ہیں اس سے مقصود اس بات کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ قبر کے پاس بیٹھ کر مناسب یہ ہے کہ مقتدیٰ ایسا کلام کرے جس میں یہ مذکور ہو کہ عنقریب ہر شخص کو آخرت کا سفر پیش آنے والا ہے اس کے بعد پھر قبر میں رہنا ہے اور اپنے اپنے اعمال کی پاداش ملنے والی ہے اچھے اعمال کی جزاء یا برے اعمال کی سزا ملے گی۔

يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ، الْقُبُورُ: یہ اجداث کی شرح ہے۔

الْإِيفَاضُ الْإِسْرَاعُ: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ یوفضون کا مصدر ایفاض ہے، مصنف نے اس کی شرح کر دی اسراع سے۔

وَقَرَأَ الْأَعْمَشُ إِلَى نَصْبٍ يُوفِضُونَ: یعنی بفتح النون وسکون الصاد بمعنی شيءٌ منصوب، یہی آگے فرماتے ہیں إِلَى شَيْءٍ مَنْصُوبٍ، يَسْتَبِقُونَ إِلَيْهِ یہ یوفضون کی شرح ہے۔

وَالنُّصُبُ وَاحِدٌ وَالنَّصْبُ مَصْدَرٌ: امام بخاری فرماتے ہیں کہ بضم النون مفرد ہے اور اس سے مراد اصنام ہے اور اس کی جمع انصاب آتی ہے اور نَصْب بفتح النون مصدر ہے اور یہاں مفعول یعنی منصوب کے معنی میں ہے، اسی طرح سے بخاری کے تمام نسخوں میں واقع ہوا ہے یعنی نَصْب بفتح النون ذکر کیا گیا ہے لیکن یہ کلام امام فراء کی کتاب المعانی سے ماخوذ ہے یعنی معانی القرآن کی کتاب میں ہے النَّصْبُ وَالنُّصُبُ وَاحِدٌ وَهُوَ مَصْدَرٌ وَالْجَمْعُ الْأَنْصَابُ، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعض ناقلین نے مصنف کی عبارت میں تغیر کر دیا ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ مصنف نے اس مقام پر فراء کی تقلید نہ کی ہو اور اپنی تحقیق پیش کی ہو۔

كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ: بقیع وہ زمین کہلاتی ہے جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں، اس کو بقیع غرقد اس لئے کہتے ہیں کہ غرقد ایک بڑا خاردار درخت ہوتا ہے وہاں پر وہ درخت موجود تھا اب تو وہ درخت ختم ہو گیا اس کے بعد اس کو بقیع غرقد کہا جانے لگا، یہ مدفن اہل مدینہ ہے جس کو آج کل کی اصطلاح میں بقیع شریف کہا جاتا ہے۔

وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ: آپ کے دست مبارک میں ایک مِخصرہ یعنی چھوٹی سی لٹھیا تھی جس پر آپ ٹیک لگاتے تھے۔

فَنَكَّسَ: سر مبارک جھکا لیا اور اپنی مِخصرہ سے کریدنے لگے، پھر فرمایا کہ کوئی نفس نہیں ہے مگر

Maktaba Tul Ishaat.com

اس کی جگہ جنت یا جہنم میں لکھی ہوئی ہے اور اس کا شقی وسعید ہونا لکھا ہوا ہے، ایک آدمی نے پوچھا کہ یارسول اللہ! جب سب کچھ لکھا ہی ہوا ہے تو اعمال کی ضرورت کیا ہے اپنی نوشتہ تقدیر پر اعتماد کرلے اور عمل چھوڑ کر بیٹھ جائے، جو سعید ہوگا وہ سعادت کی منزل پر پہنچ جائے گا اور جو غیر سعید شقی ہوگا وہ شقاوت کی منزل پر پہنچ جائے گا، آپ نے فرمایا أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ اہل سعادت کو اعمالِ اہل سعادت کی توفیق ہوگی اور اہل شقاوت کو اعمالِ اہل شقاوت کی توفیق ہوگی لہذا آدمی کو اپنی طرف سے اعمال میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے کیوں کہ یہ اعمال علامت ہیں انجام کے واسطے، گو حقیقی انجام معلوم نہیں ہے انجام تو پردۂ غیب میں ہے لہذا آدمی کو ان اعمال میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے۔

(ص ۱۸۲) بَابُ مَا جَاءَ فِي قَاتِلِ النَّفْسِ

۱۳۶۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ عُذِّبَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ.

۱۳۶۴۔ وَقَالَ حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا جُنْدَبٌ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ فَمَا نَسِينَا وَمَا نَخَافُ أَنْ يَكْذِبَ جُنْدَبٌ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ قَالَ كَانَ بِرَجُلٍ جِرَاحٌ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَقَالَ اللَّهُ بَدَرَنِي عَبْدِي بِنَفْسِهِ حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ.

۱۳۶۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ الَّذِي يَخْنُقُ نَفْسَهُ يَخْنُقُهَا فِي النَّارِ وَالَّذِي يَطْعُنُهَا يَطْعُنُهَا فِي النَّارِ.

ترجمہ: باب، خودکشی کرنے والے کی سزا کا بیان۔

حضرت ثابت بن ضحاکؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے دین اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی دانستہ جھوٹی قسم کھائی وہ اپنی اس قسم کے مطابق ہوگا اور جس نے اپنے آپ کو کسی تیز ہتھیار سے قتل کیا اسے اسی ہتھیار سے جہنم میں عذاب دیا جائے گا۔

اسی روایت میں حجاج بن منہال کے طریق میں یہ ہے کہ حضرت حسن بصری نے کہا کہ ہم سے اس (بصرے کی) مسجد میں

Maktaba Tul Ishaat.com

جندب بن عبد اللہ بجلیؓ نے حدیث بیان کی، نہ تو ہم اس حدیث کو بھولے ہیں اور نہ ہی ہمیں یہ خیال ہے کہ حضرت جندبؓ نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ باندھا ہوگا، آپ نے فرمایا کہ ایک شخص کے ایک زخم تھا اس نے اپنے آپ کو قتل کرلیا، اس پر اللہ نے فرمایا کہ میرے بندے نے اپنی جان کے بارے میں مجھ سے جلدی کی تو میں نے اس پر جنت حرام کردی۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنا گلا گھونٹتا ہے وہ جہنم میں بھی اپنا گلا گھونٹتا رہے گا اور جو شخص اپنے آپ کو نیزے سے قتل کرتا ہے وہ جہنم میں بھی اپنے آپ کو نیزے سے قتل کرتا رہے گا۔

تشریح: علامہ ابن منیر فرماتے ہیں کہ امام بخاری کی عادت ہے کہ جب کسی مسئلہ میں اشکال یا اختلاف ہوتا ہے تو ترجمہ مبہمہ منعقد فرمادیتے ہیں، یہاں پر بھی مصنف نے یہی کیا ہے، قاتل النفس آیا معذب اور مخلد فی النار ہے یا اس کی مغفرت ہوگی؟ اس میں نصوص میں تعارض ہے۔

مصنف نے جو حدیث پاک ذکر کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا شخص مخلد فی النار ہے، ایسے شخص کے بارے میں جس نے اپنے آپ کو قتل کرڈالا اللہ تعالیٰ کے رسول نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا بَدَرَنِي عَبْدِي بِنَفْسِهِ حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الجَنَّةَ میں نے جنت کو اس پر حرام کردی، اسی طرح سے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ عُذِّبَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، لیکن قرآن پاک کہتا ہے ﴿إِنَّ اللهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾ شرک کی تو بخشش نہیں باقی مادون الشرک جتنے معاصی ہیں وہ تحت المشیت ہیں اللہ چاہے مغفرت کرے اور چاہے نہ کرے، بہر حال امام بخاری نے ترجمہ میں اجمال وابہام رکھ دیا ہے۔

ویسے معتزلہ اس بات کے قائل ہیں کہ جو کبائر کا مرتکب ہو وہ مخلد فی النار اور خارج از ایمان ہے اور خوارج کہتے ہیں کہ مطلقاً ارتکاب معاصی کی وجہ سے آدمی ایمان سے نکل کر کفر کی سرحد میں داخل ہوجاتا ہے اور مخلد فی النار ہوتا ہے، بس معتزلہ اور خوارج میں فرق اتنا ہے کہ معتزلہ مرتکب کبیرہ کو خارج از ایمان مانتے ہیں مگر داخل فی الکفر نہیں مانتے بلکہ منزلۃ بین المنزلتین قرار دیتے ہیں، لیکن خوارج یہ کہتے ہیں کہ مطلقاً معاصی کا ارتکاب مُخرج من الایمان والاسلام ہے اور مُدخل فی النار ہے، انجام کے اعتبار سے دونوں فریق اس بات پر متفق ہیں کہ بہر حال ایسا شخص مخلد فی النار ہوگا۔

اہل سنت والجماعت کہتے ہیں کہ جو شخص معصیت کا محض ارتکاب کرتا ہے مگر اس کو حلال جانتا نہیں ہے وہ شخص مخلد فی النار نہیں ہوگا بلکہ وہ تحت المشیت ہے، اللہ چاہے تو مغفرت کرے اور بلا تعذیب کے جنت میں پہنچا

Maktaba Tul Ishaat.com

دے اور اگر چاہے تو عذاب دے اور پھر جتنی مدت عذاب مقدر ہے اسکے بعد وہ بہر حال جنت میں جائے گا۔

جن نصوص سے معتزلہ نے استدلال کیا ہے وہ نصوص مستحل پر محمول ہیں یعنی جو شخص حلال سمجھ کر معصیت کرے، یا زجر و تغلیظ پر محمول ہیں، احادیث باب کو علماء نے زجر و تغلیظ پر اور بعض نے مکث طویل پر محمول کیا ہے، اور بعض نے حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الجَنَّةَ کا مطلب یہ بیان کیا ہے إلی مدة مخصوصة اور اس توجیہ کی دلیل دوسری نصوص ہیں۔

اس کے بعد مسئلہ سنو! امام بخاری نے بَابُ مَا جَاءَ فِي قَاتِلِ النَّفْسِ فرمایا آگے کچھ نہیں فرمایا اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ بخاری کسی بھی انسان کے قتل کے متعلق جو نصوص اور روایات وارد ہوئی ہیں وہ پیش کرنا چاہتے ہیں، لیکن جو روایات پیش کی ہیں وہ قاتل نفسہ کی پیش کی ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ دعویٰ عام ہے اور دلیل خاص ہے، دعویٰ ہے قاتل النفس أعم من أن يكون نفسه أو غيره، اور روایات باب میں اپنے نفس کے قتل کا ذکر ہے تو پھر مصنف کا دعویٰ کیسے ثابت ہوا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مصنف نے ترجمہ کو بالاولویت ثابت کیا ہے کہ جب اپنے نفس کے قتل کرنے میں اتنی تشدید ہے تو غیر کے نفس پر دخل اندازی کرنے کی کہاں اجازت ہو سکتی ہے۔

قاتل نفس کی نماز جنازہ: اگر کسی نے اپنے آپ کو قتل کر ڈالا تو اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے، حسن بصری، عمر بن عبد العزیز، اوزاعی، ابن شہاب زہری اور قاضی ابو یوسف فرماتے ہیں کہ اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، امام مالک سے اس مسئلہ میں کوئی تصریح منقول نہیں لیکن ناصر الدین بن منیر فرماتے ہیں کہ امام مالک فرماتے ہیں کہ ایسے شخص کی توبہ مقبول نہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کی نماز جنازہ بھی نہیں پڑھی جائے گی، علامہ ناصر کہتے ہیں وَهُوَ نَفْسُ قَوْلِ الْبُخَارِيِّ۔

جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے آپ کو قتل کر ڈالے وہ اگر مستحل نہیں ہے تو مسلمان ہے اور مسلمان کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔

فریق اول کی دلیل مسلم شریف کی وہ حدیث ہے جو حضرت جابر بن سمرہؓ سے نقل کی ہے أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَتَلَ نَفْسَهُ بِمَشَاقِصَ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ آپ نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی، جمہور کی طرف سے

Maktaba Tul Ishaat.com

جواب یہ ہے کہ حضور ﷺ نے زجراً نہیں پڑھا تا کہ لوگ اس طرح کے جرم کا ارتکاب نہ کریں۔

مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ: مثلاً کوئی آدمی یوں کہتا ہے اِن فعلتُ كذا فأنا يهودي أو نصراني۔

فَهُوَ كَمَا قَالَ کا مطلب کیا ہے؟ ابن بطال کہتے ہیں کہ آدمی اس طرح کی جب قسم کھاتا ہے تو اس کی مراد یہ تھوڑے ہوتی ہے کہ وہ واقع میں یہودی یا نصرانی یا مجوسی ہو جائے گا بلکہ جھوٹ بولتا ہے تو مطلب یہ ہے کہ وہ جھوٹا ہے، اور اگر واقعۃً اس کی یہ نیت ہے کہ وہ یہودی یا نصرانی یا مجوسی ہو جائے گا تو اس نیت کی وجہ سے فی الوقت وہ کافر ہو جائے گا کیوں کہ ارادۂ کفر؛ کفر ہے۔

وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ: اور جس نے اپنے آپ کو حدیدہ سے قتل کیا وہ اسی سے نار جہنم میں عذاب دیا جائے گا کہ جزاء من جنس العمل ہوگی۔

وَقَالَ حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ: حجاج بن منہال کی روایت مصنف نے یہاں معلقاً ذکر کی ہے اور باب ما ذکر فی بنی اسرائیل میں موصولاً تخریج فرمائی ہے۔

فَقَالَ اللهُ: بَدَرَنِي عَبْدِي بِنَفْسِهِ: یہ مستحل پر محمول ہے، یا مطلب یہ ہے کہ ایک محدود اور معین وقت تک جنت اس پر حرام کردی جائے گی۔

عَنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا جُنْدَبٌ: حضرت حسن نے حَدَّثَنَا جُنْدَبٌ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ فَمَا نَسِينَا وَمَا نَخَافُ أَنْ يَكْذِبَ جُنْدَبٌ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ اس لئے فرمایا کہ حضرت حسن بصرہ میں رہتے تھے اور وہاں معتزلہ کا زور تھا، معتزلہ کا مسلک یہ تھا کہ جو شخص کبیرہ کا ارتکاب کرے اس پر جنت حرام ہو جائے گی حتی کہ مخلد فی النار ہو گا اور یہ روایت بظاہر معتزلہ کی تائید کرتی ہے، تو اب ہو سکتا ہے کہ کوئی حضرت حسن بصری کو اس روایت کے نقل کرنے میں متہم کرے اور یا طنز کرے کہ حضرت حسن بصری کو وہم ہو گیا، تو فرماتے ہیں کہ سہو نہیں ہوا نہ ہم بھولے ہیں اور نہ جندبؓ نے حضور ﷺ کی طرف سے غلط بات نقل کی ہے مگر اہل سنت کی طرف سے اس روایت کی توجیہ میں کر چکا ہوں۔

وَالَّذِي يَطْعُنُهَا: يَطْعُنُ ضم عین مہملہ کے ساتھ ہے اسی طرح سے اس کو ضبط کیا گیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٨٢) بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَى الْمُنَافِقِينَ وَالِاسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِينَ

رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

١٣٦٦. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ قَالَ لَمَّا مَاتَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولَ دُعِيَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَثَبْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتُصَلِّي عَلَى ابْنِ أُبَيٍّ وَقَدْ قَالَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا: كَذَا وَكَذَا؟ أُعَدِّدُ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَقَالَ أَخِّرْ عَنِّي يَا عُمَرُ فَلَمَّا أَكْثَرْتُ عَلَيْهِ قَالَ إِنِّي خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ لَوْ أَعْلَمُ أَنِّي إِنْ زِدْتُ عَلَى السَّبْعِينَ يُغْفَرُ لَهُ لَزِدْتُ عَلَيْهَا قَالَ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمْ يَمْكُثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى نَزَلَتِ الْآيَتَانِ مِنْ بَرَاءَةٌ ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَهُمْ فَاسِقُونَ﴾ ﴿وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا وَهُمْ فَاسِقُونَ﴾ قَالَ فَعَجِبْتُ بَعْدُ مِنْ جُرْأَتِي عَلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ يَوْمَئِذٍ وَاللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ.

ترجمہ: باب، منافقین پر نماز جنازہ پڑھنے اور مشرکین کے لئے استغفار کرنے کی کراہت کا بیان۔

اس مضمون کو نبی کریم ﷺ سے حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا ہے۔

حضرت عمر بن خطابؓ نے فرمایا کہ جب عبد اللہ بن ابی ابن سلول فوت ہوا تو رسول اللہ ﷺ سے اس کی نماز جنازہ پڑھنے کی درخواست کی گئی جب رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے تو میں جلدی سے آپ کے قریب پہنچا اور میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیا آپ ابن ابی کی نماز جنازہ پڑھیں گے؟ جبکہ اس نے فلاں فلاں موقع پر ایسا ایسا کہا!! حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں آپ ﷺ کے سامنے اس کی باتیں شمار کرا رہا تھا پیغمبر ﷺ یہ سن کر مسکرائے اور فرمایا عمر! مجھ سے اس وقت کچھ نہ کہو اور جب میں نے اپنی بات زیادہ ہی دہرائی تو یہ فرمایا کہ مجھے اختیار دیا گیا اور میں نے ایک شق کو اختیار کیا، اگر مجھے معلوم ہو جاتا کہ ستر مرتبہ سے زیادہ استغفار سے اس کی مغفرت ہو جائے گی تو میں ستر سے زیادہ مرتبہ استغفار کرتا، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اسکے بعد رسول اللہ ﷺ نے اسکی نماز جنازہ پڑھی پھر جب نماز سے واپس آئے تو کچھ ہی مدت کے بعد سورۂ براءۃ کی دونوں آیتیں نازل ہوئیں 'اور آپ ان میں سے جو فوت ہو اسکی نماز جنازہ نہ پڑھیں' الیٰ قولہ 'اور آپ ان میں سے کسی کی قبر پر کھڑے نہ ہوں، بے شک انہوں نے اللہ اور اسکے رسول کے ساتھ کفر کیا اور وہ اس حال میں فوت ہوئے کہ فسق میں مبتلا تھے'، حضرت عمرؓ نے

Maktaba Tul Ishaat.com

فرمایا کہ مجھے اس دن رسول اللہ ﷺ کے روبرو اپنی جرأت پر تعجب ہوا حالانکہ اللہ اور رسول (مصالح) زیادہ جانتے ہیں۔

تشریح: یہاں مصنف نے کراہت بمعنی عدم جواز مراد لیا ہے اور مقصد یہ ہے کہ جس شخص کا نفاق معلوم ہو جائے اس کی نماز جنازہ جائز نہیں ہے، یہ مسئلہ متفق علیہا ہے، قرآن پاک میں صاف کہہ دیا گیا ہے ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ﴾۔

وَالِاسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِينَ: اور مشرکین کے لئے استغفار کرنا ناجائز ہے کیوں کہ اللہ میاں نے فرمایا ہے فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ اللہ ان کی مغفرت نہیں کریں گے۔

رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: حضرت ابن عمرؓ کی یہ روایت ماقبل میں ص ۱۶۹ پر گزر چکی ہے۔

وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ: بعض علماء نے وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ سے عدم استغفار للمشرکین کو اخذ کیا ہے، چونکہ مشرکین بھی کفار و منافقین کی طرح ہیں اور منافقین کی نماز جنازہ بنص الآیۃ جائز نہیں تو مشرکین کی بھی نماز جائز نہیں اس لئے کہ نماز جنازہ ہوتی ہی ہے استغفار کے واسطے۔

یہ روایت پہلے گزر چکی ہے اور اس پر کلام بھی گزر چکا ہے اور میں خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ کا اشکال بھی ذکر کر چکا کہ تخییر کہاں ہے؟ اور اس کا جواب دیا تھا کہ یہ من باب تلقی المخاطب بغیر ما یترقبہ ہے، مخاطب جس کا متوقع ہو اس کے کلام کو اس کے غیر پر جس کی توقع نہ ہو محمول کر لیا جائے اس کو کہتے ہیں تلقی المخاطب بغیر ما یترقبہ، یہی جواب صاحب جامع البیان اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور علامہ انور شاہ کشمیری نے دیا ہے۔

وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ: یہ ہمارے ہندی نسخوں کا سقم ہے کہ دو دو نسخے جمع کر دیتے ہیں، ادھر تو کہہ دیا إِلَى قَوْلِهِ وَهُمْ فَاسِقُونَ اور آگے پوری آیت نقل کر دی۔

(ص ۱۸۲) بَابُ ثَنَاءِ النَّاسِ عَلَى الْمَيِّتِ

۱۳۶۷۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ مَرُّوا بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ وَجَبَتْ ثُمَّ مَرُّوا بِأُخْرَى فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا فَقَالَ وَجَبَتْ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا وَجَبَتْ؟ قَالَ هَذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ خَيْرًا فَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَهَذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ شَرًّا فَوَجَبَتْ لَهُ النَّارُ أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللَّهِ فِي الْأَرْضِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

۱۳٦۸. حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ هُوَ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ وَقَدْ وَقَعَ بِهَا مَرَضٌ فَجَلَسْتُ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَمَرَّتْ بِهِمْ جَنَازَةٌ فَأُثْنِيَ عَلَى صَاحِبِهَا خَيْرًا فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَجَبَتْ ثُمَّ مُرَّ بِأُخْرَى فَأُثْنِيَ عَلَى صَاحِبِهَا خَيْرًا فَقَالَ عُمَرُ وَجَبَتْ ثُمَّ مُرَّ بِالثَّالِثَةِ فَأُثْنِيَ عَلَى صَاحِبِهَا شَرًّا فَقَالَ وَجَبَتْ فَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ فَقُلْتُ وَمَا وَجَبَتْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ قَالَ قُلْتُ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَيُّمَا مُسْلِمٍ شَهِدَ لَهُ أَرْبَعَةٌ بِخَيْرٍ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ فَقُلْنَا وَثَلَاثَةٌ قَالَ وَثَلَاثَةٌ فَقُلْنَا وَاثْنَانِ قَالَ وَاثْنَانِ ثُمَّ لَمْ نَسْأَلْهُ عَنِ الْوَاحِدِ.

ترجمہ: باب، لوگوں کا میت کی تعریف کرنا۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ لوگ (نبی کریم ﷺ کے پاس سے) ایک جنازہ لے کر گزرے تو انہوں نے (نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں نے) اس کی تعریف کی، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ واجب (ثابت) ہوگئی پھر وہ دوسرے جنازے کو لے کر گزرے تو اس کی برائی کی نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ واجب (ثابت) ہوگئی، حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ کیا واجب (ثابت) ہوگئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم نے اس (پہلے شخص) کی تعریف کی تو اس کے لئے جنت واجب (ثابت) ہوگئی اور اس (دوسرے) کی برائی کی تو اس کے لئے جہنم واجب ہوگئی، تم زمین پر اللہ کے گواہ ہو۔

ابوالاسود دویلی نے بیان کیا کہ میں مدینہ منورہ آیا ان دنوں وہاں بیماری پھیلی ہوئی تھی میں حضرت عمرؓ کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک جنازہ لوگوں کے سامنے سے گزرا، لوگوں نے اس میت کی تعریف کی، حضرت عمرؓ نے کہا کہ واجب (ثابت) ہوگئی، پھر دوسرا جنازہ گزرا، لوگوں نے اس کی بھی تعریف کی، حضرت عمرؓ نے فرمایا واجب ہوگئی، پھر تیسرا جنازہ گزرا، لوگوں نے اس کی برائی کی، حضرت عمرؓ نے فرمایا واجب (ثابت) ہوگئی، ابوالاسود نے کہا کہ میں نے دریافت کیا کہ اے امیر المؤمنین! کیا واجب (ثابت) ہوگئی؛ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ میں نے وہی بات کہی جو نبی کریم ﷺ نے کہی تھی کہ جس مسلمان کی نیکی پر چار شخص گواہی دیں گے اللہ اسے جنت میں داخل کرے گا، ہم نے معلوم کیا کہ اگر تین گواہی دیں؟ تو فرمایا کہ تین بھی، ہم نے پوچھا کہ اگر دو گواہی دیں؟ آپ نے فرمایا دو بھی، پھر ہم نے ایک کے بارے میں معلوم نہیں کیا۔

تشریح: حافظ ابن حجر وغیرہ شراح فرماتے ہیں کہ امام بخاری فرماتے ہیں کہ میت کی تعریف اور اس کی ثناء خوانی مشروع اور جائز ہے، بخلاف زندہ کے کہ وہ منہی عنہ ہے، اس واسطے کہ اگر زندہ کی تعریف کی جائے تو بظاہر خطرہ ہوتا ہے اس کے فتنہ میں مبتلا ہونے کا خصوصاً جبکہ اطراءِ مادح (تعریف میں مبالغہ) کی صورت اختیار کرلی جائے اور حد سے تجاوز کیا جائے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہوں کہ اگر کوئی میت مر جائے تو اس کی اچھی تعریف کرنی چاہئے اس لئے کہ لوگ شہداء اللہ فی الارض ہیں ان کی شہادت کی وہاں قدر ہے، ہو سکتا ہے یہی شہادت وہاں سبب بن جائے اس کی مغفرت کا۔

مَرُّوا بِجَنَازَةٍ: ایک جنازہ لیکر کے گزرے **فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا** لوگوں نے اس کی اچھی تعریف کی مستدرک حاکم میں حضرت انسؓ کی روایت میں ہے کہنے لگے کان یحب اللہ ورسولہ ویعمل بطاعۃ اللہ ویسعی فیھا، اس کے بعد ایک دوسرا جنازہ لیکر گزرے **فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا** اس کی برائی بیان کی۔

اس مقام پر شر کے ساتھ لفظ ثناء کو استعمال کیا گیا حالانکہ مشہور یہ ہے کہ ثناء اچھی توصیف کے لئے استعمال ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ استعال علی وجہ المشاکلۃ کر لیا گیا ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ لفظ ثناء مطلقاً توصیف کیلئے استعمال ہوتا ہے چاہے توصیف بالخیر ہو یا بالشر ہو خلیل، ابن سیدہ، زمخشری اور ابن قوطیہ وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے، امام نووی فرماتے ہیں کہ جس شخص کی لوگوں نے برائی کی ظاہر یہ ہے کہ یہ شخص منافق تھا۔

أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللهِ فِي الْأَرْضِ: تم اللہ کے شہداء ہو زمین میں، اس سے کون لوگ مراد ہیں؟

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مخاطب صحابہ ہیں اور وہی لوگ مراد ہیں **لِأَنَّهُمْ كَانُوا يَنْطِقُونَ بِالْحِكْمَةِ**، لیکن علامہ ابن التین فرماتے ہیں کہ صواب یہ ہے کہ اس امت کے ثقات اور متقین مراد ہیں یعنی متقی مرد اور متقی عورتیں اگر کسی کی ثناء خوانی کریں تو اللہ کے یہاں ان لوگوں کی ثناء خوانی شہادت کا درجہ رکھتی ہے اور یہ شہداء اللہ ہیں اور ان کی یہ شہادت معتبر ہوگی۔

آیا یہ شہادت مطلقاً معتبر ہوگی یا مطابق للواقع ہونا شرط ہے؟ اس میں دونوں ہی احتمال اور دونوں ہی اقوال ہیں، علامہ فضل اللہ تورپشتی وغیرہ نے یہ اختیار کیا ہے کہ اگر یہ ثناء خوانی مطابق للواقعہ ہو تو معتبر ہوگی اور اگر مطابق للواقعہ نہ ہو تو اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

لیکن علماء کی ایک جماعت فرماتی ہے کہ علی الاطلاق ثناء خوانی معتبر ہے چاہے مطابق واقعہ ہو یا نہ ہو، علامہ طیبی نے اسی کو اختیار کیا ہے اور امام نووی فرماتے ہیں وھو المختار، اصل بات یہ ہے کہ جب اللہ نے اپنے بندوں کو ایسا الہام کر دیا کہ وہ اس مرنے والے کی اپنی زبان سے تعریف کریں تو گویا اللہ تعالیٰ شانہ نے اس کی مغفرت کیلئے یہ علامت مقرر کر دی ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ جانب خیر میں تو یہی راجح ہے لیکن جانب

Maktaba Tul Ishaat.com

شر میں بظاہر شہادت اس وقت معتبر ہوگی جبکہ (جس کی برائی کی جارہی ہے) اس کا شر اس کے خیر پر غالب ہو۔

حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ: یہ حدیث دار قطنی کے متنقدات میں سے ہے، انہوں نے یہ اعتراض کیا کہ علی بن مدینی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن بریدہ یہ روایت ابوالاسود سے براہ راست نہیں بلکہ بواسطہ یحی بن کثیر نقل کرتے ہیں اور اس حدیث میں انہوں نے عن أبی الأسود کہا ہے حدثنا یاسمعت کا لفظ نہیں کہا ہے۔

حافظ ابن حجر نے ایک ڈھیلا پیلا سا جواب دیا، فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے یہاں اس طریق پر اعتماد نہیں کیا ہے بلکہ عبدالعزیز بن صہیب کے طریق پر اعتماد کیا ہے جس کو وہ اس سے پہلے نقل کر آئے ہیں۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ حافظ صاحب نے گویا یہ اعتراض کچھ تسلیم سا کر لیا ہے، حافظ ابن حجر نے مقدمۂ فتح الباری میں ان تمام روایات کا استقصاء کیا جس کو علماء فن نے بخاری کی روایات میں سے منتخب کر کے نقد کیا ہے اور حافظ نے ان کے جوابات دیئے ہیں، لیکن بعض جگہوں پر حافظ صاحب نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں اور یہ تسلیم کر لیا ہے کہ یہ اشکال عقیمۃ الجواب ہے، غالب گمان یہ ہے کہ یہ اشکال بھی عقیمۃ الجواب ہے واللہ تعالیٰ اعلم، ہاں اگر یہ تاویل چل جائے کہ عبداللہ بن بریدہ مدلس نہیں ہیں تو طرز بخاری سے اقرب ہی معلوم ہوتا ہے۔

فَأُثْنِيَ عَلَى صَاحِبِهَا خَيْرًا: خیرًا اسی طرح منصوب ہے، ابن بطال کہتے ہیں کہ یہاں پر جار و مجرور یعنی عَلَى صَاحِبِهَا مفعول اول کے قائم مقام ہے اور خیرًا مفعول ثانی کی جگہ میں ہے، اگرچہ ہونا چاہئے تھا اس کا عکس، اور امام نووی فرماتے ہیں کہ یہ منصوب بنزع الخافض ہے أثنی عَلَيْهَا بِخَير، أثنی عَلَيْهَا بِشَرٍّ۔

(ص ١٨٣) بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ

وَقَوْلُهُ تَعَالَى ﴿وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُوا أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ﴾ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْهُونُ هُوَ الْهَوَانُ وَالْهَوْنُ الرِّفْقُ وَقَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ ﴿سَنُعَذِّبُهُمْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَى عَذَابٍ عَظِيمٍ﴾ وَقَوْلُهُ تَعَالَى ﴿وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوءُ الْعَذَابِ. النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ﴾

١٣٦٩. حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ إِذَا أُقْعِدَ الْمُؤْمِنُ فِي قَبْرِهِ أُتِيَ ثُمَّ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ

Maktaba Tul Ishaat.com

اللّٰهِ فَذَلِكَ قَوْلُهُ ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ﴾

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا وَزَادَ {يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا} نَزَلَتْ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ.

١٣٧٠. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ صَالِحٍ حَدَّثَنِي نَافِعٌ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَخْبَرَهُ قَالَ اطَّلَعَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى أَهْلِ الْقَلِيبِ فَقَالَ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَقِيلَ لَهُ تَدْعُو أَمْوَاتًا؟ فَقَالَ مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لَا يُجِيبُونَ.

١٣٧١. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّمَا قَالَ النَّبِيُّ ﷺ إِنَّهُمْ لَيَعْلَمُونَ الْآنَ أَنَّ مَا كُنْتُ أَقُولُ لَهُمْ حَقٌّ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى {إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَى}

١٣٧٢. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ شُعْبَةَ سَمِعْتُ الْأَشْعَثَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ يَهُودِيَّةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا فَذَكَرَتْ عَذَابَ الْقَبْرِ فَقَالَتْ لَهَا أَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَقَالَ نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ بَعْدُ صَلَّى صَلَاةً إِلَّا تَعَوَّذَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ زَادَ غُنْدَرٌ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ.

١٣٧٣. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ تَقُولُ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ خَطِيبًا فَذَكَرَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ الَّتِي يَفْتَتِنُ فِيهَا الْمَرْءُ فَلَمَّا ذَكَرَ ذٰلِكَ ضَجَّ الْمُسْلِمُونَ ضَجَّةً.

١٣٧٤. حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتَوَلَّى عَنْهُ أَصْحَابُهُ وَإِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ أَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهِ فَيَقُولَانِ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ لِمُحَمَّدٍ ﷺ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُولُ أَشْهَدُ أَنَّهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ فَيُقَالُ لَهُ انْظُرْ إِلَى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهِ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ فَيَرَاهُمَا جَمِيعًا قَالَ قَتَادَةُ وَذُكِرَ لَنَا أَنَّهُ يُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى حَدِيثِ أَنَسٍ قَالَ وَأَمَّا الْمُنَافِقُ وَالْكَافِرُ فَيُقَالُ لَهُ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي كُنْتُ أَقُولُ مَا يَقُولُ النَّاسُ فَيُقَالُ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ وَيُضْرَبُ بِمَطَارِقَ مِنْ حَدِيدٍ ضَرْبَةً فَيَصِيحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيهِ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، ان باتوں کا ذکر جو عذاب قبر کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا ذکر 'یاد کرو اس وقت کو جب ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہوتے ہیں اور فرشتے اپنے ہاتھوں کو پھیلائے ہوئے یہ کہتے ہیں کہ اپنی روحوں کو نکالو، آج تم کو ذلت کا عذاب دیا جائے گا'، ھُوْن کے معنی ھَوَان یعنی ذلت کے ہیں، ھَوْن کے معنی رفق اور نرمی کے بھی آتے ہیں، نیز اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا ذکر 'عنقریب ہم ان کو دو مرتبہ عذاب دیں گے پھر وہ ایک بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے' اور اللہ پاک کے اس ارشاد کا ذکر 'اور گھیر لیا آل فرعون کو برے عذاب نے، صبح و شام ان کو جہنم پر پیش کیا جاتا ہے اور جس دن قیامت آئے گی حکم کیا جائے گا کہ فرعون کی اولاد کو سخت ترین عذاب میں داخل کرو'۔

حضرت براء بن عازبؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب مؤمن کو اس کی قبر میں بٹھایا جاتا ہے اس کے پاس فرشتے آتے ہیں پھر وہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں تو اللہ کے اس قول ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ﴾ کہ 'اللہ ایمان والوں کو مضبوط کلمہ کے ذریعہ ثابت قدمی عنایت کرتا ہے' سے یہی مراد ہے، امام بخاری کہتے ہیں کہ یہ حدیث ہم نے محمد بن بشار عن غندر عن شعبۃ کے طریق سے بھی سنی ہے اور شعبہ نے یہ اضافہ کیا ہے کہ مذکورہ آیت عذاب قبر کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کے کنویں میں جھانکا اور یہ فرمایا کیا تم نے اس وعدہ کو برحق پالیا جو تمہارے رب نے تم سے کیا تھا؟ عرض کیا گیا کہ کیا آپ مُردوں کو پکار رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا تم ان مُردوں سے زیادہ سننے والے نہیں ہو، البتہ یہ جواب نہیں دیتے۔

حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا کہ یہ لوگ اس وقت یہ بات بالیقین جانتے ہیں کہ میں جو کچھ کہتا تھا وہ حق ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے 'بے شک آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے'۔

حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ ایک یہودی عورت میرے پاس آئی اور اس نے قبر کے عذاب کا ذکر کیا اور یہ کہا اللہ تمہیں قبر کے عذاب سے پناہ میں رکھے حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے قبر کے عذاب کے بارے میں دریافت کیا آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں عذاب قبر ہے، حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اس کے بعد میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہیں دیکھا کہ آپ نے کوئی نماز پڑھی ہو اور عذاب قبر سے پناہ نہ مانگی ہو، غندر کی روایت میں یہ اضافہ ہے عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ کہ قبر کا عذاب برحق ہے۔

حضرت عروہ بن زبیر نے بیان کیا کہ انہوں نے حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے آپ نے قبر کی اس آزمائش کا ذکر کیا جس سے انسان دوچار ہوتا ہے لیکن جب آپ نے یہ ذکر کیا تو مسلمانوں پر ایسا گریہ طاری ہوا کہ شور مچ گیا۔

حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب بندے کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس

Maktaba Tul Ishaat.com

کے ساتھ آنے والے واپس ہو جاتے ہیں اور وہ ان کے جوتوں کی آواز سنتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں وہ اس کو بٹھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تم اس شخص یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ تو مؤمن یہ کہتا ہے کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے بندہ اور اس کے رسول ہیں تو اس سے کہا جاتا ہے کہ اپنے جہنم والے ٹھکانے کی طرف دیکھو اللہ نے اس کو جنت کے ٹھکانے سے بدل دیا ہے تو وہ دونوں کو ایک ساتھ دیکھتا ہے، قتادہ نے فرمایا کہ ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ اس کی قبر کشادہ کر دی جاتی ہے، قتادہ پھر حضرت انسؓ کی حدیث کی طرف لوٹے اور کہا کہ رہے منافق یا کافر تو اس سے سوال کیا جاتا ہے کہ تو ان کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے کہ میں نہیں جانتا، میں وہی کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے، اس سے کہا جائے گا نہ تو تو نے جانا اور نہ تو نے جاننے والے کی اتباع کی اور اسے لوہے کے ہتھوڑوں سے زور سے مارا جاتا ہے اس پر وہ اس زور سے چیخ مارتا ہے کہ اس کو انسان وجنات کے علاوہ آس پاس کی دیگر مخلوق سنتی ہے۔

تشریح: عذاب قبر کے بارے میں اہل سنت والجماعت متفق ہیں کہ عذاب قبر ہوتا ہے، البتہ خوارج اور بعض معتزلہ جیسے ضرار بن عمرو غطفانی، بشر مریسی اور یحیٰ بن کامل وغیرہ اس کا انکار کرتے ہیں، اکثر معتزلہ اہل سنت کے ساتھ ہیں، معتزلہ میں سے جبائی اور بعض دیگر کا خیال یہ ہے کہ عذاب قبر کفار پر ہوتا ہے مؤمنین پر نہیں، لیکن اس باب میں جو بعض روایات ذکر کی ہیں وہ اس قول کی تردید کرتی ہیں اور حضرت مصنف نے یہ ترجمہ ہی منکرین عذاب قبر کی تردید کے لئے منعقد کیا ہے۔

اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ: یہ عذاب قبر کے بارے میں نازل ہوئی ہے، علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری فرماتے ہیں هذا قبل يوم القيامة وإثر الموت۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: اَلْهُوْنُ هُوَ الْهَوَانُ وَ الْهَوْنُ الرِّفْقُ: یعنی بضم الهاء ہوان ہے ذلت کے معنی میں، اور هَوْن بفتح الهاء رفق او ونرمی کے معنی میں آتا ہے۔

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ: یہ عذاب عظیم سے پہلے دو عذاب ہیں، یقینی بات ہے کہ ایک عذاب دنیا میں ہوگا اور دوسرا قبر میں، اس لئے کہ عذاب عظیم سے پہلے دو مرتبہ عذاب دینے کا ذکر ہے، دنیا میں ذلت اور دوسرے قبر کا عذاب۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ عَشِيًّا: اشد عذاب سے پہلے جو صبح وشام نار پر پیشی ہوتی ہے یہ عذابِ قبر نہیں ہے تو اور کیا چیز ہے؟

Maktaba Tul Ishaat.com

اسی طرح ایک چوتھی آیت سے علماء نے استدلال کیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ﴾ عذاب اکبر سے پہلے جو عذاب ادنی ہے وہ عذاب قبر ہی ہے، حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے اسی طرح سے یہ استدلال کیا ہے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ پھر لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ قبر میں جانے کے بعد کیسے درست ہو سکتا ہے؟ حافظ ابن قیم فرماتے ہیں کہ یہ تو حضرت ابن عباسؓ ہی سمجھ سکتے ہیں، اصل بات یہ ہے کہ عذاب ادنی مطلق نہیں فرمایا گیا بلکہ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ فرمایا گیا ہے، معلوم ہوا کہ عذاب ادنی کا بعض حصہ تو دنیا میں ہے ذلت کی شکل میں اور لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ اس سے متعلق ہے، اور عذاب ادنی کا بعض حصہ قبر میں ہوگا کیوں کہ عذاب اکبر تو قیامت کے دن فیصلہ ہو جانے کے بعد جہنم میں ہوگا۔

عذاب قبر سے مراد عذاب برزخ ہے: ایک عالم ہے اس عالم شہادت اور عالم آخرت کے بیچ میں اسی کو عالم برزخ سے تعبیر کرتے ہیں، اسی میں عذاب ہوتا ہے چاہے میت مقبور و مدفون ہو اور چاہے سباع (درندوں) نے اسے کھالیا ہو یا وہ مصلوب وغیرہ ہو۔

عذاب صرف جسم پر یا روح پر؟ یہ عذاب جسد پر واقع ہوتا ہے یا صرف روح پر؟ یا روح مع الجسد پر واقع ہوتا ہے؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے، تین قول ہیں۔

(۱) کرامیہ اور اہل حق میں سے ابن جریر طبری اور حنابلہ میں سے ابن زاغونی ارشاد فرماتے ہیں کہ قبر کا سوال اور عذاب سب کا سب بدن پر ہوتا ہے اور اسی پر مرتب ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ بدن میں ادراک پیدا فرما دیتے ہیں، (۲) علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری اور حنابلہ کی ایک جماعت ابن عقیل، ابن جوزی اور عون الدین ابو المظفر الحنبلی وغیرہ فرماتے ہیں کہ صرف روح پر عذاب ہوتا ہے اور اس کو جسد کی طرف لوٹایا نہیں جاتا ہے اس لئے کہ روح ہی سے حیات اور ادراک وغیرہ کا تعلق ہے، (۳) لیکن جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ روح کو بدن میں کلًّا یا بعضًا لوٹایا جاتا ہے اور اس پر عذاب مرتب ہوتا ہے، لیکن اس اعادہ کی شان کچھ عجیب و غریب سی ہے اس سے وہ حیات حاصل نہیں ہوتی جو اس دنیوی زندگی میں ہوتی ہے بلکہ وہ حیات ایسی ہوتی ہے جیسے نائم کو حاصل ہوا کرتی ہے اس کو ادراک تو ہوتا ہے مگر پوری بیداری کی کیفیت نہیں ہوتی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

إِذَا أُقْعِدَ الْمُؤْمِنُ فِي قَبْرِهِ: اس سے ابن جریر طبری نے یہ اخذ کر لیا کہ صرف جسد سے سوال و عذاب کا تعلق ہے، لیکن جمہور فرماتے ہیں کہ حضرت براء بن عازبؓ کی روایت میں جو مسند احمد اور ابوداؤد وغیرہ میں وارد ہے وتعاذروحه في جسده کا لفظ وارد ہوا ہے۔

اس روایت پر اشکال یہ ہے کہ اس کا بظاہر ترجمۃ الباب سے تعلق نہیں ہے اس لئے کہ اس میں عذاب قبر کا کوئی ذکر ہی نہیں ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ اس روایت کے دوسرے طریق میں جو آگے آرہا ہے تصریح ہے نَزَلَتْ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ، مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی طرف سے پوچھ گچھ شروع ہوتی ہے اور اس پر نتیجہ یہ مرتب ہوتا ہے کہ جو صادق الایمان تھے اللہ ان کی تثبیت فرماتے ہیں اور جو ظالم تھے ان کو گمراہ فرمادیتے ہیں وہ جواب دے نہیں پاتے بس اس کے بعد عذاب شروع ہو جاتا ہے۔

فَقَالَ وَجَدْتُمْ مَاوَعَدَرَبُّكُمْ حَقًّا: یہ مقصود بالترجمہ ہے، اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ نے کفار کے متعلق جو وعدہ فرمایا تھا وہ نبی کریم ﷺ کی زبان پر حلول عذاب کا وعدہ تھا کہ اگر تم نبی کریم ﷺ پر ایمان نہیں لاؤ گے تو عذاب میں مبتلا ہو گے اور جس وقت حضور ﷺ نے ان کفار سے سوال کیا تھا وہ برزخ کے عالم میں تھے اُس وقت آپ نے یہ پوچھا تھا فَقَالَ وَجَدْتُمْ مَاوَعَدَرَبُّكُمْ حَقًّا معلوم ہوا کہ برزخ میں قبر کے اندر عذاب ہوتا ہے، جب صحابہ نے پوچھا تَدْعُو أَمْوَاتًا؟ آپ نے فرمایا مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ مِنْهُمْ تم ان سے زیادہ سننے والے نہیں ہو، معلوم ہوا کہ موتیٰ سنتے ہیں۔

سماع موتیٰ کا مسئلہ: مختلف فیہا ہے، حضرت عائشہؓ نے سب سے زیادہ اس کا انکار کیا اور یہ فرمایا کہ سننے میں سہو ہو گیا، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا إنهم ليعلمون الآن، امام ابوالقاسم سہیلی فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ اس موقع پر حاضر نہیں تھیں لہٰذا جو دوسرے مثبتین ہیں ان کے قول کو ترجیح حاصل ہو گی، اس مقام پر پہنچ کر عام طور سے علماء نے حضرت ابن عمرؓ کی اس روایت کو ترجیح دی ہے اس واسطے کہ یہ مضمون صرف تنہا ابن عمرؓ کی روایت میں وارد نہیں ہوا بلکہ ابوطلحہؓ کی روایت جو بخاری کتاب المغازی میں ہے وارد ہوا ہے، اسی طرح عبداللہ بن مسعودؓ اور عبداللہ بن سیدانؓ کی روایات میں طبرانی شریف میں وارد ہوا ہے۔

فَقَالَ نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ: حَقٌّ کا لفظ مستملی کے نسخہ میں واقع ہوا ہے لیکن یہ غلط ہے، صحیح یہ ہے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

اس روایت میں صرف نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ ہے آگے حَقٌّ کا لفظ نہیں ہے، اسی لئے امام بخاری کو بعد میں تنبیہ کرنی پڑی اور یہ بتلانا پڑا کہ یہ روایت شعبہ کے دوسرے شاگرد نقل کرتے ہیں تو عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ نقل کرتے ہیں حَقٌّ کے اضافہ کے ساتھ۔

لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ: میں بیان کر چکا ہوں کہ اس روایت کی بناء پر جمہور علماء فرماتے ہیں کہ مقبرہ میں جوتے پہن کر جانے اور نعال کے استعمال کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ مکروہ ہے اور ابن حزم کہتے ہیں کہ حرام ہے، اس لئے کہ بشیر بن خصاصیہؓ کی روایت میں مسند احمد اور ابوداؤد وغیرہ میں وارد ہوا ہے کہ نبی پاک ﷺ نے ایک آدمی کو دو سبتی نعلین پہن کر مقبرہ میں چلتے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا یا صاحب السبتیتین ألق نعلیک ان کو اتار دو، امام طحاوی نے جواب دیا ہے کہ ہو سکتا ہے نعلین میں نجاست اور قذر لگی ہوئی ہو، امام خطابی فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے یہ آدمی اترا کر اور اکڑ کر چلتا ہو۔

مگر اس روایت سے اس کے جواز پر استدلال کرنے میں اشکال ہے، اس لئے کہ خفق نعال کے لئے یہ کیا ضروری ہے کہ مقبرہ ہی میں ہو، ممکن ہے کہ مقبرہ کے اطراف میں راستہ پر کھٹکھٹاہٹ ہوتی ہو اور مقبرہ والوں کو مسموع ہوتی ہو، بہر حال یہ روایت صراحۃً دلیل نہیں لیکن صراحۃً نفی بھی نہیں کی جاسکتی ہے یعنی یہ نہیں کہا جاسکتا ہے کہ یہ دلیل نہیں بن سکتی ہے، راجح یہی ہے کہ مقبرہ ہی میں جو لوگ جوتے پہن کر چلتے ہیں ان کی آوازیں مسموع ہوتی ہیں۔

وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوِ الْكَافِرُ: اس سے معلوم ہوا کہ سوال کا تعلق یا تو منافق سے ہے یا کافر سے ہے، أو کا لفظ اسی طرح وارد ہوا ہے اور ایک نسخہ میں وَأَمَّا الْمُنَافِقُ وَالْكَافِرُ واؤ کے ساتھ واقع ہوا ہے۔

یہ مسئلہ میں ماقبل میں کتاب الجمعہ میں بیان کر چکا ہوں کہ آیا سوال قبر کا تعلق صرف اس امت کے ساتھ خاص ہے یا دیگر امم کو بھی ان کے انبیاء کے متعلق سوال کیا جاتا ہے؟ اس میں دونوں ہی قول ہیں۔

(۱) حکیم ترمذی فرماتے ہیں کہ انبیاء سابقین کے زمانہ میں دستور یہ تھا کہ وہ مبعوث ہوتے تھے تو ان کی امتیں اگر ان پر ایمان لے آئیں فبہا اور اگر ایمان نہیں لاتی تھیں تو عذاب آکر ان کا خاتمہ کر دیتا تھا، لیکن جب رسول پاک ﷺ رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجے گئے تو یہ عذاب عام موقوف کر دیا گیا لیکن صورت حال یہ ہوئی کہ جو لوگ سچے دل سے مسلمان ہوئے تو ٹھیک اور جو لوگ سچے دل سے مسلمان نہیں ہوئے ظاہراً مسلمان ہوئے اور

Maktaba Tul Ishaat.com

باطناً در پردہ کافر ہے ان کا امتحان قبر میں شروع ہوا، جب وہ قبر میں پہنچے تو تفتیش ہوئی، جو سچے اور پکے مسلمان تھے ان کی تفتیش کی گئی اور ان کے متعلق فرمایا گیا ﴿يُثَبِّتُ اللهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ﴾ اور جو سچے پکے مسلمان نہیں تھے ظاہراً مسلمان اور باطناً کافر تھے ان کے متعلق آگے ارشاد ہوا ﴿وَيُضِلُّ اللهُ الظَّالِمِينَ وَيَفْعَلُ اللهُ مَا يَشَاءُ﴾۔

(۲) لیکن ایک دوسری جماعت کی رائے یہ ہے کہ منافق اور کافر سب سے ہی سوال ہوگا، ابو العباس قرطبی، عبد الحق اشبیلی اور حافظ ابن قیم وغیرہ نے اسی کو اختیار کیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ روایات میں کچھ احتمال سا ہے، بعض میں صرف منافق ہے بعض میں صرف کافر ہے، اور بعض میں المنافق أو الکافر ہے اور بعض میں المنافق والکافر ہے، اب ہر ایک کو کچھ نہ کچھ کہنے کا موقع مل سکتا ہے، مثلاً جو لوگ کہتے ہیں کہ کافر اس میں داخل نہیں وہ کہہ سکتے ہیں کہ جن روایات میں مطلق کافر ہے یا المنافق أو الکافر کا لفظ ہے اس سے منافق مراد ہے، اور جو یہ کہتے ہیں کہ نہیں! سوال اور عذاب کا تعلق سب سے ہے وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ الکافر اپنے عموم کی وجہ سے کافر جاحد مبطل اور منافق دونوں کو شامل ہے، حافظ ابن قیم کہتے ہیں کہ اس روایت میں المنافق والکافر واؤ عاطفہ کے ساتھ ہے لیکن سیوطی نے انکار کیا ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ کسی روایت میں جمع نہیں ہوا۔

اصل میں یہ روایت دو جگہ پر ہے ایک تو یہاں پر امام بخاری نے تخریج کی ہے اس میں تو نسخ بخاری میں ہے اختلاف، بعض نسخوں میں المنافق والکافر ہے جیسا کہ حافظ ابن قیم اور حافظ ابن حجر نے نقل کیا ہے اور بعض نسخوں میں المنافق أو الکافر ہے اور انہیں الفاظ کے ساتھ امام بخاری نے بَابُ الْمَيِّتُ يَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ میں یہ روایت ذکر کی ہے مسئلہ کی وضاحت میں ماقبل میں کر چکا ہوں۔

مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ؟: هذا الرجل سے مراد حضرت محمد ﷺ ہیں، بظاہر نام لیکر پوچھا جاتا ہے، اور ہو سکتا ہے کہ شبیہ مبارک پیش کی جاتی ہو، اور حافظ کہتے ہیں کہ حاضر فی الذہن کی طرف اشارہ ہے، اور بعضوں نے کہا ہے کہ پردہ ہٹا دیا جاتا ہے، عارف ابن ابی جمرہ کا رجحان کچھ اسی طرف معلوم ہوتا ہے غرضکہ مختلف احتمالات ہیں تفصیل سے ماقبل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

فَيُقَالُ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ: نہ تم نے اس کو سمجھا و لا تلیت اور نہ اتباع کیا، یہ اصل میں تلوت تھا دریت کی مناسبت سے تلیت کر دیا گیا، اور ہو سکتا ہے کہ یہ تلاوت سے ہو اور مطلب یہ ہو کہ نہ تم نے سمجھا اور

Maktaba Tul Ishaat.com

نہ قرآن پاک کو پڑھا، امام اصمعی وغیرہ کہتے ہیں کہ یہ اصل میں إئتلیت ہے جو أَلَوْتُ سے ماخوذ ہے أَلَوْ تقصیر کے معنی میں بھی آتا ہے اور استطاعت کے معنی میں بھی آتا ہے، یہاں اسی معنی میں استعمال ہوا ہے أی ولا استطعت، لا دریت ولا استطعت درایۃ نہ تو نے جانا اور نہ جاننے کی تیرے اندر استطاعت تھی۔

فَيَصِيحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيهِ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ: جنات اور انسان کو ثقلین اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ زمین پر بوجھ بنے ہوئے ہیں۔

تنبیہ: مردہ جب نعش (میت کی چارپائی) پر کلام کرتا ہے تو اس کلام کو جنات سنتے ہیں جیسا کہ ما قبل سے گزشتہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے لیکن عذاب کو جنات نہیں سنتے ہیں، علامہ مہلب نے اس فرق کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ اصل میں جب تک مردہ قبر میں نہ اتارا جائے تب تک گویا وہ دنیا سے متعلق ہوتا ہے اسلئے جنات کو اس کی باتوں کا ادراک ہوتا ہے لیکن جب قبر میں اتار دیا گیا تو وہ اب بالکلیہ اس عالم شہادت سے منقطع ہو چکا ہے اور دوسرے عالم سے اس کا تعلق ہو گیا ہے، اور چونکہ جنات بھی انسان کی طرح مکلف ہیں اسلئے جیسے انسانوں سے اس کی یہ صوت مخفی کر دی گئی اور اس کی آواز کو مستور کر دیا گیا جنات سے بھی مستور کر دیا گیا۔

فائدہ: اس روایت میں يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيهِ ہے لیکن مسند احمد اور ابوداؤد وغیرہ میں حضرت براءؓ کی حدیث میں یسمعها من بين المشرق والمغرب وارد ہوا ہے، بظاہر ان دونوں روایتوں میں تعارض ہے اور فی الحقیقۃ کوئی تعارض نہیں، مَنْ يَلِيهِ کے سننے سے جو بعید لوگ ہیں ان کے نہ سننے کی تصریح معلوم نہیں ہوتی ہے زیادہ سے زیادہ یہ چیز مفہوم کے طور پر سمجھ میں آتی ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ جب منطوق و مفہوم میں تعارض ہو جائے تو منطوق کو ترجیح ہوتی ہے، لہٰذا اس روایت سے یہ معلوم ہوا کہ جو آس پاس کے لوگ ہوتے ہیں وہ سن لیتے ہیں اور براءؓ کی روایت سے معلوم ہوا کہ مابین المشرق والمغرب جو لوگ ہیں سب کو اس کی آواز مسموع ہوتی ہے، اور ہو سکتا ہے کہ مابین المشرق والمغرب بول کر بھی مخصوص صورت مراد لی گئی ہو۔

(ص ١٨٤) بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

١٣٧٥. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِي عَوْنُ بْنُ أَبِي جُحَيْفَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ

Maktaba Tul Ishaat.com

الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ: يَهُودُ تُعَذَّبُ فِي قُبُورِهَا، وَقَالَ النَّضْرُ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَوْنٌ سَمِعْتُ أَبِي سَمِعْتُ الْبَرَاءَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

١٣٧٦. حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَتْنِي ابْنَةُ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ يَتَعَوَّذُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

١٣٧٧. حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَدْعُو وَيَقُولُ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ.

ترجمہ: باب، عذاب قبر سے پناہ مانگنے کا بیان۔

حضرت ابوایوبؓ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ سورج غروب ہونے کے وقت نکلے تو ایک آواز سنی آپ نے فرمایا کہ یہ یہود ہیں جن کو قبروں میں عذاب دیا جارہا ہے۔

یہی روایت شعبہ کے دوسرے شاگرد نضر بن شمیل نے بھی بیان کی اور انہوں نے عون کی اپنے والد ابوجحیفہ سے اور ان کی براء بن عازبؓ سے سماع کی تصریح کی۔

حضرت بنت خالدؓ نے بیان کیا کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو قبر کے عذاب سے پناہ مانگتے ہوئے سنا۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ پیغمبر ﷺ یہ دعاء مانگا کرتے تھے اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ کہ اے اللہ! میں قبر کے عذاب سے، جہنم کے عذاب سے، زندگی اور موت کے فتنے سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔

تشریح: اس باب کی احادیث بھی باب گزشتہ ہی سے تعلق رکھتی ہیں لیکن امام بخاری نے اہتمام شان کے لئے یہ ترجمہ منعقد کر دیا کہ جب عذاب قبر اتنی شدید چیز ہے تو اس سے اللہ تعالیٰ شانہ کی پناہ مانگتے رہنا چاہئے کہ حق تعالیٰ شانہ اس سے نجات دے اور حفاظت فرمائے۔

فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ: يَهُودُ تُعَذَّبُ فِي قُبُورِهَا: سوال یہ ہے کہ اس روایت میں تعوذ من عذاب القبر کا ذکر ہے ہی نہیں تو ترجمہ کیسے ثابت ہوا؟ (۱) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ بظاہر کاتب کی غلطی سے یہ روایت یہاں پر آگئی ہے اصل میں یہ روایت باب گزشتہ کے ذیل میں تھی، (۲) بعض حضرات ارشاد فرماتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں کہ اصل میں قاعدہ یہ ہے کہ جب اس طرح کی ہولناک آواز آتی ہے تو لوگ از خود ہی پناہ چاہتے ہیں کہ اللہ اس سے پناہ میں رکھے، (٣) بعض حضرات ابن رشید وغیرہ یہ فرماتے ہیں کہ اصل میں اس کے بعد حضرت بنت خالدؓ کی روایت آرہی ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو عذاب قبر سے پناہ چاہتے ہوئے سنا تو بہت ممکن ہے کہ حضور ﷺ سے تعوذ من عذاب القبر اُس سماع صوت کے وقت پایا گیا ہو یعنی جس وقت آپ نے آواز سنی اسی وقت آپ نے تعوذ فرمایا ہو، تو امام بخاری نے اِس روایت کے بعد بنت خالدؓ کی روایت کو ذکر کر کے اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ رسول پاک ﷺ نے جب آواز سنی تھی اسی وقت تعوذ کیا تھا۔

حَدَّثَتْنِي ابْنَةُ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ العَاصِ: ان کا نام اَمَة ہے اور ام خالد کنیت ہے۔

(ص ١٨٤) بَابُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْغِيبَةِ وَالْبَوْلِ

١٣٧٨. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى قَبْرَيْنِ فَقَالَ إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ مِنْ كَبِيرٍ ثُمَّ قَالَ بَلَى أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ يَسْعَى بِالنَّمِيمَةِ وَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ قَالَ ثُمَّ أَخَذَ عُودًا رَطْبًا فَكَسَرَهُ بِاثْنَتَيْنِ ثُمَّ غَرَزَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى قَبْرٍ ثُمَّ قَالَ لَعَلَّهُ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ غیبت کرنے والے اور پیشاب میں احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے قبر میں عذاب ہوتا ہے۔ حدیث کا ترجمہ ماقبل میں حدیث نمبر ١٣٦١ کے تحت گزر چکا ہے۔

تشریح: امام بخاری بول اور غیبت کی اہمیت پر تنبیہ کرنا چاہتے ہیں کہ عذاب قبر کے ویسے بہت سے اسباب ہیں لیکن خاص طور سے غیبت کو اور پیشاب سے بے احتیاطی کو اس میں بڑا دخل ہے۔

(ص ١٨٤) بَابُ الْمَيِّتِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

١٣٧٩. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ إِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ فَيُقَالُ هَذَا مَقْعَدُكَ حَتَّى يَبْعَثَكَ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ میت کے سامنے صبح وشام اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے جب کوئی مر جاتا ہے تو صبح وشام اس کے سامنے اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اگر وہ جنتی ہے تو اہل جنت کا اور جہنمی ہے تو اہل جہنم کا اور اس سے کہا جاتا ہے کہ یہ تمہارا ٹھکانہ ہے یہاں تک کہ اللہ تمہیں قیامت کے مبعوث کرے۔

تشریح: امام بخاری نے اس سے غالبًا عذاب قبر کے وقت کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ عذاب قبر صبح وشام دیا جاتا ہے، بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ کے متعلق علامہ ابن التین کہتے ہیں کہ ایک صبح اور ایک شام یہ بات پیش آتی ہو بس، اور ہو سکتا ہے کہ ہر صبح وشام یہ قصہ پیش آتا ہو، علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ یہ ہمارے اعتبار سے فرمایا گیا ہے ورنہ عالم برزخ میں کہاں صبح اور کہاں شام، مطلب یہ ہے کہ صبح وشام کے جو اوقات ہوتے ہیں ان اوقات میں عذاب قبر ہوتا ہے یعنی میت کا ٹھکانہ اس کو دکھلایا جاتا ہے۔

لیکن عرض مقعد کو عذاب قبر کے ساتھ مربوط کرنا بہت بعید معلوم ہوتا ہے، بلکہ امام بخاری نے ایک نئی بات بیان کی ہے کہ میت کا جو اصل مقعد ہے یعنی آخرت میں جو اس کی منزل ہونے والی ہے وہ صبح وشام اس کو دکھلائی جاتی ہے، اس کے متعلق ابن التین کہتے ہیں کہ ایک ہی صبح اور ایک ہی شام دکھلائی جاتی ہے اس کے بعد نہیں، یا یہ کہ ہر صبح وشام دکھلائی جاتی ہے اور اسی کے بارے میں علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ وہاں کہاں صبح وشام، مطلب یہ ہے کہ صبح وشام کے جو اوقات ہیں ان میں اس کو دکھلایا جاتا ہے۔

اس دکھلانے کا مقصد کیا ہے؟ اس دکھلانے کا مقصد مؤمن کے حق میں یہ ہے کہ اس کی مسرت میں اضافہ ہو، جب وہ قبر میں اپنا انعام دیکھے گا اور صبح وشام جنت کا منظر دکھلایا جائے گا تو اس کی خوشی کی کوئی انتہاء نہ رہے گی، اور کافر کو جو اس کا مقعد دکھلایا جاتا ہے وہ اس واسطے تاکہ اس کے رنج وغم میں اضافہ ہوتا رہے۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ عرض بعض مؤمنین پر ہو گا شہداء اس سے خارج ہیں، اس لئے کہ حضرات شہداء کی ارواح تو جنت میں جہاں چاہتی ہیں پھرتی رہتی ہیں، اور ہو سکتا ہے کہ حضرات شہداء کو بھی ان کا ٹھکانہ صبح وشام دکھلایا جاتا ہو اور اس سے اس بات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہو کہ ہمیشہ اور دائمی منزل تمہاری یہی ہونے والی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۸۴) بَاب كَلَامِ الْمَيِّتِ عَلَى الْجَنَازَةِ

۱۳۸۰. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِذَا وُضِعَتِ الْجِنَازَةُ فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا؟ يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الْإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَهَا الْإِنْسَانُ لَصَعِقَ.

ترجمہ: باب، جنازہ کی چارپائی پر میت کے کلام کرنے کا بیان۔

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب جنازہ رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ اسے اپنے کاندھوں پر اٹھالیتے ہیں تو اگر وہ نیک ہوتا ہے تو یہ کہتا ہے کہ مجھے آگے لے چلو مجھے آگے لے چلو اور اگر نیک نہیں ہوتا تو کہتا ہے کہ ہائے میری ہلاکت یہ مجھے کہاں لے جارہے ہیں اس کی آواز انسان کے علاوہ ہر شئے سنتی ہے اور اگر انسان اس کو سن لے تو بیہوش ہو جائے۔

تشریح: یہ وہ باب آگیا جو تیس باب سے زائد تراجم پیشتر ایک ترجمہ اسی نوع کا منعقد فرمایا تھا بَاب قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجَنَازَةِ قَدِّمُونِي، وہاں میں نے اس باب کا حوالہ دیا تھا اور یہ بتلایا تھا کہ بظاہر ان دونوں ترجموں میں تکرار ہے اور صرف لفظی ہیر پھیر ہے، وہاں قول المیت کہہ دیا اور یہاں کلام المیت کہہ دیا۔

وہیں پر میں ذکر کر چکا ہوں کہ علامہ ابن رشید نے دونوں تراجم کے محل وقوع کے اعتبار سے اس کی الگ الگ توجیہیں کی ہیں، وہاں یہ توجیہ کی ہے کہ امام بخاری نے اس سے پہلے ایک ترجمہ منعقد کیا تھا بَاب السُّرْعَةِ بِالْجِنَازَةِ جنازہ جلدی لیکر چلنا چاہئے اس کی مناسبت سے ترجمہ منعقد کیا بَاب قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجَنَازَةِ قَدِّمُونِي اس میں اس کی علت کی طرف اشارہ کیا کہ میت کا خود تقاضہ ہوتا ہے کہ جلدی سے اس کو اس کے مستقر پر پہنچا دیا جائے۔

اور یہاں امام بخاری نے پہلے عرض مقعد کا ترجمہ ذکر کر کے کلام کا ترجمہ منعقد کیا اور اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ اگرچہ اصل عذاب قبر کا محل تو قبر ہے لیکن وہاں کی چیزیں پہلے ہی سے جب میت جنازہ کی سریر پر ہوتا ہے شروع ہو جایا کرتی ہیں حتی کہ اچھی میت کہتی ہے قَدِّمُونِي اور بری میت کہتی ہے يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ ترجمہ گزشتہ کی غرض تو وہی ہے جو ابن رشید نے بیان کی

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے لیکن اِس ترجمہ کی غرض کلام میت کو بیان کرنا ہے اور یہ بتلانا ہے کہ میت بات کرتی ہے، جیسے سماع موتیٰ ایک مسئلہ ہے ایسے ہی کلام میت بھی ایک مسئلہ ہے۔

(ص ۱۸۴) بَابُ مَا قِيلَ فِي أَوْلَادِ الْمُسْلِمِينَ

قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مَنْ مَاتَ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ كَانَ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ أَوْ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

۱۳۸۱. حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ مَا مِنَ النَّاسِ مُسْلِمٌ يَمُوتُ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ.

۱۳۸۲. حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ.

ترجمہ: باب، مسلمانوں کے بچوں کے بارے میں جو کہا گیا ہے اس کا بیان۔

حضرت ابوہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص کے ایسے تین بچے فوت ہو جائیں جو سن بلوغ کو نہ پہنچے تھے تو وہ اس کے لئے جہنم سے آڑ ہوں گے یا یہ فرمایا کہ وہ جنت میں داخل ہو گا۔

حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس مسلمان کے تین ایسے بچے فوت ہو جائیں جو بلوغ کی عمر کو نہیں پہنچے تھے تو اللہ تعالیٰ اس رحمت کی بدولت جو اسے بچوں کے ساتھ ہے اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

حضرت براء بن عازبؓ نے بیان کیا کہ جب حضرت ابراہیمؑ کی وفات ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے لئے جنت میں ایک دودھ پلانے والی ہے۔

تشریح: یہ باب اس بات کے بیان میں ہے کہ اولاد مسلمین کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

امام بخاری نے اپنی طرف سے کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے بلکہ حضور اکرم ﷺ کی حدیثیں جمع فرمائی ہیں جن سے خلاصہ کے طور پر یہ بات نکلتی ہے کہ اولاد مسلمین جنت میں ہوں گی۔

پہلی حدیث میں یہ ہے کہ بچہ اپنے والدین کے لئے نار سے حجاب بنتا ہے، جو خود محتجب نہیں ہو گا وہ

Maktaba Tul Ishaat.com

دوسرے کے لئے کیا حجاب بن سکتا ہے؟ معلوم ہوا کہ چھوٹا بچہ جہنم میں نہیں جائے گا۔

اگلی روایت میں تصریح ہے إِلَّا أَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ اگر کسی کے تین بچے مر جائیں اور وہ صبر کرلے تو اللہ تعالیٰ شانہ اس شخص کو بچوں پر غایت شفقت کی وجہ سے جنت میں داخل فرمادے گا، معلوم ہوا کہ بچے اللہ کے محل رحمت ہیں اور اللہ کی رحمت کا اصل محل جنت ہے تو اس سے اشارۃً یہ بات نکلتی ہے کہ بچے جنت میں ہوں گے۔

تیسری روایت میں صاف تصریح ہے کہ ابراہیم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جنت میں دودھ پلانے والی مقرر ہے، معلوم ہو گیا کہ مسلمانوں کے بچے جنت میں جائیں گے۔

اطفال انبیاء تو بالاتفاق جنت میں جائیں گے، رہا اطفال مسلمین تو اس کے بارے میں جمہور علماء اسی بات کے قائل ہیں کہ جنت میں جائیں گے بلکہ امام احمد اور ابن ابی زید نے اس پر اجماع نقل کیا ہے، امام نووی نے شرح مسلم میں لکھا ہے أجمع عليه من يعتد به من علماء المسلمين۔

اور حمادین، اسحاق بن راہویہ اور عبد اللہ بن مبارک سے منقول ہے هم تحت المشية، حافظ ابن عبد البر فرماتے ہیں هو ظاهر ما صنع مالك في المؤطا في أبواب القدر یعنی امام مالک نے مؤطا میں ابواب قدر میں جو طرز اختیار کیا ہے اور جو روایتیں ذکر کی ہیں اس سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک بھی اطفال علی الاطلاق تحت المشیت ہوں گے، لیکن مالکیہ یوں فرماتے ہیں کہ اطفال مسلمین تو جنت میں ہوں گے ہاں اطفال مشرکین تحت المشیت ہوں گے۔

خلاصہ یہ نکلا کہ عامۂ علماء کے نزدیک اطفال مسلمین جنت میں ہوں گے۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ امام مسلم نے حضرت عائشہؓ سے ایک روایت نقل کی ہے کہ ایک بچہ مر گیا تھا تو حضرت عائشہؓ نے یوں کہہ دیا عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ یہ تو جنت کی ایک چڑیا ہے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نکیر فرمائی اور پھر ارشاد فرمایا إِنَّ اللهَ خَلَقَ لِلْجَنَّةِ أَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ وَخَلَقَ لِلنَّارِ أَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان بچوں کے متعلق بھی جنتی ہونے کا قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اس کا (۱) پہلا جواب یہ ہے کہ امام احمد نے اس روایت پر نقد کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں طلحہ

Maktaba Tul Ishaat.com

بن یحیٰ القرشی ہے یعنی اس پر تنہا اعتماد نہیں کیا جاسکتا ہے، مگر امام مسلم جیسے فرد فرید کا اس روایت کو اپنی صحیح میں لانا بھی ایک مستقل بات ہے، بہر حال روایت صحیح ہے لہذا اس جواب کے علاوہ اور جواب کی ضرورت ہے، اور وہ جواب (۲) یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ اب تک ہمارے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بتلایا نہ گیا ہو کہ یہ جنت میں جائیں گے، جنت میں جانے کا علم دینے سے پہلے پہلے آپ نے یہ فرمایا ہو اور جب جنت میں جانے کا علم دے دیا گیا تو نہ فرمایا ہو، (۳) تیسرا جواب سب سے اچھا ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہؓ کے عجلت سے قطعی طور پر جنتی ہونے کا فیصلہ کر لینے پر نکیر کی، مطلب یہ ہے کہ کسی کے بارے میں قطعی طور پر جنتی ہونے کا فیصلہ جلدی سے نہ کرنا چاہئے اس کی خبر پردۂ غیب میں ہے اللہ ہی جانتے ہیں۔

إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ:　　ان کے لئے دودھ پلانے والی جنت میں مقرر کر دی گئی ہے، حضرت ابراہیم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت و وفات کے متعلق ما قبل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

(ص ١٨٥) بَابُ مَا قِيلَ فِي أَوْلَادِ الْمُشْرِكِينَ

١٣٨٣ . حَدَّثَنِي حِبَّانُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَنْ أَوْلَادِ الْمُشْرِكِينَ فَقَالَ: اللهُ إِذْ خَلَقَهُمْ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ.

١٣٨٤ . حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ عَنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِينَ فَقَالَ: اللهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ.

١٣٨٥ . حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ كَمَثَلِ الْبَهِيمَةِ تُنْتَجُ الْبَهِيمَةَ هَلْ تَرَى فِيهَا جَدْعَاءَ.

ترجمہ:　　باب　　مشرکین کے اولاد کے بارے میں جو وارد ہوا ہے اس کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی نابالغ اولاد کے بار... میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے جب ان کو پیدا کیا تھا اسی وقت سے خوب جانتا ہے کہ وہ کیسے اعمال کرنے والے تھے

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کے بچوں کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ

Maktaba Tul Ishaat.com

تعالیٰ ان اعمال کو زیادہ جانتا ہے جو وہ کرنے والے تھے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں جیسے چوپایہ چوپائے کو جنم دیتا ہے کیا تم اس میں کان کٹا دیکھتے ہو؟

تشریح: ان روایات کا بیان جو اولاد مشرکین کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔

اولاد مشرکین کے سلسلہ میں امام بخاری نے تین روایات نقل فرمائی ہیں، پہلی اور دوسری روایت میں اللهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِينَ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو اس کے متعلق کوئی علم نہیں تھا اور تیسری روایت ذکر کی كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ جس کا حاصل یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ہر بچہ کے فطرت اسلام پر پیدا ہونے کی خبر دی ہے، اب یہی کہا جائے گا کہ ابتداءً آپ کو علم نہیں تھا بعد میں آپ کو علم ہو گیا تو آپ نے یہ فرمایا كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ لہٰذا جو بچہ بھی فطرت اسلام پر مرے گا وہ اہل اسلام کی طرح جنت میں جائے گا۔

اور اس کے بعد باب بلا ترجمہ قائم کر کے حضرت سمرہ بن جندبؓ کی طویل روایت پیش کی جس کے اخیر میں یہ وارد ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس لوگوں کی اولادوں کو دیکھا تو پوچھا یہ کون ہیں؟ آپ سے کہا گیا أولاد الناس، اس کے عموم میں مؤمن و کافر سب شامل ہیں اور یہی روایت کتاب التعبیر میں آرہی ہے اس میں وارد ہے وأولاد المشركين قال وأولاد المشركين، اس سے یہ معلوم ہو گیا کہ امام بخاری نے روایات کی ترتیب کے ذریعہ یہ وضاحت فرمادی کہ حضور کو اوّلاً معلوم نہیں تھا کہ اولاد مشرکین کا کیا انجام ہو گا، بعد میں آپ کو یہ معلوم ہوا کہ ہر مولود فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے اور جو اسلام پر پیدا ہو گا اس کا انجام اہل اسلام کے انجام سا ہو گا اور روایت میں یہ تصریح ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے پاس سارے لوگوں کی اولادیں تھیں حتی کہ اولاد مشرکین بھی۔

اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اولاد مشرکین جنت میں ہوں گی، یہی جمہور علماء کا مسلک ہے اور اسی کو محققین علماء امام نووی، علامہ آلوسی صاحبِ روح المعانی وغیرہ حضرات نے اختیار فرمایا ہے۔

(۲) دوسرا قول یہ ہے کہ اولاد مشرکین جہنم میں جائیں گی اور اس کی دلیل یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ سے اولاد مشرکین کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا المسلمون وأولادهم في الجنة والمشركون

Maktaba Tul Ishaat.com

وأولادهم في النار، رواه عبدالله بن أحمد في زوائد المسند، مگر یہ روایت ضعیف ہے، ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہؓ سے حضور ﷺ نے فرمایا إنْ شِئْتِ أَسْمَعْتُكِ تَضَاغِيَهُمْ فِي النَّارِ لیکن یہ دونوں روایتیں ضعیف ہیں اور قابل اعتناء واحتجاج نہیں ہیں۔

(۳) تیسرا قول یہ ہے کہ اولاد مشرکین اپنے آباء کے ساتھ ہوں گی، اس قول میں اور قول دوم میں فرق یہ ہے کہ قول دوم میں مطلق جہنمی ہونے کو بتایا گیا ہے اور قول ثالث میں آباء کے درجہ میں ہونے کو بتایا گیا ہے۔

(۴) بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ اعراف میں ہوں گے۔

(۵) بعض روایات میں یہ ہے کہ یہ اہل جنت کے خدام ہوں گے، امام طیالسی نے حضرت انسؓ سے ایک روایت نقل کی ہے اور طبرانی میں حضرت سمرۃؓ سے اسی مضمون کی ایک حدیث ہے۔

(٦) ثمامہ بن اثرس کہتا ہے کہ ان کو مٹی بنادیا جائے گا۔

(۷) بعض کہتے ہیں کہ امتحان لیا جائے گا، جو اتباع کریں گے جنت میں جائیں گے جو نافرمانی کریں گے جہنم میں جائیں گے، امام بیہقی نے کتاب الاعتقاد میں یہ قول امام شافعی سے نقل کیا ہے اور یہی قول شیخ الاسلام ابن تیمیہ، حافظ ابن قیم، حافظ ابن کثیر وغیرہم نے اختیار فرمایا ہے۔

لیکن قاضی ابویعلیٰ، ابوالوفاء ابن عقیل حنبلی اور بعض دیگر علماء اس پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ امتحان کا مقام دار دنیا ہے، دار آخرت نہیں ہے، شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اس کا جواب دیا کہ جنت وجہنم میں پہونچ جانے کے بعد امتحان کا کوئی موقع نہیں رہتا ہے لیکن وہاں پہونچنے سے قبل میدان قیامت میں امتحان ہو تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے، اور امتحان والا قول ایسا ہے کہ اگر اس کو اختیار کیا جائے تو پھر روایات میں کوئی تنافی باقی نہیں رہتی ہے، اللهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ اپنے ظاہر پر ہوگی اور جنت کے بارے میں جو روایات ہیں وہ اپنے ظاہر پر ہوں گی، جہنم کے بارے میں جو روایات ہیں وہ اپنے ظاہر پر ہوں گی۔

(۸) بعض علماء یہ کہتے ہیں کہ یہ لوگ تحت المشیۃ ہوں گے، علامہ نسفی کہتے ہیں کہ یہی امام ابو حنیفہ کی روایت صحیحہ ہے اور بیہقی نے اعتقاد میں امام شافعی سے، ابن عبدالبر نے تمہید میں امام مالک سے اور علامہ موفق ابن قدامہ صاحب المغنی نے یہی امام احمد سے نقل فرمایا ہے ان سب حضرات کا استدلال اللهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ سے ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(۹) توقف یعنی اس کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ کیا جائے یہ ایک روایت امام ابو حنیفہ سے ہے۔

(۱۰) امساک یعنی زبان بند، حافظ ابن حجر کہتے ہیں وفی الفرق بینهما دقة۔

(ص ۱۸۵) بَاب

۱۳۸٦. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدَبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا صَلَّى صَلَاةً أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ مَنْ رَأَى مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا؟ قَالَ فَإِنْ رَأَى أَحَدٌ قَصَّهَا فَيَقُولُ مَا شَاءَ اللَّهُ فَسَأَلَنَا يَوْمًا فَقَالَ هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رُؤْيَا؟ قُلْنَا لَا قَالَ لَكِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِي فَأَخَذَا بِيَدِي فَأَخْرَجَانِي إِلَى الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهِ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا عَنْ مُوسَى إِنَّهُ يُدْخِلُ ذَلِكَ الْكَلُّوبَ فِي شِدْقِهِ حَتَّى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْآخَرِ مِثْلَ ذَلِكَ وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهُ هَذَا فَيَعُودُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهُ قُلْتُ مَا هَذَا؟ قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلَى قَفَاهُ وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ بِفِهْرٍ أَوْ صَخْرَةٍ فَيَشْدَخُ بِهِ رَأْسَهُ فَإِذَا ضَرَبَهُ تَدَهْدَهَ الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ فَلَا يَرْجِعُ إِلَى هَذَا حَتَّى يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ وَعَادَ رَأْسُهُ كَمَا هُوَ فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ قُلْتُ مَنْ هَذَا؟ قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا إِلَى ثَقْبٍ مِثْلِ التَّنُّورِ أَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَأَسْفَلُهُ وَاسِعٌ يَتَوَقَّدُ تَحْتَهُ نَارًا فَإِذَا اقْتَرَبَ ارْتَفَعُوا حَتَّى كَادَ أَنْ يَخْرُجُوا فَإِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوا فِيهَا وَفِيهَا رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَنْ هَذَا؟ قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَا عَلَى نَهَرٍ مِنْ دَمٍ فِيهِ رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى وَسَطِ النَّهَرِ قَالَ يَزِيدُ وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ وَعَلَى شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِي فِي النَّهَرِ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ رَمَى الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِي فِيهِ فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَاءَ لِيَخْرُجَ رَمَى فِي فِيهِ بِحَجَرٍ فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَا هَذَا؟ قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتَّى انْتَهَيْنَا إِلَى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ فِيهَا شَجَرَةٌ عَظِيمَةٌ وَفِي أَصْلِهَا شَيْخٌ وَصِبْيَانٌ وَإِذَا رَجُلٌ قَرِيبٌ مِنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُوقِدُهَا فَصَعِدَا بِي فِي الشَّجَرَةِ وَأَدْخَلَانِي دَارًا لَمْ أَرَ قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهَا فِيهَا رِجَالٌ شُيُوخٌ وَشَبَابٌ وَنِسَاءٌ وَصِبْيَانٌ ثُمَّ أَخْرَجَانِي مِنْهَا فَصَعِدَا بِي الشَّجَرَةَ فَأَدْخَلَانِي دَارًا هِيَ أَحْسَنُ وَأَفْضَلُ فِيهَا شُيُوخٌ وَشَبَابٌ قُلْتُ طَوَّفْتُمَانِي اللَّيْلَةَ فَأَخْبِرَانِي عَمَّا رَأَيْتُ قَالَا نَعَمْ أَمَّا الَّذِي رَأَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ

Maktaba Tul Ishaat.com

يُحَدِّثُ بِالْكَذْبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتَّى تَبْلُغَ الْآفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَالَّذِي رَأَيْتَهُ يُشْدَخُ رَأْسُهُ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللَّهُ الْقُرْآنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ فِيهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَالَّذِي رَأَيْتَهُ فِي الثَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَالَّذِي رَأَيْتَهُ فِي النَّهَرِ آكِلُوا الرِّبَا وَالشَّيْخُ فِي أَصْلِ الشَّجَرَةِ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهُ فَأَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِي يُوقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْأُولَى الَّتِي دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِينَ وَأَمَّا هَذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ وَأَنَا جِبْرِيلُ وَهَذَا مِيكَائِيلُ فَارْفَعْ رَأْسَكَ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا فَوْقِي مِثْلُ السَّحَابِ قَالَا ذَاكَ مَنْزِلُكَ قُلْتُ دَعَانِي أَدْخُلْ مَنْزِلِي قَالَا إِنَّهُ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَلَوِ اسْتَكْمَلْتَ أَتَيْتَ مَنْزِلَكَ.

ترجمہ: باب۔

حضرت سمرہ بن جندبؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کا معمول یہ تھا کہ جب کسی نماز سے فارغ ہوتے تو ہماری جانب متوجہ ہوتے اور یہ دریافت کرتے کہ کیا آج تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ راوی نے کہا کہ اگر کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ بیان کرتا اور نبی کریم ﷺ جو اللہ کو منظور ہوتا وہ فرماتے، ایک دن آپ ﷺ نے ہم سے دریافت کیا کہ کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ نہیں، تو آپ نے فرمایا کہ میں نے البتہ آج رات یہ خواب دیکھا کہ دو شخص میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے ارض مقدسہ کی جانب لے گئے، وہاں دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہے اور ایک شخص کھڑا ہے اور اس کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا ہے، امام بخاری کہتے ہیں کہ ہمارے بعض ساتھیوں نے موسیٰ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ وہ شخص اس آنکڑے کو اس کے گالوں میں اس طرح گھساتا ہے کہ وہ اس کی گدی تک پہنچ جاتا ہے پھر وہ اسی طرح دوسرے گال کے ساتھ بھی کرتا ہے اتنے میں اس کا یہ پہلا گال بھر جاتا ہے تو اس کے ساتھ پھر اسی طرح کرتا ہے میں نے دریافت کیا کہ یہ کیا ہے؟ ان دونوں نے کہا کہ آگے چلو، ہم چلے یہاں تک کہ ایک شخص کے پاس پہنچے جو اپنی گدی کے بل لیٹا ہوا ہے اور ایک شخص اس کے سر پر فہر یا صخرہ یعنی پتھر لئے ہوئے کھڑا ہے وہ اس سے اس کا سر کچل رہا ہے صورت یہ ہے کہ جب وہ اس کو مارتا ہے تو پتھر لڑھک جاتا ہے پھر وہ اس کو اٹھانے کے لئے جاتا ہے اور اس کے پاس واپس نہیں آپاتا کہ اتنے میں اس کا سر مل جاتا (یعنی اس کے سر کا زخم بھر جاتا ہے) ہے اور پہلے کی طرح ہو جاتا ہے وہ اس کے پاس آتا ہے اور پھر مارتا ہے میں نے پوچھا کہ یہ کون ہے انہوں نے کہا کہ چلو، تو ہم تنور کے مثل ایک سوراخ کی طرف چلے اس کا اوپر والا حصہ تنگ تھا اور نیچے کا حصہ وسیع تھا اس کے نیچے آگے دہک رہی تھی جب آگ قریب ہوتی تو وہ اوپر ہو جاتے یہاں تک کہ نکلنے کے قریب ہو جاتے اور جب بجھتی تو واپس اسی میں لوٹ جاتے اس میں برہنہ مرد و عورت تھے میں نے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ چلو، ہم چلے یہاں تک کہ ایک خون کی نہر پر پہنچے اس میں دیکھا کہ ایک شخص نہر کے درمیان میں کھڑا ہے اور ایک دوسرا شخص ہے جس کے

Maktaba Tul Ishaat.com

سامنے پتھر ہیں تو وہ شخص جو نہر میں ہے آگے آتا ہے اور باہر نکلنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ شخص اس کے منہ پر پتھر پھینک کر مارتا ہے اور اسے اسی جگہ پہنچا دیتا ہے جہاں وہ تھا پس جب بھی وہ نکلنے کے لئے آتا ہے وہ اس کے منہ پر پتھر پھینک کر مارتا ہے جس سے وہ اسی جگہ واپس جا پڑتا ہے جہاں تھا میں نے سوال کیا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ چلو، ہم چلے یہاں تک کہ ایک سبز باغ آیا اس مین ایک بڑا درخت تھا اور اس کی جڑ میں ایک شیخ تھے اور کچھ بچے اور درخت کے قریب ایک شخص تھا جس کے سامنے آگ تھی جسے وہ سلگا رہا تھا تو وہ دونوں مجھے لیکر درخت پر چڑھے اور مجھے ایسے گھر میں داخل کیا جس سے اچھا گھر میں نے کبھی نہیں دیکھا اس میں بہت سے مرد بوڑھے وجوان عورتیں اور بچے تھے پھر انہوں نے مجھے اس سے نکالا اور مجھے لیکر درخت پر چڑھے اور ایک گھر میں داخل کیا جو پہلے والے سے زیادہ حسین اور زیادہ بہتر تھا اس میں بھی بوڑھے اور نوجوان تھے۔

میں نے کہا کہ تم دونوں نے مجھے رات بھر گھمایا اب مجھے اس کے بارے میں بتاؤ جو میں نے دیکھا انہوں نے جواب دیا کہ ہاں، دیکھو وہ شخص جس کو آپ نے دیکھا کہ اس کا گلا چیرا جا رہا ہے وہ جھوٹا ہے وہ شخص جھوٹ بولتا تھا اور اس کا جھوٹ لوگ نقل کرتے تھے یہاں تک کہ وہ دور دراز تک پہنچتا تھا اس کے ساتھ تا قیامت یہی معاملہ کیا جاتا رہے گا، اور جس کو آپ نے دیکھا کہ اس کا سر کچلا جا رہا ہے وہ ایسا شخص ہے جسے اللہ نے قرآن سکھایا مگر وہ رات کو اس سے غافل ہو کر سویا اور دن میں اس پر عمل نہیں کیا اس کے ساتھ بھی قیامت تک یہی معاملہ جاری رہے گا، اور سوراخ میں جن کو دیکھا تھا وہ زانی ہیں، اور نہر میں جس کو دیکھا وہ سود خور ہے، اور درخت کی جڑ میں جو شیخ تھے وہ حضرت ابراہیمؑ ہیں اور ان کے آس پاس جو بچے دیکھے وہ لوگوں کی نابالغ اولاد ہیں اور جو آگ سلگا رہا ہے وہ جہنم کا داروغہ مالک ہے اور پہلا گھر جس میں آپ داخل ہوئے عام ایمان والوں کا گھر ہے اور یہ گھر شہداء کا ہے میں جبریل ہوں اور یہ میکائیل ہے اور ذرا آپ اپنا سر اٹھائیں میں نے اپنا سر اٹھایا تو دیکھا کہ میرے اوپر بادل کی طرح کوئی چیز ہے انہوں نے کہا کہ یہ آپ کا مقام ہے میں نے کہا کہ مجھے اپنے گھر میں داخل ہونے دو، انہوں نے جواب دیا کہ آپ کی عمر باقی ہے جسے آپ نے پورا نہیں کیا جب آپ اسے پورا کر لیں گے تو اپنے مقام میں آ جائیں گے۔

تشریح: یہ باب بلا ترجمہ کالفصل من الباب السابق ہے اور امام بخاری نے حضرت سمرہ بن جندبؓ کی روایت اس باب میں ذکر فرمائی ہے اس کی وجہ اور ترجمہ کے ساتھ مناسبت کی طرف میں اشارہ کر چکا ہوں۔

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ: حضرت سمرہ بن جندبؓ کی یہ حدیث امام بخاری نے دس جگہ پر تخریج فرمائی ہے، مکمل صرف دو جگہ ذکر فرمائی ہے ایک یہاں اور دوسرے کتاب التعبیر کے آخر میں، باقی جگہوں پر مختصراً ذکر کی ہیں، اسی طرح اس حدیث کی امام احمد، ابن خزیمہ اور ابن حبان نے بھی تخریج فرمائی ہے۔

فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب نماز پڑھ لیتے تو ہماری طرف چہرہ کرکے بیٹھ جاتے اور فرماتے تھے مَنْ رَأَى مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا؟ کیا آج رات تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ اگر کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ بیان

Maktaba Tul Ishaat.com

کرتا اور اللہ تعالیٰ جو چاہتے آپ اس کی تعبیر بیان فرماتے، ایک دن آپ نے سوال کیا فرمایا کہ تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ ہم نے کہا نہیں، فرمایا کہ میں نے آج کی رات خواب میں دیکھا کہ دو آدمی میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑ کر لے چلے ارض مقدسہ کی جانب۔

إِلَى الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ: ممکن ہے کہ کوئی ارض مقدسہ مراد ہو اور یا بیت المقدس ہو۔

فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهِ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ: ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا اور دوسرا کھڑا تھا اس کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا تھا۔

قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا عَنْ مُوسَى كَلُّوبٌ: اس کے آگے امام بخاری نے استاذ موسیٰ بن اسماعیل سے کسی وجہ سے نہیں سنا اس لئے اپنی طرف سے نقل کرنے کے بجائے جس ساتھی سے سن کر نقل کیا ہے اس کا حوالہ دے رہے ہیں، فرماتے ہیں قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا عَنْ مُوسَى كَلُّوبٌ یعنی میرے بعض ساتھیوں نے بتلایا کہ بیدہ کے بعد میرے استاذ موسیٰ بن اسماعیل نے کَلُّوب کا لفظ کہا۔

كَلُّوبٌ: بفتح الكاف وتشديد اللام المضمومة، کلّوب کہتے ہیں آنکڑے کو، وہ لوہا جس کا منھ کھلا ہوا ہوتا ہے جس سے ہانڈی سے گوشت نکالا جاتا ہے۔

بِفِهْرٍ أَوْ صَخْرَةٍ: فہر وہ پتھر جو مٹھی میں آجائے اور صخرہ مطلق پتھر کو کہتے ہیں۔

قال يزيد بن هارون، إلخ: بخاری کہتے ہیں کہ یزید بن ہارون اور وہب بن جریر نے یہ روایت جریر ابن حازم سے نقل کی تو بجائے عَلَى وَسَطِ النَّهَرِ کے وَعَلَى شَطِّ النَّهَرِ نقل کیا، نہر کے کنارہ پر ایک آدمی تھا جس کے سامنے پتھر پڑے ہوئے تھے۔

امام بخاری کی یہ عادت ہے کہ جب کسی روایت میں کوئی موہوم لفظ واقع ہوجاتا ہے تو اس کے بعد اصل صواب پر مطلع کیا کرتے ہیں، یہاں یہ روایت موسیٰ بن اسماعیل نے جب جریر بن حازم سے نقل کی تو عَلَى وَسَطِ النَّهَرِ نقل کردیا، لیکن ان کے دوسرے تلامذہ یزید بن ہارون اور وہب بن جریر یہی روایت جب جریر بن حازم سے نقل کرتے ہیں تو وَعَلَى شَطِّ النَّهَرِ نقل کرتے ہیں، اور بخاری کے نزدیک یہی صواب ہے اس لئے امام بخاری نے لفظ موہوم کے بعد لفظ صواب ذکر فرمادیا۔

بعض علماء نے عَلَى وَسَطِ النَّهَرِ کی توجیہ کی ہے کہ وسط کا اطلاق کبھی تو عرض کے وسط پر ہوتا ہے اور کبھی

Maktaba Tul Ishaat.com

طول کے وسط پر ہوتا ہے اور یہاں یہی مراد ہے، مطلب یہ ہے کہ اس کا جو طول تھا اس طول کے بیچ میں وہ شخص کھڑا تھا اب اس صورت میں کھڑے ہونے والے کا نہر میں ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ وہ تو نہر کے باہر بھی ہو سکتا ہے البتہ اِدھر بھی اتنا ہی حصہ اور اُدھر بھی اتنا ہی حصہ اور وہ دونوں کے بیچ میں تھا۔

مگر ظاہر یہ ہے کہ وَعَلٰی شَطِّ النَّهرِ ہی صواب ہے اور وسط نہر کا لفظ اوہام میں سے ہے۔

بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ: اس کے آگے کچھ پتھر تھے، وہ آدمی جو نہر میں تھا جب نکلنا چاہتا تو یہ باہر سے اس کو ایک پتھر مارتا اس کے منھ میں، فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ جہاں ہوتا وہیں لوٹا دیتا جب آتا نکلنے کے لئے تو اس کے منھ پر ایک پتھر دے دیتا وہ لوٹ جاتا، میں نے کہا کہ یہ کیا ہے؟ کہنے لگے کہ آگے چلو ہم چلے۔

یہاں تک کہ آئے ایک باغ تک جو سرسبز وشاداب تھا اس میں ایک بڑا درخت تھا اور اس کی جڑ میں ایک بڑے میاں اور کچھ بچے تھے اور ایک آدمی ان کے قریب ہی جس کے سامنے آگ تھی اس کو بھڑکا رہا تھا، مجھے لیکر وہ اس درخت پر چڑھ گئے اور مجھے ایک گھر میں داخل کیا اور اس سے بہتر تو میں نے دیکھا ہی نہیں اس میں کچھ لوگ تھے بوڑھے اور جوان اور عورتیں اور بچے، اور پھر مجھے وہاں سے اور اوپر لیکر چڑھے درخت کے اوپر اور داخل کیا مجھے ایک دار میں جو اس سے بھی احسن اور افضل تھا اس میں کچھ شیوخ اور کچھ شباب جوان تھے میں نے کہا کہ تم نے رات بھر مجھے گشت کرایا یہ تو بتلاؤ کہ کیا میں نے دیکھا؟ کہا کہ اچھا سنو!

جس کا گال پھاڑا جارہا تھا وہ تو جھوٹا ہے جو جھوٹ بات بولتا ہے یہاں تک کہ دنیا میں اس کی بات پہنچ جاتی ہے تا قیامت اس کے ساتھ یہی کیا جائے گا۔

اور جس کو تم نے دیکھا کہ اس کا سر کچلا جارہا تھا یہ وہ شخص ہے جس کو حق تعالیٰ نے قرآن کی دولت دی اور وہ اس سے اعراض کر کے رات میں سو گیا اور اسی روایت کے بعض طرق میں ہے نام عن الصلوة المكتوبة صلوۃ مکتوبہ کو چھوڑ کر سو گیا ولم يعمل فيه بالنهار اور دن میں اس پر عمل نہیں کیا قیامت تک اس کے ساتھ یہی کیا جاتا رہے گا۔

اور جس کو تم نے سوراخ میں دیکھا وہ زانی لوگ ہیں۔

اور جس کو تم نے نہر میں دیکھا وہ سود کھانے والا ہے سود کھانے والا خون کی نہر میں تھا اس لئے کہ وہ سودی مال لے لیکر کے لوگوں کا خون چوستا ہے لہذا یہ بات اس کے حق میں خون کی نہر بن جائے گی اور اسی سے اس کو

Maktaba Tul Ishaat.com

عذاب دیا جائے گا۔

اور وہ بڑے میاں جو درخت کی جڑ میں تھے وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور جو بچے ان کے اطراف میں تھے وہ لوگوں کی اولاد تھی۔

یہ ہے مقصود بالترجمہ لوگوں کی اولاد؛ علی العموم مشرکین ومؤمنین سب کی اولاد کو شامل ہے، معلوم ہوا کہ اولاد مسلمین کے ساتھ ساتھ اولاد مشرکین بھی جنت میں ہوں گی، اور جو آگ بھڑکا رہا تھا وہ مالک تھا خازن نار تھا اور دارِ اولیٰ جس میں تم داخل ہوئے وہ عامۃ المسلمین کا مکان ہے اور یہ دار دارِ شہداء ہے اور میں جبرئیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں، سر اٹھایئے میں نے سر اٹھایا تو میرے اوپر بادل جیسا ایک مکان تھا فرمانے لگے کہ یہ تمہاری منزل ہے میں نے کہا کہ چھوڑو میں داخل ہو جاؤں فرمایا کہ ابھی آپ کی عمر باقی ہے پوری نہیں ہوئی ہے اگر عمر پوری ہوگئی ہوتی تو آپ اپنی منزل میں تشریف لے جاتے۔

(ص ١٨٦) بَابُ مَوْتِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ

١٣٨٧. حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ فِي كَمْ كَفَّنْتُمُ النَّبِيَّ ﷺ؟ قَالَتْ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ بِيضٍ سَحُولِيَّةٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ وَقَالَ لَهَا فِي أَيِّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ؟ قَالَتْ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ قَالَ فَأَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟ قَالَتْ يَوْمُ الِاثْنَيْنِ قَالَ أَرْجُو فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَ اللَّيْلِ فَنَظَرَ إِلَى ثَوْبٍ عَلَيْهِ كَانَ يُمَرَّضُ فِيهِ بِهِ رَدْعٌ مِنْ زَعْفَرَانٍ فَقَالَ اغْسِلُوا ثَوْبِي هَذَا وَزِيدُوا عَلَيْهِ ثَوْبَيْنِ فَكَفِّنُونِي فِيهَا قُلْتُ إِنَّ هَذَا خَلَقٌ قَالَ إِنَّ الْحَيَّ أَحَقُّ بِالْجَدِيدِ مِنَ الْمَيِّتِ إِنَّمَا هُوَ لِلْمُهْلَةِ فَلَمْ يُتَوَفَّ حَتَّى أَمْسَى مِنْ لَيْلَةِ الثُّلَاثَاءِ وَدُفِنَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ.

ترجمہ: باب، دوشنبہ کو وفات کی فضیلت کا بیان۔

حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ میں حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئی تو انہوں نے یہ پوچھا کہ تم نے نبی کریم ﷺ کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا تھا؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا کہ تین سفید کپڑوں میں جو کہ سحول نامی مقام کے بنے ہوئے تھے، ان میں قمیص اور عمامہ نہیں تھا، حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عائشہؓ سے دوسری بات یہ پوچھی کہ رسول اللہ ﷺ کا وصال کس دن ہوا تھا؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا کہ دوشنبہ کو، حضرت ابوبکرؓ نے پھر یہ معلوم کیا کہ آج کون سا دن ہے؟ تو حضرت عائشہؓ نے جواب دیا کہ دو

Maktaba Tul Ishaat.com

شنبہ، حضرت ابو بکرؓ نے فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ میں رات سے پہلے پہلے گزر جاؤں گا اس کے بعد انہوں نے ایک کپڑے پر نظر ڈالی جس میں ان کی تیارداری کی جاتی تھی اس پر زعفران کا داغ لگا ہوا تھا تو فرمایا کہ میرا یہ کپڑا دھودو، اس میں دو کپڑے اور ملا کر مجھے ان میں کفن دینا، میں نے کہا کہ یہ تو پرانا ہے، تو فرمایا کہ زندہ شخص میت کی بہ نسبت نئے کپڑے کا زیادہ مستحق ہے، مردے کا کپڑا تو خون اور پیپ میں خراب ہونے کے لئے ہے لیکن حضرت ابو بکرؓ کا وصال نہیں ہوا یہاں تک کہ منگل کی شام آگئی اور صبح ہونے سے پہلے دفن کر دیئے گئے۔

تشریح: علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ موت یوم جمعہ کی فضیلت کے سلسلہ میں ایک روایت ہے **من مات يوم الجمعة أو ليلتها وقي فتان القبر** جو آدمی جمعہ کے دن یا رات میں مر جائے تو وہ فتان قبر یعنی قبر میں سوال کرنے والوں کے فتنہ سے بچ جایا کرتا ہے، مگر وہ روایت امام بخاری کی شرط کے مطابق نہیں تھی لہذا انہوں نے اس روایت کی ترجیح کی طرف اشارہ کر دیا جو ان کی شرط کے مطابق ہے اور وہ ہے موت یوم اثنین کہ سید الرسل فخر عالم ﷺ کی وفات دوشنبہ کے دن ہوئی، اور حضرت صدیق اکبرؓ نے بھی اس دن مرنے کی تمنا اور خواہش ظاہر کی، معلوم ہوا کہ دوشنبہ کے دن کی موت بڑی فضیلت والی ہے، واقعہ یہ ہے کہ سید الانبیاء کی موت جس دن بھی ہو اس دن میں مرنا ہے بڑی فضیلت کی چیز۔

حضرت اقدس (مولانا اسعد اللہ) ناظم صاحبؒ جب سخت بیمار ہو جاتے تو یہ ضرور پوچھ لیتے کہ آج کون سا دن ہے؟ کبھی فرماتے تھے کہ میری پیدائش بھی دوشنبہ کو ہے اور ان شاء اللہ وفات بھی دوشنبہ ہی کو ہوگی اور واقع میں دوشنبہ کی رات میں حضرت کی وفات ہوئی۔

اور ہو سکتا ہے کہ اس ترجمہ سے امام بخاری نے تمنائے موت یوم اثنین کی ترغیب کی طرف اشارہ کیا ہو اور ممکن ہے کہ جواز بیان کیا ہو۔

دَخَلْتُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ: حضرت صدیق اکبرؓ کے پاس حضرت عائشہؓ داخل ہوئیں فرمایا کہ تم نے نبی اکرم ﷺ کو کے کپڑوں میں کفن دیا تھا؟ انہوں نے کہا کہ تین سفید سحولی کپڑوں میں جس میں قمیص اور عمامہ داخل نہیں تھا، فرمایا کہ کس دن میں حضور ﷺ کی وفات ہوئی؟ کہنے لگیں کہ دوشنبہ کے دن، فرمایا کہ آج کون سا دن ہے؟ کہنے لگیں کہ دوشنبہ کا دن، فرمایا أرْجُو فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَ اللَّيْلِ مجھے بھی امید ہے کہ اس وقت سے رات آنے تک میری وفات ہوگی لیکن حضرت صدیق اکبرؓ کی دوشنبہ کو وفات نہیں ہوئی بلکہ منگل کی رات

Maktaba Tul Ishaat.com

میں وفات ہوئی جیسا کہ آگے تصریح آرہی ہے۔

حضرت رسول پاک ﷺ کی وفات دوشنبہ کے دن ہوئی اور صدیق اکبرؓ تھے حضور کے خلیفہ اور دو سال خلافت رہی ان کی، تو ذرا ان کی موت میں فصل ہونا چاہیے تھا اس لئے دوشنبہ کے بجائے اگلی متصل منگل والی رات میں ان کا وصال ہوگیا۔

فَنَظَرَ إِلَى ثَوْبٍ عَلَيْهِ كَانَ يُمَرَّضُ فِيهِ: انہوں نے ایک کپڑے کی طرف نظر کی جس میں ان کی تیمارداری کی جاتی تھی اس میں زعفران کا کچھ اثر تھا، دوا دوا کے سلسلہ میں کہیں لگ گیا ہوگا، فرمایا کہ میرا یہ کپڑا دھو کر اس پر دو کپڑوں کا اور اضافہ کر دو اور اس میں مجھے کفن دے دینا، حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنے تکفین کے لئے غسیل کپڑے کو منتخب کیا حالانکہ حدیث میں ہے إِذَا كَفَّنَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُحَسِّنْ كَفَنَهُ اگر کوئی آدمی کفن دے تو اس کا کفن اچھی طرح ہونا چاہیے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تکفین میں تحسین ملحوظ ہونی چاہیے تو حضرت صدیق اکبرؓ نے غسیل دھوئے ہوئے کپڑے کو کیوں اختیار کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ صدیق اکبرؓ نے اپنا حق چھوڑ دیا اس میں کیا اشکال کی بات ہے۔

قُلْتُ إِنَّ هٰذَا خَلَقٌ: میں نے کہا کہ یہ تو پرانا ہے قَالَ إِنَّ الْحَيَّ أَحَقُّ بِالْجَدِيدِ فرمایا زندہ آدمی نئے کپڑے کا زیادہ حقدار ہے۔

إِنَّمَا هُوَ لِلْمُهْلَةِ: ھو کی ضمیر جدید کی طرف راجع ہے۔

اور مَهْلة اگر بفتح المیم وسکون الھاء ہے تب تو اس کے معنی ہیں کہ نیا کپڑا اس شخص کے لئے ہے جس کو اس دنیا میں کچھ مہلت ملنے والی ہو، اور جو ختم ہو رہا ہو اسے کیا ضرورت ہے نئے کی۔

اور اگر یہ مُهْلة بضم المیم ہے یا مِهْلة بکسر المیم ہے تو اس سے مراد ہے پیپ اور ضمیر ھُوَ لوٹے گی کفن کی طرف، مطلب یہ ہے کہ یہ کفن تو پیپ اور لہو کے لئے ہے، زمین میں بدن سڑ گل جائے گا، کیا ضرورت ہے نئے کپڑے کی۔

خلاصہ یہ ہے کہ ھو ضمیر میں دو احتمال ہیں، یا جدید کی طرف عائد ہے یا کفن کی طرف، اگر جدید کی طرف عائد ہے تو مَهْلة ہے بمعنی مہلت اور تراخی، اور اگر یہ ضمیر عائد ہے کفن کی طرف تو یہ مُهْلة یا مِهْلة ہے پیپ کے معنی میں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَلَمْ يَتَوَفَّ: ان کی وفات نہیں ہوئی حتی کہ شام ہوگئی یعنی منگل کی رات داخل ہوگئی پھر وفات ہوئی، ۲۲ جمادی الاخری سن ۱۳ھ میں حضرت صدیق اکبرؓ کی وفات ہوئی اور صبح سے پہلے پہلے ان کے دفن سے لوگوں کو فراغت ہوگئی۔

(ص ۱۸٦) بَابُ مَوْتِ الْفُجَاءَةِ بَغْتَةً

١٣٨٨ . حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَأَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَهَلْ لَهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ نَعَمْ.

ترجمہ: باب، ناگہانی موت کا بیان۔

حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ ایک شخص نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ میری ماں کا انتقال اچانک ہوگیا میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کو کلام کرنے کا موقع ملتا تو وہ صدقہ کرتیں، تو اب اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا اس میں ان کو اجر ملے گا؟ آپ ﷺ نے جواب دیا کہ ہاں۔

تشریح: کشمیہنی کی روایت میں بَغْتَةً ہے اور عام روایت میں الْبَغْتَةِ ہے، یہ بدل ہے الفجاءۃ سے، فجاءۃ کہتے ہیں اچانک کو، اچانک موت واقع ہو جانا، امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ابوداؤد کی ایک روایت کی طرف اشارہ کیا ہے مَوْتُ الْفَجْأَةِ أَخْذَةُ أَسِفٍ اچانک کی موت غضب کی گرفت ہے، اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر ہارٹ فیل ہو جائے یا اچانک کوئی مر جائے تو یہ موت اچھی نہیں ہے، امام بخاری نے اس کی تردید کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور یہ بتلایا ہے کہ بغتۃً اور فجاۃً موت ہو جانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی کراہت ہے اس لئے کہ جب رسول اکرم ﷺ کو ایک شخص نے آکر یہ اطلاع دی إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا میری والدہ اچانک وفات پاگئی تو حضرت سرکار دوعالم ﷺ نے اس پر کوئی ناگواری نہیں فرمائی، معلوم ہوا کہ بغتۃً اور فجاۃً موت ہو جانے میں کوئی عیب نہیں ہے۔

علماء نے لکھا ہے کہ بعض انبیاء کی بھی موتیں بغتۃً اور اچانک ہوئی ہیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں بھی نقل کیا جاتا ہے لیکن اہل کتاب ان کے بارے میں تمریض کا صیغہ نقل کرتے ہیں، حضرت

Maktaba Tul Ishaat.com

سلیمانؑ کے بارے میں بھی اسی طرح کی بات نقل کی گئی ہے، مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت عائشہؓ اور حضرت ابن مسعودؓ سے منقول ہے مَوْتُ الْفَجْأَةِ رَاحَةٌ لِلْمُؤْمِنِ وَأَسَفٌ عَلَى الْفَاجِرِ اچانک کی موت کافر کے لئے تو غضب کی گرفت ہے اور مؤمن کے لئے راحت ہے کہ دنیا کی جنجال سے اور یہاں کی تکالیف سے نجات پا جاتا ہے، اس سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ ابوداؤد کی حدیث میں موت الفجأة کو جو اخذة اسف قرار دیا گیا ہے یہ عام نہیں بلکہ خاص ہے، کافر شخص کے بارے میں ہے۔

بعض علماء ارشاد فرماتے ہیں: ہو سکتا ہے کہ امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے اس بات پر تنبیہ کی ہو کہ اگر کسی آدمی کا اچانک انتقال ہو جائے تو اس کی طرف سے کچھ صدقہ وغیرہ کیا جائے کیوں کہ اچانک انتقال میں بعض اوقات بعض حقوق ایسے ذمہ میں رہ جاتے ہیں جس کا لوگوں کو پتہ نہیں ہوتا میت ہی کو پتہ ہوتا ہے، امام احمد اور بعض شافعیہ غالباً اسی وجہ سے موت فجاءہ کو ناپسند کیا کرتے تھے اس لئے کہ بعض وقت کسی کا حق رہتا ہے اس کی وصیت کرنی ہوتی ہے اور بعض وقت کوئی اور چیز اس کے ذمہ باقی رہ جاتی ہے۔

إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا: یہ رجل سعد بن عبادہؓ ہیں اور ان کی والدہ کا نام عمرہ ہے ان کی وفات سن ۵ھ میں ہوئی ہے کما ذکرہ ابن عبدالبر۔

(ص ١٨٦) بَابُ مَا جَاءَ فِي قَبْرِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ ﴿فَأَقْبَرَهُ﴾ أَقْبَرْتُ الرَّجُلَ أُقْبِرُهُ إِذَا جَعَلْتَ لَهُ قَبْرًا، وَقَبَرْتُهُ دَفَنْتُهُ ﴿كِفَاتًا﴾ يَكُونُونَ فِيهَا أَحْيَاءً وَيُدْفَنُونَ فِيهَا أَمْوَاتًا.

١٣٨٩. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ عَنْ هِشَامٍ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَرْوَانَ يَحْيَى بْنُ أَبِي زَكَرِيَّاءَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لَيَتَعَذَّرُ فِي مَرَضِهِ أَيْنَ أَنَا الْيَوْمَ أَيْنَ أَنَا غَدًا اسْتِبْطَاءً لِيَوْمِ عَائِشَةَ فَلَمَّا كَانَ يَوْمِي قَبَضَهُ اللَّهُ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي وَدُفِنَ فِي بَيْتِي.

١٣٩٠. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ هِلَالٍ هُوَ الْوَزَّانُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فِي مَرَضِهِ الَّذِي لَمْ يَقُمْ مِنْهُ لَعَنَ اللَّهُ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ

Maktaba Tul Ishaat.com

مَسَاجِدَ لَوْلَا ذَلِكَ أُبْرِزَ قَبْرُهُ غَيْرَ أَنَّهُ خَشِيَ أَوْ خُشِيَ أَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا وَعَنْ هِلَالٍ قَالَ كَنَّانِي عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَلَمْ يُولَدْ لِي.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ سُفْيَانَ التَّمَّارِ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ رَأَى قَبْرَ النَّبِيِّ ﷺ مُسَنَّمًا.

حَدَّثَنَا فَرْوَةُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ لَمَّا سَقَطَ عَلَيْهِمُ الْحَائِطُ فِي زَمَانِ الْوَلِيدِ ابْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ أَخَذُوا فِي بِنَائِهِ فَبَدَتْ لَهُمْ قَدَمٌ فَفَزِعُوا وَظَنُّوا أَنَّهَا قَدَمُ النَّبِيِّ ﷺ فَمَا وَجَدُوا أَحَدًا يَعْلَمُ ذَلِكَ حَتَّى قَالَ لَهُمْ عُرْوَةُ لَا وَاللهِ مَا هِيَ قَدَمُ النَّبِيِّ ﷺ مَا هِيَ إِلَّا قَدَمُ عُمَرَ.

۱۳۹۱. وَعَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَوْصَتْ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ لَا تَدْفِنِّي مَعَهُمْ وَادْفِنِّي مَعَ صَوَاحِبِي بِالْبَقِيعِ لَا أُزَكَّى بِهِ أَبَدًا.

۱۳۹۲. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ اذْهَبْ إِلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا فَقُلْ يَقْرَأُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْكِ السَّلَامَ ثُمَّ سَلْهَا أَنْ أُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيَّ قَالَتْ كُنْتُ أُرِيدُهُ لِنَفْسِي فَلَأُوثِرَنَّهُ الْيَوْمَ عَلَى نَفْسِي فَلَمَّا أَقْبَلَ قَالَ لَهُ مَا لَدَيْكَ؟ قَالَ أَذِنَتْ لَكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ مَا كَانَ شَيْءٌ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ ذَلِكَ الْمَضْجَعِ فَإِذَا قُبِضْتُ فَاحْمِلُونِي ثُمَّ سَلِّمُوا ثُمَّ قُلْ يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَإِنْ أَذِنَتْ لِي فَادْفِنُونِي وَإِلَّا فَرُدُّونِي إِلَى مَقَابِرِ الْمُسْلِمِينَ إِنِّي لَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَحَقَّ بِهَذَا الْأَمْرِ مِنْ هَؤُلَاءِ النَّفَرِ الَّذِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ فَمَنِ اسْتَخْلَفُوا بَعْدِي فَهُوَ الْخَلِيفَةُ فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا فَسَمَّى عُثْمَانَ وَعَلِيًّا وَطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرَ وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ وَسَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ وَوَلَجَ عَلَيْهِ شَابٌّ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَبْشِرْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بِبُشْرَى اللهِ كَانَ لَكَ مِنَ الْقَدَمِ فِي الْإِسْلَامِ مَا قَدْ عَلِمْتَ ثُمَّ اسْتُخْلِفْتَ فَعَدَلْتَ ثُمَّ الشَّهَادَةُ بَعْدَ هَذَا كُلِّهِ فَقَالَ لَيْتَنِي يَا ابْنَ أَخِي وَذَلِكَ كَفَافًا لَا عَلَيَّ وَلَا لِي أُوصِي الْخَلِيفَةَ مِنْ بَعْدِي بِالْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ خَيْرًا أَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ وَأَنْ يَحْفَظَ لَهُمْ حُرْمَتَهُمْ وَأُوصِيهِ بِالْأَنْصَارِ خَيْرًا الَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ أَنْ يُقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيُعْفَى عَنْ مُسِيئِهِمْ وَأُوصِيهِ بِذِمَّةِ اللهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ ﷺ أَنْ يُوفَى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ وَأَنْ

Maktaba Tul Ishaat.com

لَا يُكَلَّفُوا فَوْقَ طَاقَتِهِمْ.

ترجمہ: باب، نبی کریم ﷺ، حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کی قبروں کے بارے میں جو وارد ہوا اس کا بیان۔

سورۂ عبس میں جو ﴿فَأَقْبَرَهُ﴾ ہے تو تم أَقْبَرْتُ الرَّجُلَ اس وقت کہو گے جب تم نے اس کے لئے قبر بنائی ہو اور قَبَرْتُهُ کے معنی یہ ہیں کہ میں نے اسے دفن کیا، سورۂ مرسلات میں جو ﴿كِفَاتًا﴾ آیا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ زندگی بھی زمین میں گزارتے ہیں اور مرنے کے بعد دفن بھی زمین ہی میں کئے جاتے ہیں۔

حضرت عائشہؓ نے روایت بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ اپنے مرض الوفات میں معذرت کے طور پر فرماتے تھے کہ آج میں کہاں رہوں گا کل میں کہاں رہوں گا؟ حضرت عائشہؓ کی باری کے دن کو دور سمجھتے ہوئے تو جب میری باری کا دن آیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس وقت اپنے پاس بلایا جب آپ میرے پہلو اور سینے کے بیچ میں تھے اور میرے گھر میں دفن کئے گئے۔

حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اس مرض میں کہ جس میں آپ صحت یاب نہیں ہوئے فرمایا یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہے انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنایا، اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ کی قبر ظاہر کی جاتی لیکن آپ کو اندیشہ ہوا یا لوگوں کو ڈر ہوا کہ آپ کی قبر کو سجدہ گاہ نہ بنا لیا جائے، اس حدیث کے راوی ہلال نے کہا کہ عروہ بن زبیر نے میری کنیت رکھی حالانکہ اس وقت میرے کوئی اولاد نہیں تھی۔

ابو بکر بن عیاش سے روایت ہے کہ ان سے سفیان تمار نے بیان کیا کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کو ہان نما دیکھی۔ ہشام بن عروہ نے اپنے والد سے روایت بیان کی کہ جب ولید بن عبد الملک کے زمانے میں (حجرۂ عائشہ کی) دیوار گری تو انہوں نے اس کی تعمیر شروع کی، ان کو ایک پاؤں نظر آیا وہ گھبرائے اور انہوں نے سمجھا کہ یہ نبی کریم ﷺ کا قدم مبارک ہے لیکن کوئی ایسا شخص میسر نہیں آیا جو اس کو جانتا ہو یہاں تک کہ لوگوں سے عروہ بن زبیر نے کہا کہ اللہ کی قسم یہ نبی کریم ﷺ کا قدم مبارک نہیں اور یہ حضرت عمرؓ کا پاؤں ہے۔

حضرت عائشہؓ نے عبد اللہ بن زبیرؓ کو وصیت کی کہ مجھے ان (نبی کریم ﷺ اور حضرت ابو بکر و عمر) کے ساتھ دفن نہ کرنا بلکہ مجھے میری ساتھ والیوں یعنی ازواج مطہرات کے پاس بقیع میں دفن کرنا، میں یہ کبھی بھی نہیں چاہوں گی کہ یہاں دفن ہونے کی وجہ سے میری تعریف کی جائے۔

حضرت عمر بن الخطابؓ نے اپنے فرزند عبد اللہؓ سے کہا کہ ام المؤمنین عائشہؓ کی خدمت میں جاؤ اور یہ کہو کہ عمر بن خطاب آپ کو سلام کہتے ہیں اس کے بعد یہ پوچھو کہ کیا میں اپنے دونوں بزرگوں کے ساتھ دفن ہو سکتا ہوں؟ حضرت عائشہؓ نے کہا یہ وہ چیز ہے جسے میں اپنے لئے چاہتی تھی لیکن آج میں ان کو اپنے آپ پر ترجیح دیتی ہوں، جب عبد اللہؓ آئے تو حضرت عمرؓ نے معلوم کیا کہ کیا جواب لائے ہو، عبد اللہؓ نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! انہوں نے آپ کے لئے اجازت دے دی ہے حضرت عمرؓ نے کہا

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ میرے نزدیک اس جگہ دفن ہونے سے زیادہ اہم چیز کچھ نہیں ہے، تو جب میری روح قبض ہو جائے تو مجھے وہاں اٹھا کر لے جاؤ پھر سلام کرو اس کے بعد یہ کہو کہ عمر بن خطاب اجازت چاہتا ہے اگر وہ اجازت دیں تو مجھے وہاں دفن کرنا ورنہ مسلمانوں کے قبرستان میں لے جانا۔

میں خلافت کا مستحق ان لوگوں سے زیادہ کسی کو نہیں جانتا جن سے رسول اللہ ﷺ دنیا سے بحالت خوشنودی رخصت ہوئے تو میرے بعد یہ جماعت جسے خلیفہ بنائے وہی شخص خلیفہ ہوگا، اس کا حکم سنو اور اطاعت کرو، حضرت عمرؓ نے اس جماعت میں حضرت عثمانؓ، علیؓ، طلحہؓ، زبیرؓ، عبدالرحمن بن عوفؓ اور سعد بن ابی وقاصؓ کا نام لیا۔

اس دوران انصار کا ایک نوجوان داخل ہوا اس نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! اللہ کی بشارت سے خوش ہو جاؤ، اولا اسلام میں جو آپ کا مقام ہے وہ آپ جانتے ہی ہیں پھر آپ کو خلیفہ بنایا گیا اور آپ نے عدل کیا پھر اس سب کے بعد شہادت نصیب ہوئی، حضرت عمرؓ نے کہا کہ بھتیجے! میری آرزو تو یہ ہے کہ خلافت کے سلسلہ میں میرا معاملہ اس طرح برابر کر دیا جائے کہ نہ میرا مؤاخذہ ہو اور نہ ثواب دیا جائے۔

میں اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو مہاجرین اولین کے ساتھ بھلائی کرنے کی وصیت کرتا ہوں کہ ان کا حق پہچانے، ان کی عزت کا لحاظ رکھے، اسی طرح میں اسے انصار کے ساتھ خیر کا معاملہ کرنے کی وصیت کرتا ہوں جنھوں نے مدینہ منورہ اور ایمان دونوں کو اپنا گھر بنایا یعنی وطن کی طرح ایمان پر بھی ثابت قدم رہے کہ ان میں سے جو اچھائی کرنے والے ہیں ان کی اچھائیوں کو قبول کرے اور ان میں جو قصوروار ہوں ان کے قصور کو معاف کرے، میں اس کو اللہ اور اس کے رسول کے ذمہ کو نبھانے کی وصیت کرتا ہوں کہ ان (کافر ذمیوں) کے عہد کو پورا کیا جائے اور ان کی حفاظت کی لئے جنگ کی جائے اور ان پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے۔

تشریح: امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ اور صاحبین یعنی حضرت ابو بکر و عمرؓ کی قبر کی صفت کیا تھی؟ آیا مسنّم تھی یا غیر مسنّم؟ سفیان تمّار کی جو روایت مصنف نے نقل کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی قبر انور مسنّم کوہان نما تھی تو لامحالہ شیخین کی قبریں بھی ایسی ہی رہی ہوں گی۔

بہرحال اس مسئلہ میں اتفاق ہے کہ قبر کی تسنیم یعنی کوہان نما بنانا اور تسطیح یعنی مسطح بنا دینا دونوں جائز ہیں صرف اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اولیٰ وافضل کیا ہے؟

ائمۂ ثلاثہ ابو حنیفہ، مالک اور احمد فرماتے ہیں کہ افضل تسنیم ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام شافعی کے اس مسئلہ میں دو قول ہیں، ایک تسنیم کا قول جس کو قاضی حسین نے مجمع علیہا بتلا دیا ہے لیکن صحیح دوسرا قول تسطیح کا ہے جو شافعیہ کا مشہور قول ہے، اور وہ ابوداؤد کی ایک روایت سے استدلال کرتے ہیں قاسم بن محمد نے حضرت عائشہؓ سے کہا تھا یَا أُمَّهْ! اكْشِفِي لِي عَنْ قَبْرِ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَصَاحِبَيْهِ فَكَشَفَتْ لَهُ عَنْ ثَلَاثَةِ قُبُورٍ لَا مُشْرِفَةٍ وَلَا لَاطِئَةٍ مَبْطُوحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ، قاسم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے کہا اماں جان! حضور ﷺ اور حضرات صاحبین ابو بکر و عمرؓ کی قبریں ذرا کھول تو دیجئے، انہوں نے تین قبریں کھولیں نہ بلند تھیں اور نہ زمین سے لگی ہوئی تھیں انکے اوپر میدان کی سرخ کنکریاں بچھی ہوئی تھیں۔

لیکن اس حدیث سے تسطیح تصریحاً ثابت نہیں ہوتی ہے، بیہقی کہتے ہیں کہ اصل میں ابتداء میں مسطح تھیں اور جب حجرۂ انور کی دیوار گر گئی تب یہ مسنّم ہو گئیں لیکن اس کی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے اور رہا مَبْطُوحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ سے استدلال کرنا تو میں نے بتلا دیا کہ وہ نص فی المسألۃ نہیں ہے۔

فَأَقْبَرَهُ أَقْبَرْتُ الرَّجُلَ: أَقْبَرَ باب اِفعال سے آئے تو وہ قبر بنانے کے معنی میں ہے، اور جو مجرد سے آئے وہ دفن کرنے کے معنی میں ہے۔

كِفَاتًا: أی جامعًا۔

لَيَتَعَذَّرُ فِي مَرَضِهِ: اسی طرح ابوذر کی روایت میں ہے، اور مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ اپنے مرض الوفات میں بیت عائشہؓ کی طرف منتقل ہونے میں اپنے عذر کا اظہار کر رہے تھے اور عذر طلب کر رہے تھے، بظاہر آپ ﷺ اس بات کی طرف اشارہ کرنا چاہ رہے تھے کہ مجھے ان کے یہاں جانے کا انتظار ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے وہاں راحت پہونچے گی اور بعض نسخوں میں ہے لیتقدّر آپ اندازہ لگا رہے تھے۔

قَبَضَهُ اللهُ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي: سحر کہتے ہیں پھیپھڑے کو اور نحر کہتے ہیں گلے کو، مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ حضرت عائشہؓ کے سینہ پر اس دنیا سے تشریف لے گئے۔

وَدُفِنَ فِي بَيْتِي: یہ ہے مقصود بالترجمۃ، اس سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی قبر مبارک حضرت عائشہؓ کے بیت میں ہے۔

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ: اس روایت سے یہ بتلا دیا گیا کہ حضور ﷺ کی قبر کو حجرہ میں اس لئے مستور رکھا گیا تاکہ لوگ آپ کی قبر کے ساتھ مغالاۃ کا اور حد سے تجاوز کا معاملہ نہ کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَعَنْ هِلَالٍ قَالَ كَنَّانِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَلَمْ يُولَدْ لِي: امام بخاری اس کو ذکر کرکے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ہلال وزان نے عروہ بن زبیر سے سنا ہے اور ان سے ملاقات ثابت ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ: یہ آگئی وہ سفیان تمار والی روایت۔

لَمَّا سَقَطَ عَلَيْهِمُ الْحَائِطُ فِي زَمَانِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ: ولید بن عبد الملک مروانی کو جب خلافت ملی تو اس نے بہت سے کام کئے، ایک کام یہ کیا کہ دمشق میں جامع مسجد تعمیر کروائی، دوسرا کام یہ کیا کہ مسجد نبوی کی توسیع کروائی، جب توسیع کا فرمان بھیجا تو حجرات مبارکہ قریب تھے وہ اس میں شامل کئے جانے لگے اتفاق سے حجرۂ انور کی ایک دیوار گر گئی، دیوار کا گرنا تھا کہ ایک قدم نمودار ہو گیا، لوگ گھبرا گئے کہ کہیں حضور پاک ﷺ کا قدم مبارک نہ ہو، عروہ تشریف لائے انہوں نے دیکھا تو فرمایا کہ یہ تو حضرت عمرؓ کی قبر ہے ان کو ذرا نیچے کرکے دفن کیا گیا تھا، لمبے آدمی تھے اس لئے قبر پوری نہیں ہو رہی تھی تو ذرا دیوار کے حصہ کو کھود کرکے اس میں حضرت عمرؓ کو دفن کیا گیا اس لئے جب دیوار گری تو قدم مبارک کھل گیا۔

لَا تَدْفِنِّي مَعَهُمْ وَادْفِنِّي مَعَ صَوَاحِبِي بِالْبَقِيعِ: حضرت عائشہؓ نے اپنے بھانجے حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ سے فرمایا تھا کہ دیکھو مجھے حضور ﷺ اور ابو بکر و عمرؓ کے ساتھ دفن نہ کرنا بلکہ مجھے میری باقی صاحبات یعنی ازواج مطہرات کے ساتھ بقیع میں دفن کرنا۔

لَا أُزَكَّى بِهِ أَبَدًا: میں اس کے ذریعہ سے ہمیشہ ہمیشہ کی تعریف میں مبتلا ہو جاؤں یہ مجھے پسند نہیں، بڑی تواضع والی تھیں، فرمانے لگیں جس کا خلاصہ اور مطلب یہ ہے کہ اگر مجھے یہاں دفن کر دیا گیا تو لوگ یوں تعریف کریں گے کہ ایسی تھیں ویسی تھیں اور ان کو حضور ﷺ کے ساتھ دفن ہونے کا شرف نصیب ہوا وغیرہ وغیرہ، لہٰذا مجھے بقیع ہی میں دفن کرنا۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ: عمرو بن میمون اودی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ کو دیکھا کہ فرمایا اے عبد اللہ! جاؤ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کے پاس اور ان سے کہو کہ عمر بن خطاب آپ کو سلام کہہ رہے ہیں اور پھر ان سے یہ کہو کہ میں اپنے صاحبین کے ساتھ دفن ہونا چاہتا ہوں، انہوں نے حضرت عائشہؓ سے جاکر عرض کیا تو فرمانے لگیں كُنْتُ أُرِيدُهُ لِنَفْسِي فَلَأُوثِرَنَّهُ الْيَوْمَ عَلَى نَفْسِي میں نے یہ جگہ اپنے ہی لئے منتخب کی تھی لیکن اب میں انہیں ترجیح دیتی ہوں، جب ابن عمرؓ تشریف لائے تو حضرت عمرؓ شدت سے منتظر تھے پوچھا کیا خیر خبر ہے؟ تو فرمایا

Maktaba Tul Ishaat.com

أَذِنَتْ حضرت عائشہؓ نے اجازت دے دی، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اس خواب گاہ سے زیادہ کوئی چیز میرے نزدیک اس وقت اہم نہیں تھی، فرمایا کہ اچھا جب میری روح قبض کرلی جائے تو پھر لے جانا اور سلام کرنا اور پھر اجازت طلب کرنا اگر اجازت دیں تو دفن کرنا، یہ اس لئے فرمایا کہ ہوسکتا ہے زندگی میں حیا و شرم کی بناء پر اجازت دے دی ہو اور بعد میں رائے تبدیل ہوجائے۔

إِنِّي لَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَحَقَّ بِهٰذَا الْأَمْرِ: اب حضرت عمرؓ وصیت شروع فرمارہے ہیں، آپ خلافت کے مسئلہ میں سب سے پہلے وصیت کرگئے، یوں کہتے ہیں کہ مسئلہ خلافت میں سب سے زیادہ حقدار وہ جماعت ہے جن سے رسول اکرم ﷺ راضی ہونے کی حالت میں اس عالم سے تشریف لے گئے ہیں، جس کو یہ لوگ خلیفہ بنالیں وہی خلیفہ ہے اس کی بات مانو اور اطاعت کرو، اور اس کے بعد حضرت عثمان و علی، طلحہ وزبیر اور عبدالرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کے نام لئے اور اپنے بہنوئی حضرت سعیدؓ کا نام اس لئے نہیں لیا کہ وہ ان کے خاص عزیز تھے، اس کے بعد باتفاق رائے حضرت عثمانؓ کو خلیفۃ المسلمین منتخب کیا گیا۔

وَوَلَجَ عَلَيْهِ شَابٌّ مِنَ الْأَنْصَارِ: ایک جوان داخل ہوا فرمایا أَبْشِرْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ امیر المؤمنین بشارت قبول کیجئے كَانَ لَكَ مِنَ الْقِدَمِ فِي الْإِسْلَامِ پہلی بات تو یہ کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے آپ کو اسلام میں سبقت سے نوازا یعنی آپ ابتداء امر ہی میں مسلمان ہوگئے ثُمَّ اسْتُخْلِفْتَ پھر اس کے بعد تم کو خلافت عطا کی گئی تو عدل کیا تم نے اور اس کے بعد تیسری چیز شہادت ہے، خلاصہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو تین خاص چیزیں عطا کیں، اول تو اسلام میں قِدم حاصل ہوا، قِدم کے معنی ہیں تقدم اور اگر قَدَم ہو تو اس سے مراد کسی بات میں سبقت کرنا اور مراد یہ ہے کہ تم نے اسلام میں کارہائے نمایاں انجام دیئے، دوسری چیز یہ ہے کہ تم کو خلافت ملی تو عدل کیا، اور تیسری چیز شہادت ہے۔

لَيْتَنِي يَا ابْنَ أَخِي وَذٰلِكَ كَفَافًا لَا عَلَيَّ وَلَا لِي: حضرت سیدنا عمر بن خطابؓ الخلیفۃ العادل ثانی خلفاء الراشدین فرماتے ہیں کہ بھتیجے! کاش یہ سب میرے لئے برابر سرابر ہوجائے، لَا عَلَيَّ نہ مجھ پر اس کا کوئی وبال ہو، وَلَا لِي اور نہ مجھے اس کا کوئی ثواب ملے بس میں تو اسی پر راضی ہوں۔

أُوصِي الْخَلِيفَةَ مِنْ بَعْدِي بِالْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ خَيْرًا: جو میرے بعد خلیفہ ہو میں اسے وصیت کرتا ہوں کہ مہاجرین اولین کے حقوق کی رعایت کرے اور ان کے حرمت کی حفاظت کرے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَأُوصِيهِ بِالأَنْصَارِ خَيْرًا: اور انصار کے بارے میں بھی خیر کی وصیت کرتا ہوں الَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالإِيمَانَ جنہوں نے دار الاسلام یعنی مدینہ اور ایمان کو لازم پکڑا۔

أَنْ يُقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ: کس بات کی وصیت؟ ان کے محسنین کے احسان کو قبول کرے اور ان کے خطاکاروں سے درگزر کا معاملہ کرے۔

وَأُوصِيهِ بِذِمَّةِ اللهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ أَنْ يُوفَى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ: تیسری بات یہ ہے کہ میں وصیت کرتا ہوں ذمۃ اللہ اور ذمۃ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی، مطلب یہ ہے کہ میں ان لوگوں کے بارے میں وصیت کرتا ہوں جو ذمی ہیں اور اللہ اور اللہ کے رسول کے حکم کے تابع بن کر عہد ذمہ میں داخل ہو گئے ہیں أَنْ يُوفَى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ ان کے لئے ان کا عہد پورا کیا جائے وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ اور ان کی حفاظت میں قتال کیا جائے وَأَنْ لَا يُكَلَّفُوا فَوْقَ طَاقَتِهِمْ اور ان کی طاقت سے زیادہ ان سے کام نہ لیا جائے، یہ اسلامی تعلیم ہے مسلمانوں ہی کی صرف رعایت نہیں بلکہ کفار اور ذمیوں کی بھی پوری پوری رعایت کی جارہی ہے۔

(ص ۱۸۷) بَاب مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الْأَمْوَاتِ

۱۳۹۳۔ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ لَا تَسُبُّوا الأَمْوَاتَ فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوا وَرَوَاهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ عَنِ الأَعْمَشِ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ الأَعْمَشِ تَابَعَهُ عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ وَابْنُ عَرْعَرَةَ وَابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ.

ترجمہ: باب، مرحومین کو برائی سے یاد کرنے کی جو ممانعت ہے اس کا بیان۔

حضرت عائشہؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ مُردوں کو گالی مت دو کیوں کہ وہ ان اعمال کو پہنچ گئے جو انہوں نے آگے بھیجے تھے، اس حدیث کو اعمش سے عبد اللہ بن عبد القدوس اور محمد بن انس نے بھی روایت کیا ہے اور شعبہ سے روایت کرنے میں آدم بن ابی ایاس کی علی بن الجعد، ابن عرعرہ اور ابن عدی نے متابعت کی ہے۔

تشریح: سبِّ اموات منہی عنہ ہے، امام بخاری کا یہ ترجمہ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ اموات کو سب و شتم کرنے کی بعض صورتیں ممنوع ہیں اور بعض صورتیں ممنوع نہیں ہیں۔

اس تفصیل کا خلاصہ یہ ہے کہ سب کہتے ہیں کسی کو برا بھلا کہنے کو، اگر یہ برا بھلا کہنا ہے غیظِ نفس کی وجہ سے،

Maktaba Tul Ishaat.com

کسی اپنے انتقام کی وجہ سے ہے تب تو یہ ممنوع اور منہی عنہ ہے، اور اگر یہ برا بھلا کہنا کسی نفسانی جذبہ کے تحت نہیں ویسے ہی کسی مصلحت کی وجہ سے ہے مثلاً ایک آدمی نے عقائد زائغہ ایجاد کئے اب ان عقائد زائغہ کو اس کی طرف منسوب کر کے بیان کیا جائے اور یوں کہا جائے کہ اس نے غلط عقائد پیدا کئے لوگوں کو گمراہ کر ڈالا اور مقصود اس کہنے کا یہ ہو کہ لوگ اس کے خیالات سے بچتے رہیں اور اس کی تالیفات سے ڈرتے رہیں تو یہ منہی عنہ میں داخل نہیں ہے۔

بعض علماء نے ایک اور تقریر کی وہ فرماتے ہیں کہ اصل میں مُردہ کی برائی دو طور پر ہوتی ہے، کبھی بطور شہادت کے ہوتی ہے جس کا نام ثناء علی المیت ہے یہ ممنوع نہیں اور کبھی تنقیص و تحقیر مقصود ہوتی ہے یہ ممنوع ہے، یہ ہے اس باب کا حاصل۔

لَاتَسُبُّوا الأَمْوَاتَ فَإِنَّهُمْ قَدْأَفْضَوْا إِلَى مَاقَدَّمُوا: اموات کو گالی نہ دو اس واسطے کہ وہ لوگ پہنچ چکے جہاں جو کچھ انہوں نے بھیجا، یعنی جو کچھ اعمال انہوں نے کئے ہیں اس کی پاداش کو وہ لوگ پہنچ چکے ہیں تمہیں بُرا بھلا کہنے سے کیا فائدہ۔

(ص ١٨٧) بَابُ ذِكْرِ شِرَارِ الْمَوْتَى

١٣٩٤. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ أَبُو لَهَبٍ عَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ لِلنَّبِيِّ ﷺ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ فَنَزَلَتْ ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ﴾

ترجمہ: باب، بُرے مُردوں کا تذکرہ کرنے کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ ابولہب ملعون نے نبی کریم ﷺ سے کہا کہ خرابی ہو تمہارے لئے سارے دن تو یہ آیت نازل ہوئی ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ﴾ یعنی ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹے اور وہ ہلاک ہوا۔

تشریح: چونکہ باب گزشتہ کی روایت میں مطلقاً اموات کو برا بھلا کہنے سے منع کیا گیا تھا اس لئے امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ یہ ممانعت علی وجہ العموم نہیں ہے بلکہ بعض شرار موتی کا تذکرہ کرنا جائز ہے، گویا یہ ترجمہ بمنزلہ استثناء کے ہے ترجمۂ گزشتہ سے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لیکن شرار موتی کا ذکر کس طور پر کرنے کی گنجائش ہے وہ روایت الباب سے سمجھ میں آتا ہے، حاصل یہ ہے کہ کوئی خاص بات ذکر کرنی ہو اور اس کے ضمن میں کسی برے شخص کا تذکرہ آجائے تو بر سبیل تذکرہ ذکر کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، جیسے ابن عباسؓ نے واقعہ نقل کیا حضور ﷺ کی ابتدائی تبلیغ کا، آپ نے قبائل قریش کو آواز دی اور پھر آپ نے ان کے سامنے اسلام کی دعوت رکھی اور توحید کی طرف بلایا تو ابو لہب بولا تبًّا لَكَ سائِرَ اليَوْمِ أَلِهَذَا جمعتنا؟ اس پر سورۃ شریفہ ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ﴾ نازل ہوئی، تو تذکرۃً حضرت ابن عباسؓ نے ابو لہب کا ذکر کیا۔

حضرت امام بخاری بھی بڑے دماغ کے آدمی ہیں اور بڑے نکتہ رس ہیں، یہ نہیں فرمایا سبُّ شرار الموتی بلکہ یوں فرمایا ذکر شرار الموتی، اسی سے مقصود کو واضح کر دیا اور یہ بتلا دیا کہ شرار موتی کا تذکرہ ضمنی طور پر کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

کتاب الجنائز پوری ہوئی

Maktaba Tul Ishaat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(ص ۱۸۷) کِتَابُ الزَّکَاةِ

امام بخاری صلوۃ کے بیان سے فارغ ہوگئے اب زکاۃ کو ذکر فرماتے ہیں، صلوۃ حق بدن ہے اور زکاۃ حق مال ہے، حق بدنی کے بیان کرنے کے بعد حق مالی کو بیان فرمارہے ہیں۔

عام طور سے حضرات محدثین کا دستور یہی ہے کہ صلوۃ کے بعد زکاۃ کا تذکرہ کرتے ہیں، اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ قرآن پاک میں کثرت سے صلوۃ وزکاۃ کو ایک ساتھ ذکر کیا گیا ہے، اور پہلے صلوۃ کو اور بعد میں زکاۃ کو، مناقب بزازیہ میں لکھا ہے کہ اثنین وثمانین مواضع میں صلوۃ وزکاۃ قرآن پاک میں مقرون واقع ہوئے ہیں یعنی بیاسی جگہ دونوں کو ایک ساتھ ذکر کیا گیا ہے، اسی طرح صاحب در مختار اور صاحب اتحاف السادہ نے مناقب بزازیہ کی اتباع میں یہی لکھ دیا ہے مگر یہ صحیح نہیں ہے، بعض علماء نے تنبیہ کی ہے کہ اس میں تصحیف ہوگئی ہے اصل میں ہے اثنین وثلاثین موضعًا ہے، بتیس جگہ، اور دور حاضر کے ایک مشہور عالم علامہ یوسف قرضاوی کی تحقیق یہ ہے کہ قرآن پاک میں کل اٹھائیس جگہ صلوۃ وزکاۃ ایک ساتھ ذکر کئے گئے ہیں، ستائیس جگہ ایک آیت میں اور ایک جگہ پر دو آیتوں میں ایک آیت میں صلوۃ کا ذکر ہے اور دوسری آیت میں زکاۃ کا ذکر ہے۔

اسی طرح احادیث میں بھی بکثرت صلوۃ وزکاۃ کو ایک ساتھ ذکر کیا گیا ہے، حضرت ابن عمرؓ کی حدیث میں ہے جو ابتداءً کتاب الایمان میں گزر چکی ہے بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ۔

اور عقلی وجہ کی طرف میں اشارہ کر آیا ہوں کہ صلوۃ حق البدن ہے اور زکاۃ حق المال ہے اور جان ومال کی مقارنت بالکل کھلی ہوئی ہے، لہذا جب حق جانی اور بدنی بیان کر دیا تو اب حق مالی کو بیان فرمارہے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

زکاۃ لغت میں نماء کو کہا جاتا ہے اسی طرح تطہیر کو، زکاۃ کو زکاۃ اس لئے کہتے ہیں کہ وہ مال کے نماء یعنی زیادتی کا سبب ہے، یا ثواب کی زیادتی کا سبب ہے، یا اس لئے کہ اس کا تعلق اموال نامیہ سے ہے، اور زکاۃ کو بمعنی الطہارۃ اس لئے کہتے ہیں کہ آدمی اس کی وجہ سے رذیلۂ بخل سے پاک ہو جاتا ہے۔

(ص ۱۸۷) بَابُ وُجُوبِ الزَّکَاۃِ

وقول الله عز وجل: ﴿ وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ ﴾ وقال ابن عباس: حدثني أبو سفيان فذكر حديث النبي ﷺ فقال: يأمرنا بالصلاة والزكاة والصلة والعفاف.

١٣٩٥. حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ زَكَرِيَّاءَ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: ادْعُهُمْ إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللَّهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللَّهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِي أَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ فِي فُقَرَائِهِمْ.

١٣٩٦. حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: أَخْبِرْنِي بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، قَالَ: مَا لَهُ مَا لَهُ ؟ وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أَرَبٌ مَا لَهُ، تَعْبُدُ اللَّهَ وَلاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَتَصِلُ الرَّحِمَ. وَقَالَ بَهْزٌ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ وَأَبُوهُ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ: أَنَّهُمَا سَمِعَا مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِهَذَا.

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ: أَخْشَى أَنْ يَكُونَ مُحَمَّدٌ غَيْرَ مَحْفُوظٍ إِنَّمَا هُوَ عَمْرٌو.

١٣٩٧. حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، قَالَ: تَعْبُدُ اللَّهَ لاَ تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلاَةَ الْمَكْتُوبَةَ، وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ، وَتَصُومُ رَمَضَانَ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لاَ أَزِيدُ عَلَى هَذَا، فَلَمَّا وَلَّى قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ

Maktaba Tul Ishaat.com

إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الجَنَّةِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا.

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي حَيَّانَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو زُرْعَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِهَذَا.

١٣٩٨. حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو جَمْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ القَيْسِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا هَذَا الحَيَّ مِنْ رَبِيعَةَ قَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ، وَلَسْنَا نَخْلُصُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي الشَّهْرِ الحَرَامِ، فَمُرْنَا بِشَيْءٍ نَأْخُذُهُ عَنْكَ وَنَدْعُو إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَنَا، قَالَ: آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: الإِيمَانِ بِاللَّهِ وَشَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ - وَعَقَدَ بِيَدِهِ هَكَذَا - وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ، وَأَنْهَاكُمْ عَنْ: الدُّبَّاءِ، وَالحَنْتَمِ، وَالنَّقِيرِ، وَالمُزَفَّتِ. وَقَالَ سُلَيْمَانُ وَأَبُو النُّعْمَانِ عَنْ حَمَّادٍ: الإِيمَانِ بِاللَّهِ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ.

١٣٩٩. حَدَّثَنَا أَبُو اليَمَانِ الحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ العَرَبِ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ؟ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَمَنْ قَالَهَا فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَى اللَّهِ.

١٤٠٠. فَقَالَ: وَاللَّهِ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ، فَإِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ المَالِ، وَاللَّهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا، قَالَ عُمَرُ: فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ قَدْ شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الحَقُّ.

ترجمہ: باب، زکاۃ کے وجوب کا بیان، اور اللہ تعالیٰ کا قول کہ نماز قائم کرو اور زکاۃ ادا کرو۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مجھ سے حضرت ابو سفیانؓ نے بیان کیا، پس نبی کریم ﷺ کی حدیث ذکر کی اور کہا کہ وہ ہمیں نماز کا، زکاۃ کا، صلہ رحمی کا اور پاک دامنی کا حکم دیتے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن بھیجا اور فرمایا کہ ان کو اس بات کی دعوت دو کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں، اگر وہ اس بات کو مان لیں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر دن ورات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں، اگر وہ یہ بات بھی مان لیں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ نے ان پر ان کے مال میں زکاۃ فرض کی ہے جو ان کے مالداروں سے لی جائے گی اور ان کے غریبوں میں تقسیم کر دی جائے گی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت ابوایوبؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے ایسا عمل بتادیجئے جو مجھے جنت میں داخل کردے، کسی نے کہا کہ اس کی کیا حاجت ہے؟ اس کی کیا حاجت ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کی حاجت تو بہت بڑی ہے تم اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ، نماز قائم کرو، زکاۃ ادا کرو، صلہ رحمی کرو۔

بہز بن اسد راوی نے کہا کہ ہم سے شعبہ نے بیان کیا انہوں نے کہا کہ ہم سے محمد بن عثمان نے بیان کیا محمد کے والد عثمان بن عبداللہ ہیں ان دونوں نے موسیٰ بن طلحہ سے سنا انہوں نے حضرت ابوایوبؓ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ یہی حدیث سنی، امام بخاری نے کہا مجھے یہ اندیشہ ہے کہ محمد محفوظ (صحیح) نہیں ہے، محفوظ (صحیح) عمرو ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے یہ عرض کیا کہ مجھے ایسا عمل بتا دیجئے کہ جس کو کرنے سے میں جنت میں داخل ہوجاؤں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، فرض نماز قائم کرو، فرض زکاۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو، اس نے کہا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے میں اس پر اضافہ نہیں کروں گا، جب اس نے واپس جانے کے لئے رخ پھیرا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس کو اس بات سے خوشی ہو کہ اہل جنت میں سے کسی کو دیکھے تو اس شخص کو دیکھ لے۔

اس حدیث کو ابوزرعہ نے بھی مرسلاً اسی طرح روایت کیا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ عبد قیس کا وفد نبی کریم ﷺ کے پاس آیا تو انہوں نے عرض کیا کہ قبیلہ ربیعہ یعنی کفار مضر ہمارے اور آپ کے درمیان حائل ہیں ہم حرمت والے مہینہ کے علاوہ کسی اور مہینہ میں آپ تک نہیں پہنچ سکتے لہذا ہمیں ایسی بات کا حکم فرمادیں جو ہم آپ سے حاصل کریں اور پھر جو لوگ ہمارے پیچھے ہیں ان کو اس کی دعوت دیں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں اور چار باتوں سے روکتا ہوں، حکم دیتا ہوں اللہ پر ایمان لانے کا اور اس بات کی گواہی دینے کا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں- اور آپ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کیا- اور نماز قائم کرنے کا، اور زکاۃ دینے کا اور یہ کہ تمہیں جو غنیمت حاصل ہو اس میں سے پانچواں حصہ دو، اور میں روکتا ہوں تمہیں کدو کی تونبی سے، سبز ٹھلیا (مرتبان) سے، کھجور کی لکڑی کے برتن سے، اور اس برتن سے جس پر روغن زفت (ایک روغن کا نام جو تارکول کے مثل ہوتا ہے) ملا گیا ہو، سلیمان بن حرب اور ابوالنعمان نے حماد سے یہی حدیث واو عطف کے بغیر الْإِيمَانِ بِاللهِ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ روایت کی۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی اور حضرت ابوبکرؓ خلیفہ ہوئے تو بہت سے عرب کافر ہوگئے، حضرت عمرؓ نے کہا کہ آپ لوگوں سے کیسے قتال کریں گے جب کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ مجھے لوگوں سے اس وقت تک قتال کا حکم ہوا ہے جب تک وہ لا الہ الا اللہ نہ کہیں، جس نے یہ کلمہ کہا اس نے مجھ سے اپنے مال کو اور اپنی جان کو محفوظ کرلیا سوائے اسلام کے حق کے اور اس (کے باطن) کا حساب اللہ کے سپرد ہے، حضرت ابوبکرؓ نے کہا اللہ کی قسم! میں اس شخص سے ضرور قتال کروں گا جو نماز اور زکاۃ میں فرق کرے گا اس لئے کہ زکاۃ مالی حق ہے، اللہ کی قسم! اگر وہ ایک بکری کے

Maktaba Tul Ishaat.com

بچے کو جسے وہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو دیتے تھے اگر مجھ سے روکیں گے تو میں اس کے نہ دینے پر ان سے یقیناً قتال کروں گا، حضرت عمرؓ نے کہا اللہ کی قسم! اس کی حقیقت صرف یہ تھی کہ اللہ نے اس سلسلے میں حضرت ابو بکرؓ کو شرح صدر عطا فرمادیا تھا تو میں سمجھ گیا کہ وہی حق ہے۔

تشریح: امام بخاری نے وجوب بول کر فرضیت مراد لی ہے، زکاۃ ارکان اسلام میں سے ایک رکن ہے اور اس کی فرضیت کتاب اللہ، سنت رسول اللہ اور اجماع امت سے ثابت ہے۔

زکاۃ کی فرضیت کب ہوئی؟ اس میں اختلاف ہے اور پانچ قول ہیں، مشہور یہ ہے کہ اس کی فرضیت ہجرت کے بعد ہوئی ہے اور پھر سن فرضیت میں ایک، دو، تین اور چار کے چار اقوال ہیں، اور پانچواں قول سن ۹ھ کا ہے، اس کو ابن جریر طبری نے اپنی تاریخ میں اور ابن اثیر جزری نے الکامل میں ذکر فرمایا ہے۔

مگر پانچویں قول پر اشکال یہ ہے کہ سن ۹ھ سے پہلے ضمام بن ثعلبہ کے قصہ میں زکاۃ کا تذکرہ ملتا ہے ان کی آمد سن ۵ھ میں ہوئی ہے اور وفد عبد القیس کی آمد ایک قول پر سن ۸ھ میں اور ایک قول پر اس سے پہلے ہے اس میں بھی زکاۃ کا ذکر ہے، اس لئے صحیح یہ ہے کہ زکاۃ کی مشروعیت سن ۹ھ سے بہت پہلے ہو چکی ہے البتہ سن ۹ھ میں سُعاۃ و عمّال زکاۃ وصول کرنے کے لئے بھیجے گئے ہیں۔

اور چھٹا قول یہ ہے کہ زکاۃ کی فرضیت ہجرت سے پہلے ہوئی ہے، محدث ابن خزیمہ نے اسی کو اختیار کیا ہے اور دلیل میں یہ پیش کیا ہے کہ حضرت ام سلمہؓ نے حضرت جعفر بن ابی طالبؓ کی ہجرت کا تذکرہ کیا اور اس میں یہ مضمون ذکر فرمایا ہے کہ شاہ حبشہ نجاشی نے حضرت جعفرؓ سے جب یہ پوچھا کہ تمہارے نبی تم کو کس بات کا حکم دیتے ہیں تو حضرت جعفرؓ نے فرمایا یأمرنا بالصلوة والزكاة اور جعفرؓ نے مکۂ مکرمہ سے ہجرت کی تھی تو معلوم ہوا کہ واقعہ ہجرت سے پہلے کا ہے اور ہجرت سے پہلے جب حضور نے صلوۃ وزکاۃ کا حکم دیا تو لا محالہ زکاۃ کی فرضیت ہجرت سے پہلے ہوگی۔

لیکن اس پر ایک معنوی اشکال پڑتا ہے کہ جب حضرت جعفرؓ کی ہجرت بہت پہلے ہے تو ہو سکتا ہے کہ اس وقت تک نماز بھی فرض نہ ہوئی ہو، مشہور قول کے تحت صلوات خمسہ کی فرضیت سن ۱۲ نبوی میں ہے یعنی ہجرت سے ایک سال پیشتر لیلۃ المعراج میں۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ اجمالی طور پر زکاۃ کا حکم ہجرت سے پہلے ہوا اور اس کی تفصیلات اور نصاب وغیرہ کا

Maktaba Tul Ishaat.com

بیان ہجرت کے بعد نازل ہوا ہے۔

ہجرت کے بعد فرضیت زکاۃ کی دلیل قیس بن سعدؓ کی روایت ہے أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ الزَّكَاةُ ثُمَّ نَزَلَتْ فَرِيضَةُ الزَّكَاةِ فَلَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا وَنَحْنُ نَفْعَلُهُ، رواه أحمد والنسائي وابن خزيمة وغيرهم وإسناده صحيح وفيه رجل اسمه عريب بن حميد وثقه يحى بن معين إمام هذا الشان،

اور صدقۃ الفطر کی مشروعیت رمضان سن ٢ھ میں ہوئی ہے عید سے دو دن پہلے، تو جب زکاۃ کی مشروعیت صدقۃ الفطر کے بعد ہوئی تو یقیناً زکاۃ ہجرت کے بعد فرض ہوئی۔

مشہور یہی ہے کہ اس کی مشروعیت سن ٢ھ میں ہوئی ہے، بہر حال اگر ہجرت سے پہلے مشروعیت مان لی جائے تو جمع کی صورت وہی ہے جو بیان ہو چکی۔

وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ: یہ آیت سورۂ مزمل کی ہے، اس سے بظاہر اشارۃً یہ نکلتا ہے کہ بخاری بھی فرضیت زکاۃ قبل الہجرۃ کے قائل ہیں اس لئے کہ آیت مکیۃ النزول ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ: یہ ابوسفیان کی اس طویل وعریض حدیث کا ٹکڑا ہے جو بدء الوحی میں گزر چکی ہے، اس سے بھی یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ زکاۃ کی فرضیت ہجرت سے پہلے ہوئی ہے۔

لیکن ابوسفیان نے جس وقت یہ بات ہرقل کے سامنے نقل کی ہے اس سے پہلے حضور ﷺ سے اس کی ایسی ملاقات ثابت نہیں جس میں آپ اسے اس طرح کی دعوت دے سکیں، ہاں ہجرت سے پہلے اس طرح کی ملاقات ضرور ثابت ہے، اب اگر زکاۃ ہجرت سے پہلے فرض ہوئی ہے تو بخاری کی یہی رائے ہے، کسی توجیہ کی ضرورت نہیں، اور اگر ہجرت کے بعد زکاۃ فرض ہوئی ہے تو ہو سکتا ہے کہ ابوسفیان کو حضور ﷺ کی تعلیمات جو بالواسطہ پہنچی ہوں اس کو اس نے ہرقل کے سامنے نقل کیا ہو۔

بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ: حضور اکرم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تھا، یہ واقعہ امام بخاری کی رائے پر حجۃ الوداع سے پہلے سن ١٠ھ کا ہے، اور واقدی اور ابن حبان بستی کی رائے ہے کہ سن ٩ھ کا ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ سن ٨ھ کا ہے۔

آپ نے یہ ارشاد فرمایا اُدْعُهُمْ إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، ان کو پہلے توحید ورسالت کے اقرار کی دعوت دو اگر وہ یہ مان لیں تو پھر یہ بتلاؤ کہ تم پر اللہ نے پانچ نمازیں رات اور دن میں فرض فرمائی ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ، اس سے بعض علماء نے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ کفار فروع کے مخاطب نہیں ہیں، اس لئے کہ جناب رسول اکرم ﷺ نے حضرت معاذؓ کو سب سے پہلے توحید ورسالت کی دعوت کا امر فرمایا تھا اور اس کے مان لینے کے بعد پھر نماز کی فرضیت اور اس کے فرض ہونے کا حکم دینے کیلئے ارشاد فرمایا، معلوم ہوا کہ عبادات مفروضہ کا اقرار توحید ورسالت کے اقرار کے بعد متوجہ ہوتا ہے۔

لیکن یہ استدلال ضعیف ہے اس لئے کہ آگے یہ بھی فرمایا گیا ہے فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِي أَمْوَالِهِمْ، اگر وہ صلوات خمسہ کا اعتراف کرلیں اور مان لیں تو پھر ان کو یہ بتلانا کہ اللہ نے ان کے مال میں زکاۃ فرض کی ہے، اور اس میں ساری امت کا اجماع واتفاق ہے کہ زکاۃ کی فرضیت صلوۃ کی فرضیت پر موقوف نہیں ہے، بلکہ اگر ایک آدمی مسلمان ہوگیا تو پھر اس کے بعد وہ تمام طاعات کا مکلف ہے چاہے وہ صلوۃ ہو یا زکاۃ اور چاہے صیام ہوں یا حج۔

کیا کفار فروع کے مکلف ہیں؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ کفار آیا ابتداءً توحید ورسالت کے اقرار کے مکلف ہیں یا توحید ورسالت کے اقرار کے ساتھ ساتھ باقی تمام طاعات کے اقرار کے بھی مکلف ہیں؟

اس مسئلہ میں بہت سے اقوال ہیں، میں مسئلہ کی وضاحت ابتداءِ کتاب میں کرچکا ہوں ویسے پھر تھوڑا سا تکرار کئے دیتا ہوں۔

(۱) مذاہب اربعہ کا ایک قول یہ ہے کہ کفار مطلقاً فروع کے مخاطب نہیں ہیں، یہی حنفیہ میں سے فقہاء سمرقندیین کی رائے ہے، یہی امام احمد سے ایک روایت اور شافعیہ ومالکیہ کا ایک قول ہے، علامہ ابو عبد اللہ الابی شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ یہی صحیح ہے۔

(۲) اس کے بالمقابل دوسرا قول مذاہب اربعہ میں یہ ہے کہ کفار فروع کے مخاطب ہیں اداءً بھی اور اعتقاداً بھی، یہ احناف میں سے عراقیین کا قول ہے اور یہی شافعیہ کا ایک مشہور قول ہے، اسی کو صاحب منہل وغیرہ نے صحیح قرار دیا ہے، اور علامہ عبد القادر بن احمد بدران نے بھی جو حنابلہ کے اکابر میں ہیں اسی کو مصحح قرار دیا ہے۔

(۳) کفار منہیات کے مکلف ہیں نہ کہ طاعات کے، یہ شافعیہ کا ایک قول ہے، ہمارے فقہاء احناف فرماتے ہیں کہ کفار بلا اختلاف منہیات کے مکلف ہیں اور جو اختلاف ہے وہ طاعات ومامورات میں ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(۴) فقہاء احناف کی ایک جماعت یہ فرماتی ہے کہ کفار اعتقاد کے مکلف ہیں اداء کے مکلف نہیں۔

اس اختلاف کا اثر دنیا میں تو کچھ بھی مرتب نہیں ہوگا، اگر کافر ایک مدت مدیدہ کے بعد مسلمان ہوتا ہے تو اس سے اس زندگی میں یہ نہیں کہا جائے گا کہ تم اپنی باقی ماندہ زندگی کی نماز پڑھو، یا گزشتہ ایام کی زکاۃ دو، یا روزے رکھو، بلکہ آخرت میں اس کا اثر مرتب ہوگا۔

جن لوگوں کے نزدیک کفار مطلقاً مکلف نہیں ان کے یہاں صرف اعتقادِ توحید ورسالت کے ترک کرنے پر عقاب ہوگا، اور جن کے یہاں وہ مکلف ہیں اداء اور اعتقاد دونوں کے ان کے یہاں جیسے توحید ورسالت کے اعتقاد کے ترک پر مؤاخذہ ہوگا ایسے ہی اعمال کے نہ ماننے کے اعتقاد پر مؤاخذہ ہوگا، یعنی جس طرح اعمال کی حقانیت کا اعتقاد ترک کرنے پر مؤاخذہ ہوگا اسی طرح اعمال کے نہ کرنے پر بھی مؤاخذہ ہوگا، اور جن کے یہاں صرف اعتقاداً اعمال اور فروع کے مخاطب ہیں؛ اداءً نہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ جیسے توحید ورسالت کے نہ ماننے پر عقاب ہوگا ایسے ہی اعمال کی حقانیت کا اعتقاد نہ رکھنے پر بھی عقاب ہوگا البتہ اعمال نہ کرنے پر عقاب نہ ہوگا۔

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ: عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ اسی طرح سے ابوالوقت کے نسخہ میں واقع ہوا ہے لیکن عام نسخ میں یہاں پر عَنِ ابْنِ عُثْمَانَ ہے، حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ حفص بن عمر کی روایت میں عن ابن عثمان مبہماً واقع ہوا ہے۔

أَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِيِّ ﷺ: بغوی، ابن السکن اور طبرانی کی روایات میں اس رجل کی تعیین ابن منتفق کے ساتھ کی گئی ہے، ابو بکر صیرفی کہتے ہیں اسم ابن المنتفق لقیط بن صبرة۔

أَخْبِرْنِي بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ: مجھے ایسے عمل کی خبر دیجیے جو مجھے جنت میں داخل کر دے۔

قَالَ: مَالَهُ مَالَهُ: بظاہر قال کی ضمیر حضور اکرم ﷺ کی طرف عائد ہے، لیکن یہ صحیح نہیں ہے بلکہ اس مَالَهُ مَالَهُ کے قائل حضرات صحابہ ہیں، چنانچہ یہی روایت بخاری کتاب الادب میں آرہی ہے اس میں ہے قال القوم مَالَهُ مَالَهُ، قوم نے کہا کہ اسے کیا ہوگیا؟ اسے کیا ہوگیا؟

وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ أَرَبٌ مَالَهُ: حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا أرب ماله۔

أرب کے ضبط میں اختلاف ہے، چار طرح سے یہ لفظ روایت میں ذکر کیا جاتا ہے، خلاصہ یہ ہے کہ یہ فعل ہے یا اسم؟ اگر یہ اسم ہے تو ۱ أَرِبٌ بفتح الهمزة وكسر الراء ہے، یا ۲ أَرَبٌ بفتح الهمزة وفتح الراء ہے، اور اگر یہ فعل ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

تو ۳؎ باب سمع یسمع سے أَرِبَ ہے یا ۴؎ باب منع یمنع یعنی باب فتح یفتح سے أَرَبَ۔

(۱) اگر یہ أَرِبٌ بفتح الہمزۃ وکسر الراء بروزن صیغۂ صفت ہے تو پھر اس صورت میں اس کے معنی ہوں گے صَاحِبُ حاجۃٍ مَالَهٗ کیا ہوا اس کو؟ یعنی حاجت والا ہے اس لئے سوال کر رہا ہے، اور بعضوں نے کہا ہے أَرِبٌ أي أریب ماھر یہ آدمی ماہر آدمی ہے مختصر لفظوں میں اس نے ایسا سوال کر دیا، مگر لفظِ أَرِبٌ کے روایتی ثبوت میں حافظ کو تأمل ہے وہ فرماتے ہیں وَلَمْ أَقِفْ عَلٰی صِحَّۃِ ھٰذِہِ الرِّوَایَۃِ۔

(۲) اور اگر یہ أَرَبٌ ہے تو مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے أي له أَرَبٌ اس کو حاجت ہے اور کیا ہے۔

(۳) اگر یہ أَرَبَ باب فتح یفتح سے ہے تو اس صورت میں اس کا معنی ہے احتاج فسأل، احتیاج واقع ہوئی تو سوال کر لیا۔

(۴) اور اگر یہ أَرِبَ فعل ہے باب سمع سے یعنی بفتح الہمزۃ وکسر الراء تو پھر اس کے معنی میں کئی قول ہیں، ۱؎ احتاج، ۲؎ صار أریبا ماھرًا، ۳؎ اور بعضوں نے کہا ہے سَقَطَتْ أَعْضَاؤُہٗ اس کے اعضاء گر جائیں، یہ کلمہ صورۃً بددعا ہے لیکن حقیقۃً اس سے بددعا مراد نہیں، یہ ایسا ہی ہے جیسے ہمارے عرف میں کہتے ہیں نالائق، بے حیاء، کوئی معنی مراد نہیں ہوتے ویسے ہی کہہ دیا کرتے ہیں۔

اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ صورۃً بددعا ہے اور حقیقۃً دعاء ہے، اس لئے کہ حضرت رسول پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے اللہ میاں سے یوں کہہ دیا تھا کہ جو کوئی تیرا بندہ میری بددعا اور زجر و سرزنش کا مستحق نہ ہو اور میں اسے ڈانٹ دوں اور بُرا بھلا کہہ دوں فاجعله له طھارۃ ورحمۃ وقربۃ اس کیلئے طہارت، رحمت اور قربت کا ذریعہ بنا دیجیو۔

ایک قصہ اس پر مجھ کو یاد آیا، حضرت مولانا شاہ فضل رحمن گنج مرادابادی بڑے قوی النسبت بزرگ گزرے ہیں حضرت کبھی کبھی بڑی درشتی کے ساتھ زجر فرمایا کرتے تھے، حضرت کے ایک خادم تھے کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ذرا جری تھے اور حضرت ان کی رعایت بھی فرمایا کرتے تھے، کہنے لگے کہ حضرت! آپ کی سب باتیں تو مطابق سنت ہیں لیکن ایک بات سمجھ میں نہیں آتی کہ آپ لوگوں کو اتنا ڈانٹتے کیوں ہو؟ یوں فرمایا کہ ادھر آؤ اور اس کے بعد حضرت نے ارشاد فرمایا کہ میں نے اللہ میاں سے کہہ دیا ہے کہ جس کو میں برا کہوں اس کے حق میں اچھا سمجھا جاوے۔

اس سے ایک اور قصہ یاد آیا ہمارے ناظم (مولانا اسعد اللہ) صاحبؒ کے ایک مرید ہیں ابھی زندہ ہیں اس

Maktaba Tul Ishaat.com

لئے نام لینا مناسب نہیں، حضرت کو یہ لوگ کبھی کبھی مہمل دوا پلا دیتے تھے اس کا اثر حضرت کے مزاج وطبیعت پر بھی ظاہر ہوتا تھا، حضرت نے ایک دن ان کو بہت سخت سست کہہ دیا، بہت پریشان ہوئے کہ کیا کریں کیا کریں، وہ بیچارے ڈر کر اپنا بستر لیکر کے چلے گئے، جب حضرت کی طبیعت ٹھیک ہوئی تو پوچھا کہ کیا ہوا؟ تو کہا کہ حضرت جیسے آپ کی اچھی دعائیں امید افزا ہوتی ہیں ایسے ہی آپ کی بد دعا سے ڈرتے بھی ہیں، حضرت نے فرمایا کہ نہیں! دوستوں کے لئے دعائیں ہوا کرتی ہیں یعنی بد دعا صورۃً اور حقیقت میں نیک دعاء ہوتی ہے۔

تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا: نہ تو الوہیت میں اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤ، نہ ربوبیت میں، نہ کسی کو حاجت روا مانو، یعنی نہ تو اس کی ذات میں شریک ٹھہراؤ جیسے عیسائیوں نے کر دیا، اور نہ اس کی صفات میں شریک ٹھہراؤ جیسے اصنام پرستوں اور کواکب پرستوں نے کر دیا، اور جیسے آج کل کے قبر پرستوں نے کر ڈالا کہ حضرات مشائخ کو بالاستقلال متصرف سمجھنے لگے، حقیقی تصرف اس خالق کون ومکاں کا ہے، مشائخ سے اگر وہ چاہے تو کام لے سکتا ہے اور اگر نہ چاہے تو مشائخ میں یہ طاقت نہیں ہے کہ وہ کریں، ساری دنیا کے مشائخ بلکہ سید المشائخ حضرت رسول کریم ﷺ بھی اگر چاہیں اور اللہ نہ چاہے تو کچھ نہیں ہو گا وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ، اللہ کے چاہنے سے ہو گا کسی کے چاہنے سے نہیں إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ کہہ دیا گیا۔

وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ: یہاں پر اشکال یہ ہے کہ امام بخاری نے یہ حدیث وجوب زکاۃ کے باب میں ذکر کی ہے لیکن اس میں زکاۃ کی فرضیت اور وجوب کا کوئی تذکرہ نہیں تو پھر اس سے اپنا ترجمہ کیسے ثابت فرمایا ہے؟

(۱) بعض علماء نے یہ جواب دیا ہے کہ اصل میں اس نے ایسے اعمال کا سوال کیا تھا جو جنت میں داخل کرانے والے ہوں ان میں صلاۃ وزکاۃ بھی ہیں۔

(۲) سب سے انسب جواب یہ ہے کہ جواب میں فرائض کو ذکر کیا جاتا ہے جو سب سے اہم ہوتے ہیں۔

(۳) تیسرا جواب یہ ہے کہ اصل میں امام بخاری نے ایک بڑے لطیف طریقہ سے ترجمہ کو ثابت فرمایا ہے اور وہ یہ ہے کہ سائل نے حضرت رسول پاک ﷺ سے یہ کہا تھا کہ آپ مجھے ایسے اعمال بتایئے جو جنت میں لے جانے والے ہوں، آپ نے چند اعمال بیان کر دیئے، معلوم ہوا کہ یہ اعمال جنت میں لے جانے والے ہیں اور ان کے خلاف کرنا جنت سے روکنے والا ہے اور جنت سے روکنے والی چیز حرام ہی ہو سکتی ہے اور حرام کا مقابل

Maktaba Tul Ishaat.com

کیا ہوگا؟ واجب، لہذا معلوم ہوگیا کہ زکاۃ واجب ہے۔

(۴) چوتھا جواب یہ دیا گیا ہے کہ امام بخاری کے عادات میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ وہ بعض وقت دو روایتیں لاتے ہیں ایک مطلق اور دوسری مقید، اور ان کی رائے یہ ہوتی ہے کہ دونوں روایتیں ایک ہی قصہ سے متعلق ہیں ایک میں تقیید وارد ہے اور ایک میں نہیں، لہذا اطلاق تقیید پر محمول ہے، یہاں بھی صورت حال یہی ہے، حضرت ابوایوب انصاریؓ کی روایت میں تقیید وارد نہیں لیکن ابوہریرہؓ کی روایت آگے آرہی ہے اس میں ہے وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ، مصنف نے حضرت ابوایوبؓ کی روایت کو حضرت ابوہریرہؓ کی روایت پر محمول فرمادیا اور یہ بتلادیا کہ دونوں قصے ایک ہی ہیں ایک صحابی نے مطلقاً نقل کردیا اور ایک نے مقیداً۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ أَخْشَى أَنْ يَكُونَ مُحَمَّدٌ غَيْرَ مَحْفُوظٍ: یعنی حفص کی روایت میں ہے حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ اس میں میرا گمان یہ ہے کہ محمد غیر محفوظ ہے، اصل راوی تو عمرو بن عثمان ہے، یہاں مصنف نے أَخْشَى کہہ دیا لیکن تاریخ میں بلاتردد فرمایا ہے کہ محمد بن عثمان غیر محفوظ ہے، صحیح عمرو بن عثمان ہے، یہی امام مسلم نے شیوخ شعبہ میں اور امام دار قطنی نے کتاب العلل میں ارشاد فرمایا ہے اور یہ وہم شعبہ کو ہوا ہے۔

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ: امام دار قطنی نے اس روایت کو متنقدات میں شمار کیا ہے اور یہ اعتراض کیا ہے کہ اس روایت میں اختلاف ہے وصلاً وارسالاً، لیکن امام بخاری نے اس کو قادح صحت تصور نہیں فرمایا ان کا خیال یہ ہے کہ جس نے اس روایت کو مرسلاً نقل کیا ہے اس نے کوتاہی کی ہے اصل یہ ہے کہ یہ روایت موصول ہے۔

حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ: یہ حدیثِ وفد عبد القیس ہے جس کو حضرت عبد اللہ بن عباسؓ نقل کرتے ہیں سب سے پہلے کتاب الایمان پھر کتاب العلم میں گزری ہے، روایتی حیثیت سے کلام مفصلاً کیا جاچکا ہے۔

وشهادتي کا واو: یہاں صرف ایک بات پر تنبیہ کرنی ہے جو میں وہاں بیان نہیں کرپایا ہوں وہ یہ کہ اس روایت میں واقع ہوا ہے آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ، الإِيمَانِ بِاللهِ وَشَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، ایمان باللہ کے بعد واو عاطفہ ہے اور پھر شہادت توحید کا تذکرہ ہے، یہ واو اسی طرح سے حجاج بن منہال کی روایت میں وارد ہوا ہے، مگر یہ حجاج کے اوہام میں سے ہے، حماد بن زید کے دوسرے تلامذہ سلیمان بن حرب اور ابوالنعمان یہی

Maktaba Tul Ishaat.com

روایت بغیر واؤ کے نقل کرتے ہیں، اسی لئے امام بخاری نے آگے چل کر وَقَالَ سُلَيْمَانُ وَأَبُو النُّعْمَانِ عَنْ حَمَّادٍ الإِيمَانِ بِاللهِ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ ذکر فرمایا ہے تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ حجاج کی روایت میں واؤ وہم ہے، سلیمان بن حرب کی روایت آئندہ کتاب المغازی میں آئے گی اور ابو النعمان کی روایت کتاب الجہاد کے آخر میں ابواب الخمس میں آئے گی۔

وَعَقَدَ بِيَدِهِ هٰكَذَا: یعنی شہادت کو مستقل شمار کیا، اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جن لوگوں نے یہ جواب دیا ہے کہ شہادت کو ضمناً ذکر کیا ہے اور یہ مامورات اربعہ میں نہیں ہے یہ جواب مشکل ہے۔

وَأَنْ تُؤَدُّوا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ: اس روایت پر تو کوئی اشکال ہے ہی نہیں کہ اس میں صوم کا ذکر نہیں ہے تو کل چار ہو گئے، ہاں جس روایت میں صوم کا ذکر ہے اس پر اشکال ہے کہ اجمال و تفصیل میں کوئی مطابقت نہیں ہے، لیکن اس اشکال کا جواب تفصیل کے ساتھ گزر چکا ہے۔

لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: حضور پاک ﷺ کی وفات ربیع الاول گیارہ ہجری میں ہوئی ہے، تاریخوں میں اختلاف ہے، مشہور یہ ہے کہ بارہ ربیع الاول دوشنبہ کے روز آپ کی وفات ہوئی۔

وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ: أي وكان أبو بكر خليفة بعده حضرت صدیق اکبرؓ خلیفہ منتخب ہوئے۔

وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ: اور عرب میں سے کافر ہو گئے وہ لوگ جو کافر ہو گئے۔

فَقَالَ عُمَرُ: حضرت عمرؓ نے کہا كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ؟ صورت حال یہ ہوئی کہ جب رسول پاک ﷺ کی وفات ہو گئی اور اس کی اطلاع عرب کے بہت سے قبائل کو پہنچی تو متعدد قبائل دین اسلام سے منحرف ہو گئے، حضرت صدیق اکبرؓ نے ان کے خلاف لشکر کشی کا ارادہ کیا تو اس پر حضرت عمرؓ مانع ہوئے کہ لشکر کشی تو اس کے خلاف کی جا سکتی ہے جو توحید و رسالت کا اقرار نہ کرتے ہوں اور یہ لوگ تو اس کے ماننے والے ہیں صرف زکاۃ دینے سے انکار کرتے ہیں تو ان کے خلاف جہاد کیسے کیا جا سکتا ہے؟

حضرت صدیق اکبرؓ نے حضرت عمرؓ کو سمجھایا کہ دو حق ہیں ایک حق بدنی اور دوسرا حق مالی، صلوۃ حق بدن ہے تو زکاۃ حق المال ہے، اور جان و مال دونوں کی حفاظت اسی وقت حاصل ہو سکتی ہے جب دونوں کا حق ادا کیا جائے، لہٰذا جو بھی زکاۃ نہیں دے گا میں اس سے قتال کروں گا، یہ تو حدیث پاک کا مطلب ہے حضرت عمرؓ کی

Maktaba Tul Ishaat.com

اب تھوڑی سی اس کی مزید وضاحت سنو! امام خطابی نے سب سے زیادہ اس مسئلہ پر تفصیلی کلام کیا ہے اور ان کا کلام امام ابو محمد بغوی نے شرح السنہ میں اور امام نووی نے شرح مسلم میں اور علامہ عینی نے شرح بخاری میں اور اسی طرح دیگر شراح نے اپنی اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے، سارے کلام کا نقل کرنا اور خاص خطابی کی ترتیب کے ساتھ تو طوالت سے خالی نہیں۔

المختصر یہ کہ یہ مرتدین تین قسم پر منقسم ہو گئے تھے، (۱) قسم اول جنھوں نے مدعیان نبوت باطلہ مسیلمۃ الکذاب اور اسود عنسی کا اتباع کر لیا، (۲) قسم ثانی جو اپنے آبائی دین کی طرف لوٹ گئے اور بت پرستی اختیار کر لی، خطابی نے لکھا ہے کہ اس میں بڑا عموم ہو گیا تھا حتی کہ صرف تین مسجدوں میں نماز اور جمعہ ہوتا تھا مسجد حرام، مسجد نبوی اور بحرین کی مسجد جواثیٰ، چنانچہ اعور شنّی فخر کرتا ہوا کہتا ہے

والمسجد الثالث الشرقی کان لنا ۔۔۔ والمنبران وفصل القول فی الخطب

أیام لا منبر فی الناس نعرفه ۔۔۔ إلا بطیبۃ والمحجوج ذی الحجب

(۳) اور تیسرا طائفہ تمام شریعت کا تابع تھا لیکن زکاۃ کا انکار کرتا تھا اور وہ یہ کہتا تھا کہ زکاۃ تو حضور ﷺ کے ساتھ خاص تھی اللہ نے آپ ہی سے یہ فرمایا تھا خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ لہٰذا جب آپ دنیا سے تشریف لے گئے تو اب یہ حکم بھی ختم ہو چکا، خطابی اور ان کے متبعین کہتے ہیں کہ یہ لوگ حقیقۃً باغی ہیں لیکن ضمناً ان کو مرتدین میں شمار کر لیا گیا۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ آج اگر کوئی زکاۃ کا انکار کر دے تو وہ باغی نہیں بلکہ اس کو کافر سمجھتے ہیں تو پھر یہ لوگ کیسے باغی ہو گئے؟ امام خطابی نے جواب دیا ہے کہ اصل میں یہ اعراب تھے اور حضور ﷺ کے زمانہ میں احکام میں تغیر و تبدل ہوتا تھا یہ بیچارے پوری طرح سے واقف نہیں تھے کہ یہ فریضۂ مستمرہ دائمہ ہے اس لئے ان کو شبہ واقع ہو گیا تھا لہٰذا یہ معذور سمجھے گئے، اب جبکہ فرائض اسلام شہرت پا چکے، ہر شخص ان کو جان گیا تو اب اگر کوئی انکار کرے گا تو وہ مرتد سمجھا جائے گا، لیکن آج بھی اگر کوئی آدمی کسی کوہ بیابان میں رہتا ہے وہاں اس کو پتہ بھی نہیں اگر وہ انکار کر دے تو تکفیر نہیں کی جائے گی بلکہ اس کو سمجھایا جائے گا اور جب اچھی طرح سمجھا دیا جائے پھر نہ مانے تو وہ مرتد کہلائے گا۔

شیخین اور سارے صحابہ اس پر متفق تھے کہ پہلے دونوں فریقوں سے جنگ و جدال اور قتال کیا جائے،

Maktaba Tul Ishaat.com

صرف فریق ثالث میں شیخین کا اختلاف تھا، حضرت صدیق اکبرؓ کی رائے یہ تھی کہ اور مرتدین کی طرح ان کے خلاف بھی لشکر کشی کی جائے اور قتال کیا جائے، حضرت عمرؓ کو یہاں شبہ پیش آگیا کہ جب حضور اکرم ﷺ نے یہ فرمادیا أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ فَمَنْ قَالَهَا فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُم عَلَى اللهِ تو پھر ان لوگوں سے قتال کیسے جائز ہو سکتا ہے؟ حضرت صدیق اکبرؓ نے حضرت عمرؓ کو سمجھایا اور فرمایا کہ دو چیزیں ہیں ایک عصمۃ المال اور دوسرے عصمۃ النفس، عصمتِ نفس کا تعلق صلوۃ سے ہے اور عصمتِ مال کا تعلق زکاۃ سے ہے، لہٰذا جو بھی تفریق بین حق المال و حق النفس کرے گا میں اس سے قتال کروں گا، حضرت صدیق اکبرؓ کے بیان سے حضرت عمرؓ کو شرح صدر ہو گیا۔

حضرت عمرؓ کو کیوں تردد پیش آگیا؟ یہاں ایک سوال یہ ہوتا ہے کہ منکرین زکاۃ کے بارے میں حضرت عمرؓ کو کیوں تردد پیش آیا؟ حالانکہ زکاۃ فریضۂ اسلامیہ ہے اور جو اس فریضہ کا انکار کر دے وہ مرتد ہے اور مرتدین سے قتال کیا جائے گا۔

تمام شراح؛ خطابی، بغوی، ابن عربی، قاضی عیاض، امام نووی اور علامہ عینی وغیرہ حضرات کی رائے یہ ہے کہ اصل میں بات یہ ہے کہ یہ زکاۃ کا انکار کرنے والے پوری شریعت کو لئے ہوئے تھے صرف زکاۃ کے بارے میں ان کو شبہ ہو رہا تھا کہ یہ حکم خاص ہے یا عام؟ وہ یہ سمجھ رہے تھے کہ یہ حکم خاص ہے عہد نبوت کے ساتھ، جب رسول اکرم ﷺ نہیں رہے تو حکم ختم ہو گیا لہٰذا انہوں نے زکاۃ دینے سے انکار کر دیا، اس میں حضرت صدیق اکبرؓ کی رائے یہ تھی کہ ان سے قتال کیا جائے گا کیوں کہ یہ زکاۃ جو حق مال ہے اس کو ادا نہیں کر رہے ہیں، مگر حضرت عمرؓ کی رائے یہ تھی کہ چونکہ پوری شریعت کو تھامے ہوئے ہیں اور معذور ہیں اس واسطے ان سے قتال نہ کیا جائے اور اس وقت وہ مرتد اس لئے تصور نہیں کئے گئے کہ احکام اسلام نئے نئے نازل ہوئے تھے نسخ و تغییر اور تبدیلی ہوتی رہتی تھی، یہ بیچارے اعراب تھے ان کو دھوکہ لگ گیا اس لئے یہ معذور سمجھے گئے۔

ردّت یا بغاوت: علامہ جمال الدین زیلعی اور انہیں کی اتباع میں علامہ انور شاہ کشمیری کی رائے یہ ہے کہ حضرات شیخین میں اختلاف ایک اور بات میں تھا، اور وہ یہ ہے کہ یہ منکرین زکاۃ جو زکاۃ کا انکار کر رہے ہیں اس کا منشاء کیا ہے؟ حضرت صدیق اکبرؓ یہ سمجھتے تھے کہ اس کا منشاء ردّت ہے اور حضرت عمرؓ کی رائے یہ تھی

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ اس کا منشاء بغاوت ہے، چونکہ حضرت صدیق اکبرؓ ان کو مرتد سمجھ رہے تھے اس لئے وہ کہتے تھے کہ ان کے خلاف لشکر بھیجے جائیں گے اور حضرت عمرؓ مرتد نہیں سمجھتے تھے اس لئے بمقتضائے مصلحت اور بتقاضائے حدیث أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ان کی رائے یہ تھی کہ ان سے قتال نہ کیا جائے، مگر صدیق اکبرؓ نے یہ سمجھا دیا کہ حضور پاک ﷺ نے کلمہ کہنے کے بعد دو چیزوں کی حفاظت کا ذکر کیا ہے ایک جان اور دوسرے مال، اور جان سے متعلق صلوۃ ہے جو حق البدن ہے اور مال سے متعلق زکاۃ ہے جو حق المال ہے، لہٰذا یہ ایک حق کو ادا کر رہے ہیں اور دوسرے کا انکار کرتے ہیں ان کو چھوڑا نہیں جاسکتا ہے ان سے قتال کیا جائے گا، حضرت صدیقؓ کی یہ بات حضرت عمرؓ کی سمجھ میں آگئی۔

اداء الی الامام کا انکار: ہمارے حضرت گنگوہی اور انہیں کی اتباع میں ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم کی رائے یہ ہے کہ منکرین زکاۃ میں دو جماعتیں تھیں، ایک وہ جو زکاۃ کی فرضیت ہی کا انکار کرتے تھے اور دوسرے وہ جو زکاۃ کی فرضیت کا تو اقرار کرتے تھے لیکن اداء الی الامام کا انکار کرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ ہم خود دے دیں گے امام کو دینے کی ضرورت نہیں ہے، امام کے لینے کا حکم تو حضور کے ساتھ خاص تھا خذ من أموالهم اور جب آپ چلے گئے تو یہ حکم خاص ختم ہو گیا، چنانچہ بعض قبائل نے زکاتیں جمع بھی کی تھیں اور دینے کا ارادہ بھی تھا لیکن دوسروں نے لیکر اپنی قوم میں تقسیم کر دیا۔

لہٰذا شیخین کا مناظرہ منکرین فرضیت کے بارے میں نہ تھا بلکہ منکرین اداءِ امام کے بارے میں تھا، حضرت عمرؓ چونکہ ان کو کافر نہیں سمجھتے تھے اس لئے وہ کہتے تھے کہ ان سے قتال کیسا؟ اور صدیق اکبرؓ یہ فرماتے تھے کہ وہ حق المال روکتے ہیں اس لئے ان سے قتال کیا جائے گا، جب تک حق ادا نہیں کریں گے ان کا مال محفوظ نہیں اور اگر مال لینے کے لئے مطالبہ کیا جائے گا تو مزاحمت کریں گے لامحالہ ان سے قتال کیا جائے گا، حضرت عمرؓ کی سمجھ میں بات آگئی۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم نے اس قول کو مختلف طریقوں سے مدلل کیا۔

(۱) اول اس طرح کہ دوسرے صحابۂ کرامؓ کی روایات میں أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کے بعد ویقیموا الصلوۃ ویؤتوا الزکاۃ بھی وارد ہوا ہے، چنانچہ اسی طرح ابن عمرؓ کی روایت میں صحیحین میں

Maktaba Tul Ishaat.com

وارد ہوا ہے، یہی مضمون حضرت انسؓ، حضرت ابوہریرہؓ اور دوسرے صحابہ کرامؓ کی روایات میں بھی وارد ہوا ہے، اب جبکہ شہادت توحید کے ساتھ ساتھ اقامۃ الصلوۃ اور ایتاء زکاۃ کا بھی ذکر ہے تو معلوم ہو گیا کہ ان میں سے کسی ایک میں بھی جو کوتاہی کرے گا اس سے قتال کیا جائے گا، تو بھلا حضرت عمرؓ کو زکاۃ نہ دینے والوں کے بارے میں کیا تامل ہو سکتا تھا اور وہ ان کے قتال سے حضرت صدیق اکبرؓ کو کیسے روک سکتے تھے؟ لامحالہ یہ کہا جائے گا کہ یہ ساری منازعت اور یہ سارا مناظرہ منکرین فرضیت زکاۃ کے بارے میں نہیں بلکہ جو اداء امام کا انکار کرتے تھے ان کے بارے میں ہے۔

مگر حافظ ابن حجر وغیرہ چونکہ خطابی کی رائے پر ہیں اس لئے حافظ صاحب فرماتے ہیں کہ ممکن ہے کہ حضرت ابن عمرؓ مناظرہ کے وقت موجود نہ ہوں اور اگر موجود ہوں تو ممکن ہے حدیث یاد نہ رہی ہو اور ممکن ہے کہ حدیث یاد ہو تو کسی وجہ سے کہہ نہ پائے ہوں۔

ہمارے حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ کیا ابوہریرہؓ، حضرت انسؓ اور دوسرے صحابہؓ بھی موجود نہ تھے؟ اور پھر حضرت نے حافظ ابن حجر کی عبارت سے یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ مناظرہ کے وقت موجود تھے، تو جب حضر وہریرہؓ حافظ کی رائے پر وہاں موجود تھے تو کیوں نہیں پوری حدیث سنادی۔

(۲) حضرت شیخ نے ایک دوسری وجہ پیش کی اور وہ یہ ہے کہ خود حضرت صدیق اکبرؓ کی روایت میں توحید کے ذکر کے ساتھ ساتھ اقامۃ الصلوۃ اور ایتاء زکاۃ کا بھی ذکر ہے، امام نسائی، ابن خزیمہ، ابو بکر احمد بن علی الاموی، ابو بکر بیہقی اور خطیب نے المتفق میں بطریق عمران القطان عن معمر عن زہری عن انس یہ پورا مناظرہ نقل کیا ہے اور اس میں یہ ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے یوں فرمایا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول أمرت أن أقاتل الناس حتی یقولوا لا الہ الا اللہ ویقیموا الصلوۃ ویؤتوا الزکاۃ، امام بیہقی فرماتے ہیں کہ یہ جو صحیحین وغیرہ کی روایات میں وارد ہوا ہے کہ صدیق اکبرؓ نے فرمایا وَاللہِ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ الصَّلَاۃِ وَالزَّکَاۃِ اور صدیق اکبرؓ کا قیاسی استدلال مذکور ہے یہ بظاہر رواۃ کا اختصار ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ دلیل بڑی مضبوط ہے. مگر جہابذۂ فن حدیث کے نزدیک یہ روایت اوہام میں سے ہے، علی بن مدینی، ابوزرعۃ الرازی، ابوحاتم رازی، امام ترمذی، امام نسائی اور خطیب بغدادی کے نزدیک عمران قطان کی یہ روایت وہم ہے، اور اس کو اس حدیث کی سند میں بھی وہم ہوا اور متن میں بھی وہم ہوا، سند یوں تھی عن

Maktaba Tul Ishaat.com

الزھری عن عبید اللہ بن عبد اللہ عن أبی ھریرۃ اس نے کر دیا عن الزھری عن أنس اور متن میں صرف اتنا مضمون تھا کہ حضرت عمرؓ نے یوں فرمایا کیف تقاتل الناس؟ وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أمرت أن أقاتل الناس حتی یقولوا لا إلہ إلا اللہ فمن قالھا فقد عصم مني مالہ ونفسہ إلا بحقہ وحسابہ علی اللہ فقال واللہ لأقاتلن من فرق بین الصلاۃ والزکاۃ فإن الزکاۃ حق المال الحدیث، اس شخص نے متن میں اضافہ کر دیا۔

یہ تنقید وتبصرہ علامہ تاج الدین سبکی اور اسی طرح سے حافظ ابن حجر وغیرہ نے نقل کر کے ان حضرات کی موافقت کی ہے، اس لئے یہ روایت اکابر ائمۂ فن حدیث کے نزدیک معلول ہے اگرچہ بیہقی اور ابن خزیمہ جیسے اس کو مستند مانتے ہیں۔

تیسری دلیل ہمارے حضرت شیخ نے یہ پیش کی ہے کہ عبد الرزاق نے المصنف میں اور حاکم نے المستدرک میں حضرت عمرؓ سے نقل کیا ہے کہ مجھے افسوس ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے پردہ فرما گئے اور میں تین باتیں پوچھ نہ سکا، ایک یہ کہ آپ کے بعد خلیفہ کون ہوگا؟ دوسرے کلالہ کے بارے میں، تیسرے یہ کہ اگر کوئی قوم زکاۃ کی فرضیت کا اقرار کرے مگر ادا الی الامام کا انکار کرے تو اس کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟

سند تو اس روایت کی صحیح ہے مگر مجھے اس میں نکارت معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ جب تک اس طرح کی صورت پیش نہیں آتی تو حضرت عمرؓ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سوال کی خواہش کیسے پیدا ہوئی؟ پوچھنے کا سوال اس وقت ہوتا جب اس طرح کا واقعہ پیش آتا۔

تنبیہ: بہت غور سے سنو! ہم نے جو خطابی کا کلام نقل کیا اس میں یہ واقع ہوا ہے کہ ردت میں اتنا عموم ہو گیا کہ صرف تین مسجدوں میں نماز ہو رہی تھی، علامہ انور شاہ کشمیری وغیرہ محققین کی رائے یہ ہے کہ یہ غلط ہے، ردت میں اتنا عموم نہیں ہوا تھا کہ سارا خطۂ عرب مرتد ہو گیا ہو، بلکہ صحیح بات وہ ہے جو علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری نے کتاب الفصل فی الملل والأھواء والنحل میں لکھی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سارے لوگ چار قسموں میں منقسم ہو گئے تھے، ١ قسم اول ان لوگوں کی تھی جو پوری شریعت کو تھامے ہوئے تھے اور یہی جمہور الناس تھے، ٢ دوسری قسم وہ تھی جو زکاۃ کا انکار کرتی تھی، یہ پہلی قسم سے کم لیکن کافی تعداد تھی، ٣ تیسری قسم وہ تھی جس نے اسود، سجاح اور مسیلمہ وغیرہ مدعیان نبوت باطلہ کا اتباع کر لیا تھا، یہ دوسری سے بھی کم تھی، ٤ چوتھی قسم ان لوگوں کی تھی جو توقف کر رہے تھے اور وہ یہ دیکھ رہے تھے کہ جس

Maktaba Tul Ishaat.com

کی بات اونچی ہو جائے اور جس کا پلڑا بھاری ہو جائے جس کا غلبہ ہو جائے اس کے ساتھ ہو جائیں گے، حضرت صدیق اکبرؓ نے ان مرتدین کے خلاف لشکر کشی کی، سال بھی نہیں گزرنے پایا تھا کہ سب لوٹ آئے یہی تحقیق بات ہے، اور یہ جو اعور شنّیؔ وغیرہ نے فخر کیا ہے وہ اپنے علاقہ کے اعتبار سے کیا ہے، وہ یمامہ کے رہنے والے تھے اور کہاں مکہ اور مدینہ، سینکڑوں میل کا فاصلہ ہے ان کو پتہ بھی نہیں کہ بیچ میں کہاں کہاں نمازیں ہو رہی ہیں اور کہاں نہیں ہو رہی ہیں۔

وَاللهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا: اگر وہ بکری کا ایک چھوٹا بچہ جو ایک سال کا بھی نہ ہو جس کو عہد نبوت میں حضور ﷺ کو دیتے تھے نہیں دیں گے تو میں ان کے منع کرنے پر ان سے قتال کروں گا۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صغار پر بھی زکاۃ ہے اگر کبار سے صغار پیدا ہو جائیں، اور اگر بچے دینے کے بعد کبار مر جائیں اور صغار ہی صغار رہ جائیں اور ان پر حولان حول ہو جائے تو آیا ان پر زکاۃ آئے گی یا نہیں؟

ہمارے حضرت امام ابو حنیفہ کی اس سلسلہ میں تین روایتیں ہیں، ۱ ایک روایت یہ ہے یؤخذ واحد منها، قاضی ابو یوسف، امام شافعی اسی قول کے قائل ہیں، ۲ امام مالک، زفر بن ہذیل اور حنابلہ میں سے ابو بکر مروزی فرماتے ہیں یؤخذ فیها ما یؤخذ من الکبار یعنی ان میں واجب لیا جائے گا، اگر پچیس ہوں تو بنت مخاض اور اگر چھتیں ہوں تو بنت لبون وھکذا، ۳ امام محمد فرماتے ہیں کہ کچھ بھی واجب نہیں یہی امام ابو حنیفہ کی مشہور روایت ہے جس کو ہمارے اصحاب متون ذکر کرتے ہیں لاتجب الزکاۃ فی الفصلان والعجاجیل، امام بغوی کہتے ہیں کہ امام احمد کا یہی مسلک ہے۔

عناق یا عقال: اس روایت کے بعض طرق میں عناق کے بجائے عقال کا لفظ وارد ہوا ہے، ۱ بعض کہتے ہیں کہ یہ وہم ہے اس لئے کہ رسی میں کہاں زکاۃ؟ ۲ بعضوں نے کہا ہے کہ اصل میں دستور یہ تھا کہ جب مواشی سے ماشیہ بطور زکاۃ کے دیا جاتا تھا تو وہ ایک رسی بھی جانوروں کو باندھنے کے لئے دیا کرتے تھے، ۳ بعض کہتے ہیں کہ زکاۃِ نقود پر محمول ہے، مطلب یہ ہے کہ ایک رسی کی قیمت بھی روک لیں گے تو میں ان سے قتال کروں گا، ۴ بعضوں نے کہا ہے کہ اصل میں عقال کہتے ہیں ایک سال کی زکاۃ کو اسی طرح سے نضر بن شمیل، ابو عبید اور کسائی وغیرہ نے بیان کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

جب امیر معاویہؓ نے اپنے بھتیجے عمرو بن عتبہ بن ابی سفیان کو ایک جگہ کی زکاۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا اور انہوں نے تعدی کی تو وہاں کے ایک شاعر نے اس کی مذمت میں دو اشعار کہے جس میں ایک شعر یہ ہے

سعی عقالاً فلم یترك لنا سبدا　　فكیف لو قد سعی عمرو عِقالَین

اور دوسرا شعر یہ ہے

لأصبح الحيُّ أوباذا ولم یجدوا　　عند التفرق فی الهیجا جِمالَین

۵ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اصل میں ایک عین ہوتا ہے اور دوسرا نقد، سامان کو عین کہتے ہیں اور اسی کا نام عقال ہے اور اگر قیمت لی جائے تو اس کا نام نقد ہے، یہاں عقال سے مراد اصل سامان اور اصل چیز ہے، لیکن یہ تاویلیں بعید معلوم ہوتی ہیں اگرچہ ان تاویلات کی تائید اشعار وغیرہ سے پیش کی گئی ہے، اس آخری قول کی تائید میں ایک شعر پیش کیا گیا ہے

أتانا أبو الخطاب یضرب طبله　　فرد ولم یأخذ عقالاً و لا نقدًا

فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الحَقُّ: معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ مقلد نہیں تھے، مجتہد تھے یعنی انکو اجتہاداً یہ حق ظاہر ہوا، مسئلہ یہی ہے المجتهد لا یقلد المجتهد لیکن امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اپنے سے اعلم کی تقلید کر سکتا ہے۔

(ص ۱۸۸) بَابُ الْبَیْعَةِ عَلَی إِیتَاءِ الزَّکَاةِ

﴿ فَإِن تَابُوا۟ وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُا۟ ٱلزَّكَوٰةَ فَإِخْوَٰنُكُمْ فِى ٱلدِّينِ ۗ ﴾

۱۴۰۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَیْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِیلُ عَنْ قَیْسٍ قَالَ: قَالَ جَرِیرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بَایَعْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَلَی إِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِیتَاءِ الزَّکَاةِ وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ۔

ترجمہ: باب، زکاۃ ادا کرنے پر بیعت کا بیان۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر وہ توبہ کریں، نماز قائم کریں اور زکاۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔

ترجمہ باب الدین النصیحة میں گزر چکا۔

تشریح: امام بخاری نے پہلے وجوب زکاۃ کا ترجمہ منعقد کیا اب تخصیص بعد التعمیم فرما رہے ہیں اور یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ زکاۃ کے دینے پر بیعت لی گئی ہے، لہٰذا اگر امام زکاۃ ادا کرنے پر بیعت لے تو سنت میں اس کی

Maktaba Tul Ishaat.com

اصل موجود ہے اور یہ زکاۃ کی اہمیت کی بہت بڑی دلیل ہے۔

فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ: امام بخاری نے اس سے بیعت کو کیسے ثابت کیا ہے؟ ہمارے حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ اگلا جملہ وَإِنْ نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ سے ثابت کیا ہے نکث کہتے ہیں بیعت توڑنے کو، اور ممکن ہے کہ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ سے اپنا ترجمہ ثابت کیا ہو اس لئے کہ مواخات دینیہ بیعت ہی تو ہے۔

(ص ١٨٨) بَاب إِثْمِ مَانِعِ الزَّكَاةِ

وقول الله تعالى ﴿ وَٱلَّذِينَ يَكْنِزُونَ ٱلذَّهَبَ وَٱلْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ ﴾ إلى قوله تعالى ﴿ فَذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ ﴾.

١٤٠٢. حَدَّثَنَا أبو اليمان الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ هُرْمُزَ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: تَأْتِي الْإِبِلُ عَلَى صَاحِبِهَا عَلَى خَيْرِ مَا كَانَتْ، إِذَا هُوَ لَمْ يُعْطِ فِيهَا حَقَّهَا تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا، وَتَأْتِي الْغَنَمُ عَلَى صَاحِبِهَا عَلَى خَيْرِ مَا كَانَتْ، إِذَا لَمْ يُعْطِ فِيهَا حَقَّهَا تَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا، وَقَالَ: وَمِنْ حَقِّهَا أَنْ تُحْلَبَ عَلَى الْمَاءِ، قَالَ: وَلَا يَأْتِي أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِشَاةٍ يَحْمِلُهَا عَلَى رَقَبَتِهِ لَهَا يُعَارٌ فَيَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ بَلَّغْتُ، وَلَا يَأْتِي بِبَعِيرٍ يَحْمِلُهُ عَلَى رَقَبَتِهِ لَهُ رُغَاءٌ فَيَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ، فَأَقُولُ: لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ بَلَّغْتُ.

١٤٠٣. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ آتَاهُ اللهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ زَبِيبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ - يَعْنِي بِشِدْقَيْهِ- ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ، ثُمَّ تَلَا ﴿ وَلَا يَحْسَبَنَّ ٱلَّذِينَ يَبْخَلُونَ ﴾ الْآيَةَ ﴿ بِمَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضْلِهِۦ هُوَ خَيْرًا لَّهُم بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِۦ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ﴾.

ترجمہ: باب، زکاۃ نہ دینے والے کے گناہ کا بیان، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور وہ لوگ جو سونے اور چاندی کو خزانہ بنا کر جمع کرتے ہیں اور اسے اللہ کے راستہ میں خرچ نہیں کرتے تو ان کو دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے، جس دن اس

Maktaba Tul Ishaat.com

خزانہ کو جہنم کی آگ میں گرم کیا جائے گا پھر اس سے ان لوگوں کی پیشانیوں، پہلوؤں اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا اور کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ خزانہ جسے تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا تو اپنے ذخیرہ بنانے کا مزہ چکھو۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ (قیامت کے دن) اونٹ اپنے مالک کے پاس اس سے بہتر حالت میں آئیں گے جس میں وہ دنیا میں تھے، جبکہ اس نے وہ حق نہ دیا ہو جو ان میں ہے (آئیں گے اور) اس کو اپنے پاؤں سے روندیں گے، اسی طرح بکریاں اپنے مالک کے پاس اس سے اچھی حالت میں آئیں گی جس میں وہ دنیا میں تھیں جبکہ اس شخص نے وہ حق نہ دیا ہو جو ان میں ہے یہ بھی اپنے کھروں سے اس کو روندیں گی اور اپنے سینگوں اس کو ماریں گی۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ اونٹوں میں ایک حق یہ بھی ہے کہ ان کو پانی پلانے کی جگہ پر دوہا جائے، آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ تم میں سے کوئی قیامت کے دن بکری کو لیکر اس حالت میں (میرے پاس) نہ آئے کہ اس کو اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے ہو اور وہ آواز کر رہی ہو، پھر کہے کہ اے محمد! (ﷺ) (مجھے عذاب سے بچالیجئے) اور میں یہ کہوں کہ میں تمہارے لئے کچھ نہیں کر سکتا، میں خدا کا حکم پہنچا چکا ہوں، اسی طرح کوئی اونٹ لیکر اس حال میں نہ آئے کہ اس کو اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے ہو اور وہ آواز کر رہا ہو اور یہ کہے کہ اے محمد! (ﷺ) (مجھے عذاب سے بچالیجئے) اور میں یہ جواب دوں کہ میں تمہارے لئے کچھ نہیں کر سکتا، میں خدا کا حکم پہنچا چکا ہوں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس کو اللہ نے مال دیا اور اس نے اس مال کی زکاۃ ادا نہ کی تو وہ مال قیامت کے دن ایسا گنجا سانپ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا جس کی آنکھوں پر دو کالے ٹیکے ہوں گے تو وہ اس کے دونوں جبڑے پکڑے گا اور کہے گا کہ میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں، یہ فرما کر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِینَ یَبْخَلُونَ الآیۃ کہ وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اس مال میں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دیا، یہ نہ سمجھیں کہ یہ بخل ان کے لئے بہتر ہے بلکہ یہ ان کے لئے بہت برا ہے، جس مال میں انہوں نے بخل کیا ہے وہ مال قیامت کے دن ان کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

تشریح: امام بخاری کا یہ ترجمہ پہلے ترجمہ سے بھی زیادہ اخص ہے اور یہ بتلانا مقصود ہے کہ زکاۃ واجبات اسلام میں سے ہے اور اس پر بیعت لی جائے گی اور اگر کوئی آدمی زکاۃ نہیں دیتا ہے تو یہ نہ دینے والا گنہگار ہوگا، مصنف نے مانع زکاۃ کو مطلقاً آثم قرار دیا تاکہ اس میں وہ شخص بھی داخل ہو جائے جو زکاۃ بخل کی وجہ سے نہیں دیتا ہے اور وہ بھی داخل ہو جائے جو فرضیت کے انکار کرنے کی وجہ سے نہیں دیتا ہے۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ترجمہ میں تعمیم کر کے نوعیت عذاب کی طرف اشارہ کیا ہے اور یہ بتلانا مقصود ہے کہ مانع زکاۃ کو کس طرح کا عذاب دیا جائے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تَأْتِي الإِبِلُ عَلَى صَاحِبِهَا عَلَى خَيْرِ مَا كَانَتْ إِذَا هُوَ لَمْ يُعْطِ فِيهَا حَقَّهَا: مطلب یہ ہے کہ حدیث میں یہ وارد ہے کہ اونٹ قیامت کے دن انسان کے پاس اس سے اچھے حال میں آئے گا جیسا دنیا میں تھا اگر اس نے حق نہیں دیا ہے تو وہ اس کو اپنے کھروں سے روندے گا۔

الإبل، اگر اس سے مراد جنس ابل ہے تب تو اس کا حق نصاب کی مقدار ہے مثلاً پچیس اونٹوں میں ایک بنت مخاض واجب ہوتی ہے اور وہ حق ہے اس کا، اور چھتیس اونٹوں میں ایک بنت لبون واجب ہوتی ہے اور وہ حق ہے اس کا، وھکذا، لہذا وہ بنت مخاض یا بنت لبون اس کو اپنے کھروں سے روندے گا۔

اور اگر افرادِ ابل مراد ہیں تو اس صورت میں مراد صدقۂ تجارت ہے اور اس کی زکاۃ ادا نہ کرنے کی صورت میں ہر اونٹ ہے کہ وہ اپنے کھروں سے روندے گا، اس لئے کہ اگر وہ تجارت کے ہوں تو ان میں سے ہر ایک پر زکاۃ واجب تھی۔

وَمِنْ حَقِّهَا أَنْ تُحْلَبَ عَلَى الْمَاءِ: اور اس کا حق یہ ہے کہ اس کا دودھ پانی کے چشمہ پر دوہا جائے، عرب میں دستور یہ تھا کہ لوگ چشموں پر رہا کرتے تھے اور اونٹ جب چشموں پر پانی پینے کے لئے آتے تو راہ گیر لوگوں کو اس کا دودھ دوہ کر دے دیا جاتا تھا، حضور ﷺ نے اس کو حق ابل و غنم قرار دیا ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زکاۃ کے علاوہ بھی مال میں حق واجب ہوتا ہے، یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔

جمہور علماء فرماتے ہیں کہ انسان کے مال میں زکاۃ کے علاوہ کوئی حق واجب نہیں، لیکن شعبی، حسن بصری وغیرہ سے ابن ابی شیبہ نے نقل کیا ہے کہ مال میں زکاۃ کے علاوہ بھی حق واجب ہوتا ہے، جمہور کا استدلال فاطمہ بنت قیس کی روایت سے ہے لیس فی المال حق سوی الزکاۃ، رواہ ابن ماجہ۔

ایک عجیب وغریب بات! امام بیہقی نے اس روایت کا تذکرہ کیا اور یہ لکھا کہ ہمارے اصحاب یعنی شافعیہ اس روایت کو معلقاً ذکر کرتے ہیں لیکن مجھے یہ لفظ موصولاً نہیں ملا، اصل بات یہ ہے کہ سنن ابن ماجہ امام بیہقی تک پہنچی نہیں تھی، لیکن یہ روایت مضطرب المتن ہے، ابن ماجہ میں ہے لیس فی المال حق سوی الزکاۃ اور اسی حدیث میں ترمذی شریف میں ہے إن فی المال حقًا سوی الزکاۃ۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ حدیث اور اسی طرح سے حدیث الباب جمہور کے خلاف ہے، اس لئے کہ حق کی دو قسمیں

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں حقوق دائمہ اور حقوق وقتیہ، حقوق دائمہ تو صرف زکاۃ ہے زکاۃ کے علاوہ کوئی اور حق واجب نہیں، اور حقوق وقتیہ زکاۃ کے علاوہ بھی ہیں لہذا اگر کوئی آدمی ایسا مسکین ہو کہ اس کے پاس کھانے کو کچھ نہ ہو اور جان جانے کا خطرہ ہو اور کسی کے پاس روٹی ہو یا کھانے کو پیسہ ہو تو اس کی اعانت کرنا اور اس کی جان بچانا واجب ہے۔

لَهَا يُعَارٌ: یُعار یاء کے ضمہ اور عین مہملہ کے ساتھ بکری کی آواز، اور بعض نسخوں میں ہے ثغاء، ثغاء کہتے ہیں بکری کی آواز کو اور آگے روایت میں ہے رُغاء یہ اونٹ کی آواز کو کہتے ہیں۔

شُجَاعًا: نر سانپ، أَقْرَع، گنجا، زہر کی کثرت کی وجہ سے اس کے سر کے بال اکھڑ جاتے ہیں۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ سانپ کے سر پر تو بال ہوتے نہیں پھر اقرع کا کیا مطلب؟ بعضوں نے کہا ہے کہ اقرع سے مراد وہ سانپ ہے جس کے سر کی کھال سم کی کثرت کی وجہ سے اڑ گئی ہو، اور بعض کہتے ہیں کہ اصل میں بعض سانپ کے سر پر بال ہوتا ہے اور جب سم میں کثرت ہو جاتی ہے تو بال اڑ جایا کرتا ہے۔

لَهُ زَبِيبَتَانِ: زبیبہ سے مراد وہ زبدہ (جھاگ) ہے جو بات کرتے ہوئے ہونٹوں کے دائیں اور بائیں جھاگ سا نمودار ہو جاتا ہے، بعض نے کہا کہ اس کے نابان یعنی دو دانت مراد ہے، اور بعض نے کہا کہ دو داغ ہوتا ہے ان کی آنکھ کے اوپر۔

يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ: یعنی شدقین منھ بھر کر پکڑے گا اور کہے گا أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ میں تیرا خزانہ ہوں یہ سانپ خزانہ کی تصویر ہے، تو حقیقۃً مال و دولت یہ سانپ ہیں۔

(ص ۱۸۸) بَابُ مَا أُدِّيَ زَكَاتُهُ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ

لقول النبي ﷺ: ليس فيما دون خمس أواق صدقة.

١٤٠٤. حدثنا أَحْمَدُ بْنُ شَبِيبِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: أَخْبِرْنِي عن قَوْلِ اللهِ تعالى ﴿وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ﴾، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ كَنَزَهَا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهَا فَوَيْلٌ لَهُ إِنَّمَا كَانَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الزَّكَاةُ، فَلَمَّا أُنْزِلَتْ جَعَلَهَا اللهُ طُهْرًا لِلْأَمْوَالِ.

١٤٠٥. حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ: أنا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي يَحْيَى

Maktaba Tul Ishaat.com

بْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ عَمْرَو بْنَ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِيهِ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ.

١٤٠٦. حَدَّثَنَا عَلِيٌّ بن أبي هَاشِمٍ سَمِعَ هُشَيْمًا قَالَ: أَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: مَرَرْتُ بِالرَّبَذَةِ فَإِذَا أَنَا بِأَبِي ذَرٍّ فَقُلْتُ لَهُ: مَا أَنْزَلَكَ مَنْزِلَكَ هَذَا؟ قَالَ: كُنْتُ بِالشَّامِ فَاخْتَلَفْتُ أَنَا وَمُعَاوِيَةُ فِي ﴿ٱلَّذِينَ يَكْنِزُونَ ٱلذَّهَبَ وَٱلْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ﴾، قَالَ مُعَاوِيَةُ: نَزَلَتْ فِي أَهْلِ الْكِتَابِ، فَقُلْتُ: نَزَلَتْ فِينَا وَفِيهِمْ، فَكَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فِي ذَلِكَ فَكَتَبَ إِلَى عُثْمَانَ يَشْكُونِي فَكَتَبَ إِلَيَّ عُثْمَانُ أَنِ اقْدَمِ الْمَدِينَةَ فَقَدِمْتُهَا فَكَثُرَ عَلَيَّ النَّاسُ حَتَّى كَأَنَّهُمْ لَمْ يَرَوْنِي قَبْلَ ذَلِكَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعُثْمَانَ فَقَالَ لِي: إِنْ شِئْتَ تَنَحَّيْتَ، فَكُنْتَ قَرِيبًا فَذَاكَ الَّذِي أَنْزَلَنِي هَذَا الْمَنْزِلَ، وَلَوْ أَمَّرُوا عَلَيَّ حَبَشِيًّا لَسَمِعْتُ وَأَطَعْتُ.

١٤٠٧. حَدَّثَنَا عَيَّاشٌ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ عَنِ الأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: جَلَسْتُ ح وَحَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْعَلَاءِ بْنُ الشِّخِّيرِ أَنَّ الأَحْنَفَ بْنَ قَيْسٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى مَلَإٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَجَاءَ رَجُلٌ خَشِنُ الشَّعَرِ وَالثِّيَابِ وَالْهَيْئَةِ حَتَّى قَامَ عَلَيْهِمْ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: بَشِّرِ الْكَانِزِينَ بِرَضْفٍ يُحْمَى عَلَيْهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ثُمَّ يُوضَعُ عَلَى حَلَمَةِ ثَدْيِ أَحَدِهِمْ حَتَّى يَخْرُجَ مِنْ نُغْضِ كَتِفِهِ وَيُوضَعُ عَلَى نُغْضِ كَتِفِهِ حَتَّى يَخْرُجَ مِنْ حَلَمَةِ ثَدْيِهِ يَتَزَلْزَلُ، ثُمَّ وَلَّى فَجَلَسَ إِلَى سَارِيَةٍ وَتَبِعْتُهُ وَجَلَسْتُ إِلَيْهِ وَأَنَا لَا أَدْرِي مَنْ هُوَ، فَقُلْتُ لَهُ: لَا أُرَى الْقَوْمَ إِلَّا قَدْ كَرِهُوا الَّذِي قُلْتَ، قَالَ: إِنَّهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا.

١٤٠٨. قَالَ لِي خَلِيلِي، قَالَ: قُلْتُ وَمَنْ خَلِيلُكَ تَعْنِي؟ قَالَ: النَّبِيُّ ﷺ، يَا أَبَا ذَرٍّ أَتُبْصِرُ أُحُدًا؟ قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَى الشَّمْسِ مَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ وَأَنَا أُرَى أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ يُرْسِلُنِي فِي حَاجَةٍ لَهُ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مَا أُحِبُّ أَنَّ لِي مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا أُنْفِقُهُ كُلَّهُ إِلَّا ثَلَاثَةَ دَنَانِيرَ، وَإِنَّ هَؤُلَاءِ لَا يَعْقِلُونَ إِنَّمَا يَجْمَعُونَ الدُّنْيَا وَلَا وَاللهِ لَا أَسْأَلُهُمْ دُنْيَا وَلَا أَسْتَفْتِيهِمْ عَنْ دِينٍ حَتَّى أَلْقَى اللهَ.

ترجمہ:　باب،　جس مال کی زکاۃ ادا کر دی گئی وہ کنز نہیں۔

اس لئے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ پانچ اوقیہ چاندی سے کم میں زکاۃ نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

خالد بن اسلم نے بیان کیا کہ ہم عبد اللہ بن عمرؓ کے ہمراہ نکلے تو ایک اعرابی نے کہا کہ مجھے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ (کہ وہ لوگ جو سونے اور چاندی کو خزانہ بنا کر رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے) کے معنی بتائیں، حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ جس نے خزانہ جمع کیا اور پھر اس کی زکاۃ ادا نہیں کی تو اس کے لئے ہلاکت ہے، اور بات یہ ہے کہ یہ آیت زکاۃ کا حکم آنے سے پہلے نازل ہوئی پھر جب زکاۃ کا حکم آیا تو اللہ نے اسے اموال کے لئے پاکی کا ذریعہ بنا دیا۔

حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ پانچ اوقیہ چاندی سے کم میں زکاۃ نہیں ہے، اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکاۃ نہیں ہے، اور پانچ وسق کھجور سے کم میں زکاۃ نہیں ہے۔

زید بن وہب بیان کرتے ہیں کہ میں ربذہ سے گزرا تو اچانک حضرت ابو ذرؓ کو دیکھا، میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کے اس جگہ قیام کرنے کا سبب کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ میں شام میں تھا کہ میرے اور حضرت معاویہؓ کے درمیان اس آیت وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ کے بارے میں اختلاف ہوا، حضرت معاویہؓ نے کہا کہ یہ آیت اہل کتاب کے بارے میں نازل ہوئی، میں نے کہا کہ یہ آیت ہمارے بارے میں بھی ہے اور ان کے بارے میں بھی، تو میرے اور ان کے درمیان اس بارے میں بحث ہوئی، انہوں نے حضرت عثمانؓ کو خط لکھا اور اس میں میری شکایت کی، حضرت عثمانؓ نے مجھے لکھا کہ مدینہ آجائیں، میں مدینہ آیا تو لوگ میرے پاس اس کثرت سے جمع ہوئے جیسے انہوں نے مجھے اس سے پہلے نہیں دیکھا تھا، میں نے اس کا تذکرہ حضرت عثمانؓ سے کیا تو انہوں نے کہا کہ اگر آپ پسند کریں تو مدینہ منورہ سے قریب گوشہ نشین ہو جائیں، سو یہ ہے وہ قصہ جس کی وجہ سے میں اس جگہ آیا، اگر یہ میرے اوپر کسی حبشی کو بھی حاکم بنائیں گے تو میں سنوں گا اور اطاعت کروں گا۔

احنف بن قیس نے بیان کیا کہ میں قریش کی ایک جماعت کے پاس بیٹھا تو ایک صاحب آئے جن کے بال، کپڑے اور ہیئت سب کچھ معمولی تھا، وہ صاحب ان کے پاس کھڑے ہوئے سلام کیا اور یہ کہا کہ خزانہ جمع کرنے والوں کو اس تپتے ہوئے پتھر کی خبر سنا دو جسے جہنم کی آگ میں گرم کیا جائے گا پھر ان کی چھاتی کی گھنڈی پر رکھا جائے گا یہاں تک کہ وہ مونڈھے کے کنارے والی ہڈی سے باہر نکل جائے گا، اور مونڈھے کی ہڈی پر رکھا جائے گا یہاں تک کہ اس کی چھاتی کی گھنڈی سے باہر نکل جائے گا اس حال میں کہ وہ پتھر لڑھک رہا ہوگا، یہ کہہ کر ان صاحب نے پیٹھ پھیری اور ایک ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے، میں ان کے پیچھے گیا اور میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کون ہیں، میں نے کہا کہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کو وہ بات جو آپ نے کہی ناگوار گزری، انہوں نے کہا کہ یہ لوگ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔

مجھ سے میرے دوست نے کہا۔ میں نے دریافت کیا کہ آپ کے دوست کون ہیں؟ تو کہا کہ نبی کریم ﷺ۔ کہ اے ابو ذر! کیا تم احد کا پہاڑ دیکھ رہے ہو؟ میں نے سورج کی طرف دیکھا کہ دن کا کتنا حصہ باقی ہے؟ کیوں کہ میں سمجھ رہا تھا کہ رسول اللہ

Maktaba Tul Ishaat.com

صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنے کسی کام سے بھیجیں گے، میں نے عرض کیا کہ جی ہاں دیکھ رہا ہوں، فرمایا: میں پسند نہیں کرتا کہ میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو، اگر ہوگا تو سوائے تین دینار کے پورا خرچ کردوں گا، بے شک یہ لوگ عقل نہیں رکھتے، یہ تو دنیا جمع کر رہے ہیں، بخدا میں ان سے نہ تو دنیا کا سوال کروں گا اور نہ دین کے بارے میں پوچھوں گا یہاں تک کہ اللہ سے ملاقات کروں۔

تشریح: یہ باب اس بات کے بیان میں ہے کہ جس مال کی زکاۃ دے دی جائے وہ کنز نہیں ہے۔

قرآن پاک میں کنز کی مذمت بیان کی گئی ہے، ارشاد خداوندی ہے وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ، اس کنز مذموم سے کونسا کنز مراد ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

(۱) جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس سے وہ مال مراد ہے جس کی زکاۃ نہ دی گئی ہو، (۲) ابوذر غفاریؓ فرماتے تھے کہ انسان کی ضرورت سے جو زائد ہو وہ سب کنز میں داخل ہے، لہٰذا صبح اور شام کے کھانے سے کچھ بچے تو وہ ان کے نزدیک کنز مذموم میں شامل ہے، (۳) بعضوں نے کہا ہے کہ کنز سے مراد اس کا لغوی معنیٰ ہے جس کو لغت میں کنز کہا جاتا ہے، حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ چار ہزار درہم سے جو زائد ہو وہ کنز ہے۔

ان تفسیرات میں سب سے اصح تفسیر جمہور کی تفسیر ہے اور اسی کو امام بخاری نے اختیار کیا ہے، فرماتے ہیں مَا أُدِّيَ زَكَاتُهُ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ، بعض روایات میں وارد ہوا ہے إِذَا أَدَّيْتَ زَكَاةَ مَالِكَ فَقَدْ قَضَيْتَ مَا عَلَيْكَ اپنے مال کی اگر زکاۃ دے دی تو تم پر جو واجب مطالبہ تھا وہ ختم ہو گیا۔

امام بخاری نے اس دعویٰ کی دلیل میں ارشاد نبوی لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ پیش کیا ہے، حاصل استدلال یہ ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ اواقی سے کم کم کے اندر صدقہ کی نفی کر دی ہے، معلوم ہوا کہ اس سے کم جو مال رہے گا اس میں کوئی مطالبہ متوجہ نہیں ہوگا اور اس کے رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، لہٰذا اگر کسی کے پاس پانچ وقیہ ہو اور اس میں سے زکاۃ ادا کر دی ہو تو وہ پانچ سے کم ہو گیا اور پانچ سے کم میں صدقہ ہے نہیں لہٰذا اس کے اکتناز میں کوئی مضائقہ نہیں، فثبت أن ما أدی زکاته فلیس بکنز یعنی کنز مذموم نہیں۔

مَنْ كَنَزَهَا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهَا فَوَيْلٌ لَهُ: جو آدمی اکتناز مال کرے، ذہب وفضہ کا اکتناز کرے اور زکاۃ نہ دے اس کے لئے بڑی خرابی ہے، حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں إِنَّمَا كَانَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الزَّكَاةُ کہ یہ وجوب زکاۃ سے پہلے کا حکم ہے اور اس کے بعد زکاۃ نازل کر دی گئی تو حق تعالیٰ شانہ نے اس کو طہراً للاموال بنا دیا۔

آیت کریمہ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللهِ الآية کے بارے میں یہ اختلاف

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے کہ اس کی مراد کیا ہے؟ مطلق کنز ہے یا جس کی زکاۃ ادا نہ کی ہو؟

حضرت ابوذرؓ وغیرہ کی رائے ہے کہ مطلق کنز مراد ہے، جو مال بھی کنز بنا کر کے رکھا جائے چاہے وہ تھوڑا ہو چاہے زائد ہو سب اس میں داخل ہے، لیکن ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ یہ ابتدائی حکم ہے کہ نزول زکاۃ سے پہلے کا اور جب اللہ تعالیٰ شانہ نے زکاۃ کا حکم نازل فرمادیا تو یہ حکم منسوخ ہوگیا، لہٰذا زکاۃ دینے کے بعد جو مال بچ رہے اس کے اکتناز میں کوئی حرج نہیں ہے۔

لیکن امام بخاری نے اپنے ترجمہ سے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ وَالَّذِینَ یَکْنِزُونَ کا تعلق اس مال سے ہے جس کی زکاۃ نہ دی ہو اور اگر زکاۃ دے دی تو پھر آیت کا عتاب اس کی طرف متوجہ نہیں ہوتا ہے اور یہی جمہور علماء کی رائے ہے۔

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يَزِيدَ: یہاں پر مصنف کا مقصود لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ ہے اور مصنف کے استدلال کی تقریر گزر چکی اور باقی دو اجزاء پر مستقل آئندہ ترجمہ آئے گا میں وہاں کلام کروں گا۔

عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: مَرَرْتُ بِالرَّبَذَةِ: رَبَذہ راء اور باء اور ذال کے فتحہ کے ساتھ ایک مقام ہے مدینہ منورہ سے تین مرحلہ پر، وہاں میں نے ابوذرؓ کو دیکھا تو میں نے پوچھا کہ کس چیز نے آپ کو یہاں اتار دیا؟ یعنی آپ تو مہاجرین مدینہ میں سے ہیں پھر آپ یہاں کیوں ہیں؟ فرمایا کہ میں شام میں تھا، میرا اور معاویہؓ کا الَّذِینَ یَکْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ میں اختلاف ہوگیا، معاویہؓ کہتے تھے کہ یہ آیت اہل کتاب یہود ونصاریٰ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور میں کہتا تھا کہ عام ہے، لہٰذا مجھ میں ان میں کچھ بات چیت ہوگئی انہوں نے حضرت عثمانؓ کے یہاں میری شکایت کر دی تو حضرت عثمانؓ نے مجھے مدینہ طلب کر لیا تو لوگ میری طرف ایسے متوجہ ہوئے کہ گویا مجھے دیکھا ہی نہیں، میں نے حضرت عثمانؓ سے اس کے متعلق بات کی تو انہوں نے فرمایا کہ اگر چاہو تو کہیں قریب میں گوشہ نشین ہو جاؤ۔

حضرت ابوذرؓ نے امیر معاویہؓ پر تنقید کی تھی اور وہ جمع مال پر نقد کرتے تھے، حضرت امیر معاویہؓ نے حضرت عثمانؓ کو خط لکھا کہ ابوذر کو بلالو، ابوذر غفاریؓ مدینہ پہنچ گئے وہاں جب پہنچے تو لوگوں نے ہجوم کر لیا، حضرت ابوذر غفاریؓ کو حضرت عثمانؓ نے مصلحۃً فرمایا کہ ربذہ چلے جاؤ۔

حضرت ابوذرؓ کے ساتھ جو صورت حال پیش آئی رسول پاک ﷺ نے قبل از وقت اس کی خبر دے دی

Maktaba Tul Ishaat.com

تھی فرمایا تھا کہ اے ابوذر! اگر کوئی بات پیش آئے تو کیا کروگے؟ کہا کہ شام چلا جاؤں گا، اور اگر وہاں کچھ پیش آجائے تو؟ کہا کہ مدینہ آجاؤں گا اور اگر یہاں کچھ ہو تو؟ کہا کہ تلوار کھینچ لوں گا فرمایا کہ نہیں اسمع و أطع بات سننا اور اطاعت کرنا، باقی حضرت ابوذر غفاریؓ اس رائے میں منفرد تھے۔

جَلَسْتُ إِلَى مَلَإٍ مِنْ قُرَيْشٍ: حلمة پستان کا اٹھا ہوا رنگین حصہ، نُغْضُ كَتِفٍ مونڈھے کا اٹھا ہوا حصہ، ایک ہڈی ہوتی ہے مونڈھے پر اس کو نغض کتف کہتے ہیں۔

احنف بن قیس کہتے ہیں کہ میں قریش کی ایک جماعت کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک آدمی آئے جن کے بالوں میں خشونت تھی یعنی نہ تیل تھا سر میں اور نہ کنگھا کئے ہوئے تھے اور کپڑے بھی موٹے تھے وہ ان کے پاس آکر کھڑے ہوئے سلام کیا اور فرمایا بَشِّرِ الْكَانِزِينَ بِرَضْفٍ يُحْمَى عَلَيْهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ إلخ مال جمع کرنے والوں کو خبر دے دو ایک ایسے گرم پتھر کی جو نار جہنم میں گرمایا جائے گا اور پھر ایک آدمی کے حلمۃ ثدی یعنی پستان کے حلمہ پر رکھ دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ نکل جائے گا اس کے مونڈھوں کے اٹھے ہوئے حصہ کی طرف، اور رکھ دیا جائے گا نغض کتف پر یہاں تک کہ وہ نکل جائے گا اس کے پستان کے حلمہ سے۔

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوذر غفاریؓ نے اس سے اپنے مسلک کی تائید کی ہے کہ کنز وہ مال کہلاتا ہے جو انسان کی ضرورت سے زائد ہو، لیکن صحیح جمہور کا قول ہے کہ کنز وہ مال ہے جس کی زکاۃ ادا نہ کی گئی ہو۔

قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاریؓ کا انکار ان لوگوں پر ہے جو بیت المال سے اموال لیتے رہتے ہیں اور جہاں بیت المال کا خرچ ہونا چاہئے وہاں خرچ نہیں کرتے ہیں، امام نووی نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ حضرت ابوذر غفاریؓ نے جس زمانہ میں یہ بات کہی ہے وہ خلفاء راشدین کا دور تھا وہ کہاں بیت المال کا مال اپنے اوپر خرچ کرتے تھے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ قاضی کے کلام کی توجیہ ممکن ہے اور مطلب یہ ہے کہ آئندہ چل کر جو سلاطین آئیں گے ان کے بارے میں حضرت ابوذر غفاریؓ نے ارشاد فرمایا ہے۔

لَا أَسْأَلُهُمْ دُنْيَا وَلَا أَسْتَفْتِيهِمْ عَنْ دِينٍ: ابوذر غفاریؓ نے یوں فرمایا کہ میں ان لوگوں سے نہ تو دنیا مانگتا ہوں اور نہ مجھے دین کے متعلق کوئی مسئلہ معلوم کرنا ہے، دین کا علم بقدر ضرورت میرے پاس ہے اور دنیا کی مجھے حاجت نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٨٩) بَاب إِنْفَاقِ الْمَالِ فِي حَقِّهِ

١٤٠٩. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: حَدَّثَنِي قَيْسٌ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلَى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ وَرَجُلٌ آتَاهُ اللهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِي بِهَا وَيُعَلِّمُهَا.

ترجمہ: باب، مال کو صحیح مصرف میں خرچ کرنے کا بیان۔

ترجمہ باب الاغتباط فی العلم والحکمۃ میں گزر چکا۔

تشریح: مقصد یہ ہے کہ اگرچہ اداء زکاۃ کے بعد اکتناز مال جائز ہے لیکن آدمی کو مال خرچ کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے اور خرچ کرتے ہوئے یہ بات سامنے رکھی جائے کہ حق میں خرچ کرے۔

فِي حَقِّهِ، یہاں پر حق کی اضافت مال کی طرف کی گئی ہے اور روایت میں فی الحق ہے جس سے مراد باطل کی ضد ہے، بظاہر ترجمہ اور روایت میں مطابقت نہیں، جواب یہ ہے کہ جو ضد ہے باطل کی وہی مال کا حق ہے، مال اللہ کی نعمت ہے اس لئے اس کا حق یہ ہے کہ ایسی جگہوں پر خرچ کیا جائے جن پر خرچ کی شریعت میں اجازت یا ترغیب وارد ہوئی ہے۔

(ص ١٨٩) بَاب الرِّيَاءِ فِي الصَّدَقَةِ

لقوله تعالى: ﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تُبۡطِلُواْ صَدَقَٰتِكُم بِٱلۡمَنِّ وَٱلۡأَذَىٰ كَٱلَّذِي يُنفِقُ مَالَهُۥ رِئَآءَ ٱلنَّاسِ وَلَا يُؤۡمِنُ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۖ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَٱللَّهُ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡكَٰفِرِينَ﴾. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿صَلۡدٗا﴾ لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ. وَقَالَ عِكْرِمَةُ: ﴿وَابِلٞ﴾ مَطَرٌ شَدِيدٌ وَالطَّلُّ النَّدَى.

ترجمہ: باب، ریاء و نمود کے ساتھ صدقہ کرنے کا بیان۔

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ اے ایمان والو! اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور ایذا دے کر ضائع مت کرو اس شخص کی طرح جو اپنا مال لوگوں کو دکھانے کے لئے خرچ کرتا ہے اور ایمان نہیں رکھتا اللہ پر اور قیامت کے دن پر تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے صاف پتھر کہ اس پر کچھ مٹی ہے پھر اس پر زور کی بارش برسی تو اس کو کر دیا بالکل صاف، ایسے لوگوں کو ان کے کمائے ہوئے ثواب میں سے کچھ بھی ہاتھ نہیں لگتا اور اللہ تعالیٰ نہیں دکھاتا سیدھی راہ کافروں کو، حضرت ابن عباس نے فرمایا

Maktaba Tul Ishaat.com

صَلْدًا وہ ہے جس پر کوئی چیز نہ ہو، حضرت عکرمہ نے کہا وَابِل کے معنی سخت بارش کے ہیں اور طَلٌّ کے معنی شبنم کے ہیں۔

تشریح: یہ باب صدقہ میں ریاکاری کرنے کے بیان میں ہے، مصنف کا مقصود اس سے یہ بیان کرنا ہے کہ صدقہ میں رُیاء ونمود سے پرہیز کرنا چاہئے کہ یہ صدقہ کے نفع کو باطل کردینے والی چیز ہے۔

یَاأَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِکُمْ: امام بخاری نے اس آیت شریفہ سے ریاء فی الصدقہ کی حرمت کو یوں ثابت فرمایا ہے کہ صدقات منّ یعنی احسان جتلانے اور اذی یعنی آزار پہونچانے سے باطل ہوجاتے ہیں، اور منّ واذی سے صدقات کے باطل کردینے کو تشبیہ دی گئی ہے اس شخص کے ساتھ جو اپنے مال کو ریاءً خرچ کرے، اور یہ قاعدہ ہے کہ مشبہ بہ مشبہ سے اقویٰ ہوتا ہے، معلوم ہوا کہ ریاء کے طور پر انفاق؛ صدقہ کے ثواب کو باطل کردینے والا ہے، لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ آدمی محض ریاء ونمود کے لئے اور لوگوں کی تعریف کے لئے کرتا ہو، اور اگر اصل مقصود اللہ کی رضا ہو اور اس میں کچھ بیچ میں ریاء شامل ہوجائے تو کلیۃً ثواب باطل نہیں ہوگا بلکہ نقص اور کمی آجائے گی۔

امام بخاری نے اس باب میں کوئی روایت ذکر نہیں کی ہے بلکہ صرف آیت کریمہ پر اکتفاء کرلیا ہے ہوسکتا ہے کہ کوئی روایت لکھنا چاہتے ہوں اور موقع نہ ملا ہو۔

(ص ۱۸۹) بَاب لَا یَقْبَلُ اللّٰہُ صَدَقَۃً مِنْ غُلُولٍ وَلَا یَقْبَلُ إِلَّا مِنْ کَسْبٍ طَیِّبٍ

لقولہ تعالیٰ: ﴿قَوْلٌ مَّعْرُوفٌ وَمَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّن صَدَقَةٍ یَتْبَعُهَآ أَذًى وَاللّٰهُ غَنِیٌّ حَلِیمٌ﴾

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ اللہ تعالیٰ چوری کے مال سے دیا ہوا صدقہ قبول نہیں کرتا، صرف حلال کمائی کے مال کا صدقہ قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ بھلی بات اور معافی کا لفظ اس صدقہ سے بہتر ہے جس کے بعد احسان جتانے کی تکلیف دی جائے، اللہ تعالیٰ بہت بے نیاز اور بڑا حلیم ہے۔

تشریح: دوسرے نسخہ میں ہے لاتقبل صدقۃ من غلول، یہ وہ باب آگیا جس کا میں نے کتاب الوضوء کی ابتداء میں حوالہ دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ مسلم، ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ کی روایت میں وارد ہوا ہے لَا تُقْبَلُ صَلَاۃٌ بِغَیْرِ طُھُوْرٍ وَلَا صَدَقَۃٌ مِنْ غُلُوْلٍ، یہ روایت امام بخاری کی شرط کے مطابق نہیں تھی لیکن اس کا مضمون صحیح تھا لہٰذا مصنف نے اس کے اول جزء کو کتاب الوضوء میں ترجمہ بنایا اور اپنی روایت سے مؤید فرمایا اور اس کے

Maktaba Tul Ishaat.com

دوسرے جزء کو کتاب الزکاۃ میں یہاں ترجمہ بنایا ہے اور آیت کریمہ سے اس کو مؤید فرمایا ہے اور اگلے باب کے ذیل میں جو روایت آرہی ہے وہ بھی اس کے لئے مؤید ہے۔

غلول کہتے ہیں خیانت فی المغنم کو پھر اس کا اطلاق مطلقاً مال حرام پر ہونے لگا، مطلب یہ ہے کہ مال حرام سے اگر صدقہ دیا جائے تو وہ صدقہ اللہ کے یہاں مقبول نہیں۔

اس پر یہ اشکال ہے کہ حضرات فقہاء احناف نے یہ لکھا ہے کہ اگر کسی آدمی کے پاس کوئی مال ناجائز طریقہ سے آجائے تو صاحب المال تک اس کا پہونچانا ضروری ہے اور اگر نہ پہونچایا جاسکے تو اس کا تصدق واجب ہے، اور جب اس کا تصدق واجب ہے تو امر واجب کے امتثال پر اس شخص کو ثواب ملے گا اور صدقہ بہر حال قبول ہوگا حالانکہ حدیث کہہ رہی ہے لَا تُقْبَلُ صَلَاۃٌ بِغَیْرِ طُھُوْرٍ وَ لَا صَدَقَۃٌ مِنْ غُلُوْلٍ۔

اس کا جواب یہ ہے کہ دو چیزیں ہیں، ایک تو ذات مال اور ایک اس سے متعلقہ فعل ہے، جہاں قبول کی نفی کی گئی ہے وہاں ذات مال کے اعتبار سے کی گئی ہے اور مطلب یہ ہے کہ حرام مال اگر صدقہ کیا جائے تو اللہ کے یہاں اس پر کوئی اجر و ثواب نہیں۔

اور جہاں یہ فرمایا گیا ہے کہ اگر کسی کے پاس مال حرام ہو تو اس پر صدقہ کرنا واجب ہے وہاں فقہاء کی مراد یہ ہے کہ یہ فعل اپنی جگہ پر واجب ہے، اور چونکہ یہ فعل امتثالاً لأمر الشارع ہو رہا ہے لہذا اس پر ثواب بھی ملے گا۔
حاصل یہ ہے کہ نفس مال اگر حرام راستہ سے ہو تو اس کا تصدق ناجائز ہے لیکن صاحب المال تک پہونچانا واجب ہے اور اگر نہ پہونچا سکو تو تصدق واجب ہے، وجوب کا تعلق فعل سے ہے اور ثواب و قبول کی نفی مال کے اعتبار سے ہے۔

آگے ارشاد ہے وَ لَا یَقْبَلُ إِلَّا مِنْ کَسْبٍ طَیِّبٍ اور صدقہ مقبول نہیں مگر کسب طیب سے، اور غلول کسب طیب ہے نہیں لہذا صدقہ مقبول نہیں، یہ بمنزلۂ تعمیم بعد التخصیص ہے۔

قَوْلٌ مَعْرُوْفٌ وَ مَغْفِرَۃٌ خَیْرٌ مِنْ صَدَقَۃٍ یَتْبَعُھَا أَذًی: قول معروف اور دعاءِ مغفرت بہتر ہے ایسے صدقہ سے جس کے بعد اذی آتی ہو، مطلب یہ ہے کہ آدمی سائل ضرورت مند کو کوئی اچھا جملہ کہہ دے، یوں کہہ دے کہ اللہ تمہاری مغفرت کرے یا یہ کہ تم مجھے معاف کرو یہ بہتر ہے اس سے کہ آدمی صدقہ دے اور اس کے بعد احسان جتلا دے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اِس آیت شریفہ سے مصنف نے یہ ثابت کیا ہے کہ صدقۂ غلول مقبول نہیں اس واسطے کہ جب اذیٰ جو تابع ہے صدقہ کے وہ مضر ہے تو نفس اذیٰ یعنی شئ حرام کا تصدق کیسے اللہ کی بارگاہ میں قبول ہو سکتا ہے؟

اور بعض شراح نے یہ کہا ہے کہ غلول اذیٰ ہے اور جب وہ اذیٰ جو تابع ہے مبطلِ صدقہ ہے تو اگر وہ اذیٰ صدقہ کے مقارن ہو تو بدرجۂ اولیٰ مبطل ہو گا۔

اس باب کے تحت یہی ایک آیت ہے کوئی روایت نہیں ہے، لیکن بعض نسخوں میں اگلا باب ساقط ہے تو اس صورت میں اُس باب کی روایت اِس باب کے ذیل میں آجائے گی، لیکن اگر اگلا باب موجود ہو تو بھی کوئی اشکال نہیں ہے کہ اگلے باب کے ذیل میں جو روایت حضرت ابو ہریرہؓ کی ذکر کی ہے وہ دونوں ترجموں بَاب لَا يَقْبَلُ اللهُ صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ اور بَاب الصَّدَقَةِ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ کے لئے مثبت ہو جائے گی۔

(ص ۱۸۹) بَاب الصَّدَقَةِ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ

لِقَوْلِهِ تعالى ﴿ يَمْحَقُ ٱللَّهُ ٱلرِّبَوٰاْ وَيُرْبِي ٱلصَّدَقَٰتِ ۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ ۝ إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَأَقَامُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُاْ ٱلزَّكَوٰةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝﴾.

١٤١٠. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُنِيرٍ سَمِعَ أَبَا النَّضْرِ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ - وَلَا يَقْبَلُ اللهُ إِلَّا الطَّيِّبَ - فَإِنَّ اللهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِينِهِ ثُمَّ يُرَبِّيهَا لِصَاحِبِهِ كَمَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ حَتَّى تَكُونَ مِثْلَ الْجَبَلِ.

تَابَعَهُ سُلَيْمَانُ عَنِ ابْنِ دِينَارٍ. وَقَالَ وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ. وَرَوَاهُ مُسْلِمُ ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ وَزَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ وَسُهَيْلٌ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقہ حلال کمائی سے دینا چاہئے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ صدقات کو بڑھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی ناشکرے گناہ گار کو پسند نہیں کرتا، بے شک جن لوگوں نے ایمان قبول کیا، نیک اعمال کئے، نماز قائم کی، زکاۃ دی ان کے لئے ان کے رب کے پاس ثواب ہے ان کو نہ خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص حلال کمائی سے ایک کھجور کے بقدر بھی صدقہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ حلال کمائی ہی سے قبول کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے داہنے ہاتھ سے اس کو قبول کرتا ہے پھر اسے دینے والے کے لئے پرورش کرکے اس طرح بڑھاتا ہے جیسے تم میں سے کوئی گھوڑے کے بچہ کی پرورش کرتا ہے یہاں تک کہ وہ پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے۔

سلیمان بن بلال نے عبداللہ بن دینار سے روایت کرنے میں عبدالرحمن کی متابعت کی ہے، ورقاء نے اس حدیث کو عبداللہ بن دینار سے اس طریق سے روایت کیا: عَنِ ابْنِ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، مسلم بن ابی مریم، زید بن اسلم اور سہیل نے اس کو عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ کے طریق سے روایت کیا ہے۔

تشریح: امام بخاری کا مقصود یہ ہے کہ جب یہ معلوم ہو گیا کہ حرام مال کا صدقہ مقبول نہیں تو آدمی کو صدقہ کرنے میں حلال کمائی کا صدقہ کرنا چاہئے۔

لِقَوْلِهِ تَعَالَى يَمْحَقُ اللهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ: مصنف نے اس آیت کریمہ سے صدقہ من کسب طیب کو کیسے ثابت فرمایا؟

علامہ ابن بطال ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ربا کا محو وابطال فرما دیتے ہیں کہ یہ حرام ہے، معلوم ہوا کہ جو صدقہ مقبول ہوگا وہ وہی ہوگا جو جنس ممحوق میں سے نہ ہو، اور جنس ممحوق جنس خبیث ہے تو اس کی ضد جنس طیب ہوگی، لہٰذا صدقہ من کسب طیب مقبول ہے۔

علامہ کرمانی فرماتے ہیں کہ آگے آیت میں آرہا ہے وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ اس سے مصنف نے اپنا مدعا ثابت فرمایا ہے۔

مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ: عَدل اور عِدل دو چیزیں ہیں، عَدل عین کے فتحہ اور عین کے کسرہ دونوں کے ساتھ مِثل کے معنیٰ میں آتا ہے، مطلب یہ ہے کہ ایک کھجور کے برابر بھی اگر کوئی حلال کمائی سے صدقہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ شانہ اس کو اپنے داہنے ہاتھ سے قبول کرتا ہے، مصنف نے یہ ترجمہ یعنی الصَّدَقَةُ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ ثابت کیا ہے وَإِنَّ اللهَ يَتَقَبَّلُهَا سے، اس لئے کہ جملہ کا منطوق یہ ہے کہ کسب طیب کا صدقہ مقبول ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ پاک کمائی کا صدقہ کرنا چاہئے، اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر کسب طیب نہیں ہے تو وہ صدقہ مقبول نہیں ہے، لہٰذا مصنف نے اس سے باب لَا يَقْبَلُ اللهُ صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ کو ثابت فرمایا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَلَا یَقْبَلُ اللّٰہُ إِلَّا الطَّیِّبَ: اس کا بھی ایک منطوق ہے اور دوسرا مفہوم، اس سے بھی دونوں ترجے ثابت ہوتے ہیں وَلَا یَقْبَلُ اللّٰہُ إِلَّا الطَّیِّبَ کا منطوق یہ ہے کہ اللہ کے یہاں طیب ہی مقبول ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ غیر طیب مقبول نہیں ہے۔

ثُمَّ یُرَبِّیْهَا لِصَاحِبِهٖ: پھر حق تعالیٰ اس کو بڑھاتے ہیں اپنے صاحب کے لئے جیسا کہ تم میں سے ایک آدمی اپنے بچھڑے کی تربیت کرتا ہے، فَلُوّ فاء کے فتحہ، لام کے ضمہ اور واؤ کی تشدید کے ساتھ ہے، اس میں فِلْو بھی جائز ہے بکسر الفاء وسکون اللام، فِلْو اور فَلُوّ کہتے ہیں بچھڑے کو چاہے وہ گھوڑے کا ہو یا بیل کا ہو۔

تَابَعَهٗ سُلَیْمَانُ: تابعہ کی ضمیر لوٹ رہی ہے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن دینار کی طرف اور مطلب یہ ہے کہ جیسے یہ روایت عبد اللہ بن دینار سے ان کے صاحب زادے عبد الرحمن نقل کرتے ہیں ایسے ہی سلیمان بھی عن عبد اللہ بن دینار عن أبی صالح عن أبی هریرۃ نقل کرتے ہیں، وصلہ أبو عوانۃ والجوزقی۔

وَقَالَ وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ دِیْنَارٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَیْرَۃَ: لیکن ورقاء جب یہ روایت عبد اللہ بن دینار سے کرتے ہیں تو اپنا استاذ سعید بن یسار عن أبی هریرۃ بتلاتے ہیں، ورقاء کی روایت بیہقی نے تخریج کی ہے۔

خلاصۂ اختلاف یہ ہے کہ ابن دینار کے تین تلمیذ ہیں، ۱ عبد الرحمن بن عبد اللہ بن دینار اور ۲ سلیمان، یہ دونوں کہتے ہیں عن ابن دینار عن أبی صالح عن أبی هریرۃ اور ۳ تیسرے تلمیذ ورقاء کہتے ہیں عن ابن دینار عن سعید بن یسار عن أبی هریرۃ، لیکن دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، ہو سکتا ہے کہ ابن دینار یہ روایت ابو صالح سے بھی نقل کرتے ہوں اور سعید بن یسار سے بھی روایت کرتے ہوں بعض تلامذہ سے ایک استاذ کی روایت نقل کر دی اور بعض سے دوسرے استاذ کی روایت نقل کر دی۔

وَرَوَاہُ مُسْلِمُ بْنُ أَبِي مَرْیَمَ: مسلم بن ابی مریم کی روایت یوسف قاضی نے کتاب الزکاۃ میں اور زید بن اسلم اور سہیل بن ابی صالح کی روایت امام مسلم نے اپنی صحیح میں تخریج کی ہے، امام بخاری نے غالباً مسلم بن ابی مریم، زید بن اسلم اور سہیل کی یہ تین روایتیں ذکر کر کے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ عبد الرحمن بن عبد اللہ اور سلیمان کی روایتیں ارجح ہیں اس لئے کہ دوسرے حضرات بھی یہ روایت ابو ہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں تو ابو صالح کے واسطے سے نقل کرتے ہیں کوئی سعید بن یسار کا واسطہ ذکر نہیں کرتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۰) بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ الرَّدِّ

۱۴۱۱. حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: تَصَدَّقُوا فَإِنَّهُ يَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ فَلاَ يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا يَقُولُ الرَّجُلُ: لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالأَمْسِ لَقَبِلْتُهَا فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلاَ حَاجَةَ لِي فِيهَا.

۱۴۱۲. حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لاَ تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكْثُرَ فِيكُمُ الْمَالُ فَيَفِيضَ حَتَّى يُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ يَقْبَلُ صَدَقَتَهُ وَحَتَّى يَعْرِضَهُ فَيَقُولَ الَّذِي يَعْرِضُهُ عَلَيْهِ: لاَ أَرَبَ لِي.

۱۴۱۳. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ النَّبِيلُ قَالَ: أَخْبَرَنَا سَعْدَانُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُجَاهِدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحِلُّ بْنُ خَلِيفَةَ الطَّائِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ يَقُولُ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ فَجَاءَهُ رَجُلاَنِ أَحَدُهُمَا يَشْكُو الْعَيْلَةَ وَالآخَرُ يَشْكُو قَطْعَ السَّبِيلِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَمَّا قَطْعُ السَّبِيلِ فَإِنَّهُ لاَ يَأْتِي عَلَيْكَ إِلاَّ قَلِيلٌ حَتَّى تَخْرُجَ الْعِيرُ إِلَى مَكَّةَ بِغَيْرِ خَفِيرٍ، وَأَمَّا الْعَيْلَةُ فَإِنَّ السَّاعَةَ لاَ تَقُومُ حَتَّى يَطُوفَ أَحَدُكُمْ بِصَدَقَتِهِ فَلاَ يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا مِنْهُ، ثُمَّ لَيَقِفَنَّ أَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيِ اللهِ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ حِجَابٌ وَلاَ تَرْجُمَانٌ يُتَرْجِمُ لَهُ ثُمَّ لَيَقُولَنَّ لَهُ: أَلَمْ أُوتِكَ مَالاً؟ فَلَيَقُولَنَّ: بَلَى، ثُمَّ لَيَقُولَنَّ: أَلَمْ أُرْسِلْ إِلَيْكَ رَسُولاً؟ فَلَيَقُولَنَّ: بَلَى، فَيَنْظُرُ عَنْ يَمِينِهِ فَلاَ يَرَى إِلاَّ النَّارَ ثُمَّ يَنْظُرُ عَنْ شِمَالِهِ فَلاَ يَرَى إِلاَّ النَّارَ، فَلْيَتَّقِيَنَّ أَحَدُكُمُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ.

۱۴۱۴. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلاَءِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَطُوفُ الرَّجُلُ فِيهِ بِالصَّدَقَةِ مِنَ الذَّهَبِ ثُمَّ لاَ يَجِدُ أَحَدًا يَأْخُذُهَا مِنْهُ، وَيُرَى الرَّجُلُ الْوَاحِدُ يَتْبَعُهُ أَرْبَعُونَ امْرَأَةً يَلُذْنَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ الرِّجَالِ وَكَثْرَةِ النِّسَاءِ.

ترجمہ: باب، ایسا وقت آنے سے پہلے صدقہ کرنے کا بیان جب کوئی قبول نہیں کرے گا۔

حضرت حارثہ بن وہب کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ صدقہ کرو کیوں کہ تمہارے اوپر وہ وقت آئے گا جب انسان اپنا صدقہ لیکر چلے گا لیکن ایسا شخص دستیاب نہ ہوگا جو اس کو قبول کرے وہ شخص (جس کو دینا چاہے گا) کہے گا کہ اگر تم کل لاتے تو قبول کر لیتا لیکن آج تو مجھے اس کی حاجت نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تمہارے درمیان مال کی بہتات ہو کر بہنے نہ لگ جائے یہاں تک کہ صاحب مال کو یہ فکر دامن گیر ہو کہ اس کا صدقہ کون قبول کرے گا، اور یہاں تک کہ وہ صدقہ پیش کرے گا تو جس پر پیش کرے گا وہ شخص یہ کہے گا کہ مجھے کوئی حاجت نہیں۔

حضرت عدی بن حاتمؓ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا کہ دو شخص حاضر خدمت ہوئے ایک ناداری کی شکایت کرتا تھا اور دوسرا راستے کی قزاقی کی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جہاں تک راستے کی قزاقی کی بات ہے تو تمہارے اوپر تھوڑی ہی مدت گزرے گی کہ وہ فضا قائم ہوگی کہ قافلہ مکہ مکرمہ کی طرف نکلے گا اور اسکے ساتھ کوئی محافظ نہیں ہوگا، اور رہی ناداری کی پریشانی تو قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تم میں کا ایک شخص اپنا صدقہ لیکر چکر لگائے گا لیکن اس صدقہ کو قبول کرنے والا نہ ملے گا، پھر تم میں سے ایک شخص اللہ کے سامنے کھڑا ہوگا اس طرح کہ اس کے اور اللہ کے سامنے کوئی پردہ نہ ہوگا اور نہ ترجمانی کرنے والا ترجمان پھر اللہ تعالیٰ اس سے کہے گا کہ کیا میں نے تجھے مال نہیں دیا تھا؟ وہ کہے گا کیوں نہیں! بے شک دیا تھا، پھر اللہ تعالیٰ پوچھے گا کہ کیا میں نے تمہارے پاس کوئی رسول نہیں بھیجا تھا تو وہ جواب دے گا کہ کیوں نہیں! بے شک بھیجا تھا پھر وہ اپنے دائیں دیکھے گا تو آگ کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا پھر بائیں دیکھے گا تو آگ کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا؛ تو البتہ ضرور بالضرور آگ سے بچو؛ خواہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ ہی ہو اور اگر وہ بھی فراہم نہ ہو تو اچھی بات کے ذریعہ۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک وقت آئے گا جب ایک شخص سونے کے مال کا صدقہ لیکر گھومے گا لیکن کسی ایسے شخص کو نہیں پائے گا جو اس سے اس کو لے، اسی طرح ایک شخص نظر آئے گا جس کی پناہ میں چالیس عورتیں ہوں گی، مردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت کی وجہ سے۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ صدقہ کرنے میں جلدی کرنی چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ آدمی کو ایسا دن دیکھنا پڑے کہ وہ صدقہ تو دے لیکن کوئی قبول کرنے والا نہ ہو۔

لَاتَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ فِيكُمُ الْمَالُ: یہ صورت جو بیان ہو رہی ہے وہ کب واقع ہوگی؟

(۱) بہت سے علماء ابن بطال وغیرہ حضرات کی رائے یہی ہے کہ یہ واقعہ قیامت کے قریب پیش آئے گا، امام بخاری کا رجحان بھی اسی طرف ہے، اسی لئے حضرت حارثہؓ کی روایت کو کتاب الفتن میں ذکر کیا ہے۔

(۲) علامہ ابن التین فرماتے ہیں کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام کے بعد یہ صورت پیش آئے گی۔

(۳) بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ صورت حال حضرت امیر معاویہؓ کے دور خلافت میں پیش آچکی ہے۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ اسی مضمون کے ناقل حضرت عدی بن حاتمؓ ہیں اور وہ یہ فرماتے ہیں کہ یہ

Maktaba Tul Ishaat.com

صورت میں نے مشاہدہ نہیں کی ہے اور ان کی وفات امیر معاویہؓ کے زمانہ میں اس وقت ہوئی ہے جب فتوح کی فراوانی اور کثرت ہو چکی تھی، معلوم ہوا کہ یہ حال امیر معاویہؓ کے زمانہ میں نہیں پیش آیا۔

(۴) امام بیہقی کی رائے یہ ہے کہ حضرت عمر بن عبد العزیز کے دور میں ایسی صورت حال پیش آئی، یعقوب بن سفیان فسوی نے اپنی تاریخ میں عمر بن اسید بن عبد الرحمن سے نقل کیا ہے انہوں نے اس قسم کا قصہ نقل کیا ہے کہ حضرت عمر بن عبد العزیز کے زمانہ میں جب صدقہ دیا گیا تو جس کو صدقہ دیا گیا اس نے قبول نہیں کیا۔

حَتّٰی یُهِمَّ رَبَّ المَالِ: حَتّٰی یُهِمَّ رَبَّ المَالِ اور حَتّٰی یَهُمَّ رَبُّ الْمَالِ دونوں جائز ہیں، اگر باب افعال سے ہو تو رَبَّ الْمَالِ منصوب ہوگا اور معنی ہوگا غم میں ڈال دیگا، اور اگر یَهُمَّ باب نصر سے ہو تو رَبُّ الْمَالِ فاعل ہے اور معنی ہوگا قصد اور ارادہ کرنا۔

فَجَاءَهُ رَجُلَانِ: دو آدمی حضور ﷺ کی خدمت میں آئے ایک فقر کی شکایت کر رہا تھا اور دوسرا رہزنی کی، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رہزنی کی بات یہ ہے کہ تھوڑا زمانہ گزرنے نہ پائے گا کہ یہ سلسلہ ختم ہو جائے گا حتی کہ قافلہ مکہ تک بلا کسی نگراں اور محافظ کے چلا جائے گا۔

حفیر: خاء معجمہ کے ساتھ ہے وہ شخص جو کسی کو یا کسی قوم کو اپنی ضمانت اور ذمہ کے اندر لے لے۔

وَأَمَّا العَيْلَةُ: اور رہی تنگی تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ قیامت قائم نہ ہونے پائے گی یہاں تک کہ مال اتنا بڑھ جائے گا کہ آدمی اپنا صدقہ لیکر در در پھرے گا اور اس کو کوئی قبول کرنے والا نہ ہوگا۔

فَلْيَتَّقِيَنَّ أَحَدُكُمُ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ: آدمی آگ سے بچے اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ادے کر ہی ہو، ایک کھجور کا ٹکڑا کل آدمی کے لئے حاجب من النار ہوگا۔

(ص ١٩٠) بَابُ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ وَالْقَلِيلِ مِنَ الصَّدَقَةِ

﴿وَمَثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ وَتَثْبِيتًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ﴾.

١٤١٥. حَدَّثَنَا أَبُو قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ هُوَ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ آيَةُ الصَّدَقَةِ كُنَّا نُحَامِلُ فَجَاءَ

Maktaba Tul Ishaat.com

رَجُلٌ فَتَصَدَّقَ بِشَيْءٍ كَثِيرٍ فَقَالُوا: مُرَائِي، وَجَاءَ رَجُلٌ فَتَصَدَّقَ بِصَاعٍ فَقَالُوا: إِنَّ اللهَ لَغَنِيٌّ عَنْ صَاعِ هَذَا فَنَزَلَتْ ﴿الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ﴾ الآيَة.

١٤١٦. حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الأَنْصَارِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ انْطَلَقَ أَحَدُنَا إِلَى السُّوقِ فَيُحَامِلُ فَيُصِيبُ الْمُدَّ وَإِنَّ لِبَعْضِهِمُ الْيَوْمَ لَمِائَةَ أَلْفٍ.

١٤١٧. حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ ابْنَ مَعْقِلٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ.

١٤١٨. حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَتِ امْرَأَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ، فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَيْنَا فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هَذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ آگ سے بچو خواہ کھجور کے ٹکڑے کے ذریعہ ہو یا معمولی چیز کے صدقہ کرنے کے ذریعہ ہو، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ان لوگوں کی مثال جو اپنا مال اللہ کی رضامندی کے لئے اپنے دلوں کے اطمینان کے ساتھ خرچ کرتے ہیں اس باغ کی طرح ہے جو اونچی جگہ پر ہو اس کو اگر موسلا دھار بارش مل جائے تو وہ اپنی فصل دوگنی دے اور اگر اسے ایسی بارش نہ ملے تو شبنم یعنی ہلکی بارش بھی کافی ہو جاتی ہے، اللہ تعالیٰ ان کاموں کو جو تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے، إلخ۔

حضرت ابو مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ جب صدقہ کی آیت نازل ہوئی تو ہم باربرداری کا کام کرتے تھے تو ایک شخص آیا اور اس نے بہت سارا مال صدقہ کیا، منافقین نے کہا کہ یہ ریاکار ہے، ایک دوسرا شخص آیا اور اس نے ایک صاع صدقہ کیا تو انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اس کے صاع سے بے نیاز ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی وَالَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ الآيَة کہ جو لوگ خوشی سے صدقہ دینے والے مسلمانوں پر طعنہ کرتے ہیں اور ان غریب مسلمانوں پر جو اپنی محنت ومزدوری کے علاوہ کچھ نہیں پاتے ان کا مذاق اڑاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہی ان کا استہزا کرتا ہے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

حضرت ابو مسعودؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیتے تھے تو ہم میں سے ایک شخص بازار جاتا، بوجھ اٹھانے کا کام کرتا اور ایک مد کماتا تھا اور بے شک آج ان میں سے بعض کے پاس ایک لاکھ درہم ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک عورت میرے پاس سوال کرتی ہوئی آئی اس کے ساتھ اس کی دو بیٹیاں بھی تھیں، اس نے میرے پاس ایک کھجور کے علاوہ کچھ نہیں پایا میں نے وہ کھجور اس کو دے دی اس نے وہ کھجور اپنی دونوں بیٹیوں میں تقسیم کردی اور اس نے خود نہیں کھایا پھر اٹھی اور چلی گئی، نبی کریم ﷺ ہمارے پاس آئے تو میں نے آپ کو اس واقعہ کی خبر دی نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو ان بیٹیوں کی وجہ سے کسی بھی آزمائش میں مبتلا ہوگا یہ اس کے لئے دوزخ سے آڑ ہوں گی۔

تشریح: امام بخاری نے حدیث پاک کے الفاظ ہی کو اس کی وجازت کی وجہ سے ترجمہ بنادیا ہے، مقصد مصنف کا یہ ہے کہ تھوڑا صدقہ کرنے سے بھی آدمی کو گریز نہ کرنا چاہئے، یہ سمجھ کر اجتناب نہ کرے کہ یہ تھوڑا ہے اس کو نہ دوں بلکہ جتنا بھی ممکن ہو آدمی صدقہ کردے، حضور اکرم ﷺ نے تھوڑے سے تھوڑے صدقہ کے متعلق ارشاد فرمایا ہے کہ آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی صدقہ کر کے ہو۔

لَمَّا نَزَلَتْ آيَةُ الصَّدَقَةِ: صدقہ کی آیت جب نازل ہوئی تو ہمیں صدقہ کی رغبت ہوئی اور ہم نے اس کے لئے مشقتیں برداشت کیں حتی کہ ہم بوجھ لادا کرتے تھے یعنی باربرداری کا کام کرتے تھے اجرت پر۔

فَجَاءَ رَجُلٌ فَتَصَدَّقَ بِشَيْءٍ كَثِيرٍ: ایک آدمی نے خوب صدقہ کیا، یہ صدقہ کرنے والے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ تھے، بروایتے چار ہزار دیا اور بروایتے آٹھ ہزار دیا، منافقین نے طعن کسا، کہنے لگے کہ ارے یہ تو ریاکار ہے، ایک آدمی آئے جن کا نام ابو عقیلؓ ہے کتاب التفسیر میں ان کے نام کی تصریح آرہی ہے ان بیچاروں نے ایک صاع صدقہ کیا، منافقین کہنے لگے کہ اللہ میاں کو کیا ضرورت ہے اس کے ایک صاع کی اس پر یہ آیت شریفہ نازل ہوئی الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ اور وہ لوگ جو عیب لگاتے ہیں صدقات میں تطوع کرنے والوں پر اور ان لوگوں پر جو اپنی مشقت کی کمائی ہی پاتے ہیں، مصنف نے اپنا مدعا وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ سے ثابت فرمایا ہے، آدمی اپنی مشقت کی کمائی سے صدقہ کرے، مشقت کی کمائی تھوڑی بھی ہوسکتی ہے لہذا ایک پیسے کا صدقہ کردے۔

إِذَا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ: ابو مسعود انصاریؓ کہتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ جب ہمیں صدقہ کا حکم دیتے تو ہم میں سے ایک آدمی بازار جاتا اور پشت پر بوجھ لادتا اجرت پر اور اس سے ایک مد مل جاتا، اور آج تو ان میں سے بعضوں کے پاس ایک لاکھ ہے، بعضھم سے انہوں نے مراد اپنے آپ ہی کو لیا ہے اور اس سے ان کا مقصود اختلافِ حال کو بیان کرنا ہے کہ ایک زمانہ وہ تھا کہ اتنی تنگی تھی کہ ہمیں صدقہ کرنے کے لئے اجرت پر پیٹھ پر

Maktaba Tul Ishaat.com

بوجھ لادنا پڑتا تھا اور آج اللہ نے اتنا کرم فرمایا کہ ایک ایک لاکھ موجود ہے۔

اور بعض نے کہا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس زمانہ میں باوجودیکہ اتنی تنگی تھی لیکن لوگوں کو صدقہ کرنے کی رغبت تھی حتیٰ کہ باربرداری کر کے صدقہ کیا کرتے تھے اور آج مال کی فراوانی ہے حتیٰ کہ بعضوں کے پاس ایک ایک لاکھ موجود ہے پھر بھی صدقہ نہیں کرتے ہیں، مگر یہ مطلب بعید ہے پہلا ہی مطلب صحیح ہے۔

اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ: مطلب یہ ہے کہ یہ صدقہ نار سے حاجب بننے والا ہے لہذا جتنا بھی ممکن ہو آدمی تھوڑے سے تھوڑا صدقہ دے کر نار سے بچاؤ کرلے۔

اور ایک مطلب بعض علماء نے عجیب وغریب بیان کر دیا، یوں کہتے ہیں کہ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے اوپر اگر کسی کا حق واجب ہو چکا ہے وہ حق کھجور کے ایک ٹکڑے کے برابر ہی کیوں نہ ہو اس کو ادا کر کے آگ سے بچو ورنہ یہ نار میں لے جانے والا ثابت ہوگا۔

فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ: مصنف نے اپنا ترجمہ ثابت فرمایا ہے فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ سے، ایک مرتبہ حضرت عائشہؓ نے اٹھا کر ایک تمرہ ہی دے دیا، ایک تمرہ کیا چیز ہے؟ تھوڑا سا صدقہ ہے قلیل صدقہ ہے۔

(ص ۱۹۰) بَاب فَضْلِ صَدَقَةِ الشَّحِيحِ الصَّحِيحِ

لقوله تعالى ﴿وَأَنفِقُوا مِن مَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ﴾ إلى آخرها. وَقَوْلِهِ تعالى ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ﴾ الآيَة.

١٤١٩. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَعْظَمُ أَجْرًا؟ قَالَ: أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيحٌ شَحِيحٌ تَخْشَى الْفَقْرَ وَتَأْمُلُ الْغِنَى، وَلَا تُمْهِلُ حَتَّى إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ قُلْتَ: لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ مال کی خواہش رکھنے والے اور صحت مند شخص کا صدقہ افضل ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ خرچ کرو اس مال میں سے جو ہم نے تمہیں دیا اس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کو موت آجائے پھر وہ یہ کہے کہ اے میرے رب! تو نے مجھے کچھ مدت کی مہلت کیوں نہ دی کہ میں صدقہ کرتا اور نیک لوگوں میں شامل ہوتا، اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ایمان والو! خرچ کرو اس مال میں سے جو ہم نے تمہیں دیا قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ کوئی بیع ہوگی نہ کوئی دوستی کام آئے گی اور نہ کسی طرح کی سفارش، اور کافر لوگ ہی ظالم ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آیا اور یہ سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! ثواب کے لحاظ سے کون سا صدقہ بڑا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ بڑا صدقہ یہ ہے کہ اس حال میں خرچ کرو کہ تم تندرست ہو، مال کی خواہش رکھتے ہو، فقر کا اندیشہ کرتے ہو اور غنا کی امید کرتے ہو، تاخیر نہ کرو یہاں تک کہ روح حلق میں آجائے پھر تم کہو کہ فلاں کے لئے اتنا، فلاں کے لئے اتنا؛ حالانکہ وہ فلاں کا ہو چکا۔

تشریح: اگر کوئی آدمی صحت مند ہو اور مال کی اس کو ضرورت بھی ہو اس لئے دینے میں طبیعت رکتی ہو ایسا شخص اگر صدقہ کرے تو یہ بڑا فضیلت والا صدقہ ہے۔

لِقَوْلِ اللہِ تَعَالَی یَا أَیُّھَا الَّذِینَ آمَنُوا أَنْفِقُوا: مصنف نے اس آیت شریفہ سے صحیح شحیح کے صدقہ کی فضیلت اس طور پر ثابت کی ہے کہ جب آدمی کو موت کے حالات نظر آجاتے ہیں اس وقت تو ویسے بھی صدقہ کرنے کو جی چاہنے لگتا ہے، دنیا سے طبیعت بے تعلق ہو جاتی ہے، لہٰذا اصل قابل فضیلت وہ صدقہ ہے جب انسان کو ضرورت ہو، زندگی کی توقع ہو، اس وقت اگر صدقہ کرے تو واقع میں یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس شخص کو دنیا سے تعلق کم ہے اور آخرت کی طرف التفات وتوجہ ہے۔

(ص ۱۹۱) باب

۱۴۲۰. حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ إِسْمَاعِیلَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ بَعْضَ أَزْوَاجِ النَّبِیِّ ﷺ قُلْنَ لِلنَّبِیِّ ﷺ: أَیُّنَا أَسْرَعُ بِکَ لُحُوقًا؟ قَالَ: أَطْوَلُکُنَّ یَدًا، فَأَخَذُوا قَصَبَةً یَذْرَعُونَھَا فَکَانَتْ سَوْدَةُ أَطْوَلَھُنَّ یَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ إِنَّمَا کَانَتْ طُولَ یَدِھَا الصَّدَقَةُ، وَکَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ ﷺ وَکَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ.

ترجمہ: باب۔ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی ازواج میں سے بعض نے سوال کیا کہ ہم میں سے سب سے پہلے آپ سے کون ملے گی؟ آپ ﷺ نے جواب دیا کہ جس کا ہاتھ زیادہ لمبا ہے، انہوں نے ایک چھڑی لی

Maktaba Tul Ishaat.com

اور اس سے ہاتھ ناپنے لگیں تو ان میں سودہ کا ہاتھ سب سے لمبا نکلا، لیکن جب سب سے پہلے حضرت زینبؓ کا انتقال ہوا تو واضح ہوا کہ ہاتھ کی لمبائی سے صدقہ مراد تھا، سب سے پہلے آپ ﷺ کے پاس زینبؓ ہی پہنچیں، وہ صدقہ کو بہت پسند کرتی تھیں۔

تشریح: یہ باب بلا ترجمہ اکثر نسخ بخاری میں واقع ہوا ہے اور بعض نسخوں میں ساقط ہے۔

بہر حال اس باب کے ذیل میں امام بخاری نے جو روایت ذکر کی ہے اس کی مناسبت **فضل صدقة الصحيح الشحيح** کے ساتھ ہونی ضروری ہے۔

اگر باب نہ ہو تب تو مناسبت ظاہر ہے۔

اور اگر باب بلا ترجمہ ہو تو اس لئے مناسبت ضروری ہے کہ باب مطلق کے متعلق مشہور ہے کہ باب بلا ترجمہ باب سابق سے ایک فصل کی حیثیت رکھتا ہے۔

امام بخاری نے اس باب کے ذیل میں حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث ذکر کی ہے کہ نبی پاک ﷺ کی بعض ازواج مطہرات نے آپ سے یہ عرض کیا أَيُّنَا أَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا؟ یا رسول اللہ! ہم میں سے سب سے پہلے آپ کے بعد کس کی وفات ہوگی؟ آپ نے فرمایا أَطْوَلُكُنَّ يَدًا، یہ حضرات سمجھیں کہ ظاہری طول مراد ہے اور ناپنا شروع کر دیا، حضرت سودہؓ کا ہاتھ سب سے لمبا نکلا لیکن بعد میں پتہ چلا کہ طول ید سے مراد صدقہ ہے، چنانچہ سب سے پہلے حضرت زینبؓ کی وفات ہوئی۔

امام بخاری نے اس سے **صدقة الصحيح الشحيح** بایں طور ثابت کیا ہے کہ صدقہ میں طول ید اور بالا دستی صحت ہی کے زمانہ میں ہو سکتی ہے اور صحت کا زمانہ ضرورت کا زمانہ ہوتا ہے آدمی کو حیات کی توقع ہوتی ہے بہت سی ضرورتیں واقعی اور غیر واقعی سامنے ہوتی ہیں اس لئے طبیعت خرچ کرنے سے اباء کرتی ہے، ایسے زمانہ میں صدقہ کرنا بڑی فضیلت کی چیز ہے حتی کہ یہ صدقہ نبی پاک ﷺ سے ملنے کا ذریعہ اور سبب بن گیا اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے۔

أَيُّنَا أَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا؟: یہ واقعہ مرض الوفات کا ہے جب رسول اللہ ﷺ آخری بیماری میں تھے تو ازواج مطہرات آپ کے پاس باری باری آتی تھیں اور بعض وقت بہت سی جمع ہو جاتی تھیں، ان میں سے ایک نے حضور ﷺ سے یہ پوچھ لیا کہ یا رسول اللہ! آپ کی وفات کے بعد ہم میں سب سے پہلے کس کی وفات ہوگی یا سب سے پہلے کس کو آپ سے ملنے کا موقع حاصل ہوگا آپ نے فرمایا أَطْوَلُكُنَّ يَدًا جس کا ہاتھ لمبا ہوگا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَأَخَذُوا قَصَبَةً يَذْرَعُونَهَا: ایک بانس کا ٹکڑا لیکر اس سے ناپنا شروع کر دیا، یا یہ کہ نرکل کا ٹکڑا لیکر اس سے ناپنا شروع کر دیا، وہ یہ سمجھیں کہ ظاہری طول مراد ہے اور ظاہری طول میں حضرت سودہؓ سب سے آگے نکلیں، ان کا ہاتھ سب سے لمبا تھا فرماتی ہیں کہ ہمیں بعد میں پتہ چلا کہ ظاہری طول مراد نہیں أَنَّمَا كَانَتْ طُولَ يَدِهَا الصَّدَقَةُ ان کے ہاتھ کو تو صدقہ نے طویل کر رکھا تھا یعنی اس سے طول معنوی مراد تھا صدقہ میں بالادستی مراد تھی۔

وَكَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ: ہم میں سب سے پہلے حضور سے جا ملنے والی وہ تھیں، ظاہری سیاق سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کانت کی ضمیر سودہؓ کی طرف عائد ہے یعنی جیسے ظاہری طور پر ان کا ہاتھ سب سے زیادہ طویل تھا معنوی طور پر بھی ان کا ہاتھ سب سے زیادہ طویل تھا کہ وہ طویل الصدقہ تھیں اور کثرت سے صدقہ دیا کرتی تھیں، ابو حاتم بن حبان بستی نے اپنی صحیح میں اس کا یہی مطلب متعین کیا ہے یعنی یہ ضمیر سودہؓ کی طرف عائد ہے اور اس کی تصریح بخاری کی تاریخ صغیر، صحیح ابن حبان، نسائی، مسند احمد، ابن سعد اور بیہقی کی کتاب الدلائل میں واقع ہوئی ہے۔

لیکن ابن سعد نے واقدی سے نقل کیا ہے کہ یہ وہم ہے، ازواج میں سے سب سے پہلے وفات حضور ﷺ کے بعد حضرت زینبؓ کی ہوئی ہے، انکی وفات حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ہوئی بخلاف حضرت سودہؓ کے کہ وہ ایک مدت مدیدہ تک زندہ رہیں حتی کہ حضرت امیر معاویہؓ کے زمانۂ خلافت میں شوال سن ۵۴ھ میں ان کی وفات ہوئی، لیکن حضرت سودہؓ کی تاریخ وفات میں ایک قول اور بھی ہے کہ ان کی وفات حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ہوئی ہے، امام بخاری نے اپنی تاریخ میں بسند صحیح سعید بن ہلال سے یہی نقل کیا ہے، حافظ ذہبی نے بھی یہی لکھا ہے۔

مگر واقعہ یہ ہے کہ اگر بالفرض یہ مان بھی لیا جائے کہ حضرت سودہؓ کی وفات حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ہوئی ہے تب بھی سیاق حدیث کا مقتضی یہ ہے کہ وَكَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ کا مصداق حضرت سودہؓ نہ ہوں کوئی اور ہو، اس لئے کہ حضرت زینبؓ کی وفات تو بہر حال خلافت عمری ہی میں ہوئی ہے، روایت میں ہے فَعَلِمْنَا بَعْدُ ہمیں بعد میں پتہ چلا أَنَّمَا كَانَتْ طُولَ يَدِهَا الصَّدَقَةُ، اگر حضرت سودہؓ ہی کا ہاتھ طویل تھا اور وہی سب سے پہلے وفات پانے والی ہیں تو بعد میں انہیں یہ کیسے پتہ چلا کہ طول ید سے مراد صدقہ ہے، سیاق یہ بتلاتا ہے کہ ابتداءً وہ یہ سمجھیں کہ ظاہری طول مراد ہے لیکن بعد میں اندازہ ہوا کہ ظاہری طول مراد نہیں بلکہ معنوی طول مراد

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے، اور وہ اندازہ اس طرح ہوا کہ جس کا ہاتھ سب سے زیادہ ظاہراً طویل تھا ان کی اولاً وفات نہیں ہوئی بلکہ کسی اور کی مثلاً وفات ہوگئی جو طویل الصدقات تھیں، معلوم ہوا کہ طول سے مراد آنحضور ﷺ نے طول معنوی لیا تھا طول ظاہری نہیں لیا تھا، اب لامحالہ کہنا پڑے گا کہ سب سے پہلے جن کی وفات ہوئی ہے وہ حضرت زینبؓ ہیں اور کانت کی ضمیر حضرت زینبؓ کی طرف عائد ہے۔

میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اول تو مشہور یہ ہے کہ حضرت زینبؓ کی وفات حضرت عمرؓ کی خلافت میں اور حضرت سودہؓ کی وفات امیر معاویہؓ کی خلافت میں ہوئی ہے اِس صورت میں زینبؓ کی طرف ضمیر کا عائد ہونا ایک بدیہی چیز ہے، لیکن اگر بالفرض یہ تسلیم کر لیا جائے کہ حضرت سودہؓ کی بھی وفات حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ہوئی ہے جیسے حضرت زینبؓ کی ہوئی ہے تب بھی یہ کہنا پڑے گا کہ یہ ضمیر سودہؓ کی طرف نہیں لوٹ رہی ہے بلکہ حضرت زینبؓ کی طرف لوٹ رہی ہے، اس لئے کہ روایت میں ہے فَعَلِمْنَا بَعْدُ ہمیں بعد میں پتہ چلا۔

اس مقام پر پہنچ کر علامہ ابن جوزی، علامہ مغلطائیؒ وغیرہ نے امام بخاری پر اعتراض کیا ہے کہ بخاری سے تعجب ہے کہ ان کو اس غلطی پر تنبہ نہیں ہوا اور بعد والوں نے اس پر کوئی تنبیہ نہیں کی حتی کہ خطابی کو غلطی ہوگئی اور انہوں نے یہ کہہ دیا کہ اس حدیث میں حضور ﷺ کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے کہ آپ نے خبر دی تھی کہ جس کا ہاتھ لمبا ہے اس کی سب سے پہلے وفات ہوگی اور حضرت سودہؓ کا ہاتھ سب سے لمبا تھا اور ان کی ہی وفات سب سے پہلے ہوئی، واقعہ یہ ہے کہ قول مشہور کے پیش نظر یہ وہم ہے بلکہ واقع میں وہم ہے۔

(ص ۱۹۱) بَابُ صَدَقَةِ الْعَلَانِيَةِ

وقوله ﴿ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُم بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴾.

ترجمہ: باب، لوگوں کے سامنے صدقہ کرنے کا بیان اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جو لوگ اپنا مال رات میں اور دن میں چھپا کر اور علانیہ خرچ کرتے ہیں ان کے لئے اجر ہے انکے رب کے نزدیک، انکو نہ خوف لاحق ہوگا نہ غمگین ہوں گے۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے صدقہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں جائز ہے، امام بخاری نے اس ترجمہ کے ذیل میں کوئی حدیث ذکر نہیں فرمائی غالباً کوئی حدیث اپنی شرط کے موافق نہیں ملی اس لئے آیت ہی پر اکتفاء فرما لیا، اور ویسے یہ ترجمہ مستملی کے نسخہ سے بالکلیہ ہی ساقط ہو گیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۱) بَابُ صَدَقَةِ السِّرِّ

وقال أبو هريرة عن النبي ﷺ: ورجل تصدق بصدقة فأخفاها حتى لا تعلم شماله ما تنفق يمينه.

وقوله ﴿إِن تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ وَإِن تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ﴾ الآية ﴿وَيُكَفِّرُ عَنكُم مِّن سَيِّئَاتِكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ﴾.

ترجمہ: باب، خفیہ طریقہ سے صدقہ کرنے کا بیان۔

حضرت ابوہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ سے روایت بیان کی کہ اور وہ شخص کہ جس نے کوئی صدقہ کیا اور اس کو چھپایا یہاں تک کہ اس کا بایاں ہاتھ نہیں جانتا ہے اس کو جو اس کا دایاں ہاتھ خرچ کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اگر تم ظاہر کرکے خیرات دو تو کیا ہی اچھا ہے اور اگر اس کو چھپاؤ اور فقیروں کو پہنچاؤ تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور تم سے تمہارے کچھ گناہ ختم کرے گا اور اللہ تمہارے کاموں سے خوب خبر دار ہے۔

تشریح: امام بخاری نے پہلے صدقۂ علانیہ کا جواز بیان کیا تھا اب صدقۃ السر کا جواز بیان فرمارہے ہیں، اور ہو سکتا ہے کہ صدقۃ السر کی فضیلت بیان کرتے ہوں، ویسے اس مسئلہ میں تھوڑا سا اختلاف ہے کہ صدقات میں افضل اعلان ہے یا اخفاء و اسرار؟

ابن جریر طبری نے یہ لکھا ہے کہ صدقۂ فریضہ میں اعلان افضل ہے اور صدقۂ نافلہ میں اخفاء افضل ہے، یہی شافعیہ وغیرہ کا مسلک ہے بلکہ ابن جریر طبری نے اس پر اجماع نقل کیا ہے، علامہ ابن عطیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے زمانہ میں اخفاء صدقہ افضل ہونا چاہئے اس لئے کہ اگر کوئی آدمی فرض صدقہ علی الاعلان دے گا تو بہت سے موانع حائل ہو جائیں گے اس کا صدقہ موقع تک پہنچ بھی نہ سکے گا، نیز ریاء کے وقوع کا بھی خطرہ رہے گا۔

ویسے عبادات کے معاملہ میں یہ ایک مستقل مسئلہ ہے کہ اخفاء افضل ہے یا اعلان؟ فرائض خمسہ میں تو اعلان مشروع ہے البتہ وہ عبادات جن میں شریعت نے نصًّا اعلان مشروع نہیں کیا ہے ان میں افضل کیا ہے؟ (۱) بعض کہتے ہیں کہ اعلان افضل ہے، (۲) بعض کہتے ہیں کہ اخفاء افضل ہے، (۳) بعض کہتے ہیں کہ فرض میں اظہار اور نفل میں اخفاء، (۴) بعض نے یوں کہا ہے کہ نبی پاک ﷺ کے زمانہ میں اعلان افضل ہے اور ہمارے زمانہ میں کثرت موانع کی وجہ سے اخفاء، (۵) بعض نے کہا ہے یختلف باختلاف الأحوال والأشخاص یہ قول شاید اعدل الاقوال ہو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَقَوْلِهِ إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ: آیت سے معلوم ہو گیا کہ اخفاءِ صدقہ اظہارِ صدقہ سے زیادہ بہتر ہے، امام بخاری نے یہاں بھی کوئی حدیث ذکر نہیں فرمائی صرف آیت ہی پر اکتفاء کر لیا۔

میں یہ بتلا چکا ہوں کہ امام بخاری باب اور ترجمہ لائیں اور اس کے ذیل میں کوئی حدیث مسندنہ لائیں اس کی مختلف وجوہ ہوتی ہیں جو اپنی جگہ مشہور ہیں، بہر حال اگر کوئی آیت اور حدیث معلق ذکر فرمادیں تو امام اسی سے اپنا مدعا ثابت کرتے ہیں، اور حدیث مسندنہ لانے کا منشاء یہ ہوتا ہے کہ یا تو امام کو کوئی روایت ان کی شرط کے موافق نہیں ملی، یا ملی مگر تکرار اسناد سے احتراز فرمایا، اور قریب یا بعید میں کوئی روایت ایسی ضرور گزر چکی ہوتی ہے یا آرہی ہوتی ہے جن سے ان کا مدعا نکل آتا ہے۔

یہاں پر ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ امام بخاری نے یہ ترجمہ یعنی بَابُ صَدَقَةِ السِّرِّ اگلے باب کے ذیل میں آنے والی حدیث سے ثابت فرمایا ہے اور آئندہ ان شاء اللہ اس کے ذیل میں تقریر ہو جائے گی۔

(ص ۱۹۱) بَابُ إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى غَنِيٍّ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ

١٤٢١. حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى سَارِقٍ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ زَانِيَةٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلَى زَانِيَةٍ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ، لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ غَنِيٍّ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى غَنِيٍّ فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى سَارِقٍ وَعَلَى زَانِيَةٍ وَعَلَى غَنِيٍّ، فَأُتِيَ فَقِيلَ لَهُ: أَمَّا صَدَقَتُكَ عَلَى سَارِقٍ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهِ، وَأَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا أَنْ تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا، وَأَمَّا الْغَنِيُّ فَلَعَلَّهُ يَعْتَبِرُ فَيُنْفِقُ مِمَّا أَعْطَاهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ.

ترجمہ: باب، نادانستہ مالدار کو صدقہ دینے کا بیان۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص نے (دل میں) یہ کہا کہ میں ضرور بالضرور صدقہ کروں گا، وہ رات کے وقت اپنا صدقہ لیکر نکلا اور ایک چور کے ہاتھ میں دے دیا صبح کو لوگوں میں چرچا ہوا کہ ایک چور کو صدقہ دیا گیا ہے اس شخص نے کہا کہ اے اللہ! سب تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں میں (پھر) ضرور بالضرور صدقہ کروں گا، وہ

Maktaba Tul Ishaat.com

صدقہ لیکر نکلا اور ایک زانیہ کے ہاتھ میں دے دیا صبح کو لوگ کہہ رہے تھے کہ رات ایک زانیہ کو صدقہ دیا گیا ہے اس نے کہا کہ اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں میں (پھر) ضرور بالضرور صدقہ کروں گا، وہ صدقہ لیکر نکلا اور ایک مالدار کے ہاتھ میں دے دیا صبح کو لوگ کہتے تھے کہ ایک مالدار کو صدقہ دیا گیا ہے اس شخص نے کہا کہ اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں، سارق کو پہنچنے پر بھی، زانیہ کو پہنچنے پر بھی اور مالدار کو پہنچنے پر بھی، اس شخص کے پاس آنے والا (فرشتہ) آیا اور یہ کہا کہ جہاں تک تمہارا چور کو صدقہ دینا ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ اپنی چوری سے باز آجائے اور رہی زانیہ تو ممکن ہے کہ وہ زنا سے پاکدامنی اختیار کرلے اور رہا مالدار تو ہو سکتا ہے کہ سبق حاصل کرے اور اللہ نے جو مال اسے دیا ہے اس میں سے صدقہ کرے۔

تشریح: امام بخاری یہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی آدمی نے اتفاقاً اپنا صدقہ کسی مالدار کو لاعلمی میں دے دیا تو آیا اس صدقہ کا اعتبار کیا جائے گا یا نہیں؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔

(۱) حسن بصری، امام ابو حنیفہ، امام محمد اور ابو عبید القاسم بن سلام فرماتے ہیں کہ یہ صدقہ معتبر ہے، (۲) امام مالک، سفیان ثوری، قاضی ابو یوسف فرماتے ہیں کہ کوئی اعتبار نہیں، (۳) امام شافعی اور امام احمد کے اس میں دو دو قول ہیں ایک اِجزاء کا اور دوسرا عدم اِجزاء کا، امام بخاری کی رائے کیا ہے؟

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس سلسلہ میں کوئی بات ظاہر نہیں فرمائی، ترجمہ میں اجمال وابہام رکھا ہے اس لئے کہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ کہا جائے کہ امام بخاری نے فریق اول کا قول اختیار کیا ہے۔

جو اِجزاء کے قائل ہیں مصنف نے شرط ذکر کردی اور روایت سے اس کا جواب معلوم ہو گیا أی فصدقته مقبولة اس لئے کہ وہ شخص اپنا صدقہ لیکر چلا اور نادانستگی میں ایک غنی کے ہاتھ میں رکھ گیا تو صبح کو شہرہ ہوا کہ آج تو ایک غنی کو صدقہ دیا گیا ہے اس نے حمد کی اور پھر خواب میں یہ بتلایا گیا کہ تمہارا صدقہ مقبول ہے، معلوم ہوا کہ بس آدمی اتنے ہی کا مکلف ہے جتنا اس کے بس میں ہو۔

قَالَ رَجلٌ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ: ایک آدمی نے کہا کہ میں صدقہ کروں گا، مسلم شریف میں ہے لَأَتَصَدَّقَنَّ اللَّيْلَةَ آج رات میں صدقہ کروں گا، اس سے معلوم ہوا کہ اس شخص نے رات میں صدقہ کیا تھا یہ صدقۃ السرّ ہو گیا، لہٰذا اس روایت سے باب صدقۃ السرّ ثابت ہو گیا۔

فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ: صدقہ لیکر نکلا لیکن محل پر پہونچانے کے بجائے

Maktaba Tul Ishaat.com

بے محل چور کے ہاتھ میں دے دیا، صبح کو شہرہ ہوا کہ رات ایک چور کو صدقہ دیا گیا اور شہرہ کا منشاء غالبًا یہ ہوا ہو گا کہ اس چور نے یا تو جا کر اس کا تذکرہ کیا ہو گا یا اعلان کیا ہو گا۔

دوسرے دن پھر صدقہ لیکر نکلا اور ایک زانیہ کو دے دیا صبح اس کا بھی شہرہ ہو گیا، تیسری مرتبہ لیکر نکلا تو ایک غنی کو دے دیا صبح کو اس کا بھی شہرہ ہوا، فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الحَمْدُ، ہر ایک پر وہ لَكَ الحَمْدُ کہتا تھا۔

کس چیز پر اس نے حمد کی؟ اس میں تین احتمال ہیں، ۱۔ ایک احتمال یہ ہے کہ اس نے اس بات پر حمد کی کہ اس سے بدتر شخص کے ہاتھ میں نہیں پڑا، ۲۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس نے یہ حمد تسبیح کی جگہ بر سبیل تعجب استعمال کی، یہ دونوں جواب علامہ طیبی نے ذکر کئے ہیں، حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ یہ بعید ہے، ۳۔ بات اصل میں یہ ہے کہ اس نے اس بات پر حمد کی کہ اللہ کے سارے ارادے اور فیصلے سب محمود ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ حافظ صاحب کی بات بڑی وزن دار ہے، ورنہ یہ کہنا کہ اس سے بدتر شخص کے ہاتھ میں نہیں گیا، زنا اور سرقہ بہت بڑا گناہ ہے اور غنی کے بارے میں یہ کیسے معلوم ہوا کہ اس سے بدتر بھی کوئی ہو سکتا ہے، شاید اس نے مال اس لئے لے لیا کہ وہ یہ سمجھا کہ دینے والا شخص ہر ایک کو دے رہا ہے۔

فَأُتِيَ، فَقِيلَ لَهُ أَمَّا صَدَقَتُكَ عَلَى سَارِقٍ: اس کے پاس کوئی آیا، فَأُتِيَ سے کیا مراد ہے؟

علامہ کرمانی نے اس میں بہت سے عقلی احتمالات نکالے ہیں، ہو سکتا ہے کہ خواب میں کسی کو دیکھا ہو، ہو سکتا ہے کہ کسی ہاتف غیبی کی آواز سنی ہو، ہو سکتا ہے، کہ کسی نبی نے خبر دی ہو، ہو سکتا ہے کہ کسی عالم نے فتویٰ دیا ہو، ان تمام احتمالات میں سے احتمال اول ہی ارجح ہے، امام طبرانی نے مسند الشامیین میں یہی حدیث نقل کی ہے اس میں ہے فَأُتِيَ فِي مَنَامِه کسی آنے والے نے آکر خواب میں اطلاع دی۔

بہر حال اس شخص نے کہا کہ تمہارا صدقہ سارق پر ہو سکتا ہے اس کے سرقہ سے توبہ کا سبب بن جائے، اور زانیہ پر صدقہ کرنا ہو سکتا ہے اس کی زنا سے عفت کا سبب بن جائے، اور غنی پر صدقہ کرنا ہو سکتا ہے اس کے عبرت کا سبب بن جائے پس وہ انفاق کرے، مَا أَعْطَاهُ اللّٰهُ کا لفظ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ غنی بھی بہر حال کنجوس ہی تھا، بجائے صدقہ کرنے کے صدقہ لے لیا کرتا تھا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٩١) بَابُ إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى ابْنِهِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ

١٤٢٢. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْجُوَيْرِيَةِ أَنَّ مَعْنَ بْنَ يَزِيدَ حَدَّثَهُ قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَنَا وَأَبِي وَجَدِّي وَخَطَبَ عَلَيَّ فَأَنْكَحَنِي وَخَاصَمْتُ إِلَيْهِ، وَكَانَ أَبِي يَزِيدُ أَخْرَجَ دَنَانِيرَ يَتَصَدَّقُ بِهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَجُلٍ فِي الْمَسْجِدِ فَجِئْتُ فَأَخَذْتُهَا فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ: وَاللهِ مَا إِيَّاكَ أَرَدْتُ، فَخَاصَمْتُهُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: لَكَ مَا نَوَيْتَ يَا يَزِيدُ وَلَكَ مَا أَخَذْتَ يَا مَعْنُ.

ترجمہ: باب، لاعلمی میں اپنے بیٹے کو صدقہ دینے کا بیان۔

معن بن یزیدؓ کہتے ہیں کہ میں نے، میرے والد نے اور میرے دادا نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی، آپ ﷺ نے میری منگنی کرائی، میرا نکاح پڑھایا اور میں نے ایک مقدمہ بھی آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا (وہ مقدمہ یہ ہے) کہ میرے والد یزیدؓ نے صدقہ کرنے کے لئے کچھ دینار نکالے اور ان کو مسجد میں ایک شخص کے پاس رکھا، میں اس کے پاس آیا اور وہ دینار لے لئے پھر ان کو لیکر والد کے پاس آیا تو انہوں نے کہا کہ بخدا میری نیت تمہیں دینے کی نہیں تھی، میں نے یہ مقدمہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اے یزید! تمہارے لئے وہ ہے جو تم نے نیت کی اور اے معن! تمہارے لئے وہ ہے جو تم نے لیا۔

تشریح: اگر کسی آدمی نے بے شعوری میں اپنے بیٹے کو صدقہ دے دیا تو کیا حکم ہے؟ یہ مسئلہ بھی مختلف فیہا ہے، امام ابو حنیفہ اور امام محمد فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص نے تحری کی اور اس کا ظن غالب یہ ہے کہ جس کو دیا ہے وہ مصرف ہے تو اس صورت میں اس کا صدقہ ادا ہو گیا، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس کا صدقہ ادا نہیں ہوا اور یہی امام ابو حنیفہ کی ایک دوسری روایت ہے، امام شافعی جمہور ہی کے ساتھ ہیں لیکن فرماتے ہیں کہ اگر بیٹا غارم یعنی مقروض ہو یا غازی ہو یعنی جہاد میں جا رہا ہو تو پھر صدقہ ادا ہو جائے گا۔

اب گویا مسئلہ میں تین قول ہو گئے، (١) الجواز کما قاله أبو حنیفة و محمد، (٢) عدم الجواز کما قاله الجمهور و أبو حنیفة فی روایة، (٣) عدم الجواز إلا أن یکون غازیًا أو غارمًا کما قاله الشافعی۔

امام بخاری نے یہاں کچھ اجمال سے کام لیا کیوں کہ مسئلہ مختلف فیہا ہے لیکن ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری جواز کے قائل ہیں اس لئے کہ حضرت یزیدؓ نے اتفاق سے ایک شخص کو (تقسیم کرنے کیلئے) اپنا صدقہ دیا اور اس نے اٹھا کر ان کے بیٹے کو دے دیا، جب صبح کو باپ کو پتہ چلا تو خدمت والا شان نبوی میں قصہ ذکر کیا،

Maktaba Tul Ishaat.com

ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَكَ مَا نَوَيْتَ يَا يَزِيدُ وَلَكَ مَا أَخَذْتَ يَا مَعْنُ تم نے جو نیت کی تھی وہ پوری ہوگئی اور معن! تم نے جو لیا ہے وہ تمہارے لئے ہے، اب تمہارے باپ یزید کو لینے کا حق نہیں ہے۔

یہاں ایک بات قابل تنبیہ یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اگر غنی کو صدقہ دیا جائے تو ادا ہو جائے گا اور اگر اپنے بیٹے کو دے دیا تو بھی صدقہ ادا ہو جائے گا لیکن ایک روایت میں یہ فرماتے ہیں کہ ادا نہیں ہوگا۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر کیا وجہ ہے کہ غنی کو دیا تو ادا ہو گیا اور بیٹے کو دیا تو ادا نہیں ہوا؟

جواب یہ ہے کہ اس کا فرق یہ بیان کیا جاسکتا ہے کہ یہ تو شبہ لگ سکتا ہے کہ ہم جس کو دے رہے ہیں وہ فقیر ہے یا غنی؟ اس لئے اس کو دینے سے ادا ہو جائے گا، لیکن یہ شبہ لگنا بہت بعید ہے کہ جس کو دیا جا رہا ہے وہ بیٹا ہے یا کوئی دوسرا ہے، البتہ روایت الباب میں صورت کچھ مختلف ہے اور وہ یہ کہ حضرت یزیدؓ نے اپنا صدقہ ایک شخص کو دیا اور اس نے اٹھا کر ان کے بیٹے معنؓ کے حوالہ کر دیا۔

ایک نکتہ: امام بخاری نے ترجمہ گزشتہ میں یہ فرمایا إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى غَنِيٍّ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ اور یہاں فرمایا إِذَا تَصَدَّقَ عَلَى ابْنِهِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ، پہلی جگہ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ اور یہاں وَهُوَ لَا يَشْعُرُ ذکر فرمایا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ دونوں مقاموں کے فرق کی طرف اشارہ کرنے کے لئے امام بخاری نے یہ تعبیر بدلی ہے، غناء کا جہل تو ممکن ہے لیکن بنوّت کا جہل ممکن نہیں ہاں بے شعوری اور غفلت ہو سکتی ہے، اس لئے امام نے وہاں فرمایا وَهُوَ لَا يَعْلَمُ اور یہاں فرمایا وَهُوَ لَا يَشْعُرُ۔

فَأَخَذْتُهَا: میں نے وہ دنانیر لے لئے، مطلب یہ ہے کہ اس آدمی نے میرے حوالہ کر دیا۔

فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا إِيَّاكَ أَرَدْتُ: باوا صاحب بولے میں نے تو تجھ کو نہیں مراد لیا۔

فَخَاصَمْتُهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اگر تو نہیں دے گا تو میں مقدمہ دائر کروں گا۔

(ص ۱۹۱) بَابُ الصَّدَقَةِ بِالْيَمِينِ

۱۴۲۳. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ تَعَالَى فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ: إِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَأَ فِي عِبَادَةِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِي الْمَسَاجِدِ، وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ

Maktaba Tul Ishaat.com

وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ: إِنِّي أَخَافُ اللّٰهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِينُهُ، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ.

١٤٢٤. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ: أَخْبَرَنِي مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ: تَصَدَّقُوا فَسَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ فَيَقُولُ الرَّجُلُ: لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ لَقَبِلْتُهَا مِنْكَ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهَا.

ترجمہ: باب، خیرات داہنے ہاتھ سے دینے کا بیان۔

پہلی روایت کا ترجمہ باب من جلس فی المسجد ینتظر الصلاۃ دوسری روایت کا باب الصدقۃ قبل الرد میں گزر چکا۔

تشریح: مقصد یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے صدقہ دینا چاہئے کیوں کہ صدقہ دینا شریف عمل ہے اور یمین اعمال شریفہ کے لئے ہے، بہر حال خود صدقہ دے یا اپنے نائب کے ذریعہ سے مگر ہونا چاہئے یمین سے، اسی لئے مصنف نے بالیمین فرمایا اور ترجمہ میں تعمیم رکھی۔

سوال یہ ہے کہ مصنف نے حارثہ بن وہب الخزاعیؓ کی حدیث باب کے آخر میں پیش فرمائی ہے اس میں صدقہ بالیمین کا کوئی ذکر نہیں ہے تو یہ روایت یہاں کیوں ذکر فرمائی؟ اس کے کئی جوابات دیئے گئے ہیں۔

(۱) پہلا جواب یہ ہے کہ امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہیں کہ دائیں ہاتھ سے صدقہ دینا مناسب ہے لیکن یہ ایک بے معنی جواب ہے، مصنف تو یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ دائیں ہاتھ سے صدقہ کرنا چاہئے اور احادیث باب اس پر دلیل کے طور پر پیش کر رہے ہیں جبکہ احادیث باب میں اس کی کوئی تصریح نہیں پھر دعویٰ کیسے ثابت ہوا؟

(۲) بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ اپنے تصدق کا بیان ہے اور آدمی کا اپنا حال صدقہ دینے میں وہ ہے جو حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں آچکا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِينُهُ، مگر یہ تقریر بھی ضعیف ہے اس سے یہ کہاں ثابت ہوا کہ یمین سے صدقہ کیا گیا تا کہ دعویٰ مصنف ثابت ہو جائے۔

(۳) بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں کثرتِ مال کے زمانہ کی حالت ذکر کی گئی ہے اور کثرتِ مال کے زمانہ میں آدمی کا صدقہ کثیر ہوتا ہے اور اس کے اٹھانے میں یا تو یمین سے مدد لیتا ہے یا یمین و یسار دونوں سے، بہر حال جو صورت بھی ہو اس سے تصدق بالیمین کا ثبوت گو صراحۃً نہ سہی استدلالاً ہو جاتا ہے۔

(۴) بعض جیسے علامہ سندی کی رائے یہ ہے کہ امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہیں کہ تصدق بالیمین لازم نہیں

Maktaba Tul Ishaat.com

مندوب ہے اسی لئے حدیث میں تصدق بالیمین کا ذکر نہیں ہے۔

(۵) بعض علماء کہتے ہیں کہ باب کا مقصد تصدق بنفسہ ہے یعنی خود اپنے ہاتھ سے صدقہ کرنا ہے اور اس صورت میں یہ حدیث ترجمہ کے مطابق ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ مصنف نے ترجمہ منعقد کیا ہے التصدق بالیمین کا، اور باب التصدق بنفسہ نہیں کہا ہے، تو یہ کیسے معلوم ہوا کہ مصنف کا مقصد تصدق بنفسہ ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ آئندہ ترجمہ اس کا قرینہ ہے اس میں ہے مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ، معلوم ہوا کہ پہلے ترجمہ کا تعلق خود دینے سے ہے اور بعد میں آنے والے ترجمہ کا تعلق مناولہ بغیرہ بالواسطہ دینے سے ہے، یہی فرق علامہ زین بن منیر اور علامہ ابن رشید وغیرہم نے بیان کیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ اگر مصنف کا یہی مقصد تھا تو ترجمہ التصدق بنفسه کیوں نہ منعقد کیا التصدق بالیمین کیوں کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مصنف نے یہ اشارہ کیا کہ آدمی جب خود صدقہ دے تو دائیں ہاتھ سے دے لیکن دائیں ہاتھ سے دینا بذات خود صدقہ کرنے والے کی ذات کے ساتھ خاص نہیں اس لئے ترجمہ عام رکھا اور یہ کہہ دیا کہ دائیں ہاتھ سے صدقہ دینا چاہئے، یا یہ کہا جائے کہ عادۃً آدمی اپنا صدقہ خود دیتا ہے لہذا لفظ تصدق بالیمین سے ضمنی طور پر خود صدقہ کرنا سمجھ میں آتا ہے اس لئے مصنف نے جہاں تصدق بالیمین کو ثابت کیا وہیں ضمناً تصدق بنفسہ کو بھی ثابت کیا، اور جب اس سے فراغت ہوگئی تو پھر تصدق بالواسطہ کے لئے ترجمہ منعقد کیا اور فرمایا بَابُ مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ۔

(ص ۱۹۲) بَابُ مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ

وقال أبو موسى عن النبي ﷺ: هو أحد المتصدقين.

١٤٢٥. حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا أَجْرُهَا بِمَا أَنْفَقَتْ وَلِزَوْجِهَا أَجْرُهُ بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ لَا يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ أَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو اپنے خادم کو صدقہ دینے کا حکم دے اور خود اپنے ہاتھ سے نہ دے، حضرت ابو موسیٰؓ نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے کہ ایسا شخص صدقہ دینے والوں میں شمار ہوگا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب عورت اپنے گھر کے سامان خورد و نوش سے خیرات کرتی ہے اس حال میں کہ وہ خرابی پیدا کرنے والی نہیں ہے تو اس کے لئے ثواب ہے اس کے خرچ کرنے کی وجہ سے اور اس کے خاوند کے لئے ثواب ہے اس کے کمانے کی وجہ سے، نیز خازن کے لئے بھی اسی طرح ثواب ہے، ان میں سے کوئی کسی کا ثواب کم نہیں کرتا۔

تشریح: امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ صدقہ بذات خود دینا ضروری نہیں ہے بلکہ دوسرے کے واسطے سے بھی دلوایا جاسکتا ہے، ویسے اولیٰ یہ ہے کہ آدمی بذات خود صدقہ دے۔

وَقَالَ أَبُو مُوسَى: حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی یہ روایت اگلے صفحہ پر موصولاً آرہی ہے۔

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ: یہ حدیث اسی سند کے ساتھ کتاب البیوع میں ص ۲۷۷ پر آرہی ہے۔

وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ: اسی سے مصنف نے اپنا مدعا ثابت کیا ہے کیوں کہ خازن کبھی تو اجیر ہوتا ہے اور کبھی غیر اجیر بہر حال خادم ہی کے درجہ میں ہے۔

(ص ۱۹۲) بَابٌ لَا صَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى

ومن تصدق وهو محتاج أو أهله محتاج أو عليه دين فالدين أحق أن يقضى من الصدقة والعتق والهبة، وهو رد عليه، ليس له أن يتلف أموال الناس. وقال النبي ﷺ: من أخذ أموال الناس يريد إتلافها أتلفه الله إلا أن يكون معروفا بالصبر فيؤثر على نفسه ولو كان به خصاصة كفعل أبي بكر رضي الله عنه حين تصدق بماله، وكذلك آثر الأنصار المهاجرين، ونهى النبي ﷺ عن إضاعة المال فليس له أن يضيع أموال الناس بعلة الصدقة.

وقال كعب بن مالك: قلت: يا رسول الله، إن من توبتي أن أنخلع من مالي صدقة إلى الله وإلى رسوله ﷺ، قال: أمسك عليك بعض مالك فهو خير لك، قلت: فإني أمسك سهمي الذي بخيبر.

١٤٢٦. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ.

١٤٢٧. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

Maktaba Tul Ishaat.com

عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ. وَخَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللَّهُ وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللَّهُ.

١٤٢٨. وَعَنْ وُهَيْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ بِهَذَا.

١٤٢٩. حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ - وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَذَكَرَ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ وَالْمَسْأَلَةَ -: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى فَالْيَدُ الْعُلْيَا هِيَ الْمُنْفِقَةُ وَالسُّفْلَى هِيَ السَّائِلَةُ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقہ وہی افضل ہے جس کے بعد غنی بر قرار رہے۔

جو شخص اس حال میں صدقہ کرے کہ وہ خود یا اس کے اہل وعیال ضرورت مند ہوں یا اس پر قرض ہو تو قرض کی ادائیگی صدقہ کرنے، غلام آزاد کرنے اور ہبہ کرنے پر مقدم ہے اور اس کا یہ صدقہ قابل قبول نہیں، اس کے لئے لوگوں کا مال ضائع کرنا جائز نہیں (یعنی اس مال کا صدقہ کرنا جائز نہیں جس میں دوسروں کا حق ہے)، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص لوگوں کا مال لیکر ضائع کرنا چاہتا ہے اللہ اس کو برباد کر دیتا ہے؛ البتہ اگر وہ شخص صبر میں مشہور ہو اور اس لئے اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتا ہو (تو اس کی گنجائش ہے) اگرچہ خود اس کو حاجت ہو جیسے حضرت ابو بکرؓ نے کیا کہ اپنا پورا مال صدقہ کر دیا، یا جیسے انصار نے مہاجرین کے ساتھ ایثار کیا، نبی کریم ﷺ نے مال کو ضائع کرنے سے منع فرمایا ہے لہٰذا اس کے لئے جائز نہیں ہے کہ صدقہ کے بہانے لوگوں کا مال ضائع کرے، حضرت کعبؓ نے فرمایا میں نے عرض کیا کہ اللہ کے رسول ﷺ! میری توبہ کی تکمیل یہ ہے کہ میں اپنے مال سے دست بردار ہو جاؤں اس طرح کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لئے صدقہ ہو، آپ ﷺ نے فرمایا کہ کچھ مال اپنے لئے روک لو یہ تمہارے لئے بہتر ہے میں نے عرض کیا کہ میں اپنا خیبر والا حصہ روک لیتا ہوں۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بہترین صدقہ وہ ہے جس کے بعد آدمی غنی رہے اور ان لوگوں سے شروع کرو جو تمہاری کفالت میں ہیں۔

حضرت حکیم بن حزامؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور اپنے ماتحتوں سے شروع کرو، بہترین صدقہ وہ ہے جس کے دینے کے بعد انسان غنی رہے، جو سوال سے اپنا دامن پاک رکھنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے سوال سے پاک دامن رکھتا ہے اور جو استغناء طلب کرتا ہے اللہ اسے مستغنی کر دیتا ہے، وہیب نے بھی هشام عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ کی سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جبکہ آپ منبر پر تشریف رکھتے تھے اور صدقہ

Maktaba Tul Ishaat.com

کرنے، سوال سے پاک دامن رہنے اور سوال کرنے کا ذکر فرمارہے تھے۔ کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے، خرچ کرنے والا ہاتھ اوپر والا ہے اور سوال کرنے والا ہاتھ نیچے والا ہے۔

تشریح: امام بخاری نے اس باب میں جو کچھ ذکر فرمایا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر آدمی خود محتاج ہو یا اس کے اہل وعیال محتاج ہوں تو اس صورت میں صدقہ دینا جائز نہیں، الا یہ کہ اپنے یا اپنے اہل وعیال کے احتیاج کی صورت میں یہ خود یا اس کے اہل وعیال صبر کرنے کے عادی ہوں تو پھر تصدق میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن مدیون ہونے کی صورت میں کسی حال میں بھی صدقہ دینے کی گنجائش نہیں، پہلے دین ادا کرنا چاہئے، اور اگر کسی آدمی نے مدیون ہونے کی صورت میں صدقہ دیا تو امام بخاری آگے تصریح کریں گے کہ یہ مردود ہے۔

لیکن حضرات فقہاء یہ فرماتے ہیں کہ یہ اس وقت ہے جب حاکم نے اس کو مجبور کر دیا ہو اس پر پابندی عائد کردی ہو ورنہ مدیون کا صدقہ مقبول ہے، علامہ موفق وغیرہ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری کا وَهُوَ رَدٌّ عَلَيْهِ علی الاطلاق فرمادینا اسی پر محمول ہوگا یعنی جب حاکم نے حجر کر دیا ہو تب مردود ہے اور اگر حاکم نے حجر نہ کیا ہو تب تو اس کا صدقہ نافذ ہو جائے گا اگرچہ اس کو ایسا نہ کرنا چاہئے۔

إِلَّا أَنْ يَكُونَ مَعْرُوفًا بِالصَّبْرِ: اگر وہ صبر میں معروف ومشہور ہو تو باوجود تنگی کے صدقہ کرسکتا ہے۔

حِينَ تَصَدَّقَ بِمَالِهِ: حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنا سارا مال صدقہ میں دے دیا تھا، آیا اپنا سارا مال صدقہ میں دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر آدمی کے ہوش وحواس صحیح ہوں اور تنگی پر صبر کر سکتا ہو عیال دار نہ ہو اور اگر عیال ہوں تو وہ بھی صبر کرسکتے ہوں تو اس صورت میں اس کا تمام مال کا صدقہ کردینا نافذ ہو جائے گا، اور اگر ان قیود میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے مثلاً وہ صبر نہیں کرسکتا ہے یا خود تو صبر کرسکتا ہے مگر عیال صبر نہیں کرسکتے ہیں یا یہ کہ عیال بھی صبر کرسکتے ہیں لیکن وہ شخص مدیون ہے اس صورت میں سارا مال کا صدقہ کرنا مکروہ ہے، پہلے دین ادا کرنا چاہئے اور اصحاب حقوق کے حقوق پورے کرنے چاہئیں۔

اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ مکروہ کیا! مردود ہے اس صدقہ کا کوئی اعتبار ہی نہیں، یہ قول حضرت عمرؓ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، بعض علماء حافظ ابن حجر وغیرہ فرماتے ہیں کہ مُدَبَّر والا قصہ جو آئندہ آرہا ہے اس سے حضرت عمرؓ کے لئے استدلال کیا جاسکتا ہے، حضور ﷺ نے آقا کی تدبیر کو فسخ فرمادیا اور غلام کو فروخت کردیا، معلوم ہوا کہ اصحاب حقوق کے حقوق متوجہ ہوتے ہوئے صدقہ وغیرہ معتبر نہیں ہے، مکحول اور اوزاعی فرماتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں کہ ثلث تک جائز ہے اور باقی دو ثلث میں اس کا صدقہ نافذ نہیں ہوگا، امام ابن جریر طبری فرماتے ہیں صواب یہ ہے کہ اگر شرائط جواز کے بعد کوئی اپنے سارے مال کو صدقہ کرتا ہے یعنی وہ مدیون نہیں ہے اور صبور ہے اور اہل وعیال نہیں ہیں یا اہل وعیال ہیں اور وہ بھی صبور ہیں صبر کر سکتے ہیں تو سارے مال کا صدقہ نافذ ہو جائے گا لیکن بہتر یہ ہے کہ آدمی ثلث مال کا صدقہ کرے تاکہ دلائل جمع ہو جائیں۔

دلائل کے جمع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ صدیق اکبرؓ نے تو سارے مال کا صدقہ کر دیا تھا اور حضرت کعبؓ نے جب صدقہ کیا تو حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ معلوم ہوا کہ سارے مال کا صدقہ کرنا جائز تو ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ سارے مال کا تصدق نہ کرے۔

وَنَهَى النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ: یہ حدیث موصولاً ص ۲۰۰ پر آرہی ہے۔

فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يُضَيِّعَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِعِلَّةِ الصَّدَقَةِ: صدقہ کی علت نکال کر کے لوگوں کا مال ضائع کرنا شروع نہ کردے کہ میں تو صدقہ کر رہا ہوں اور دائن کا دین نہیں دے رہا ہے۔

خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى: اس حدیث کے مطلب میں مختلف اقوال ہیں۔

(۱) امام خطابی فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ آدمی اس وقت صدقہ کرے جب صدقہ دینے کے بعد اس کے پاس بقدر کفایت مال بچ رہتا ہو یعنی صدقہ دینے کے بعد انسان کے پاس غنیٰ ہونا چاہئے جس کے ذریعہ دوسروں سے استغناء حاصل کرے، اسی مطلب کی طرف امام بغوی صاحب شرح السنۃ کا بھی رجحان ہے۔

امام قرطبی نے خطابی وغیرہ کے اس مطلب کو پسند نہیں کیا، وہ یہ فرماتے ہیں کہ حضور پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے دو روایتیں منقول ہیں، ایک خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى اور دوسری أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ جُهْدُ مِنْ مُقِلٍّ، ان دونوں حدیث کی ایسی تشریح کرنی چاہئے جس سے روایات میں کوئی تعارض نہ رہے اور خطابی نے جو تقریر کی ہے اس سے روایتیں متعارض ہو جاتی ہیں۔

خطابی نے خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى کا جو مطلب بیان کیا کہ صدقہ دینے کے بعد آدمی کے پاس بقدر کفایت رہ جانا چاہئے جبکہ حدیث میں ہے أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ جُهْدُ مِنْ مُقِلٍّ بہترین صدقہ تنگ دست کی کوشش ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی فقیر تنگ دست آدمی اپنی کمائی میں سے کچھ دے تو یہ سب سے بہتر صدقہ ہے، ظاہر ہے کہ فقیر آدمی جب صدقہ دے گا تو اس کے پاس بقدر کفایت کہاں سے جمع رہے گا؟

Maktaba Tul Ishaat.com

(٢) امام قرطبی ارشاد فرماتے ہیں کہ خَیْرُ الصَّدَقَةِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی کا مطلب یہ ہے کہ بہترین صدقہ وہ ہے کہ دینے کے بعد آدمی کو خود اس کی احتیاج نہ رہے آدمی اس سے مستغنی رہے۔

مثلاً کسی آدمی نے کُرتا دے دیا اس کے بعد اس کو کُرتے کی ضرورت نہ رہے، کھانا دے دیا اس کے بعد اسی کھانے کی اسے ضرورت نہ ہو، یہ ہے خیر الصدقۃ، اور اگر کرتا اتار کر کے دے دیا اور تھوڑی دیر کے بعد اسے ضرورت پڑ گئی، کھانا دے دیا اور ایک گھنٹہ کے بعد اسے خود ضرورت پڑ گئی اب آدمی تلملا رہا ہے یہ صدقہ اچھا نہیں ہے، اس صورت میں خَیْرُ الصَّدَقَةِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی والی روایت أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ جُھْدٌ مِنْ مُقِلٍّ کے ساتھ بالکل متفق ہو جائے گی۔

اور مطلب یہ ہے کہ بہترین اور اچھا صدقہ اس تنگ دست کا ہے جو کسی چیز کا صدقہ دے اور صدقہ دینے کے بعد اس صدقہ کی طرف نظر نہ جائے۔

(٣) بعض علماء ارشاد فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ بہترین صدقہ وہ ہے جو محتاج کی کفایت کو پہنچ جائے یعنی فقیر کو تم اتنا دے دو کہ وہ مستغنی ہو جائے یہ بہترین صدقہ ہے۔

(٤) بعض نے کہا کہ غنیٰ سے مراد غنی النفس ہے، غنی النفس پر جو صدقہ مرتب ہو وہ ہے بہترین صدقہ۔

(٥) اور بعض علماء نے ان دونوں روایتوں میں اور طرح جمع کیا ہے کہ یہ اختلاف احوال واشخاص پر محمول ہے، اگر آدمی توکل کے اعلیٰ مقام پر ہے تو اس کے لئے أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ جُھْدٌ مِنْ مُقِلٍّ ہے اور اگر یہ حالت حاصل نہیں تو اس کے لئے خَیْرُ الصَّدَقَةِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی ہے۔

وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ: اور اس کے ساتھ ابتداء کرو جو تمہاری کفالت میں ہو جس کے تم ذمہ دار ہو۔

اولیٰ یہ ہے کہ صدقہ دینے میں انہیں لوگوں سے ابتداء کرنی چاہئے جو تمہاری کفالت اور نگرانی اور ذمہ داری میں ہوں لہٰذا اگر کوئی یتیم آپ کی کفالت میں ہو تو سب سے پہلے صدقہ اس کو دیجئے، اس لئے اگر کہیں سے مدرسہ کے استادوں کے پاس کوئی مال آجائے کہ یہ صدقہ دے دو تو سب سے پہلے طلبہ کو دینا چاہئے۔

وَمَنْ یَّسْتَعْفِفْ یُعِفَّهُ اللّٰہُ: جو عفت اور پاک دامنی طلب کرے گا اللہ اس کو عفت عطا فرمادیں گے، اَللّٰھُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْأَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدَرِ۔

وَمَنْ یَّسْتَغْنِ یُغْنِهِ اللّٰہُ: اللہ سے جو غنیٰ طلب کرے گا اللہ اس کو غنی کر دیں گے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عن ابن عمر رضی اللہ عنہ: سوال یہ ہے کہ حکیم بن حزامؓ کی روایت تو ترجمۃ الباب کے موافق ہے لیکن ابن عمرؓ کی روایت ترجمۃ الباب کے مطابق نہیں ہے اس لئے کہ اس میں خَیْرُ الصَّدَقَۃِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی کا ذکر نہیں ہے تو پھر مصنف نے یہاں اس کو کیوں ذکر فرمایا ہے؟

(۱) حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اصل میں حکیم بن حزامؓ کی روایت میں جہاں خَیْرُ الصَّدَقَۃِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی واقع ہوا ہے وہیں ایک دوسرا جملہ اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی بھی ہے، مصنف نے اس کے بعد ابن عمرؓ کی روایت ذکر کر کے اس کی تفسیر فرمادی کہ ید علیا سے مراد منفقہ اور ید سفلیٰ سے مراد ید سائلہ ہے۔

(۲) علامہ ابن رشید ارشاد فرماتے ہیں کہ اصل میں حضرت حکیم بن حزامؓ کی روایت میں ایک جملہ خَیْرُ الصَّدَقَۃِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی تھا اور دوسرا جملہ اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی تھا، مصنف نے تکثیر طرق کی نیت سے ابن عمرؓ کی روایت ذکر فرمادی۔

(۳) اور علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ کہا جائے کہ اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی کو لَا صَدَقَۃَ اِلَّا عَنْ ظَھْرِ غِنًی کے ساتھ مناسبت ہے، اور وہ یہ ہے کہ ید علیا جو منفقہ ہے وہ خیر اس وقت ہے اور وہ ید علیا اسی وقت سمجھا جائے گا جب انفاق سے کوئی شرعی مانع موجود نہ ہو، اور اگر انفاق سے کوئی شرعی مانع موجود ہو تو اس کے انفاق اور تصدق کرنے کا ید علیا پر اطلاق نہیں کیا جا سکتا ہے، کوئی آدمی اگر مقروض ہے حاکم نے اس پر پابندی لگادی ہے تو اب اس کو تصدق کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

لہٰذا گویا امام بخاری نے یہ بتلا دیا کہ اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی کے عموم میں لَا صَدَقَۃَ اِلَّا عَنْ ظَھْرِ غِنًی کی قید لگی ہوئی ہے، ید علیا اسی وقت ید سفلیٰ سے افضل ہوگا جب یہ صدقہ عن ظہر غنیً ہو اور اگر عن ظہر غنیً نہ ہو بلکہ انسان کسی اور حق کے تحت دبا ہوا ہو تو اس حق کی ادائیگی اس کے ذمہ مقدم ہوگی۔

ید علیا اور ید سفلی سے کیا مراد ہے؟ (۱) ابن عمرؓ کی روایت میں ید علیا کی تفسیر منفقہ اور ید سفلی کی تفسیر سائلہ سے کی گئی ہے اور یہی جمہور کا قول ہے، (۲) بعضوں نے کہا ہے الید العلیا ھی المنفقۃ و الید السفلیٰ ھی الآخذۃ سواء کان بسوال أم بغیر سوال، (۳) بعضوں نے کہا ہے السفلیٰ ھی المانعۃ یعنی نہ دینے والا ہاتھ سے دینے والا ہاتھ افضل ہے، (۴) بعض کہتے ہیں العلیا ھی الآخذۃ و السفلیٰ ھی المعطیۃ کیوں

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ دینے کا قاعدہ یہ ہے کہ دینے والا نیچے سے ہاتھ پھیلا کر دیتا ہے اور لینے والا اوپر سے لیتا ہے یہ تفسیر بعض صوفیاء نے کی ہے، شارحین حدیث کہتے ہیں کہ لوگوں کا مال کھانے کے لئے ایک نیا مطلب تجویز کر لیا گیا ہے، واقعہ یہ ہے کہ مجھ کو بھی یہ تفسیر پسند نہیں، (۵) بعض علماء ابن نباتہ وغیرہ فرماتے ہیں کہ ید بمعنی نعمت ہے اور علیا سے مراد جزیلہ ہے اور مطلب یہ ہے العطية الجزيلة خير من العطية القليلة آدمی دے تو اچھی طرح سے دے یہ کیا کہ پانچ چھ کرکے گن گن کر دے۔

اس تقریر اور اختلاف اقوال سے ایک بات معلوم ہوئی کہ ہاتھ متعدد ہیں، (۱) ید منفقہ (۲) ید آخذہ (۳) ید سائلہ (۴) ید مانعہ، (۵) اليد المتعففة، سب سے افضل ید منفقہ ہے، اس کے بعد ید متعففہ، پھر ید آخذہ ہے بغیر سوال کے، اور پھر ید سائلہ ہے، اور سب سے آخر میں ید مانعہ ہے یعنی دینے کے نام پر صفر یعنی کچھ نہیں دینا۔

(ص ۱۹۲) بَابُ الْمَنَّانِ بِمَا أَعْطَى

لقوله عز وجل ﴿ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَٰلَهُمْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُونَ مَآ أَنفَقُواْ مَنًّا وَلَآ أَذًى﴾ الآيَةَ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو اپنی دی ہوئی چیز پر احسان جتائے، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ جو لوگ اپنا مال اللہ کے راستہ میں خرچ کرتے ہیں پھر اپنے خرچ کردہ مال کے پیچھے نہ تو احسان جتاتے ہیں اور نہ ہی فقیر کو ستاتے ہیں تو ان کے لئے ان کے رب کے پاس اجر ہے ان کو نہ تو خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔

تشریح: امام بخاری نے صدقہ دینے کی ترغیب دی اور بتایا کہ صدقہ دینا بڑا اچھا عمل ہے مگر یہ سمجھ لو کہ بعض وقت عمل کرنے کے بعد اکارت ہو جاتا ہے، صدقہ کے بیکار ہونے کی شکل یہ ہے کہ آدمی دے کر احسان جتلانا شروع کر دے، دینے کے بعد احسان جتلانا بڑی مذموم بات ہے یہ صدقہ کو باطل کر دیتی ہے۔

لِقَوْلِهِ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ: اس آیت شریفہ میں منفقین کی تعریف اس شرط کے ساتھ کی گئی ہے کہ بعد میں منّ اور اذی نہ ہو، معلوم ہوا کہ منّ واذی یہ انفاق کے لئے محبط اور مبطل ہے۔

امام بخاری نے اس باب میں کوئی روایت اس لئے ذکر نہیں کی کہ ان کی شرط کے موافق کوئی روایت نہیں تھی، ویسے اس مضمون کی روایت مسلم شریف کتاب الایمان میں وارد ہوئی ہے حضور پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اسی میں ہے الْمَنَّانُ الَّذِي لَا يُعْطِي شَيْئًا إِلَّا مَنَّ بِهِ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۲) بَابُ مَنْ أَحَبَّ تَعْجِيلَ الصَّدَقَةِ مِنْ يَوْمِهَا

١٤٣٠. حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّ عُقْبَةَ بْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَهُ قَالَ: صلى النَّبِيُّ ﷺ الْعَصْرَ فَأَسْرَعَ ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ خَرَجَ فَقُلْتُ - أَوْ قِيلَ لَهُ - فَقَالَ: كُنْتُ خَلَّفْتُ فِي الْبَيْتِ تِبْرًا مِنَ الصَّدَقَةِ فَكَرِهْتُ أَنْ أُبَيِّتَهُ فَقَسَمْتُهُ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو دن کے دن صدقہ کرنا پسند کرتا ہے۔

حضرت عقبہ بن حارثؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی اور عجلت کے ساتھ گھر میں داخل ہوئے پھر تھوڑا وقت ہی ہوا ہوگا کہ باہر تشریف لے آئے تو میں نے یا کسی اور نے اسکا سبب دریافت کیا تو آپ ﷺ نے جواب دیا کہ میں نے گھر میں سونے کا ایک ٹکڑا چھوڑا تھا مجھے یہ گوارا نہ ہوا کہ اسے رات کو اپنے پاس رکھوں اسلئے اس کو تقسیم کر دیا۔

تشریح: اگر کوئی آدمی فوری طور پر صدقہ دینا چاہے تو اس کے فعل کی اصل موجود ہے، یہ حکم صدقہ نافلہ کا ہے، ہو سکتا ہے کہ اس سے صدقہ فریضہ یعنی زکاۃ کا حکم اخذ کر لیا جائے کہ جب صدقہ نافلہ کی تعجیل "احب وافضل" ہے تو زکاۃ فریضہ کی تعجیل بھی "احب وافضل" ہوگی، لیکن یہ لازم نہیں، ہو سکتا ہے کہ صدقہ نافلہ میں تعجیل افضل ہو اور زکاۃ میں تعجیل واجب ہو، جس دن زکاۃ واجب ہوئی اسی دن اخراج زکاۃ واجب ہو۔

اس سلسلہ میں مصنف کی شرط پر کوئی صریح دلیل نہیں ہے اور حضور اکرم ﷺ کی طرف سے صدقات وصول کرنے کے لئے جو عمّال جاتے تھے ظاہر ہے کہ وہ یوم الوجوب میں ہر ایک سے زکاۃ نہیں لیتے تھے نہ یہ عادۃً ممکن ہے اور نہ کسی سے یہ سوال کرتے تھے کہ تم پر زکاۃ کب واجب ہوئی؟ اس سے معلوم ہوا کہ زکاۃ علی الفور واجب نہیں ہے، یہی حنفیہ کا ایک قول ہے، حنفیہ کا دوسرا قول یہ ہے کہ علی الفور واجب ہے، علامہ ابن ہمام نے اسی کو راجح قرار دیا ہے اور یہی ائمہ ثلاثہ کا مذہب ہے۔

(ص ۱۹۲) بَابُ التَّحْرِيضِ عَلَى الصَّدَقَةِ وَالشَّفَاعَةِ فِيهَا

١٤٣١. حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا عَدِيٌّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ ﷺ يَوْمَ عِيدٍ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلُ وَلَا بَعْدُ، ثُمَّ مَالَ عَلَى النِّسَاءِ وَبِلَالٌ مَعَهُ فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ، فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِي الْقُلْبَ وَالْخُرْصَ.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٤٣٢. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بُرْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللهِ ابْنِ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوسَى عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا جَاءَهُ السَّائِلُ أَوْ طُلِبَتْ إِلَيْهِ حَاجَةٌ قَالَ: اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا وَيَقْضِي اللهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ ﷺ مَا شَاءَ.

حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ فَاطِمَةَ عَنْ أَسْمَاءَ قَالَتْ: قَالَ لِي النَّبِيُّ ﷺ: لَا تُوكِي فَيُوكَى عَلَيْكِ. حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ عَبْدَةَ وَقَالَ: لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللهُ عَلَيْكِ.

ترجمہ: باب، صدقہ کی ترغیب اور صدقہ دینے کی سفارش کا بیان۔

پہلی روایت کا ترجمہ باب عظة الإمام النساء وتعليمهن میں گزر چکا۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب سائل آتا یا آپ سے کسی ضرورت کا سوال کیا جاتا تو آپ فرماتے کہ سفارش کرو تمہیں اجر دیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زبان سے جو چاہتا ہے فیصلہ کراتا ہے۔

حضرت اسماءؓ بیان کرتی ہیں کہ مجھ سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ صدقہ نہ روکو ورنہ تمہارے لئے بھی روک لگا دی جائے گی، حضرت اسماءؓ سے ایک دوسرے طریق میں مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا کہ گن گن کر مت دو ورنہ تمہیں بھی گن گن کر دیا جائے گا۔

تشریح: اگر بذات خود کوئی صدقہ نہ کر سکتا ہو تو دوسروں کو صدقہ کی ترغیب دے، تحریض کرے۔

ایک اور بات سمجھ میں آتی ہے اس سے قطع نظر کہ وہ صدقہ دے سکتا ہو یا نہ یہ کہا جائے کہ امام بخاری مطلقاً یہ بتلاتے ہیں کہ صدقہ دینے پر لوگوں کو ترغیب دینی چاہئے اور ضرورت مند کے لئے سفارش کرنی چاہئے۔

وَيَقْضِي اللهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ ﷺ مَا شَاءَ: مطلب یہ ہے کہ اس امید پر نہ رہو کہ تم نے جو شفاعت کی ہے بعینہ وہی منظور کر لی جائے بلکہ اللہ اپنے نبی کی زبان سے جو فیصلہ مقدر کئے ہوئے ہوگا وہ صادر فرمادے گا، ایک مطلب علامہ انور شاہ کشمیری نے بیان کیا فرماتے ہیں کہ وَيَقْضِي اللهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ ﷺ مَا شَاءَ کا تعلق جملۂ گزشتہ سے ہے یعنی اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا یہ حکم خداوندی ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی زبان پر یہ حکم صادر کرایا ہے، وهو بعيد۔

لَا تُوكِي: أوكى يوكى إيكاءً کے معنی آتے ہیں برتن میں کوئی چیز رکھ کر اوپر سے بندھن باندھ دینا، مطلب یہ ہے کہ صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کی جائے باندھ باندھ کر نہ رکھا جائے کیوں کہ جزاء من جنس العمل

Maktaba Tul Ishaat.com

ہوتی ہے لہذا خطرہ ہے کہ اوپر سے خزانۂ غیب میں کہیں بندش نہ لگ جائے۔

لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ: شمار کر کر کے نہ رکھ، گن گن کے نہ رکھ کہ اللہ تعالیٰ شانہ تیرے اوپر شمار کرنے لگے، مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ اس کے رزق کا مادہ کم کر دے روک دے، اور ایک مطلب یہ ہے کہ آخرت میں اس پر مطالبے متوجہ ہو جائیں کہ تم نے شمار کر کر کے رکھا تو آخرت میں ہر ہر بات کے متعلق اور ہر ہر نعمت کے متعلق پوچھ گچھ ہو اور استفسار ہو کہ یہ کہاں سے آیا اور کہاں خرچ ہوا اور کیسے خرچ ہوا؟

(ص ١٩٣) بَابُ الصَّدَقَةِ فِيمَا اسْتَطَاعَ

١٤٣٣. حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهَا جَاءَتِ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: لَا تُوعِي فَيُوعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ ارْضَخِي مَا اسْتَطَعْتِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ استطاعت کے مطابق صدقہ کرنا چاہیے۔

تشریح: امام بخاری یوں فرماتے ہیں کہ آدمی حسب استطاعت صدقہ کرے اگر قلیل کی استطاعت ہو تو قلیل اور کثیر کی استطاعت ہو تو کثیر۔

لَا تُوعِي: برتن میں باندھ کر نہ رکھ پس اللہ تعالیٰ تجھ پر بند کر دیگا، دیتی رہو جتنا تیری قدرت میں ہو۔

(ص ١٩٣) بَابُ الصَّدَقَةُ تُكَفِّرُ الْخَطِيئَةَ

١٤٣٤. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيثَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَنَا أَحْفَظُهُ كَمَا قَالَ، قَالَ: إِنَّكَ عَلَيْهِ لَجَرِيءٌ فَكَيْفَ؟ قَالَ: قُلْتُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْمَعْرُوفُ، - قَالَ سُلَيْمَانُ: قَدْ كَانَ يَقُولُ: الصَّلَاةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ - قَالَ: لَيْسَ هَذِهِ أُرِيدُ وَلَكِنِّي أُرِيدُ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، قَالَ: قُلْتُ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بَأْسٌ بَيْنَهَا وَبَيْنَكَ بَابٌ مُغْلَقٌ، قَالَ: فَيُكْسَرُ الْبَابُ أَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَا بَلْ يُكْسَرُ، قَالَ: فَإِنَّهُ إِذَا كُسِرَ

Maktaba Tul Ishaat.com

لَمْ يُغْلَقْ أَبَدًا، قَالَ: قُلْتُ: أَجَلْ، فَهِبْنَا أَنْ نَسْأَلَهُ مَنِ الْبَابُ فَقُلْنَا لِمَسْرُوقٍ: سَلْهُ، قَالَ: فَسَأَلَهُ فَقَالَ: عُمَرُ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَفَعَلِمَ عُمَرُ مَنْ تَعْنِي؟ قَالَ: نَعَمْ كَمَا أَنَّ دُونَ غَدٍ لَيْلَةً، وَذَلِكَ أَنِّي حَدَّثْتُهُ حَدِيثًا لَيْسَ بِالأَغَالِيطِ.

ترجمہ: باب، صدقہ گناہ کو مٹاتا ہے۔

تشریح: صدقہ کفارۃ الخطایا ہے، روایت میں ہے الصدقة تطفيء غضب الرب صدقہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کو ختم کر دیتا ہے، ایک ضعیف روایت میں وارد ہوا ہے باکروا بالصدقة فإن البلاء لا يتخطى على الصباح صدقہ دے دوبلاء اس سے آگے نہیں جاسکتی ہے، بلاء اس کو پھلانگ نہیں سکتی ہے پھاند نہیں سکتی ہے۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ: یہ حدیث کتاب الصلوۃ ص ۷۵ پر باب الصلوۃ کفارۃ کے ذیل میں گزرچکی ہے۔

(ص ۱۹۳) بَابُ مَنْ تَصَدَّقَ فِي الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ

١٤٣٥. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ: أخبرنا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ أَشْيَاءَ كُنْتُ أَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنْ صَدَقَةٍ أَوْ عَتَاقَةٍ وَصِلَةِ رَحِمٍ فَهَلْ فِيهَا مِنْ أَجْرٍ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: أَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَلَفَ مِنْ خَيْرٍ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جس نے حالت شرک میں صدقہ کیا اور پھر اسلام قبول کیا۔

حضرت حکیم بن حزامؓ نے بیان کیا کہ میں نے کہا کہ یا رسول اللہ! میں زمانۂ جاہلیت میں جو نیک کام کرتا تھا جیسے صدقہ کرنا، غلام آزاد کرنا اور صلہ رحمی تو کیا ان میں کچھ اجر ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں اپنے سابقہ اعمال خیر کی وجہ سے ہی اسلام کی توفیق ہوئی ہے، یا تم اپنی سابقہ نیکیوں کے ساتھ اسلام لائے ہو۔

تشریح: امام بخاری نے شرط ذکر کی اور جواب شرط کو اعتمادًا علی الحدیث حذف فرمادیا۔

اگر کسی نے شرک میں صدقہ کیا اور بعد میں مسلمان ہوگیا تو اس کے اس صدقہ کا اعتبار ہوگا یا نہیں؟ یہ مسئلہ مسائل خلافیات میں سے ہے، امام بخاری کے نزدیک تصدق قبل الاسلام؛ بعد الاسلام معتبر ہوگا، حدیث پاک میں ہے أَسْلَمْتَ عَلَى مَا أَسْلَفْتَ مِنْ خَيْرٍ، ابراہیم حربی، ابو محمد بن حزم ظاہری، ابوالحسن بن بطال، ابوالقاسم سہیلی، قرطبی، ابن منیر اور عام مالکیہ اسی کے قائل ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لیکن امام طحاوی وغیرہ کہتے ہیں کہ کفر کے زمانہ کی طاعت پر اسلام لانے کے بعد اجر و ثواب نہیں ملے گا، اس لئے کہ یہاں تین چیزیں ہیں، طاعت، قربت اور عبادت، طاعت تو ہر شخص سے ممکن ہے کیوں کہ اس کے معنی ہیں موافقة الأمر حکم کی موافقت کرنا، اور قربت اس شخص سے ممکن ہے جو ایمان رکھتا ہو کیوں کہ قربت کے لئے من یتقرب إلیه کی معرفت شرط ہے اور کافر عارف نہیں ہوتا، اگر وہ عارف ہوتا تو اپنے رب پر ایمان لاتا، اور عبادت کے لئے نیتِ من یتقرب إلیه شرط ہے، تو جب کافر کے حق میں قربت ناممکن تو عبادت بدرجۂ اولیٰ ناممکن ہوگی، اور اجر و ثواب عبادت پر ملتا ہے اس لئے کفر کے زمانہ کے صدقہ پر اجر و ثواب نہیں ملے گا۔

اب سوال یہ ہے کہ پھر نبی اکرم ﷺ نے حکیم بن حزامؓ سے فرمایا أَسلَمتَ عَلَی مَا سَلَفَ مِن خَیرٍ یا مسلم کے الفاظ ہیں أَسلَمتَ عَلَی مَا أَسلَفتَ مِن خَیرٍ اس کا کیا مطلب؟ علماء نے اس کے کئی مطلب بیان کئے۔

(۱) امام طحاوی فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ثناء و محمَدَۃ ہے، یہی ابو الولید ابن رشد کبیر کی رائے ہے، مطلب یہ ہے کہ کافر جو بھی کسی کو دیتا ہے اور اعانت و نصرت کرتا ہے اس سے اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ اس کی مدح و ستائش کریں تو معنی یہ ہیں کہ تم نے کفر کے زمانہ میں جو کچھ کیا تھا اس سے جو مقصد تھا وہ تم کو حاصل ہو گیا اب اس پر اجر و ثواب حاصل نہ ہوگا۔

(۲) بعض یہ کہتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ تم اس کی برکت سے مسلمان ہوئے، قاعدہ ہے کہ نیکی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور برائی برائی کی طرف۔

(۳) یا مطلب یہ ہے کہ تم نے صدقہ وغیرہ کر کے اپنی طبیعت کو نیکیوں کا خوگر کر لیا اس سے تم کو یہ فائدہ حاصل ہو گیا کہ آدمی جس چیز کا عادی بن جاتا ہے اگر وہ اچھی بات ہوگی تو اس سے انسان کو فائدہ پہنچتا ہے اور پھر وہ اچھے ہی کام کرتے رہتا ہے۔

زمانۂ کفر کی طاعات پر اجر ملنے کی دلیل: جو لوگ کہتے ہیں کہ زمانۂ کفر کی طاعات کا اجر و ثواب ملے گا اور اس کا صدقہ معتبر ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کفر کے زمانہ کا صدقہ اسلام کے دامن میں لپٹ جائے گا أَسلَمتَ عَلَی مَا أَسلَفتَ مِن خَیرٍ تم مسلمان بھی اس چیز پر ہوئے کہ ماضی کی نیکیاں تمہارے ساتھ ہیں تم سے الگ نہیں ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ایک اعتراض اور اس کا حل: یہاں پر سوال یہ ہے کہ امام بخاری کے ترجمہ کے طرز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کفر کے زمانہ میں اس کا صدقہ معتبر ہے لیکن کتاب الایمان باب حسن اسلام المرء میں حضرت ابو سعید خدریؓ کی جو حدیث نقل کی ہے اس میں ایک ہی ٹکڑا ذکر کیا إِذَا أَسْلَمَ الْعَبْدُ فَحَسُنَ إِسْلَامُهُ يُكَفِّرُ اللهُ عَنْهُ كُلَّ سَيِّئَةٍ كَانَ زَلَفَهَا حالانکہ اسی کا ایک ٹکڑا یہ بھی تھا وَ كَتَبَ اللهُ لَهُ كُلَّ حَسَنَةٍ كَانَ زَلَفَهَا، اگر کوئی مسلمان ہو جائے تو ماضی میں جو نیکیاں کی ہیں سب نیکیاں لکھ لی جائیں گی وہاں مصنف نے یہ ٹکڑا کیوں حذف کر دیا؟

شراح کرام کی وہاں رائے یہ ہے کہ بخاری نے دیدہ ودانستہ حذف کیا ہے اس لئے کہ کفر کے زمانہ کی طاعات کا کوئی اعتبار ہی نہیں، تو اب شراح کے بیان کے پیش نظر اور بخاری کے اس ترجمہ کے ظاہر کو سامنے رکھتے ہوئے بخاری کے کلام میں تعارض ہو گیا، وہاں یہ اشارہ دیا کہ کفر کے زمانہ کی نیکیوں کا اعتبار نہیں اور یہاں پہنچ کر یہ اشارہ دیا کہ کفر کے زمانہ کا صدقہ معتبر ہے لہذا اس تعارض کے حل کی ضرورت ہے۔

ایک حل یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ مصنف نے یہاں ترجمہ میں شرط ذکر کی ہے اور جواب شرط حذف فرما دیا چونکہ مسئلہ محتمل ہے حسنات کافر کے معتبر وغیر معتبر ہونے کا، لہذا بخاری کے کلام میں کوئی تعارض نہیں ہے، پہلی جگہ انہوں نے یہ اشارہ دیا تھا کہ حسنات کافر بعد الاسلام غیر معتبر ہوں گے اور یہاں مسئلہ اجمال وابہام میں رکھ دیا چونکہ حدیث سے صراحۃً کوئی بات نکلتی نہیں ہے۔

ہمارے خیال میں صحیح بات یہ ہے کہ اس باب میں یہ روایت بالکل نص ہے، امام بخاری نے یہاں تو صاف صاف کہہ دیا من تصدق فی الشرک ثم أسلم أی صدقته معتبرة، قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم أَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَلَفَ مِنْ خَيْرٍ اور باقی اوز افعال کے بارے میں امام بخاری نے سکوت سے کام لیا ہے اس لئے کہ روایت مجمل تھی اور بخاری کی شرط پر بھی نہیں تھی، اس لئے امام بخاری نے یہ حدیث وہاں تعلیقاً ذکر کی موصولاً ذکر نہیں فرمائی۔

میرے مجمل کہنے کا مطلب یہ ہے کہ بس اجمال اتنا تھا کہ اگر کفر کے زمانہ میں کوئی نیکی کی ہے تو اللہ اس کو لکھ دیں گے، آیا ہر نیکی مراد ہے یا کوئی خاص نیکی مراد ہے اس میں کوئی وضاحت نہیں ہے اس لئے امام بخاری نے وہاں یہ ٹکڑا حذف کر دیا، اور روایت الباب سے صراحت کے ساتھ یہ بات معلوم ہو گئی ہے کہ صدقہ کی نیکی کا اعتبار ہے اس لئے امام بخاری نے یہاں پہنچ کر صاف بات کہہ دی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٩٣) بَابُ أَجْرِ الْخَادِمِ إِذَا تَصَدَّقَ بِأَمْرِ صَاحِبِهِ غَيْرَ مُفْسِدٍ

١٤٣٦. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا أَجْرُهَا وَلِزَوْجِهَا بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ.

١٤٣٧. حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: الْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الأَمِينُ الَّذِي يُنْفِذُ وَرُبَّمَا قَالَ: يُعْطِي مَا أُمِرَ بِهِ كَامِلاً مُوَفَّرًا طَيِّبٌ بِهِ نَفْسُهُ فَيَدْفَعُهُ إِلَى الَّذِي أُمِرَ لَهُ بِهِ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقَيْنِ.

ترجمہ: باب، خادم کے اجر کا بیان جب وہ اپنے مالک کے حکم سے صدقہ کرے اور خرابی پیدا کرنے والا نہ ہو۔

پہلی روایت کا ترجمہ باب من أمر خادمہ بالصدقة ولم يناول بنفسه میں گزر چکا۔

حضرت ابو موسی اشعریؓ روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان امانت دار خازن جو کہ اس کام کو نافذ کرتا ہے یا اس چیز کو دیتا ہے جس کا اسے حکم دیا گیا، پورا، مکمل، جبکہ اس کا دل بھی اس پر خوش ہو، اور اسی کو دے جس کو دینے کا حکم اس کو دیا گیا ہے تو وہ صدقہ کرنے والوں میں سے ایک ہے۔

تشریح: اگر خادم مالک کی اجازت سے صدقہ کرے اور اِفساد کی نیت نہ ہو تو اس کو ثواب ملے گا۔

خادم کو ثواب ملنے کے لئے دو شرطیں ہیں، اول تو مالک کی اجازت ہو اور دوسرے اِفساد کی نیت نہ ہو۔

وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ: یہ ہے مقصود بالترجمہ۔

الْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الأَمِينُ: معلوم ہوا کہ خازن اور خادم اسی وقت مستحق ثواب ہوگا جب چند شرطیں پائی جائیں، (۱) مسلمان ہو، (۲) امانت دار ہو، (۳) جس چیز کو دینے کا حکم دیا گیا ہے وہی دے، (۴) مکمل اور پوری دے، (۵) خوش دلی سے دے، (۶) جس کو دینے کے لئے کہا گیا ہے اسی کو دے۔

أَحَدُ الْمُتَصَدِّقَيْنِ: تمام روایاتِ صحیحین میں أَحَدُ الْمُتَصَدِّقَيْنِ بصیغۂ تثنیہ ضبط کیا گیا ہے، علامہ ابو العباس قرطبی فرماتے ہیں کہ اس کو بصیغۂ جمع بھی پڑھا جاسکتا ہے أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِينَ صدقہ دینے والوں میں سے ایک ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٩٣) بَاب أَجْرِ الْمَرْأَةِ إِذَا تَصَدَّقَتْ أَوْ أَطْعَمَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ

١٤٣٨. حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ وَالأَعْمَشُ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ تَعْنِي إِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا.

١٤٣٩. ح وحَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِذَا أَطْعَمَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ لَهَا أَجْرُهَا وَلَهُ مِثْلُهُ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ لَهُ بِمَا اكْتَسَبَ وَلَهَا بِمَا أَنْفَقَتْ.

١٤٤٠. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا أَجْرُهَا وَلِلزَّوْجِ بِمَا اكْتَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ.

ترجمہ: باب، احادیث کا ترجمہ بابِ گزشتہ اور بَاب مَنْ أَمَرَ خَادِمَهُ بِالصَّدَقَةِ وَلَمْ يُنَاوِلْ بِنَفْسِهِ میں گزر چکا ہے۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ اگر بیوی خاوند کے مال میں سے صدقہ کرتی ہے اور افساد کی نیت نہیں ہے تو اس کو بھی اجر وثواب ملے گا، عدم افساد کی شرط جیسے خادم کے اندر تھی ایسے ہی بیوی میں بھی ہے، لیکن امام بخاری نے وہاں باب أجر الخادم میں بِأَمْرِ صَاحِبِهِ کی شرط لگائی ہے اور یہاں یہ شرط نہیں لگائی ہے، اب آیا بیوی کو صدقہ دینے کے لئے خاوند کا اذن ضروری ہے یا نہیں؟ امام بخاری کے ظاہر ترجمہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اذن ضروری نہیں ہے لیکن امام نووی فرماتے ہیں کہ اذن ضروری ہے چاہے صراحۃً ہو یا دلالۃً، لہذا اگر بلا اذن صدقہ دے گی تو اس پر اس کو کوئی اجر وثواب نہیں ملے گا بلکہ گنہگار ہوگی۔

علامہ ابن عربی فرماتے ہیں کہ امام بخاری کی بھی یہی رائے ہے کہ اذن ضروری ہے، مگر علامہ ابن عربی کو وہم ہو گیا اس لئے کہ امام بخاری نے اس باب میں اذن وامر کی کوئی قید نہیں لگائی ہے۔

امام احمد کی اِس میں دو روایتیں ہیں ایک روایت میں اذن ضروری ہے اور دوسری روایت یہ ہے کہ بلا اذن کے بھی صدقہ دے سکتی ہے، اسی کو علامہ موفق اور ان کے تلمیذ رشید شمس الدین بن ابی عمر المقدسی نے

Maktaba Tul Ishaat.com

صواب قرار دیا ہے، صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ ہمارے فقہاء فرماتے ہیں کہ عورت اپنے خاوند کے مکان میں سے شیٔ یسیر روٹی وغیرہ کا صدقہ کر سکتی ہے اس لئے کہ عادۃً ایسی چیزوں سے خاوند منع نہیں کیا کرتا ہے، اس سے بھی یہ بات نکلتی ہے کہ حنفیہ کے یہاں بیوی بلا اذن زوج کے یا بلا اذن صریح کے خرچ کر سکتی ہے، مگر انہیں چیزوں کو جن کی دلالۃً اجازت ہو، ایک آدھ روٹی دینے کی دلالۃً اجازت ہوتی ہے اور جس دینے سے خاوند کا نقصان ہوتا ہو اس کو خرچ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

عورت کو خود اپنا مال بلا اذن زوج خرچ کرنا: البتہ یہ مسئلہ کہ عورت اپنے مال میں سے خاوند کی اجازت کے بغیر تصدق کر سکتی ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ اگرچہ یہاں کا نہیں ہے لیکن بہر حال ایک ادنیٰ مناسبت یہ ہے کہ مصنف نے إِذَا تَصَدَّقَتْ کا لفظ ترجمہ میں ذکر کیا ہے اس لئے میں اسے یہاں بیان کئے دیتا ہوں۔

(۱) جمہور علماء امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل فی روایۃٍ فرماتے ہیں کہ جائز ہے، (۲) طاؤس یمانی سے منقول ہے کہ جائز نہیں ہے، (۳) امام مالک اور امام احمد بن حنبل ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ ثلث کے اندر جائز ہے اور اس کے ماسوا میں جائز نہیں ہے۔

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ عورت کا تصدق کرنا جائز نہیں ہے انہوں نے ابو داؤد اور نسائی کی ایک روایت جس کا مضمون یہ ہے لایجوز لامرأۃ عطیۃ الا باذن زوجھا سے استدلال کیا ہے، یہ روایت مطلقاً مانعین کی موافقت کرتی ہے، البتہ مالک واحمد کی موافقت نہیں کرتی ہے الا یہ کہ اس کے ساتھ یہ لگا دیا جائے کہ شریعت نے ثلث میں اجازت دی ہے، یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی شخص مرنے سے پہلے مرض الوفات میں اپنے مال کی وصیت کرے تو ثلث میں نافذ ہوتی ہے اور مابقی من الثلثین میں نافذ نہیں ہوتی ہے، اس سے یہ بات نکلتی ہے کہ ثلث کا معاملہ اور ہے لہٰذا عورت کے متعلق جو ممانعت وارد ہوئی ہے اس کا تعلق ثلثین سے ہوگا ثلث سے نہیں ہوگا۔

جمہور علماء کا استدلال یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کے موقع پر خطبہ دیا اور صدقہ کی ترغیب دی فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِي خُرْصَهَا وَسِخَابَهَا عورتیں اپنے زیورات نکال نکال کر صدقہ کرنے لگیں، اور جن روایتوں میں ممانعت وارد ہوئی ہیں وہ یا تو غیر رشیدہ پر محمول ہیں یعنی جو سفیہہ اور کم عقل ہو، یا حسن عشرۃ پر محمول ہیں کہ خاوند کے ہوتے ہوئے یہ زیبا نہیں کہ عورت اپنے مال میں بلا مشورہ کئے کوئی تصرف کرے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

نیز مجوزین یہ کہتے ہیں کہ حدیث لایجوز لامرأة عطیة الا باذن زوجھا میں یہ کہاں ہے کہ وہ اپنے مال میں تصرف نہیں کر سکتی ہے؟ ظاہر یہ ہے کہ اس حدیث کا تعلق مال زوج سے ہے یعنی خاوند کا جو مال عورت کی نگرانی اور حفاظت میں ہو عورت اس میں سے بلا خاوند کی اجازت کے صدقہ نہیں کر سکتی ہے۔

رہا فقیر کو ایک دو روٹی دے دینا یا دو چار پیسے دے دینا یہ مسئلہ اور ہے، اس کے لئے اذن صریح کی شرط ہے یا نہیں اس کے متعلق ماقبل میں کلام کیا جا چکا، ہمارے فقہاء فرماتے ہیں کہ شیئ یسیر جس کی کوئی خاص اہمیت نہ ہو جیسے ایک دو روٹی دے دینے میں کوئی مضائقہ نہیں، نووی فرماتے ہیں کہ اذن صریح یا دلالۃً اذن ہونا ضروری ہے، ہمارے ہندوستان کا عرف یہ ہے کہ فقراء کو دو چار پیسے دے دینا، کچھ کھانے پینے کی چیز دے دینا کبھی کوئی پرانا کپڑا دے دینا اس پر خاوند کوئی نکیر نہیں کرتا ہے اور پیسہ تو بچوں کے واسطے سے دلوا دیتی ہے اور میاں تو اس کے بارے میں پوچھتا بھی نہیں ہے کہ کیوں دیا اور کیا ہوا الا یہ کہ کوئی بالکل مہا کنجوس ہو مکھی چوس ہو۔

إِذَا أَطْعَمَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ: مطلب یہ ہے کہ محتاط انداز سے خرچ کرے۔

كَانَ لَهَا أَجْرُهَا: عورت کو اجر ملے گا ولہٗ مثلہٗ اور خاوند کو اس کے مثل ملے گا، یعنی اس کو بھی اجر ملے گا لیکن عورت کو دینے کا اجر اور خاوند کو کمانے کا اجر۔

وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ: اور جو خزانچی ہو جس کی نگرانی میں ہو رہا ہو اور جس کے ہاتھ سے صرف ہوتا ہو اس کو بھی اجر ملے گا لیکن کس کا؟ اس کے عمل کا۔

(ص ١٩٣) بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى، وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى﴾ الآية

اللّٰهم أعط منفق مال خلفا

١٤٤١. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي مُزَرِّدٍ عَنْ أَبِي الْحُبَابِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ يَوْمٍ يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيهِ إِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُولُ أَحَدُهُمَا: اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَيَقُولُ الْآخَرُ: اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس قول کا بیان (فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى الآية) کہ جو اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور کلمۂ طیبہ کی تصدیق کرے تو ہم اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیں گے، اور جو بخل کرے اور آخرت کے ثواب کی پرواہ نہ کرے اور اچھی بات کو جھٹلائے تو ہم اس کے لئے تنگی کی جگہ یعنی جہنم کو آسان بنا دیں گے۔

نیز اس دعا کا بیان کہ اے اللہ مال خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بندوں پر گزرنے والا کوئی دن ایسا نہیں ہوتا جس دن کہ دو فرشتے نہ اترتے ہوں، ان میں سے ایک کہتا ہے کہ اے اللہ! خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ! روکنے والے کے مال کو ضائع کر دے۔

تشریح: امام بخاری نے آیت شریفہ کو ترجمہ بنا کر اس بات پر تنبیہ فرمائی ہے کہ جو آدمی اللہ کے لئے خرچ کرتا ہے تو حق تعالیٰ شانہ اس کو اس کا بدلہ عطا فرما دیتے ہیں، شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ یسریٰ سے مراد یسریٰ للدنیا ہے یعنی حق تعالیٰ شانہ دنیا میں اس کو فراخی اور فراوانی عطا فرماتے ہیں، یہ واقعہ ہے کہ سخی آدمی پریشان نہیں ہوتا ہے، اور علامہ زین بن منیر نے فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى کو بظاہر عام لیا ہے دنیا اور آخرت کو شامل ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس سے اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ جو آدمی نیکی کے کاموں میں خرچ کرے گا اس کو دنیا میں بھی اس کا صلہ ملے گا اور آخرت میں اس پر ثواب ملے گا، واقعہ بھی یہی ہے کہ دونوں چیزیں ہیں دنیا میں بدل بھی مل جائے گا اور آخرت میں اس پر اجر و ثواب بھی ملے گا۔

اللَّهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، اللَّهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا: اے اللہ خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ بخل کرنے والے کو تلف دے، یہ اعطاء کا اطلاق تلف پر بر سبیل مشاکلت کر دیا گیا ہے ورنہ مطلب یہ ہے کہ اس کے مال کو تلف کر دے۔

(ص ۱۹۴) بَابُ مَثَلِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِيلِ

١٤٤٢. حَدَّثَنَا مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَثَلُ الْبَخِيلِ وَالْمُتَصَدِّقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيدٍ.

ح وَحَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو الزِّنَادِ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: مَثَلُ الْبَخِيلِ وَالْمُنْفِقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيدٍ مِنْ ثُدِيِّهِمَا

Maktaba Tul Ishaat.com

إِلَى تَرَاقِيهِمَا، فَأَمَّا الْمُنْفِقُ فَلاَ يُنْفِقُ إِلاَّ سَبَغَتْ أَوْ وَفَرَتْ عَلَى جِلْدِهِ حَتَّى تُخْفِيَ بَنَانَهُ وَتَعْفُوَ أَثَرَهُ، وَأَمَّا الْبَخِيلُ فَلاَ يُرِيدُ أَنْ يُنْفِقَ شَيْئًا إِلاَّ لَزِقَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَكَانَهَا فَهُوَ يُوَسِّعُهَا فَلاَ تَتَّسِعُ.

تَابَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ فِي الْجُبَّتَيْنِ.

١٤٤٣. وَقَالَ حَنْظَلَةُ عَنْ طَاوُسٍ: جُنَّتَانِ، وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي جَعْفَرٌ عَنِ ابْنِ هُرْمُزَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: جُنَّتَانِ.

ترجمہ: باب، صدقہ کرنے والے اور بخل کرنے والے کی مثال کا بیان۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بخیل کی اور صدقہ کرنے والے کی مثال ان دو شخصوں کی طرح ہے جن کے اوپر لوہے کی دو قمیص (زرہیں) ہوں، دوسری سند میں اس طرح ہے کہ بخیل کی اور خرچ کرنے والے کی مثال ان دو شخصوں کی طرح ہے جن کے اوپر چھاتیوں سے ہنسلیوں تک لوہے کی دو قمیص ہوں، تو خرچ کرنے والا جیسے جیسے خرچ کرتا ہے وہ قمیص اس کے جسم پر کشادہ ہوتی جاتی ہے یا یہ کہا کہ قمیص بڑی ہو کر اس کے سارے بدن کو ڈھانپ لیتی ہے یہاں تک کہ وہ اس کے پوروں کو چھپالیتی ہے اور اس کے نشان قدم کو مٹادیتی ہے، رہا بخیل تو وہ جب خرچ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو ہر حلقہ اپنی جگہ چمٹ کر رہ جاتا ہے اب وہ شخص اس حلقہ کو کشادہ کرنا چاہتا ہے مگر وہ کشادہ نہیں ہوتا، طاوس سے روایت کرنے میں حسن بن مسلم نے جُبَّتَانِ (دو قمیص) کے لفظ کے ذکر کرنے میں ابن طاوس کی متابعت کی ہے، حنظلہ نے طاوس سے جُنَّتَانِ (دو زرہیں) کا لفظ ذکر کیا ہے، لیث بن سعد نے جعفر عَنْ ابنِ هُرمُز عَنْ أَبِی هُرَیرَۃ کے طریق سے جُنَّتَانِ کا لفظ روایت کیا ہے۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمہ میں ایک حدیث ذکر فرمائی ہے اس میں خرچ کرنے والے اور بخل کرنے والے کی مثال بیان کی گئی ہے، حضرت امام نے اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کہی ہے بلکہ یہ بتلادیا کہ متصدق اور بخیل کی حدیث میں ایک مثال وارد ہوئی ہے، وہ تمثیل حدیث کے ذیل میں بیان کروں گا۔

حَدَّثَنَا مُوسَى: اس حدیث پاک میں ہے عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ، اس کے طرق میں اختلاف ہے کہ جُبَّتَانِ بالباء الموحدة ارشاد ہوا ہے یا جُنَّتَانِ بالنون ارشاد ہوا ہے، جبہ تو جانتے ہی ہو اور جُنّہ کہتے ہیں ڈھال کو، سیاق الحدیث اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ صواب جُنَّتَانِ بالنون ہے یعنی لوہے کی زرہیں۔

مِنْ ثُدِيِّهِمَا إِلَى تَرَاقِيهِمَا: ان کے پستانوں سے لیکر ان کے چنبر گردن تک، تراقی ترقوۃ کی جمع ہے ہنسلی، چنبر گردن۔

فَأَمَّا الْمُنْفِقُ فَلاَ يُنْفِقُ إِلاَّ سَبَغَتْ: خرچ کرنے والا جب خرچ کرتا ہے تو ایک دم وہ زرہ پھیل

Maktaba Tul Ishaat.com

جاتی ہے اور سارے بدن کو ڈھانک لیتی ہے انگلیوں کے پوروں تک ڈھانک لیتی ہے، اور بخیل جب خرچ کرنا چاہتا ہے تو ہر حلقہ اپنی جگہ لگ جاتا ہے، کشادہ کرنا چاہتا ہے کشادہ نہیں ہوتا ہے۔

یہ تمثیل کس چیز سے متعلق ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

(١) امام ابو سلیمان خطابی فرماتے ہیں کہ اس تمثیل کا تعلق انشراح صدر اور انقباض صدر سے ہے اور مطلب یہ ہے کہ سخی آدمی جب خرچ کرنا چاہتا ہے تو اس کا دل بالکل کھل جاتا ہے اور فراخ دلی کے ساتھ خرچ کرتا ہے اور بخیل آدمی جب خرچ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو طبیعت منقبض ہو جاتی ہے دل خرچ کرنے کو تیار نہیں ہوتا ہے، اگر یہ کچھ ارادہ بھی کرتا ہے تو طبیعت اندر سے اباء کرتی ہے اور یہ اسکے کرنے پر قادر نہیں ہوتا ہے۔

(٢) علامہ مہلب بن ابی صفرہ شارح بخاری فرماتے ہیں کہ یہ تمثیل ستر فی الدنیا والآخرۃ میں ہے، مطلب یہ ہے کہ جو آدمی مال خرچ کرتا ہے حق تعالیٰ شانہ اس خرچ کی بدولت دنیا اور آخرت میں اس کی ستاری فرماتے ہیں، دنیا میں اس کے عیوب لوگوں سے مستور ہو جاتے ہیں اور آخرت میں اس کے ذنوب پر پردہ ڈال دیا جاتا ہے، حقیقت بھی یہی ہے کہ جو آدمی سخی ہوتا ہے عام طور سے لوگ اس کے بعض کوتاہ اعمال پر انگشت نمائی نہیں کرتے ہیں اس پر اعتراض نہیں کرتے ہیں چشم پوشی اور درگزر کا معاملہ کرتے ہیں۔

(٣) علامہ ابن بطال جو مہلب کے شاگرد ہیں وہ فرماتے ہیں کہ یہ تمثیل تکفیر ذنوب میں ہے، مطلب یہ ہے کہ جو آدمی خرچ کرتا ہے اس کی وجہ سے اسکے سارے گناہوں کی معافی ہو جاتی ہے حتیٰ کہ آثار اقدام مٹ جاتے ہیں، یعنی اگر کہیں غلط چلا ہے تو وہ بھی ڈھل جاتا ہے بخلاف بخیل کے اسکی یہ حالت نہیں ہوتی ہے جیسے وہ زرہ اپنی جگہ چمٹ جاتی ہے اور اس کیلئے نفع بخش نہیں ہوتی ہے ایسے ہی اس کا مال کچھ بھی نفع بخش نہیں ہوگا۔

(٤) بعض حضرات ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ تشبیہ ہے مال کی فراوانی میں، جو آدمی اپنا مال خرچ کرتا ہے اس کا مال بڑھتا ہی چلا جاتا ہے جیسے کسی آدمی نے زرہ گلے میں ڈالی اور وہ سارے بدن کو ڈھانک لے اور جو شخص بخل کرتا ہے تو اس کا مال بڑھنے کا نام نہیں لیتا ہے جیسے کوئی گلے میں زرہ ڈالے اور وہیں اٹک جائے نیچے اترنے کا نام بھی نہ لے ھکذا قالہ الإمام النووی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۴) بَابُ صَدَقَةِ الْكَسْبِ وَالتِّجَارَةِ

لقول الله تعالى : ﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿غَنِيٌّ حَمِيدٌ﴾.

ترجمہ: باب، کمائی اور تجارت کے مال سے صدقہ کرنے کا بیان، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ اے ایمان والو! خرچ کرو ان عمدہ چیزوں میں سے جو تم نے کمائی کے ذریعہ حاصل کیں اور ان میں سے بھی جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالیں اور نہ ارادہ کرو اس میں سے گندی چیز کا کہ خرچ کرو جبکہ تم خود اس کو لینے والے نہیں ہو الا یہ کہ تم اس کے بارے میں چشم پوشی کرو اور جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے اور خوبیوں والا ہے۔

تشریح: اس ترجمۃ الباب کی غرض کیا ہے؟ حضرت علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ اگر صدقہ کسب طیب سے حلال مال سے اور پاک کمائی سے دیا جاتا ہے تو وہ اللہ کے یہاں معتبر ہوا کرتا ہے، علامہ قسطلانی وغیرہ دیگر شراح بخاری نے بھی علامہ عینی کا اتباع کیا۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ایک مخصوص مسئلہ کی طرف اشارہ کیا ہو اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ اموال تجارت میں زکاۃ واجب ہوگی۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ حضرت دامت برکاتہم نے جو مطلب اور جو غرض متعین کی ہے یہی اس باب کی غرض ہے، امام بخاری نے صاف صاف ترجمہ میں صَدَقَةِ الْكَسْبِ وَالتِّجَارَةِ فرمایا ہے۔

تجارت کے مال میں زکاۃ کا وجوب ائمۂ اربعہ کے یہاں متفق علیہ ہے لیکن اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ مطلقاً مال تجارت میں زکاۃ ہے اور قیمت لگا کر زکاۃ دینی پڑے گی، یا جب وہ مال ناض ہو جائے یعنی پیسوں کی شکل میں دراہم و دنانیر کی صورت میں تبدیل ہو جائے تب اس پر زکاۃ آئے گی؟

ائمۂ ثلاثہ امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ مطلقاً تجارت میں زکاۃ واجب ہوگی چاہے وہ ناض ہو یعنی پیسوں کی شکل میں ہو یا نہ ہو، حضرت سمرہ بن جندبؓ فرماتے ہیں إن رسول الله ﷺ كان يأمرنا أن نخرج الصدقة من الذي نعد للبيع، رواه أبو داؤد وابن ماجه، اس حدیث پاک میں مطلقاً اس مال کی زکاۃ دینے کا امر وارد ہوا ہے جس کو بیع اور تجارت کے لئے تیار کیا گیا ہو یہ تفصیل نہیں ہے کہ وہ ناض ہو جائے دنانیر و دراہم ہو جائے تب تو ہے ورنہ نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لیکن ربیعۃ الرائے اور ان کے تلمیذ امام مالک فرماتے ہیں کہ عروض تجارت میں زکاۃ نہیں ہے جب تک کہ وہ ناض نہ ہو یعنی دراہم ودنانیر کی صورت میں تبدیل نہ ہو جائے، البتہ جب دراہم ودنانیر کی صورت میں تبدیل ہو گا تو جس سال تبدیل ہوا ہے اس سال کی زکاۃ واجب ہو گی، لہٰذا اگر کسی کے پاس مال تجارت دس سال رکھا ہوا تھا اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی یعنی اس کو بیچا و بیچا نہیں گیا تو اس صورت میں ان کے یہاں زکاۃ نہیں ہے۔

ابن منذر فرماتے ہیں کہ عامۂ اہل علم کا زکاۃِ تجارت پر اجماع ہے اور پھر اس قول کو فقہاء سبعہ اور ائمۂ اربعہ سے نقل کیا ہے، لیکن امام نووی فرماتے ہیں کہ ہمارے اصحاب یعنی شافعیہ اور دوسرے حضرات نے داؤد ظاہری سے نقل کیا ہے کہ مال تجارت میں زکاۃ نہیں ہے، علامہ شوکانی فرماتے ہیں کہ ظاہریہ صرف خیل ورقیق میں زکاۃ تجارت کا انکار کرتے ہیں اور باقی اموال تجارت میں وہ بھی زکاۃ کے قائل ہیں، خیل ورقیق میں جو انہوں نے زکاۃ تجارت کا انکار کیا ہے اس کا منشاء حضرت ابوہریرہؓ کی وہ روایت ہے جس کو امام بخاری نے آگے چل کر ص ١٩٧ پر تخریج فرمایا ہے لَیسَ عَلَی المُسلِمِ صَدَقَةٌ فِي عَبْدِهِ وَلَا فِي فَرَسِهِ۔

لیکن حضرات جمہور ارشاد فرماتے ہیں کہ اس حدیث پاک میں جو صدقۂ عبد وفرس کی نفی کی گئی ہے اس سے مراد وہ عبد وفرس ہے جو تجارت کے لئے نہ ہو، اور جو تجارت کے لئے ہو اس میں تو زکاۃ واجب ہو گی کیوں کہ اس کے بارے میں حضرت سمرہؓ کی حدیث متوجہ ہوتی ہے إن رسولَ الله ﷺ کان یأمُرنا أن نُخرِجَ الصَدقةَ مِن الذي نُعِدُّ للبیع، اور حضرات حنفیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کا تعلق عبد خدمت اور فرس الخدمۃ سے ہے یعنی جو غلام خدمت کے لئے رکھا گیا ہو اور جو گھوڑا سواری کے لئے ہو اس میں زکاۃ نہیں ہے۔

امام بخاری نے اس باب میں صرف آیت شریفہ یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِن طَیِّبَاتِ مَا کَسَبتُم وَمِمَّا أَخرَجنَا لَکُم مِنَ الأَرْضِ ذکر فرمائی ہے اور اسی سے اپنا مدعا ثابت کیا ہے اس لئے کہ ما کسبتم اپنے عموم کی وجہ سے جیسے کھیتی کرنے کو شامل ہے ایسے ہی تجارت کو بھی شامل ہے، بلکہ ابن جریر طبری اور ابن ابی حاتم نے مجاہد سے ما کسبتم کی تفسیر من التجارۃ الحلال سے نقل کی ہے، طبری اور ابن ابی حاتم نے مجاہد سے اس کی تفسیر نقل کی ہے ما کسبتم أی من التجارۃ الحلال، حضرت امام نے یہاں پر کوئی روایت مسند ذکر نہیں فرمائی ہے اس کا منشاء یہ ہے کہ جو روایت زکاۃ تجارت کے بارے میں نقل کی جاتی ہے وہ امام بخاری کی شرط کے موافق نہیں ہے، لہٰذا مصنف نے قرآن پاک کی آیت ہی پر اکتفاء فرمالیا و نعم الدلیل ھو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۴) بَاب عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوفِ

١٤٤٤. حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ؟ فَقَالَ: يَعْمَلُ بِيَدِهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهُ وَيَتَصَدَّقُ، قَالُوا: فَإِنْ لَمْ يَجِدْ؟ قَالَ: يُعِينُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوفَ، قَالُوا: فَإِنْ لَمْ يَجِدْ؟ قَالَ: فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوفِ وَلْيُمْسِكْ عَنِ الشَّرِّ فَإِنَّهَا لَهُ صَدَقَةٌ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقہ کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے اور جس کے پاس مال نہ ہو اس کو چاہیے کہ اچھی بات پر عمل کرے۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہر مسلمان پر صدقہ کرنا واجب ہے، صحابہ نے کہا کہ اے اللہ کے نبی! جس کے پاس مال نہ ہو (اس کا کیا حکم ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایسا شخص اپنے ہاتھ سے کام کرے خود کو بھی نفع پہنچائے اور صدقہ بھی کرے، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! اگر کسی سے یہ بھی نہ ہو سکے (تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟) تو فرمایا کہ ضرورت مند مجبور شخص کی مدد کرے، صحابہ نے دریافت کیا کہ اگر وہ یہ بھی نہ کر سکے (تو کیا حکم ہے؟) فرمایا کہ اس کو چاہئے کہ اچھی بات پر عمل کرے اور بری بات سے باز رہے اس کے لئے یہی صدقہ ہے۔

تشریح: ہر مسلمان کے ذمہ صدقہ ہے اور اگر کوئی صدقہ کرنے پر قادر نہ ہو تو اچھا کام نیکی کا کر لینا چاہئے، ترجمہ کی غرض بالکل ظاہر ہے غالباً یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ہر مسلمان کو صدقہ کرنا چاہئے۔

لیکن ایک بات میرے ذہن میں بطور احتمال کے یہ آرہی ہے کہ امام بخاری نے ممکن ہے اس ترجمۃ الباب سے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہو کہ زکاۃ فرض عین ہے ہر مسلمان پر جو بھی مستطیع ہو۔

مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ اگر مصنف کا مقصود یہ ہوتا تو یہ ترجمہ یہاں کے بجائے ابتداء کتاب الزکاۃ میں باب وجوب الزکاۃ کے آس پاس ذکر فرماتے، اس لئے یہ راجح معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ ہر مسلمان کو صدقہ کرنا چاہئے عام ہے اس سے کہ وہ صدقۂ واجبہ ہو یا مستحبہ ہو، اور اگر کوئی صدقہ کرنے پر قدرت نہیں رکھتا ہے تو اس کو اچھا کام کرنا چاہئے۔

قَالَ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوفِ وَلْيُمْسِكْ عَنِ الشَّرِّ: آدمی کو یہ چاہئے کہ اچھا کام کرلے اور شر سے بچ

Maktaba Tul Ishaat.com

جائے، اس کی شرح محشی نے نقل کی ہے أی یأمر بالمعروف وینھی عن المنکر نفسه وغیرہ، میرے نزدیک یہ تاویل بعید ہے۔

میری رائے میں اس حدیث پاک کی وہی تفسیر ہے جو میں نے ترجمہ کے ذیل میں واضح کی ہے یعنی نیک کام کرے اور شر سے بچے، نیک کام کرنا اپنے نفس پر صدقہ ہے کہ اپنے آپ کو نفع پہونچایا آخرت میں اس کا اجر ملے گا، برائی سے بچنا اپنے نفس کیلئے بھی صدقہ ہے اور دوسروں کیلئے بھی، اپنے نفس کے لئے صدقہ ہونا تو اس معنی کے لحاظ سے ہے کہ اگر برائی کرتا تو آخرت میں گرفت ہوتی اس سے اب بچ رہے گا، اور دوسروں کے حق میں یہ صدقہ بایں معنی ہے کہ آدمی جب برائی کرتا ہے تو اس کا اثر کچھ نہ کچھ دوسروں تک پہنچ کر رہتا ہے۔

(ص ۱۹۴) بَابُ قَدْرِ کَمْ یُعْطَی مِنَ الزَّکَاۃِ وَالصَّدَقَةِ وَمَنْ أَعْطَی شَاۃً

١٤٤٥. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ یُونُسَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِیرِینَ عَنْ أُمِّ عَطِیَّةَ أنها قَالَتْ: بُعِثَ إِلَی نُسَیْبَةَ الأَنْصَارِیَّةِ بِشَاۃٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَی عَائِشَةَ مِنْهَا، فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ: عِنْدَکُمْ شَیْءٌ؟ فَقالت: لاَ إِلاَّ مَا أَرْسَلَتْ بِهِ نُسَیْبَةُ مِنْ ذلك الشَّاۃِ، فَقَالَ: هَاتِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ زکاۃ اور صدقے میں کتنا مال دیا جائے، اور اس بات کا بیان کہ اگر کوئی شخص ایک بکری دے تو اس کا کیا حکم ہے؟

حضرت ام عطیہؓ نے بیان کیا کہ نسیبہ انصاریہ کے پاس ایک بکری آئی انہوں نے اس میں سے کچھ حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھیجا، حضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تمہارے پاس کچھ ہے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا کہ اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے جو نسیبہ نے اس بکری میں سے بھیجا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کو لاؤ اس لئے کہ وہ (صدقہ کی) جگہ پہنچ کر آئی ہے۔

تشریح: یہ باب اس مقدار کے بیان میں ہے جو زکاۃ دینے والا زکاۃ میں دیتا ہے اور اگر کوئی ایک بکری دے تو دے سکتا ہے، حدیث میں یہ بات وارد ہے۔

اس ترجمۃ الباب سے ایک خاص مسئلہ اختلافیہ کی طرف اشارہ کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ جس شخص کے ذمہ زکاۃ واجب ہو وہ مستحق کو کتنی مقدار دے سکتا ہے؟ (ا) امام ابو حنیفہ اور امام زفر فرماتے ہیں اور یہی امام مالک سے مغیرہ نے نقل کیا ہے کہ نصاب سے کم کم دے، اور اگر قدر نصاب دے دیا تو امام ابو حنیفہ کے یہاں جائز

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے لیکن کراہت ہے، امام زفر فرماتے ہیں کہ ناجائز ہے، (۲) امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ نصاب سے زیادہ دینا ناجائز ہے یعنی قدر نصاب جائز ہے، (۳) امام مالک فی الصحیح المعروف عند اصحابہ، امام احمد اور امام شافعی ایک قول میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اتنا دے سکتا ہے کہ ایک سال کے لئے کافی ہو جائے، (۴) امام شافعی کا دوسرا قول یہ ہے کہ اتنا دے سکتا ہے کہ متصدق علیہ کی عمر غالب کے لئے کافی ہو جائے، اسی کو بعض وقت کفایت علی الدوام سے تعبیر کرتے ہیں، مراد دوام سے دوام من تصدق علیہ ہے۔

امام بخاری کے نزدیک اس میں کوئی تحدید نہیں اس لئے کہ حدیث صحیح میں کوئی تحدید وارد نہیں ہوئی ہے اس لئے امام بخاری کہتے ہیں قَدْرُ كَمْ يُعْطَى مِنَ الزَّكَاةِ صاحب مال کتنی مقدار مال دے سکتا ہے، روایت سے اشارہ معلوم ہو گیا کہ اس میں کوئی تحدید نہیں ہے، حضور نے ایک مرتبہ ایک بکری دی تھی، بخاری کہتے ہیں کہ اگر کوئی بکری دے دے تو یہ جائز ہے اور ظاہر ہے کہ ایک بکری نہ سال بھر کے لئے کافی ہے نہ عمر بھر کے لئے کافی ہے اور نا ہی اس کی قیمت قدر نصاب تک پہونچتی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ دار و مدار متصدق علیہ کی حاجت پر ہے اس کی حاجت کا اعتبار کرتے ہوئے اس کو دیا جا سکتا ہے اس میں کوئی تحدید نہیں ہے، یہ ہے ترجمہ کی غرض اور حدیث باب سے اس کا اثبات واضح ہے۔

حضرت نبی اکرم ﷺ نے ام عطیہؓ کو ایک بکری عنایت فرمائی ظاہر ہے کہ آپ نے ان کی حاجت کو ملحوظ رکھا تھا لہٰذا اصاحبِ حاجت کو اس کی حاجت کے اعتبار سے دے سکتے ہیں اس میں کوئی تحدید نہیں ہے آپ نے ایک بکری دے دی تو دوسرا بھی دے سکتا ہے۔

یہاں پہونچ کر علامہ عینی اور انہی کی اتباع میں علامہ قسطلانی نے یہ لکھ دیا کہ یہ ترجمہ دو اجزاء پر مشتمل ہے پہلا جزء قَدْرُ كَمْ يُعْطَى مِنَ الزَّكَاةِ وَالصَّدَقَةِ ہے اور دوسرا جزء ہے وَمَنْ أَعْطَى شَاةً، جزء ثانی کو مصنف نے اس بات سے ثابت کیا کہ حضور نے ام عطیہؓ کو ایک بکری دی تھی، اور جزء اول کو اس طرح ثابت کیا کہ ام عطیہؓ نے اس بکری میں سے ایک حصہ حضرت عائشہؓ کو ہدیہ کیا تھا۔

لیکن یہ تقریر غلط ہے، یہاں تو یہ بتانا مقصود ہے کہ زکاۃ کی کیا مقدار مستحق کو دی جا سکتی ہے؟ اور ام عطیہؓ نے جو کچھ حضرت عائشہؓ کو دیا تھا وہ زکاۃ نہیں تھا، ام عطیہؓ تو خود فقیر اور محتاج تھیں انہوں نے اس میں سے حضرت عائشہؓ کو ہدیہ کیا تھا، اس لئے صحیح وہ تقریر ہے جو ابھی اوپر کی گئی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

هَاتِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا: لاؤ وہ اپنی جگہ پہونچ گئی، اس سے معلوم ہوا کہ تبدل املاک سے تبدل اعیان ہو جاتا ہے، وہ بکری جو زکاۃ کی فقیر کو دی تھی جب فقیر نے اس کا ہدیہ غنی کو کر دیا تو وہ زکاۃ و صدقہ نہیں رہا بلکہ ہدیہ بن گیا، یہ مسئلہ مجمع علیہا ہے۔

(ص ١٩٤) بَابُ زَكَاةِ الْوَرِقِ

١٤٤٦. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدِ الْخُدْرِيَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ مِنَ الإِبِلِ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ.

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرٌو سَمِعَ أَبَاهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ بِهَذَا.

ترجمہ: باب، چاندی کی زکاۃ کا بیان۔

تشریح: وَرِق واؤ کے فتحہ اور راء کے کسرہ کے ساتھ ہے، ویسے وِرْق واؤ کا کسرہ اور راء کا سکون بھی جائز ہے، ورق کہتے ہیں چاندی کو۔

جن چیزوں پر زکاۃ واجب ہوتی ہے امام بخاری نے ان میں سے ورق کو سب سے پہلے ذکر فرمایا ہے اس واسطے کہ چاندی کا لوگوں میں تداول عام طور سے اور ہر جگہ پایا جاتا ہے، اگرچہ جس طرح سے چاندی میں زکاۃ ہے ایسے ہی سونے میں بھی زکاۃ واجب ہے۔

لیکن سونے کی زکاۃ نہ بیان کرنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ امام بخاری کے پاس کوئی ایسی روایت نہیں تھی جس سے سونے کی زکاۃ کا ثبوت ہوتا، اس لئے امام بخاری نے زکاۃ الورق ہی کو ذکر فرمایا، چاندی کا نصاب دو سو درہم ہیں اور سونے کا نصاب بیس مثقال ہے۔

لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ مِنَ الإِبِلِ: پانچ اونٹ سے کم میں زکاۃ نہیں ہے لہذا اگر چار اونٹ ہوں تو اس میں زکاۃ واجب نہیں، امام بخاری نے اس جزء پر آئندہ چل کر مستقل ترجمہ منعقد کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ذَود کہنے کی وجہ: اونٹ کو ذَود اس لئے کہتے ہیں کہ ذَود کے معنی لغۃً دفع کرنے کے ہیں اور جس کے پاس اونٹ ہوتا ہے وہ اس کی وجہ سے فقر کو دفع کردیتا ہے، یا اونٹ اس سے فقر کو دفع کردیتا ہے، اس طرح کہ آدمی اونٹ کا گوشت کھائے اونٹ پر سواری کرے اور اسی طرح اونٹ کھیتی کے کام بھی آتا ہے۔

وَلَیسَ فِیمَا دُونَ خَمسِ أَوَاقٍ صَدَقَۃٌ: پانچ اواق سے کم میں صدقہ نہیں ہے، أواقٍ جمع ہے اوقیہ کی اور اوقیہ نام ہے چالیس درہم کا، یہ ماخوذ ہے وقایت سے جس کے معنی ہیں حفاظت، اور جس آدمی کے پاس ایک اوقیہ یعنی چالیس درہم ہوں وہ سوال کا محتاج نہیں ہوتا ہے، یہ دراہم سوال سے اس کی وقایت اور حفاظت کرتے ہیں اس لئے ان کو اوقیہ کہا جاتا ہے۔

آنحضور ﷺ نے زکاۃ فضہ کے لئے نصاب پانچ اوقیہ مقرر کیا ہے یعنی دوسو درہم، میں بتلا چکا ہوں کہ یہ مسئلہ مجمع علیہا ہے اور ہمارے ہندی حساب سے ساڑھے باون تولہ چاندی بنتی ہے اور ساڑھے باون تولہ چاندی آج کل کے حساب سے تقریباً سولہ سو روپیہ ہوتے ہیں لہذا اگر کسی کے پاس سولہ سو یا اس کے آس پاس روپیہ ہوں تو وہ صاحب نصاب ہے اور اس پر زکاۃ واجب ہوگی۔

(نوٹ از مرتب: سولہ سو روپے ۱۹۸۲ء کے اعتبار سے ہے، وقت پر ہر جگہ جو قیمت ہو اس کے حساب سے زکاۃ دی جائے گی)۔

وَلَیسَ فِیمَا دُونَ خَمسَۃِ أَوسُقٍ صَدَقَۃٌ: پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں ہے، أوسق جمع ہے وسق کی اس کے واؤ کا فتحہ اور کسرہ دونوں جائز ہے اور سین ساکن، ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع چار مد کا اور ایک مد جمہور کے نزدیک ایک رطل اور ثلث رطل کا ہوتا ہے، اور امام ابو حنیفہ اور ان کے موافقین کے نزدیک دو رطل کا ہوتا ہے، اس حدیث پاک سے یہ معلوم ہوگیا کہ گیہوں میں صدقہ کے لئے پانچ وسق شرط ہے اس سے کم کم میں صدقہ واجب نہیں ہوگا۔

اب یہ سمجھئے کہ زکاۃ کے بارے میں یہ متعین ہے کہ اس کا ایک نصاب ہے اس سے کم میں زکاۃ واجب نہیں، عشر کے مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اس کا نصاب متعین ہے یا نہیں؟ اس میں دو قول ہیں۔

(۱) ائمۂ ثلاثہ، صاحبین اور داؤد ظاہری فرماتے ہیں کہ متعین ہے اور وہ پانچ وسق ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(٢) عمر بن عبد العزیز، مجاہد، ابراہیم نخعی اور امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اس کا کوئی نصاب متعین نہیں ہے، پیداوار قلیل ہو یا کثیر اس کا عشر دیا جائے گا۔

متعین نصاب کے قائلین روایت الباب سے استدلال کرتے ہیں، مگر یہاں ایک سوال ہے کہ تمام اشیاء وسقی نہیں ہوتی، بہت سی چیزیں وسق سے ناپی نہیں جاتی ہیں، ان کا پیمانہ اور ہوتا ہے، تو جو غیر وسقی اشیاء ہیں ان کا نصاب ہے یا نہیں اور اگر ہے تو کیا ہے؟ مالکیہ اور حنابلہ فرماتے ہیں کہ ان کا نصاب پانچ وسق کا وزن ہے ارطال بغدادیہ سے جس کا مجموعہ سولہ سو رطل بنتا ہے، لہٰذا غیر وسقی اشیاء کا وزن سولہ سو رطل ہو گا تو اس پر عشر واجب ہو گا، شافعیہ کا یہی ایک مشہور قول ہے، ان کا دوسرا قول یہ ہے کہ غیر موسوق اشیاء کے قلیل وکثیر میں عشر واجب ہو گا، یہی داؤد ظاہری کا مسلک ہے۔

اب ہم تجزیہ کر کے یہ کہہ سکتے ہیں کہ عشر کے نصاب کے سلسلہ میں تین مذہب ہیں۔

(١) حضرات ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک عشر کا نصاب پانچ وسق ہے یا پانچ وسق کے وزن کے برابر غیر موسوق چیزیں، صاحبین غیر موسوق کے بارے میں الگ مسلک رکھتے ہیں، امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ موسوقات میں جو ادنیٰ درجہ کی چیز ہے اس کی پانچ وسق کی قیمت غیر موسوق کو پہنچ جائے تو اس کا نصاب بن گیا، مثلاً ذرہ یعنی جوار کے پانچ وسق کی جو قیمت ہو گی اس قیمت کو غیر موسوق چیزیں پہنچ جائیں تو نصاب ہو گیا، امام محمد فرماتے ہیں کہ جس چیز کا جو پیمانہ ہے اس کے سب سے بڑے پیمانہ سے پانچ پیمانہ ہو جائیں تو اس میں عشر واجب ہو گا، مثلاً اگر قطن ہے تو پانچ احمال، اور اگر زعفران ہے تو پانچ امناء۔

(٢) دوسرا مسلک یہ ہے کہ موسوقات میں پانچ وسق نصاب ہے اور غیر موسوق اشیاء میں ان کے نزدیک قلیل وکثیر کا کوئی فرق نہیں ہے سب میں عشر واجب ہو گا، یہ داؤد ظاہری کا مسلک ہے۔

(٣) تیسرا مسلک امام ابو حنیفہ اور ان کے موافقین کا ہے کہ اس باب میں کوئی نصاب ہی نہیں ہے، ہر پیداوار کا عشر واجب ہو گا۔

دلائل: جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ عشر کا نصاب پانچ وسق ہے وہ حضرت ابو سعید خدریؓ کی اس روایت سے استدلال کرتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام ابوحنیفہ اور ان کے موافقین کی دلیل؛ اول تو آیت کریمہ وَآتوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ کا اطلاق ہے، ثانیاً حضرت ابن عمرؓ کی حدیث ہے فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالعُيُونُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا العُشْرُ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضحِ نِصْفُ العُشْرِ، رواہ البخاری۔

فریق اول کہتا ہے کہ ابن عمرؓ کی روایت مطلق ہے اور ابوسعید خدریؓ کی روایت مقید ہے لہٰذا اس روایت مطلقہ کو ابوسعید خدریؓ کی روایت مقیدہ پر محمول کیا جائے گا اور یہ کہا جائے گا کہ ابوسعید خدریؓ کی روایت ابن عمرؓ کی روایت کی تفسیر اور اس کے اجمال کی تفصیل ہے، چنانچہ آگے چل کر امام بخاری نے یہی دعویٰ کیا ہے، پہلے ابن عمرؓ کی اور پھر ابوسعید خدریؓ کی روایت ذکر کی ہے، اور پھر لکھا ہے هَذَا تَفْسِيرُ الأَوَّلِ لِأَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِي الأَوَّلِ يَعْنِي حَدِيثَ ابْنِ عُمَرَ وَفِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ العُشْرُ وَبَيَّنَ فِي هَذَا وَوَقَّتَ وَالزِّيَادَةُ مَقْبُولَةٌ وَالمُفَسَّرُ يَقْضِي عَلَى المُبْهَمِ إِذَا رَوَاهُ أَهْلُ الثَّبَتِ الی آخرہ۔

مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ تفسیر کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ مفسَّر کے سارے افراد کو شامل ہو اور ابوسعید خدریؓ کی روایت ابن عمرؓ کی روایت کے تمام مندرجات کو شامل نہیں ہے، اس لئے کہ ابوسعید خدریؓ کی روایت میں تو صرف موسوقات کا ذکر ہے اور ابن عمرؓ کی روایت میں موسوقات اور غیر موسوقات سب کا تذکرہ ہے تو ابوسعید خدریؓ کی روایت کو ابن عمرؓ کی روایت کی تفسیر قرار دینا کیوں کر صحیح ہو سکتا ہے؟

اس لئے حنفیہ یہ فرماتے ہیں کہ (١) یہ دونوں روایتیں الگ الگ محمل رکھتی ہیں، ابن عمرؓ کی روایت میں یہ بتلایا گیا ہے کہ جو چیز زمین سے پیدا ہوتی ہے اس کے ہر ہر جزء میں عشر واجب ہوگا اور ابوسعید خدریؓ کی روایت کا تعلق سالانہ زکاۃ سے ہے۔

(٢) صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ اصل میں وہ لوگ یعنی اہل عرب اوساق کے ذریعہ بیع کرتے تھے اور ایک وسق چالیس درہم کا ہوتا تھا تو گویا آنحضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے یہ بتلادیا کہ جب تک دو سو درہم کی مقدار تک نہ پہنچ جائے تب تک اس پر زکاۃ واجب نہیں ہے، اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت میں پہلے جو دو جملے مذکور ہیں یعنی لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسٍ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ مِنَ الإِبِلِ اور وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ اس کا تعلق زکاۃ ہی سے ہے۔

(٣) تیسرا جواب بعض علماء نے یہ دیا ہے کہ ابوسعید خدریؓ کی روایت متفرق مواقع میں تبرعات جمع کرنے

Maktaba Tul Ishaat.com

پر محمول ہے اور مطلب یہ ہے کہ وقتی ضرورت کے تحت اگر چندہ لیا جائے تو جن کے پاس پانچ وسق سے کم ہو ان سے نہ لیا جائے، پانچ وسق کی مقدار ہی کیا ہوتی ہے؟ اور بعض اوقات وقتی ضرورت کے تحت چندہ وصول کرنا ثابت ہے لہذا یہ جواب چل سکتا ہے۔

مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت امام طحاوی نے نقل کی ہے فیما سقت السماء أو سیحًا أو بعلا إذا بلغ خمسة أوسق، ہمارے حضرت شیخ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ اس میں إذا بلغ خمسة أوسق کی زیادتی پایۂ ثبوت کو نہیں پہونچتی ہے، روایت کے عام طرق اس سے خالی ہیں۔

(۴) چوتھا جواب بعض علماء نے یہ دیا ہے کہ ابو سعید خدریؓ کی روایت عریہ سے متعلق ہے، دستور یہ تھا کہ اربابِ بساتین اپنے باغوں میں سے ایک دو درخت جس کی تخمینی مقدار پانچ وسق یا اس سے کم ہوتی تھی فقراء ومساکین کو کھانے کے لئے دے دیتے تھے تاکہ وہ بھی موسم کے تازہ پھل کھاتے رہیں، اب حضور اکرم ﷺ نے جب حکم زکاۃ کا اعلان فرمایا تو یہ بتلادیا کہ پانچ وسق سے کم کم جو حصہ ہے اس میں زکاۃ نہیں ہے یعنی اس عریہ کا حصہ جو پانچ وسق سے کم ہی ہوتا ہے اس میں زکاۃ واجب نہیں ہوگی، کیوں کہ اگر اس میں زکاۃ واجب کردی جائے تو زکاۃ مکرر ہو جائے گی، اول تو بیچارہ باغ والا پہلے ہی عریہ کی شکل میں کچھ دے چکا ہے اب اس کو پھر شمار کیا جائے اور اس میں بھی زکاۃ لی جائے یہ بعید ہے، یہ مطلب ابو عبید القاسم بن سلام سے نقل کیا گیا ہے اور حضرت علامہ انور شاہ کشمیری نے بھی یہی جواب اختیار فرمایا ہے، گویا مطلب یہ ہوا کہ باب عریہ میں جو روایت نقل کی جاتی ہے أن النبی ﷺ رخص فی بیع العرایا فی خمسة أوسق أو دون خمسة أوسق اس میں جس خمسة أوسق أو دون خمسة أوسق کا تذکرہ ہے باب زکاۃ میں حضور پاک ﷺ نے اسی کا تذکرہ فرمایا ہے۔

مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ باب عرایا میں ابو ہریرہؓ کی روایت یقینًا مروی ہے جو بخاری میں کتاب البیوع ص ۲۹۲ پر آرہی ہے اس میں خمسة أوسق أو دون خمسة أوسق کا لفظ ہے اور یہاں روایت میں کہا جارہا ہے کہ پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں ہے، وہاں پر تأمل وتردد کا درجہ ہے اور یہاں پر جزم ویقین کے ساتھ پانچ وسق سے کم کا ذکر ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ وہ راوی کا شک ہے اس حدیث کے راوی داؤد بن حصین کو شک ہوا ہے جیسا کہ بخاری وغیرہ میں دوسرے مواقع پر اس کی تصریح وارد ہوئی ہے، لہذا مشکوک میں جو متیقن صورت ہے اس کو

Maktaba Tul Ishaat.com

اختیار کرلیا جائے گا اور وہ متیقن صورت مادون خمسۃ اوسق ہے، تو اب ابوہریرہؓ کی روایت میں عریہ کی جو مقدار ذکر کی گئی ہے یعنی مادون خمسۃ اوسق وہی مقدار ابوسعید خدریؓ کی اس روایت میں مذکور ہے، لہٰذا یہ کہا جارہا ہے کہ جو بطور عریہ کے پانچ وسق سے کم کم دیا گیا ہے اس میں زکاۃ نہیں ہے۔

(۵) بعض علماء نے یہ جواب دیا ہے کہ اصل میں زکاۃ وصول کرنے کی صورت یہ ہوتی تھی کہ بیت المال کا آدمی زکاۃ لینے جاتا تھا حضور ﷺ ساعی کو یوں فرمارہے ہیں کہ پانچ وسق سے کم میں زکاۃ نہیں ہے اس سے کم کم کی زکاۃ ارباب اموال خود ادا کریں گے اور ان کو مجبور نہیں کیا جائے گا، یہ جواب ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم نے پسند فرمایا ہے۔

(٦) بعض علماء نے ایک اور جواب دیا ہے کہ اصل میں یہاں پر دو نص ہیں ایک ابن عمرؓ کی حدیث اس سے معلوم ہوتا ہے کہ علی الاطلاق عشر لیا جائے گا چاہے قلیل ہو یا کثیر ہو اور دوسری ابوسعید خدریؓ کی روایت ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پانچ وسق میں لیا جائے گا اس سے کم میں نہیں، اور یہ قاعدہ ہے کہ جب نصوص متعارضہ پائی جائیں اور ایک عام ہو اور دوسری خاص ہو اور تاریخ معلوم نہ ہو تو احتیاطاً عام کو مؤکد مانا جاتا ہے کیوں کہ عام کے تحت خاص بہر حال داخل ہو جائے گا، مگر یہ جواب احناف کے اصول پر صحیح ہو سکتا ہے۔

(ص ۱۹۴) بَابُ الْعَرْضِ فِي الزَّكَاةِ

وقال طاوس: قال معاذ لأهل اليمن: ائتوني بعرض ثياب خميص أو لبيس في الصدقة مكان الشعير والذرة أهون عليكم وخير لأصحاب النبي ﷺ بالمدينة. وقال النبي ﷺ: وأما خالد فقد احتبس أدراعه وأعتده في سبيل الله. وقال النبي ﷺ: تصدقن ولو من حليكن، فلم يستثن صدقة الفرض من غيرها، فجعلت المرأة تلقي خرصها وسخابها، ولم يخص الذهب والفضة من العروض.

١٤٤٧. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِي أَمَرَ اللهُ رَسُولَهُ ﷺ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَةٌ بِنْتَ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ وَعِنْدَهُ بِنْتُ لَبُونٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِينَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلَى وَجْهِهَا وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُونٍ فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٤٤٨. حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ لَصَلَّى قَبْلَ الْخُطْبَةِ فَرَأَى أَنَّهُ لَمْ يُسْمِعِ النِّسَاءَ فَأَتَاهُنَّ وَمَعَهُ بِلَالٌ نَاشِرٌ ثَوْبَهُ، فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُلْقِي، وَأَشَارَ أَيُّوبُ إِلَى أُذُنِهِ وَإِلَى حَلْقِهِ.

ترجمہ: باب، زکاۃ میں سونے چاندی کے علاوہ کوئی اور سامان لینے کا بیان، حضرت طاؤس بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاذؓ نے اہل یمن سے کہا کہ آپ لوگ مجھے صدقہ میں جو اور جوار کے بدلے سامان یعنی کپڑے دو جیسے خمیس نامی کپڑے یا اور دوسرے لباس، اس میں تم پر بھی آسانی ہے اور مدینہ منورہ میں نبی کریم ﷺ کے اصحاب کے لئے بھی یہی بہتر ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا جہاں تک خالدؓ کی بات ہے تو وہ اپنی زرہیں اور دیگر سامانِ جنگ اللہ کے راستہ میں وقف کر چکے ہیں، اور نبی کریم ﷺ نے عورتوں سے فرمایا صدقہ کرو اگرچہ تمہارے زیورات سے ہو، اس میں آپ نے سامان کے صدقہ کو (یا فرض صدقہ کو) دوسرے صدقہ سے الگ نہیں فرمایا، آپ ﷺ کے اس ارشاد کے بعد کوئی عورت اپنی بالی نکالنے لگی اور کوئی اپنا ہار، امام بخاری فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے سامان میں سے سونے چاندی کی تخصیص نہیں کی۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے ان کو زکاۃ کا وہ فریضہ لکھ کر دیا جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو حکم دیا تھا اس میں یہ بھی تھا کہ جس کی زکاۃ بنت مخاض (ایک سال کی اونٹنی) کو پہنچے اور اس کے پاس وہ نہ ہو مگر اس کے پاس بنت لبون (دو سال کی اونٹنی) ہو تو اس سے دو سال کی اونٹنی ہی قبول کر لی جائے گی اور زکاۃ وصول کرنے والا اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے گا، اسی طرح اگر اس کے پاس ایک برس کی اونٹنی ایسی نہ ہو جیسی زکاۃ میں دینی چاہئے اور اس کے پاس دو سالہ نر اونٹ ہو تو وہی قبول کر لیا جائے گا اور اس کے ساتھ کچھ نقد بھی دینا لازم نہ ہوگا۔

دوسری روایت کا ترجمہ باب عظة الإمام النساء وتعليمهن میں گزر چکا۔

تشریح: عَرَض بفتح العین وسکون الراء ماسوی النقدین، نقدین کو عین اور سامان کو عرض کہا جاتا ہے۔

امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ زکاۃ میں سامان لینا جائز ہے، یہ انہی لوگوں کے مسلک پر صحیح ہے جو زکاۃ میں قیمت لینے کو جائز کہتے ہیں جیسے حنفیہ اور حنابلہ، اور جن کے یہاں قیمت لینا جائز نہیں جیسے مالکیہ اور شافعیہ ان کے یہاں زکاۃ میں سامان لینا جائز نہیں۔

علامہ ابن رشید کہتے ہیں کہ امام بخاری نے باوجودیکہ حنفیہ کی کثرت سے مخالفت کی ہے لیکن اس مسئلہ میں موافقت فرمائی ہے اور انکو اس موافقت پر دلیل نے مجبور کیا ہے، ابن رشید کی مراد اگر اس کثرت سے کثرت نفس الامریہ ہے تو بات ٹھیک ہے، واقع میں امام بخاری نے امام صاحب کی بکثرت مخالفت کی ہے لیکن اگر اس

Maktaba Tul Ishaat.com

کثرت کو سامنے رکھا جائے تو دوسرے ائمہ کو بھی انہوں نے نہیں چھوڑا ہے انکی مخالفت بھی بکثرت کی ہے۔

وقال طاؤس: حضرت معاذؓ کا یہ اثر یحیی بن آدم نے کتاب الخراج میں روایت کیا ہے۔

ائْتُونِي بِعَرْضٍ ثِيَابٍ: بِعَرْضِ اضافت اور تنوین دونوں کے ساتھ جائز ہے، اگر اضافت ہو تو ثیاب کی طرف عرض کی اضافت بیانیہ ہوگی، عرض مبیَّن اور ثیاب بیان، اور اگر تنوین کے ساتھ ہو تو ثیاب عرض سے بدل ہے، فرمایا سامان لاؤ، پھر اس کی وضاحت کی ثِیَابٍ سے، کپڑے لاؤ، پھر اس کی وضاحت کی خَمِيصٍ أَوْ لَبِيسٍ سے۔

خَمِيصٍ أَوْ لَبِيسٍ: خمیص صاد کے ساتھ خمیصہ کے معنی میں ہے وہ اونی سیاہ چادر جس کے دونوں طرف نقش ونگار بنے ہوں، اور بعض نسخوں میں خمیس سین کے ساتھ ہے وہ کپڑا جو پانچ ذراع کا ہوتا تھا، اور لبیس فعیل کے وزن پر ہے ملبوس کے معنی میں، مطلب یہ ہے کہ اوڑھنے کی چادریں اور پہننے کے کپڑے لاؤ۔

مَكَانَ الشَّعِيرِ وَالذُّرَةِ: جو اور مکئی کی جگہ پر، یعنی جو اور مکئی کے بجائے تم کپڑے دے دو۔

أَهْوَنُ عَلَيْكُمْ وَخَيْرٌ لِأَصْحَابِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِالْمَدِينَةِ: تمہیں یہ دینا آسان ہے اور صحابہ کیلئے بہتر ہے اسلئے کہ وہاں یہ چیزیں ذراگراں ملتی ہیں، یہاں سے پہونچ جائیں گی تو آسانی ہوگی، ظاہر ہے کہ حضرت معاذؓ نے شعیر وذرہ کے بدلے میں جس میں زکاۃ واجب ہوتی ہے سامان کا مطالبہ قیمت لگا کر ہی کر کے کیا تھا۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَأَمَّا خَالِدٌ فَقَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللهِ: أدراع کا مفرد درع ہے بکسر الدال لوہے کی قمیص یعنی زرہ، أعتد بضم التاء عَتَد کی جمع ہے الشيئ الذی یعدہ الرجل من القراع والسلاح ہتھیار اور گھوڑے۔

یہاں مصنف کا اس روایت سے استدلال یا اس بات پر مبنی ہے کہ انہوں نے اِحْتَبَسَ کو زکی کے معنی میں لے لیا ہے، یا استدلال بایں معنی کیا کہ جب ادراع واعتد کا وقف کرنا جائز ہے تو زکاۃ میں دینا بھی جائز ہوگا۔

فَلَمْ يَسْتَثْنِ صَدَقَةَ الْعَرْضِ مِنْ غَيْرِهَا: آپ نے کوئی استثناء نہیں کیا صدقہ عرض کا غیر سے۔

العرض یا الفرض: العرض بالعین اسی طرح سے یہاں واقع ہوا ہے، حاشیہ کا نسخہ ہے صدقۃ الفرض

Maktaba Tul Ishaat.com

یہی حافظ ابن حجر کا نسخہ ہے، اگر العرض ہے تو مطلب یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کی زکاۃ میں زیور کا مطالبہ کرلیا، یہ نہیں فرمایا کہ زیور تو از قسم عرض ہے لہذا سامان کے بدلے میں اس کو لے سکتے ہیں اور کسی چیز کے بدلے میں نہیں لے سکتے ہیں، اس سے یہ معلوم ہوا کہ زکاۃ میں قیمت جائز ہے۔

لیکن اس پر یہ اشکال ہے کہ اس استدلال کی ضرورت بھی نہیں، زیور جب زکاۃ میں دیا جائے گا تو ظاہر ہے کہ یا تو زیور کے بدلے میں ہوگا یا دراہم ودنانیر کے، جو صورت بھی ہو بہر حال قیمت لگانا پڑے گی الا یہ کہ یہ جواب دیا جائے کہ مثلاً دراہم کے بدلے میں اگر چاندی لی گئی اور دنانیر کے بدلے میں سونا تو یہاں قیمت نہیں لگائی جائے گی وزن لگایا جائے گا۔

اور اگر فرض کا نسخہ لیا جائے تو مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ زیور صدقۂ نافلہ میں لیا جائے گا صدقۂ فریضہ میں نہیں، علی الاطلاق کہہ دیا، اب جب زیور صدقۂ فریضہ میں لے سکتے ہیں بعموم الحدیث تو آخر کس بنیاد پر لیں گے؟ قیمت کی بنیاد پر لیں گے، فرض کرو کہ اگر کسی آدمی کے پاس کپڑے یا جانور ہوں تجارت کے اور وہ اس کی زکاۃ زیور سے دے تو قیمت لگا کر دے گا۔

خُرْصَهَا وَسِخَابَهَا: خرص- بالی، سخاب- ہار۔

وَلَمْ يَخُصَّ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ مِنَ الْعُرُوضِ: یہ نہیں فرمایا کہ سونے کے زیورات کی زکاۃ سونے کے بدلے میں اور چاندی کے زیورات کی زکاۃ چاندی کے بدلے میں لی گئی، بلکہ علی الاطلاق یہ وارد ہے کہ عورتوں نے صدقہ دیا خواہ وہ دراہم ودنانیر کا صدقہ ہو یا سامان کا ہو، معلوم ہوا کہ زکاۃ میں قیمت لینا اور قیمت لگا کر سامان لینا جائز ہے، زیورات سامان کی قسم میں آتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: یہ حضرت ابو بکرؓ کی کتاب الصدقات کا ایک ٹکڑا ہے، امام بخاری نے پوری کتاب میں اس کو دس جگہ مفرّقاً روایت کیا ہے۔

وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ بِنْتَ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ: یعنی اگر کسی آدمی پر بنت مخاض واجب ہو اور بنت مخاض نہ ہو تو اس سے بنت لبون لے لی جائے گی اور مصدّق بیس درہم یا دو بکریاں واپس کردے گا، امام بخاری نے یہ حدیث العرض فی الزکاۃ میں ذکر کی ہے جس کا مبنیٰ اخذِ قیمت فی الزکاۃ ہے تو اس کے معنی یہ نکلے کہ امام بخاری نے ایک فریضہ کے بدلے میں دوسرے فریضہ کو لینے اور زائد کو واپس کرنے یا مزید لینے کا دار.

Maktaba Tul Ishaat.com

ومدار قیمت کو سمجھا ہے، یہی حنفیہ کا مسلک ہے، آگے مسئلہ آرہا ہے۔

فَإِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلَى وَجْهِهَا وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُونٍ فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ:
اگر بنت مخاض واجب ہو اور آدمی کے پاس ابن لبون ہو تو پھر ابن لبون لیکر ساعی مالک کو کچھ نہیں دے گا، اس لئے کہ جانوروں میں خصوصاً اونٹ و بکری میں مؤنث کا درجہ مذکر سے زیادہ ہے خصوصاً اونٹوں میں۔

(ص ١٩٥) بَابُ لَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ

ويذكر عن سالم عن ابن عمر عن النبي ﷺ مثله.

١٤٤٩ . حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأَنْصَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ متفرق مال کو یکجا اور یکجا مال کو متفرق نہ کیا جائے، حضرت سالم سے نقل کیا گیا ہے کہ وہ حضرت ابن عمرؓ کے واسطے سے نبی کریم ﷺ سے اسی کے مثل روایت بیان کرتے ہیں۔

حضرت ثمامہ کہتے ہیں کہ حضرت انسؓ نے ان سے بیان کیا کہ حضرت ابو بکرؓ نے ان کو زکاۃ کا وہ فریضہ لکھ کر دیا تھا جو رسول اللہ ﷺ نے مقرر فرمایا تھا، (اس میں یہ بھی تھا کہ) متفرق مال کو یکجا اور یکجا مال کو جدا جدا نہ کیا جائے۔

تشریح: اگر متفرق جگہ نصاب ہو تو اس کو جمع نہ کیا جائے اور اگر مجتمع ہو تو اس کو الگ نہ کیا جائے۔

یہ حدیث کا ٹکڑا ہے اس کے اختصار کی وجہ سے مصنف نے اسی کو ترجمہ بنا دیا، یہاں یہ خطاب کس کو ہے اس میں اختلاف ہے۔

(۱) امام شافعی فرماتے ہیں کہ مجموعی طور پر مالک وساعی دونوں کو ہے، اور یہی حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کی ایک جماعت کہتی ہے، مالک جمع و تفریق کرتا ہے اس لئے تا کہ صدقہ واجب نہ ہو یا اگر واجب ہو تو کم واجب ہو، اور ساعی جمع و تفریق کرتا ہے اس لئے تا کہ صدقہ واجب ہو جائے یا زائد واجب ہو۔

جمع میں خطاب مالک کو: مثال کے طور پر سمجھو کہ اگر یہ خطاب مالک کو ہو تو اس کی صورت یہ ہوگی کہ مثلاً تین آدمی ہیں، ہر ایک کی چالیس چالیس بکریاں ہیں اور ہر چالیس میں ایک بکری واجب ہوگی، جب ساعی کے آنے کا زمانہ ہو تو مالکوں کو یہ نہ چاہئے کہ تینوں کو ایک جگہ کر دیں تا کہ ایک سو بیس میں کل ایک بکری

Maktaba Tul Ishaat.com

واجب ہو، اس لئے کہ اس میں بیت المال کا نقصان ہے۔

تفریق میں خطاب مالک کو: اسی طرح سے اگر دو آدمیوں کی دو سو دو بکریاں ہیں ہر ایک کی ایک سو ایک ہیں تو مجموعہ میں تین بکریاں واجب ہوں گی، اب مالک کو ساعی کی آمد پر ان کو الگ نہ کرنا چاہئے تاکہ تین کے بدلے میں دو ہی واجب ہوں اس لئے کہ اس میں بیت المال کا نقصان ہے۔

جمع میں خطاب ساعی کو: اور اگر یہ خطاب ساعی کو ہے تو اس کی صورت یہ ہے کہ اگر دو آدمی ہیں ہر ایک کی ایک سو ایک بکریاں الگ الگ ہیں تو ساعی کو دونوں کو جمع نہ کرنا چاہئے تاکہ دو کے بجائے تین بکریاں واجب ہوں اس لئے کہ اس میں مالکوں کا نقصان ہے۔

تفریق میں خطاب ساعی کو: اسی طرح اگر تین آدمیوں کی چالیس چالیس بکریاں ہیں اور ایک جگہ میں ہیں تو ساعی کو آکر ہر ایک کو الگ نہ کرنا چاہئے تاکہ بجائے ایک کے تین بکریاں واجب ہوں، اسلئے کہ اس میں اصحاب اموال کا نقصان ہے۔

جمع و تفریق کس اعتبار سے؟ یہ جمع و تفریق باعتبار مکان کے ہے اور یہی جمہور علماء کا مسلک ہے، انکے نزدیک زکاۃ واجب ہوتی ہے قطائع پر، ریوڑوں پر، ریوڑ کی مقدار کو دیکھا جائے گا اور اس پر زکاۃ واجب ہوگی۔

امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری، شریک، حسن بن حی اور ابن حزم کہتے ہیں کہ زکاۃ واجب ہوتی ہے مالکین پر، ریوڑ کے جمع و تفریق سے کوئی اثر نہیں پڑتا ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا لَیْسَ فِیمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ مِنَ الإِبِلِ پانچ اونٹ سے کم میں صدقہ نہیں، تو آپ نے صدقہ کا ایک نصاب مقرر کر دیا جہاں نصاب ہوگا وہاں زکاۃ ہوگی جہاں نہیں ہوگا وہاں زکاۃ نہیں ہوگی۔

حدیث لَا یُجْمَعُ بَیْنَ مُتَفَرِّقٍ وَ لَا یُفَرَّقُ بَیْنَ مُجْتَمِعٍ جمہور کے مذہب کے موافق ہے، اور جو لوگ کہتے ہیں کہ مالکین پر ہے ریوڑوں پر نہیں ہے ان کے خلاف ہے۔

مالک جمع و تفریق نہ کرے: حنفیہ کی طرف سے یہ جواب دیا گیا ہے کہ اس سے مراد جمع و تفریق بحسب الملک ہے اور مطلب یہ ہے کہ ایسا نہ کیا جائے کہ ایک ملک کو دو جگہ یا دو ملکوں کو ایک جگہ کر دیا جائے، فرض کرو کہ زکاۃ لینے والا بیت المال کی طرف سے آئے تو مالکوں کو یہ نہ چاہئے کہ وہ دو ملک کو ایک بنا دیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مثلاً گھر میں تین بھائی ہیں ہر ایک کی الگ الگ چالیس چالیس بکریاں ہیں ہر ایک میں ایک ایک بکری واجب ہے، اب ان کو یہ نہ چاہئے کہ سب کو ایک بھائی کی ملک میں منتقل کردیں تاکہ ایک بکری واجب ہو، اسی طرح اگر کسی کی دو سو دو بکریاں ہیں تو اس کو یہ نہ چاہئے کہ ساعی کی آمد پر تفریق کردے، ایک سو ایک اپنے حساب میں لگالے اور ایک سو ایک اپنی بیوی کے حساب میں کردے تاکہ بجائے تین کے دو بکریاں واجب ہوں۔

ساعی جمع و تفریق نہ کرے: اسی طرح ساعی کو بھی نہ چاہئے کہ اگر متفرق ملک میں ہیں تو ان کو جمع کردے، مثلاً بیوی کی ایک سو ایک اور خاوند کی ایک سو ایک ہے، ہر ایک پر ایک ایک بکری واجب ہے، ساعی کہتا ہے نہیں دونوں کے ملک الگ الگ کوئی چیز نہیں ہیں سب ایک ہیں تاکہ تین بکری وصول کرے۔

اسی طرح سے اگر تین بھائیوں کے درمیان مشترک طریقے پر ہوں اگر ایک بھائی کے پاس ایک سو بیس بکریاں ہیں تو ساعی کو یہ نہ چاہئے کہ یہ کہے کہ نہیں تم تین بھائی ہو صرف ایک آدمی کے پاس ایک سو بیس بکریاں کیسے ہوسکتی ہیں بلکہ ہر ایک کی چالیس چالیس بکریاں ہیں تاکہ تین بکریاں مل جائیں یہ نہ چاہئے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس تقریر پر بات تو سمجھ میں آگئی لیکن لفظ جمع و تفریق سے جمع و تفریق بحسب الملک متبادر طریقہ پر سمجھ میں نہیں آتا ہے بلکہ جمع و تفریق بحسب المکان ہی سمجھ میں آتا ہے۔

آخر یہ فرق کیوں؟ اب یہاں سوال یہ ہے کہ آخر یہ بڑے بڑے ائمہ ہیں انہوں نے کیوں ایسا کیا؟ اسکا جواب یہ ہے کہ یہاں ان کی اجتہادی نظر واقع ہوگئی انہوں نے یہ سمجھا کہ اصل مالک ہے لہذا انہوں نے جمع و تفریق بحسب الملک مراد لے لیا، اور دوسرے ائمہ نے یہ دیکھا کہ زکاۃ کے بارے میں جو تفصیلی نصاب ہے اسمیں قطائع کا ذکر ہے مالک کا کوئی تذکرہ نہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دار و مدار قطائع اور ریوڑوں پر ہے۔

اس تفصیلی تقریر سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جمع و تفریق بحسب المکان جمہور کے یہاں مؤثر ہے اور ایک جماعت کے یہاں مؤثر نہیں جس میں حنفیہ بھی ہیں، جن کے یہاں مؤثر نہیں ان کا تو ایک مسلک ہوگیا۔

جو لوگ مؤثر مانتے ہیں ان میں تین مذاہب ہیں، (۱) ایک مذہب امام شافعی واحمد کا ہے وہ فرماتے ہیں جمع و تفریق فی المکان زکاۃ میں مؤثر ہے اگر راعی، مرعیٰ، مسرح، مراح، اناء حلب ایک ہو۔

(۲) دوسرا مسلک امام مالک کا ہے کہ زکاۃ اس وقت آئے گی جب ہر ایک کا مال مقدار نصاب ہو، اگر کسی کا

Maktaba Tul Ishaat.com

مال مقدار نصاب نہیں تو کسی پر زکاۃ نہیں چاہے مجموعہ بقدر نصاب ہو، اور اگر ایک کا مال بقدرِ نصاب ہے دوسرے کا نہیں تو جس کا مال بقدرِ نصاب ہے اس پر زکاۃ آئے گی جس کا نہیں ہے اس پر کچھ نہیں آئے گا۔

(۳) تیسرا مسلک عطاء اور طاؤس کا ہے وہ فرماتے ہیں کہ زکاۃ میں اختلاط کا اعتبار تو ہے لیکن اختلاطِ مکانی کا اعتبار نہیں ہے اختلاط ملک کا اعتبار ہے، اگر دو آدمیوں کی ملک مشترک ہے تو وہ ایک مال سمجھا جائے گا اس سے ایک ہی زکاۃ لی جائے گی، لہٰذا اگر دو بھائیوں کی چالیس بکریاں ہیں تو ایک زکاۃ لی جائے گی، اور اگر دو بھائیوں کی الگ الگ بکریاں ہیں اور ایک جگہ چرتی ہیں تو اس سے مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور کسی پر زکاۃ نہیں آئے گی، اسی طرح سے اگر دو بھائی ہیں ان کی اسی (۸۰) بکریاں مشترک ہیں تو ایک بکری واجب ہوگی، اور اگر اسی بکریاں ہیں ایک جگہ رہتی ہیں لیکن مشترک نہیں تو ان پر دو بکریاں واجب ہیں۔

امام بخاری کا مسلک: امام بخاری نے یہی اختیار کیا ہے اسی لئے آئندہ باب میں عطاء اور طاؤس کا قول نقل کیا ہے إِذَا عَلِمَ الْخَلِيطَانِ أَمْوَالَهُمَا فَلَا يُجْمَعُ مَالُهُمَا، مگر امام نے اس کے ساتھ ایک مزید قید لگادی وہ یہ ہے کہ خلیطین پر زکاۃ اسی وقت آئے گی جبکہ ان کا مال بقدر نصاب ہو، تو امام بخاری نے خلطہ بحسب الملک کا اعتبار کیا ہے عطاء وطاؤس کی طرح لیکن نصاب کی شرط لگائی ہے جیسا کہ سفیان ثوری کی رائے ہے۔

تو امام بخاری کا مذہب مذاہب اربعہ سے الگ ہے۔

خلاصۂ مذاہب: (۱) امام ابو حنیفہ کے یہاں زکاۃ کی قلت و کثرت میں خلطہ کا کوئی دخل نہیں، خلطۃ الاعیان ہو یا خلطۃ الاملاک، بس اتنی سی بات ہے کہ خلطۃ الاملاک سے منع کیا گیا ہے یعنی دو ملک کو ایک نہ کیا جائے اور ایک ملک کو دو جگہ نہ کیا جائے، (۲) امام شافعی واحمد کے یہاں خلطۃ الملک بھی مؤثر اور خلطۃ الجوار بھی مؤثر اگر شرط پائی جائے، اور مجموعہ کی ایک زکاۃ لی جائے گی، (۳) امام مالک کہتے ہیں کہ شرط یہ ہے کہ خلیطین کا مال بقدر نصاب ہو، (۴) امام عطاء وطاؤس فرماتے ہیں کہ صرف خلطۃ الملک میں ایک آئے گی اور خلطۃ الجوار میں دونوں مال الگ الگ سمجھے جائیں گے، (۵) یہی امام بخاری کہتے ہیں مگر انہوں نے خلطۃ الملک میں ایک زکاۃ لینے کے لئے یہ شرط قرار دی ہے کہ ہر ایک کا مال بقدر نصاب ہو، اگر کسی کا مال بقدر نصاب نہیں تو کسی پر زکاۃ نہیں اور ایک کا ہے اور دوسرے کا نہیں تو جس کا ہے اس پر واجب اور جس کا نہیں ہے اس پر واجب نہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لفظِ خلطہ کی تعریف: بار بار لفظِ خلطہ آیا ہے اس کی تھوڑی سی وضاحت بھی کی جاتی ہے، خلطہ اور اختلاط کہتے ہیں ملا دینے کو، یہ ملا دینا دو قسم پر ہے، ١ ایک ملک کے اعتبار سے ملا دینا ہے، اس میں ہر ایک کی ملک دوسرے سے مخلوط ہو جاتی ہے اموال میں امتیاز نہیں ہوتا ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ مثلاً دونوں کو میراث میں ایک ساتھ مال مل جائے یا دونوں کو کوئی ہبہ کر دے یا دونوں مل کر خرید لیں، ٢ دوسری چیز ہے خلطۃ الجوار جس کو خلطۃ الاوصاف بھی کہتے ہیں، اس میں ہر ایک کا مال ایک دوسرے سے ممتاز ہوتا ہے صرف مجاورت کے اندر اتحاد ہوتا ہے یعنی ایک جگہ چرنا، ایک جگہ رات میں رہنا، ایک جگہ پانی پینا، ایک جگہ دودھ نکالا جانا، ایک ہی چرواہے کا دونوں کی خبر لینا، یہ ہے خلطۃ الجوار۔

جمہور کے یہاں دونوں زکاۃ میں مؤثر ہے، حنفیہ کے یہاں کوئی مؤثر نہیں، طاؤس وعطاء کے یہاں خلطۃ الملک مؤثر ہے خلطۃ الجوار نہیں، یہی بخاری کہتے ہیں مگر شرط لگاتے ہیں کہ مال بقدر نصاب ہو۔

خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ: صدقہ کے خوف سے، ساعی کو بھی خوف ہوتا ہے اور مالک کو بھی، مالک کو خوف ہوتا ہے کہ زکاۃ نہ واجب ہو جائے یا زیادہ نہ واجب ہو جائے، اور ساعی کو خوف ہوتا ہے کہ زکاۃ کم واجب نہ ہو، دونوں کی تفصیل ابھی بیان ہو چکی۔

علامہ زین بن منیر کہتے ہیں کہ گو حدیث میں یہ ٹکڑا تھا لیکن بخاری نے ترجمہ میں اس کو حذف کر دیا اس لئے کہ علماء کی نظر مختلف ہے، ہمارا خیال یہ ہے کہ بخاری نے ترجمہ میں اس کے ذکر کی ضرورت نہیں سمجھی لَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ عام ہے مالک کو بھی اور ساعی کو بھی اور ظاہر ہے کہ جو کوئی جمع و تفریق کرتا ہے اپنی مصلحت سے کرتا ہے۔

(ص ١٩٥) بَابُ مَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ

وقال طاوس وعطاء: إذا علم الخليطان أموالهما فلا يجمع مالهما.

وقال سفيان: لا تجب حتى يتم لهذا أربعون شاة ولهذا أربعون شاة.

١٤٥٠. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ اگر دو شریک ہوں تو وہ آپس میں برابر برابر لین دین کرلیں۔

حضرت طاؤس اور عطاء نے فرمایا کہ اگر دونوں شریک اپنے اپنے مال کو پہچانتے ہوں تو ان کے مال کو جمع نہ کیا جائے۔

حضرت سفیان ثوری نے فرمایا کہ (مشترک بکریوں میں) زکاۃ اس وقت تک واجب نہ ہوگی جب تک کہ ہر شریک کی چالیس بکریاں نہ ہوں۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو بکرؓ نے ان کو رسول اللہ ﷺ کا مقرر کردہ نصاب لکھ کر دیا اس میں یہ بھی تھا کہ جو مال دو شریکوں کا ہو تو وہ آپس میں برابر لین دین کرلیں۔

تشریح: فرماتے ہیں کہ خلیطین سے جب زکاۃ لی جائے گی تو اس کے بعد وہ آپس میں ایک دوسرے سے اپنا حق برابر برابر وصول کریں گے۔

فرض کرلو کہ دو آدمیوں کا مال ایک جگہ تھا، ساعی آئے گا بلا انتظار دوسرے کے اس میں سے زکاۃ لیکر چلا جائے گا اور یہ ظاہر ہے کہ کسی ایک کے مال میں سے لے گا اور گیا دونوں کی طرف سے تو جس کی طرف کا مال گیا ہے وہ دوسرے سے اس کے بقدر وصول کرے گا، لہٰذا اگر دو آدمیوں کی چالیس چالیس بکریاں ایک جگہ پر تھیں ساعی نے آکر ایک بکری لے لی تو ظاہر ہے کہ کسی ایک کی بکریوں میں سے لے گا اور بکری گئی دونوں کی طرف سے تو جس کی بکریوں میں سے لی ہے وہ ایک بکری کی آدھی قیمت اپنے دوسرے مجاور سے وصول کرے گا تاکہ دونوں کا معاملہ برابر سرابر ہو جائے، یہ تراجع جمہور کے مسلک پر واضح ہے جو خلطۂ جوار کا اعتبار کرتے ہیں۔

اور جو لوگ اس کا اعتبار نہیں کرتے ان کے مسلک پر تراجع کا مسئلہ بڑا مشکل ہو جاتا ہے۔

بعض علماء نے اس کی ایک شکل بیان کی کہ اگر دو آدمی ہیں اور دونوں کے پاس مجموعی طور پر اکسٹھ اونٹ ہیں اور مشترک ہیں ایک کے پچیس (۲۵) ہیں اور دوسرے کے چھتیس (۳۶)، پچیس والے پر بنت مخاض واجب ہے اور چھتیس والے پر بنت لبون، تو جب ساعی آئے گا تو ایک بنت مخاض اور ایک بنت لبون لے جائے گا اور یہ دونوں دونوں کا مشترکہ مال ہے، یہ بنت مخاض پچیس والے کی طرف سے گئی ہے اور اس میں چھتیس حصہ چھتیس والے کا ہے اور دوسری بنت لبون گئی ہے چھتیس والے کی طرف سے اور اس میں پچیس حصہ پچیس والے کا ہے، لہٰذا قیمت لگا کر پچیس والا بنت لبون کا پچیس حصہ وصول کرے گا اور چھتیس والا بنت مخاض کی قیمت لگا کر چھتیس حصہ پچیس والے سے وصول کرے گا، تو یہاں پر بھی تراجع ہو گیا، لیکن یہ کوئی قاعدۂ عامہ نہیں ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فرض کرو کہ اس کی بھی چھتیس اور اس کی بھی چھتیس تو اب دو بنت لبون واجب ہے، ساعی آکر لے گیا کون تراجع کرے گا؟ یا پچاس اونٹ ہیں پچیس اِس کے پچیس اُس کے، اس میں دو بنت مخاض واجب ہیں ساعی آکر لے گیا دو بنت مخاض، کون تراجع کرے گا؟ ہر ایک اپنا اپنا حق جتنا واجب تھا اتنا ہی لے گیا کسی کی طرف سے کچھ زائد نہیں گیا، بہر حال تراجع کا مسئلہ ان لوگوں کے مسلک پر جو خلطۃ الجوار کا اعتبار کرتے ہیں واضح ہے، اور جو اس کا اعتبار نہیں کرتے ہیں ان کے مسلک پر بہت مشکل پڑتا ہے۔

وَقَالَ طَاوُسٌ وَعَطَاءٌ: طاؤس وعطاء کا یہ اثر امام عبد الرزاق نے روایت کیا ہے۔

إِذَا عَلِمَ الْخَلِيطَانِ أَمْوَالَهُمَا فَلَا يُجْمَعُ مَالُهُمَا: اگر خلیطین کا مال ایک دوسرے سے ممتاز ہو تو ان کو جمع نہیں کیا جائے گا یعنی ان کو ایک شمار کر کے ایک زکاۃ نہیں لی جائے گی۔

وَقَالَ سُفْيَانُ لَا يَجِبُ حَتَّى يَتِمَّ لِهَذَا أَرْبَعُونَ شَاةً: امام بخاری نے سفیان کا اثر لا کر یہ اشارہ کر دیا کہ جیسے خلطۂ ملک کا اعتبار ہے ایک زکاۃ لینے میں ایسے ہی نصاب کا ہونا بھی ضروری ہے۔

(ص ۱۹۵) بَابُ زَكَاةِ الْإِبِلِ

ذكره أبو بكر وأبو ذر وأبو هريرة عن النبي ﷺ.

١٤٥١. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ أَعْرَابِيًّا سَأَلَ رَسُولَ اللهِ ﷺ عَنِ الْهِجْرَةِ فَقَالَ: وَيْحَكَ إِنَّ شَأْنَهَا شَدِيدٌ فَهَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ تُؤَدِّي صَدَقَتَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَإِنَّ اللهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا.

ترجمہ: باب، اونٹوں کی زکاۃ کا بیان۔

اس باب سے متعلق حضرت ابو بکرؓ، حضرت ابوذرؓ اور حضرت ابوہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ سے روایتیں بیان کی ہیں۔

حضرت ابو سعید خدریؓ نے بیان کیا کہ ایک دیہاتی نے رسول اللہ ﷺ سے ہجرت کرنے کے بارے میں پوچھا، آپ نے فرمایا کہ تمہارا بھلا ہو، ہجرت کا معاملہ تو بہت سخت اور کٹھن ہے، (یہ بتاؤ کہ) کیا تمہارے پاس ایسے اونٹ ہیں جن کی تم زکاۃ دیتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا کہ جی ہیں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بس پھر تو عمل کرتے رہو سمندر کے پار بھی، بے شک

Maktaba-Tul-Ishaat.com

اللہ ہرگز تمہارے عمل سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا۔

تشریح: امام بخاری یوں فرماتے ہیں کہ ابل میں زکاۃ واجب ہے، یہ مسئلہ متعدد روایات میں مذکور ہے، امام بخاری نے ان کی طرف اشارہ کیا ہے ذَكَرَهُ أَبُو بَكْرٍ وَأَبُو ذَرٍّ وَأَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور یہ مجمع علیہا مسئلہ ہے۔

إِنَّ شَأْنَهَا شَدِيدٌ: یعنی معلوم نہیں کہ تو اس کو برداشت بھی کر سکے گا نباہ بھی سکے گا یا نہیں۔

اس میں اشکال یہ ہے کہ ہجرت کرنا تو فرض تھا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ہجرت سے کیوں روکا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ١ ممکن ہے یہ واقعہ فتح مکہ کے بعد کا ہو، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم جیسا سائل ہوتا اس کے فہم کے اعتبار سے کلام فرماتے تھے، مقصود یہ تھا کہ اب ہجرت ختم ہوگئی اور اس کا معاملہ تو بڑا سخت ہے جو گزر چکا لہٰذا تم تو اپنے فرائض ادا کرتے رہو، ٢ اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کسی کو کسی عذر کی وجہ سے خاص کر کے مستثنیٰ کردیں، ٣ اور یہ بھی امکان ہے کہ آپ نے اپنی کسی مصلحت کی وجہ سے اس کو ہجرت نہ کرنے دیا ہو مثلاً اس کا اپنی جگہ رہنا وہاں کے لوگوں کے لئے تبلیغ کا سبب بن جائے یا وہاں کے حالات کی واقفیت کا ذریعہ بن جائے۔

فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ: تو سمندروں پار عمل کرتا رہ، مطلب یہ ہے کہ آدمی چاہے کتنی ہی دور رہتا ہو اگر عمل کرتا رہے گا تو اس کو اس کے عمل کا اجر ملے گا اللہ اس میں سے کوئی کمی نہیں کرے گا، حضرت مولانا انور شاہ کشمیری فرماتے ہیں کہ یہ ایسا ہی ہے جیسے ہمارے عرف میں کہتے ہیں سات سمندر پار۔

(ص ١٩٥) بَابُ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ

١٤٥٢. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الأنصاري قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ فَرِيضَةَ الصَّدَقَةِ الَّتِي أَمَرَ اللهُ رَسُولَهُ ﷺ: مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ مِنَ الإِبِلِ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ إِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهُ أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ الْحِقَّةُ وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِينَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ إِلاَّ بِنْتُ لَبُونٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ لَبُونٍ وَيُعْطِي شَاتَيْنِ أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ بِنْتَ لَبُونٍ وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ

Maktaba Tul Ishaat.com

مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِينَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ بِنْتَ لَبُونٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ وَعِنْدَهُ بِنْتُ مَخَاضٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ مَخَاضٍ وَيُعْطِي مَعَهَا عِشْرِينَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جس کی زکاۃ بنت مخاض (ایک سالہ اونٹنی) کو پہنچ جائے اور اس کے پاس بنت مخاض نہ ہو۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو بکرؓ نے ان کو زکاۃ کا وہ فریضہ لکھ کر دیا جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر ﷺ کو حکم دیا تھا، اس میں یہ بھی تھا کہ جس کے اونٹ کی زکاۃ جذعہ (چار سالہ اونٹنی) کو پہنچ جائے اور اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس حقہ (تین سالہ اونٹنی) ہو تو اس سے حقہ قبول کیا جائے گا اور مالک اوپر سے دو بکریاں دے گا اگر اس کے پاس ہوں ورنہ بیس درہم، اسی طرح جس کی زکاۃ حقہ کو پہنچ جائے اور اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ جذعہ ہو تو اس سے جذعہ لے لیا جائے گا اور محصل اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے گا، اسی طرح جس کی زکاۃ حقہ کو پہنچ جائے اور اس کے پاس صرف بنت لبون (دو سالہ اونٹنی) ہو تو اس سے بنت لبون قبول کر لی جائے گی اور وہ دو بکریاں یا بیس درہم مزید دے گا، اسی طرح جس کی زکاۃ بنت لبون کو پہنچ جائے اور اس کے پاس حقہ ہو تو وہ حقہ قبول کر لیا جائے گا اور زکاۃ وصول کرنے والا اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے گا، اسی طرح جس کی زکاۃ بنت لبون کو پہنچ جائے اور اس کے پاس نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت مخاض ہو تو اس سے بنت مخاض کو قبول کر لیا جائے گا اور وہ شخص اوپر سے بیس درہم یا دو بکریاں بھی دے گا۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ اگر کسی آدمی کے پاس بنت مخاض واجب ہو اور وہ نہ ہو اس کے پاس تو کیا کرے؟ امام بخاری نے اس باب کے ذیل میں وہی حضرت انسؓ کی حدیث جس میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کی کتاب الصدقات کا تذکرہ ہے تحریر فرمائی ہے، لیکن اس کا جو جزء اِس ترجمہ کے مطابق تھا امام بخاری نے یہاں اس کا تذکرہ نہیں فرمایا، علامہ ابن بطال نے تو یہ کہہ دیا کہ امام بخاری کو غفلت ہو گئی کہ جو ٹکڑا اِس ترجمہ کے مناسب تھا وہ یہاں ذکر نہیں فرمایا۔

لیکن علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے جو کچھ کیا ہے وہ جان بوجھ کر کے کیا ہے، یہ بات نہیں کہ ان کو غفلت ہو گئی، اصل میں امام بخاری ایک اور بات پر تنبیہ کرنا چاہتے ہیں کہ جانوروں کے اسنان متعین ہیں ایک مقدار پر ایک سن اور دوسری مقدار پر دوسرا سن، مثلاً اگر پچیس اونٹ ہوں تو بنت مخاض اور اگر چھتیس ہو جائیں تو بنت لبون اور اگر چھیالیس ہو جائیں تو ایک حقہ واجب ہوتا ہے، اب اگر اتفاق سے کسی شخص پر بنت مخاض واجب ہو اور اس کے پاس بنت مخاض نہیں بلکہ اس سے اوپر بنت لبون ہے اور وہ بھی اس کے پاس نہیں

Maktaba Tul Ishaat.com

یعنی بنت لبون اور بنت مخاض بھی نہیں تو کیا کرے؟ اور ہے اس کے پاس اس کے اوپر والا حقہ۔

امام بخاری نے اس بات کی طرف اشارہ کر دیا کہ اسنانِ حیوانات کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر ایک سن واجب ہو اور وہ نہ ملے تو اس کے اوپر کا لے لیا جاتا ہے اور جتنا فضل اور زیادتی ہوتی ہے وہ واپس کر دی جاتی ہے، لہٰذا اگر کسی شخص پر بنت مخاض واجب ہو اور وہ نہ ہو اور بنت لبون ہو تو ساعی بنت لبون لے لے گا، لیکن چونکہ بنت لبون بنت مخاض سے افضل ہے اور قیمت میں بڑھی ہوئی ہے اس واسطے ساعی یا تو دو بکریاں دے دے گا یا بیس درہم دے دے گا، اسی طرح سے اگر اتفاق سے بنت لبون بھی نہیں ہے تو امام بخاری یہ اشارہ فرماتے ہیں کہ اس کے اوپر والا سن حقہ لے لے لیکن اب بجائے دو بکریوں یا بیس درہم کے چار بکریاں واپس کریں یا چالیس درہم۔

اگر امام بخاری وہ جملہ ذکر کر دیتے جو ترجمہ کے صریح موافق ہے تو یہ مقصود حل نہ ہوتا اس لئے امام بخاری نے جان بوجھ کر کے اس جملہ کو حذف کر دیا اور دوسرا جملہ ذکر کر دیا۔

نیز اسنان میں یہ بھی قاعدہ ہے کہ اگر اوپر کا سن واجب ہو اور وہ نہ ہو، نیچے کا ہو تو مالک نیچے والا دے دے اور اوپر والے سے نیچے والا جتنا کم ہو مالک اس کمی کو پورا کر دے مثلاً ایک جذعہ واجب ہوتا ہے اور وہ نہ ہو تو ایک حقہ دے دے اور دو بکریاں مزید دے یا بیس درہم، اور اگر ایک حقہ واجب ہوتا ہے اور وہ نہ ہو تو بنت لبون دے دے اور دو بکریاں یا بیس درہم دے دے، اور اگر اتفاق سے بنت لبون بھی نہ ہو بنت مخاض ہو تو بنت مخاض دے سکتا ہے حقہ کی جگہ میں لیکن حقہ اور بنت مخاض میں چار بکریوں یا چالیس درہموں کا فرق ہے لہٰذا مالک اس کے ساتھ یا تو چار بکریاں لگائے گا یا چالیس درہم۔

مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ مِنَ الإِبِلِ صَدَقَةُ الجَذَعَةِ: اگر کسی شخص پر جذعہ واجب ہو اور اسکے پاس وہ نہ ہو بلکہ حقہ ہو تو حقہ لے لیا جائے اور مالک اسکے ساتھ دو بکریاں اگر وہ بآسانی ممکن ہوں ورنہ بیس درہم دے۔

یہ تقویم ہے یا تحدید شرعی؟ آیا یہ جو حضور ﷺ نے بیس درہم یا دو بکریوں کا فرق بیان کیا ہے یہ تقویم ہے یا تحدید شرعی ہے؟ ۱۔ حنفیہ فرماتے ہیں کہ یہ تقویم ہے لہٰذا اگر قیمت گھٹ بڑھ جائے تو اس کا اعتبار کیا جائے گا، ۲۔ امام شافعی اور امام احمد فرماتے ہیں کہ یہ تحدید شرعی ہے ہمیشہ کے لئے یہی ضابطہ ہو گیا ہے، ۳۔ امام مالک فرماتے ہیں کہ جو واجب ہے خرید کر کے وہی دے دے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ بِنْتَ لَبُونٍ: اگر کسی شخص پر بنت لبون واجب ہو اور اس کے پاس وہ نہ ہو صرف بنت مخاض ہو تو بنت مخاض لے لی جائے گی اور اس کے ساتھ ساتھ مالک صاحب بیس درہم یا دو بکریاں دے دیں گے۔

(ص ١٩٥) بَابُ زَكَاةِ الْغَنَمِ

١٤٥٣. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُثَنَّى الأَنْصَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَنَسٍ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ هَذَا الْكِتَابَ لَمَّا وَجَّهَهُ إِلَى الْبَحْرَيْنِ:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هَذِهِ فَرِيضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَلَى الْمُسْلِمِينَ وَالَّتِي أَمَرَ اللهُ بِهِ رَسُولَهُ فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ عَلَى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا، وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلاَ يُعْطِ فِي أَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ مِنَ الإِبِلِ فَمَا دُونَهَا مِنَ الْغَنَمِ مِنْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِينَ إِلَى خَمْسٍ وَثَلاَثِينَ فَفِيهَا بِنْتُ مَخَاضٍ أُنْثَى، فَإِذَا بَلَغَتْ سِتَّةً وَثَلاَثِينَ إِلَى خَمْسٍ وَأَرْبَعِينَ فَفِيهَا بِنْتُ لَبُونٍ أُنْثَى، فَإِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَأَرْبَعِينَ إِلَى سِتِّينَ فَفِيهَا حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْجَمَلِ، فَإِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَسِتِّينَ إِلَى خَمْسٍ وَسَبْعِينَ فَفِيهَا جَذَعَةٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ يَعْنِي سِتَّةً وَسَبْعِينَ إِلَى تِسْعِينَ فَفِيهَا بِنْتَا لَبُونٍ، فَإِذَا بَلَغَتْ إِحْدَى وَتِسْعِينَ إِلَى عِشْرِينَ وَمِئَةٍ فَفِيهَا حِقَّتَانِ طَرُوقَتَا الْجَمَلِ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِئَةٍ فَفِي كُلِّ أَرْبَعِينَ بِنْتُ لَبُونٍ وَفِي كُلِّ خَمْسِينَ حِقَّةٌ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ إِلاَّ أَرْبَعٌ مِنَ الإِبِلِ فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا مِنَ الإِبِلِ فَفِيهَا شَاةٌ، وَفِي صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِي سَائِمَتِهَا إِذَا كَانَتْ أَرْبَعِينَ إِلَى عِشْرِينَ وَمِئَةٍ شَاةٌ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِئَةٍ إِلَى مِئَتَيْنِ شَاتَانِ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى مِئَتَيْنِ إِلَى ثَلاَثِمِئَةٍ فَفِيهَا ثَلاَثُ شياه، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى ثَلاَثِمِئَةٍ فَفِي كُلِّ مِئَةٍ شَاةٌ، فَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ أَرْبَعِينَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا، وَفِي الرِّقَةِ رُبْعُ الْعُشْرِ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ إِلاَّ تِسْعِينَ وَمِئَةً فَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا.

ترجمہ: باب، بکریوں کی زکاۃ کا بیان۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو بکرؓ نے ان کو بحرین بھیجتے وقت یہ تحریر لکھ کر دی تھی:

بسم اللہ الرحمن الرحیم، یہ وہ فریضہ ہے جو رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں پر مقرر کیا ہے اور جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے

Maktaba Tul Ishaat.com

رسول ﷺ کو حکم دیا تھا، تو جس مسلمان سے زکاۃ کا مطالبہ اس کے مطابق کیا جائے تو اس کو چاہئے کہ وہ زکاۃ دے اور اگر کسی سے اس سے اوپر کا مطالبہ کیا جائے وہ نہ دے۔

چوبیس اور چوبیس سے کم اونٹوں میں بکریاں واجب ہیں، ہر پانچ میں ایک بکری، پھر جب پچیس ہو جائیں تو پینتیس تک ایک سالہ اونٹنی (بنت مخاض) واجب ہوگی، جب چھتیس ہو جائیں تو پینتالیس تک دو سالہ اونٹنی (بنت لبون) واجب ہوگی، جب چھیالیس ہو جائیں تو ساٹھ تک تین سالہ اونٹنی (حقہ) جو کہ جفتی کے قابل ہو واجب ہوگی، جب اکسٹھ ہو جائیں تو پچھتر تک چار سالہ اونٹنی (جذعہ) واجب ہوگی، جب چھہتر ہو جائیں تو نوے تک دو عدد (بنت لبون) آئیں گی، جب اکیانوے سے ایک سو بیس تک ہو جائیں تو دو حقہ (تین سالہ اونٹنیاں جو کہ جفتی کے قابل ہوں) آئیں گی، جب ایک سو بیس سے زیادہ ہو جائیں تو ہر چالیس میں ایک عدد دو سالہ اونٹنی اور ہر پچاس میں تین سالہ اونٹنی آئے گی، جس کے پاس چار اونٹ کے علاوہ نہ ہوں تو اس میں کچھ بھی واجب نہیں ہے الا یہ کہ ان کا مالک ہی دینا چاہے، جب پانچ ہو جائیں تو اس میں ایک بکری آئے گی۔

اسی طرح سال کے اکثر حصہ میں چرنے والی بکریوں میں یہ تفصیل ہے کہ جب چالیس ہوں تو ایک سو بیس تک ایک بکری آئے گی، جب ایک سو بیس سے زائد ہو جائیں تو دو سو تک دو بکریاں آئیں گی، جب دو سو سے زائد ہو جائیں تو تین سو تک تین بکریاں لازم ہوں گی، جب تین سو سے زائد ہو جائیں تو ہر سو میں ایک بکری لازم ہوگی، جب بکریاں چالیس سے ایک بھی کم ہوں تو اس میں کوئی زکاۃ نہیں ہے الا یہ کہ ان کا مالک از خود دینا چاہے، چاندی میں چالیسواں حصہ واجب ہے، اگر کسی کے پاس صرف ایک سو نوے دراہم ہوں تو ان میں زکاۃ نہیں مگر یہ کہ مالک دینا چاہے۔

تشریح: یعنی غنم میں زکاۃ واجب ہے اور یہ منصوص فیہ اور مجمع علیہا ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُثَنَّى الْأَنْصَارِيُّ: یہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کا وہ مکتوب ہے جو حضرت انسؓ کو لکھا جب ان کو بحرین روانہ فرمایا تھا جس میں اونٹ بکری وغیرہ کا نصاب بتایا گیا ہے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ هٰذِهِ فَرِيضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَلَى الْمُسْلِمِينَ إلخ یعنی یہ نسخہ ہے صدقات فرائض کے بارے میں جس کو حضور ﷺ نے مقرر فرمایا ہے مسلمانوں پر اور جس کا اللہ نے اپنے رسول کو حکم دیا۔

فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ عَلَى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا: مسلمانوں میں سے جس شخص سے اس کے طریقہ کے مطابق لیا جائے یعنی جو اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف سے مقدار متعین ہے اگر وہی مقدار معینہ ساعی مانگے تب تو مالک کو وہ دینا چاہئے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِ: اور جس شخص سے مقدار معین سے زائد مانگا جائے وہ نہ دے۔

فَلَا يُعْطِ کے مطلب میں دو احتمال ہیں، ایک یہ کہ زائد نہ دے، اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس ساعی ہی کو نہ دے اس لئے کہ وہ زائد مانگنے کی وجہ سے ساقط الاطاعت اور غیر معتبر ہو گیا، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ مسلم شریف کی روایت میں وارد ہوا ہے کہ إذا أتاكم المصدّق فليصدر عنكم وهو عنكم راض جب مصدق تمہارے پاس سے لوٹے تو تم سے راضی ہو کر لوٹے، ابوداؤد کی روایت میں ہے أَرْضُوا مُصَدِّقِيكُمْ تم اپنے مصدقین کو راضی کرو، اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں کی روایت کا محمل یہ ہے کہ مصدق کا جو شرعی مطالبہ ہے اس میں کوئی کمی نہ کرو، پورا پورا مطالبہ دے کر راضی کر کے اس کو روانہ کرو۔

فِي أَرْبَعٍ وَعِشْرِينَ مِنَ الْإِبِلِ فَمَا دُونَهَا مِنَ الْغَنَمِ: چوبیس عدد سے کم اگر اونٹ ہوں تو ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری واجب ہوتی ہے، یہ مسئلہ اجماعیہ ہے اور جب چوبیس کے بعد ایک کا اضافہ ہو جائے اور پچیس ہو جائیں تو پینتیس تک ایک بنت مخاض آئے گی، اس حدیث پاک میں یہی وارد ہوا ہے کہ پچیس اونٹوں میں ایک بنت مخاض واجب ہوتی ہے، یہی ائمۂ اربعہ اور تمام سلف و خلف کا مسلک ہے۔

حضرت علی بن ابی طالبؓ، شعبی اور شریک بن عبداللہ سے منقول ہے کہ پچیس میں پانچ بکریاں کہ ہر پانچ پر ایک ایک بکری واجب ہوگی، اور جب پچیس پر اضافہ ہو کر چھبیس ہو جائے تو اس میں ایک بنت مخاض واجب ہوگی، اس کی دلیل حضرت علیؓ کی وہ روایت ہے جو امام ابوداؤد نے بطریق عاصم بن ضمرہ حضرت علیؓ سے تخریج فرمائی ہے لیکن ابوداؤد کی روایت میں راوی کو شک ہے کہ یہ مرفوع ہے یا نہیں؟ امام دار قطنی نے وہی روایت بلاشک وتردد کے نقل فرمائی ہے۔

یہ روایت حضرت علیؓ والی کہ پچیس میں پانچ بکریاں اور چھبیس میں ایک بنت مخاض واجب ہوگی تمام احادیثِ صدقات کے خلاف اور جمہور کے مسلک کے خلاف ہے، علماء کی رائے یہ ہے کہ یہ روایت اوہام میں سے ہے، اور بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ یہ روایت غیر معتبر ہے، لیکن علامہ ابوالحسن بن القطان الفاسی کہتے ہیں کہ اس حدیث کے راوی عاصم بن ضمرہ رواتِ ثقات میں سے ہیں، امام ابوعبید القاسم بن سلام نے اوہام میں شمار کیا اور انہوں نے سفیان ثوری سے نقل کیا ہے کہ وہ یہ کہتے تھے کہ یہ حضرت علیؓ کا کلام ہو ہی نہیں سکتا ہے وكان أفقه من أن يقول ذلك وہ اس سے زیادہ سمجھ دار تھے کہ وہ جمہور کے خلاف ایک نئی بات ارشاد فرماتے،

Maktaba Tul Ishaat.com

عبد ضعیف کہتا ہے کہ ابن ابی شیبہ نے عن أبی اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علی جمہور کے موافق نقل کیا ہے اس لئے اقرب یہی معلوم ہوتا ہے کہ ابوداؤد کی روایت اوہام میں سے ہے، کسی کو وہم ہوا ہے۔

بِنْتُ مَخَاضٍ: بنت مخاض اونٹ کا وہ بچہ جس کا ایک سال پورا ہو گیا ہو اور دوسرے سال میں داخل ہو رہا ہو، اس کو بنت مخاض اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی ماں اب اس قابل ہو گئی ہے کہ وہ مخاض کے ساتھ ملحق ہو اور اس کو درد ولادت ہونے لگے، چاہے وہ حاملہ ہو یا نہ ہو، مخاض وجع الولادۃ کو کہتے ہیں۔

فَإِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَثَلَاثِينَ: اور جب چھتیس اونٹ ہو جائیں تو پینتالیس تک ایک بنت لبون واجب ہے، بنت لبون وہ اونٹنی کا انثیٰ بچہ کہلاتا ہے جس کو دو سال پورے ہو گئے ہوں اور تیسرے سال میں داخل ہو، اس کو بنت لبون اس لئے کہا جاتا ہے کہ اب اس کی ماں دودھ والی ہو جاتی ہے دوسرا بچہ ہو جانے کی بناء پر۔

انثیٰ کی قید کیوں لگائی؟ یہاں بنت مخاض اور بنت لبون دونوں میں انثیٰ کی قید لگی ہوئی ہے۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ جو بنت ہوگا وہ بہر حال انثیٰ ہوگا پھر یہ بنت مخاض انثیٰ اور بنت لبون انثیٰ کیوں ارشاد فرمایا گیا؟ بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ صرف تاکید کے لئے ہے۔

لیکن صحیح قول وہ ہے جو علامہ فضل اللہ تورپشتی الحنفی نے بیان فرمایا ہے اور اس سے پہلے ایک مغربی عالم غالباً علامہ مازری یا ابو القاسم سہیلی نے بیان کیا اور حاصل اس کا یہ ہے کہ انسان کے اندر تو ابن اور بنت میں فرق ہے ابن مذکر پر بولا جاتا ہے اور بنت انثیٰ پر لیکن غیر انسان میں لفظِ بنت بلا تفریق بعض اوقات مذکر و مؤنث پر بول دیا جاتا ہے، جیسے کہا جاتا ہے بنت الفکر انسان اپنے اندر جو افکار و خیالات پیدا کرتا ہے سب کو بنت الفکر کہا جاتا ہے حالانکہ بعض ان میں مذکر ہوتے ہیں اور بعض مؤنث، خیالات کا تعلق بعض جگہ مذکر سے ہوتا ہے اور بعض جگہ مؤنث سے ہوتا ہے، اسی طرح سے بنت الجبل پہاڑ پر جو چیز ہو اس کو کہا جاتا ہے عاما أن یکون ذکرًا أو أنثیٰ، اسی طرح سے ابن کا لفظ بھی مذکر و مؤنث دونوں کے لئے بولا جاتا ہے کہتے ہیں ابن عرس، ابن آوی تو چونکہ یہ حیوانات سے متعلق ہے لہذا یہاں پر کوئی یہ سمجھ لے کہ جیسے بنت کا لفظ غیر انسان میں مذکر و مؤنث دونوں کے لئے بولا جاتا ہے شاید ایسے ہی یہاں پُر بول دیا گیا ہے اس لئے اس توہم کا خاتمہ کرنے کے واسطے لفظِ انثیٰ بڑھا دیا گیا، اور یہ بتلا دیا گیا کہ بنت حقیقۃً ذکر پر نہیں ہے بلکہ یہاں انثیٰ پر بولا گیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مختصر لفظوں میں یہ سمجھو کہ لفظِ ابن وبنت غیر انسان میں مذکر ومؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے اب اگر انثی کا لفظ نہ لایا جاتا تو ممکن ہے کہ کوئی یہ سمجھ جاتا کہ مذکر بھی اس میں شامل ہے لہذا انثی کا لفظ لاکر کے مذکر کو خارج کردیا گیا اور بتلادیا گیا کہ یہ حکم انثی کے ساتھ خاص ہے۔

فَإِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَأَرْبَعِينَ: جب چھیالیس اونٹ ہوجائیں تو ساٹھ تک ایک حقہ طروقۃ الجمل واجب ہوگا، حقہ جس کے تین سال پورے ہوگئے ہوں اور چوتھے میں داخل ہو، اس کو حقہ اس کہا جاتا ہے لأنها استحقت أن يطرقها الجمل وہ اس قابل ہوگیا کہ نر اس پر جست لگائے۔

فَإِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَسِتِّينَ: جب اکسٹھ اونٹ ہوجائیں تو پچھتر تک اس میں ایک جذعہ ہے، جذعہ جس کے چار سال پورے ہوگئے ہوں اور وہ پانچویں میں داخل ہو، اس کو جذعہ اس لئے کہا جاتا ہے لأنها جذعت مقدم أسنانها، سامنے کے دانت ٹوٹ جاتے ہیں نئے دانت نمودار ہوتے ہیں۔

جب پچھتر کے بجائے چھہتر اونٹ ہوجائیں تو نوے تک دو بنت لبون ہیں، اور جب اکیانوے ہوجائیں تو ایک سو بیس تک دو حقہ واجب ہوں گے طروقۃ الجمل، اور جب ایک سو بیس پر اضافہ ہوجائے تو ہر چالیس میں ایک بنت لبون اور ہر پچاس میں ایک حقہ واجب ہوگا۔

اس حدیث پاک میں جو نصاب ایک سو بیس اونٹ تک کا ذکر کیا گیا ہے وہ تو متفق علیہ ہے، ایک سو بیس کے بعد اختلاف ہے کہ کیا حکم ہے؟ اس میں علماء کے دو بلکہ تین قول ہیں۔

(١) امام اوزاعی، امام شافعی، اسحاق بن راہویہ اور امام احمد ایک روایت میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر ایک سو بیس پر ایک کا بھی اضافہ ہوجائے تو فریضہ بدل جائے گا اور بجائے دو حقہ کے تین بنات لبون واجب ہوں گی۔

(٢) محمد بن اسحاق صاحب المغازی، ابوعبید القاسم بن سلام، امام مالک فی روایۃ اور امام احمد فی روایۃ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تک ایک سو تیس نہ ہوجائیں فریضہ میں کوئی تغیر نہیں آئے گا، جب ایک سو تیس ہوجائیں تو فریضہ میں تغیر ہوجائے گا، ایک خمسینہ میں ایک حقہ اور دو اربعینہ میں دو بنت لبون واجب ہوں گی۔

(٣) امام مالک سے ایک روایت یہ منقول ہے کہ اگر ایک سو بیس پر ایک کا اضافہ ہوجائے تو ساعی کو اختیار ہے چاہے دو حقہ لے لے اور چاہے تو تین بنات لبون، بہت سے مالکیہ نے اسی کو اختیار کیا ہے، لیکن ابن قاسم فرماتے ہیں کہ اختیار نہیں ہوگا بلکہ صرف تین بنت لبون لے لے گا یعنی جیسا کہ امام شافعی کا قول ہے، تو اب

Maktaba Tul Ishaat.com

واقعۃً مالکیہ کے تین قول ہو گئے، ا۔ ایک عدد بڑھ جانے پر فریضہ بدل جائے گا اور ۲۔ جب تک دس نہ بڑھے فریضہ نہیں بدلے گا اور ۳۔ ایک بڑھ جانے پر تخییر ہو گی۔

(۴) یہاں چوتھا قول حضرات حنفیہ کا ہے، امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک سو بیس کے بعد استیناف کیا جائے گا، ہر پانچ میں ایک بکری واجب ہو گی اور جب ایک سو بیس پر پچیس اونٹ بڑھ جائیں یعنی مجموعہ ایک سو پینتالیس اونٹ ہو جائیں تو دو حقہ اور ایک بنت مخاض واجب ہو گی، اس کے بعد ڈیڑھ سو میں تین حقہ واجب ہوں گے، اور پھر اس کے بعد دوبارہ استیناف کیا جائے گا اور ہر پانچ میں ایک بکری اور جب پچیس کا اضافہ ہو جائے یعنی کل ایک سو پچھتر ہو جائیں تو تین حقات اور ایک بنت مخاض واجب ہوں گی، اور جب چھتیس ہو جائیں یعنی کل ایک سو چھیاسی ہو جائیں تو تین حقات اور ایک بنت لبون واجب ہوں گی، اور جب چھیالیس کا اضافہ ہو جائے یعنی کل ایک سو چھیانوے ہو جائیں تو دو سو تک چار حقات واجب ہوں گے، اور پھر اس کے بعد ہمیشہ ایسے ہی استیناف کیا جائے گا جیسا ثانوی استیناف بیان ہوا۔

جو لوگ پہلے اقوال کے قائل ہیں وہ صدیق اکبرؓ کی اس روایت فَإِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَفِي كُلِّ أَرْبَعِينَ بِنْتُ لَبُونٍ وَفِي كُلِّ خَمْسِينَ حِقَّةٌ سے استدلال کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ایک سو بیس کے بعد دار ومدار اربعینات اور خمسینات پر ہے، ایک اربعینہ میں ایک بنت لبون اور ایک خمسینہ میں ایک حقہ واجب ہو گا، اس کے نیچے کوئی چیز واجب نہیں ہو گی۔

اور جو حضرات استیناف کے قائل ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہر پانچ پر ایک بکری واجب ہو گی وہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن حزمؓ نے جو کتاب الصدقات حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے اس میں استیناف کا ذکر ہے، اور وہ روایت اسحاق بن راہویہ نے اپنی مسند میں اور امام طحاوی نے معانی الآثار میں ذکر فرمائی ہے اور صحابہ میں سے حضرت علی بن ابی طالبؓ اور عبد اللہ بن مسعودؓ سے استیناف منقول ہے، علامہ ابن التین صفاقسی نے حضرت عمرؓ سے بھی نقل کیا ہے لیکن یہ غیر مشہور ہے، تابعین میں سے ابراہیم نخعی استیناف کے قائل ہیں۔

بعض احناف یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ تمہاری روایت کا منطوق تو یہ ہے کہ اربعینہ میں ایک بنت لبون اور خمسینہ میں ایک حقہ ہے اور مفہوم یہ ہے کہ اس کے ماسوا میں کچھ واجب نہیں یعنی اس کے نیچے کچھ واجب نہیں، اور ہم جس روایت سے استدلال کرتے ہیں اس کا منطوق یہ ہے کہ اس کے نیچے بھی واجب ہو، لہٰذا جب منطوق

Maktaba Tul Ishaat.com

ومفہوم میں تعارض ہوگا تو منطوق کو ترجیح ہوگی، لہذا ہمارا عمل اپنے طور پر جمع بین الروایتین پر مشتمل ہے، اس واسطے کہ استیناف کرنے کی صورت میں اربعینات وخمسینات خود بیچ میں آجاتے ہیں۔

(۵) امام ابن جریر طبری نے تخییر کا قول اختیار کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ زکاۃ دونوں طرح لی گئی ہے لہذا چاہے آدمی استیناف کرے اور چاہے اربعینات وخمسینات پر دارومدار رکھے۔

وَفِي صَدَقَةِ الغَنَمِ فِي سَائِمَتِهَا: بکریوں میں بھی زکاۃ واجب ہے اور اس کا نصاب چالیس سے ایک سو بیس تک ایک ہی ہے، یعنی ایک بکری واجب ہوگی اس میں کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے۔

البتہ روایت میں فِي سَائِمَتِهَا کی قید ہے، سائمہ کہتے ہیں اس بکری کو جو چر کر گزارا کرتی ہو، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زکاۃ سائمہ ہی پر واجب ہوگی، اور اگر علوفہ ہو تو واجب نہیں ہوگی، یہی حضرات جمہور امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کا مسلک ہے۔

لیکن امام مالک فرماتے ہیں کہ ہر بکری میں زکاۃ واجب ہوگی چاہے وہ سائمہ ہو یا علوفہ، ان کی رائے یہ ہے کہ حدیث میں سائمہ کی قید صرف اس لئے ذکر کی گئی ہے کہ بکریاں عام طور سے سائمہ ہی ملتی ہیں، وہ چرتی ہی ہیں اور چرنے ہی پر گزر کرتی ہیں، علوفہ بہت کم ملا کرتی ہیں، علامہ باجی فرماتے ہیں کہ یہی وجہ ہے کہ اونٹ میں سائمہ کی قید نہیں لگی ہوئی ہے، لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ اونٹوں میں بھی سائمہ کی قید ابوداؤد ونسائی کی ایک روایت میں وارد ہوئی ہے بهز بن حكيم عن أبيه عن جده کے طریق سے وہ روایت منقول ہے۔

إِذَا كَانَتْ أَرْبَعِينَ إِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ شَاةٌ: یہ میں بتا چکا کہ اس کا نصاب چالیس ہے اور ایک سو بیس تک ایک ہی ہے یعنی ایک بکری واجب ہے اور یہ مجمع علیہا ہے، لیکن جب ایک سو بیس سے بڑھ جائیں تو دو سو تک دو بکریاں ہیں، یہ بھی مجمع علیہا ہے، اور دو سو سے بڑھ جائیں تین سو تک تو اس میں تین بکریاں ہیں، یعنی دو سو پر دو بکریاں، اور تین سو پر تین بکریاں، اور جب تین سو پر بڑھ جائیں تو ہر سو میں ایک بکری ہے۔

اس میں اختلاف ہے کہ تین سو پر کتنی بڑھ جائیں تو ایک کا اضافہ ہوگا، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ تین سو پر اگر سو بکریاں بڑھ جائیں تو ایک بکری ہے اور اگر سو سے کم ہوں مثلاً تین سو ننانوے ہوں تو وہی تین بکریاں ہوں گی، امام احمد بن حنبل کی اس مسئلہ میں دو روایتیں ہیں، ان کی صحیح روایت جمہور کے موافق ہے، دوسری روایت یہ ہے کہ تین سو پر اگر ایک بڑھ جائے تو چار بکریاں ہو جائیں گی چار سو تک۔

Maktaba Tul Ishaat.com

پھر اس کے بعد ایک اور مسئلہ میں اختلاف ہے اور وہ یہ ہے کہ جو بکری واجب ہوگی وہ انثیٰ ہونی چاہئے یا ذکر وانثیٰ دونوں برابر ہیں؟ شافعیہ اور حنابلہ فرماتے ہیں کہ انثیٰ ہونا ضروری ہے ذکور کا دینا کافی نہیں، اور حنفیہ اور مالکیہ فرماتے ہیں ذکرھا وأنثاھا سواء۔

فَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ أَرْبَعِينَ شَاةً وَاحِدَةً: اگر کسی کی بکریاں چالیس سے کم ہوں تو اس میں صدقہ نہیں إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا مگر یہ کہ اس کا آقا چاہے۔

وَفِي الرِّقَةِ رُبُعُ الْعُشْرِ: اور چاندی میں چالیسواں ہے، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ إِلَّا تِسْعِينَ وَمِائَةً پس اگر نہ ہوں مگر ایک سو نوے تو اس میں کوئی چیز نہیں الا یہ کہ اس کا مالک چاہے، مطلب یہ ہے کہ نصاب فضہ دو سو دراہم ہیں، اگر دو سو میں کم ہوں تو پھر نصاب پورا نہیں ہوا زکاۃ واجب نہیں ہوگی، ویسے صاحب المال بطور نفل کے صدقہ دینا چاہے تو جائز ہے، اور یہ جو فرمایا فَإِنْ لَمْ تَكُنْ إِلَّا تِسْعِينَ وَمِائَةً اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ایک سو نوے پر اگر بڑھ جائیں تو وہاں زکاۃ واجب ہو جائے گی بلکہ عرب میں دستور یہ ہے کہ وہ کسور کو چھوڑ دیا کرتے ہیں لہذا ایک سو ننانوے تک زکاۃ واجب نہیں ہوگی۔

(ص ١٩٦) بَابٌ لَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَلَا تَيْسٌ إِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ

١٤٥٤. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ رَسُولَهُ ﷺ: وَلَا يُخْرَجُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَلَا تَيْسٌ إِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ.

ترجمہ: باب، اس حکم کا بیان کہ زکاۃ میں زیادہ عمر والا جانور، عیب دار جانور اور نر جانور نہیں لیا جائے الا یہ کہ عامل ان کا لینا مناسب سمجھے۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو بکرؓ نے ان کو وہ فریضہ لکھ کر دیا جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو حکم دیا تھا (اس میں یہ بھی تھا) زکاۃ میں عمر رسیدہ، عیب دار، نر جانور نہ دیئے جائیں الا یہ کہ محصل لینا چاہے۔

تشریح: صدقہ میں نہیں لی جائے گی بڑھیا اور نہ عیب دار اور نہ بکرا، مگر جس کو مصدّق چاہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مصدّق کا ضبط: مصدّق کے ضبط میں اختلاف ہے، خلاصہ کے طور پر یہ سمجھو کہ یہ باب تفعیل اور باب تفعل دونوں سے پڑھا گیا ہے، اگر باب تفعّل سے ہو تو اسم فاعل کے وزن پر مصَّدِّق بضم المیم وتشدید الصاد والدال المہملتین ہے، بمعنی صدقہ دینے والا؛ یعنی مالک، حافظ ابو موسی المدینی نے اسی طرح ضبط کیا ہے۔

اور اگر یہ باب تفعیل سے ہو تو پھر اس میں دو احتمال ہیں، یا تو یہ اسم فاعل کے وزن پر ہے یا اسم مفعول کے وزن پر، اگر اسم فاعل کے وزن پر ہے تو اس صورت میں دو احتمال ہیں، یا اس سے ساعی مراد ہو گا یعنی صدقہ وصول کرنے والا اور یہی مشہور ہے، امام شافعی، امام مالک، خطابی اور صاحب المغنی نے اسی کو اختیار کیا ہے، یا اس سے مالک مراد ہو گا اس لئے کہ مُصَدِّق کا اطلاق صدقہ دینے والے پر بھی کیا جاسکتا ہے، حق تعالیٰ فرماتے ہیں فلا صدّق ولا صلّی۔

اور اگر مفعول کے وزن پر ہو تو اس سے مراد مالک ہے جس سے صدقہ وصول کیا جائے، ابو عبید القاسم بن سلام نے اسی طرح سے ضبط کیا ہے۔

خلاصۃ الاقوال یہ ہے کہ اس کے ضبط میں تین قول ہیں، ایک قول یہ ہے کہ یہ مُصَدِّق علی وزن اسم الفاعل من باب التفعیل ہے اور اس سے مراد ساعی ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ مُصَدَّق علی وزن اسم المفعول من باب التفعیل ہے اور اس سے مراد مالک ہے ھکذا ضبطه الأکثرون، تیسرا قول یہ ہے کہ مُصَّدِّق علی وزن اسم الفاعل من باب التفعّل ہے اور اس سے مراد مالک ہے کذا ذکرہ أبو موسی المدینی، اور مُصَدِّق علی وزن اسم الفاعل بمعنی المالک ہونا یہ ایک احتمال ہے ذکرہ شیخنا۔

مصدق کی مراد: یہاں مصدق سے یا مالک مراد ہے یا ساعی، اگر مالک مراد ہے تو استثناء کا تعلق صرف آخر سے ہے اور حاصل یہ ہے کہ چونکہ بکریوں میں بکرا کم ہوتا ہے لہذا ساعی بکرا نہیں لے سکتا ہے، ہاں اگر مالک اجازت دے دے تو پھر گنجائش ہے، اور اگر مصدق سے مراد ساعی ہے تو استثناء کا تعلق تینوں سے ہے اور مطلب یہ ہے کہ صدقہ میں بڑھیا، عیب دار اور بکرا نہیں لیا جائے گا، لیکن ساعی اگر فقراء کی مصلحت سمجھتا ہے کہ انکے لینے میں فقراء کا زیادہ فائدہ ہے تو جو چاہے لے سکتا ہے، بڑھیا بھی عیب دار بھی اور بکرا بھی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٩٦) بَابُ أَخْذِ الْعَنَاقِ فِي الصَّدَقَةِ

١٤٥٥. حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ: وَاللهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا.

١٤٥٦. قَالَ عُمَرُ: فَمَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنَّ اللهَ شَرَحَ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ بِالْقِتَالِ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ.

ترجمہ: باب، زکاۃ میں چار ماہ کا بکری کا بچہ لینے کا بیان۔

تشریح: عناق بکری کا چار ماہا بچہ، امام بخاری نے اس سے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ بکری کے بچہ کا ہونا کوئی عیب نہیں ہے لہذا مصدّق صدقہ میں چھوٹا بچہ لے سکتا ہے، اسی لئے ترجمہ میں اخذ العناق فرمایا اعطاء العناق نہیں فرمایا، یعنی پہلے یہ بتلایا کہ بوڑھا جانور صدقہ میں نہ لیا جائے اب بتلاتے ہیں کہ لیکن عناق صدقہ میں لیا جاسکتا ہے اس لئے کہ عناق ہونا کوئی عیب نہیں ہے۔

نیز امام بخاری نے اس سے ایک مسئلہ اختلافیہ کی طرف اشارہ کیا ہے جو میں ماقبل میں بھی بیان کر آیا ہوں، اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی کے پاس صرف چھوٹے جانور ہوں مثلاً وسط سال میں بڑے جانور مر جائیں اور چھوٹے ہی رہ جائیں تو اب حولان حول پر آیا صغار میں زکاۃ واجب ہوگی یا نہیں ہوگی؟

امام ابو حنیفہ کی اس میں تین روایتیں ہیں اور یہ تینوں روایتیں ائمہ کے تین اقوال ہیں، (۱) امام شافعی، امام احمد فی المشہور اور قاضی ابو یوسف ارشاد فرماتے ہیں یؤخذ واحد منها اسی کو امام بخاری نے اختیار کیا ہے، (۲) امام مالک، امام زفر اور ابو بکر مروزی فرماتے ہیں یؤخذ منها ما یؤخذ من الکبار، (۳) امام ابو حنیفہ اپنے آخری قول میں اور امام محمد فرماتے ہیں لا یجب شیئ منها، امام بغوی نے شرح السنہ میں یہی امام محمد سے نقل کیا ہے۔

امام بخاری نے وجوب الزکاۃ فی الصغار پر دلیل یہ پیش کی ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے یوں فرمایا تھا واللهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا اگر وہ بکری کا چار ماہا بچہ بھی روک لیں گے تو میں اس پر بھی قتال کروں گا، اور بکری کا چار ماہا بچہ کبار میں تو واجب ہے نہیں لا محالہ صغار میں واجب ہوگا، معلوم ہوا کہ صغار میں زکاۃ واجب ہوگی و یؤخذ واحد منها۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اور حضرات مالکیہ فرماتے ہیں کَانُوا یُؤَدُّونَهَا کا مطلب ہے کَانُوا یُؤَدُّونَهَا عنها عناق روک لیں گے جس عناق کی طرف سے وہ واجب کو ادا کیا کرتے تھے۔

لیکن یہ حدیث امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے مسلک پر بالکل منطبق نہیں ہوتی ہے لا صراحة ولا تأويلاً، اس لئے حضرات احناف کو اس روایت کا جواب دینے کی ضرورت پیش آئی، چنانچہ ہمارے فقہاء کرام نے یہ جواب دیا ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے بطور مبالغہ کے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ اگر وہ لوگ تھوڑی چیز حتی کہ بکری کا ایک چھوٹا بچہ بھی روک لیں گے تو میں اس پر بھی قتال کروں گا، گویا یہ کلام تمثیلی ہے، چنانچہ دوسری روایت میں عناقاً کے بجائے عقالاً کا لفظ وارد ہوا ہے اور رسی زکاۃ میں واجب نہیں ہوتی ہے، تو جیسے وہ روایت مبالغہ پر محمول ہے ایسے ہی یہ روایت بھی مبالغہ پر محمول ہے، اور اس کی تائید میں حنفیہ نے یہ دلیل پیش کی ہے کہ حضرت عمرؓ فرماتے تھے أعدّوا عليهم السخلة ولا تأخذها۔

(ص ١٩٦) بَاب لَا تُؤْخَذُ كَرَائِمُ أَمْوَالِ النَّاسِ فِي الصَّدَقَةِ

١٤٥٧. حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا عَلَى الْيَمَنِ قَالَ: إِنَّكَ تَقْدَمُ عَلَى قَوْمِ أَهْلِ كِتَابٍ فَلْيَكُنْ أَوَّلَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ عِبَادَةُ اللهِ، فَإِذَا عَرَفُوا اللهَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي يَوْمِهِمْ وَلَيْلَتِهِمْ، فَإِذَا فَعَلُوا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ زَكَاةً تُؤْخَذُ مِنْ أَمْوَالِهِمْ وَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ، فَإِذَا أَطَاعُوا بِهَا فَخُذْ مِنْهُمْ وَتَوَقَّ كَرَائِمَ أَمْوَالِ النَّاسِ.

ترجمہ: باب، زکاۃ میں لوگوں کے اعلیٰ درجہ کے اموال نہ لئے جائیں۔

تشریح: کرائم جمع ہے کریمة کی، کریمہ کہتے ہیں نفیس کو، مقصد یہ ہے کہ صدقہ میں لوگوں کے نفیس اموال نہ لئے جائیں اس لئے کہ اس میں ارباب اموال کا نقصان ہوگا بلکہ بیچ بیچ کی راہ لینی چاہئے تاکہ نہ بیت المال کا نقصان ہو اور نہ ارباب اموال کا نقصان ہو، اور فی الصدقة کی قید مصنف نے اس لئے لگائی ہے کہ غیر صدقہ میں تو لوگوں کے اموال لینے کی مطلقاً اجازت نہیں لا كريمة ولا خسيسة۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٩٦) باب ليس فيما دون خمس ذود صدقة

١٤٥٨. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ الْمَازِنِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْإِبِلِ صَدَقَةٌ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ پانچ اونٹوں سے کم میں زکاۃ واجب نہیں۔

روایت کا ترجمہ باب ما أدی زکاته فلیس بکنز میں گزر چکا۔

تشریح: امام بخاری نے جو ترجمہ منعقد فرمایا ہے وہ مجمع علیہا ہے کہ پانچ اونٹ سے کم میں زکاۃ واجب نہیں ہوگی، لیکن یہاں اشکال یہ ہے کہ امام بخاری نے صفحۂ گزشتہ پر باب زکاۃ الابل کا ترجمہ منعقد فرمادیا تھا اور اس سے معلوم ہوگیا تھا کہ ابل میں زکاۃ واجب ہے اب یہاں دوسرے الفاظ میں پھر ترجمہ کا اعادہ کیوں فرمایا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری نے باب زکاۃ الإبل میں یہ بتلایا تھا کہ ابل میں زکاۃ واجب ہے اور یہاں یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ کتنے میں واجب ہے؟ بتلا دیا کہ پانچ سے کم میں واجب نہیں، معلوم ہوا کہ پانچ میں زکاۃ واجب ہے، اور ہو سکتا ہے کہ یہ ترجمہ زکاۃ ابل اور زکاۃ غنم دونوں کے بعد اس لئے ذکر فرمادیا ہو کہ اس ترجمہ کا تعلق دونوں ہی سے ہے اس واسطے کہ پانچ اونٹوں میں بکری واجب ہوتی ہے تو اس کا تعلق ابل سے بھی ہوا اور غنم سے بھی ہوا۔

(ص ١٩٦) باب زكاة البقر

وقال أبو حميد: قال النبي ﷺ: لأعرفن ما جاء الله رجل ببقرة لها خوار ويقال جؤار، ﴿يَجْـَٔرُونَ﴾ يرفعون أصواتهم كما تجأر البقرة.

١٤٥٩. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ يَعْنِي النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ أَوْ وَالَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ - أَوْ كَمَا حَلَفَ - مَا مِنْ رَجُلٍ تَكُونُ لَهُ إِبِلٌ أَوْ بَقَرٌ أَوْ غَنَمٌ لَا يُؤَدِّي حَقَّهَا إِلَّا أُتِيَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَا تَكُونُ وَأَسْمَنَهُ تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا كُلَّمَا جَازَتْ أُخْرَاهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ أُولَاهَا حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

رَوَاهُ بُكَيْرٌ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

ترجمہ: باب، گائے کی زکاۃ کا بیان۔

ابو حمید ساعدیؓ نے نقل کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں بالضرور تمہیں وہ شخص دکھاؤں گا جو اپنی گائے کو اٹھا کر لائے گا اور وہ گائے آواز کر رہی ہوگی، روایت میں جو خُوَاز کا لفظ ہے اسے جُؤَاز بھی کہا جاتا ہے، سورۂ مؤمنون میں جو تَجْأَرُونَ ہے اس کے معنی آواز بلند کرنے کے ہیں کہ نافرمان لوگ اپنی آوازوں کو گائے کے چلانے کی مانند بلند کرتے ہوں گے۔

حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ میں آپ ﷺ کی خدمت میں پہنچا آپ نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یا یہ فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں یا آپ نے کوئی اور قسم کھائی پھر فرمایا کہ جس کسی کی ملکیت میں اونٹ یا گائے یا بکری ہوں اور وہ ان کا حق ادا نہ کرے تو یقیناً قیامت کے دن ان جانوروں کو لایا جائے گا اس حال میں کہ وہ خوب بڑے اور زیادہ سے زیادہ موٹے ہوں گے، وہ ان کو اپنے پاؤں سے روندیں گے اور اپنے سینگوں سے ماریں گے، جب آخری جانور گزر چکے گا تو پہلے والے کو لوٹایا جائے گا یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے۔

اس روایت کو بکیر نے عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ کے طریق سے بیان کیا ہے۔

تشریح: یہ باب گائے کی زکاۃ کے بیان میں ہے، جیسے ابل و غنم میں زکاۃ واجب ہے ایسے ہی گائے میں بھی زکاۃ واجب ہے، امام بخاری نے اس کے وجوب پر دلیل یہ پیش کی ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے زکاۃ کا حق ادا نہ کرنے والے پر وعید بیان فرمائی ہے کہ قیامت کے دن گائے آئے گی اور اس کو سینگ سے مارے گی، اگر اس میں زکاۃ واجب نہ ہوتی تو اس کے ذریعہ سے صاحب المال کو عذاب کیوں دیا جاتا؟

مگر علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ یہ استدلال ایک اور مقدمہ پر مبنی ہے اور وہ یہ کہ گائے اور مال میں زکاۃ کے علاوہ کوئی اور حق واجب نہیں ہے، اس کا جواب یہ دیا جاسکتا ہے کہ یہ تو مجمع علیہا مسئلہ ہے کہ دائمی حق سوائے زکاۃ کے کوئی اور نہیں ہے اور وقتی حقوق تو مختلف اوقات میں مختلف اعتبارات سے واجب ہوتے ہی ہیں۔

امام بخاری نے زکاۃ بقر کا ترجمہ زکاۃ ابل اور زکاۃ غنم کے بعد کیوں ذکر کیا ہے؟ یہ ایک سوال ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اصل میں ابل اہل عرب کے یہاں اشرف الاموال ہے اور غنم کثیر الوقوع والوجود ہے لہذا پہلے زکاۃ الابل کا ترجمہ منعقد فرمایا مال شریف ہونے کی وجہ سے اور پھر غنم کا ترجمہ منعقد فرمایا کہ وہ کثرت سے پائی جاتی ہیں، اور بقر ان کے یہاں قلیل الوجود ہے اس لئے سب سے آخر میں اس کا ترجمہ رکھا۔

پھر دوسرا سوال یہ ہے کہ امام بخاری نے زکاۃ البقر کا کوئی نصاب ذکر نہیں کیا، اس کا جواب یہ ہے کہ نصاب

Maktaba Tul Ishaat.com

بقر کے سلسلہ میں جو روایتیں ابوداؤد وغیرہ میں وارد ہوئی ہیں کہ تیس میں ایک تبیع اور چالیس میں ایک مسن واجب ہوگا وہ امام بخاری کی شرط کے مطابق نہیں تھیں اس لئے امام بخاری نے اس کا کوئی تذکرہ نہیں کیا۔

لَأَعْرِفَنَّ مَاجَاءَ اللّٰہَ رَجُلٌ بِبَقَرَۃٍ لَھَا خُوَارٌ: میں پہچانوں گا اس حالت پر کہ آدمی آئے گا گائے کو لیکر اس کی آواز ہوگی، ابوحمید ساعدیؓ کی یہ روایت مصنف نے یہاں پر معلقاً ذکر فرمائی ہے۔

وَیُقَالُ جُؤَارٌ: مطلب یہ ہے کہ صوت بقرہ پر خوار کا بھی اطلاق ہوتا ہے اور جؤار بالجیم کا بھی، اور چونکہ لفظِ جؤار آگیا تھا تو ایک دم امام بخاری کا ذہن تَجأَرُونَ کی طرف منتقل ہوگیا جو قرآن کا لفظ ہے اور اس کی شرح فرمادی تَرْفَعُونَ أَصْوَاتَکُمْ۔

کُلَّمَا جَازَتْ أُخْرَاھَا رُدَّتْ عَلَیْہِ أُوْلَاھَا: جب جب آخری گزر جائے گا تو پہلے کو اس پر لوٹا دیا جائے گا، مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں واقع ہوا ہے کلما مرّ علیہ أولاھا ردّ علیہ أخراھا جب جب اولیٰ گزر جائے گا اخریٰ کو اس پر لوٹا دیا جائے گا، مسلم کی یہ روایت بخاری کی ابوذرؓ والی اِس روایت کے معارض ہے، قاضی عیاض اور ان کی اتباع میں امام نووی فرماتے ہیں کہ ابوہریرہؓ کی روایت میں تصحیف واقع ہوگئی ہے، علامہ تورپشتی نے شرح مصابیح میں اسی کو اختیار کیا ہے اور ان کے طرز بیان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہم اس کے راوی سہیل بن ابی صالح کو ہوا ہے۔

لیکن علامہ طیبی اور علامہ قرطبی نے اس کی توجیہ فرمائی ہے، خلاصہ یہ ہے کہ جب ایک دور پورا ہو جائے گا تو جو جانور پیچھے ہوگا وہ آگے کر دیا جائے گا اور جو آگے ہوگا وہ پیچھے کر دیا جائے گا یعنی رخ بدل جائے گا، تو اب پیچھے والا لوٹ پڑے گا، اور یہ اس لئے کیا جائے گا تاکہ اس شخص کو تکلیف زیادہ ہو مثلاً پہلی مرتبہ دور شروع ہوا تھا دائیں طرف سے تو اب دور شروع ہوگا بائیں طرف سے۔

رَوَاہُ بُکَیْرٌ عَنْ أَبِي صَالِحٍ: بکیر کی یہ روایت امام مسلم نے اپنی صحیح میں تخریج فرمائی ہے لیکن اس کے پورے لفظ کو ذکر نہیں کیا ہے بلکہ اس کے لفظ کا حوالہ ڈال دیا ہے سہیل بن ابی صالح کی روایت پر جو انہوں نے اپنے باپ ابوصالح سے روایت کی ہے، البتہ امام بیہقی نے سنن کبیر میں بکیر کی یہ روایت مکملاً و مفصلاً ذکر فرمائی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ١٩٧) بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الْأَقَارِبِ

وقال النبي ﷺ: له أجران القرابة والصدقة.

١٤٦٠. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ أَبُو طَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِينَةِ مَالاً مِنْ نَخْلٍ وَكَانَ أَحَبَّ أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ بَيْرُحَاءَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيهَا طَيِّبٍ، قَالَ أَنَسٌ: فَلَمَّا أُنْزِلَتْ هَذِهِ الآيَةُ ﴿لَن تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ﴾ قَامَ أَبُو طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَقُولُ ﴿لَن تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ﴾ وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِي إِلَيَّ بَيْرُحَاءَ وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلَّهِ أَرْجُو بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللهِ فَضَعْهَا يَا رَسُولَ اللهِ حَيْثُ أَرَاكَ اللهُ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: بَخٍ ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِينَ، فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: أَفْعَلُ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَسَمَهَا أَبُو طَلْحَةَ فِي أَقَارِبِهِ وَبَنِي عَمِّهِ.

تَابَعَهُ رَوْحٌ.　　وَقَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَإِسْمَاعِيلُ عَنْ مَالِكٍ: رَايِحٌ - بِالْيَاءِ.

١٤٦١. حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي زَيْد بن أسلم عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِي أَضْحَى أَوْ فِطْرٍ إِلَى الْمُصَلَّى ثُمَّ انْصَرَفَ فَوَعَظَ النَّاسَ وَأَمَرَهُمْ بِالصَّدَقَةِ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ تَصَدَّقُوا فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَإِنِّي أُرِيتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ، فَقُلْنَ وَبِمَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ، مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِينٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ إِحْدَاكُنَّ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمَّا صَارَ إِلَى مَنْزِلِهِ جَاءَتْ زَيْنَبُ امْرَأَةُ ابْنِ مَسْعُودٍ تَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ هَذِهِ زَيْنَبُ، فَقَالَ: أَيُّ الزَّيَانِبِ؟ فَقِيلَ: امْرَأَةُ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: نَعَمِ ائْذَنُوا لَهَا، فَأُذِنَ لَهَا، قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللهِ إِنَّكَ أَمَرْتَ الْيَوْمَ بِالصَّدَقَةِ وَكَانَ عِنْدِي حُلِيٌّ لِي فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهِ فَزَعَمَ ابْنُ مَسْعُودٍ أَنَّهُ وَوَلَدَهُ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَلَيْهِمْ؟ فَقَالَ رسول الله ﷺ: صَدَقَ ابْنُ مَسْعُودٍ زَوْجُكِ وَوَلَدُكِ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتِ بِهِ عَلَيْهِمْ.

ترجمہ:　　باب،　　رشتہ داروں کو زکاۃ دینے کا بیان۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اس کو دو اجر ملیں گے صلہ رحمی کا اجر اور صدقہ کا اجر۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو طلحہؓ کھجور کے باغات کے لحاظ سے مدینہ منورہ میں تمام انصار سے زیادہ مالدار تھے، ان کا سب سے محبوب مال بیر حاء نام کا باغ تھا جو کہ مسجد نبوی کے بالمقابل تھا، رسول اللہ ﷺ اس میں تشریف لے جاتے تھے اور اس کا عمدہ پانی نوش فرماتے تھے، حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ جب یہ آیت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ کہ تم نیکی کا کامل درجہ اس وقت تک حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ اس مال میں سے خرچ نہ کرو جس کو تم عزیز رکھتے ہو نازل ہوئی تو حضرت ابو طلحہؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کہ تم نیکی کا کامل درجہ اس وقت تک حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ اس مال میں سے خرچ نہ کرو جو تم کو پسند ہے، اور میرے مال میں بیر حاء باغ مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے صدقہ ہے میں اللہ تعالیٰ کے یہاں اس کے ثواب کی اور اس کے ذخیرہ ہونے کی امید کرتا ہوں، یا رسول اللہ! اب آپ اسے اس مصرف میں خرچ فرمائیں جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ آپ کے قلب میں القاء فرمائیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ واہ! وہ بڑے کام کا مال ہے، وہ بڑے کام کا مال ہے، میں نے تمہاری بات سن لی ہے اور میری رائے یہ ہے کہ تم اسے اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کر دو، حضرت ابو طلحہؓ نے کہا کہ یا رسول اللہ! میں ایسا ہی کروں گا چنانچہ ابو طلحہؓ نے وہ باغ اپنے رشتہ داروں میں اور چچازاد بھائیوں میں تقسیم کر دیا۔

روح نے عبد اللہ بن یوسف کی متابعت کی ہے، یحیٰ بن یحیٰ اور اسماعیل نے امام مالک سے رَابِحٌ کی جگہ رَایِحٌ (یعنی بے مشقت آمدنی) کا لفظ روایت کیا ہے۔

دوسری روایت کا ترجمہ باب ترک الحائض الصوم میں گزر چکا، البتہ اگلے حصہ کا ترجمہ یہ ہے۔

پھر آپ ﷺ وہاں سے فارغ ہو کر اپنے گھر تشریف لائے تو حضرت ابن مسعودؓ کی زوجہ زینب آئیں اور حضور ﷺ سے اجازت طلب کی، آپ ﷺ کو خبر دی گئی کہ یا رسول اللہ! یہ زینب آئی ہیں، آپ نے فرمایا کہ کون سی زینب؟ بتایا گیا کہ ابن مسعودؓ کی اہلیہ، آپ نے فرمایا کہ ان کو اجازت دے دو، ان کو اجازت دی گئی تو انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! آپ نے آج صدقہ کا حکم دیا، میرے پاس میرا زیور تھا میں نے ارادہ کیا کہ صدقہ کروں تو ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جن کو میں یہ زیور صدقہ میں دینا چاہتی ہوں ان میں وہ اور ان کی اولاد سب سے زیادہ مستحق ہیں، نبی کریم ﷺ نے فرمایا ابن مسعود نے صحیح کہا، تمہارے شوہر اور تمہاری اولاد ان میں سب سے زیادہ مستحق ہیں جن کو تم صدقہ میں یہ مال دینا چاہتی ہو۔

تشریح: یہ باب اقارب پر زکاۃ صرف کرنے کے بیان میں ہے۔

اقارب الرجل کون کہلاتے ہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔

(۱) امام مالک فرماتے ہیں کہ اقارب کا اطلاق عصبات پر ہوتا ہے۔

(۲) امام شافعی فرماتے ہیں کہ انسان کے اقارب اس کے اعزاء کہلاتے ہیں چاہے وہ قریب ہوں یا بعید،

Maktaba Tul Ishaat.com

وارث ہوں یا غیر وارث، مؤمن ہوں یا کافر۔

(۳) امام احمد بن حنبل کی اس مسئلہ میں دو روایتیں ہیں، ایک روایت امام شافعی کے موافق ہے لیکن انہوں نے کافر کو خارج فرمادیا ہے، اور دوسری روایت یہ ہے کہ جو لوگ چوتھے باپ میں جمع ہو جاتے ہوں وہ سارے کے سارے اقارب الرجل کہلاتے ہیں، چوتھا باپ کون ہوگا؟ سکڑ دادا، یا یوں کہہ لو کہ دادا کا دادا، اور یہی ان کے یہاں مشہور قول ہے۔

(۴) امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اقارب الرجل ہر ذی رحم محرم ہے چاہے باپ کی طرف سے ہو چاہے ماں کی طرف سے ہو۔

(۵) صاحبین فرماتے ہیں کہ پہلے مسلمان ہونے والے شخص کی جتنی اولاد ہیں وہ سب کی سب اقارب میں داخل ہیں لہذا اسلام میں جو اس خاندان کا مورث اعلیٰ ہوگا اس کی ساری اولاد اقارب کہلائے گی۔

اب اس کے بعد مسئلہ سنئے! اقارب کو زکاۃ دینے کا حکم کیا ہے؟

والدین اور اولاد کو مطلقاً زکاۃ دینا جائز نہیں چاہے بالواسطہ ہوں یا بلاواسطہ ہوں، لہذا ماں باپ کو زکاۃ نہیں دے سکتے ہیں ایسے ہی دادا دادی کو بھی زکاۃ نہیں دی جاسکتی ہے، اسی طرح بیٹے اور بیٹی کو زکاۃ نہیں دے سکتے ہیں ایسے ہی پوتا پوتی اور نواسے نواسی کو بھی زکاۃ نہیں دی جاسکتی ہے، اس کے ماسوا میں تھوڑا سا اختلاف ہے۔

جمہور علماء جس میں امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور مالک بھی ہیں فرماتے ہیں کہ مطلقاً ہر شخص کو زکاۃ دی جاسکتی ہے چاہے وارث ہو یا غیر وارث، امام احمد غیر وارث میں تو یہی فرماتے ہیں لیکن وارث کے باب میں ان کی دو روایتیں ہیں، ایک جواز کی اور دوسری عدم جواز کی، امام بخاری کی رائے یہ معلوم ہوتی ہے کہ مطلقاً اقارب کو زکاۃ دی جاسکتی ہے انہوں نے اصول وفروع وغیرہ میں کوئی تفصیل نہیں فرمائی ہے، اب بہت ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ چونکہ اصول وفروع کا مسئلہ اجماعی ہے لہذا وہ تو اجماع کے قاعدہ سے مستثنیٰ ہو جائیں گے اس کے علاوہ میں امام بخاری تعمیم کے قائل ہیں اور اس صورت میں امام بخاری جمہور علماء کے ساتھ ہو جائیں گے۔

امام بخاری نے اس باب میں دو روایتیں ذکر کی ہیں اور دونوں روایتوں میں صدقہ کا تذکرہ وارد ہوا ہے۔

صدقہ سے کیا مراد ہے؟　　صدقہ کا لفظ زکاۃ سے اعم پر استعمال کیا جاتا ہے، زکاۃ مال کے حق واجب

Maktaba Tul Ishaat.com

کو کہتے ہیں اور صدقہ کیلئے واجب ہونا ضروری نہیں، امام نے ان دونوں روایتوں سے اپنا مدعا کیسے ثابت فرمایا؟

علامہ عینی نے اس جھگڑے کا آسان حل یہ نکالا کہ امام بخاری نے یہاں پر زکاۃ کو معنیٔ شرعی میں استعمال نہیں کیا ہے بلکہ اس سے وہ مال مراد لیا ہے جو محتاج کی حاجت دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، انہیں تو اب کسی اشکال کے جواب دینے کی حاجت ہی نہیں رہی اس لئے کہ ان کے نزدیک زکاۃ علی الاقارب کا مطلب یہ ہے کہ اقارب کو ضرورت ہو تو ان کو مال دیا جائے گا۔

مگر واقعہ یہ ہے کہ امام بخاری کا ترجمہ علامہ عینی کی توجیہ سے جوڑ نہیں کھاتا ہے، لفظ زکاۃ جب بولا جاتا ہے تو مال کے حق واجب پر بولا جاتا ہے اس لئے بہر حال امام بخاری کے ترجمہ کی توجیہ کی ضرورت ہے، ہمارا خیال یہ ہے کہ امام بخاری پر کوئی اشکال نہیں، ان کا طرز استدلال عام اہل اصول اور فقہاء کرام کے طرز سے بالکل جداگانہ ہے، وہ مطلقات کو عمومات کی جگہ میں استعمال کرتے ہیں اور محتملات سے استدلال کیا کرتے ہیں، لہذا ہوسکتا ہے کہ امام بخاری نے لفظ صدقہ اور انفاق کے عموم سے اپنا مدعا ثابت کیا ہو اس لئے کہ یہ اپنے عموم کی وجہ سے واجب اور غیر واجب دونوں کو شامل ہے۔

لَهُ أَجْرَانِ أَجْرُ الْقَرَابَةِ وَالصَّدَقَةِ: امام بخاری نے جس روایت کی طرف اشارہ کیا ہے وہ آگے ص ۱۹۸ پر موصولاً آرہی ہے، بخاری اس سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ عزیز و قریب کو صدقہ دیا جاسکتا ہے اور اس سے دو فائدے حاصل ہوں گے، ایک صدقہ دینے کا اور دوسرے صلہ رحمی کا، لیکن جمہور علماء اس کو صدقۂ نافلہ پر محمول کرتے ہیں۔

كَانَ أَبُو طَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِينَةِ مَالاً: فرماتے ہیں حضرت انسؓ کہ ابو طلحہؓ مدینہ میں کثیر المال انسان تھے اور پھر مال کا بیان آگے نخل سے کیا ہے یعنی ان کے پاس نخیل کا بہت بڑا باغ تھا اور سب سے زیادہ عمدہ باغ اور محبوب باغ باغ بیر حاء تھا۔

بَيْرُ حَاءَ: علامہ ابن اثیر جزری نے اس میں پانچ ضبط نقل کئے ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ باء کا فتحہ اور کسرہ اور راء کا فتحہ اور ضمہ دونوں جائز ہیں، اور دو کو دو میں ضرب دینے سے چار صورتیں نکلیں گی، بَيْرَحَاءَ، بَيْرُحَاءَ، بِيْرَحَاءَ، بِيْرُحَاءَ، اور ہر صورت میں الف ممدودہ ہوگا، اور پانچویں لغت ہے بَيْرَحا، بفتح الباء والراء والألف المقصورة، علامہ صغانی اور زمخشری نے اسی کو اختیار کیا ہے اور یہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ براح سے ماخوذ ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

اور براح کہتے ہیں ارض ظاہرہ یعنی کھلی ہوئی زمین کو۔

فَلَمَّا أُنْزِلَتْ هَذِهِ الآيَةُ: جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت ابو طلحہؓ کھڑے ہوئے اور رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ اور میرا سب سے قیمتی مال اور محبوب مال باغ بیر حاء ہے میں اللہ کے لئے اس کو صدقہ کرتا ہوں اس کی نیکی اور ذخیرہ کی امید کرتا ہوں۔

علامہ ابن رشید کہتے ہیں کہ امام بخاری کا ترجمہ لفظ نفقہ سے لیا جاسکتا ہے اس لئے کہ وہ فرض و تطوع دونوں کو شامل ہے، ابو طلحہؓ نے ایک فرد میں عمل کیا دوسرا دوسرے فرد میں عمل کر سکتا ہے، رسول پاک ﷺ نے جب ابو طلحہؓ کی بات سنی کہ وہ یہ فرما رہے ہیں وَإِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِي إِلَيَّ بَيْرُ حَاءَ وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلَّهِ إلخ تو آپ نے فرمایا ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِينَ یہ تو بڑا نفع والا مال ہے، یہ تو بڑا نفع والا مال ہے، میری رائے ہے کہ تم اس کو اپنے اقارب میں صرف کردو۔

رَابِحٌ: یہاں پر باء موحدہ کے ساتھ عبد اللہ بن یوسف کی روایت میں واقع ہوا ہے، لیکن امام بخاری نے آگے چل کر ص ٣٨٨ پر تصریح کی ہے کہ عبد اللہ بن یوسف کی روایت میں رَايِحٌ بالياء المثناة التحتانية ہے، اب معلوم نہیں کہ یہاں کسی راوی کو وہم ہوا ہے یا امام بخاری ہی کو وہم ہوا ہے۔

تَابَعَهُ رَوْحٌ: تابعہ کی ضمیر عبد اللہ بن یوسف کی طرف لوٹ رہی ہے اور بخاری کا مطلب یہ ہے کہ ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ بالباء الموحدة نقل کرنے میں روح نے عبد اللہ بن یوسف کی متابعت کی ہے، لیکن یحیی بن یحیی اور اسماعیل بن ابی اویس جب یہی روایت مالک سے نقل کرتے ہیں تو رَايِحٌ بالياء المثناة التحتانية نقل کرتے ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بخاری عبد اللہ بن یوسف کی روایت میں رَابِحٌ بالموحدة سمجھ رہے ہیں لیکن آئندہ ص ٣٨٨ پر یہی روایت آئے گی وہاں پر بخاری تصریح کریں گے کہ عبد اللہ بن یوسف کی روایت میں رَايِحٌ بالمثناة التحتانية واقع ہوا ہے، اس لئے غالب یہ ہے کہ امام بخاری ہی کو وہم ہوا ہے۔

روح کی روایت کے بارے میں حافظ ابن حجر فتح الباری میں لکھتے ہیں وصله المصنف فی البیوع، معلوم نہیں کہاں پر ہے بیوع میں، ہم نے تلاش کی ہمیں نہیں ملی۔

وَقَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَإِسْمَاعِيلُ عَنْ مَالِكٍ: یحیی بن یحیی کی روایت کتاب الوکالۃ میں آرہی ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

اور اسماعیل بن ابی اویس کی روایت کتاب التفسیر میں آرہی ہے۔

فَلَمَّا صَارَ إِلَى مَنْزِلِهِ: جب آپ ﷺ اپنے مکان پر تشریف لائے تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی اہلیہ زینبؓ آئیں، حضرت سے کہا گیا کہ زینب ہے، فرمایا کہ کون سی زینب؟ اس نام کی تو بہت سی عورتیں ہیں، کہا گیا کہ عبداللہ بن مسعودؓ کی اہلیہ، فرمایا کہ اجازت دے دو، اجازت دی گئی وہ اندر داخل ہوئیں کہنے لگیں یا رسول اللہ! آج آپ نے صدقہ کا حکم دیا میرے پاس میرے زیورات ہیں میں نے صدقہ کا ارادہ کر لیا تھا ابن مسعودؓ کہنے لگے کہ وہ اور ان کے بچے زیادہ حقدار ہیں، آنحضرت ﷺ نے فرمایا صَدَقَ ابْنُ مَسْعُودٍ، زَوْجُكِ وَوَلَدُكِ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتِ بِهِ عَلَيْهِمْ۔

زوجک وولدک سے امام بخاری نے صدقہ علی الاقارب کا مسئلہ اخذ فرمایا ہے، اس واسطے کہ لفظ صدقہ اپنے عموم میں نفل اور فرض دونوں کو شامل ہے اور امام بخاری اس طرح کا استدلال کیا ہی کرتے ہیں یہاں بھی وہی استدلال چلے گا، اگرچہ جمہور علماء اس طرح کے استدلالات کو قوی تسلیم نہیں کرتے ہیں۔

زوجک سے ایک مسئلہ اور بھی معلوم ہوا اور وہ یہ ہے کہ عورت اپنے خاوند کو زکاۃ دے سکتی ہے، یہ مسئلہ آئندہ آرہا ہے اور مصنف نے اس پر مستقل ترجمہ منعقد کیا ہے۔

(ص ١٩٧) بَاب لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهِ صَدَقَةٌ

١٤٦٢۔ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهِ وَغُلَامِهِ صَدَقَةٌ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ مسلمان پر اس کے گھوڑے میں زکاۃ نہیں ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان پر اس کے گھوڑے اور غلام میں زکاۃ نہیں ہے۔

تشریح: امام بخاری نے دو ترجمے منعقد کئے ہیں ایک یہ اور دوسرا بَاب لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ صَدَقَةٌ اور دونوں کے ذیل میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهِ وَغُلَامِهِ صَدَقَةٌ ذکر فرمائی ہے، اس حدیث کی بناء پر بعض ظاہر یہ کہتے ہیں کہ غلاموں اور فرس میں مطلقاً زکاۃ واجب نہیں ہے حتی کہ وہ تجارت ہی کے لئے کیوں نہ ہوں، لیکن جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اگر وہ تجارت کے لئے ہوں تو ان میں زکاۃ

Maktaba Tul Ishaat.com

واجب ہو گی اور ابن منذر نے اس پر اجماع بھی نقل کیا ہے۔

پھر اگر یہ دونوں خدمت کے لئے ہوں مثلاً غلام کام کرنے کے لئے رکھا گیا ہے اور گھوڑا جہاد کے لئے یا اور کوئی کام سواری وغیرہ کے لئے تو بالاتفاق اس پر زکاۃ واجب نہیں ہو گی، غلاموں میں تو اور کوئی تیسری صورت متصور نہیں، یا تجارت کا ہو سکتا ہے یا خدمت کا۔

البتہ فرس میں ایک تیسری صورت بھی ممکن ہے کہ ویسے ہی شوق کے طور پر گھوڑے پالے جائیں نسل بڑھانے کے لئے، اس میں اختلاف ہے کہ گھوڑے کی اس قسم ثالث میں زکاۃ واجب ہو گی یا نہیں؟

ائمۂ ثلاثہ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ اس میں زکاۃ واجب نہیں ہو گی۔

ابراہیم نخعی اور ان کے تلمیذ حماد بن سلیمان اور ان کے تلمیذ امام ابو حنیفہ اور ان کے تلمیذ امام زفر فرماتے ہیں کہ گھوڑے میں زکاۃ واجب ہو گی، یا ہر گھوڑے کی طرف سے ایک دینار دیا جائے یا قیمت لگا کر دو سو درہم کے حساب سے زکاۃ دی جائے، پھر اگر ذکور واناث مخلوط ہوں تو بلا اختلاف امام صاحب کے نزدیک زکاۃ واجب ہو گی لیکن اگر ذکور واناث مخلوط نہ ہوں تو اس میں دو روایتیں ہیں ایک وجوب اور دوسری عدم الوجوب کی۔

حضرات ائمۂ ثلاثہ اور جمہور علماء نے باب کی حدیث سے استدلال کیا ہے۔

احناف یوں کہتے ہیں کہ گھوڑے میں زکاۃ کا وجوب بعض روایات مرفوعہ دار قطنی و بیہقی میں وارد ہوا ہے، مگر ان روایات کا ثبوت نہیں ہے، ضعیف، نہایت کمزور اور نا قابل استدلال روایات ہیں، ہاں بعض صحابۂ کرام سے گھوڑے کی زکاۃ لینا نقل کیا گیا ہے، امام مالک نے مؤطا میں سائب بن یزید سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے گھوڑے کی زکاۃ لی ہے، اور امام احمد، طحاوی، طبرانی، حاکم اور دار قطنی نے حارثہ بن مضرب سے ایک روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمرؓ کی خدمت میں اہل شام آئے اور انہوں نے کہا امیر المؤمنین ہمارے پاس گھوڑے ہیں ہم ان کی زکاۃ آپ کو دینا چاہتے ہیں، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ مجھ سے پہلے صاحبین (رسول اللہ ﷺ اور صدیق اکبرؓ) نے تو زکاۃ نہیں لی میں لوں گا؟ اور پھر صحابہ سے مشورہ کیا، حضرات صحابۂ کرام نے حضرت عمرؓ کی رائے کی تصویب کی اور کہا أحسن، حضرت علیؓ خاموش تھے تو حضرت عمرؓ نے ان کی رائے معلوم کی تو فرمایا کہ ہاں لینے میں کوئی حرج نہیں ہے إِنْ لَمْ يَكُنْ جِزْيَةً رَاتِبَةً يُؤْخَذُونَ بِهَا بَعْدَكَ یہ جزیہ راتبہ نہ بن جائے کہ بعد میں بھی ان سے وصول کیا جائے، اسی طرح مصنف عبد الرزاق میں حضرت عمرؓ اور عثمانؓ کا گھوڑوں کی زکاۃ لینا منقول ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مگر واقعہ یہ ہے کہ ان آثار سے یہ تو ضرور نکلتا ہے کہ گھوڑوں کی زکاۃ لی گئی لیکن زکاۃ کے اندر جو تحتّم اور وجوب کی شان ہے وہ ان آثار سے ثابت نہیں، حضرت علیؓ جو زکاۃ کا مشورہ دینے والے ہیں حضرت عمرؓ کو کہہ رہے ہیں إِنْ لَمْ یَکُنْ جِزْیَةً رَاتِبَةً یُؤخَذُونَ بِهَا بَعْدَكَ، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واجبی مطالبہ نہیں ہے، اور واقعہ بھی یہی معلوم ہوتا ہے۔

ہمارے فقہاء کا اس میں اختلاف بھی ہے کہ آیا صاحبین کا قول ارجح اور مفتی بہ ہے یا امام صاحب کا؟

شمس الائمہ سرخسی اور صاحب التحفہ اور محقق ابن ہمام وغیرہ نے امام ابو حنیفہ کے قول کو راجح قرار دیا ہے، ابن ہمام وغیرہ نے امام اعظم کی طرف سے دلیل میں ایک روایت بھی پیش کی ہے جس میں یہ وارد ہوا ہے کہ گھوڑے تین آدمیوں کیلئے ہیں لِرَجُلٍ أَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَعَلَى رَجُلٍ وِزْرٌ پھر اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے اس شخص کا تذکرہ کیا گیا ہے جس کے لئے گھوڑا ستر بنتا ہے وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَسِتْرًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ يَنْسَ حَقَّ اللهِ فِي رِقَابِهَا وَظُهُورِهَا یہ رقاب میں کون سا حق اللہ ہے جو آدمی پر واجب ہے؟ وہ یہی زکاۃ ہے۔

لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس روایت سے علی التنصیص وجوب کو اخذ کرنا بڑا دشوار کام ہے، ہو سکتا ہے کہ اس سے حق حتمی اور واجب مراد نہ ہو بلکہ حق مندوب و مستحب مراد ہو، جیسے غسل یوم جمعہ کے بارے میں واجب ہونے کا لفظ حضرت ابن عمرؓ سے ثابت ہے اور اس کی توجیہ و تاویل ندب واستحباب کے ساتھ کی جاتی ہے ایسے ہی یہاں پر بھی یہ توجیہ ہو سکتی ہے۔

چونکہ یہ دلائل قوی نہیں تھے اسلئے احناف کی ایک جماعت نے صاحبین کے قول کو اقویٰ وارجح قرار دیا ہے چنانچہ امام طحاوی نے صاحبین ہی کے قول کو راجح کہا ہے، قاضی خان کہتے ہیں قالوا: الفتوی علی قولھما اسی طرح ابوزید دبوسی نے کتاب الاسرار میں صاحبین ہی کے قول کو ارجح کہا ہے اور ان شاء اللہ یہی ارجح ہے۔

امام بخاری کی طرف سے صحیحین کی روایت کی یہ تاویل کی گئی ہے کہ اس سے فرس الغازی مراد ہے، یہ تاویل بعض فقہاء حنفیہ نے حضرت زید بن ثابتؓ سے نقل کی ہے، لیکن یہ نقل پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی ہے، کسی نے حضرت زید بن ثابتؓ سے بالسند نقل نہیں کیا کہ اس سے فرس الغازی مراد ہے، ہاں ابن زنجویہ نے کتاب الاموال میں طاؤس یمانی سے نقل کیا ہے کہ میں نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا کہ آیا فرس میں صدقہ ہے تو فرمایا لیس علی فرس الغازی فی سبیل اللہ صدقة، حافظ ابن حجر نے درایہ میں لکھا ہے إسنادہ صحیح۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۷) بَابٌ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ صَدَقَةٌ

١٤٦٣. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ ح وحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا خُثَيْمُ بْنُ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِي عَبْدِهِ وَلاَ فِي فَرَسِهِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ مسلمان پر اس کے غلام میں زکوۃ واجب نہیں۔

تشریح: فِي عَبْدِهِ صَدَقَةٌ أی صدقة مفروضة، اور رہا صدقہ نافلہ تو اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ: ہمارے زمانہ میں یہ حدیث امتحان کے لئے مشہور تھی اور تم لوگوں سے اگر یہ پوچھ لیا جائے فالموت کل الموت۔

(ص ۱۹۷) بَابُ الصَّدَقَةِ عَلَى الْيَتَامَى

١٤٦٤. حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ جَلَسَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ فَقَالَ: إِنِّي مِمَّا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِي مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَزِينَتِهَا، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللهِ أَوَيَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ النَّبِيُّ ﷺ، فَقِيلَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ تُكَلِّمُ النَّبِيَّ ﷺ وَلاَ يُكَلِّمُكَ؟ فَرُئِينَا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ وَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ؟ وَكَأَنَّهُ حَمِدَهُ، فَقَالَ: إِنَّهُ لاَ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ وَإِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ يَقْتُلُ أَوْ يُلِمُّ إِلاَّ آكِلَةَ الْخَضِرِ أَكَلَتْ حَتَّى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ وَرَتَعَتْ، وَإِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ مَا أَعْطَى مِنْهُ الْمِسْكِينَ وَالْيَتِيمَ وَابْنَ السَّبِيلِ، أَوْ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ ﷺ، وَإِنَّهُ مَنْ يَأْخُذُهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلاَ يَشْبَعُ وَيَكُونُ شَهِيدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

ترجمہ: باب، یتیموں کو زکاۃ دینے کا بیان۔

حضرت ابو سعید خدریؓ کا بیان ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور ہم آپ کے ارد گرد بیٹھے، آپ نے فرمایا کہ میں اپنے بعد تمہارے سلسلے میں دنیا کی اس رونق اور زینت کی طرف سے فکر مند ہوں جس کے دروازے تمہارے

Maktaba Tul Ishaat.com

لئے کھول دیئے جائیں گے، ایک شخص نے سوال کیا کہ یارسول اللہ! کیا خیر بھی شر کے وجود میں آنے کا سبب ہوتا ہے؟ نبی کریم ﷺ نے سکوت فرمایا، اس شخص سے کہا گیا کہ تمہارا کیا حال ہے کہ تم نبی کریم ﷺ سے گفتگو کر رہے ہو جبکہ وہ تم سے گفتگو نہیں کر رہے ہیں؟ پھر ہم نے دیکھا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے، راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد آپ نے پسینہ صاف فرمایا اور دریافت کیا کہ سائل کہاں ہے؟ گویا آپ نے اسے پسند کیا، پھر فرمایا کہ بے شک خیر شر کو نہیں لاتی لیکن دیکھو موسم بہار جو کچھ اگاتا ہے وہ یا تو (جانور کو اگر وہ کھانے میں بے احتیاطی کرے) مار ڈالتا ہے یا موت کے قریب پہنچا دیتا ہے مگر وہ جانور جو سبز گھاس کھاتا ہے یہاں تک کہ جب اس کی دونوں کوکھ پھیل جاتی ہیں تو سورج کی طرف رخ کرتا ہے اور پھر اس کا فضلہ پتلا ہو کر خارج ہو جاتا ہے پیشاب کرتا ہے اور چرتا ہے، بے شک یہ مال ہرا بھرا اور شیریں ہے، مسلمان مالدار کیا ہی خوب ہے! جب تک کہ اس مال میں سے مسکین، یتیم اور مسافر کو دیتا ہے، راوی نے اس کے بعد أَوْ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ ﷺ کہا اور جو کوئی اس مال کو ناحق لیتا ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جو کھائے مگر سیراب نہ ہو اور وہ مال قیامت کے دن اس کے خلاف گواہ ہو گا۔

تشریح: یتامیٰ مصارف زکاۃ میں سے ہیں، امام بخاری کہتے ہیں کہ یتامیٰ کو صدقہ دینا جائز ہے، لفظِ صدقہ واجب و غیر واجب دونوں کے لئے بولا جاتا ہے لیکن یہاں بظاہر صدقۂ واجبہ مراد ہے، لفظِ یتامیٰ اس کا قرینہ ہے کہ وہ مصارف زکاۃ میں سے ہے، نیز دوسرا قرینہ یہ ہے کہ اس سے پہلے جو دو تراجم آئے ہیں وہاں صدقۂ منفیہ سے صدقۂ واجبہ مراد ہے، کیوں کہ صدقۂ نافلہ میں تو کسی کا کوئی اختلاف ہے ہی نہیں، اس قرینہ کی بنیاد پر بھی صدقہ سے صدقۂ واجبہ مراد ہو گا۔

فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ: رُحضاء راء کے ضمہ اور حاء کے فتحہ کے ساتھ ہے وہ پسینہ جو کثرت سے آئے اور بدن کو دھو دے، اور اکثر بخار یا بیماری کے پسینے پر رحضاء کا اطلاق ہوتا ہے، آپ کے پسینے کو رحضاء سے اس لئے تعبیر کیا گیا کہ نزول وحی کے وقت آپ پر بہت گرمی طاری ہو جاتی تھی اس کی وجہ سے پسینہ نکلتا تھا۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ خیر تو شر کا سبب نہیں ہوتا لیکن یہ مال علی الاطلاق خیر نہیں بلکہ اس کی مثال سبزے کی سی ہے، جانور سبزہ چرنے میں دو طرح کے ہیں، بعض تو چرتے چلے جاتے ہیں یہ نہیں دیکھتے کہ کونسا سبزہ ان کے لئے مناسب ہے کونسا نہیں اور یہ بھی خیال نہیں کرتے کہ ان کو سبزہ چرنے کے بعد ہضم کی فکر کرنا چاہئے، ایسے جانور یا تو تخمہ (بدہضمی) کی وجہ سے مر جاتے ہیں یا مرنے کے قریب ہو جاتے ہیں، اور بعض جانور سبزہ چرتے رہتے ہیں اور وہ سبزہ چرتے ہیں جو ان کے لئے مناسب ہے، اگر ان کا کوکھ تن جاتا ہے تو وہ اس کے ہضم کی فکر کرتے ہیں اور سورج کی طرف منھ کر کے جگالی لیتے ہیں، لید موت کرتے ہیں پھر چرتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

یہی حال مال کے جمع کرنے والوں کا ہے، بعض لوگ مال کے جمع کی فکر میں لگ جاتے ہیں یہ نہیں دیکھتے کہ صحیح راستے سے آرہا ہے یا غلط اور مال کا حق ادا کرنے کی فکر نہیں کرتے، ایسے لوگ مال کے سلسلہ میں کوتاہی کرنے کی وجہ سے اخذ اور ادا ء آخرت میں ہلاک ہیں یا ہلاکت کے قریب ہیں، اگر پکڑ ہوگئی تو ہلاک اور معافی ہوگئی تو ہلاک کے قریب تھے بچ گئے، اور بعض لوگ مال کے سلسلہ میں محتاط ہیں جائز راستوں سے آئے تو لیتے ہیں اور جمع کرتے ہیں اور پھر اس کو اس کے مناسب مقام میں جہاں شریعت نے مطالبہ کیا ہے خرچ کرتے ہیں، تو وہ مال لینے میں بھی محتاط اور حق مال ادا کرنے میں بھی محتاط ہیں اس لئے ان کے لئے مال مضر نہیں ہے، اس سے معلوم ہوگیا کہ حضور ﷺ نے دو مثالیں ذکر کی ہیں ایک مال کے سلسلہ میں افراط اور بے احتیاطی کرنے والوں کی اور دوسرے مال کے سلسلہ میں اقتصاد واحتیاط کرنے والوں کی۔

(ص ١٩٨) بَابُ الزَّكَاةِ عَلَى الزَّوْجِ وَالْأَيْتَامِ فِي الْحَجْرِ

قاله أبو سعيد عن النبي ﷺ.

١٤٦٥. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حفص بْنِ غِيَاثٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عن شَقِيقٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللهِ – قَالَ: فَذَكَرْتُهُ لِإِبْرَاهِيمَ فَحَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللهِ بِمِثْلِهِ سَوَاءً –، قَالَتْ: كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ وَكَانَتْ زَيْنَبُ تُنْفِقُ عَلَى عَبْدِ اللهِ وَأَيْتَامٍ فِي حَجْرِهَا، قَالَ: فَقَالَتْ لِعَبْدِ اللهِ: سَلْ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَيَجْزِي عَنِّي أَنْ أُنْفِقَ عَلَيْكَ وَعَلَى أَيْتَامٍ فِي حَجْرِي مِنَ الصَّدَقَةِ؟ فَقَالَ: سَلِي أَنْتِ رَسُولَ اللهِ ﷺ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَوَجَدْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى الْبَابِ حَاجَتُهَا مِثْلُ حَاجَتِي فَمَرَّ عَلَيْنَا بِلَالٌ، فَقُلْنَا: سَلِ النَّبِيَّ ﷺ أَيَجْزِئ عَنِّي أَنْ اتصدق عَلَى زَوْجِي وَأَيْتَامٍ لِي فِي حَجْرِي؟ وَقُلْنَا: لَا تُخْبِرْ بِنَا، فَدَخَلَ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: مَنْ هُمَا؟ قَالَ: زَيْنَبُ قَالَ: أَيُّ الزَّيَانِبِ؟ قَالَ: امْرَأَةُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: نَعَمْ لَهَا أَجْرَانِ أَجْرُ الْقَرَابَةِ وَأَجْرُ الصَّدَقَةِ.

١٤٦٦. حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ أَلِي أَجْرٌ أَنْ أُنْفِقَ عَلَى بَنِي أَبِي سَلَمَةَ إِنَّمَا هُمْ بَنِيَّ؟ فَقَالَ: أَنْفِقِي عَلَيْهِمْ

Maktaba Tul Ishaat.com

فَلَكِ أَجْرُ مَا أَنفَقتِ عَلَيهِم.

ترجمہ: باب، شوہر کو اور زیر پرورش یتیموں (بچوں) کو زکاۃ دینے کا بیان۔

پہلی روایت کا ترجمہ تقریباً باب الزکاۃ علی الأقارب میں گزر چکا ہے۔

حضرت ام سلمہؓ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اگر میں ابو سلمہ کی اولاد پر خرچ کروں تو کیا مجھے ثواب ملے گا؟ جبکہ وہ میرے بھی بیٹے ہیں، آپ نے فرمایا کہ تم ان پر خرچ کرو، تم ان پر جو بھی خرچ کرو گی اس کا تمہیں اجر ملے گا۔

تشریح: یہاں دو مسئلے ہیں، ایک زکاۃ علی الزوج کا مسئلہ، دوسرے زکاۃ علی الایتام فی الحجر کا مسئلہ۔

زکاۃ علی الزوج یعنی خاوند کو زکاۃ دینے میں اختلاف ہے، امام ابو یوسف، امام محمد اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ جائز ہے، امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ ناجائز ہے، امام مالک واحمد کے دونوں قول ہیں جواز وعدم جواز، امام بخاری نے جواز کے قول کو اختیار کیا ہے، روایت کے ظاہر سے یہی سمجھ میں آتا ہے، لیکن مرد اپنی بیوی کو بالاتفاق زکاۃ نہیں دے سکتا ہے۔

دوسرا جزء ہے الأيتام في الحجر ان یتیموں کو زکاۃ دینے کا مسئلہ جو اپنی تربیت میں ہیں، امام بخاری کہتے ہیں کہ جیسے مطلق یتیم کو زکاۃ دی جا سکتی ہے ایسے ہی اپنی پرورش میں یتیموں کو بھی زکاۃ دی جا سکتی ہے جیسے ابن مسعودؓ کی بیوی کرتی تھیں۔

یہاں امام بخاری نے وَأَيْتَامٍ لِي فِي حَجْرِي سے مسئلہ ثابت کیا ہے، ایک ہی روایت مگر الفاظ بدل گئے، بخاری نے ایک جگہ اولاد کو زکاۃ دینے کا مسئلہ اور دوسری جگہ ایتام فی الحجر کے زکاۃ دینے کا مسئلہ ثابت کیا۔

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ بخاری کے نزدیک زیادات الثقات مطلقاً معتبر ہے، پوری کتاب پر اگر کوئی نظر ڈالے تو بات بالکل روز روشن کی طرح سے واضح ہو جاتی ہے کہ بخاری علی الاطلاق زیادات الثقات کو مانتے ہیں بشرطیکہ کوئی معارض قوی ایسا نہ ہو جہاں نفی واثبات کا کوئی تعلق ہو اور جمع ممکن نہ ہو۔

اس تقریر سے ایک اشکال بھی حل ہو گیا کہ زکاۃ علی الیتامی کا مسئلہ مکرر ہو گیا، ابھی صدقہ علی الیتامیٰ کے الفاظ سے ترجمہ منعقد کیا یہاں آ کر زکاۃ علی الایتام فی الحجر کے نام سے ترجمہ منعقد کر دیا، اور تکرار اس طرح دور ہو گیا کہ پہلا ترجمہ عام ہے یہ ترجمہ خاص ہے، وہاں مطلقاً یتامی کا ذکر ہے یہاں ان یتامی کا ذکر ہے جو انسان کی تربیت میں ہوں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَذَکَرْتُهُ لِإِبْرَاهِیمَ: امام نووی فرماتے ہیں کہ فَذَکَرْتُهُ لِإِبْرَاهِیمَ کے قائل اعمش ہیں، اور مقصد یہ ہے کہ یہ حدیث اعمش دو استادوں سے نقل کرتے ہیں شقیق اور دوسرے ابو عبیدہ، میں کہتا ہوں کہ صواب یہ ہے کہ اعمش دو استادوں ایک شقیق اور دوسرے ابراہیم نخعی سے روایت کرتے ہیں۔

(ص ۱۹۸) بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ

ويذكر عن ابن عباس: يعتق من زكاة ماله ويعطي في الحج. وقال الحسن: إن اشترى أباه من الزكاة جاز ويعطي في المجاهدين والذي لم يحج ثم تلا ﴿إِنَّمَا ٱلصَّدَقَٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَٱلْمَسَٰكِينِ﴾ الآية في أيها أعطيت أجزأت. وقال النبي ﷺ: إن خالدا احتبس أدراعه في سبيل الله. ويذكر عن أبي لاس: حملنا النبي ﷺ على إبل الصدقة للحج.

حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ: أَنَا شُعَيْبٌ قَالَ: ثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِصَدَقَةٍ، فَقِيلَ: مَنَعَ ابْنُ جَمِيلٍ وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيرًا فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُونَ خَالِدًا قَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَأَمَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَعَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَهِيَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ وَمِثْلُهَا مَعَهَا. تَابَعَهُ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ. وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ: هِيَ عَلَيْهِ وَمِثْلُهَا مَعَهَا. وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: حُدِّثْتُ عَنِ الْأَعْرَجِ بِمِثْلِهِ.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ صدقات غلاموں کو آزاد کرانے، قرض داروں کا قرض ادا کرنے اور اللہ کے راستہ میں دینے کے لئے ہیں، حضرت ابن عباسؓ فرماتے تھے کہ اپنی زکاۃ کے مال سے غلام بھی آزاد کر سکتا ہے اور حج کے لئے بھی دے سکتا ہے، حضرت حسن نے فرمایا کہ اگر زکاۃ کے مال سے اپنے والد کو خریدے تو جائز ہے، اور مجاہدین کو بھی دے سکتا ہے، اور اس کو بھی دے سکتا ہے جس نے حج نہیں کیا پھر یہ آیت تلاوت کی إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ الآيَة، تم ان میں سے جس مصرف میں بھی دو کافی ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا بے شک خالدؓ نے اپنی زرہیں اللہ کے راستہ میں وقف کر دی ہیں، ابولاسؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں حج کے لئے صدقہ کے اونٹوں پر سوار کیا۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ وصول کرنے کا حکم دیا، آپ سے کہا گیا کہ ابن جمیل، خالد بن ولید اور عباس بن عبد المطلب نے زکاۃ دینے سے انکار کر دیا ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ابن جمیل تو اس بات کا بدلہ دیتا ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ وہ فقیر تھا پھر اللہ اور اس کے رسول نے اسے مالدار بنایا، جہاں تک خالد کی بات ہے تو تم ان پر ظلم کرتے ہو انہوں نے تو اپنی زرہیں اور سامان جنگ تک اللہ کے راستہ میں وقف کیا ہوا ہے، اور عباس بن عبدالمطلب اللہ کے رسول ﷺ کے چچا ہیں، ان کی زکاۃ اور اتنی ہی مزید ان پر صدقہ ہے۔

ابن ابی الزناد نے اس روایت کو اپنے والد سے نقل کرنے میں شعیب کی متابعت کی ہے، ابن اسحاق نے ابوالزناد سے هِيَ عَلَيْهِ وَمِثْلُهَا مَعَهَا روایت کیا ہے، ابن جریج نے کہا کہ مجھ سے اعرج کے واسطے سے اسی طرح روایت کیا گیا ہے۔

تشریح: صدقات کو رقاب میں خرچ کیا جائے، اس میں اختلاف ہے کہ رقاب سے مراد کیا ہے؟ آیا مکاتب کی معاونت کرنا ہے یا غلام کا خرید کر آزاد کرنا ہے؟ علماء کے دونوں قول ہیں۔

امام ابوحنیفہ اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ مکاتب کی معاونت مراد ہے، امام مالک اور امام احمد سے اس میں دو دوروایتیں ہیں، ایک یہ کہ معاونۃ المکاتب مراد ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ غلام خرید کر آزاد کیا جائے۔

والغارمین: اور مقروضوں کو دینا جائز ہے، صاحب در مختار نے لکھا ہے کہ غارم سے مراد وہ مدیون ہے جو نصاب فاضل عن الدین کا مالک نہ ہو، شافعیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی دیت دینے کے لئے قرضدار ہو گیا ہے تو اس کو مع الغنیٰ بھی زکاۃ دینا جائز ہے اور اس کے علاوہ اگر کسی اور وجہ سے آدمی مقروض ہو گیا ہے مثلاً لوگوں میں اختلاف تھا تو کچھ پیسے دے کر وہ چاہتا تھا کہ اختلاف بند کرادوں یا اپنی کسی مصلحت کی وجہ سے قرض لیا تھا تو اس صورت میں مع الفقر تو لے سکتا ہے اور مع الغنیٰ میں ان کے دو قول ہیں۔

وفی سبیل اللہ: فی سبیل اللہ سے مراد کون ہے؟ اس میں علماء کے دو بلکہ چار قول ہیں، (۱) جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سے مراد غزاۃ ہیں، یہی امام مالک، امام شافعی وغیرہ کا مسلک ہے چاہے فقیر ہو یا غنی، (۲) امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف فرماتے ہیں کہ اس سے منقطع الغزاۃ مراد ہے یعنی وہ مجاہد مراد ہے جس کے پاس خرچ ختم ہو گیا ہو، (۳) امام احمد سے ایک روایت اور اسحاق بن راہویہ کا قول یہ ہے کہ اس سے حاجی مراد ہے، (۴) امام محمد بن حسن فرماتے ہیں کہ اس سے منقطع الحاج مراد ہے۔

ان اقوال کو تفصیل سے دیکھا جائے تو یہ چار قول ہیں اور اجمالاً دو قول ہیں، حاصل یہ ہے کہ مجاہد مراد ہے یا حاجی، اور اگر یہ دیکھا جائے کہ بعض منقطع الغزاۃ کہتے ہیں اور بعض منقطع الحاج، تو چار قول بن جائیں گے۔

بعض فقہاء احناف ارشاد فرماتے ہیں کہ تمام وجوہ خیر میں صرف کرنا اس میں داخل ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: امام بخاری نے جو آثار اس باب میں ذکر کئے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک في الرقاب میں غلام آزاد کرنا اور في سبيل الله میں مجاہد اور حاجی بھی داخل ہے۔

ثُمَّ تَلَا إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ الآيَةَ فِي أَيِّهَا أَعْطَيْتَ أَجْزَتْ: ان اصناف ثمانیہ میں سے جس میں بھی صرف کر دیا جائے گا کافی ہو جائے گا۔

یہ ایک مستقل مسئلہ ہے کہ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ میں زکاۃ کے آٹھ مصارف بیان کئے گئے ہیں تو یہ مصارف ثمانیہ سارے مصارف ہیں یا مستحقین مراد ہیں؟ جمہور علماء کہتے ہیں کہ یہ مصارف ہیں لہذا ان میں سے جس کسی کو بھی دے دیا جائے زکاۃ ادا ہو جائے گی، امام شافعی فرماتے ہیں کہ یہ مستحقین ہیں، لہذا ہر ہر صنف کو زکاۃ کا پہونچانا ضروری ہے، حضرت حسن بصری کا جو قول مصنف نے نقل کیا ہے وہ جمہور کی تائید کرتا ہے۔

إِنَّ خَالِدًا احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ: مصنف حضرت خالدؓ کے حبس ادراع کو بظاہر زکاۃ پر محمول کر رہے ہیں یعنی بطور زکاۃ کے انہوں نے مجاہدین کو دے دیا تھا، اس سے ایک اور اشکال حل ہو گیا کہ امام بخاری نے ص ١٩٤ پر ایک ترجمہ منعقد کیا تھا بَابُ الْعَرْضِ فِي الزَّكَاةِ اور اس میں انہوں نے یہی روایت نقل کی تھی وَأَمَّا خَالِدٌ فَقَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللهِ اور وہاں یہ اشکال ہوا تھا کہ مصنف نے اس سے العرض فی الزکاۃ کو کیسے ثابت کیا ہے؟ وہاں تو تقریر گزر چکی، لیکن ایک نئی تقریر کا راستہ کھلا اور وہ یہ ہے کہ امام بخاری حبس سے مراد وقف نہیں لے رہے ہیں بلکہ زکاۃ میں دینا لے رہے ہیں، اور بخاری کی رائے یہ ہے کہ حضرت خالدؓ نے اپنی زرہ اور سامانِ جہاد کو فی سبیل اللہ یعنی مجاہدین کو دے دیا تھا اور دیا کیا تھا؟ سامان، زرہ کیا چیز ہے؟ سامان کی جنس سے ہے، أعتد عَتَد کی جمع ہے مايعده الرجل من الدواب و السلاح یہ کیا چیز تھی؟ سامان، معلوم ہوا کہ زکاۃ میں سامان دیا جا سکتا ہے، اور زکاۃ میں سامان کب دیا جائے گا قیمت لگا کر ہی دیا جا سکتا ہے۔

وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي لَاسٍ: حضرت ابولاسؓ کی روایت امام احمد نے موصولاً تخریج فرمائی ہے، حضور نے ان کو صدقہ کے اونٹ پر سوار کیا تھا اور بخاری کے انداز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حمل اعطاء کے معنی میں ہے یعنی آپ نے ان کو دے دیا تھا اس لئے کہ ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ فقیر رہے ہوں منقطع الحاج ہوں، اور ہو سکتا ہے کہ ان کو عاریت کے طور پر دیا ہو، بہر حال روایت محتمل ہے ہی اس لئے دوسرے حضرات کو کچھ نہ کچھ بولنے کا موقع مل سکتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِصَدَقَةٍ: حضور پاک ﷺ نے حضرت عمرؓ کو صدقہ وصول کرنے کے لئے بھیجا، اس سے کون سا صدقہ مراد ہے؟ صدقۂ فریضہ یا صدقۂ نافلہ؟ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ صدقۂ فریضہ ہے، ابوالحسن بن القصار مالکی کہتے ہیں الأليق أنها صدقة التطوع، اور دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ ان صحابہ سے یہ بعید ہے کہ یہ لوگ فریضہ کو روکیں گے، لیکن اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ اصل میں ہر ایک کا روکنا ایک مخصوص اعتبار سے تھا، ابن جمیل نے تو بخلاً روکا تھا اور خالد بن ولیدؓ پر واجب نہیں تھا اور عباس بن عبدالمطلبؓ پیشگی دے چکے تھے اس لئے کوئی اشکال نہیں۔

فَقِيلَ مَنَعَ ابْنُ جَمِيلٍ: ابن جمیل نے زکاۃ نہیں دی، قاضی حسین مروزی اور ابوالمحاسن رویانی کہتے ہیں کہ اس کا نام عبداللہ ہے، بعضوں نے کہا ہے کہ اس کا نام حمید ہے، اس ابن جمیل کے متعلق ایک تفصیلی قصہ فیض الباری میں نقل ہوا ہے وہ غلط ہے، ابن جمیل سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ ایک دوسرے صحابی سے ہے اس وقت مجھے ان کا نام مستحضر نہیں ہے، اصابہ میں ان کا قصہ مفصلاً مذکور ہے۔

آنحضور ﷺ نے فرمایا مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيرًا فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ ابن جمیل اور کیا برا سمجھا ہوگا یہی برا سمجھا ہوگا کہ فقیر تھا اللہ اور اللہ کے رسول نے اس کو غنی کر دیا، اغناء کی نسبت اللہ کی طرف تو حقیقۃً ہے اور رسول پاک ﷺ کی طرف نسبت مجازی ہے، یا یہ کہا جائے کہ اس لحاظ سے نسبت کی گئی کہ آنحضور ﷺ کی دعاء کی برکت سے غنیٰ حاصل ہوا، یا یہ کہئے کہ غنائم حاصل ہوئے آپ کی برکت سے اور اس میں اس کو حصہ ملا اور اس کی وجہ سے اس کے مال میں فراوانی آئی۔

وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُونَ خَالِدًا: خالد کا معاملہ اور ہے اور تم ان پر ظلم کر رہے ہو۔

قَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ: انہوں نے اپنی زرہیں اور سامان جہاد اور گھوڑوں کو بھی اللہ کے راستہ میں دے رکھا ہے اور کیا چاہتے ہو، یہ تو بخاری کے طرز پر تقریر ہوئی، اور جمہور کے طرز پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اللہ کے راستہ میں یہ سب وقف کر دیا ہے اور جو شخص اس قدر دنیا سے بے تعلق اور مال خرچ کرنے والا ہو وہ بھلا زکاۃ کہاں روک سکتا ہے؟ یا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ ان کے پاس تھا وہ تو وقف کر چکے اگر ان کے پاس مال ہوتا تو اس میں زکاۃ ضرور دیتے لیکن ان پر زکاۃ واجب ہی نہیں ہوئی۔

وَأَمَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَعَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ: عباسؓ اللہ کے رسول کے چچا ہیں لہذا تم کو

Maktaba Tul Ishaat.com

ان کا لحاظ کرنا چاہئے اور پھر فرمایا فَهِيَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ وَمِثْلُهَا مَعَهَا یہ ان پر صدقہ ہے اور اس کے مثل بھی صدقہ ہے، مسلم شریف میں اسی روایت میں واقع ہوا ہے فهي علي ومثلها معها، لہٰذا بخاری اور مسلم کی روایت میں اختلاف ہو گیا، مسلم کی روایت سے یہ معلوم ہوا کہ حضور اکرم ﷺ نے خود ذمہ داری لی اور بخاری کی روایت سے معلوم ہوا کہ آپ نے یہ فرمایا کہ عباسؓ پر صدقہ ہے۔

مگر حقیقت میں دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، بعض علماء فرماتے ہیں کہ فهي عليه میں ہاء سکتہ ہے اور اصل میں فهي عليّ ہے، بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ اصل میں تو یہ صدقہ عباسؓ پر واجب تھا لیکن حضور ﷺ نے اس کی ادائیگی کی خود ذمہ داری لے لی تھی تو فهي صدقه عليه کا مطلب ہے فهي على صدقة ثابتة، اور مثلها معها کا مطلب یہ ہے کہ ان کی بڑائی کے پیش نظر ان سے دگنا لیا جائے گا، وہ صدقہ تو دیں گے ہی ان کے مثل اور بھی دیں گے، مگر آپ نے اس کی ادائیگی کی خود ذمہ داری لی عليّ ومثلها معها۔

آپ نے کیوں ذمہ داری لی؟ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے لأنه استسلف منه زكاة عامين آنحضور ﷺ نے ان سے دو سال کی پیشگی زکاۃ وصول کر لی تھی، اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ان سے قرض لیا تھا اس لئے آپ نے ذمہ داری لے لی کہ میں تمہاری طرف سے زکاۃ ادا کر دوں گا۔

(ص ١٩٨) بَابُ الِاسْتِعْفَافِ عَنِ الْمَسْأَلَةِ

١٤٦٧. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ أُنَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللهِ ﷺ فَأَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَأَلُوهُ فَأَعْطَاهُمْ حَتَّى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ فَقَالَ: مَا يَكُونُ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللهُ وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللهُ وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللهُ، وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ.

١٤٦٨. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ فَيَحْتَطِبَ عَلَى ظَهْرِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْتِيَ رَجُلًا فَيَسْأَلَهُ، أَعْطَاهُ أَوْ مَنَعَهُ.

١٤٦٩. حَدَّثَنَا مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ عَنِ النَّبِيِّ

Maktaba Tul Ishaat.com

ﷺ قَالَ: لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ.

١٤٧٠. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، ثُمَّ قَالَ: يَا حَكِيمُ إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، قَالَ حَكِيمٌ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتَّى أُفَارِقَ الدُّنْيَا، فَكَانَ أَبُو بَكْرٍ يَدْعُو حَكِيمًا إِلَى الْعَطَاءِ فَيَأْبَى أَنْ يَقْبَلَهُ مِنْهُ، ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّي أُشْهِدُكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ عَلَى حَكِيمٍ أَنِّي أَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ مِنْ هَذَا الْفَيْءِ فَيَأْبَى أَنْ يَأْخُذَهُ، فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيمٌ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ حَتَّى تُوُفِّيَ.

ترجمہ: باب، سوال سے پاک دامن رہنے کا بیان۔

حضرت ابو سعید خدریؓ نے بیان کیا کہ انصار کے کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا آپ نے ان کو عطا فرمایا، انہوں نے پھر سوال کیا آپ نے ان کو پھر عطا فرمایا یہاں تک کہ آپ کے پاس جو کچھ تھا ختم ہو گیا تو آپ نے فرمایا کہ میرے پاس جو کچھ مال ودولت ہو گی میں تم سے اٹھا کر نہیں رکھوں گا لیکن بات یہ ہے کہ جو سوال سے پاک دامنی کا طالب ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اسے پاک دامنی عطا فرماتا ہے جو لوگوں سے بے نیازی کا طالب ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بے نیازی عطا فرماتا ہے اور جو نفس پر زور ڈال کر صبر کرتا ہے اللہ اسے صبر کی دولت عطا فرماتا ہے اور کسی کو بھی صبر سے بہتر اور کشادہ نعمت نہیں دی گئی۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے روایت بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہ بات کہ تم میں سے کوئی اپنی رسی اٹھائے اور اپنی پیٹھ پر لکڑی لادے بہتر ہے اس سے کہ کسی کے پاس جا کر سوال کرے اور وہ اس کو دے یا انکار کردے۔ (تیسری روایت کا بھی یہی ترجمہ ہے)۔

حضرت حکیم بن حزامؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا آپ نے مجھے مال عنایت فرمایا، میں نے پھر سوال کیا تو آپ نے پھر دیا، میں نے پھر سوال کیا تو آپ نے پھر دیا اور اب یہ فرمایا کہ اے حکیم! بے شک یہ مال ہرا بھرا اور شیریں ہے، لیکن جو شخص دل کو سخی رکھتے ہوئے لے گا اس کو برکت نصیب ہو گی اور جو دل کے لالچ کے ساتھ لے گا اسے اس میں برکت نصیب نہ ہو گی جیسے وہ شخص جو کھاتا تو ہے مگر سیراب نہیں ہوتا، اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حکیمؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا! میں آپ کے بعد کسی سے کچھ نہیں لوں گا یہاں تک کہ دنیا کو چھوڑ دوں، چنانچہ حضرت ابو بکرؓ حضرت حکیمؓ کو ان کا وظیفہ دینے کے لئے بلاتے تھے لیکن وہ اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیتے تھے، پھر حضرت عمرؓ نے ان کو وظیفہ دینے کے لئے بلایا تو انہوں نے ان سے بھی کچھ بھی لینے سے انکار کر دیا، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اے مسلمانو! میں تمہیں حکیمؓ کے معاملہ میں گواہ بناتا ہوں کہ میں اس ملک کی آمدنی میں سے ان کا حق ان کو پیش کر رہا ہوں اور وہ اس کو لینے سے انکار کر رہے ہیں، الغرض حکیمؓ نے رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی سے کچھ نہیں لیا یہاں تک کہ ان کی وفات ہو گئی۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ زکاۃ لینا جائز ہے لیکن آدمی کو سوال سے بچنا اور پرہیز کرنا چاہئے۔

فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ: جو آدمی سخاوت نفس سے لے گا اس کو برکت دی جائے گی۔

سخاوت نفس میں دو احتمال ہیں، یا تو اس سے مراد بغیر الحاح واصرار اور اِشراف نفس کے سوال کرنا ہے تب تو مطلب یہ ہے کہ اگر آدمی بلا اصرار کئے ہوئے سوال کرے اور کچھ دے دیا جائے تو اس میں برکت ہوگی۔

یا مطلب یہ ہے کہ دینے والا اگر سخاوت نفس اور انشراح قلب کے ساتھ دے تب برکت ہوگی اور انقباض کے ساتھ دے تو برکت نہ ہوگی۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ احتمال اول ہی ارجح ہے اس لئے کہ آگے آرہا ہے وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ جو آدمی اِشرافِ نفس سے لیتا ہے اس کو برکت نہیں ہوتی۔

اِشراف کیا چیز ہے؟ اِشراف لغت میں جھانکنے کو کہتے ہیں، اِشرافِ نفس یہ ہے کہ آدمی کا دل جھانک رہا ہو، محض خیال آجانا اشراف نہیں ہے بلکہ دل کو انتظار ہو کہ فلاں کی طرف سے ملے اور نہ ملنے پر دل کو تأثر ہو۔

ایک آسان سی تعبیر اس کے لئے میرے ذہن میں آئی تھی جو میں یہاں بیان بھی کر دیتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اشراف نام ہے دل کے سوال کا، دل کا خیال اور ہے اور دل کا سوال اور ہے، خیال تو آتا ہی رہتا ہے، ملنے والا دوست ہے اور اس کی عادت ہے دینے کی، جب ملتا ہے تو خیال آتا ہے، اور سوال یہ ہے کہ دل میں تقاضہ ہو کہ کچھ دے کر کے جاوے اور نہ دینے پر طبیعت کو گراں گزرے ناگواری ہو۔

فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا: حضرات شیخین اپنے اپنے عہد میں ان کا حصہ دینا چاہتے تھے، لیکن وہ قبول نہیں کرتے تھے، انہیں یہ ڈر لگا رہتا تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ لیتے لیتے نفس لینے کا عادی ہو اور حد سے تجاوز کرنے لگے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۱۹۹) بَابُ مَنْ أَعْطَاهُ اللّٰهُ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَلَا إِشْرَافِ نَفْسٍ

﴿وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ﴾

١٤٧١. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يُعْطِينِي الْعَطَاءَ فَأَقُولُ: أَعْطِهِ مَنْ هُوَ أَفْقَرُ إِلَيْهِ مِنِّي، فَقَالَ: خُذْهُ إِذَا جَاءَكَ مِنْ هَذَا الْمَالِ شَيْءٌ وَأَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ، وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان کہ جس کو اللہ تعالیٰ کوئی چیز بغیر سوال اور بغیر اشراف نفس کے عطا کرے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان کے مال میں سائل کا بھی حق ہے اور اس فقیر کا بھی جو سوال نہیں کرتا۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ مجھے کچھ عطا فرماتے تو میں عرض کرتا کہ یہ مال کسی ایسے شخص کو عنایت فرمائیں جو مجھ سے زیادہ حاجت مند ہو، تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کو لے لو اور دیکھو یہ مال جب ایسے حال میں تمہارے پاس آئے کہ تمہارا دل اس کی طرف لگا ہوا نہیں ہے اور تم سوال کرنے والے بھی نہیں ہو تو اس کو لے لو اور جو مال اس طرح نہ آئے تو اس کے پیچھے اپنے نفس کو مت لگاؤ۔

تشریح: امام بخاری نے پہلے یہ بتایا کہ انسان کو سوال سے بچنا چاہئے اب کہتے ہیں کہ اگر بلا سوال واشراف کے آجائے تو لے لینا چاہئے، سوال کے معنی ہیں مانگنا اور اشراف کے معنی ہیں جھانکنا، اشراف یہ ہے کہ انسان کے دل میں خیال لگا ہوا ہو انتظار رہے نہ ملنے پر ناگواری ہو، اور اگر یوں ہی خیال آیا گزر گیا تو اس کا نام خطرہ ہے یہ اشراف نہیں ہے، تو حقیقۃً اشراف دل کا سوال ہے دل مانگ رہا ہے چاہ رہا ہے کوئی لاکر ہمیں دے۔

اگر کسی شخص کو کوئی چیز بغیر سوال واشراف کے ہدیہ دی جائے تو اس کا حکم کیا ہے؟ اس میں بھی ابن جریر طبری نے اختلاف نقل کیا ہے، (۱) جمہور علماء فرماتے ہیں کہ معطی اگر غیر سلطان ہے تو اس کا قبول کرلینا مستحب ہے اور اگر عطیۃ السلطان ہے تو اس میں اختلاف ہے، بعض حرام کہتے ہیں بعض مکروہ اور بعض تفصیل کرتے ہیں کہ اگر حرام کا غلبہ ہو تو لینا حرام اور اگر حرام غالب نہیں تو لینا مباح ہے، (۲) علامہ ابن حزم ظاہری کہتے ہیں کہ ہدیہ کا لینا واجب ہے سلطان ہو یا غیر سلطان، (۳) بعض علماء فرماتے ہیں کہ عطیۃ السلطان مستحب ہے مندوب ہے اور غیر سلطان کا ہدیہ لینا مندوب نہیں، (۴) ابراہیم نخعی، امام ابو حنیفہ، امام محمد اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ عطیۃ السلطان کا قبول کرنا جائز ہے الا یہ کہ متعین طور پر یہ معلوم ہو کہ یہ حرام مال ہے، (۵) امام احمد سے کراہت

Maktaba Tul Ishaat.com

منقول ہے، ائمۂ حنابلہ موفق وغیرہ فرماتے ہیں کہ امام احمد ورع و تقویٰ کے طور پر منع کرتے تھے اور لینے پر نکیر کرتے تھے ورنہ امام اباحت کے قائل تھے اور فرماتے تھے کہ اس بیت المال کے مال میں ہر مسلمان کا حق ہے اور یہ مال لینا صدقہ لینے سے بہتر ہے۔

وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ: محروم جو سوال نہ کرتا ہو، آیت شریفہ نے اموال میں حق ثابت کیا ہے، اس سے معلوم ہو گیا کہ لینے والا لے سکتا ہے دینے والا دے سکتا ہے، دینے والے کی جب مدح کی گئی تو اس سے معلوم ہوا کہ اس کا عطیہ مقبول اور لینے والے پر کوئی ملامت نہیں۔

سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو بعض وقت کوئی چیز دیتے میں کہتا یا رسول اللہ ہم سے زیادہ محتاج کو دے دیجئے، یہ دینا عمالہ کے طور پر تھا چنانچہ مسلم کی ایک روایت میں تصریح ہے، امام طحاوی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کا تعلق صدقات سے نہیں ہے بلکہ یہ ان اموال سے تعلق رکھتی ہے جس کو امام لوگوں میں اس نے تقسیم کرتا ہے کہ لوگوں کا اس میں حق ہے، فقر کی وجہ سے نہیں دیتا۔

(ص ١٩٩) بَابُ مَنْ سَأَلَ النَّاسَ تَكَثُّرًا

١٤٧٢. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ: سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْأَلُ النَّاسَ حَتَّى يَأْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيْسَ فِي وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ.

وَقَالَ: إِنَّ الشَّمْسَ تَدْنُو يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يَبْلُغَ الْعَرَقُ نِصْفَ الْأُذُنِ فَبَيْنَا هُمْ كَذَلِكَ اسْتَغَاثُوا بِآدَمَ ثُمَّ بِمُوسَى ثُمَّ بِمُحَمَّدٍ ﷺ. وَزَادَ عَبْدُ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي جَعْفَرٍ فَيَشْفَعُ لِيُقْضَى بَيْنَ الْخَلْقِ فَيَمْشِي حَتَّى يَأْخُذَ بِحَلْقَةِ الْبَابِ فَيَوْمَئِذٍ يَبْعَثُهُ اللهُ مَقَامًا مَحْمُودًا يَحْمَدُهُ أَهْلُ الْجَمْعِ كُلُّهُمْ.

وَقَالَ مُعَلًّى: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ أَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِي الْمَسْأَلَةِ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو مال کو بڑھانے کے واسطے لوگوں سے سوال کرے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان لوگوں سے مانگتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ قیامت

Maktaba Tul Ishaat.com

کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہ ہوگا۔

نیز فرمایا کہ قیامت کے دن سورج قریب آجائے گا یہاں تک کہ پسینہ کان کے نصف تک پہنچ جائے گا، لوگ ایسی حالت میں حضرت آدم سے فریاد کریں گے پھر حضرت موسیٰ سے اور پھر محمد ﷺ سے۔ عبد اللہ بن صالح نے لیث بن سعد عن ابن ابی جعفر کے طریق سے یہ اضافہ نقل کیا کہ اس وقت نبی کریم ﷺ مخلوق کے درمیان فیصلہ کئے جانے کی سفارش فرمائیں گے تو حضور چلیں گے یہاں تک کہ دروازے کا حلقہ پکڑیں گے تو اس دن اللہ تعالیٰ آپ کو اس مقام محمود پر پہنچائے گا جس کی تمام محشر والے تعریف کریں گے۔ معلّٰی نے وُهَيبٌ عَنِ النُّعمَانِ بنِ رَاشِدٍ عَن عَبدِ اللّٰهِ بنِ مُسلِمٍ أَخِي الزُّهرِيِّ عَن حَمزَةَ سَمِعَ ابنَ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ کے طریق سے صرف اتنی ہی حدیث بیان کی جو سوال کے بارے میں ہے۔

تشریح: امام بخاری نے ترجمہ میں جو الفاظ ذکر کئے ہیں وہ مسلم کی ایک حدیث کے الفاظ ہیں۔

پوری حدیث ہے مَن سَأَلَ النَّاسَ تَكَثُّرًا فَإِنَّمَا يَسأَلُ جَمرًا، جو آدمی لوگوں سے سوال کرتا ہے زیادہ مال جمع کرنے کے لئے وہ آگ کے انگارے کا سوال کرتا ہے، امام بخاری نے ترجمہ میں اسی حدیث کی طرف اشارہ فرمایا ہے چونکہ وہ حدیث شرطِ مصنف کے موافق نہیں تھی اس لئے ترجمہ ہی میں بلاسند ذکر فرمایا۔

بلکہ امام بخاری نے اس باب میں ابن عمرؓ کی جو روایت ذکر کی مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسأَلُ النَّاسَ حَتّٰى يَأتِيَ يَومَ القِيَامَةِ لَيسَ فِي وَجهِهِ مُزعَةُ لَحمٍ، اس پر سوال یہ ہے کہ روایت ترجمۃ الباب کے مطابق نہیں ہے، ترجمہ میں تو سوال علی وجہ التکثر کی مذمت بیان کی گئی ہے اور روایت میں کثرت سوال کا ذکر ہے، کثرت سوال کیلئے سوالِ تکثر لازم نہیں ہے، ہو سکتا ہے کہ آدمی کثرت سے سوال اپنی ضرورت کی بناء پر کرتا ہو۔

اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری نے ترجمہ کے ذریعہ حدیث کی تشریح اور تفسیر فرمائی اور یہ بتلایا کہ حدیث پاک میں کثرت سے سوال کرنے پر وعید بے حاجت سوال کرنے پر ہے، اس لئے کہ حاجت کی وجہ سے جو سوال کیا جاتا ہے وہ مباح ہے، اب لامحالہ مباح پر وعید ہو نہیں سکتی تو غیر مباح پر وعید ہوگی اور غیر مباح وہی سوال ہے جس کا مقصود مال جمع کرنا ہو۔

علامہ عینی نے لکھا ہے کہ سوال کی تین قسمیں ہیں، حرام، مکروہ اور مباح، حرام اس شخص کے لئے ہے جو غنی کے باوجود زکاۃ مانگتا ہے یا ضرورت سے زائد فقر کا اظہار کرتا ہے، اور مکروہ اس شخص کے لئے ہے جس کے پاس مانع عن السوال سامان موجود ہو اور وہ ضرورت سے زائد فقر کا اظہار نہ کرتا ہو، اور مباح اس شخص کے لئے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے جو اپنے کسی عزیز و قریب سے مانگے، اور اگر ضرورت واحتیاج کا درجہ ہو تو علامہ فرماتے ہیں کہ اپنے لئے سوال کرنا واجب ہے لیکن علامہ داؤدی کہتے ہیں کہ یہ بھی مباحات ہی میں داخل ہے۔

لَيْسَ فِي وَجْهِهِ مُزْعَةُ لَحْمٍ: مزعة بمعنی قطعہ، گوشت کا کوئی ٹکڑا نہیں ہوگا، اس سے مراد کیا ہے؟ دو احتمال ہیں، یا یہ اپنے ظاہر پر ہے کہ واقعی اس کا منہ بالکل گوشت سے خالی ہو، یا یہ کنایہ ہے عدم الحسن سے اس لئے کہ چہرے پر حسن گوشت سے ہوتا ہے، یہ جزاء بظاہر من جنس العمل ہے کیوں کہ اس نے سوال کر کر کے اپنا چہرہ بے رونق کر لیا تو آخرت میں سزا بھی بالکل ایسی ہی ملے گی کہ چہرہ بالکل بے رونق ہو جائے گا۔

إِنَّ الشَّمْسَ تَدْنُو يَوْمَ الْقِيَامَةِ: سورج اتنے قریب آجائے گا کہ پسینہ کی کثرت ہو جائے گی اور پسینہ نصف اذن تک پہنچ جائے گا، مسلم اور ترمذی کی روایت میں وارد ہوا ہے کہ سورج ایک میل کے قریب آجائے گا، راوی کہتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ میل مسافت مراد ہے یا میل کحلہ (سرمہ دانی کی سلائی) مراد ہے، بہر حال پسینہ کثیر ہو جائے گا، حضرت مقدادؓ کی روایت میں وارد ہے کہ بعضوں کے ٹخنوں تک پہنچے گا بعضوں کے گھٹنوں تک اور بعضوں کے حقو یعنی کمر تک ویلجم بعضهم إلجاما اور بعضوں کے منہ تک پہنچ رہا ہوگا۔

(ص ١٩٩) بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى ﴿لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا﴾ وَكَمِ الْغِنَى وَقَوْلِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم وَلَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ

﴿ لِلْفُقَرَآءِ ٱلَّذِينَ أُحْصِرُواْ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِى ٱلْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ ٱلْجَاهِلُ أَغْنِيَآءَ مِنَ ٱلتَّعَفُّفِ ﴾ إلى قوله ﴿ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٌ ﴾.

١٤٧٣. حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيْسَ الْمِسْكِينُ الَّذِي تَرُدُّهُ الْأُكْلَةُ وَالْأُكْلَتَانِ وَلَكِنِ الْمِسْكِينُ الَّذِي لَيْسَ لَهُ غِنًى وَيَسْتَحْيِي أَوْ لَا يَسْأَلُ النَّاسَ إِلْحَافًا.

١٤٧٤. حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنِ ابْنِ أَشْوَعَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا كَاتِبُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَى الْمُغِيرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ أَنِ اكْتُبْ إِلَيَّ بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا:

Maktaba Tul Ishaat.com

قِيلَ وَقَالَ، وَإِضَاعَةَ الْمَالِ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ.

١٤٧٥. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غُرَيْرٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَالِحٍ ابْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَعْطَى رَسُولُ اللهِ ﷺ رَهْطًا وَأَنَا جَالِسٌ فِيهِمْ، قَالَ: فَتَرَكَ رَسُولُ اللهِ ﷺ رَجُلًا فِيهِمْ لَمْ يُعْطِهِ وَهُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ فَقُمْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَسَارَرْتُهُ فَقُلْتُ: مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللهِ إِنِّي لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا؟ قَالَ: أَوْ مُسْلِمًا، قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيلًا ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَعْلَمُ فِيهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللهِ إِنِّي لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا؟ قَالَ: أَوْ مُسْلِمًا، قَالَ: فَسَكَتُّ قَلِيلًا ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَعْلَمُ فِيهِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللهِ إِنِّي لَأُرَاهُ مُؤْمِنًا؟ قَالَ: أَوْ مُسْلِمًا - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - قَالَ: إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ.

وَعَنْ أَبِيهِ عَنْ صَالِحٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ بِهَذَا فَقَالَ فِي حَدِيثِهِ: فَضَرَبَ رَسُولُ اللهِ ﷺ بِيَدِهِ فَجَمَعَ بَيْنَ عُنُقِي وَكَتِفِي ثُمَّ قَالَ: أَقْبِلْ أَيْ سَعْدُ إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ.

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: ﴿فَكُبْكِبُوا﴾ قُلِبُوا ﴿مُكِبًّا﴾ أَكَبَّ الرَّجُلُ إِذَا كَانَ فِعْلُهُ غَيْرَ وَاقِعٍ عَلَى أَحَدٍ، فَإِذَا وَقَعَ الْفِعْلُ قُلْتَ: كَبَّهُ اللهُ لِوَجْهِهِ وَكَبَبْتُهُ أَنَا.

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ هُوَ أَكْبَرُ مِنَ الزُّهْرِيِّ وَهُوَ قَدْ أَدْرَكَ ابْنَ عُمَرَ.

١٤٧٦. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: لَيْسَ الْمِسْكِينُ الَّذِي يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلَكِنِ الْمِسْكِينُ الَّذِي لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ وَلَا يُفْطَنُ بِهِ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ وَلَا يَقُومُ فَيَسْأَلُ النَّاسَ.

١٤٧٧. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ ثُمَّ يَغْدُو - وَأَحْسِبُهُ قَالَ: إِلَى الْجَبَلِ - فَيَحْتَطِبَ فَيَبِيعَ فَيَأْكُلَ وَيَتَصَدَّقَ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ وہ لوگوں سے اصرار کر کے نہیں مانگتے، اور اس بات کا بیان کہ غنیٰ (مالداری) کی مقدار کیا ہے؟ اور نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان کہ اور وہ نہیں پاتا اتنی مالداری جو اسے سوال سے بے نیاز کرے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ (خیرات) ان فقیروں کے لئے ہے جو اللہ کے راستہ میں روک دیئے گئے، وہ زمین میں

Maktaba Tul Ishaat.com

جانے (یعنی معاش کے لئے تگ ودو) کی طاقت نہیں رکھتے، ناواقف ان کو مالدار گمان کرتا ہے ان کے سوال سے اجتناب کرنے کی وجہ سے، آپ ان کو ان کی علامت سے پہچان سکتے ہیں، وہ لوگوں سے اصرار کر کے نہیں مانگتے، تم جو کچھ بھی خرچ کروگے بے شک اللہ تعالیٰ اس کو اچھی طرح جانتا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص مسکین نہیں ہے جس کو ایک لقمہ یا دو لقمے اِدھر اُدھر پھرائیں، لیکن مسکین وہ ہے جس کے پاس مال نہیں ہے اور وہ شرماتا ہے اور لوگوں سے اصرار کر کے نہیں مانگتا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کے کاتب نے بیان کیا کہ حضرت معاویہؓ نے مغیرہ بن شعبہؓ کو لکھا کہ نبی کریم ﷺ سے سنی ہوئی کوئی بات مجھے لکھ کر بھیجو، حضرت مغیرہؓ نے ان کو لکھا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے قیل و قال یعنی فضول گفتگو کو، مال ضائع کرنے کو اور بہت سوال کرنے کو ناپسند فرمایا ہے۔

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کی روایت کا ترجمہ باب إذا لم یکن الإسلام علی الحقیقة إلخ میں گزر چکا۔ البتہ آگے ہے:

یعقوب بن ابراہیم عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَالِحٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدٍ کے طریق سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے انہوں نے اپنی روایت میں یہ اضافہ بیان کیا کہ پھر نبی کریم ﷺ نے اپنے دست مبارک کی مٹھی بنا کر میری گردن اور شانے کے درمیان مارا اور فرمایا اے سعد! ادھر آؤ، بے شک میں ایک شخص کو دیتا ہوں (الحدیث)۔

امام بخاری کہتے ہیں کہ سورۂ شعراء میں جو فَکُبْکِبُوا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ لوگ اوندھے منھ گرادیئے جائیں گے، سورۂ ملک میں جو مُکِبًّا ہے وہ أکب سے ہے أَکَبَّ الرَّجُلُ اس وقت بولا جاتا ہے جب فاعل کا فعل کسی پر واقع نہ ہو، اور جب کسی پر واقع ہو تو آپ کہیں گے کَبَّهُ اللهُ لِوَجْهِهِ یعنی اللہ نے اسے اوندھے منھ کردیا، اور کَبَبْتُهُ أَنَا یعنی میں نے اسے اوندھے منھ گرا دیا۔　　امام بخاری کہتے ہیں صالح بن کیسان زہری سے بڑے ہیں وہ حضرت ابن عمرؓ سے ملے ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ کی یہ دوسری روایت ابھی اوپر گزری۔

حضرت ابوہریرہؓ کی یہ آخری روایت تین باب پہلے باب الاستعفاف عن المسئله میں گزر چکی۔

تشریح: امام بخاری نے جب باب گزشتہ میں یہ بتایا کہ تکثر کے لئے سوال کرنا ممنوع ہے تو اس ترجمۃ الباب سے یہ بتاتے ہیں کہ الحاف کے ساتھ سوال کرنا مکروہ ہے، الحاف یعنی الحاح کے ساتھ سوال یہ ہے کہ آدمی اصرار کرے، سائل مسئول کو چمٹ جائے کہ بے لئے نہ ہٹے۔

امام بخاری نے یہاں پر شریعت کی نگاہ میں الحاف کی تشریح اور وضاحت یہ کی ہے کہ غنیٰ کے ہوتے ہوئے سوال کیا جائے، آدمی کے پاس موجود ہو اس کے باوجود سوال کرے، یہ ہے الحاف، دیکھو پہلی حدیث میں آرہا ہے وَلٰكِنِ الْمِسْكِينُ الَّذِي لَيْسَ لَهُ غِنًى وَيَسْتَحْيِي، أَوْ لَا يَسْأَلُ النَّاسَ إِلْحَافًا، حقیقی مسکین وہ ہے جس کے پاس

Maktaba Tul Ishaat.com

بقدر کفایت نہیں اور وہ شرماتا ہے اپنے حال کے اظہار سے، یا فرمایا اور لوگوں سے الحاف کے ساتھ سوال نہیں کرتا ہے، اس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ غنیٰ کے ہوتے ہوئے سوال الحاف ہے اور اگر غنیٰ نہیں ہے اور کوئی سوال کرتا ہے تو یہ الحاف نہیں ہے، اب چونکہ ترجمہ میں غنیٰ کا لفظ آگیا اور روایت میں بھی ہے اس لئے ضرورت پیش آئی کہ یہ وضاحت کی جائے کہ غنیٰ کسے کہتے ہیں، آدمی غنی کب سمجھا جاتا ہے؟

حنفیہ فرماتے ہیں کہ غنیٰ کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) غناء مانع عن السوال: انسان کے پاس صبح وشام کا کھانا ہو، حضرت سہل بن حنظلیہؓ کہتے ہیں مَنْ سأَلَ وعندَہ ما یُغنِیہ فإنما یَستکثِرُ مِن النار فقالوا یا رسول اللہ وما یُغنیہ؟ قال قَدْرَ مایُغدِّیہ ویُعشِّیہ رواہ أبو داؤد، انسان کے پاس اتنا ہو جس میں وہ صبح اور شام کو کھالے یہ ہے غناء مانع عن السوال، اس کے ہوتے ہوئے انسان کو سوال کرنے کی گنجائش نہیں ہوتی۔

قاضی باجی جو مالک المسلک ہیں کہتے ہیں کہ ایک اوقیہ کا مالک ہو، اور شاید انہوں نے ایک روایت سے استدلال کیا ہے جو ابوداؤد ونسائی میں ہے مَن سَألَ ولہ قیمۃٌ أوقیۃٍ فَقَدْ أَلْحَفَ، اور الحاف کی مذمت آئی ہے تو اس سے معلوم ہوگیا کہ ایک اوقیہ مانع عن السوال ہے۔

علامہ موفق بن قدامہ فرماتے ہیں کہ غناء مانع عن السوال قوام عیش، سداد عیش ہے، اتنا انسان کے پاس ہو جس سے اس کی حاجت پوری ہو جائے۔

(۲) غناء مانع عن اخذ الزکاۃ: وہ غنیٰ جو زکاۃ لینے سے مانع ہو، حنفیہ کہتے ہیں کہ زکاۃ لینے سے مانع مقدارِ نصاب ہے اور یہ قدر نصاب اس کی ضرورت سے زائد ہو، امام مالک نے تو صرف مقدار زکاۃ کو قرار دیا ہے حنفیہ نے حاجت اصلیہ سے زائد ہونے کی قید لگادی، اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ غناء مانع عن اخذ الزکاۃ قدر کفایت کا ہونا ہے، یہی امام مالک کا مذہب اور امام احمد کا ایک قول ہے، امام احمد کا مشہور قول یہ ہے کہ غناء مانع عن اخذ الزکاۃ یہ ہے کہ انسان کے پاس پچاس درہم ہوں یا اس کی قیمت کا سونا ہو، یہ تو ہے نقدین کے اندر اور اس کے علاوہ میں قدر کفایت کا اعتبار ہے، پھر کفایت سے کیا مراد ہے؟ اس میں دو قول ہیں، بعض شافعیہ کہتے ہیں کہ قدر کفایت کے معنی یہ ہیں کہ ایک سال کیلئے کافی ہو، لیکن شافعیہ کا مشہور قول یہ ہے کہ اس سے مراد کفایۃ العمر الغالب ہے، لینے والے کی عادۃً جتنی عمر ہو سکتی ہے اس کی عمر بھر کیلئے اگر کچھ دے دیا جائے تو لینا جائز ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(۳) غناء موجب للزکاۃ: اور وہ یہ ہے کہ انسان کے پاس مال نصاب، ضرورت سے زائد ہو۔

پھر شافعیہ اور حنابلہ وغیرہ کہتے ہیں کہ آدمی صاحب نصاب ہو کر بھی زکاۃ لے سکتا ہے، اس لئے کہ بعض وقت آدمی صاحب نصاب ہوتا ہے لیکن اس کی ضرورت کے لئے وہ مال کافی نہیں ہوتا ہے اگر ایسی حالت ہو تو صاحب نصاب ہوتے ہوئے زکاۃ لے سکتا ہے، حنفیہ کے یہاں گنجائش نہیں انہوں نے بہت تحدید کر دی ہے اور کہتے ہیں، کہ انسان پر زکاۃ اس وقت ہے جب اس کے حوائج اصلیہ سے زائد مال نصاب حولی نامی ہو، اور ظاہر ہے کہ جب حوائج اصلیہ سے زائد کی قید لگادی گئی تو اس میں اس کا نان ونفقہ، اس کے گھر والوں کا نان ونفقہ، ان کا کسوہ، اس کا اپنا کسوہ اور دیون اور لوگوں کے مطالبات سب آگئے، خلاصہ یہ نکلا کہ نہ وہ کسی کا مقروض ہے اور نہ ہی اس کی اپنی ضرورتیں رکی ہوئی ہیں اور نہ گھر والوں کی ضرورتیں رکی ہوئی ہیں سب سے فارغ ہونے کے بعد اس کے پاس مال نصاب نامی حولی ہو تو اس پر زکاۃ واجب ہوگی۔

امام بخاری کے یہاں غناء کا کیا معیار ہے؟ حافظ ابن حجر نے کوئی بات بہت صاف نہیں کہی، کہیں کچھ کہہ دیتے ہیں کہیں کچھ لیکن انہوں نے ایک جگہ یہ لکھا ہے کہ امام بخاری کے ظاہر تصرف سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک غناء کی مقدار اوقیہ ہے، اس لئے کہ انہوں نے آیت کریمہ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا ذکر کی ہے اور الحاف کی تفسیر حدیث میں ہے مَنْ سَأَلَ وله قيمة أوقيةٍ فَقَدْ أَلْحَفَ رواه أحمد وأبو داؤد والنسائی عن أبي سعيد الخدری، اس کا مطلب یہ نکلا کہ سوال میں الحاح کی صفت اسی وقت پائی جائے گی جب انسان کے پاس اوقیہ ہو اور اگر ایک اوقیہ نہ ہو تو سائل ملحف نہیں ہے، معلوم ہوتا ہے کہ یہی ایک ایسا غنیٰ ہے جس کی وجہ سے انسان مستغنی سمجھا جاتا ہے اور اس کے ہوتے ہوئے سوال کرنا الحاح والحاف کہلاتا ہے۔

ہمارے نزدیک امام بخاری نے اوقیہ کا مسئلہ چھیڑا ہی نہیں ہے، انہوں نے تو آیت کو لیا ہے اور پھر اپنی شرط کی روایت کو پیش کیا ہے، ان کی روایت کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ غنیٰ نام ہے قدر کفایت کا، روایت میں ہے لَيْسَ لَهُ غِنًى اس کے پاس غنیٰ نہیں، غنیٰ کیا ہے جو انسان کو مستغنی کر دے دوسری طرف متوجہ ہونے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے، آئندہ بخاری شریف میں یہی حدیث آرہی ہے اس میں ہے لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ اس کے پاس اتنا مال نہیں جو اس کو مستغنی کر دے جو اس کی ضرورتوں کے لئے کافی ہو جائے، معلوم ہوا کہ امام بخاری

Maktaba Tul Ishaat.com

مسئلہ غنیٰ میں حضرات ائمۂ ثلاثہ کے ہم خیال ہیں جو کہتے ہیں غنیٰ نام ہے قدر کفایت کا۔

إِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ ثَلَاثًا، قِيلَ وَقَالَ وَإِضَاعَةَ المَالِ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ: قیل وقال بعض کہتے ہیں کہ دونوں فعل معروف ومجہول ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ مصدر ہیں یعنی بے ضرورت بات۔

وَإِضَاعَةَ المَالِ، اور مال کی اضاعت، مال کی اضاعت یہ ہے کہ انسان مال کو اپنی حیثیت سے زیادہ بے محل خرچ کرے خواہ معصیت میں ہو یا معصیت کا محل نہ ہو ویسے ہی خواہ مخواہ کی زیبائش وآرائش ہو۔

وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ، کثرتِ سوال سے مراد کیا ہے؟ امام بخاری کے ترجمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے سوالِ اموال مراد ہے، کثرتِ سوال یعنی کثرت سے مانگے، یہ کثرت سے مانگنا مکروہ ہے اسی نکتہ کے لئے یہ حدیث یہاں پر لے آئے اور کثرتِ سوال وہی مکروہ ہے جبکہ انسان بے ضرورت سوال کرے۔

بعض کہتے ہیں کہ اس سے بے ضرورت مسائل کے متعلق سوال کرنا ہے، خواہ مخواہ الجھی ہوئی باتیں لائے اور آدمی سے سوال کرے، بعض کہتے ہیں کہ دونوں معانی مراد ہیں، امام بخاری بھی بظاہر تعمیم ہی کے قائل ہیں، انہوں نے یہ روایت مذکور باب میں ذکر کی ہے جس کا تعلق سوال اموال سے ہے اور اسی روایت کو انہوں نے کتاب الاعتصام میں ذکر فرمایا ہے وہاں کثرت مسائل سے مراد بے فائدہ مسئلہ مسائل ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غُرَيْرٍ الزُّهْرِيُّ: اس سند میں پہلا لطیفہ یہ ہے کہ اس میں تین تابعی ایک دوسرے سے روایت کرتے ہیں، صالح بن کیسان، ابن شہاب زہری، عامر بن سعد۔

دوسرا لطیفہ یہ ہے کہ یہ من باب روایۃ الاکابر عن الاصاغر ہے، صالح بڑے ہیں اور ابن شہاب عمر میں چھوٹے ہیں، ہوا یہ تھا جیسا کہ طبقات ابن سعد میں ہے کہ صالح بن کیسان اور زہری دونوں طلب حدیث کے لئے تیار ہوئے، زہری تو بات لکھ لیتے تھے خواہ حضور ﷺ کی حدیثیں ہوں خواہ صحابہ کے آثار ہوں خواہ علماء کے اقوال، اور صالح بن کیسان صرف حضور پاک ﷺ کی حدیثیں لکھتے تھے، اس کے بعد ایک وقت آیا کہ ابن شہاب زہری کی طرف لوگوں کا رجوع بڑھا، صالح کہتے ہیں فأفلحَ وخسرتُ۔

طلبہ کیلئے ایک مفید نصیحت: علماء نے لکھا ہے صاحب الانتخاب یندم جو اساتذہ کی تقریروں کا انتخاب کرتا ہے ان کی باتوں میں سے بعض باتیں لکھتا ہے بعض چھوڑ دیتا ہے بعد میں نادم ہوتا ہے، محدثین کہتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں إذا كتبت فقمّش وإذا حدّثت ففتّش جب لکھنے کا نمبر آئے تو جو سامنے آئے لکھتے چلے جاؤ لیکن جب تمہارے بیان کا نمبر آئے تو تفتیش کرو، جو معتبر ہو اسکو بیان کرو جو غیر معتبر ہو اسکو چھوڑ دو، یہ ہیں محدثین۔

تیسرا لطیفہ یہ ہے کہ سند کے سارے رواۃ زہری ہیں، بنو زہرہ سے تعلق رکھتے ہیں جو نبی اکرم ﷺ کے اخوال کا خاندان ہے۔

مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ: أی مالک أعرضت عن فلان؟

إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ: مطلب یہ ہے کہ کسی کو دینا محبوبیت کی علامت نہیں، بعض وقت کسی کو نہیں دیتا وہ زیادہ محبوب ہوتا ہے اور کسی کو دیتا ہوں اس میں وہ بات نہیں ہوتی۔

خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ: اس لئے دیتا ہوں کہ کہیں جہنم میں نہ جا پڑے، دینے سے دینے والے کے ساتھ محبت پیدا ہو جائے گی اس کا ایمان مضبوط ہو جائے گا۔

فَجَمَعَ بَيْنَ عُنُقِي وَكَتِفِي: مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ نے یہاں ہاتھ مارا، یہ ہے کتف، یہ ہے عنق، اور یہ ہے دونوں کے بیچ کا حصہ، جب حضرت پڑھا رہے تھے ہم وہیں بیٹھے تھے سامنے بالکل پاس میں، حضرت نے یہاں ہاتھ رکھ لیا اور پھر آگے چل دیئے۔

حضرت سعدؓ کی روایت کی ترجمہ سے مناسبت یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے جو ایک شخص کو نہیں دیا اور سعدؓ نے بار بار اسکے بارے میں سوال کیا، حضور ﷺ نے انکے انداز کو پسند نہیں کیا بعض روایت میں ہے أَقِتَالاً أَيْ سَعْدُ؟ کیا سعد لڑائی کا ارادہ ہے، اس سے اندازہ ہوا کہ بے فائدہ اور بے ضرورت سوال کرنا ناپسندیدہ ہے۔

اور یہ جو روایت مصنف نے ذکر کی ہے وَلٰكِنِ الْمِسْكِينُ الَّذِي لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ وَلَا يُفْطَنُ بِهِ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ وَلَا يَقُومُ فَيَسْأَلُ النَّاسَ یہ بتانے کے لئے ذکر فرمائی ہے کہ غناء سے مراد وہ مقدار ہے جو انسان کے لئے کافی ہو جائے اور اس کے ہوتے ہوئے انسان کو سوال کی گنجائش نہیں۔

وَلٰكِنِ الْمِسْكِينُ، اس سے بعض علماء نے استدلال کیا ہے کہ إِنَّ الْفَقِيرَ أَسْوَأُ حَالاً مِنَ الْمِسْكِينِ کیوں کہ معلوم ہے کہ مسکین کے پاس کچھ ہوتا ہے، یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، (۱) امام شافعی واحمد فرماتے ہیں إِنَّ الْفَقِيرَ أَسْوَأُ حَالاً مِنَ الْمِسْكِينِ اسی کو طحاوی نے اختیار کیا ہے، (۲) امام محمد وابو حنیفہ کہتے ہیں الْمِسْكِينُ أَسْوَأُ حَالاً مِنَ الْفَقِيرِ، صاحب ہدایہ فرماتے ہیں لکل وجه، ہر قول کی کوئی نہ کوئی وجہ ہے، (۳) بعض کہتے ہیں کہ دونوں

Maktaba Tul Ishaat.com

مساوی ہیں یہ مالکیہ کا ایک قول ہے، (۴) بعض کہتے ہیں کہ فقیر وہ ہے جو سوال کرتا ہے اور مسکین وہ ہے جو سوال نہیں کرتا ہے۔

لأن یأخذ أحدکم حبلہ ثم یغدو: اس سے معلوم ہوا کہ آدمی اگر اپنی ضرورت محنت مزدوری کرکے پورا کرسکتا ہے تو اس کے ہوتے ہوئے سوال کرنا ناپسندیدہ ہے۔

(ص ۲۰۰) بَاب خَرْصِ التَّمْرِ

١٤٧٨. حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبَّاسٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ غَزْوَةَ تَبُوكَ فَلَمَّا جَاءَ وَادِيَ الْقُرَى إِذَا امْرَأَةٌ فِي حَدِيقَةٍ لَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ لِأَصْحَابِهِ: اخْرُصُوا وَخَرَصَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ، فَقَالَ لَهَا: أَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَلَمَّا أَتَيْنَا تَبُوكَ قَالَ: أَمَا إِنَّهَا سَتَهُبُّ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ وَلَا يَقُومَنَّ أَحَدٌ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ بَعِيرٌ فَلْيَعْقِلْهُ، فَعَقَلْنَاهَا وَهَبَّتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ فَقَامَ رَجُلٌ فَأَلْقَتْهُ بِجَبَلَيْ طَيِّءٍ، وَأَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ ﷺ بَغْلَةً بَيْضَاءَ وَكَسَاهُ بُرْدًا وَكَتَبَ لَهُ بِبَحْرِهِمْ فَلَمَّا أَتَى وَادِيَ الْقُرَى قَالَ لِلْمَرْأَةِ: كَمْ جَاءَ حَدِيقَتُكِ؟ قَالَتْ: عَشَرَةَ أَوْسُقٍ خَرْصَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنِّي مُتَعَجِّلٌ إِلَى الْمَدِينَةِ فَمَنْ أَرَادَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيَتَعَجَّلْ، فَلَمَّا قَالَ ابْنُ بَكَّارٍ كَلِمَةً مَعْنَاهَا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ، قَالَ: هَذِهِ طَابَةُ، فَلَمَّا رَأَى أُحُدًا قَالَ: هَذَا جُبَيْلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: دُورُ بَنِي النَّجَّارِ ثُمَّ دُورُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ ثُمَّ دُورُ بَنِي سَاعِدَةَ أَوْ دُورُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ يَعْنِي خَيْرًا.

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ: كُلُّ بُسْتَانٍ عَلَيْهِ حَائِطٌ فَهُوَ حَدِيقَةٌ وَمَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ حَائِطٌ لَا يُقَالُ حَدِيقَةٌ.

١٤٧٩. وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ: حَدَّثَنِي عَمْرٌو: ثُمَّ دَارُ بَنِي الْحَارِثِ بن الخزرج ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ، وَقَالَ سُلَيْمَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ عَبَّاسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: أُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ.

ترجمہ: باب، کھجور کا اندازہ کرنے کا بیان۔

ابوحمید ساعدیؓ نے بیان کیا کہ ہم نے حضور ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں شرکت کی، جب ہم وادی القریٰ میں تھے تو

Maktaba Tul Ishaat.com

ہم نے ایک عورت کو دیکھا جو اپنے ایک باغ میں تھی، نبی کریم ﷺ نے صحابہ سے کہا کہ اندازہ کرو، خود نبی ﷺ نے دس وسق اندازہ کیا، آپ نے اس عورت سے کہا کہ اس میں جو نکلے اس کا اندازہ کرکے دیکھو، جب ہم تبوک پہنچے تو آپ نے فرمایا خبردار! آج رات تیز ہوا چلے گی کوئی شخص کھڑا نہ ہو اور جس کے پاس اونٹ ہو وہ اس کو باندھ دے، ہم نے اونٹوں کو باندھ دیا، تیز آندھی آئی، ایک شخص کھڑا ہوا تو اس کو آندھی نے قبیلۂ طے کے پہاڑوں میں پھینک دیا، ایلہ کے بادشاہ نے آپ کو ایک سفید خچر تحفہ میں دیا اور ایک چادر نذر کی، حضور ﷺ نے ملک ایلہ کی حکومت اس کے نام لکھ دی، جب آپ وادی قریٰ آئے تو اس عورت سے دریافت فرمایا کہ تمہارے باغ میں کتنی کھجوریں نکلیں؟ اس نے جواب دیا کہ دس وسق، جتنی کہ نبی ﷺ نے اندازہ کی تھیں، آپ نے فرمایا کہ مجھے مدینہ منورہ جلدی پہنچنا ہے تم میں سے جو میرے ساتھ مدینہ منورہ جلدی جانا چاہے تو جلدی کرے، بخاری نے کہا کہ ابن بکار کے الفاظ تو محفوظ نہیں مگر اس کا مفہوم یہ ہے کہ پھر جب آپ مدینہ منورہ کے قریب ہوئے تو فرمایا کہ یہ طابہ ہے اور جب احد کو دیکھا تو فرمایا یہ وہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں، پھر فرمایا کہ کیا میں تمہیں انصار کا سب سے بہتر گھرانہ نہ بتاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا کہ کیوں نہیں! (ضرور بتائیں) آپ نے فرمایا کہ بنو نجار کا گھرانہ، پھر بنو عبد اشہل کا گھرانہ، پھر بنو ساعدہ کا گھرانہ یا بنو حارث بن خزرج کا گھرانہ فرمایا اور فرمایا کہ انصار کے تمام ہی گھرانوں میں خیر ہے۔ امام بخاری کہتے ہیں کہ ہر وہ باغ کہ جس میں دیوار (احاطہ) کا حصار ہو وہ حدیقہ (باغ) ہے اور جس میں دیوار کا حصار نہ ہو اس کو حدیقہ نہیں کہا جاتا۔

سلیمان بن ہلال نے کہا مجھ سے عمرو بن یحیٰ نے اپنی حدیث میں یہ ترتیب بیان کی کہ پھر بنو حارث بن خزرج کا گھرانہ پھر بنو ساعدہ کا گھرانہ، سلیمان نے سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ عَبَّاسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ کے طریق سے یہ بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ احد ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

تشریح: خرص خاء کے فتحہ اور راء کے سکون کے ساتھ مصدر ہے اس کا معنی ہے حزر یعنی باغات کے پھلوں کا اور کھیتیوں کے اناج کا تخمینہ لگانا۔

خرص کرنا مختلف فیہ رہ چکا ہے، امام ابو حنیفہ اور شعبی انکار کرتے تھے، شعبی کہتے تھے کہ خرص بدعت ہے، لیکن جمہور علماء خرص کے قائل ہیں اور ان احادیث سے استدلال کرتے ہیں جس کو بخاری و مسلم اور اصحاب سنن نے روایت کیا ہے۔

جو لوگ خرص کے قائل نہیں وہ ان روایتوں کے چار پانچ جوابات دیتے ہیں۔

(۱) پہلا جواب یہ کہ خرص منسوخ ہے مزابنہ سے، ابو عبید القاسم بن سلام فرماتے ہیں کہ باب مزابنہ کا

Maktaba Tul Ishaat.com

تعلق بیع سے ہے، اور خرص کا تعلق زکاۃ سے ہے، زکاۃ کا باب اور ہے بیع کا باب اور ہے، بعضوں نے کہا ہے کہ منسوخ ہے تحریم ربا و قمار سے، ابو عبید القاسم بن سلام کہتے ہیں کہ جس ذات گرامی نے ربا و قمار کی تحریم کی اسی نے خرص کو مسنون قرار دیا ہے، امام خطابی فرماتے ہیں کہ خرص کی مشروعیت تحریم ربا سے مؤخر ہے لہذا تحریم ربا کے ذریعہ خرص کے منسوخ ہونے کا دعویٰ کرنا صحیح نہیں۔

(٢) بعض علماء کہتے ہیں کہ خرص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے اس لئے کہ آپ کو اللہ نے جو صواب کے ادراک کی صلاحیت دی تھی وہ کسی اور میں نہیں، ابو عبید فرماتے ہیں کہ اگر یہی بات ہے تو شریعت کا دروازہ بند کر دینا پڑے گا اس لئے کہ کوئی بھی نبی جیسا صواب نہیں پا سکتا ہے ان کے جیسا صحیح عمل کر ہی نہیں سکتا۔

(٣) بعض علماء کہتے ہیں کہ خرص مزارعین کو ڈرانے کے لئے ہوتا تھا، اس پر یہ اشکال ہے کہ اس حکمت میں اور خرص کے مقصد میں کوئی تنافی نہیں ہے، مزارعین کو ڈرایا بھی جاتا تھا اور تعلیم بھی مقصود ہوتی تھی کہ اتنا پیدا ہوگا اتنا تم سے عشر لیا جائے گا۔

(٤) حضرت گنگوہی فرماتے ہیں کہ خرص؛ عرایا اور عشر اور خراج میں جائز ہے، یعنی حنفیہ سے جو خرص کی ممانعت منقول ہے اس کا تعلق بیع سے ہے اور جہاں پر خرص کا ثبوت ہے اس کا تعلق عرایا اور عشر و خراج سے ہے وہاں حنفیہ خرص کو منع نہیں کرتے ہیں، حضرت شیخ الہند نے بھی اسی طرح کا جواب دیا ہے کہ عشر میں خرص جائز ہے۔

(٥) پانچواں جواب بعض علماء نے دیا ہے کہ خرص کا تعلق غیر مسلمین سے ہے، لیکن یہ جواب کمزور ہے۔

خرص کے قائلین کی اکثریت کہتی ہے کہ خرص مستحب ہے، اور شافعیہ کا ایک قول یہ ہے کہ واجب ہے۔

پھر اس میں اختلاف ہے کہ کس چیز کا خرص کیا جائے گا؟ قاضی شریح کہتے ہیں کہ بس نخیل کا، اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ نخیل و اعناب کا، امام بخاری کی رائے یہ ہے کہ کُلُّ مَایَنْتَفِعُ بِهٖ رَطْبًا وَ جَافًّا۔

خرص کا فائدہ: اس خرص کا فائدہ بیت المال کو بھی ہوتا ہے اور اصحاب الاموال کو بھی، اصحاب الاموال کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ وہ آزاد ہو جاتے ہیں جیسے چاہیں تصرف کریں، اور بیت المال کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ اصحاب اموال خیانت نہیں کر سکتے ہیں اس لئے کہ بیت المال کا خارص آ کر خرص کر چکا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

خرص کے بعد کچھ حصہ معاف کردیا جائے:　　ابوداؤد وترمذی وغیرہ کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت سہل بن ابی حثمہؓ نقل کرتے ہیں إِذَا خَرَصْتُمْ فَخذُوا وَدَعُوا الثُّلُثَ فَإِنْ لَمْ تَدَعُوا الثُّلُثَ فَدَعُوا الرُّبُعَ یعنی تم خرص کرلو تو جتنا تم نے خرص کیا ہے اس میں سے ایک ثلث یا ایک ربع ساقط کردو۔

علماء قاضی ابن عربی وغیرہ فرماتے ہیں کہ تجربہ یہ ہے کہ ہواؤں کے ذریعہ اور دوسری چیزوں سے اور پرندوں کے نقصان پہونچانے سے تقریباً ایک ربع یا ایک ثلث کا نقصان ہوجاتا ہے، باغ میں جتنا پھل ہوتا ہے اس کا ایک ربع یا ثلث ضائع ہوجاتا ہے اسی لئے حضور ﷺ نے فرمایا إِذَا خَرَصْتُمْ فَخذُوا وَدَعُوا الثُّلُثَ فَإِنْ لَمْ تَدَعُوا الثُّلُثَ فَدَعُوا الرُّبُعَ خرص میں جو تخمینہ آیا تھا اس تخمینے سے ایک ثلث چھوڑ دو اور اگر اتنے پر راضی نہ ہو تو ایک ربع چھوڑ دو، بعض حنابلہ کہتے ہیں کہ یہ امر ایجابی ہے۔

حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ:　امام ابوداؤد نے بھی یہ روایت سہل بن بکارؓ سے روایت کی ہے لیکن مختصراً۔

أَمَا إِنَّهَا سَتَهُبُّ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ:　فرمایا آج کی رات بڑی تیز ہوا چلے گی کوئی کھڑا نہ ہو جسکا کوئی اونٹ ہو باندھ لے فَعَقَلْنَاهَا، بعض روایات میں ہے، دو آدمی ضرورت سے اٹھے ایک کو ہوا نے طیٔ کے دونوں پہاڑوں اَجَا وسَلْمیٰ کے درمیان ڈال دیا اور دوسرا اُخنِقَ علی طریقه، خیر وہ لایا گیا حضور ﷺ نے دعاء کی اچھا ہوگیا۔

بِجَبَلَي طَيِّءٍ:　　طی کے دونوں پہاڑوں کے بیچ میں، ایک کا نام اجا قمر کے وزن پر اور دوسرے کا نام تھا سلمیٰ الف مقصورہ کے ساتھ۔

وَأَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ ﷺ:　　اور شاہ ایلہ نے خدمت والا شان میں ایک بغلہ پیش کیا، مسلم میں ہے جاء رسول ابن العلماء اور ابن اسحاق کی روایت میں ہے أتاه یوحنا بن روبة، ابن اسحاق کی روایت سے نام بھی معلوم ہوگیا اور باپ کا نام بھی، بظاہر عَلماء ماں کا نام ہوگا۔

بَغْلَةً بَيْضَاءَ:　　قاضی عیاض اور نووی کہتے ہیں کہ اس سے دُلدُل مراد ہے، اس پر یہ اشکال ہے کہ دُلدُل تو آپ کی خدمت میں مقوقس نے پیش کیا تھا اور اس روایت میں جس کا ہدیہ مذکور ہے وہ فروہ بن نفاثہ تھے۔

وَكَتَبَ لَهُ بِبَحْرِهِمْ:　　اور آپ نے ان کے بحر کا ان کے حق میں فرمان لکھ دیا، بحر سے مراد بستی ہے یعنی حضور اکرم ﷺ نے ان کو وہاں کا ذمہ دار بنادیا اور اس پر جزیہ مقرر کردیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عَشَرَةَ أَوْسُقٍ: اگر نصب کے ساتھ ہو تو یہ منصوب بنزع الخافض ہے أی جاءت بعشرة أوسق، اور اگر مرفوع ہے تو معنی ہے الحاصل عشرة۔

خَرْصَ رَسُولِ اللّٰہِ ﷺ: اگر یہ منصوب ہے تو بدل ہے یا بیان، اور اگر مرفوع ہے تو خبر ہے مبتدا محذوف کی أی هو خرص رسول الله ﷺ۔

فَلَمَّا قَالَ ابْنُ بَكَّارٍ كَلِمَةً مَعْنَاهَا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ: یعنی قال کے بعد ایک کلمہ ابن بکار نے کہا بخاری نے نہیں سنا، کہتے ہیں اس کے معنی ہیں أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، اور ابن ابی شیبہ نے عفان بن مسلم سے نقل کیا ہے حتی إذا أوفى على المدينة۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: اسی طرح بعض نسخوں میں وارد ہوا ہے مراد بخاری ہیں، اور بعض نسخوں میں قال أبو عبيد ہے اسی کو حافظ ابن حجر نے اختیار کیا ہے، اس سے مراد ابو عبید القاسم بن سلام صاحب غریب الحدیث ہیں اور آنے والا کلام ابو عبید کی غریب الحدیث میں موجود ہے كُلُّ بُسْتَانٍ عَلَيْهِ حائِطٌ فَهُوَ حَدِيقَةٌ یعنی حدیقہ اس باغ کو کہتے ہیں جس کے چاروں طرف دیوار ہوتی ہے اور اگر دیوار نہ ہو تو اس کو حدیقہ نہیں کہتے ہیں۔

(ص ۲۰۱) بَابُ الْعُشْرِ فِيمَا يُسْقَى مِنْ مَاءِ السَّمَاءِ وَالْمَاءِ الْجَارِي

ولم ير عمر بن عبد العزيز في العسل شيئا.

١٤٨٠. حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُونُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرُ، وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ.

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: هَذَا تَفْسِيرُ الْأَوَّلِ؛ لِأَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِي الْأَوَّلِ يَعْنِي حَدِيثَ ابْنِ عُمَرَ فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ، وَبَيَّنَ فِي هَذَا وَوَقَّتَ وَالزِّيَادَةُ مَقْبُولَةٌ، وَالْمُفَسَّرُ يَقْضِي عَلَى الْمُبْهَمِ إِذَا رَوَاهُ أَهْلُ الثَّبَتِ كَمَا رَوَى الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يُصَلِّ فِي الْكَعْبَةِ وَقَالَ بِلَالٌ: قَدْ صَلَّى، فَأُخِذَ بِقَوْلِ بِلَالٍ وَتُرِكَ قَوْلُ الْفَضْلِ.

ترجمہ: باب، ان کھیتوں میں عشر کے واجب ہونے کا بیان جو بارش کے پانی سے یا بہتے پانی سے سیراب کئے

Maktaba Tul Ishaat.com

جائیں، حضرت عمر بن عبد العزیز شہد میں عشر کے قائل نہیں تھے۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس زمین کو بارش کا پانی یا چشموں کا پانی سیراب کرے یا وہ خود بخود سیراب ہوا اسمیں دسواں حصہ واجب ہے اور جس کھیتی کو کنویں کے پانی سے سینچا جائے اسمیں بیسواں حصہ واجب ہے۔

امام بخاری کہتے ہیں کہ یہ پہلی روایت کی تفسیر ہے کیوں کہ پہلی روایت یعنی حضرت ابن عمرؓ کی حدیث وَفِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ میں (نصاب کی) کوئی مقدار مقرر نہیں کی گئی جبکہ اس حدیث (جو کہ اگلے باب میں آرہی ہے) میں مقدار کا بیان ہے، اور اضافہ کو قبول کیا جاتا ہے اور مفسر (واضح) حدیث، مبہم (غیر واضح) حدیث کے حکم کو بیان کرتی ہے جبکہ اس کا راوی ثقہ ہو جیسے فضل بن عباسؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کے اندر نماز نہیں پڑھی جبکہ حضرت بلالؓ نے بیان کیا کہ آپ نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی ہے تو حضرت بلالؓ کے قول کو لیا گیا اور فضل بن عباسؓ کے قول کو نہیں لیا گیا۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ عشر صرف ان چیزوں میں واجب ہوگا جو آسمان کے بارش سے سیراب ہوتی ہیں یا ماء جاری سے، یعنی آدمی کو اس میں کچھ کرنا نہ پڑتا ہو خود سینچنا نہ پڑتا ہو، یہ مسئلہ اجماعیہ اور متفق علیہا ہے اور حدیث پاک میں منصوص ہے۔

وَلَمْ يَرَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ فِي الْعَسَلِ شَيْئًا: عمر بن عبد العزیز کی رائے یہ تھی کہ عسل میں عشر نہیں ہے، یہ مسئلہ خلافیہ ہے کہ عسل میں عشر ہے یا نہیں؟ امام مالک اور امام شافعی کہتے ہیں کہ نہیں ہے اور اسی کو ابن منذر اور بخاری نے اختیار کیا ہے، امام ابو حنیفہ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ عشر واجب ہے اور یہی صاحبین کا مسلک ہے، امام بخاری، امام ترمذی اور اسی طرح ابن منذر وغیرہ فرماتے ہیں کہ عسل کے باب میں کوئی روایت ثابت اور صحیح نہیں ہے، ابن منذر نے اس پر اضافہ یہ کیا کہ اس پر اجماع بھی ثابت نہیں۔

لیکن حافظ ابن قیم نے زاد المعاد میں وجوب عشر فی العسل کے سلسلہ کی متعدد روایات نقل کی ہیں اور یہ لکھا ہے کہ یہ آثار بعض بعض کو قوت پہونچاتے ہیں، اور یہ قاعدہ ہے کہ متعدد روایات جن میں کلام ہو اگر وہ حجت نہ بن سکیں تو ملا دینے کے بعد وہ حجت بن جاتی ہیں، انہیں روایات میں سے ۱۔ ایک روایت امام ابو داؤد نے اپنی سنن میں بطریق عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ نقل کی ہے کہ حضرت ہلالؓ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے شہد کا عشر لیکر حاضر ہوئے تھے، ۲۔ جب حضرت عمرؓ کی خلافت کا زمانہ آیا تو انہوں نے اپنے عامل کو یہ لکھا تھا إِنْ أَدَّى إِلَيْكَ عُشُورَ نَحْلِهِ فَاحْمِ لَهُ سَلَبَهُ وَإِلَّا فَلَا. یعنی اگر وہ اپنے شہد کے عشر کو ادا کرتے ہیں تب تو وادی سلبہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ان کے لئے حمیٰ رکھو ورنہ نہیں، حافظ ابن حجر نے تصریح کی ہے کہ اس حدیث کی سند عمرو بن شعیب تک صحیح ہے اور عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کا ترجمہ علی المختار تراجم قویہ میں سے ہے، لہٰذا یہ روایت اس بات کی دلیل بن گئی کہ شہد میں عشر لیا جاسکتا ہے۔

لیکن حافظ ابن حجر کی رائے یہ ہے کہ یہ عشر ان سے علی وجہ الوجوب نہیں بلکہ علی وجہ الاستحباب لیا گیا، اور پھر حافظ صاحب نے ایک روایت ذکر کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات عشر نہیں دیا ہے، یا یوں کہہ لیجئے کہ اس میں عشر دینے کا ذکر نہیں ہے لیکن اس کی سند صحیح نہیں، خود حافظ نے اس کا اعتراف کیا ہے۔

اس کے بعد حافظ نے ایک دوسرا جواب یہ دیا کہ ممکن ہے کہ یہ عشر حمیٰ کے مقابل میں لیا جاتا ہو، مگر حافظ کی یہ بات صحیح نہیں ہے، اس واسطے کہ اگر حضرت عمرؓ نے یوں کہہ دیا إِنْ أَدّٰی إِلَيْكَ عُشُورَ نَحْلِهِ فَاحْمِ لَهُ سَلَبَهُ وَإِلَّا فَلَا تو اس سے یہ کہاں معلوم ہوا کہ یہ عشر حمیٰ کے اور جاگیر دینے کے مقابل میں تھا۔

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ مطلب یہ ہو کہ جب وہ عشر ادا نہیں کرتے ہیں تو پھر ان کے ہاتھ جاگیر دے کر کے بیت المال کا کیا فائدہ ہوگا صرف ان کا اپنا فائدہ ہوگا، عامۃ المسلمین کے فائدہ کی دو ہی شکلیں ہیں، یا تو بیت المال تک کچھ پہونچے تا کہ بیت المال کے ذریعہ مسلمانوں کی خبر گیری کی جائے یا پھر عامۃ الناس کو اجازت ہو کہ وہ اس سے انتفاع حاصل کریں۔

کیا عسل کا کوئی نصاب ہے؟ جو لوگ عسل میں عشر کے وجوب کے قائل ہیں ان میں اختلاف ہے کہ آیا اس کا کوئی نصاب ہے یا نہیں؟ امام ابو حنیفہ اپنی اصل کلی پر چلے ہیں کہ اس کا کوئی نصاب نہیں اور باقی ائمہ نصاب کے قائل ہیں، امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ پانچ فرق ہیں، قاضی ابو یوسف سے اس مسئلہ میں تین روایتیں ہیں، ١۔پانچ وسق، ٢۔دس قرب، ٣۔پانچ امناء، امناء منّ کی جمع ہے ایک مخصوص قسم کا پیمانہ ہوتا ہے۔

یہاں ایک سوال ہوتا ہے کہ امام بخاری نے عمر بن عبد العزیز کا یہ اثر یہاں کیوں ذکر کیا ہے؟

علامہ ناصر الدین بن منیر فرماتے ہیں کہ اس بات پر تنبیہ کرنے کے لئے کہ عشر صرف انہیں چیزوں میں واجب ہوتی ہے جو ماء السماء اور ماء جاری سے سیراب ہوتی ہیں، اور جو ماء السماء اور ماء جاری سے سیراب نہیں ہوتی ہیں ان میں عشر واجب نہیں ہے، اور چونکہ شہد کو پانی سے سیراب ہونے کی ضرورت ہے نہیں لہٰذا اس میں عشر

Maktaba Tul Ishaat.com

واجب نہیں ہو گا، یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ عشری زمین میں جانور چرتا ہے تو اس جانور کے دودھ میں عشر واجب نہیں، ایسے ہی شہد کی مکھی عشری زمین کے انواع زروع کو چوس کر اس کا شہد بناتی ہے تو اس میں بھی عشر واجب نہیں ہو گا، وھذا القیاس قوی۔۔۔وھو اقوی منہ۔

فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُونُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرُ: ان چیزوں میں جن کو آسمان نے سینچا ہو یا چشموں سے سیراب ہوئی ہوں یا وہ عشری ہو تو اس میں عشر ہے۔

یہ روایت بظاہر ترجمۃ الباب کے مطابق نہیں ہے اس واسطے کہ ترجمہ میں ماء جاری کا ذکر ہے اور روایت میں نہیں، اس کا جواب شراح نے یہ دیا ہے کہ امام بخاری نے ترجمہ کے ذریعہ سے حدیث کی شرح کی ہے اور یہ بتلایا ہے کہ حدیث میں جو عیون کا لفظ وارد ہوا ہے اس سے مراد ماء جاری ہے، حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے امام بخاری نے ابو داؤد کی روایت کی طرف اشارہ کیا ہو جس میں الأنھار کا لفظ وارد ہوا ہے۔

أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا: عَثَرِيًّا عین اور ثاء کے فتحہ کے ساتھ ہے، (١) عثری وہ درخت جو اپنے عروق کے ذریعہ سے بغیر سیراب کئے ہوئے پانی پی لیتا ہے کذا قالہ الخطابی، (٢) بعض کہتے ہیں کہ عثری وہ ہے جہاں بارش کا پانی بہہ کر جاتا ہے، (٣) بعضوں نے کہا ہے کہ اصل میں عثری ماخوذ ہے عاثور سے، عاثور کہتے ہیں ساقیہ اور نالی کو اس لئے کہ آدمی اس کے اندر پھسلتا ہے لأن الرجل یعثر فیھا، (٤) ابو عبید فرماتے ہیں کہ عثری کہتے ہیں اس درخت کو جو آسمان کے پانی سے سیراب ہوا ہو، لیکن یہ تفسیر صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ یہ تو حدیث میں پہلے ہی ذکر کر دیا گیا ہے فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ اور اس صورت میں تکرار ہو جائے گا۔

وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ: اور جو سینچ کر سیراب کیا جائے اس میں نصف عشر ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ زمین میں بغیر سینچے جو پیداوار ہوتی ہے چاہے آسمان کے بارش سے ہو یا چشموں اور انہار سے ہو اس میں عشر آئے گا اور جو سینچ کر پیداوار ہوتی ہے اس میں نصف عشر یعنی بیسواں حصہ۔

اس مضمون میں کسی کا بھی کوئی اختلاف نہیں ہے، اور یہ شریعت کا قانون ہے کہ جہاں مشقت زیادہ ہوتی ہے وہاں مطالبہ کم کر دیا جاتا ہے اور جہاں مشقت نہیں ہوتی ہے وہاں شریعت کا مطالبہ بڑھ جایا کرتا ہے، تو جہاں سینچنے کی ضرورت نہیں پڑتی ہے پانی دینے کی ضرورت نہیں واقع ہوتی ہے وہاں تو مطالبہ رکھا گیا ایک بٹا دس کا اور جہاں سینچنے کی ضرورت پڑتی ہے وہاں مطالبہ نصف عشر کا رکھا گیا یعنی ایک بٹا بیس کا رکھا گیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ هٰذَا تَفْسِيرُ الْأَوَّلِ: امام بخاری فرماتے ہیں یہ اول کی تفسیر ہے، اسی طرح سے یہ عبارت بعض نسخوں میں واقع ہوئی ہے، لیکن یہاں بظاہر بے محل واقع ہوگئی ہے، اس لئے کہ اول سے مراد ابن عمرؓ کی حدیث ہے جیسا کہ اس کلام میں خود مصرح ہے اور ھذا کا اشارہ حضرت ابو سعید خدریؓ کی وہ روایت ہے جو اگلے باب میں آرہی ہے، جب اب تک حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت آئی ہی نہیں تو اس کی طرف ھذا سے جو اشارہ الی القریب کے لئے ہوتا ہے کیسے اشارہ کیا جاسکتا ہے؟ حافظ ابو علی صدفی فرماتے ہیں کہ اس کلام کا ابن عمرؓ کی حدیث کے بعد تذکرہ کرنا یہ نساخ کی گڑبڑ ہے، علامہ کرمانی نے لکھا ہے کہ یہ عبارت فربری کے نسخہ میں حضرت ابو سعید خدریؓ کی حدیث کے بعد واقع ہوئی ہے۔

لیکن بہر حال چونکہ یہ عبارت یہاں پر ہے اس لئے یہاں اس کی کچھ توجیہ کرنی چاہئے، علامہ سندی کہتے ہیں کہ ھذا سے اشارہ ابو سعید خدریؓ کی آنے والے حدیث کی طرف ہے جو سامنے ہی آرہی ہے اس لئے ھذا سے اس کی طرف اشارہ کر دیا گیا، اول کی تفسیر کا مطلب یہ ہے کہ ابن عمرؓ کی حدیث عام ہے اور ابو سعید خدریؓ کی حدیث خاص ہے لہٰذا اس کے عموم کو حضرت ابو سعید خدریؓ کی حدیث کے خصوص سے مقید کیا جائے گا، اسی کو امام بخاری فرماتے ہیں لِأَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِي الْأَوَّلِ وَبَيَّنَ فِي هٰذَا وَوَقَّتَ، اس واسطے کہ اول یعنی ابن عمرؓ کی حدیث میں توقیت و تحدید نہیں کی گئی اور یوں کہہ دیا گیا فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ اور اس حدیث یعنی ابو سعید خدریؓ کی حدیث میں بیان کر دیا گیا اور توقیت کر دی گئی کہ کتنے میں عشر ہے وَالزِّيَادَةُ مَقْبُولَةٌ، فرماتے ہیں کہ یہ بیان زیادتی ہے اور ثقہ کی زیادتی مقبول ہوتی ہے۔

یہ مسئلہ اپنی جگہ گزر چکا ہے کہ آیا زیادتِ ثقات مطلقاً مقبول ہے یا اس میں کچھ تفصیل ہے؟ بعض مطلقاً مقبول مانتے ہیں اور بعض مطلقاً رد کرتے ہیں اور بعض حضرات تفصیل کے قائل ہیں، حافظ ابن عبد الہادی وغیرہ نے اسی تیسرے قول کو راجح قرار دیا ہے، اور واقعہ یہ ہے کہ زیادتی اگر شاذ نہ ہو تو مقبول ہوا کرتی ہے اور یہاں شذوذ نہیں۔

وَالْمُفَسَّرُ يَقْضِي عَلَى الْمُبْهَمِ: اور مفسر فیصلہ کرتا ہے مبہم پر، یعنی یہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی روایت میں یا کسی دلیل میں ابہام ہو اور دوسری دلیل میں تفسیر ہو تو تفسیر کو دلیل مبہم پر مقدم رکھا جاتا ہے إِذَا رَوَاهُ أَهْلُ الثَّبَتِ، یہ اس وقت ہے جبکہ مفسر کا ناقل اہل ثبت ہو معتمد علیہ ہو اور یہاں صورت حال یہی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

كَمَا رَوَى الفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَمْ يُصَلِّ فِي الكَعْبَةِ: جیسا کہ فضل بن عباسؓ نے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ میں نماز نہیں پڑھی اور بلالؓ کہتے ہیں قَدْ صَلَّى، تو حضرت بلالؓ مثبت تھے تو ان کے قول کو لے لیا گیا اور حضرت فضلؓ نافی تھے تو ان کے قول کو چھوڑ دیا گیا، معلوم ہوا کہ جب اثبات و نفی میں تعارض ہو جائے تو اثبات کو ترجیح ہوتی ہے، اب چونکہ ابو سعید خدریؓ کی روایت میں پانچ وسق کا اثبات کیا جارہا ہے اور حضرت ابن عمرؓ روایت اس سے ساکت ہے یا یوں کہہ لیجئے کہ نافی ہے لہٰذا ابن عمرؓ کی روایت پر ابو سعید خدریؓ کی روایت کو ترجیح ہوگی، مگر اس میں بندے کو تامل ہے امام بخاری اس سے صرف یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ثقات کی زیادتی مقبول ہوا کرتی ہے۔

رہ گیا ابو سعید خدریؓ کی حدیث کے اجوبہ تو وہ تفصیل کے ساتھ ماقبل باب زکاۃ الورق میں جہاں سب سے پہلے ابو سعیدؓ کی روایت گزری ہے ذکر کئے جا چکے ہیں، انہی میں ایک صاحب ہدایہ کا جواب ہے کہ ابو سعیدؓ کی روایت کا تعلق زکاۃ سے ہے لأنهم كانوا يتبايعون بالأوساق اور وسق کی قیمت چالیس درہم ہوا کرتی تھی۔

(ص ۲۰۱) بَاب لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ

١٤٨١. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكٌ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيْسَ فِيمَا أَقَلَّ مِنْ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِي أَقَلَّ مِنْ خَمْسَةٍ مِنَ الإِبِلِ الذَّوْدِ صَدَقَةٌ، وَلَا فِي أَقَلَّ مِنْ خَمْسِ أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ پانچ وسق سے کم میں زکاۃ واجب نہیں۔

تشریح: امام بخاری نے باب گزشتہ سے یہ بیان فرمایا تھا کہ عشر ان چیزوں میں واجب ہوگا جو زمین سے پیدا ہو اور کاشتکار کو پانی پہونچانے کی مشقت نہ ہو، اب اس ترجمۃ الباب سے یہ بتا رہے ہیں کہ عشر کے وجوب کے لئے نصاب ہے۔

یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے کہ عشر میں نصاب ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ میں تفصیل سے باب زکاۃ الورق میں لیس فیما أقلّ من خمسة أوسق کے ذیل میں بیان کرچکا ہوں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢٠١) بَابُ أَخْذِ صَدَقَةِ التَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ وَهَلْ يُتْرَكُ الصَّبِيُّ فَيَمَسُّ تَمْرَ الصَّدَقَةِ

١٤٨٢. حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْأَسَدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يُؤْتَى بِالتَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ فَيَجِيءُ هَذَا بِتَمْرِهِ وَهَذَا مِنْ تَمْرِهِ حَتَّى يَصِيرَ عِنْدَهُ كَوْمًا مِنْ تَمْرٍ، فَجَعَلَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَلْعَبَانِ بِذَلِكَ التَّمْرِ فَأَخَذَ أَحَدُهُمَا تَمْرَةً فَجَعَلَهُ فِي فِيهِ فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَأَخْرَجَهَا مِنْ فِيهِ فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ آلَ مُحَمَّدٍ ﷺ لَا يَأْكُلُونَ الصَّدَقَةَ؟

ترجمہ: باب، کھجور توڑنے کے وقت زکاۃ وصول کرنے کا بیان، اور اس بات کا بیان کہ کیا بچہ کو زکاۃ کی کھجور چھونے یا کھانے کے لئے چھوڑ دیا جائے؟

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ کھجور توڑے جانے کے زمانے میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کھجور لائی جاتی تھی، یہ شخص اپنی کھجور لا رہا ہے اور یہ شخص اپنی کھجور لا رہا ہے یہاں تک کہ آپ کے پاس کھجور کا ایک ڈھیر لگ جاتا تھا، ایک بار ایسا ہوا کہ حضرت حسنؓ و حسینؓ اس سے کھیلنے لگے اور ان میں سے ایک نے ایک کھجور اپنے منھ میں ڈال لی، آں حضور ﷺ نے ان کی طرف دیکھا اور وہ کھجور ان کے منھ سے نکالی اور فرمایا کہ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آل محمد ﷺ زکاۃ کا مال نہیں کھاتے۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمہ میں دو جزء ذکر کئے ہیں۔

(١) جزء اول کا خلاصہ یہ ہے کہ کھجور کے پھل جب توڑے جائیں تب صدقہ دیا جائے گا، امام بخاری نے اس سے غالباً اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ پھلوں میں زکاۃ کب واجب ہوتی ہے؟ یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔

١۔ شافعیہ اور حنابلہ فرماتے ہیں کہ حبوب میں اشتداد کے بعد اور ثمار میں بدوّ صلاح کے بعد، ٢۔ حضرات مالکیہ فرماتے ہیں کہ حبوب میں افراک کے بعد، افراک فرک سے ماخوذ ہے فرک کہتے ہیں گیہوں وغیرہ کے بال کے گلنے اور دلنے کو، اور مطلب یہ ہے کہ جب وہ اس قابل ہو جائے کہ خوب اچھا ہو جائے پک جائے اگرچہ پوری طرح نہ پکا ہو تو اس میں زکاۃ واجب ہوگی، علامہ دردیر نے لکھا ہے والمراد بإفراكه طيبه واستغناءه عن الماء وإن بقي في الأرض لتمام طيبه، حنفیہ کے تینوں ائمہ کے تین الگ الگ قول ہیں، ٣۔ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں عند ظهور الثمرة، ٤۔ امام ابو یوسف فرماتے ہیں عند الإدراك، ٥۔ امام محمد فرماتے ہیں عند الحصول في

Maktaba Tul Ishaat.com

الحظیرة یعنی جب اس کو کھلیان میں ڈال دیا جائے یا جہاں پر بھی پھل اتارے جاتے ہوں۔

اب ہو سکتا ہے کہ امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب میں أخذ صدقة التمر عند صرام النخل ذکر کر کے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہو کہ زکاۃ اس وقت واجب ہو گی جب پھل توڑ لئے جائیں یعنی حظیرہ میں حاصل ہو جائیں جیسا کہ امام محمد کا قول ہے، لیکن یہ چیز بعید معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ اخذ الزکاۃ اور ہے اور وجوب الزکاۃ اور ہے، اگر صدقہ اور زکاۃ صرام نخل کے وقت لیا جائے تو اس سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ زکاۃ کا وجوب بھی پھلوں میں صرام کے وقت یعنی توڑنے کے وقت آتا ہو بلکہ ممکن ہے کہ زکاۃ اس سے پہلے واجب ہو جاتی ہو، لیکن بخاری یہ کہتے ہیں کہ وجوب کے بعد ہی فوراً ارباب اموال سے زکاۃ کا مطالبہ نہیں ہو سکتا ہے بلکہ زکاۃ کا مطالبہ اس وقت ہو گا جب پھل توڑ لئے جائیں۔

امام بخاری نے اپنے ترجمہ سے آیت کریمہ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ کی طرف اشارہ فرمایا ہے، ویسے اس آیت کی تفسیر میں اختلاف ہے کہ حق سے کیا مراد ہے؟ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ اس سے حق واجب مراد ہے، ابن عمرؓ اور عطاء وغیرہ فرماتے ہیں هُوَ شَيْءٌ سوى الزَّكَاة، حافظ ابن حجر کہتے ہیں وَحَدِيثُ الْبَابِ يُشْعِرُ بِه حدیث باب سے بھی یہی بات نکلتی ہے۔

وَهَلْ يُتْرَكُ الصَّبِيُّ فَيَمَسُّ تَمْرَ الصَّدَقَةِ: اور کیا بچہ کو چھوڑ دیا جائے گا تا کہ وہ صدقہ کی کھجوریں چھولے؟

(۲) دوسری بات امام بخاری نے یہ فرمائی کہ صدقہ کی کھجوریں چھونے میں کوئی مضائقہ نہیں لیکن ترجمہ میں لفظ هل اس لئے ذکر فرما دیا ہے کہ بچہ اگر سید ہے اور وہ اس کو چھولے تو ہو سکتا ہے کہ بے شعوری کی وجہ سے کہیں منھ میں ڈال دے اور سادات کے لئے صدقہ ٹھیک نہیں ہے، اس واسطے امام بخاری اس کی تفصیل کی طرف غالباً اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ اگر بچہ ایسا ہے کہ اس کے لئے صدقہ مباح نہیں ہے تو اس کو مس سے بھی روکنا چاہئے کہ یہ مس کہیں ذریعہ نہ بن جائے اکل صدقہ کا، اب یہاں پر سوال یہ ہے کہ بچہ تو مکلف ہے نہیں پھر اگر وہ صدقہ چھولے یا منھ میں ڈال لے تو ہوا کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ بچہ تو مکلف ہے نہیں لیکن اس کا ولی تو مکلف ہے اور ولی کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے بچہ کے افعال کی نگرانی کرے۔

كَوْمًا: ڈھیر۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۲۰۱) بَابُ مَنْ بَاعَ ثِمَارَهُ أَوْ نَخْلَهُ أَوْ أَرْضَهُ أَوْ زَرْعَهُ

وَقَدْ وَجَبَ فِيهِ الْعُشْرُ أَوِ الصَّدَقَةُ فَأَدَّى الزَّكَاةَ مِنْ غَيْرِهِ أَوْ بَاعَ ثِمَارَهُ وَلَمْ تَجِبْ فِيهِ الصَّدَقَةُ

وقول النبي ﷺ لا تبيعوا الثمرة حتى يبدو صلاحها، فلم يحظر البيع بعد الصلاح على أحد ولم يخص من وجبت عليه الزكاة ممن لم تجب.

۱۴۸۳. حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ دِينَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا وَكَانَ إِذَا سُئِلَ عَنْ صَلَاحِهَا قَالَ: حَتَّى تَذْهَبَ عَاهَتُهُ.

۱۴۸۴. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا.

۱۴۸۵. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى تُزْهِيَ، قَالَ: حَتَّى تَحْمَارَّ.

ترجمہ: باب، باب کے مضمون کا ترجمہ تشریح کے ذیل میں کیا گیا ہے۔

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے کھجور کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ ان کی پختگی ظاہر ہو جائے، حضرت ابن عمرؓ سے جب پختگی کے بارے میں دریافت کیا جاتا تو یہ فرماتے کہ یہاں تک کہ اس کی آفت کا زمانہ ختم ہو جائے۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ اس کی پختگی ظاہر ہو جائے۔

حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ پک جائیں یعنی ان میں سرخی آجائے۔

تشریح: یہ باب اس شخص کے بیان میں ہے جو بیچ دے اپنے ثمر یا کھجور یا اپنی زمین یا اپنی کاشت کو اور حال یہ کہ اس میں عشر واجب ہو چکا ہو یا زکاۃ واجب ہو گئی ہو اور اس نے اس کے غیر سے زکاۃ ادا کی، یا اس نے بیچا اپنے پھلوں کو اور اس میں زکاۃ واجب نہیں تھی، اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد لَا تَبِيعُوا الثَّمَرَةَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا عام ہے پس آپ نے منع نہیں فرمایا بیع سے صلاح کے بعد کسی کو اور نہیں خاص کیا اس شخص کو جس پر زکاۃ واجب ہو گئی ہو اس سے جس پر زکاۃ واجب نہ ہوئی ہو، یعنی آپ نے من وجبت علیہ الزکاۃ کو ممن لم

Maktaba Tul Ishaat.com

تجب سے خاص نہیں فرمایا، کہ من وجبت علیہ الزکاۃ کیلئے جائز نہیں اور من لم تجب کیلئے جائز ہے۔

امام بخاری کے ارشاد کا خلاصہ: اگر انسان کے پاس باغات ہوں یا کھیتی ہو، یا غلہ یا پھل ہو اور اس میں عشر واجب ہو تو اس کی بیع مطلقاً جائز ہے چاہے عشر واجب ہو چکا ہو یا واجب نہ ہوا ہو، اس لئے کہ رسول اکرم ﷺ نے بدوّ صلاح (پیداوار ظاہر ہونے) کے بعد بیع ثمر کی مطلقاً اجازت دی ہے، آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ اس کو اجازت ہے جس پر صدقہ واجب نہ ہوا ہو، اور جس پر واجب ہوا ہو اس کو اجازت نہیں ہے۔

جمہور علماء بلا تفصیل جواز کے قائل ہیں، امام شافعی ایک قول میں جمہور کے ساتھ ہیں، ان کا دوسرا قول جو مشہور ہے وہ یہ ہے کہ وجوب سے پہلے پہلے بیع جائز ہے اور وجوب کے بعد بیع جائز نہیں ہے، اور غالباً اس اختلاف کا منشاء یہ ہے کہ آیا زکاۃ کا تعلق اس شیٔ معین سے ہے یا ذمہ سے ہے، جمہور علماء کے نزدیک زکاۃ کے وجوب کا تعلق زکاۃ دینے والے کے ذمہ سے ہے لہٰذا اس شیٔ معین کے فروخت کرنے میں کوئی اشکال نہیں ہے، اور ممکن ہے کہ امام شافعی اس مقام میں زکاۃ کو اس شیٔ معین کے ساتھ واجب اور اس سے متعلق سمجھتے ہوں۔

ایک اور مسئلہ سنو! اگر وجوب کے بعد کسی شخص نے فروخت کر دیا تو صدقہ کس کے ذمہ واجب ہوگا؟ بائع کے یا مشتری کے؟ امام احمد فرماتے ہیں کہ بائع کے ذمہ واجب ہوگا، امام مالک فرماتے ہیں کہ ہے تو بائع ہی کے ذمہ لیکن اگر اس نے بیچتے ہوئے مشتری کے ذمہ شرط قرار دی کہ جناب اس کی زکاۃ بھی آپ کو دینی پڑے گی تو اب بائع کے ذمہ نہیں رہے گا مشتری کے ذمہ ہو جائے گا، امام ابو حنیفہ سے شراح کرام حافظ ابن حجر عسقلانی وغیرہ نے یہ نقل کیا ہے کہ مشتری کو اختیار ہے چاہے وہ بیع کو باقی رکھے اور چاہے رد کر دے، بہر حال عشر اسی سے وصول کیا جائے گا اور وہ بائع کی طرف رجوع کرے گا کہ اصلاً وجوب تو بائع پر ہوا ہے۔

ہماری کتابوں میں مسئلہ کی تفصیل کچھ اور لکھی ہوئی ہے، امام محمد نے کتاب الاصل میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ بیع اگر ساعی اور مصدِّق کی موجودگی میں ہوئی ہے تب تو ساعی کو اختیار ہے چاہے بائع سے وصول کرے یا مشتری سے، اور اگر اس کی عدم موجودگی میں ہوئی ہے تو پھر وہ بائع سے زکاۃ وصول کرے گا۔

نَهَى النَّبِيُّ ﷺ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ: حضور اکرم ﷺ نے ثمرہ کی بیع سے قبل بدو الصلاح منع فرمایا ہے، اس مسئلہ میں تھوڑا سا اختلاف ہے، ابن ابی لیلیٰ اور سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ بدو صلاح سے پہلے پہلے

Maktaba Tul Ishaat.com

مطلقاً بیع جائز نہیں ہے اور ابن منذر نے اس پر اجماع نقل کر دیا مگر یہ وہم ہے، یزید بن ابی حبیب فرماتے ہیں کہ مطلقاً جائز ہے، حضرات ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ بشرط القطع جائز ہے اور باقی سب صورتیں ناجائز ہیں، امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ بشرط الترک ناجائز ہے باقی سب صورتیں جائز ہیں۔

ہمارے ائمۂ اربعہ کے مسلک کی توضیح یہ کی جاسکتی ہے کہ بدو صلاح سے پہلے جو بیع ہوتی ہے اس کی تین شکلیں ہیں، (۱) ایک شکل یہ ہے کہ بشرط القطع ہو یعنی بائع بیچتے ہوئے مشتری کے ذمہ یہ شرط لگادے کہ آپ کو پھل فوراً توڑ لینا پڑے گا یہ بالاتفاق جائز ہے، (۲) دوسری صورت یہ ہے کہ بشرط الترک ہو یعنی مشتری یہ شرط قرار دیتا ہے کہ صاحب! پھل درخت ہی پر لگے رہیں گے یہ بالاتفاق ناجائز ہے، (۳) تیسری صورت یہ ہے کہ نہ یہ شرط ہو اور نہ وہ شرط ہو بلکہ بیع مطلق ہوئی ہو اس میں اختلاف ہے، حضرات ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ یہ ناجائز ہے اور امام ابو حنیفہ کا مشہور مسلک یہ ہے کہ جائز ہے، حدیث پاک نَهَى النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا حضرات ائمۂ ثلاثہ کی تائید کرتی ہے مفہوماً و منطوقاً، منطوق یہ ہے کہ قبل بدو الصلاح مطلق بیع جائز نہیں اور مفہوم یہ ہے کہ بعد بدو الصلاح جائز ہے، یہ حضرات فرماتے ہیں کہ ہاں جائز ہے لیکن یہ حدیث حضرات حنفیہ کے مخالف ہو جاتی ہے اس لئے کہ اطلاق کی صورت میں وہ جواز کے قائل ہیں مطلقاً چاہے قبل بدو الصلاح ہو اور چاہے بعد بدو الصلاح ہو، تو حدیث مفہوماً تو حنفیہ کے موافق رہی لیکن منطوقاً مخالف ہوگئی۔

اس لئے اس کی توجیہ و تاویل کی ضرورت پیش آئی، بعض احناف نے یہ جواب دیا ہے کہ اصل میں یہ نہی ارشادی ہے نہی تحریمی نہیں ہے، بعض کہتے ہیں کہ یہ قید واقعی ہے اس لئے کہ اس زمانہ میں جو بیع ہوا کرتی تھی وہ بدو صلاح کے بعد ہی ہوا کرتی تھی، لیکن یہ جواب بعید ہے، شارع کے کلام کو کسی معنی پر محمول کرنا چاہئے نہ کہ اس کو بے معنی بنانا چاہئے، اور بعض صاحبوں نے اس کو بیع سلم پر محمول فرمایا ہے، یہ مسئلہ اصل میں کتاب البیوع کا تھا لیکن یہاں تمہاری رعایت اور امتحان کی وجہ سے بیان کیا گیا ہے ویسے جب کتاب البیوع آئے گی تو ہم اس جگہ کا حوالہ دیں گے اور بس۔

حَتَّى تَذْهَبَ عَاهَتُهُ: یہ بدوِ صلاح کی تفسیر ہے، مطلب یہ ہے کہ پھل کے اندر پکنے کے آثار شروع ہو جائیں، بعض کہتے ہیں کہ پھل پورا ہو جائے یا پورا ہونے کے قریب ہو جائے پھر فساد کا اندیشہ نہیں رہتا ہے۔

حَتَّى تُزْهِيَ قَالَ حَتَّى تَحْمَارَّ: حتی تحمار: حتی تزھی کی تفسیر ہے، یہاں تک کہ سرخ ہو جائے،

Maktaba Tul Ishaat.com

حتی تحمرّ سرخ ہو جائے اور حتی تحمارّ خوب سرخ ہو جائے، اور بعضوں نے یہ فرق بیان کیا ہے حتی تحمارّ مائل بہ سرخی شود اور تحمرّ سرخ شود۔

بہر حال امام بخاری نے یہاں ان احادیث سے یہ ثابت کیا ہے کہ بیع بعد وجوب الزکاۃ بھی جائز ہے جیسے قبل وجوب الزکاۃ جائز ہے، کیوں کہ رسول پاک ﷺ نے بدو صلاح سے پہلے منع کیا ہے اور بدو صلاح کے بعد مطلقاً اجازت دی ہے چاہے وجوب زکاۃ ہوا ہے اور چاہے نہ ہوا ہو۔

(ص ۲۰۱) بَابُ هَلْ يَشْتَرِي الرَّجُلُ صَدَقَتَهُ

ولا بأس أن يشتري صدقة غيره؛ لأن النبي ﷺ إنما نهى المتصدق خاصة عن الشرى ولم ينه غيره.

١٤٨٦. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ تَصَدَّقَ بِفَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللهِ فَوَجَدَهُ يُبَاعُ فَأَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَهُ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَاسْتَأْمَرَهُ فَقَالَ: لَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ، فَبِذَلِكَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَتْرُكُ أَنْ يَبْتَاعَ شَيْئًا تَصَدَّقَ بِهِ إِلَّا جَعَلَهُ صَدَقَةً.

١٤٨٧. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُولُ: حَمَلْتُ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللهِ فَأَضَاعَهُ الَّذِي كَانَ عِنْدَهُ فَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهُ وَظَنَنْتُ أَنَّهُ يَبِيعُهُ بِرُخْصٍ فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: لَا تَشْتَرِهِ وَلَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ وَإِنْ أَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ فَإِنَّ الْعَائِدَ فِي صَدَقَتِهِ كَالْعَائِدِ فِي قَيْئِهِ.

ترجمہ: باب، کیا آدمی کے لئے اپنے صدقہ کو خریدنا جائز ہے؟

اور اس میں کوئی حرج نہیں کہ آدمی دوسرے کے صدقہ کو خریدے اس لئے کہ نبی کریم ﷺ نے صدقہ کا مال خریدنے سے خاص صدقہ کرنے والے کو منع فرمایا ہے دوسرے کو منع نہیں فرمایا۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ بیان کرتے تھے کہ حضرت عمر بن الخطابؓ نے ایک گھوڑا اللہ کے راستہ میں صدقہ کیا پھر دیکھا کہ اس کو فروخت کیا جا رہا ہے تو انہوں نے اس کو خریدنے کا ارادہ کیا اور اس کی اجازت لینے کے لئے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آئے، آپ نے فرمایا کہ اپنے صدقہ کو واپس مت لو، یہی وجہ تھی کہ حضرت ابن عمرؓ جب بھی اپنی صدقہ کی ہوئی چیز خریدتے تو اسے پھر صدقہ فرما دیتے تھے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت عمرؓ نے بیان کیا کہ میں نے اللہ کے راستہ میں ایک گھوڑا صدقہ کیا لیکن اس شخص نے جس کے پاس وہ تھا اسے ضائع کر دیا میں نے اسے خریدنے کا ارادہ کیا اور میں نے گمان کیا کہ وہ اس کو رعایت سے بیچے گا اس لئے میں نے اس کے خریدنے کے بارے میں نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ مت خریدو اور اپنے صدقہ میں رجوع مت کرو اگر چہ وہ تمہیں ایک درہم میں دے، اس لئے کہ اپنے صدقہ میں رجوع کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جو اپنی قے میں رجوع کرتا ہے۔

تشریح: امام بخاری نے ترجمہ میں دو جزء ذکر کئے ہیں، اول جزء یہ ہے کہ کیا آدمی اپنا صدقہ خرید سکتا ہے؟ اس میں امام نے ترجمہ میں لفظ هل ذکر کر کے تردد کی طرف اشارہ کر دیا، اور وجہ تردد یہ ہے کہ جو حدیث مصنف نے ذکر کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنا گھوڑا ایک شخص کو عطا فرمایا تھا بعد میں وہ شخص گھوڑے کو کچھ سستے داموں میں فروخت کرنے لگا، حضرت عمرؓ کا ارادہ ہوا کہ خرید لیں تو انہوں نے حضور ﷺ سے مشورہ کیا آپ نے فرمایا **لَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ** اپنے صدقہ میں عود نہ کرو۔

اب یہاں پر دو احتمال ہو گئے، ایک احتمال یہ ہے کہ مطلقاً اپنا صدقہ خریدنا جائز نہیں ہے اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ اس صورت میں ہے جبکہ مصدّق علیہ سستے داموں میں فروخت کر دے، تو گویا کہ وہ صدقہ بلا کسی عوض کے واپس آ گیا یہ عود کی شکل بن گئی، ویسے یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔

حضرت حسن بصری، ربیعۃ الرائے اور اوزاعی کہتے ہیں کہ مطلقاً جائز ہے، حضرات جمہور فرماتے ہیں کہ مکروہ تنزیہی ہے، امام احمد بن حنبل اور ظاہریہ کہتے ہیں کہ حرام ہے، امام بخاری کا میلان بھی اسی طرف ہے، اس لئے کہ آنحضور ﷺ نے **لَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ** علی الاطلاق ارشاد فرمایا ہے، حضرات جمہور اس نہی کو مکروہ تنزیہی پر محمول کرتے ہیں اس لئے کہ دوسری روایت میں ہے **اَلْعَائِدُ فِي صَدَقَتِهٖ كَالْعَائِدِ فِي قَيْئِهٖ** اور یہ کتے کا فعل ہے اور یہ تشبیہ تقبیح کے لئے ہے اور تقبیح کے لئے تحریم لازم نہیں۔

وَلَا بَأْسَ أَنْ يَّشْتَرِيَ صَدَقَةَ غَيْرِهٖ: دوسرے کا صدقہ خریدنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، یہ مسئلہ مجمع علیہا ہے ائمۂ اربعہ میں اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

لِأَنَّ النَّبِيَّ ﷺ إِنَّمَا نَهَى الْمُتَصَدِّقَ: حضور نے متصدق کو خاص طور سے اپنا صدقہ خریدنے سے منع کیا ہے غیر کا صدقہ خریدنے سے منع نہیں فرمایا ہے۔

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ تَصَدَّقَ بِفَرَسٍ: ابن سعد کی روایت میں ہے کہ گھوڑے کا نام ورد تھا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَوَجَدَهُ يُبَاعُ: روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس کو گھوڑا دیا تھا اس نے گھوڑے کی قدر نہیں کی اور وہ اس کی پوری نگاہ داشت نہیں رکھ سکا، **فَأَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَهُ** حضرت عمرؓ نے خریدنے کا ارادہ کیا لیکن پہلے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آکر مشورہ کیا، آپ نے فرمایا **لَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ** اپنا صدقہ دوبارہ واپس نہ لو۔

فَبِذَلِكَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَتْرُكُ أَنْ يَبْتَاعَ: اسی حدیث کی بناء پر حضرت ابن عمرؓ کا یہ معمول ہو گیا تھا کہ کسی چیز کو جس کا خود صدقہ کیا ہے نہیں خریدنا چھوڑتے تھے مگر اس کو دوبارہ صدقہ کر دیتے تھے۔

یعنی جب اتفاقانہ معلوم ہونے کی وجہ سے دھوکہ میں وہی چیز خرید لی جس کا خود پہلے صدقہ کر چکے تھے تو بعد میں معلوم ہونے پر پھر اس کو صدقہ کر دیا کرتے تھے، ویسے ابھی یہ گزرا ہے **لِأَنَّ النَّبِيَّ ﷺ إِنَّمَا نَهَى الْمُتَصَدِّقَ خَاصَّةً عَنِ الشِّرَاءِ وَلَمْ يَنْهَ غَيْرَهُ،** ابن عمرؓ کا یہ فعل تورع پر محمول ہے۔

بِرُخْصٍ: سستے داموں میں۔

اگر کسی آدمی کا صدقہ وراثت میں لوٹ آئے تو کیا حکم ہے؟ ابن بطال وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ بالاجماع جائز ہے، لیکن ظاہریہ کا یہاں بھی اختلاف ہے وہ کہتے ہیں کہ ناجائز ہے۔

(ص ۲۰۲) بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الصَّدَقَةِ لِلنَّبِيِّ ﷺ وَآلِهِ

١٤٨٨. حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: أَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: كِخٍ كِخٍ لِيَطْرَحَهَا، ثُمَّ قَالَ: أَمَا شَعَرْتَ أَنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ؟

ترجمہ: باب، نبی کریم ﷺ اور آپ کی آل کے لئے صدقہ کے بارے میں جو مروی ہے اس کا بیان۔

حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ حسن بن علیؓ نے صدقہ کی کھجور میں سے ایک کھجور کھائی اور اسے اپنے منہ میں ڈال لیا، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تھو، تھو- تاکہ وہ اس کو پھینک دیں، پھر فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ہم صدقہ کا مال نہیں کھاتے!

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب میں دو مسئلے ذکر کئے ہیں، ایک نبی اکرم ﷺ کو صدقہ دینا اور دوسرے آپ کی آل کو، نبی اکرم ﷺ کو صدقہ دینا جائز نہیں ہے اور آپ کے لئے صدقہ حرام ہے، خطابی نے اس پر اجماع نقل کیا ہے، لیکن شافعی واحمد سے بعض علماء نے ایک ایک روایت یہ نقل کی ہے کہ صدقہ

Maktaba Tul Ishaat.com

تطوع جائز ہے، امام بخاری صدقہ علی النبی ﷺ کو مطلقاً ناجائز قرار دیتے ہیں، حضرت نبی اکرم ﷺ نے حسنؓ کے منہ سے تمر صدقہ نکال دیا اور فرمایا أَمَا شَعَرْتَ أَنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ تم کو معلوم نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے، لَا نَأْكُلُ کے عموم میں جیسے آپ کی ذات گرامی داخل ہے ایسے ہی حسنؓ بھی داخل ہیں، اپنے بارے میں اپنے فعل سے وضاحت کی اور لَا نَأْكُلُ فرمایا اور حسنؓ کے بارے میں عمل سے وضاحت کی اور ان کے منہ سے تمر صدقہ نکال پھینکا۔

آل رسول جن کے حق میں صدقہ حرام ہے کون ہیں؟ اس میں اختلاف ہے، تین یا چار قول ہیں زائد بھی ہوسکتے ہیں، امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اس کا مصداق بنو ہاشم ہیں، امام شافعی اور امام نسائی فرماتے ہیں کہ بنو ہاشم اور بنو المطلب دونوں ہیں، امام احمد بن حنبل سے دو روایتیں ہیں، ایک قول اول کی طرح دوسری قول ثانی کی طرح، امام مالک کا مشہور قول یہ ہے کہ اس سے مراد بنو ہاشم ہیں لیکن اصبغ کہتے ہیں کہ بنو قصی بن کلاب ہیں، اور بعض دوسرے مالکیہ کہتے ہیں بنو غالب بن فہر ہیں، یہ چار اقوال ہوگئے، (۱) بنو هاشم قاله أبو حنيفة و مالک في المشهور و أحمد في رواية، (۲) بنو هاشم و بنو المطلب قاله الشافعي والنسائي و أحمد في رواية، (۳) بنو قصي قاله أصبغ، (۴) بنو غالب بن فهر قاله بعض المالكية۔

شافعیہ کی دلیل یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے جب غنائم حنین کو تقسیم کیا تھا تو آپ نے بنو ہاشم کے ساتھ بنو المطلب کو بھی دیا تھا، حضرت عثمانؓ اور جبیر بن مطعمؓ دونوں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ! بنو ہاشم کو تو اللہ نے آپ کی وجہ سے فضیلت عطا فرمائی ہے اسکا ہم انکار نہیں کرتے لیکن بنو المطلب اور ہم سب برابر ہیں پھر کیا وجہ ہے کہ ان کو ہم پر تفضیل دے دی گئی ہے۔

یہ جو انہوں نے کہا کہ باقی ہم لوگ برابر ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ عبد مناف کے چار لڑکے ہیں، ہاشم، مطلب، عبد شمس اور نوفل، ہاشم کی اولاد بنو ہاشم کہلاتی ہے، مطلب کی بنو المطلب اور حضرت عثمانؓ عبد شمس کی اولاد میں تھے، عبشمی جس کا بیٹا امیہ تھا اس کی اولاد بنو امیہ کہلاتی ہے اور جبیر بن مطعمؓ نوفل کی اولاد میں تھے، تو یہ دونوں گئے اور انہوں نے کہا کہ نسب میں ہم سب برابر ہیں تو بنو المطلب کو ہم پر ترجیح کیوں دی گئی؟ حضور اکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا إنما بنو المطلب و بنو هاشم شيء واحد و شبک بين أصابعه و قال لم يفارقوني في جاهلية و لا في الإسلام، آپ ﷺ نے انگلیاں انگلیوں میں داخل کر کے تشبیک کرلی اور فرمایا

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ جاہلیت اور اسلام میں یہ کبھی الگ نہیں ہوئے۔

جاہلیت میں الگ نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب قریش نے نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے خاندان بنوہاشم کے خلاف بائیکاٹ کیا تھا اور اس کے لئے خیف بنی کنانہ میں بیٹھ کر معاہدہ کیا تھا تو سارے قریش اور مشرکین مکہ ایک طرف تھے صرف بنوہاشم بیچارے دوسری طرف تھے، بنو المطلب نے صاف کہہ دیا کہ ہم اپنے بھائی بنوہاشم کو نہیں چھوڑیں گے ہم بھی انہی کے ساتھ رہیں گے، چنانچہ جہاں بنو ہاشم شعب ابی طالب میں محصور ہوئے وہیں بنو المطلب بھی محصور ہوئے، حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے غزوہ حنین میں ان کا خیال فرمایا۔

لیکن جمہور کی طرف سے جواب یہ ہے کہ اس سے یہ کہاں ثابت ہوا کہ وہ آل نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم میں داخل ہیں، اس سے تو بس اتنا نکلتا ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ایسے مخصوص مواقع میں ان کی رعایت فرمائی ہے۔

اس کے بعد پھر صدقہ کی حرمت میں اختلاف ہے، اکثر مالکیہ فرماتے ہیں کہ مطلقاً کسی قسم کا صدقہ ان کو نہیں دیا جائے گا نہ صدقۂ واجبہ اور نہ صدقۂ تطوع، یہی ان کا مشہور قول ہے، (۲) ابو بکر ابہری مالکی کہتے ہیں کہ دونوں جائز ہے، ابن جریر طبری نے امام ابو حنیفہ سے یہی نقل کیا ہے، امام طحاوی فرماتے ہیں کہ یہ روایت امام ابو حنیفہ سے مشہور نہیں، (۳) بعض لوگوں نے امام ابو حنیفہ سے نقل کیا ہے کہ ان کے لئے صدقۂ فریضہ جائز ہے اس لئے کہ جب وہ سہم ذوی القربیٰ سے محروم ہوگئے تو ان کے تعاون کی شکل یہ ہے کہ ان کے لئے صدقۂ فریضہ جائز ہو، اس پر بعض لوگوں کو یہ اشکال ہے کہ صدقہ کے بارے میں تو حرمت کی نص موجود ہے اس کو آپ مباح کہتے ہیں اور سہم ذوی القربیٰ کی اباحت کی نص موجود ہے اور آپ اس کو حکم موقت مان کر منع کرتے ہیں، (۴) امام ابو یوسف چوتھے قول کے قائل ہیں، وہ کہتے ہیں کہ آپس میں ایک دوسرے کو یہ لوگ صدقہ دے سکتے ہیں دوسرے سے نہیں لے سکتے ہیں، اکثر حنفیہ فرماتے ہیں کہ صدقہ تطوع جائز ہے صدقۂ فریضہ ناجائز ہے، یہی شافعیہ وحنابلہ کا مذہب ہے اور ابن قاسم کا اصحاب مالک میں سے ایک قول ہے، یہی مالکیہ کے یہاں صحیح ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی نے مالکیہ سے ایک قول بالعکس نقل کر دیا یعنی صدقۂ فریضہ جائز ہے نافلہ جائز نہیں ہے، یہ قول محمد میارہ وغیرہ نے ذکر نہیں کیا ہے ظاہر یہ ہے کہ ابن حجر کو وہم ہو گیا ہے۔

اس کے بعد یہ سمجھئے کہ باقی انبیاء کا کیا حکم ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ حرمۃ الصدقہ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خصوصیت ہے دیگر انبیاء اس میں آپ کے ساتھ شریک نہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ دیگر انبیاء بھی آپ کے

Maktaba Tul Ishaat.com

ساتھ اس میں شریک ہیں لیکن آپ کی خصوصیت یہ ہے، کہ آپ کی آل کے لئے ناجائز ہے اور دیگر انبیاء کی آل کے لئے جائز ہے، امام بخاری علی الاطلاق آل رسول ﷺ کے لئے ہر نوع صدقہ کو ناجائز کہتے ہیں۔

كِخْ كِخْ: یہ لفظ ایسا ہی ہے جیسے ہمارے یہاں تھو، تھو کہتے ہیں، یہ ایسی جگہ استعمال کیا جاتا ہے جو بالکل ظاہر ہو اور آدمی کو اس میں غفلت ہو جائے۔

(ص ۲۰۲) بَابُ الصَّدَقَةِ عَلَى مَوَالِي أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم

۱۴۸۹. حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: وَجَدَ النَّبِيُّ ﷺ شَاةً مَيْتَةً أُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُونَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ، قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: هَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِجِلْدِهَا قَالُوا: إِنَّهَا مَيْتَةٌ، قَالَ: إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا.

۱۴۹۰. حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيرَةَ لِلْعِتْقِ وَأَرَادَ مَوَالِيهَا أَنْ يَشْتَرِطُوا وَلَاءَهَا، فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ ﷺ: اشْتَرِيهَا فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ، قَالَتْ: وَأُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِلَحْمٍ فَقُلْتُ: هَذَا مَا تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ، فَقَالَ: هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ.

ترجمہ: باب، نبی کریم ﷺ کی ازواج کے آزاد کردہ غلاموں کو صدقہ دینے کے حکم کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مری ہوئی بکری دیکھی جو حضرت میمونہؓ کی ایک باندی کو صدقہ کے مال سے دی گئی تھی، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم نے اس کی کھال سے فائدہ کیوں نہیں اٹھایا؟ انہوں نے عرض کیا کہ وہ مردار ہے! آپ نے فرمایا کہ اس کا صرف کھانا حرام ہے۔

حضرت عائشہؓ کی روایت کا ترجمہ باب ذکر البیع والشراء علی المنبر فی المسجد میں گزر چکا۔

تشریح: حضور اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات کے آزاد کردہ غلاموں کو صدقہ دینا جائز ہے، یہ امام بخاری کی رائے ہے اور یہ مسئلہ متفق علیہا ہے۔

امام بخاری نے یہ ترجمہ اس لئے منعقد فرمایا ہے کہ اصل میں ازواج مطہرات کے موالی کے بارے میں تھوڑا سا اختلاف ہے کہ وہ آل نبی ﷺ میں داخل ہیں یا نہیں؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ داخل نہیں ہیں اور

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت عائشہؓ سے ایک روایت یہ نقل کی جاتی ہے کہ وہ داخل ہیں، اب اس صورت میں جیسے آل نبی پر صدقہ حرام ہے ازواج پر بھی حرام ہوگا اور قاعدہ ہے مولی القوم من أنفسهم تو موالیِ ازواج پر بھی صدقہ حرام ہونا چاہئے، لہذا امام بخاری نے یہ بتلا دیا کہ اگرچہ ازواج مطہرات کے بارے میں یہ اختلاف ہے کہ وہ آل محمد میں داخل ہیں یا نہیں لیکن اس اختلاف کا کوئی اثر ان کے موالی کی طرف منتقل نہیں ہوگا، ان پر صدقہ کرنا بالاتفاق جائز ہے اس لئے کہ حدیث پاک میں یہ منصوص ہے۔

امام بخاری نے یہاں موالیِ ازواج النبی ﷺ کا ترجمہ منعقد فرمایا ہے، خود موالیِ نبی کریم ﷺ اور اسی طرح ازواج مطہرات کو صدقہ کرنے کے متعلق کوئی ترجمہ ذکر نہیں فرمایا ہے، اس لئے کہ امام بخاری کے پاس کوئی ایسی روایت صریح نہیں تھی جس میں ان دونوں مسئلوں کا ذکر ہوتا۔

حضور اکرم ﷺ کے موالی یعنی آزاد کردہ غلاموں کو صدقہ دینے کا مسئلہ مختلف فیہا ہے، امام ابو حنیفہ، امام احمد بن حنبل، ابن ماجشون مالکی اور شافعیہ اصح قول میں فرماتے ہیں کہ جائز نہیں، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ جائز ہے، جواز کا قول ابن قدامہ نے اکثر اہل علم اور حافظ ابن حجر نے جمہور کی طرف منسوب کیا ہے۔

منع کرنے والے حضرت ابورافعؓ کی روایت سے استدلال کرتے ہیں جو سنن وغیرہ میں وارد ہوئی ہے کہ بنو مخزوم کے ایک آدمی صدقہ وصول کرنے جارہے تھے انہوں نے ابورافعؓ سے بھی کہہ دیا کہ تم بھی میرے ساتھ چلو تاکہ تم کو بھی کوئی نفع پہنچ جائے، ابورافعؓ نے حضور اکرم ﷺ سے پوچھا تو آپ نے ارشاد فرمایا إِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ وَأَنَّ مَوَالِيَ الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، اس سے مانعین نے استدلال کیا ہے۔

لیکن جمہور کی طرف سے یہ جواب دیا جاسکتا ہے کہ وَأَنَّ مَوَالِيَ الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ کلی طور پر مولی القوم کو قوم سے ثابت نہیں کرتا ہے اس لئے کہ یہ مسئلہ تو متفق علیہا ہے کہ من کل الوجوہ موالی قوم قوم میں داخل نہیں لیکن من بعض الوجوہ داخل ہے، یہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ ٹھیک ہے موالیِ قوم قوم میں داخل ہے لیکن یہ کیا ضروری ہے کہ ایک قوم پر اگر صدقہ حرام ہو تو ان کے موالی پر بھی حرام ہو، اس کا جواب مانعین کی طرف سے یہ ہے کہ یہ ارشاد ایک سبب پر صادر ہوا اور قاعدہ یہ ہے کہ جو حکم کسی سبب پر صادر ہوتا ہے وہاں وہ سبب اس حکم سے خارج نہیں ہوجاتا ہے، لہذا یہ کہا جائے گا کہ صدقہ مولی القوم کے لئے جائز نہیں ہے جب قوم کے لئے جائز نہ ہو، وہ صورت جیسا کہ میں نے بتلائی کہ ابورافعؓ صدقہ وصول کرنے کے لئے ایک بنو مخزوم کے انسان کی

Maktaba Tul Ishaat.com

تلقین پر جانا چاہتے تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیا کہ تمہیں معلوم نہیں إِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ وَأَنَّ مَوَالِيَ الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ معلوم ہوا کہ اس حکم مخصوص میں مولی القوم قوم ہی کے حکم میں داخل ہے۔

دوسری چیز تھی ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صدقہ کرنا، اس کے متعلق بھی امام بخاری نے کوئی ترجمہ اس لئے منعقد نہیں کیا کہ ان کی شرط کے مطابق کوئی روایت نہیں ملی، ویسے یہ مسئلہ متفق علیہا ہے کہ ازواج مطہرات پر صدقہ کیا جاسکتا ہے الا یہ کہ ہاشمیہ ہوں جیسے زینب بنت جحشؓ، اور ابن بطال نے اس پر اجماع نقل کیا ہے۔

مگر حضرت عائشہؓ سے ایک روایت یہ نقل کی جاتی ہے وہ فرماتی ہیں کہ ہم ازواج آل کے حکم میں داخل ہیں اور آل نبی پر صدقہ جائز نہیں تو ازواج پر بھی جائز نہ ہونا چاہئے، علامہ ابن قدامہ کا کچھ میلان اسی طرف ہے۔

إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا: مطلب یہ ہے کہ میتہ کی ذات حرام ہوگئی ہے اکلاً، باقی کھال تھوڑے حرام ہوگئی ہے؟ اس سے انتفاع حاصل کیا جاسکتا ہے۔

جلد میتہ کا کیا حکم ہے؟ آیا وہ بالکلیہ ناپاک ہے اور بعد دباغت کے بھی اس سے انتفاع جائز نہیں ہے؟ جیسا کہ امام احمد کا مشہور قول ہے یا دباغت کے بعد جائز ہے جیسا کہ جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں، پھر یہ کہ میتہ کی کھال ظاہراً و باطناً پاک ہو جاتی ہے یا صرف ظاہراً پاک ہوتی ہے اور باطناً پاک نہیں ہوتی ہے؟ پھر یہ کہ آیا اس سے کچھ مستثنیٰ ہے یا نہیں؟ یہ ساری تفصیل گزر چکی ہے، ائمۂ اربعہ کے مسالک کی طرف اجمالاً اشارہ کئے دیتا ہوں۔

۱۔ امام احمد کا مشہور قول یہ ہے کہ میتہ کی کھال بالکل پاک نہیں ہوتی ہے اور اس سے انتفاع حاصل کرنا جائز نہیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارض جہینہ میں جو لوگ آباد تھے ان کے نام ایک گرامی نامہ روانہ کیا تھا جس کا مضمون تھا أَن لَا تنتفعوا من الْمِيتَة بإهاب وَلَا عصب رواه أحمد والنسائی، ۲۔ لیکن جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ میتہ کی کھال سے انتفاع حاصل کرنا جائز ہے، اور اس کی دلیل یہ روایت ہے، ۳۔ ابن شہاب زہری فرماتے ہیں کہ بلا دباغت کے جائز ہے اس لئے کہ روایت الباب میں دباغت کا کوئی تذکرہ نہیں ہے لیکن اکثر علماء فرماتے ہیں کہ دباغت بہر حال کرنی پڑے گی، مسلم وغیرہ میں ہے هَلَّا أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوهُ، اس مضمون کی روایت متعدد طرق سے وارد ہوئی ہے دباغها طهورها، اور إذا دبغ الإهاب فقد طهر۔

رہ گئی ارض جہینہ والی روایت تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ کچی کھال پر محمول ہے اور جب کھال پکی ہو جائے یعنی دباغت دے دی گئی ہو تو وہ قابل انتفاع ہو جاتی ہے، بعضوں نے اس روایت کے نسخ کا دعویٰ کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

پھر جمہور علماء میں استثناء کے اندر اختلاف ہے، امام مالک فرماتے ہیں کہ یطهر الجلد إلا جلد الخنزير والآدمي، امام شافعی فرماتے ہیں إلا الخنزير والكلب والمتولد من أحدهما۔

وَأَرَادَ مَوَالِيهَا أَنْ يَشْتَرِطُوا وَلَاءَهَا: یہ مسئلہ میں ماقبل میں بیان کر چکا ہوں اور روایت مفصلاً ماقبل میں گزر چکی ہے، ایک قول یہ ہے کہ یہ حضرت عائشہؓ کے خصائص میں سے ہے کہ ان کو بیع بالشرط کی اجازت دے دی گئی تھی ویسے بیع بالشرط کا مسئلہ مختلف فیہا ہے کہ یہ جائز ہے یا نہیں ہے؟ امام احمد شرط واحد کو جائز کہتے ہیں، احناف منع کرتے ہیں۔

(ص ۲۰۲) بَابٌ إِذَا تَحَوَّلَتِ الصَّدَقَةُ

١٤٩١. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ: دَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى عَائِشَةَ فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ؟ فَقَالَتْ: لَا إِلَّا شَيْءٌ بَعَثَتْ بِهِ إِلَيْنَا نُسَيْبَةُ مِنَ الشَّاةِ الَّتِي بَعَثْتَ لَهَا مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ: إِنَّهَا قَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا.

١٤٩٢. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِلَحْمٍ تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ فَقَالَ: هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ. وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعَ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

ترجمہ: باب، صدقہ میں ملکیت بدلنے سے حکم میں تبدیلی پیدا ہو جانے کا بیان۔

روایت کا ترجمہ باب قدر کم یعطی من الزکاة والصدقة ومن أعطی شاة میں گزر چکا، نیز دوسری روایت کا ترجمہ بھی۔

تشریح: امام بخاری نے جب یہ بتا دیا کہ نبی اکرم ﷺ اور آپ کی آل کے لئے صدقہ جائز نہیں، تو اب یہ بتاتے ہیں کہ اگر صدقہ کی صورت بدل جائے، صدقہ صدقہ ہو کر نہ آئے ہدیہ ہو کر آئے تو پھر حرمت ختم ہو جائے گی، دیکھو حضرت نبی اکرم ﷺ نے ایک بکری نسیبہ کو بھیجی انہوں نے اس کا ایک حصہ بطور ہدیہ حضرت عائشہؓ کو بھیج دیا حضور ﷺ نے فرمایا لا وَإِنَّهَا قَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا، اسی طرح بریرہ کو کسی نے صدقہ دیا انہوں نے اس کا ایک حصہ حضور ﷺ کے گھر پر صدقہ کے طور پر بھیجا آپ نے فرمایا هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ معلوم ہوا کہ تبدل ملک سے تبدل عین ہو جاتا ہے، یعنی حکم کے باب میں جو چیز صدقہ کی شکل میں ہو کر

Maktaba Tul Ishaat.com

ناجائز تھی وہی چیز بعینہ ہدیہ بن کر جائز ہے۔

یہاں پر سوال یہ ہے کہ یہاں دو قصے ہیں ایک ام عطیہؓ کا اور دوسرے عائشہؓ کا اور یہ بیان ہو چکا کہ تبدل ملک سے تبدل عین ہو جاتا ہے تو حضرت عائشہؓ کو ام عطیہؓ کے قصہ میں کیوں تردد ہوا؟ اور اگر اس کا عکس ہے تو پھر بریرہؓ کے قصہ میں کیوں تردد ہوا؟

حضرت شیخ نے اس کا جواب دیا کہ بریرہؓ کا قصہ مقدم ہے اور ام عطیہؓ کا مؤخر ہے، بریرہؓ کے قصہ میں صدقہ دینے والا کوئی اور ہے، جب حضرت عائشہؓ کو یہ معلوم ہو گیا کہ اگر کوئی اور شخص فقیر کو صدقہ دے اور وہ اسی صدقہ کو کسی ایسے شخص کو ہدیہ کردے جس کے لئے صدقہ کی گنجائش نہیں ہے تو اب ملک بدل جانے کی وجہ سے حکم بدل جائے گا اور اس دوسرے شخص کو ہدیہ ہو کر اس کو کھانا جائز ہے، لیکن ام عطیہؓ کے قصہ میں خود حضور ﷺ نے صدقہ دیا تھا اور وہی صدقہ حضور ﷺ کے پاس پہونچا تو وہ آپ کے لئے جائز نہ ہوگا کہ وہ آپ ہی کا صدقہ ہے، حضور پاک ﷺ نے بتا دیا إِنَّهَا قَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا وہ اپنی جگہ پہنچ چکا، وہاں صدقہ ہو گیا وہاں سے ہدیہ بن کر آیا ہے اس لئے اس کی ہم کو گنجائش ہے اور جائز ہے۔

وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعَ أَنَسًا: قتادہ مدلس ہیں اس لئے مصنف نے ابوداؤد طیالسی کی روایت لاکر اشارہ کر دیا کہ انہوں نے تدلیس سے کام نہیں لیا بلکہ ان سے سماع کی تصریح کی ہے۔

(ص ٢٠٢) بَابُ أَخْذِ الصَّدَقَةِ مِنَ الْأَغْنِيَاءِ وَتُرَدَّ فِي الْفُقَرَاءِ حَيْثُ كَانُوا

١٤٩٣. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ: أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حِينَ بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ: إِنَّكَ سَتَأْتِي قَوْمًا أَهْلَ الْكِتَابِ فَإِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ إِلَى أَنْ يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ؛ فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللهِ حِجَابٌ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، مالداروں سے زکاۃ لینے کا بیان اور اس بات کا بیان کہ وہ زکاۃ حاجت مندوں میں تقسیم کی جائے گی خواہ وہ حاجت مند کہیں بھی ہوں۔

روایت کا ترجمہ باب وجوب الزکاۃ میں گزر چکا۔

تشریح: فرماتے ہیں کہ اغنیاء سے صدقہ لیکر فقراء کو دے دیا جائے گا جہاں کہیں بھی ہو۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ نقل الزکاۃ من بلد الی بلد جائز ہے یا نہیں؟ حنفیہ مطلقاً جواز کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر بے ضرورت ہو تو خلاف اولیٰ ہے اور اگر ضرورت ہو مثلاً صدقہ دینے والے کے اعزاء واقارب دوسرے شہر میں ہوں یا طلبۃ العلم رہتے ہوں یا وہاں کے لوگ زیادہ محتاج ہوں تو پھر نقل الزکاۃ بہتر ہے۔

جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک شہر کی زکاۃ دوسرے شہر منتقل کرنا اسی وقت جائز ہے جبکہ اس شہر کے مستحقین مفقود ہو جائیں، اگر زکاۃ منتقل ہوگئی تو ایسی صورت میں مالکیہ اور حنابلہ کے یہاں زکاۃ اصح قول میں ادا ہو جائے گی لیکن شافعیہ اصح قول میں فرماتے ہیں کہ زکاۃ ادا نہ ہوگی الا یہ کہ بلد صدقہ میں کوئی مستحقین نہ ہو۔

امام بخاری کی کیا رائے ہے؟ بعض علماء کہتے ہیں کہ امام بخاری نقل زکاۃ کے مانع ہیں اور حَیۡثُ کَانُوا کی ضمیر اغنیاء کی طرف عائد ہے اور مطلب یہ ہے کہ جہاں کے اغنیاء ہوں وہیں کے فقراء پر زکاۃ تقسیم کی جائے، اور بعض علماء کہتے ہیں کہ بخاری نقل زکاۃ کے جواز کے قائل ہیں اور کانوا کی ضمیر فقراء کی طرف عائد ہے اور مطلب یہ ہے کہ جہاں بھی فقراء ہوں وہاں زکاۃ پہنچا دی جائے۔

حقیقت یہ ہے کہ امام بخاری نے اس سلسلہ میں کوئی تصریح نہیں کی ہے لیکن ترجمہ کے الفاظ میں جو ترکیب رکھی ہے اگر اس کو قاعدۂ متعارفہ سے دیکھا جائے تو بخاری نقل زکاۃ کے قائلین میں معلوم ہوتے ہیں، انہوں نے حَیۡثُ کَانُوا کا لفظ اغنیاء کے بعد نہیں کہا فقراء کے بعد کہا ہے، اور قاعدہ یہ ہے کہ جب ضمیر متردد ہو اور دو مراجع کا احتمال رکھتی ہو تو اس کو مرجع اقرب کی طرف لوٹایا جاتا ہے، یہاں دیکھئے پہلے اغنیاء ہے پھر فقراء ہے پھر حَیۡثُ کَانُوا، تو کانوا کا اقرب مرجع فقراء ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ بخاری یہ کہہ رہے ہیں اغنیاء سے لیکر فقراء میں تقسیم کر دیا جائے جہاں بھی فقراء رہتے ہوں خواہ بلد الاغنیاء کے فقراء ہوں یا دوسرے بلد کے۔

وَاتَّقِ دَعۡوَةَ الۡمَظۡلُومِ: مظلوم کی بد دعا سے بچو اس لئے کہ اللہ اور اس کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہے، یہی ہے بات، براہ راست اس کی دعا ذات حق کی طرف متوجہ ہو کر قبول ہوتی ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن　　　اجابت از در حق بہر استقبال می آید

یہ شعر اسی حدیث پاک سے ماخوذ ہے۔

(ص ٢٠٣) بَاب صَلَاۃِ الْإِمَامِ وَ دُعَائِهِ لِصَاحِبِ الصَّدَقَةِ

وقوله تعالى: ﴿ خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ﴾ الآية.

١٤٩٤. حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا أَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ فُلَانٍ، فَأَتَاهُ أَبِي بِصَدَقَتِهِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ أَبِي أَوْفَى.

ترجمہ: باب، صدقہ دہندہ کو امام کے دعا دینے کا بیان، اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ ان کے اموال میں سے صدقہ لو جس کے ذریعہ تم ان کو پاک وصاف کروگے اور ان کے لئے دعا کرو، بے شک آپ کی دعا ان کے لئے سکون کا باعث ہے۔

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کا معمول یہ تھا کہ جب لوگ آپ کی خدمت میں اپنا صدقہ لیکر حاضر ہوتے تو آپ یہ فرماتے اے اللہ فلاں پر رحمت نازل فرما، تو ایک مرتبہ میرے والد اپنا صدقہ لیکر آئے تو فرمایا کہ اے اللہ! آل ابی اوفی پر رحمت نازل فرما۔

تشریح: امام بخاری ارشاد فرماتے ہیں کہ جب صاحبِ صدقہ صدقہ لیکر حاضر ہو تو امام کو چاہئے کہ اسکے حق میں دعاء کرے، صلوۃ بھیجے، امام کا دعاء کرنا جمہور علماء کے نزدیک مستحب ہے، ظاہریہ اور بعض شافعیہ حناطی کے نزدیک واجب ہے، بظاہر بخاری کی بھی یہی رائے ہونی چاہئے اسلئے کہ آیت میں وَصَلِّ عَلَيْهِمْ بصیغہ امر وارد ہے اور نبی اکرم ﷺ نے اس امر پر عمل کیا تو آپ کے بعد آپ کے نائبین کو بھی عمل کرنا ہوگا۔

امام بخاری نے ترجمہ میں لفظ صلوۃ کا تذکرہ کرکے یہ اشارہ فرمایا ہے کہ خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ میں خذ کا امر حضور ﷺ کے ساتھ خاص نہیں ہے ورنہ اگر یہ حکم آپ کے ساتھ خاص ہوتا تو اگلا حکم صَلِّ عَلَيْهِمْ بھی خاص ہوتا، اور بخاری کہتے ہیں بَاب صَلَاۃِ الْإِمَامِ وَدُعَائِهِ، گویا امام بخاری اس کو عام مانتے ہیں اور اس سے انہوں نے مرتدین کے شبہ کو رد کیا ہے اور بتایا ہے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

خذ کا امر رسول اکرم ﷺ کے ساتھ خاص نہیں بلکہ جو بھی آپ کا نائب ہو گا وہ اس کا مکلف ہے، اور آیت میں جو صرف آپ کو خطاب کیا گیا ہے اس کا منشاء یہ ہے کہ آپ قرآن میں اللہ کے پہلے مخاطب ہیں تو روئے سخن آپ کی طرف ہے اور مراد سارے لوگ ہیں۔

اسی کے ساتھ ساتھ بخاری نے وَدُعَائِهِ کا لفظ لا کر یہ اشارہ فرمایا ہے کہ صلوۃ سے مراد دعاء ہے، اگر امام بلفظ صلوۃ دعاء نہ کرے کسی اور لفظ سے کردے تو بھی جائز ہے، لیکن لفظ صلوۃ لا کر یہ اشارہ فرمایا ہے کہ لفظ صلوۃ سے بھی دعاء دی جاسکتی ہے کیوں کہ آیت میں صَلِّ عَلَيْهِمْ وارد ہوا ہے۔

اس سے امام بخاری نے ایک خاص نکتے کی طرف اشارہ کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ لفظ صلوۃ سے دعاء آیا نبیوں کے ساتھ خاص ہے یا غیر انبیاء کے لئے بھی جائز ہے؟ مشہور عند الجمہور یہ ہے کہ انبیاء کے ساتھ خاص ہے، یہی امام مالک اور امام شافعی کا مذہب ہے اور یہی حنفیہ کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے، اور وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ غیر نبی پر صلوۃ تبعاً جائز ہے استقلالاً جائز نہیں، لیکن امام احمد بن حنبل غیر نبی پر صلوۃ کے جواز کے قائل ہیں اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے یہی امام ابو حنیفہ کی طرف منسوب کیا ہے۔

ابن تیمیہ کا تبحر علمی: ابن تیمیہ اپنے زمانے کے یگانۂ روزگار فرد فرید تھے انہوں نے امام صاحب کی طرف نسبت کی ہے اسلئے آسانی سے یہ کہنا بڑا مشکل ہے کہ امام صاحب اسکے قائل نہیں، انکی نظر اتنی وسیع ہے کہ بہت سے علماء احناف کو بھی اس کا پتہ نہیں، ایک مسئلہ میں انہوں نے امام صاحب کی طرف ایک بات منسوب کردی اور لکھ دیا ذکرہ بعض الحنفیۃ حالانکہ علماء احناف اس کا دور دور تک کوئی تذکرہ ہی نہیں کرتے ہیں، نہ شامی نے لکھا نہ اور کسی نے لکھا اور مدتیں گزر گئیں میں امام پر اعتماد کر کے نقل کرتا رہا، پھر ایک مدت مدیدہ کے بعد اتفاقاً مسائل کی کتاب نہیں ویسے ہی ایک مسئلہ کی کتاب میں دیکھا کہ ایک مشہور حنفی عالم نے اس کا تذکرہ کیا ہے، میں نے سوچا کہ اس آدمی کی نگاہ بڑی وسیع ہے مسائل سے ہٹ کر دوسری کتابوں کا بھی مطالعہ کیا ہے اور اس کا استحضار ہے اسلئے جوڑتے پھرتے ہیں اور یہی وسیع النظر انسان کا حال ہوتا ہے، بہر حال امام ابو حنیفہ کی طرف ایک قول استقلال الصلوۃ لغیر النبی کا ابن تیمیہ نقل کرتے ہیں تو یہ کہا جائے گا کہ ان کا مشہور قول تو جمہور کے موافق ہے اور ایک دوسرا قول امام احمد کے موافق ہے اور امام بخاری بھی اسی کے قائل ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢٠٣) بَاب مَا يُسْتَخْرَجُ مِنَ الْبَحْرِ

وقال ابن عباس: ليس العنبر بركاز هو شيء دسره البحر. وقال الحسن: في العنبر واللؤلؤ الخمس، وإنما جعل النبي ﷺ في الركاز الخمس ليس في الذي يصاب في الماء.

١٤٩٥. وَقَالَ اللَّيْثُ: حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ رَجُلاً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ سَأَلَ بَعْضَ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنْ يُسْلِفَهُ أَلْفَ دِينَارٍ فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ فَخَرَجَ فِي الْبَحْرِ فَلَمْ يَجِدْ مَرْكَبًا فَأَخَذَ خَشَبَةً فَنَقَرَهَا فَأَدْخَلَ فِيهَا أَلْفَ دِينَارٍ فَرَمَى بِهَا فِي الْبَحْرِ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ الَّذِي كَانَ أَسْلَفَهُ فَإِذَا بِالْخَشَبَةِ فَأَخَذَهَا لأَهْلِهِ حَطَبًا - فَذَكَرَ الْحَدِيثَ - فَلَمَّا نَشَرَهَا وَجَدَ الْمَالَ.

ترجمہ: باب، سمندر سے جو چیزیں نکالی جاتی ہیں ان میں زکاۃ کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ عنبر رکاز نہیں ہے وہ تو سمندر کی پھینکی ہوئی ایک شئ ہے، حسن بصری نے کہا کہ عنبر اور موتی میں خمس ہے، لیکن نبی کریم ﷺ نے تو خمس صرف رکاز میں مقرر فرمایا ہے نہ کہ ان چیزوں میں جو پانی میں ملتی ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ سے روایت بیان کی کہ بنی اسرائیل کے ایک شخص نے بنی اسرائیل ہی کے ایک دوسرے شخص سے سوال کیا کہ وہ اس کو ایک ہزار دینار قرض دے، اس نے وہ دینار قرض دے دیئے، پھر وہ شخص سمندر کے سفر میں نکلا پھر اسے کوئی سواری نہیں ملی تو اس نے ایک لکڑی لی اس کو کریدا اس میں ایک ہزار دینار رکھے اور اس لکڑی کو سمندر میں پھینک دیا، ادھر وہ شخص کہ جس نے قرض دیا تھا نکلا تو اس نے وہ لکڑی دیکھی چنانچہ اس شخص نے اس کو اپنے گھر والوں کے ایندھن کے لئے اٹھالیا (پھر راوی نے پوری حدیث بیان کی) تو اس نے جب لکڑی کو چیرا تو مال پالیا۔

تشریح: امام بخاری نے اس باب میں یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ اگر سمندر سے کوئی چیز برآمد ہو تو اس میں خمس واجب ہوگا یا نہیں؟ جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ اس میں خمس واجب نہیں ہوگا، قاضی ابویوسف اور امام احمد ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ اس میں خمس واجب ہوگا، امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے جمہور کی تائید کی ہے اور خمس کے مجوزین پر رد کیا ہے، اور دلیل میں یہ پیش کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے رکاز میں خمس واجب کیا ہے اور جو چیز سمندر سے برآمد ہوتی ہے اس کو رکاز نہیں کہا جاتا ہے، حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں لَيْسَ الْعَنْبَرُ بِرِكَازٍ هُوَ شَيْءٌ دَسَرَهُ الْبَحْرُ۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: یہ اثر ابن ابی شیبہ نے موصولاً روایت کیا ہے، عنبر رکاز نہیں وہ تو ایک چیز ہے جس

Maktaba Tul Ishaat.com

کو سمندر نے باہر ساحل کی طرف ڈال دیا ہے، عنبر کیا ہے؟ مشہور تو خوشبو ہے، باقی اس کی حقیقت میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ دابۂ بحر کا روث (سمندر کے جانور کا گوبر) ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس کی قئ ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ زبد بحر (سمندر کی جھاگ) ہے لیکن ابن سینا نے ان سب کا انکار کیا ہے، امام محمد فرماتے ہیں کہ ایک نبات ہے جو قعر سمندر میں اگتی ہے، اور بعض اس کے علاوہ بھی شرح کرتے ہیں۔

وَقَالَ الحَسَنُ فِي العَنْبَرِ وَاللُّؤْلُؤِ الخُمسُ: یہی قول عمر بن عبد العزیز اور زہری وغیرہ سے منقول ہے۔

وَإِنَّمَا جَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ فِي الرِّكَازِ الخُمسَ: یہ امام بخاری کا مقولہ ہے۔

وَقَالَ اللَّيْثُ: امام بخاری نے یہ حدیث اسی طرح سات جگہوں میں معلقًا ذکر فرمائی ہے البتہ کتاب البیوع کے بعض نسخوں میں یہ موصول ہے، اسی لئے حافظ ابن حجر فرماتے ہیں **وَصَلَهُ المصنف فِي البُيُوعِ**، پھر امام بخاری نے یہ حدیث اکثر جگہوں میں مختصرًا ومقتصرًا علی مایفیده فی اثبات الترجمۃ ذکر کی ہے اور کتاب الوکالۃ میں مفصلاً روایت ذکر فرمائی ہے جو ص ۳۰۶ پر آرہی ہے۔

امام بخاری کا اس سے استدلال کرنا اس بات پر مبنی ہے کہ وہ شرائع من قبلنا کو حجت سمجھتے ہیں، یہ مسئلہ مختلف فیہ مسائل میں سے ہے، جمہور علماء شرائع من قبلنا کو حجت مانتے ہیں، شافعیہ اس کا انکار کرتے ہیں، پھر ہمارے فقہاء احناف فرماتے ہیں **شريعة من قبلنا حجة لنا إذا قصه الله ورسوله علينا من غير تعقيب ولا إنكار**۔

امام اسماعیلی اور داؤدی کہتے ہیں کہ اس حدیث پاک سے مصنف کا مدعا ثابت نہیں ہوتا ہے، اس میں صرف یہ ہے کہ ایک آدمی گیا سمندر میں اس کو لکڑی ملی وہ لایا اور اس کو جلایا، اس سے مسئلہ کیسے نکل آیا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اس طرح نکل آیا کہ سمندر جس چیز کو ڈال دے اور جو سمندر سے پائی جائے وہ رکاز نہیں اس لئے کہ اگر وہ رکاز کے حکم میں ہوتا تو وہ آدمی خمس ادا کرتا، اور اگر خمس ادا کرتا تو روایت میں سارا قصہ مذکور ہوتا اداء خمس کا بھی تذکرہ ہوتا، یا اگر ہماری شریعت کا حکم اس کے خلاف ہوتا تو حضور ﷺ تعلیمًا یہ بیان فرمادیتے کہ ان کی شریعت میں توماخرج من البحر میں خمس نہیں تھا اور ہماری شریعت میں خمس واجب ہوگا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۲۰۳) بَابٌ فِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

وقال مالك وابن إدريس: الركاز دِفن الجاهلية، في قليله وكثيره الخمس وليس المعدن بركاز. وقد قال النبي ﷺ في المعدن جبار، وفي الركاز الخمس. وأخذ عمر بن عبد العزيز من المعادن من كل مائتين خمسة، وقال الحسن: ما كان من ركاز في أرض الحرب ففيه الخمس، وما كان من أرض السلم ففيه الزكاة، وإن وجدت لقطة في أرض العدو فعرّفها، فإن كانت من العدو ففيها الخمس.

وقال بعض الناس: المعدن ركاز مثل دفن الجاهلية؛ لأنه يقال: أركز المعدن إذا أخرج منه شيء، قيل له: فقد يقال لمن وهب له شيء أو ربح ربحا كثيرا أو كثر ثمره: أركزت، ثم ناقضه وقال: لا بأس أن يكتمه ولا يؤدي الخمس.

١٤٩٦. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ رکاز میں خمس واجب ہے، امام مالک اور امام شافعی نے فرمایا کہ رکاز زمانہ جاہلیت کے دفن کئے ہوئے مال کو کہتے ہیں اس میں کم مقدار اور زیادہ مقدار میں خمس ہے، اور معدن رکاز نہیں ہے، نبی کریم ﷺ نے معدن کے بارے میں فرمایا کہ (اس میں کام کرتے ہوئے کسی کی موت ہو جائے تو) اس کا خون معاف ہے، اور رکاز میں خمس ہے، حضرت عمر بن عبد العزیز نے کانوں میں ہر دو سو درہم میں پانچ درہم لئے ہیں، حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ رکاز کا جو مال دارالحرب میں حاصل ہو اس میں خمس ہے اور جو امن و صلح کے علاقے میں ہاتھ آئے اس میں زکاۃ ہے، اگر تمہیں دشمن کے علاقے میں لقطہ یعنی پڑی ہوئی چیز ملے تو اس کا اعلان کرو، اگر وہ دشمن کا نکلے تو اس میں خمس واجب ہوگا۔

بعض لوگوں نے یہ کہا کہ معدن جاہلیت کے دفن کئے ہوئے مال کی مانند ہے، اس لئے کہ أَرْكَزَ الْمَعْدِنُ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ اس سے کوئی چیز نکلی ہو، ان کی بات کا جواب یہ ہے کہ أَرْكَزْتَ اس وقت بھی بولا جاتا ہے جب کسی کو کوئی چیز ہبہ کی گئی ہو، یا کسی نے زیادہ نفع کمایا ہو، یا کسی کے باغ میں پھل زیادہ آگئے ہوں، پھر ان لوگوں نے اپنے قول کے خلاف یہ کہا کہ جس کو یہ مال ملے اس کے لئے کوئی حرج نہیں ہے کہ اس کو چھپالے اور خمس ادا نہ کرے۔

تشریح: رکاز میں خمس واجب ہے، رکاز کی حقیقت میں اختلاف ہے کہ اس سے مراد کیا ہے؟

اس میں دو قول نقل کئے جاتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ الرکاز المعدن، دوسرا قول ہے الرکاز دفائن

Maktaba Tul Ishaat.com

أهل الجاهلية، یہ دوسرا قول حضرت امام مالک، امام شافعی اور امام احمد کا ہے، اور پہلا قول مجملاً لوگوں نے امام ابوحنیفہ کی طرف منسوب کردیا ہے لیکن حضرت امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ رکاز اپنے عموم کی وجہ سے معادن اور دفائن دونوں کو شامل ہے۔

امام بخاری نے اس مسئلہ میں فریق اول کی تائید کی ہے جو رکاز کو دفائن اہل جاہلیت کے ساتھ خاص کرتے ہیں اور دلیل میں دو باتیں پیش کی ہیں، اول یہ کہ رسول پاک ﷺ ارشاد فرماتے ہیں وَالمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الخُمسُ، اگر معدن اور رکاز ایک ہوتے تو آنحضور ﷺ وَفِي الرِّكَازِ الخُمسُ کے بجائے وفیه الخمس ارشاد فرماتے، حنفیہ کی طرف سے اس کے تین جوابات دیئے گئے ہیں جو آگے آرہے ہیں۔

دوسری دلیل یہ پیش کی ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے معادن میں سے دوسو دراہم سے پانچ درہم لئے ہیں یعنی زکاۃ لی ہے، معلوم ہوا کہ معادن میں خمس نہیں ورنہ عمر بن عبدالعزیز زکاۃ کے بجائے خمس لیتے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے عمر بن عبدالعزیز نے حولان حول کے بعد زکاۃ لی ہو اور بالفرض اگر اس کو مان لیا جائے تو اس کا دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ ایک تابعی کا عمل ہے جو دوسروں کے لئے حجت نہیں ہے، تابعی کا عمل تو کسی کے یہاں بھی حجت نہیں ہے اور مؤطا وغیرہ میں جو یہ وارد ہوا ہے کہ معادن قبلیہ سے زکاۃ ہی لی جاتی تھی اس کی کوئی سند ثابت نہیں ہے، اور اگر کوئی سند ثابت ہو تو اس صورت میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کا تعلق حولان حول سے ہے۔

رہ جاتی ہے حدیثِ المَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الخُمسُ اس کا جیسا کہ میں نے اشارہ کیا کہ تین جوابات دیئے گئے ہیں، (۱) پہلا جواب یہ ہے کہ اصل میں معادن محل کا نام ہے اور رکاز حال کا نام ہے، اب اگر یہ کہہ دیا جاتا وفیه الخمس تو اس سے بظاہر یہ ایہام ہوتا کہ زکاۃ اور خمس کا محل سے تعلق ہے حالانکہ اس کا تعلق حال سے ہے، (۲) دوسرا جواب جو اس سے اقوی ہے یہ ہے کہ اصل میں رکاز اپنے عموم کی وجہ سے معادن اور دفائن دونوں کو شامل ہے اب اگر وفیه الخمس کہہ دیا جاتا تو اس سے صرف معادن کا حکم معلوم ہوتا اور دفائن کا حکم معلوم نہ ہوتا، (۳) تیسرا جواب بعض علماء احناف نے یہ دیا کہ یہی روایت امام بخاری نے آگے چل کر تخریج کی ہے اس کے الفاظ ہیں البئر جبار وفی الرکاز الخمس، اب اگر وفی الرکاز الخمس کے بجائے فیه الخمس کہہ دیا جاتا تو ضمیر بئر کی طرف عائد ہو جاتی اور مطلب یہ نکلتا کہ بئر میں خمس ہے حالانکہ بئر میں کسی کے یہاں

Maktaba Tul Ishaat.com

بھی خمس نہیں ہے، میرے نزدیک یہ جواب غلط ہے اور جو روایت اس طرح کی آرہی ہے وہ راوی کا اختصار ہے۔

حنفیہ کے دلائل: حنفیہ کی بھی اس مسئلہ پر کہ رکاز معادن کو شامل ہے دو بلکہ تین دلیلیں ہیں۔

(۱) اہل لغت کا قول ہے، صاحب العین اور ابو عبید ہروی وغیرہ فرماتے ہیں الركاز الذهب الذي ينبت من الأرض، علامہ عبد الغافر فاسی مجمع الغرائب میں لکھتے ہیں الركاز المعادن اور ابو عبید ہروی غریبین میں لکھتے ہیں اور انہی کا اتباع علامہ ابن اثیر جزری صاحب نہایۃ الغریب نے کیا کہ رکاز کی تفسیر میں دو قول ہیں، اہل حجاز کہتے ہیں کہ دفائن اہل جاہلیت ہیں اور اہل عراق کہتے ہیں کہ معادن ہیں اور لغۃً دونوں محتمل ہیں۔

(۲) دوسری دلیل وہ حدیث ہے جو سعید بن منصور نے اپنی سنن میں بطریق عبد الله بن سعيد عن أبيه عن أبي هريرة نقل کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا الركاز الذهب الذي ينبت من الأرض، اور بیہقی میں ہے الذهب الذي ينبت في الأرض، قاضی ابو یوسف نے الخراج میں یہی روایت نقل کی ہے اس میں ہے قيل يا رسول الله وما الركاز؟ قال الذهب والفضة الذي خلقه الله في الأرض يوم خلقت، عبد اللہ بن سعید جو اس کا راوی ہے وہ ضعیف ہے۔

(۳) تیسری دلیل وہ حدیث ہے جو امام ابو داؤد اور نسائی نے بطريق عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده نقل کی ہے کہ ایک آدمی نے حضور پاک ﷺ سے لقطہ کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا ما كانَ منها في طَرِيقِ المِيتاء والقريةِ الجامعةِ فعرِّفها سنةً وما كان في غيره ففيه وفي الركاز الخمس، حافظ ابن عبد البر نے یہی حدیث نقل کی ہے اس کے الفاظ ہیں سئل عن كنز وجده رجل ایک خزانہ کے متعلق آپ سے سوال کیا گیا جو ایک آدمی نے پایا تھا، تو اس کے جواب میں آپ نے یہ حدیث ارشاد فرمائی اور اس میں یہ فرمایا کہ اگر غیر قریۂ جامعہ ہو اور طریق میتاء نہ ہو تو ففيه وفي الركاز الخمس، قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ رکاز غیر کنز ہے، بہر حال لفظ رکاز معادن کو شامل ضرور ہے چاہے یہ مانو کہ رکاز عین معادن ہے یا یہ کہو کہ رکاز عام اور اشمل ہے۔

وَقَالَ مَالِكٌ وَابْنُ إِدْرِيسَ: مراد امام مالک بن انس اور ابن ادریس سے محمد بن ادریس الشافعی الامام المطلبی ہیں كما ذكره أبو زيد المروزي وأبو بكر البيهقي وجمال الدين المزي وغيرهم۔

Maktaba Tul Ishaat.com

دِفْنٌ: بمعنی المدفون۔

فِي قَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ الخُمُسُ: یہی حضرات ائمہ ثلاثہ کا مسلک اور امام شافعی کا قول قدیم ہے کہ رکاز کے قلیل وکثیر میں خمس واجب ہوگا، امام شافعی قول جدید میں وجوب خمس کے لئے نصاب شرط قرار دیتے ہیں۔

وَلَيْسَ المَعْدِنُ بِرِكَازٍ: اور معدن رکاز نہیں ہے **وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ فِي المَعْدِنِ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الخُمُسُ** یہ امام بخاری کا کلام ہے اور حضرت امام کے استدلال کی وضاحت ہوچکی ہے۔

وَأَخَذَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ العَزِيزِ مِنَ المَعَادِنِ مِنْ كُلِّ مِائَتَيْنِ خَمْسَةً: عمر بن عبد العزیز نے معادن سے دوسو میں سے پانچ لئے، یعنی آپ نے زکاۃ لی، اس کے لئے ائمہ اربعہ کے یہاں حولان حول شرط نہیں صرف امام شافعی سے ایک قول حولان حول کا نقل کیا جاتا ہے لیکن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ قول غریب ہے امام شافعی کی کتابوں میں اور ان کے اصحاب کی کتابوں میں اس کا کوئی پتہ نہیں۔

امام بخاری نے حضرت عمر بن عبد العزیز کا اثر ذکر کرکے اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ معدن میں زکاۃ واجب ہوگی، حضرت عمر بن عبد العزیز نے اس سے خمس نہیں لیا معلوم ہوا کہ معدن رکاز نہیں ہے **والجواب ماتقدم أنه قول تابعي وعمل تابعي وقوله ليس بحجة عند أحد** اور رہی یہ بات کہ عمر بن عبد العزیز جیسے کا یہ فعل ہے اس کا جواب یہ ہے کہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔

وَقَالَ الحَسَنُ مَا كَانَ مِنْ رِكَازٍ فِي أَرْضِ الحَرْبِ فَفِيهِ الخُمُسُ: حسن بصری نے ایک تفصیل اختیار کی، وہ فرماتے ہیں کہ جو رکاز دار الحرب میں ملے اس میں خمس واجب ہے اس لئے کہ خمس غنیمت میں واجب ہوتا ہے اور رکاز بھی غنیمت ہی کی ایک قسم ہے، اور غنیمت وہ چیز کہلاتی ہے جو دار الحرب سے دستیاب ہوتی ہے، **وَمَا كَانَ مِنْ أَرْضِ السلم فَفِيهِ الزكاة** اور جو دار الاسلام میں ملے اس میں زکاۃ واجب ہوگی، ابن منذر فرماتے ہیں کہ کسی شخص نے بھی حسن بصری کی طرح سے ارض الحرب اور ارض السلم میں تفریق نہیں کی ہے بلکہ سارے لوگ رکاز میں خمس واجب قرار دیتے ہیں چاہے دار الحرب میں پایا جائے یا دار الامن یعنی دار الاسلام میں پایا جائے۔

وَإِنْ وَجَدْتَ اللُّقَطَةَ فِي أَرْضِ العَدُوِّ فَعَرِّفْهَا: لقطہ کی تعریف کی جائے گی، اگر کسی مسلمان کا ہو تو دے دیا جائے اور اگر کافر کا ہو تو اس میں خمس واجب ہوگا کیوں کہ وہ غنیمت کی حیثیت رکھتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ الْمَعْدِنُ رِکَازٌ مِثْلُ دِفْنِ الْجَاهِلِیَّۃِ: یہ پہلی جگہ ہے جہاں امام بخاری نے بعض الناس کا لفظ استعمال کیا ہے، یہ لفظ امام بخاری نے پوری کتاب میں چوبیس جگہ استعال فرمایا ہے، یہاں سے لیکر کتاب الاکراہ تک سات جگہ اور کتاب الاکراہ میں دو جگہ اور کتاب الحیل میں چودہ جگہ اور سب سے آخر میں پہنچ کر کتاب الاحکام میں ایک جگہ مجموعہ کل چوبیس ہو جاتا ہے۔

مشہور یہ ہے کہ امام بخاری نے بعض الناس کہہ کر امام ابو حنیفہ کو یا ان کے بعض اتباع کو مراد لیا ہے، بعض صاحبوں نے اس پر اشکال کیا ہے کہ صاحب! بعض جگہ پر تو بعض دوسرے حضرات کا بھی وہی مسلک ہے، چنانچہ کتاب الاحکام میں امام بخاری نے جو قول بعض الناس کی طرف منسوب کیا ہے وہ حضرت امام شافعی کا قول ہے، اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اس کے ساتھ ساتھ وہ امام محمد بن حسن کا بھی قول ہے۔

بھئی سچی بات یہ ہے اور ہم انصاف کی بات جانتے ہیں کہ امام بخاری نے اس عبارت سے یا امام ابو حنیفہ کو مراد لیا ہے یا ان کے بعض اتباع واصحاب کو مراد لیا ہے گو دوسرے بعض ائمہ بھی بعض مسائل میں ان کے ساتھ ہیں۔

پھر اس کے بعد یہ مشہور ہے کہ امام بخاری جہاں بھی یہ عبارت استعمال کرتے ہیں وہاں تردید مقصود ہوتی ہے، لیکن اس پر بعض اکابر مشائخ کو اشکال ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس طرح کی عبارت کتاب الہبہ میں استعمال فرمائی ہے حالانکہ وہ مسئلہ متفق علیہا ہے، معلوم ہوا کہ امام بخاری ہر جگہ تردید نہیں کرتے ہیں، کتاب الہبہ کے آخر میں فرماتے ہیں بَابٌ إِذَا قَالَ أَخْدَمْتُكَ هٰذِهِ الْجَارِیَةَ عَلٰی مَا يَتَعَارَفُ النَّاسُ فَهُوَ جَائِزٌ وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ هٰذِهٖ عَارِیَةٌ وَإِنْ قَالَ كَسَوْتُكَ هٰذَا الثَّوْبَ فَهٰذِهٖ هِبَةٌ، اس پر ابن بطال فرماتے ہیں کہ مسئلہ عاریۃ الثوب میں کوئی اختلاف ہی نہیں ہے جیسا کہ بخاری نے ذکر کیا ہے، مسئلہ بھی یہی ہے۔

لیکن حافظ ابن حجر یہ چاہتے ہیں کہ ہر جگہ پر تردید کی کوئی صورت نکل آئے، چنانچہ اس مسئلہ میں بھی جس کو ابن بطال نے اجماعی ذکر کیا ہے یا اجماعی کہہ دیا ہے اختلاف کی صورت پیدا کر دی اور یہ فرمادیا کہ اصل میں امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ دارومدار عرف پر ہے، یہ کوئی ضروری نہیں کہ کوئی آدمی یوں کہے أَخْدَمْتُكَ هٰذِهِ الْجَارِیَةَ تو یہ عاریت بن جائے اور كَسَوْتُكَ هٰذَا الثَّوْبَ کہے تو ہمیشہ یہ ہبہ ہی رہے بلکہ عرف پر دارومدار ہے، اگر عرف بدل جائے گا تو حکم بدل جائے گا، میرے نزدیک حافظ کی بات زیادہ قوی معلوم ہوتی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

بہر حال امام بخاری نے یہ پہلی جگہ قال بعض الناس کہا ہے اور یہاں انہوں نے حضرت امام ابو حنیفہ پر رد کیا ہے، امام بخاری پہلے اپنے انداز میں یہ ثابت کر آئے ہیں کہ معدن کا اطلاق دفائن جاہلیت پر ہوتا ہے، اب امام بخاری حضرت امام ابو حنیفہ پر رد کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں اَلْمَعْدِنُ رِکَازٌ مِثْلُ دِفْنِ الْجَاهِلِيَّةِ معدن بھی رکاز ہے جیسے دفائن جاہلیت رکاز ہے، اور پھر حضرت امام ابو حنیفہ کی زبان پر دلیل پیش کرتے ہیں کہ جب معدن سے کوئی چیز نمودار ہو کر نکلے تو اس پر أَرْکَزَ الْمَعْدِنُ کا اطلاق کرتے ہیں، امام بخاری فرماتے ہیں کہ اگر یہی دلیل معدن میں خمس کے وجوب کی ہے تو پھر اسی دلیل کی بناء پر شیئ موہوب میں اور ربح کثیر میں خمس واجب ہونا چاہئے، اس لئے کہ قَدْ يُقَالُ لِمَنْ وُهِبَ لَهُ شَيءٌ أَوْ رَبِحَ رِبْحًا كَثِيرًا أَوْ كَثُرَ ثَمَرُهُ أَرْكَزْتَ۔

امام بخاری کے اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ جو دلیل آپ نے بعض الناس کی طرف سے پیش کی ہے بعض الناس کی کتابوں میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں ہے، بلکہ ان کا استدلال تو وہ ہے جو ہم ابتداء باب میں بیان کر آئے ہیں کہ اہل لغت رکاز اور معدن کو ایک مانتے ہیں اور احادیث سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ رکاز معادن ہی ہے، اور جو دلیل بعض الناس کی طرف منسوب کی گئی وہ پایۂ ثبوت کو نہیں پہونچتی ہے، بلکہ عرب کا مقولہ تو أَرْکَزَ الرَّجُلُ ہے إذا وجد الرکاز وإذا صار لصاحب رکاز، یہاں پر باب إفعال صیرورت کے لئے استعمال کیا گیا ہے یعنی فاعل صاحب المأخذ ہو گیا، أَرْکَزَ الرَّجُلُ أی صار الرجل صاحب المأخذ أی صاحب الرکاز، اور اگر أَرْکَزَ الْمَعْدِنُ کا کہنا ثابت ہو تو یہ اطلاق مجازی ہوگا، اسی طرح سے ربح کثیر پر، ثمر کثیر پر، اور شیئ موہوب پر اگر رکاز کا اطلاق کیا جاتا ہے تو یہ اطلاق مجازی ہوگا۔

ثُمَّ نَاقَضَ وَقَالَ لَا بَأْسَ أَنْ يَكْتُمَهُ فَلَا يُؤَدِّيَ الْخُمُسَ: امام بخاری نے امام ابو حنیفہ پر یہ دوسرا اعتراض کیا، یوں کہتے ہیں کہ اولاً تو یہ دعویٰ کر دیا کہ معادن بھی رکاز میں داخل ہے اور اس میں خمس واجب ہے، اور اس کے بعد اس کے خلاف یہ فتویٰ صادر کر دیا کہ اگر کوئی آدمی معدن پالے تو ماخرج من المعدن کا کتمان کر سکتا ہے، خمس دینا ضروری نہیں ہے، یہ مسئلہ امام محمد نے کتاب الاصل میں اسی طرح لکھا ہے۔

لیکن حضرت امام ابو حنیفہ پر یہ اعتراض وارد نہیں ہوتا ہے، حضرات احناف تو کیا! غیر احناف علامہ ابن بطال اور علامہ کرمانی وغیرہ نے امام بخاری کے اس دعویٔ مناقضہ پر اعتراض کیا ہے۔

علامہ ابن بطال فرماتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ نے مطلقاً کتمان کو جائز نہیں کہا ہے بلکہ اس صورت میں جائز کہا

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے جب پانے والا محتاج ہو اور اسے یہ پتہ ہو کہ اگر وہ بیت المال کو دے گا تو اس کا حق واجب بھی نہیں مل سکتا ہے، بیت المال میں اس کا حق ہو تو اس صورت میں وہ اس تاویل کے ساتھ کتمان کر سکتا ہے کہ میرا بیت المال میں حق ہے اور یہ اس حق کے مقابل میں ہو جائے گا۔

مگر حافظ ابن حجر بھی حافظ ابن حجر ہیں وہ یہ فرماتے ہیں کہ اصل میں حنفیہ کا ایک قول یہ ہے کہ اگر کسی کو اس کے مکان میں معدن مل جائے تو اس کا کتمان کر سکتا ہے، اب امام بخاری کا اشکال مکمل ہو سکتا ہے۔

لیکن یہاں بھی یہ جواب دیا جاسکتا ہے کہ مثلاً کسی آدمی کو اپنے مکان میں معدن ملا اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ بیت المال میں میرا حق ہے لیکن بیت المال کو اگر میں نے دے دیا تو پہلے سے ہی نہیں مل رہا ہے اور یہ بھی چلا جائے گا تو اب وہ اس تاویل کے ساتھ کتمان کر سکتا ہے کہ یہ اس حق واجب کے بدلے میں ہے۔

العَجمَاءُ جُبَارٌ: حیوانات کو عجماء اس لئے کہتے ہیں کہ وہ اپنی مراد واضح کرنے کے قابل نہیں، اور جُبار کا مطلب یہ ہے کہ اگر وہ کسی کو نقصان پہونچادے تو اس نقصان کا کوئی تاوان واجب نہیں ہوگا۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مطلقاً حیوانات کے نقصان پہونچا دینے سے کوئی تاوان واجب نہیں ہوگا، لیکن ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ میں حضرت براء بن عازبؓ کی حدیث میں یہ وارد ہوا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے یہ فیصلہ فرمایا کہ دن میں تو باغات والے اپنے باغوں کی حفاظت کریں اور رات میں جانور والے اپنے جانوروں کی نگرانی کریں، اب اگر رات میں جانور نقصان پہونچادے تو جانور والے پر ضمان ہوگا اور دن میں اگر نقصان پہونچادے تو ضمان نہیں ہوگا، چنانچہ اسی تفصیل کے امام مالک، شافعی اور احمد قائل ہیں۔

لیکن امام ابو حنیفہ العَجمَاءُ جُبَارٌ کی بناء پر یہ فرماتے ہیں کہ دن یا رات میں جب بھی جانور نقصان پہونچائے تو اس پر کوئی تاوان نہیں آئے گا الا یہ کہ مالک ساتھ ہو تو اس صورت میں یہ نقصان مالک کی طرف منسوب ہوگا اور یہ کہا جائے گا کہ اس نے بے احتیاطی کی، کیوں ایسی جگہ کھڑا کر دیا اور کیوں اس طرف کو لیکر چلا جہاں جانور نے نقصان پہونچایا۔

وَالبِئرُ جُبَارٌ: بئر ہدر ہے، بئر کے جبار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص نے اپنی زمین میں کنواں کھودا اب کوئی آدمی اس میں جاگرا تو کنویں والے پر کوئی تاوان نہیں، یا مطلب یہ ہے کہ کنواں کھودنے کے لئے ملازم رکھا اتفاق سے کنویں کی دیواریں ٹوٹ گئیں اور کھودنے والا اس میں دب کر مر گیا تو اس صورت

Maktaba Tul Ishaat.com

میں اس پر کوئی تاوان نہیں ہے۔

وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ: معدن جبار ہے، معدن ہدر ہے، معدن کے ہدر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص نے معدن کھودنے کے لئے ملازم رکھا اور اتفاق سے زمین ٹوٹی وہ دب گیا اور مر گیا تو اس پر کوئی مطالبہ نہیں ہے، یا کوئی اس معدن میں جا گرا تو صاحب معدن کا کوئی نقصان نہیں اور نہ اس پر کوئی مطالبہ۔

(ص ٢٠٣) بَاب قَوْلِ اللهِ تَعَالَى وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَمُحَاسَبَةِ الْمُصَدِّقِينَ مَعَ الْإِمَامِ

١٤٩٧. حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: اسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ رَجُلاً مِنَ الْأَسْدِ عَلَى صَدَقَاتِ بَنِي سُلَيْمٍ يُدْعَى ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ، فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ "اور زکاۃ ان لوگوں کے لئے ہے جو اس کے وصول کرنے پر مامور ہیں"، اور امام کو حساب دینے کا بیان۔

ابو حمید ساعدیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بنو اسد کے ایک شخص سے جسے ابن لتبیہ کہا جاتا تھا صدقات کی وصولیابی کا کام لیا تھا جب وہ آیا تو اس کا محاسبہ کیا۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمہ میں عاملین کا تذکرہ فرمایا ہے، عاملین جو زکاۃ وصول کرنے والے ہیں، عامل کو اس کے عمل کے بقدر دیا جائے گا جس کو عمالہ کہتے ہیں، حنفیہ کہتے ہیں کہ عمالہ جیسے غیر ہاشمی کے لئے جائز ہے ہاشمی کے لئے بھی جائز ہے اس واسطے کہ اس کا دار و مدار فقر پر نہیں ہے بلکہ اس کا دار و مدار عمل پر ہے، یہی امام بخاری کی رائے ہے، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ ہاشمی کے لئے جائز نہیں غیر ہاشمی کے لئے جائز ہے اس لئے کہ یہ تو زکاۃ کا مال ہے، حنفیہ فرماتے ہیں کہ زکاۃ کا مال بحیثیت زکاۃ کے نہیں دیا جاتا ہے بلکہ بحیثیت عمالہ کے۔

وَمُحَاسَبَةِ الْمُصَدِّقِينَ مَعَ الْإِمَامِ: امام بخاری کہتے ہیں کہ صدقہ وصول کرنے والے آکر امام کو حساب دیں، یعنی مطلب یہ ہے کہ امام کو یہ چاہئے کہ ان سے محاسبہ کرتا رہے تا کہ بدگمانی وغیرہ پیدا نہ ہو، اور رہی سنن ابو داؤد وغیرہ کی وہ روایت جس میں وارد ہے أرضوا مصدّقيكم وإن ظلمتم اس کا مطلب یہ ہے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ارباب اموال کو یہ چاہئے کہ کشادہ پیشانی کے ساتھ زکاۃ ادا کریں۔

رَجُلاً مِنَ الأَسْدِ: أسد سکون سین کے ساتھ ہے جس کا نام عبد اللہ بتلایا جاتا ہے ذکرہ ابن سعد۔

عَلَى صَدَقَاتِ بَنِي سُلَيْم: قبیلۂ بنو سلیم کے صدقات وصول کرنے کے لئے روانہ کیا۔

يُدْعَى ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ: جس کو ابن اللتبیہ کہا جاتا تھا۔

فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهُ: جب وہ آیا تو آپ نے اس سے محاسبہ کیا، یہاں پر روایت مختصر ہے، دوسری روایت میں یہ تصریح ہے کہ اس کے پاس کچھ مال ملا اس سے پوچھا گیا کہ یہ کیسا؟ کہنے لگے کہ یہ تو صدقہ ہے اور یہ مجھے ہدیہ دیا گیا ہے، حضور اکرم ﷺ نے اس پر نکیر کی فهلا جلس في بيت أبيه وأمه حتى ينظر أيهدى إليه أم لا، اپنے ماں باپ کے گھر کیوں بیٹھ نہیں جاتا تا کہ دیکھتا کہ اسے ہدیہ دیا جاتا ہے یا نہیں؟ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر اس طرح سے ہدیے آئیں جس کا سبب اصلی کوئی اور چیز ہو تو سبب اصلی پر نظر کرنی چاہئے اور یوں ہدیہ لیکر نہ بیٹھ جانا چاہئے۔

حضرت شیخ دامت برکاتہم کی خدمت میں افریقہ سے ایک مہمان آئے عصر کے بعد مجلس ہو رہی تھی، حضرت نے اشارہ فرمایا کہ ان کو مدرسہ دکھاؤ، جب مدرسہ دکھلایا گیا تو انہوں نے آکر پانچ سو روپیہ حضرت کی خدمت میں ہدیہ کیا، حضرت نے وہیں ان کے سامنے ہی یوں فرمادیا کہ لے جاکر اس کو دفتر میں جمع کردو۔

(ص ۲۰۳) بَابُ اسْتِعْمَالِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَأَلْبَانِهَا لِأَبْنَاءِ السَّبِيلِ

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ اجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ فَرَخَّصَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ ﷺ أَنْ يَأْتُوا إِبِلَ الصَّدَقَةِ فَيَشْرَبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا، فَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَأُتِيَ بِهِمْ فَقَطَّعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ وَتَرَكَهُمْ بِالْحَرَّةِ يَعَضُّونَ الْحِجَارَةَ. تَابَعَهُ أَبُو قِلَابَةَ وَثَابِتٌ وَحُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ.

ترجمہ: باب، مسافروں کے لئے صدقہ کے اونٹوں کے استعمال اور ان کے دودھ پینے کے حکم کا بیان۔

روایت کا ترجمہ باب أبواب الإبل والدواب والغنم ومرابضها میں گزر چکا۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ ابناء سبیل صدقہ کے اونٹوں اور ان کے البان کو استعمال کر سکتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں، یہاں مصنف نے ابن السبیل کا تذکرہ فرمایا ہے اور یہ زکاۃ کے مصارف ثمانیہ میں سے آٹھواں مصرف ہے، ابن سبیل مسافر کہلاتا ہے، مسافر اپنے گھر مالدار ہو یا کچھ بھی ہو بہر حال سفر کی حالت میں وہ زکاۃ لے سکتا ہے بشرطیکہ وہ سفر میں اتنا مال نہ رکھتا ہو جس کی وجہ سے اس پر زکاۃ واجب ہو جاتی ہو۔

علامہ ابن بطال فرماتے ہیں کہ امام بخاری اس ترجمہ سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ زکاۃ کے لئے اصناف ثمانیہ میں صرف کرنا ضروری نہیں ہے صنف واحد کو بھی زکاۃ دی جاسکتی ہے، جیسے حضور پاک ﷺ نے عرنیین کو فرمادیا کہ جاؤ اشربوا من ألبانها، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ تو اباحت تھی تملیک نہیں، اگر یہ زکاۃ کے طور پر دیا گیا ہوتا تو تملیک بھی پائی جاتی، واقعہ یہ ہے کہ امام بخاری نے اس مسئلہ کو چھیڑا ہی نہیں ہے جو ابن بطال نے ذکر کیا ہے، بلکہ وہ صرف یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ابن سبیل بھی مصارف زکاۃ میں سے ہے، ویسے یہ مسئلہ کہ آیا زکاۃ کو تمام مصارف ثمانیہ میں صرف کرنا پڑے گا یا نہیں، امام شافعی کہتے ہیں ہاں، اور باقی حضرات کہتے ہیں ناں۔

(ص ۲۰۴) بَاب وَسْمِ الْإِمَامِ إِبِلَ الصَّدَقَةِ بِيَدِهِ

١٤٩٨ . حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: غَدَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ بِعَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهُ فَوَافَيْتُهُ فِي يَدِهِ الْمِيسَمُ يَسِمُ إِبِلَ الصَّدَقَةِ.

ترجمہ: باب، امام کا صدقہ کے اونٹوں پر اپنے ہاتھ سے داغ لگا کر علامت بنانے کا بیان۔

حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ میں صبح کے وقت عبد اللہ بن ابی طلحہؓ کو لیکر تحنیک کرانے کے لئے حضور ﷺ کے پاس آیا تو میں نے دیکھا کہ آپ کے ہاتھ میں داغنے کا آلہ ہے اور آپ صدقہ کے اونٹوں کو داغ رہے ہیں۔

تشریح: امام بخاری یوں فرماتے ہیں کہ صدقات کے اونٹوں کو داغ لگا دینا چاہئے تاکہ دوسرے اونٹوں سے ممتاز رہیں، امام کی قید بظاہر اتفاقی ہے یا یہ بتلانے کے لئے ہے کہ امام کو اس کا اہتمام کرنا چاہئے، اس لئے کہ حضرت سید الرسل ﷺ نے بایں شرافت وکرامت اپنے دست شریف سے ابل صدقہ کو داغ لگایا ہے، علماء نے لکھا ہے کہ اونٹ وغیرہ کے سرین پر داغ لگایا جائے گا اور بکری کے کان میں۔

یہ داغ لگانا باتفاق مذاہب اربعہ جائز ہے، امام نووی، کرمانی، اُبّی، سنوسی اور حافظ ابن حجر وغیرہ نے حنفیہ کی

Maktaba Tul Ishaat.com

طرف عدم جواز منسوب کیا ہے یہ غلط ہے، حنفیہ کی کتابوں میں یہ تصریح ہے لا بأس بكي البهائم للعلامة۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ: حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں حضور اکرم ﷺ کے پاس عبداللہ بن ابی طلحہؓ کو لیکر گیا تاکہ ان کی تحنیک کردیں، آپ کو میں نے پایا اس حال میں کہ آپ کے ہاتھ میں داغنے کا آلہ تھا جس کو مکویٰ کہتے ہیں اس سے ابل صدقہ کو آپ داغ لگا رہے تھے، یہ عبداللہ بن ابی طلحہؓ وہی ہیں جو اس رات کی مجامعت سے پیدا ہوئے تھے جس رات کو ان کے بھائی کا انتقال ہوگیا تھا جن کا نام ابو عمیر تھا اور حضرت ام سلیمؓ نے ان کو تیار کر کے ایک طرف رکھ دیا تھا، ابو طلحہؓ آئے انہوں نے پوچھا کہ کیا بیٹا اچھا ہے؟ کہا کہ ہاں قد هدأت نفسه وأرجو أن يكون قد استراح، وہ سمجھے کہ بیٹا ٹھیک ہوگیا اور بیوی سے جماع کیا، حضور ﷺ کو واقعہ معلوم ہوا تو آپ نے دعاء فرمائی اللهم بارك لكما في ليلتكما۔

(أَبْوَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

(ص ۲۰۴) بَابُ فَرْضِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

ورأى أبو العالية وعطاء وابن سيرين صدقة الفطر فريضة.

١٤٩٩. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ هُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: فَرَضَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى وَالصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤَدَّى قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ.

ترجمہ: باب، صدقۂ فطر کے فرض ہونے کا بیان، ابو العالیہ، عطاء اور ابن سیرین نے صدقۂ فطر کو فرض کہا ہے۔
حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مسلمان غلام پر اور آزاد پر، مرد پر اور عورت پر، نابالغ پر اور بالغ پر، کھجور یا جو سے ایک صاع صدقۂ فطر واجب فرمایا، نیز حکم دیا کہ صدقۂ فطر لوگوں کے نماز کو نکلنے سے قبل ادا کر دیا جائے۔

تشریح: صدقۃ الفطر اور کتاب الزکاۃ میں مناسبت کھلی ہوئی ہے، زکاۃ بھی حق مالی ہے اور صدقۂ فطر

Maktaba Tul Ishaat.com

بھی حق مالی ہے یعنی اس میں بھی مال نکالا جاتا ہے، صدقۂ فطر کی مشروعیت تصریح واقدی کے مطابق سن ۲ھ میں عید سے دو دن پہلے ہوئی ہے۔

اس میں اختلاف ہے کہ صدقۂ فطر اب بھی باقی ہے یا منسوخ ہو چکا ہے اور اس کا وجوب اب بھی ہے یا ساقط ہو چکا ہے، ابن علیہؒ اور ابو بکر بن کیسان اصم کہتے ہیں کہ صدقۂ فطر کا حکم ابتداء تھا اب منسوخ ہو چکا۔

جمہور علماء اس کے ثبوت کے قائل ہیں، پھر جمہور میں اختلاف ہے کہ آیا اس کا شرعی مقام کیا ہے؟ (۱) امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل ارشاد فرماتے ہیں کہ فرض ہے، حافظ ابن عبد البر نے اس پر اتفاق بھی نقل کیا ہے، (۲) حنفیہ فرماتے ہیں کہ واجب ہے اور اس واجب سے مراد وہ واجب ہے جو حنفیہ کی اصطلاح میں مشروع ہے یعنی اس کا درجہ فرض سے گھٹا ہوا ہے علماً اور سنت مؤکدہ سے بڑھا ہوا ہے عملاً، (۳) ظاہریہ، اشہب مالکی اور ابن لبان شافعی فرماتے ہیں کہ سنت مؤکدہ ہے۔

جو لوگ نسخ کے قائل ہیں وہ حضرت قیس بن سعدؓ کی حدیث أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ الزَّكَاةُ فَلَمَّا نَزَلَتِ الزَّكَاةُ لَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا وَنَحْنُ نَفْعَلُهُ رواه النسائی و ابن خزیمة و الدارقطنی سے استدلال کرتے ہیں، لیکن حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں ایک رجل مجہول ہے۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ حافظ بھی عجیب آدمی ہیں یہاں پہنچ کر کہہ دیا کہ اس کی سند میں ایک رجل مجہول ہے اور یہی حدیث خود حافظ نے کتاب الزکاۃ کے اوائل میں فتح الباری میں ذکر کی ہے اور لکھا ہے کہ اسکے رجال صحیح ہیں، صرف ایک آدمی ابو عمار عریب بن حمید ہیں، امام احمد اور یحیٰ بن معین نے اس کی توثیق کی ہے، جس شخص کی توثیق یہ دونوں اکابر ائمہ کرتے ہوں بتاؤ اس کی بھی جہالت باقی رہ سکتی ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ صحابی کی مراد یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر کا امر جدید نہیں فرمایا بلکہ آپ نے امر اول پر اکتفاء فرمالیا۔

جمہور نے فرضیت پر فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صَدَقَةَ الْفِطْرِ سے استدلال کیا ہے، سنت کے قائلین اس کو قَدَّرَ کے معنی میں لیتے ہیں، اور وجوب کے قائلین کہتے ہیں کہ یہ خبر واحد ہے لہٰذا اس سے زیادہ سے زیادہ وجوب ہی ثابت ہوگا۔

صدقۃ الفطر کب واجب ہوتا ہے؟ اس میں بھی اختلاف ہے، حضرت امام احمد بن حنبل فرماتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں کہ رمضان کی آخری تاریخ کے آخری وقت میں وجوب ہوتا ہے، امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ یوم العید کو جب صبح صادق طلوع ہوتی ہے اس وقت وجوب ہوتا ہے، مالک اور شافعی کے دونوں قول ہیں۔

اس اختلاف کا ثمرہ یہ ظاہر ہوگا کہ اگر کوئی شخص غروبِ آخر رمضان سے پہلے مر جائے تو بالاتفاق اس کی طرف سے صدقۂ فطر واجب نہیں ہوگا، اور اگر کوئی طلوع فجر یوم العید کے بعد پیدا ہوتا ہے تو بالاتفاق اس پر صدقۂ فطر نہیں ہے، لیکن اگر کوئی عید الفطر کی رات میں پیدا ہوتا ہے تو جو لوگ کہتے ہیں کہ صدقۂ فطر یوم الفطر کی صبح صادق کے وقت واجب ہوتا ہے ان کے نزدیک اس پر صدقہ فطر واجب ہوگا اور صدقہ دیا جائے گا، اور جو یہ کہتے ہیں کہ آخرِ وقتِ رمضان مراد ہے ان کے نزدیک واجب نہیں ہوگا۔

وجوب کے لئے نصاب شرط ہے یا نہیں؟ (١) حضرات ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ نصاب شرط نہیں ہے بلکہ اگر کسی آدمی کے پاس صدقۃ الفطر دینے کے بقدر موجود ہو اور وہ اس کے اور اس کے اہل وعیال کے کھانے سے زائد ہو تو اس کو صدقہ دینا لازم ہے، اور کھانے سے زائد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یوم العید اور لیلۃ العید میں جتنی ضرورت پڑتی ہے اس سے زائد ہو، (٢) امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ جو مالک نصاب ہو اُس پر واجب ہے اور جو مالک نصاب نہ ہو اس پر واجب نہیں، علامہ عبدری وغیرہ نے لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ اس قول میں منفرد ہیں اور بعض محققین احناف کی رائے اس میں ائمۂ ثلاثہ کے قول کی ترجیح کی طرف مائل ہے۔

عمل کی حیثیت سے آدمی جو چاہے اختیار کرے لیکن ائمۂ ثلاثہ کا قول احوط معلوم ہوتا ہے اور میں تو اسی پر عمل کرتا ہوں، اس دن اگر میرے پاس بقدر صدقۃ الفطر کے اپنی ضرورت سے زیادہ کچھ ہوتا ہے تو صدقۃ الفطر دے دیتا ہوں اور یہ اس لئے بیان کر دیا کہ ہو سکتا ہے تم حضرات کو بھی توفیق ہو جائے۔

فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ زَكَاةَ الفِطْرِ: حضور پاک ﷺ نے زکاۃ فطر فرض فرمائی، صدقۃ الفطر کے مختلف نام ہیں، صدقۃ الفطر، زکاۃ الفطر، صدقۃ الروٴس، زکاۃ الروٴس اور صدقۃ رمضان، اس کو زکاۃ الفطر اور صدقۃ الفطر کیوں کہتے ہیں؟ بعض کہتے ہیں کہ فطر سے مراد افطار ہے، اب یا تو افطار آخر رمضان مراد ہو یا افطار صبح یوم العید مراد ہو، ابن قتیبہ کہتے ہیں کہ اس سے فطرت مراد ہے اور یہ خلقت کا صدقہ ہے، لیکن ان کا یہ قول غریب ہے اس لئے کہ بعض روایات میں زکاۃ رمضان کا لفظ وارد ہوا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

صَاعًا مِنْ تَمْرٍ: ایک صاع تمر اور ایک صاع شعیر، یہ مجمع علیہا مسئلہ ہے۔

عَلَى العَبْدِ وَالحُرِّ: غلام اور حر پر واجب ہے، حر پر تو براہ راست واجب ہے لیکن غلام پر بھی براہ راست واجب ہے یا اصلاً اس کے آقا پر؟ مسئلہ مختلف فیہا ہے، ظاہر یہ فرماتے ہیں کہ غلام پر براہ راست واجب ہے، آقا کے ذمہ یہ ضروری ہے کہ اس کو اتنا موقع دے کہ وہ کما کر صدقۃ الفطر ادا کرے، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ صدقہ اس کی طرف سے اس کا آقا ادا کرے گا، مگر اس کے بعد پھر اس میں اختلاف ہے کہ آیا براہ راست آقا پر فرض ہوتا ہے یا پہلے غلام پر پھر آقا اس کی طرف سے ادا کرتا ہے؟ دونوں ہی قول ہیں، امام بخاری کی رائے کیا ہے؟ اس کے متعلق ان شاء اللہ اگلے ترجمہ میں کلام کیا جائے گا۔

وَالذَّكَرِ وَالأُنْثَى: مذکر پر بھی اور مؤنث پر بھی، امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری اور ابن منذر فرماتے ہیں کہ عورت پر براہ راست واجب ہے اور ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ اس کے خاوند پر واجب ہے۔

وَالصَّغِيرِ وَالكَبِيرِ: بچہ اور بڑے پر زکاۃ، بچہ پر صدقۃ الفطر کے وجوب کا مسئلہ مختلف فیہ ہے، سعید بن مسیب فرماتے ہیں کہ بچہ پر زکاۃ الفطر نہیں ہے، علامہ ابن حزم کہتے ہیں کہ اگر مال ہو تو ہے ورنہ نہیں، محمد بن حسن فرماتے ہیں کہ اس کے باپ پر ہے اور اگر باپ کو قدرت نہیں تو کچھ بھی نہیں، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اگر بچہ کا مال ہو تو اس کے مال میں ورنہ اس شخص پر واجب ہے جس پر اس کا نفقہ واجب ہے۔

وَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤَدَّى قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ: نماز کو جانے سے پہلے صدقۃ الفطر ادا کرنا چاہئے تاکہ محتاج اور غرباء بھی اس دن خوشی منا سکیں۔

(ص ۲۰۴) بَابُ صَدَقَةِ الفِطْرِ عَلَى الْعَبْدِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

۱۵۰۰. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلَى كُلِّ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى مِنَ الْمُسْلِمِينَ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقۂ فطر مسلمان غلام وغیرہ پر ہے۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ صدقۂ فطر مسلمان پر ہے چاہے عبد ہو یا غیر عبد، اس میں اتفاق ہے کہ آزاد مسلمان پر صدقۂ فطر واجب ہے، لیکن اس میں اختلاف ہے کہ عبید مسلمین کی طرف سے جیسے ان

Maktaba Tul Ishaat.com

کے آقاؤں پر صدقۂ فطر واجب ہے ایسے ہی عبید کفار کی طرف سے صدقۃ الفطر ادا کرنا واجب ہے یا نہیں؟

حضرات ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ واجب نہیں ہے، امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری، ابراہیم نخعی، اسحاق بن راہویہ فرماتے ہیں کہ واجب ہے، امام بخاری نے جیسا کہ میں نے بتلایا کہ اس میں قول اول کو اختیار کیا ہے اور دلیل میں یہ پیش کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ سے ابن عمرؓ نقل کرتے ہیں أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَرَضَ زَكَاةَ الفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلَى كُلِّ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى مِنَ الْمُسْلِمِينَ، مسلمانوں پر واجب کی گئی ہے غیر مسلمین پر زکاۃ فطر واجب نہیں کی گئی ہے۔

حضرات حنفیہ کی طرف سے اس کے کئی جواب دیئے گئے ہیں۔

(۱) حضور اکرم ﷺ سے دو طرح کی روایتیں نقل کی جاتی ہیں بعض مطلق ہیں اور بعض مقید، جن روایات میں مطلقاً ذکر ہے وہ روایات ہماری دلیل ہیں اور جو روایتیں من المسلمین کی قید لئے ہوئے ہیں وہ ہمارے خلاف نہیں ہیں، اس لئے کہ قاعدہ ہے المطلق يجرى على إطلاقه و المقيد يجرى على تقييده، لہذا دلائل مطلقہ سے مؤمن و کافر سب کے حق میں وجوب ثابت ہوگا، اور دلائل مقیدہ سے کافر کے حق میں وجوب ثابت نہیں ہوگا صرف مسلمان کے حق میں ہوگا، تو بس اتنی سی بات ہوگئی کہ مسلمان کے حق میں دو دلیلوں سے ثبوت ہوگیا دلائل مقیدہ اور دلائل مطلقہ سے، اور کافر کے حق میں صرف دلائل مطلقہ سے ثبوت ہوا۔

(۲) من المسلمین کی قید کا دوسرا جواب یہ ہے کہ بہت سے علماء کہتے ہیں کہ من المسلمینَ کی قید لگانے میں امام مالک منفرد ہیں، ابن وضاح، ابو قلابہ رقاشی اور ابن صلاح نے یہی ذکر کیا ہے، اور امام ترمذی نے یہ روایت نقل کر کے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے، لیکن تفرد کا اعتراض مالک جیسے پر درست نہیں، اول تو مالک ملکِ روایت کے مالک ہیں، ان کی مخالفت سے سفیان بن عیینہ جیسے مرعوب ہو جاتے ہیں تو پھر اوروں کا کیا کہنا۔ دوسری بات یہ ہے کہ امام مالک اس زیادتی کے نقل کرنے میں منفرد نہیں ہیں بلکہ ان کے بہت سے متابع ہیں جن میں سے دو تو بخاری اور مسلم میں وارد ہوئے ہیں، ایک بخاری میں ہے اور وہ عمر بن نافع ہیں جن کی روایت ابھی باب گزشتہ کے ذیل میں گزر چکی ہے اور دوسرے ضحاک بن عثمان ہیں جن کی روایت مسلم شریف میں وارد ہوئی ہے، اس کے علاوہ ان کی متابعت ابن ابی لیلیٰ، عبید اللہ بن عمر، عبد اللہ عمری، کثیر بن فرقد، یونس بن یزید ایلی، معلیٰ بن اسماعیل اور ایوب سختیانی نے کی ہے، پہلے تینوں کی روایت دار قطنی میں ہے، اور اس کے

Maktaba Tul Ishaat.com

بعد کے دو کی روایت طحاوی میں ہے، اور معلّی کی ابن حبان کی صحیح میں، اور ایوب سختیانی کی ابن خزیمہ کی صحیح میں ہے، اور مجھے تو یہ جواب بالکل پسند نہیں۔

(۳) امام طحاوی نے تیسرا جواب دیا فرماتے ہیں کہ من المسلمین کا تعلق ان لوگوں سے نہیں ہے جن کی طرف سے صدقہ ادا کیا جاتا ہے بلکہ ان لوگوں سے ہے جو صدقہ ادا کرتے ہیں، مالکین سے ہے مملوکین سے نہیں ہے، لیکن یہ چیز بھی بعید از قیاس معلوم ہوتی ہے، اگر کوئی جواب چلتا ہے تو وہ پہلا جواب ہے جس کو ابھی میں نے ذکر کیا ہے۔

(ص ۲۰۴) بَاب صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ

۱۵۰۱. حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كُنَّا نُطْعِمُ الصَّدَقَةَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ جو میں صدقۂ فطر کی مقدار ایک صاع ہے۔

تشریح: یہ مسئلہ اجماعیہ ہے۔

(ص ۲۰۴) بَاب صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ

۱۵۰۲. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ الْعَامِرِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدِ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيبٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقۂ فطر گیہوں سے ایک صاع واجب ہے۔

حضرت ابو سعید خدری نے بیان کیا کہ ہم صدقۂ فطر گیہوں سے ایک صاع یا جو سے ایک صاع یا کھجور سے ایک صاع یا پنیر سے ایک صاع یا کشمش سے ایک صاع نکالتے تھے۔

تشریح: حدیث پاک میں طعام کا لفظ وارد ہوا ہے، مصنف نے اس کی اقتداء میں طعام کا لفظ ترجمہ میں ذکر فرمایا ہے، ابو سلیمان خطابی فرماتے ہیں کہ اس سے حنطہ (گیہوں) مراد ہے، اہل عرب علی الاطلاق جب طعام بولتے ہیں تو گیہوں مراد لیا کرتے ہیں، کہتے ہیں ذهبت إلى سوق الطعام اور مراد سوق حنطہ لیتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ابن منذر نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ تفسیر صحیح نہیں ہے اس لئے کہ جس حدیث کی خطابی شرح کر رہے ہیں وہ ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے اور ابو سعیدؓ ہی کی روایت میں وارد ہے کُنَّا نُخْرِجُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم يَوْمَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ وَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ وَكَانَ طَعَامُنَا الشَّعِيرُ وَالزَّبِيبُ وَالأَقِطُ وَالتَّمْرُ، یہ حدیث انہی الفاظ سے اسی صفحہ پر باب الصدقة قبل العيد میں آرہی ہے۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ ممکن ہے حدیث پاک میں طعام بول کر ذرہ یعنی جوار مراد لیا گیا ہو، بہر حال اگر جوار مراد ہے تو پھر یہ مسئلہ اجماعیہ ہے اور اگر طعام بول کر حنطہ مراد ہے تو یہ مسئلہ اختلافیہ ہے کہ آیا اگر گیہوں صدقۂ فطر میں دیا جائے تو ایک صاع دینا پڑے گا یا نصف صاع؟ ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ ایک صاع دینا پڑے گا اور حضرات حنفیہ فرماتے ہیں کہ نصف صاع دینا پڑے گا اور اسی کو ابن منذر نے اختیار کیا ہے۔

جو لوگ ایک صاع کے قائل ہیں وہ یہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو سعید خدریؓ راوی حدیث ایک صاع گیہوں دیتے تھے، اور جب ان کے سامنے یہ پیش کیا گیا کہ گیہوں سے نصف صاع دینا چاہئے تو یہ کہہ کر رد کر دیا کہ یہ تو معاویہؓ کی تعدیل اور ان کی رائے ہے، لیکن تنہا امیر معاویہؓ نے ہی نصف صاع گیہوں کو ایک صاع جو کے برابر قرار نہیں دیا ہے بلکہ یہ تعدیل دوسرے صحابۂ کرام سے بھی منقول ہے، ابن منذر نے حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت ابوہریرہ، حضرت جابر، ابن عباس، ابن زبیر اور حضرت اسماء وغیرہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے یہی نقل کیا ہے اور اس مضمون کی مرفوع روایتیں خود صاحب نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی گئی ہیں، عبد اللہ بن ابی ثعلبہؓ کی روایت ابو داؤد میں اور عبد اللہ بن عمروؓ کی روایت ترمذی میں نقل کی گئی ہے۔

ابن منذر کہتے ہیں کہ اس سلسلہ میں کوئی روایت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے، اب صحابۂ کرام کے عمل کی طرف رجوع کیا جائے گا اور صحابہ کا عمل معلوم ہو چکا کہ ان حضرات نے نصف صاع گیہوں کو ایک صاع جو کے برابر سمجھا ہے لہٰذا یہی معتمد ہونا چاہئے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ: حضرت ابو سعید خدریؓ کی اس روایت میں صاع طعام، صاع شعیر، صاع تمر اور صاع اقط کا ذکر ہے، امام بخاری نے سب پر ترجمہ منعقد کیا ہے، صرف اقط پر کوئی ترجمہ منعقد نہیں فرمایا ہے، غالباً امام بخاری اقط کو صدقہ میں دینا کافی نہیں سمجھتے ہیں یا اس وقت ناکافی سمجھتے ہیں جب دوسرا غلہ پایا جاتا ہو، چنانچہ امام شافعی کا یہی قول ہے اور امام احمد کی ایک روایت ہے، مالکیہ فرماتے ہیں کہ اگر غالب قوت البلد اقط

Maktaba Tul Ishaat.com

ہو اور عام طور سے اقط ہی کھائی جاتی ہو تب تو اس سے صدقہ دینا کافی ہو جائے گا، حنفیہ فرماتے ہیں کہ قیمت پر دار ومدار رکھ کر کے دیا جائے گا۔

وَالأَقِطُ: پنیر۔

أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيبٍ: یا ایک صاع کشمش، اس کے لئے مستقل ترجمہ مصنف نے آگے منعقد کیا ہے۔

(ص ۲۰۴) بَاب صَدَقَةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ

١٥٠٣. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: أَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ بِزَكَاةِ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ، قَالَ عَبْدُ اللهِ: فَجَعَلَ النَّاسُ عِدْلَهُ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقۂ فطر کھجور میں ایک صاع واجب ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک صاع کھجور یا ایک صاع جو صدقۂ فطر دینے کا حکم دیا، حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے فرمایا کہ پھر لوگوں نے گیہوں کے دو مد (یعنی نصف صاع) کو اس کے برابر کر دیا۔

تشریح: صاع تمر اجماعی مسئلہ ہے۔

فَجَعَلَ النَّاسُ عِدْلَهُ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ: لوگوں نے ایک صاع شعیر اور ایک صاع تمر کے برابر دو مد حنطہ کو کر دیا، دو مد یعنی نصف صاع حنطہ صدقۂ فطر میں کافی سمجھا جانے لگا، یہ تعدیل کس نے کی ہے؟ مشہور یہ ہے کہ حضرت معاویہؓ نے کی ہے، لیکن ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے کی ہے، امام مسلم کی رائے ہے کہ یہ راوی کے اوہام میں سے ہے کتاب التمیز میں انہوں نے کافی شافی کلام کیا ہے۔

(ص ۲۰۴) بَاب صَاعٍ مِنْ زَبِيبٍ

١٥٠٤. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُنِيرٍ سَمِعَ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَكِيمٍ الْعَدَنِيَّ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ: حَدَّثَنِي عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كُنَّا نُعْطِيهَا فِي زَمَانِ النَّبِيِّ ﷺ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيبٍ فَلَمَّا جَاءَ مُعَاوِيَةُ وَجَاءَتِ السَّمْرَاءُ قَالَ: أُرَى مُدًّا مِنْ هَذَا يَعْدِلُ مُدَّيْنِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقۂ فطر کشمش سے ایک صاع ہے۔

حضرت ابوسعید خدریؓ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے زمانے میں ایک صاع گیہوں یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع جو

Maktaba Tul Ishaat.com

یا ایک صاع کشمش دیتے تھے، لیکن جب معاویہؓ کی امارت کا زمانہ آیا اور گیہوں کی بہتات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ گیہوں کا ایک مد، دو مد کے برابر ہے۔

تشریح: اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اگر زبیب صدقۂ فطر میں دی جائے تو کتنی دی جائے؟ ائمۂ ثلاثہ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ ایک صاع جیسا کہ حدیث میں وارد ہے، لیکن امام ابو حنیفہ سے اس میں روایتیں مختلف ہیں، اسد بن عمرو نے جمہور کے موافق ایک صاع نقل کیا ہے لیکن جامع صغیر کی روایت میں یہ ہے کہ نصف صاع ہے، اور یہی مشہور اور متون میں مذکور ہے ویسے ہمارے یہاں مفتیٰ بہ صاحبین کا قول ہے۔

امام بخاری کے ان تراجم سے یہ معلوم ہوا کہ صاع شعیر، صاع طعام، صاع تمر اور صاع زبیب سب صدقۂ فطر میں دینا جائز ہے اور یہی جمہور علماء کا مسلک ہے، ظاہریہ کے یہاں تمر و شعیر کے علاوہ اور کچھ جائز نہیں۔

پھر ان اشیاء مذکورہ بالا میں آیا تخییر ہے یا کوئی ترتیب ہے؟ امام ابو حنیفہ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ تخییر ہے، چاہے گیہوں دے دے یا جو یا تمر یا کشمش، لیکن مالکیہ اور شافعیہ فرماتے ہیں کہ دار و مدار غالب قوت البلد یا قوت الرجل پر ہے، یعنی آدمی کی عام غذاء کوئی خاص چیز ہے تب تو اسی چیز سے دینا پڑے گا ہاں اگر کوئی عام غذاء نہیں سب چیزیں برابر چلتی ہوں تو پھر اختیار ہوگا، امام بخاری بظاہر تخییر ہی کی طرف مائل معلوم ہوتے ہیں۔

كُنَّا نُعْطِيهَا فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اس جیسی حدیثیں امام بخاری کے نزدیک مرفوع ہیں حکمًا اور ابو محمد بن حزم ظاہری اس کو موقوفًا قرار دیتے ہیں۔

وَجَاءَتِ السَّمْرَاءُ: سمراء حنطۂ شامیہ اور بعض کہتے ہیں کہ مطلقًا حنطہ (گیہوں)۔

(ص ۲۰۴) بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ الْعِيدِ

۱۵۰۵. حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أَمَرَ بِزَكَاةِ الْفِطْرِ قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ.

۱۵۰۶. حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كُنَّا نُخْرِجُ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ يَوْمَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: وَكَانَ طَعَامَنَا الشَّعِيرُ وَالزَّبِيبُ وَالْأَقِطُ وَالتَّمْرُ.

ترجمہ: باب، صدقۂ فطر عید کی نماز سے پہلے ادا کرنے کا بیان۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ صدقۂ فطر عید کی نماز سے پہلے دینا چاہئے، اس میں سب کا اتفاق ہے البتہ اس میں اختلاف ہے کہ تقدیم کا حکم کیا ہے؟ جمہور فرماتے ہیں کہ مستحب ہے اور ابو محمد بن حزم ظاہری فرماتے ہیں کہ واجب ہے، اسی کو علامہ ابن تیمیہ اور ان کے تلمیذ علامہ ابن قیم نے اختیار کیا ہے، امام بخاری نے ترجمہ مبہم و مجمل رکھا ہے اپنی طرف سے کوئی فیصلہ نہیں فرمایا ہے اس لئے کہ روایت میں ہے أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ أَمَرَ بِزَكَاةِ الْفِطْرِ قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ، اب یہ امر محتمل ہے، ممکن ہے علی وجہ الایجاب ہو اور ممکن ہے علی وجہ الاستحباب ہو۔

(ص ۲۰۵) بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ

وقال الزهري في المملوكين للتجارة: يزكى في التجارة ويزكى في الفطر.

١٥٠٧. حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: فَرَضَ النَّبِيُّ ﷺ صَدَقَةَ الْفِطْرِ - أَوْ قَالَ رَمَضَانَ - عَلَى الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ، فَعَدَلَ النَّاسُ بِهِ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ، فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي التَّمْرَ فَأَعْوَزَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنَ التَّمْرِ فَأَعْطَى شَعِيرًا، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي عَنِ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ حَتَّى إِنْ كَانَ لَيُعْطِي عَنْ بَنِيَّ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِيهَا الَّذِينَ يَقْبَلُونَهَا وَكَانُوا يُعْطُونَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ.

قال أبو عبد الله: بني يعني بني نافع، قال: كانوا يعطونها ليجمع لا للفقراء.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقۂ فطر ہر آزاد اور غلام پر واجب ہے، ابن شہاب زہری نے تجارت کے غلاموں کے بارے میں فرمایا کہ تجارت کے غلاموں میں زکاۃ بھی دی جائے اور صدقۂ فطر بھی دیا جائے۔

روایات کا ترجمہ گزر چکا، آخر میں یہ ہے: امام بخاری کہتے ہیں کہ بَنِيَّ سے نافع کے بیٹے مراد ہیں، امام بخاری کہتے ہیں کہ وہ عید کے دن سے پہلے جمع کرنے کے لئے دیتے تھے نہ کہ فقیروں کو دینے کے لئے۔

تشریح: امام بخاری کا یہ ترجمہ بظاہر مکرر ہے، امام نے صفحۂ گزشتہ پر ایک ترجمہ منعقد کیا تھا باب صَدَقَةُ الْفِطْرِ عَلَى الْعَبْدِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وہاں بھی مصنف نے یہی بتایا ہے کہ صدقۂ فطر عبد اور غیر عبد یعنی حر پر واجب ہے۔

علامہ ابن رشید فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے یہ ترجمہ ترجمۂ گزشتہ کے معارضہ میں منعقد کیا اس واسطے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمۂ گزشتہ میں من المسلمین کی قید لگی ہوئی ہے روایت کے پیش نظر اور اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف مسلمانوں کی طرف سے صدقۂ فطر دیا جائے گا اور کفار حر اور غلاموں کی طرف سے نہیں دیا جائے گا، امام بخاری نے یہ ترجمۂ عامہ اس کے مقابل میں منعقد کیا ہے۔

ابن رشید فرماتے ہیں کہ یہ بھی ممکن ہے کہ امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہوں کہ عبد کی طرف سے جو صدقہ دیا جاتا ہے وہ بحیثیت انسان ہونے کے نہیں بلکہ بحیثیت مال ہونے کے دیا جاتا ہے، اسی لئے زہری کا قول فِي المَمْلُو كِينَ لِلتِّجَارَةِ يُزَكّٰى فِي التِّجَارَةِ وَيُزَكّٰى فِي الفِطْرِ نقل فرمایا ہے، اور جب مال ہونے کی حیثیت سے صدقہ دیا جائے گا تو عبد مؤمن کی طرف سے دیا جائے گا کافر کی طرف سے نہیں۔

علامہ زین بن منیر فرماتے ہیں کہ اصل میں امام بخاری نے ترجمۂ گزشتہ سے یہ ثابت فرمایا ہے کہ صدقہ مسلمان کی طرف سے دیا جائے گا کافر کی طرف سے نہیں، اور اس ترجمہ کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ آیا کس پر واجب ہے اور کس کی طرف سے واجب ہے بعد وجود شرط الاسلام کے؟

علامہ زین بن منیر نے ترجمہ کی جو تقریر کی ہے اس کے پیش نظر امام بخاری حضرات جمہور کے ساتھ ہوں گے، اور ابن رشید کی تقریر پر حنفیہ کے ساتھ ہوں گے، اور یہ مسئلہ میں بیان کر چکا ہوں کہ آیا غلام پر براہ راست صدقہ فطر واجب ہے جیسا کہ ظاہر یہ کہتے ہیں یا آقا پر واجب ہے اور وہ اداء کرے گا جیسا کہ جمہور قائل ہیں، پھر جمہور میں اختلاف ہے کہ براہ راست آقا پر واجب ہے یا اولاً غلام پر واجب ہے پھر آقا اس کی طرف سے اداء کرتا ہے؟ دونوں ہی قول شافعیہ کے یہاں ہیں، امام بخاری کا رجحان قول ثانی کی طرف ہے یعنی اولاً غلام پر واجب ہوتا ہے اور پھر آقا اس کی طرف سے تحمل کرتا ہے۔

وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِي المَمْلُو كِينَ لِلتِّجَارَةِ يُزَكّٰى: اگر تجارت کے غلام ہوں تو زہری فرماتے ہیں کہ زکاۃِ تجارت بھی دی جائے گی اور ان کی طرف سے صدقۂ فطر بھی دیا جائے گا اور یہی ائمۂ ثلاثہ کا قول ہے، ابراہیم نخعی، ثوری اور حنفیہ فرماتے ہیں کہ زکاۃ تجارت تو واجب ہوگی زکاۃ فطر واجب نہیں ہوگی اس لئے کہ اس صورت میں تکرار زکاۃ لازم آئے گا۔

فَرَضَ النَّبِيُّ ﷺ صَدَقَةَ الفِطْرِ: نبی پاک ﷺ نے صدقۂ فطر کو ذکر وانثیٰ اور حر و مملوک پر فرض فرمایا ہے، مملوک کا لفظ اس روایت میں عام ہے اور یہ عموم اسی بات کو چاہتا ہے کہ ہر غلام کی طرف سے

Maktaba Tul Ishaat.com

صدقہ فطر دیا جائے، ابن منذر نے حضرت ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے کہ وہ اپنے عبد کافر کی طرف سے بھی صدقہ فطر دیتے تھے، ان کا یہ طرز اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ انہوں نے حدیث پاک کو عام ہی سمجھا ہے، شراح شافعیہ کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے استحبابا دیتے ہوں۔

فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي التَّمْرَ: مطلب یہ ہے کہ لوگوں نے یہ کر لیا کہ نصف صاع گیہوں کو ایک صاع جو اور ایک صاع تمر کے برابر سمجھ لیا، حضرت ابن عمرؓ نے یہ احتیاطی پہلو اختیار کیا۔

فَأَعْوَزَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنَ التَّمْرِ: ایک مرتبہ اہل مدینہ تمر کے محتاج ہو گئے، **فَأَعْطَى شَعِيرًا** اس وقت انہوں نے ایک صاع جو دیئے۔

عَنْ بَنِيَّ: أي بنی نافع، حضرت ابن عمرؓ نافع کے لڑکوں کی طرف سے بھی دیا کرتے تھے کیوں کہ وہ ابن عمرؓ کے مولیٰ تھے۔

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِيهَا الَّذِينَ يَقْبَلُونَهَا: حضرت ابن عمرؓ ان لوگوں کو دیتے تھے جو اس کو قبول کرتے تھے، الَّذِينَ يَقْبَلُونَهَا میں دو احتمال ہیں، یا تو ساعی مراد ہیں یا فقیر، اور امام بخاری کی رائے یہ ہے کہ اس سے سعاۃ مراد ہیں فقراء نہیں، چنانچہ آگے بخاری کا قول آرہا ہے كَانُوا يُعْطُونَ لِلْجَمْعِ لَا لِلْفُقَرَاءِ زکاۃ سعاۃ جمع کرتے ہیں فقراء پر تقسیم کرنے کے لئے۔

وَكَانُوا يُعْطُونَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ: معلوم ہوا کہ صدقہ فطر کی تقدیم جائز ہے، امام مالک ایک روایت میں اور ابن حزم کہتے ہیں کہ مطلقاً تقدیم جائز نہیں، جمہور علماء جواز کے قائل ہیں اور ابن عمرؓ کا یہ فعل اس کی دلیل ہے، پھر کتنا پیشتر دیا جا سکتا ہے؟ امام مالک فی روایۃ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ دو دن پیشتر اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ یکم رمضان سے دے سکتے ہیں، حنفیہ فرماتے ہیں کہ وجوب سبب یعنی غناء کے بعد دینا جائز ہے۔

(ص ۲۰۵) بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ

قال أبو عمرو: ورأى عمر وعلي وابن عمر وجابر وعائشة وطاوس وعطاء وابن سيرين أن يزكّى مال اليتيم، وقال الزهري: يزكّى مال المجنون.

١٥٠٨. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ صَدَقَةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ عَلَى الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ صدقۂ فطر نابالغ پر بھی واجب ہے اور بالغ پر بھی، ابو عمرو نے کہا کہ حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت جابرؓ، حضرت عائشہؓ، طاؤس اور ابن سیرین کی رائے یہ ہے کہ نابالغ بچے کے مال کی زکاۃ دی جائے گی، زہری نے کہا کہ مجنون کے مال کی زکاۃ دی جائے گی۔

تشریح: صدقۂ فطر کبیر پر بھی ہے اور صغیر پر بھی ہے، کبیر کا مسئلہ تو متفق علیہا ہے صغیر کے مسئلہ میں اختلاف ہے اور میں ماقبل میں بیان کر چکا ہوں، سعید بن مسیب فرماتے ہیں کہ بچہ پر زکاۃ الفطر واجب نہیں، ابن حزم کہتے ہیں کہ اس کے مال میں واجب ہے اور نہ ہو تو کچھ بھی نہیں، امام محمد فرماتے ہیں کہ باپ پر واجب ہے اور اگر اس کے پاس نہ ہو تو کچھ بھی نہیں، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس کے مال میں واجب ہے اور اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو اس شخص پر واجب ہے جس کے ذمہ اس کا نفقہ واجب ہے۔

أن یزکّی مال الیتیم: مال یتیم میں سے زکاۃ دی جائے گی یعنی زکاۃ فطر دی جائے، یہ مسئلہ ائمۂ اربعہ کے یہاں متفق علیہا ہے، لیکن آیا مالِ یتیم میں زکاۃ یعنی چالیسواں حصہ واجب ہوگا یا نہیں؟ ائمۂ ثلاثہ وجوب کے قائل ہیں، حنفیہ فرماتے ہیں کہ واجب نہیں ہے اسلئے کہ یہ غیر مکلف ہے، ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ ترمذی وغیرہ کی روایت میں ہے اتّجروا فی مال الیتیم لئلا تأکله الصدقة، احناف نے یہاں صدقہ کی تفسیر نفقہ سے کی ہے۔

وقال الزھری یزکّی مال المجنون: زہری فرماتے ہیں کہ پاگل کے مال میں سے زکاۃ دی جائے گی تو پھر یتیم کے مال میں سے تو بدرجۂ اولیٰ دی جائے گی۔

براعت اختتام: حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ لفظ صدقۃ الفطر سے براعت اختتام نکلتی ہے، اس لئے کہ وہ آخر رمضان میں واجب ہوتا ہے اور دیا جاتا ہے، اور حضرت شیخ دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ لفظ یتیم سے نکلتی ہے اس لئے کہ یتیم وہ کہلاتا ہے جس کا باپ مر گیا ہو اس کے بچپن میں۔ ❁❁❁❁❁

کتاب الزکاۃ پوری ہوئی

Maktaba Tul Ishaat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(ص ٢٠٥) كِتَابُ الْمَنَاسِكِ

تشریح: حضرت امام بخاری صلوۃ وزکوۃ سے فارغ ہو گئے، صلوۃ: عبادت منفردہ بدنیہ ہے اور زکوۃ بھی عبادت منفردہ مالیہ ہے، جب افراد کے بیان سے فراغت ہو گئی تو کتاب المناسک لائے جو بدن اور مال دونوں سے مرکب ہے۔

مناسک کا مفرد منسک ہے، یہ لفظ مصدر، ظرف مکان اور ظرف زمان تینوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، نسک کہتے ہیں عبادت کو اور منسک حج کے مخصوص زمانے اور حج کے مخصوص مواقع کے لئے بولا جاتا ہے جہاں اللہ کی خاص عبادت ہوتی ہے۔

یہاں پر بخاری شریف کے نسخوں میں اختلاف ہے، بعض میں کتاب المناسک ہے اور بعض میں کتاب الحج ہے، مناسک کے متعلق مختصربات کہی جاچکی، حج کے معنی لغت میں قصد کے آتے ہیں اور بعض علماء جیسے خلیل اور ابن قتیبہ کہتے ہیں اَلْقَصْدُ إِلَى مُعَظَّمٍ، شاعر کہتا ہے

واشهد من عَوْف حلولاً كَثِيرَةً يحجّون سبّ الزبْرِقان المزعفرا

حج کے حاء پر فتحہ اور کسرہ دونوں جائز ہے، بعض کہتے ہیں کہ فتحہ سے مصدر ہے اور کسرہ سے اسم ہے، اور بعض عکس کے قائل ہیں، شریعت میں حج نام ہے اعمال مخصوصہ کی نیت سے بیت الحرام کے قصد کرنے کا۔

پھر آگے یہ اختلاف ہے کہ کونسا عنوان راجح ہے؟ بعض علماء بلقینی وغیرہ فرماتے ہیں کہ کتاب المناسک کا عنوان راجح ہے، اس کے عموم میں حج اور عمرہ دونوں داخل ہیں، میں کہتا ہوں کہ یہ بعید ہے، اس لئے کہ امام بخاری نے ابواب حج سے فراغت کے بعد ابواب عمرہ کا مستقل عنوان منعقد کیا ہے اور اس کے ابواب لائے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حج کا عنوان راجح ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۲۰۵) بَابُ وُجُوبِ الْحَجِّ وَفَضْلِهِ

وَقَوْلِ اللهِ: وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ

١٥٠٩. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْفَضْلُ رَدِيفَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَجَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنْ خَشْعَمَ فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا وَتَنْظُرُ إِلَيْهِ وَجَعَلَ النَّبِيُّ ﷺ يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ إِلَى الشِّقِّ الْآخَرِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ فَرِيضَةَ اللهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ.

ترجمہ: باب، حج کی فرضیت اور اس کی فضیلت کا بیان۔

اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ لوگوں پر اللہ کے لئے بیت اللہ کا حج کرنا فرض ہے جو کہ اس تک راہ پانے کی طاقت رکھتے ہوں اور جو کوئی نہ مانے تو اللہ تعالیٰ سارے جہانوں سے بے نیاز ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے روایت بیان کی کہ فضل بن عباسؓ سواری پر رسول اللہ ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، قبیلہ خثعم کی ایک عورت آئی، فضل اس کی طرف دیکھنے لگے اور وہ ان کی طرف دیکھنے لگی، نبی کریم ﷺ فضلؓ کے چہرے کو دوسری جانب پھیرنے لگے، اس عورت نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اللہ کا فریضۂ حج میرے والد پر ایسے وقت آیا ہے جبکہ وہ بہت بوڑھے ہیں اور اونٹنی پر جم کر نہیں بیٹھ سکتے تو کیا ان کی طرف سے میں حج کر سکتی ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، یہ قصہ حجۃ الوداع کا ہے۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب میں دو چیزیں ذکر کی ہیں، ایک یہ کہ حج واجب ہے، دوسرے یہ کہ ذوالفضیلت ہے، سوال یہ ہے کہ انہوں نے جو آیت یا روایت پیش کی ہے اس سے وجوب حج تو ثابت ہوتا ہے لیکن فضیلت کسی لفظ سے صراحۃً نہیں نکلتی ہے۔

شراح کرام فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے حج کی فضیلت حدیث سے ثابت کی ہے، حدیث میں یہ وارد ہے کہ عورت نے اللہ کے رسول کی خدمت میں عرض کیا إِنَّ فَرِيضَةَ اللهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ نَعَمْ بخاری اس سے یہ اشارہ دیتے ہیں کہ حج اتنی اہم عبادت ہے کہ اس میں نائب بنانے کی ضرورت پڑتی ہے، خود نہ کر سکے تو اپنا نائب مقرر کر دے۔

ہمارے حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے فضیلت کو آیت سے ثابت کیا ہے آیت میں ہے وَلِلّٰهِ عَلَى

Maktaba Tul Ishaat.com

النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا اللہ نے حج البیت کو اپنی طرف منسوب کیا ہے اور جیسا بڑا منسوب الیہ ہوتا ہے ویسی ہی چیز کی قدر و قیمت ہوتی ہے، دیکھو وزیر کی طرف سے حکم آئے تو اس کی قدر و قیمت اور ہوتی ہے گورنر کی طرف سے ہو تو اور درجہ ہوتا ہے اور کلکٹر کی طرف سے ہو تو اور، تو جب رب العالمین نے حج کی اضافت اپنی طرف کی ہے اس سے حج کی زبردست اہمیت اور فضیلت معلوم ہوئی۔

ہمارا خیال یہ ہے کہ امام بخاری نے یہ ترجمہ یہاں بالاجمال منعقد کیا ہے اور مقصد یہ ہے کہ حج واجب بھی ہے اور ذوالفضیلت بھی ہے، وجوب کو انہوں نے اسی آیت اور اسی حدیث سے ثابت کیا ہے جو یہاں درج کی ہے اور فضیلت کو آئندہ آنے والی حدیث وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ سے ثابت فرمایا ہے۔

اب یہ سمجھئے کہ حج کا وجوب کتاب و سنت سے ثابت ہے اور اس کے رکن ہونے پر امت کا اجماع ہے۔

حج کی فرضیت کب ہوئی؟ بعض حضرات کہتے ہیں کہ ہجرت سے پہلے، امام شافعی کی رائے ہے کہ ہجرت کے بعد فرض ہوا ہے، یہی جمہور علماء کا مسلک ہے، پھر سن ۱ھ سے لیکر سن ۱۰ھ تک کے دس اقوال ہیں اور گیارہواں قول نو اور دس کے مابین تردد کا ہے، ان اقوال میں سب سے زیادہ معروف سن ٦ھ کا قول ہے، امام نووی اور حافظ ابن حجر نے اس کو جمہور سے نقل کیا ہے اور امام ابن کثیر نے امام شافعی سے نقل کیا ہے۔

لیکن امام شافعی کی کتابوں میں مجھ کو صراحت کے ساتھ یہ بات نہیں ملی، امام بیہقی جو نصوص شافعیہ کے زبردست عالم ہیں انہوں نے بھی یہ بات امام شافعی سے براہ راست نقل نہیں کی، ہاں البتہ وہ یہ کہتے ہیں کہ آیت وَأَتِمُّوا الْحَجَّ حدیبیہ کے سال سن ٦ھ میں اتری ہے، لہٰذا معلوم ہو گیا کہ حج سن ٦ھ میں فرض ہوا ہے، اکابر احناف میں سے علامہ نوح آفندی نے جو اکابر احناف میں سے ہیں اسی دلیل کی بنیاد پر اس قول کو اختیار فرمایا ہے، لیکن حافظ ابن قیم نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ آیت میں اتمام کا امر ہے، میں کہتا ہوں کہ اتمام فرع ہے ابتداء کی، اور جب اتمام واجب تو ابتداء بھی واجب ہو گی، ابن قیم کی طرف سے جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے ایک چیز ابتداءً واجب نہ ہو لیکن شروع کر دینے کے بعد واجب ہو جائے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لا تبطلوا أعمالکم عمل شروع کر کے اس کو باطل نہ کرو۔

لیکن اسی آیت میں دو قراءتیں ہیں، ایک وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ اتمام سے صیغۂ امر کے ساتھ، اور

Maktaba Tul Ishaat.com

دوسری قراءت علقمہ، مسروق اور ابراہیم نخعی سے منقول ہے وَأَقِيمُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لله، اس قراءت ثانیہ نے یہ واضح کر دیا کہ أَتِمُّوا کے معنی ہیں أَقِيمُوا کے ہیں یعنی حج اور عمرہ کو قائم کرو، اس کو ادا کرو۔

امام ابن تیمیہ نے یہ دعویٰ کر دیا کہ سن ٦ ھ سے پہلے قول کا کوئی قائل نہیں، لیکن انکا یہ دعویٰ صحیح نہیں ہے، امام ابو القاسم رافعی نے کتاب الحج میں سن ۵ ھ کا قول ذکر کیا ہے، ماوردی نے سن ۸ ھ کا قول اور ابن حبان قاضی عیاض وغیرہ بہت سے علماء نے سن ۹ ھ کا قول اختیار کیا ہے، اور بعض علماء سن ۱۰ ھ کے قائل ہیں، حافظ ابن قیم نے وفود کے بیان میں اسی قول کو ذکر فرمایا ہے اور ابن حزم کہتے ہیں کہ یہی قول اظہر ہے، ابن تیمیہ نے اسی قول کو راجح قرار دیا ہے اور سن ۹ ھ اور ۱۰ ھ کے درمیان تردد کا قول ابن تیمیہ اور ابن قیم نے نقل کیا ہے۔

حج علی الفور فرض ہے یا علی التراخی؟ امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام ابو یوسف، امام احمد فرماتے ہیں کہ استطاعت کے بعد فی الفور فرض ہے، سفیان ثوری، امام محمد، امام شافعی اور مالکیہ دوسرے قول میں فرماتے ہیں کہ علی التراخی فرض ہے، توسع ہے انسان کیلئے، چاہے اسباب کے جمع ہونے کے فوراً بعد کر لے یا تاخیر کرے، البتہ اگر حالات سے یہ معلوم ہو کہ آگے زندگی کا مسئلہ نہیں تو پھر تعیین ہو جائے گی اور اسی سال کرنا ہو گا۔

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ حج علی التراخی فرض ہے وہ دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ حج کی فرضیت سن ٦ ھ میں ہوئی، آیت کریمہ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لله سن ٦ ھ میں ہی اتری ہے اور نبی کریم ﷺ نے حج سن ۱۰ ھ میں کیا، یہ تاخیر دلیل ہے کہ حج علی الفور فرض نہیں ہے۔

جو لوگ حج کے علی الفور فرض ہونے کے قائل ہیں وہ اس کے چار جوابات دیتے ہیں۔

(۱) پہلا جواب یہ ہے کہ سن ٦ ھ میں فرضیت کو ہم تسلیم ہی نہیں کرتے ہیں بلکہ حج کی فرضیت سن ۱۰ ھ میں ہوئی ہے یا سن ۹ ھ میں، ابن حبان، ابن رشد کبیر، قاضی عیاض، قرطبی اور فیروزآبادی وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ سن ۹ ھ میں فرض ہوا، علامہ سخاوی نے یہی حنابلہ سے اور ابن مخلد نے اکثر حنابلہ سے نقل کیا ہے، صاحب در مختار حنفیہ کے اکابر فقہاء میں ہیں اسی کے قائل ہیں۔

حافظ ابن قیم کہتے ہیں کہ جو لوگ اس سے پہلے فرضیت کے قائل ہیں ان کے ہاتھ میں کوئی دلیل یعنی دلیل سالم نہیں ہے، اور ابن قیم نے جیسا کہ میں نے بتایا بعض جگہ لکھا ہے سن ۱۰ ھ میں فرض ہوا، اور علامہ ابن حزم

Maktaba Tul Ishaat.com

کہتے ہیں کہ یہی افضل ہے اور اسی کو امام ابن تیمیہ نے راجح قرار دیا ہے اس لئے کہ اصل فرائض میں یہ ہے کہ جب اللہ کا حکم آئے اس کو فوراً ادا کیا جائے اس میں تاخیر نہ کی جائے۔

اور آیت کریمہ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ سے سن ٦ھ میں فرضیت نکالنا مشکل ہے کیوں کہ اتمام کے معمول ہونے سے اصل حج کا معمول ہونا لازم نہیں آتا ہے، اور اگر یہ کہا جائے کہ علقمہ، ابراہیم نخعی اور مسروق وغیرہ کی قرأت میں وَأَقِيمُوا الحج ہے تو یہ کہا جائے گا کہ یہ قرأت شاذہ ہے، قرأت متواترہ وَأَتِمُّوا ہے اتمام سے اور وہی مقدم ہے، اور اگر بالفرض یہ تسلیم کر لیا جائے کہ حج کی فرضیت سن ٦ھ میں ہوئی تو حضور ﷺ کے تاخیر کرنے کی مختلف وجوہ ہیں، اول تونسیء کی وجہ سے شہور میں گڑبڑ ہو گئی۔

(۲) ممکن ہے اس وقت نبی کریم ﷺ کو استطاعت نہ ہو۔

(۳) آپ مشرکین کی مخالفت جو ننگے طواف کرتے تھے پسند نہیں کرتے تھے۔

(۴) اللہ تعالیٰ کے یہاں تکوینی طور پر مقدر تھا کہ آپ کا یہ حج حجۃ الوداع ہو اور جمعہ کا وقفہ ہو جبکہ زمانہ لوٹ کر اپنی جگہ پہنچ گیا ہو اس لئے یہ حج مؤخر کیا گیا۔

حج کی حکمت: ہر عبادت اپنے اندر کوئی نہ کوئی حکمت رکھتی ہے، حج کی ۱ پہلی حکمت یہ ہے کہ بندگی کا اظہار ہے، اللہ نے بندے کے اندر دو وصف رکھے ہیں، ایک جھکنا اور دوسرے محبت کرنا، اور خود اللہ میں دو وصف ہیں ایک بڑائی اور دوسرے شان محبوبیت، ہر عبادت میں یہ دونوں اوصاف نظر آتے ہیں، حج میں عشق کی جلوہ گری ہے، انسان دو کپڑے پہن لیتا ہے اور پھر دیوانہ ہو کر محبوب کے در و دیوار کی طرف چل پڑتا ہے جہاں جہاں محبوب کا اثر و نشان معلوم ہوتا ہے اس کی خاک چھانتا ہے، ۲ دوسری چیز موت کو یاد کرنا ہے یہ دو احرام کی چادریں کفن کو یاد دلاتی ہیں، ۳ تیسری چیز مسلمانوں سے ملاقات اور علوم و معارف کا اکتساب ہے۔

مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا: استطاعتِ سبیل سے مراد جمہور کے یہاں زاد و راحلہ ہے، مالکیہ کہتے ہیں کہ امکان الوصول عادۃً، عادتاً آدمی اگر کعبہ تک پہنچ سکتا ہے تو حج فرض ہے حتی کہ اگر کوئی پیدل چلنے کا عادی ہے اور بھیک مانگ کر کام چلا لیتا ہے تو اس کے لئے یہی ضروری ہے۔

كَانَ الْفَضْلُ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ: جب حضور ﷺ مزدلفہ سے منیٰ کو آئے تو فضلؓ آپ کے

Maktaba Tul Ishaat.com

پیچھے سوار تھے۔

فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا وَتَنْظُرُ إِلَيْهِ: یہ خثعمیہ عورت حسین و جمیل تھیں، کتاب الاستیذان میں آرہا ہے امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ وَضِيئَةٌ اور خود فضلؓ کے متعلق آئے گا کہ وہ بھی حسین و جمیل تھے۔

قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ یہ ادناء الجلابیب کے نزول سے پہلے کا قصہ ہے، لیکن اس میں اشکال ہے کہ حج تو حضور کے بالکل آخری زندگی میں ہوا ہے کیا اس وقت تک حضور ﷺ نے عورتوں کو نقاب کا حکم نہیں دیا تھا؟ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ یہ نظر طبیعت کے مقتضی کے مطابق تھی، انسان کی فطرت ہے کہ اشیاء جمیلہ کی طرف مائل ہوتا ہے اور اس کو دیکھتا ہے، لیکن شیطان کے داخل ہو جانے کا اندیشہ تھا اس لئے حضور ﷺ نے اس کا چہرہ پھیر دیا، جب حضور نے فضلؓ کا چہرہ پھیر دیا تو عباسؓ کہنے لگے اپنے چچازاد بھائی کا چہرہ ادھر پھیر دیا؟ آپ نے فرمایا رَأَيْتُ شَابًّا وَشَابَّةً فَلَمْ آمَنِ الشَّيْطَانَ عَلَيْهِمَا میں نے ایک جوان لڑکے اور عورت کو دیکھا مجھے خطرہ ہوا کہ کہیں بیچ میں شیطان نہ گھس جائے میں نے اس کا چہرہ پھیر دیا، عورت کو کہنا ضروری نہیں سمجھا اس لئے کہ جب لڑکے کا چہرہ پھیر دیا جائے گا تو عورت کو خود بخود تنبہ ہو جائے گا۔

إِنَّ فَرِيضَةَ اللّٰهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ: یعنی جس وقت فرض حج نازل ہوا تو میرے باپ عاجز عن السفر تھے سوار ہونے کی طاقت نہیں رکھتے تھے کیا میں ان کی طرف سے حج کرلوں؟ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ یہ مسئلہ آئندہ آئے گا کہ اگر کوئی آدمی سفر سے عاجز آجائے تو اس پر استطاعت کے بعد حج فرض ہوگا یا نہیں؟ اور اس کی طرف سے حج بدل کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

(ص ٢٠٥) بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ

يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ

{فِجَاجًا} الطُّرُقُ الْوَاسِعَةُ.

١٥١٠ . حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَخْبَرَهُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَرْكَبُ رَاحِلَتَهُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ يُهِلُّ حَتَّى تَسْتَوِيَ بِهِ قَائِمَةً.

Maktaba Tul Ishaat.com

۱۵۱۱. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ سَمِعَ عَطَاءً يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ إِهْلَالَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ رَوَاهُ أَنَسٌ وَابْنُ عَبَّاسٍ.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان: يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ کہ لوگ پیدل چل کر آئیں گے تمہارے پاس اور دبلے اونٹوں پر ہر دور دراز راستوں سے تاکہ اپنے منافع حاصل کریں، امام بخاری نے فرمایا کہ سورۂ نوح میں جو لفظ فِجَاجًا ہے اس کے معنیٰ ہیں کشادہ راستے۔

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ذوالحلیفہ میں دیکھا کہ اپنی سواری پر سوار ہو رہے ہیں اور پھر جس وقت وہ سیدھی کھڑی ہوئی تو آپ نے تلبیہ کہا۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے احرام ذوالحلیفہ سے باندھا جبکہ آپ کی سواری آپ کو لیکر سیدھی کھڑی ہوئی، اس روایت کو حضرت انسؓ اور ابن عباسؓ نے بھی روایت کیا ہے۔

تشریح: رجال کا مفرد راجل، ماشی کے معنیٰ میں ہے، ضامر بعیر مہزول وہ اونٹ جو سفر کی کثرت کی وجہ سے دبلا ہو گیا ہو، فج راستہ، عمیق گہرا، گہرائی بول کر طول مراد ہے۔

فِجَاجًا الطُّرُقُ الْوَاسِعَةُ: یعنی فج عمیق سے مراد طریق واسع ہے۔

یہاں باب سے امام بخاری کی کیا مراد ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

(۱) حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ راحلہ شرطِ وجوب نہیں ہے، یہی امام مالک کا مذہب ہے، جمہور علماء کے نزدیک شرط ہے، مالکیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ فرمایا ہے حج میں آنے والے لوگ پیدل آئیں اور سوار ہو کر آئیں، حج فرض ہے، لیکن جمہور علماء یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ بالکل بدیہی بات ہے کہ قریب کے لوگوں کے لئے تو آنا آسان ہے دور سے آنے کے لئے سواری کی ضرورت پڑے گی لہذا مطلب یہ ہوگا کہ جو جس مقام پر واقع ہو اور اس کے لئے جیسی سہولت ہو اس کے اعتبار سے سفر کرے، اگر کوئی قریب ہے پیدل چل کر آسکتا ہے تو سواری کی ضرورت نہیں ہے، اور اگر بعید ہے پیدل چلنا دشوار ہے تو ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ سواری کی ضرورت ہوگی، چنانچہ گو ضعیف ہی روایت سہی ترمذی وغیرہ میں وارد ہے حضور ﷺ سے استطاعت کی تفسیر پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا الزاد والراحلة۔

(۲) علامہ قسطلانی فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے یہ اشارہ کیا ہے کہ اشتراط الراحلة ماشیاً حج کے جواز کے منافی

Maktaba Tul Ishaat.com

نہیں ہے، لیکن علامہ کی یہ تقریر نہ الفاظ آیت سے مناسبت رکھتی ہے اور نہ الفاظ روایت سے۔

(۳) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہیں کہ حج میں جانے کے لئے رکوب و مشی دونوں برابر ہے، آیت میں اگر مشی کو مقدم کر دیا گیا تو اس سے اس کی ترجیح لازم نہیں آتی کیوں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا سفر راکبا کیا ہے۔

(۴) ہمارا خیال یہ ہے کہ امام بخاری نے جب یہ بتادیا کہ حج فرض ہے تو اب اس ترجمہ سے یہ اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ حج سے جانے کے لئے کوئی صورت متعین نہیں، سوار ہو کر جانا بھی جائز اور پیدل بھی، آیت سے یہ بات واضح طور پر سمجھ میں آتی ہے، ویسے افضل کیا ہے؟ اس میں چار قول ہیں۔

۱۔ افضل رکوب ہے، اس لئے کہ جس ذات مقدس کے سینہ پر یہ آیت نازل ہوئی ہے انہوں نے جب حج کیا تو راکبا حج کیا تھا، یہی امام مالک، امام شافعی اور جمہور علماء کا مسلک ہے، اور اس کی وجہ ظاہر ہے، اول یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل ہے، دوسرے سوار ہو کر چلنے میں بہت سے اعمال میں سہولت ہوگی، تیسرے اس میں نفقہ زیادہ ہوگا اس کا اجر و ثواب بھی زیادہ ہوگا۔

۲۔ اسحاق بن راہویہ اور داؤد ظاہری کہتے ہیں کہ مشی افضل ہے اس لئے کہ اس میں تعب زیادہ ہے، امام نووی فرماتے ہیں کہ یہ تعلیل فاسد ہے۔

۳۔ بعض لوگوں نے امام شافعی سے نقل کیا ہے کہ دونوں برابر ہے۔

۴۔ امام غزالی وغیرہ کی رائے ہے یختلف باختلاف الأحوال والأشخاص بعض حالات میں اور بعض اشخاص کے لئے رکوب بہتر ہے اور بعض حالات میں اور بعض اشخاص کے لئے مشی بہتر ہے۔

(ص ۲۰۵) بَابُ الْحَجِّ عَلَى الرَّحْلِ

١٥١٢. وَقَالَ أَبَانُ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مَعَهَا أَخَاهَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَأَعْمَرَهَا مِنَ التَّنْعِيمِ وَحَمَلَهَا عَلَى قَتَبٍ وَقَالَ عُمَرُ شُدُّوا الرِّحَالَ فِي الْحَجِّ فَإِنَّهُ أَحَدُ الْجِهَادَيْنِ.

١٥١٣. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

Maktaba Tul Ishaat.com

أَنَسٍ قَالَ حَجَّ أَنَسٌ عَلَى رَحْلٍ وَلَمْ يَكُنْ شَحِيحًا وَحَدَّثَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَجَّ عَلَى رَحْلٍ وَكَانَتْ زَامِلَتَهُ.

١٥١٤. حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا أَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ اعْتَمَرْتُمْ وَلَمْ أَعْتَمِرْ فَقَالَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ اذْهَبْ بِأُخْتِكَ فَأَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيمِ فَأَحْقَبَهَا عَلَى نَاقَةٍ فَاعْتَمَرَتْ.

ترجمہ: باب، پالان پر سوار ہو کر حج کرنے کا بیان۔

حضرت عائشہؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے ساتھ ان کے بھائی عبدالرحمنؓ کو بھیجا انہوں نے ان کو تنعیم سے عمرہ کرایا اور ان کو پالان کے پچھلے حصہ میں سوار کیا۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ حج کے سفر میں پالانوں کو باندھو کیوں کہ حج بھی ایک جہاد ہے۔

حضرت انسؓ نے ایک پالان پر حج کیا جبکہ وہ بخیل نہیں تھے اور حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک پالان پر حج فرمایا اور اسی اونٹنی پر آپ کا سامان بھی تھا۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ یا رسول اللہ! آپ سب نے عمرہ کیا اور میں نے نہیں کیا آپ نے فرمایا اے عبدالرحمن! اپنی بہن کو لے جاؤ اور تنعیم سے عمرہ کرادو تو انہوں نے حضرت عائشہؓ کو اونٹنی پر بٹھایا اور اس طرح حضرت عائشہؓ نے عمرہ کیا۔

تشریح: رحل کہتے ہیں لکڑی کے اس پالان کو جو اونٹ کے کوہان پر کسا جاتا ہے۔

امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ حج میں سادگی اور تقشف؛ ترفہ سے افضل ہے، اور پالان کا استعمال کرنا بہ نسبت اور دوسرے اقتاب و محامل کے استعمال کرنے سے اولیٰ و افضل ہے اس لئے کہ رسول پاک ﷺ نے پالان پر حج فرمایا ہے۔

وَقَالَ أَبَانُ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ: مالک بن دینار مشہور زاہد ہیں، بخاری شریف میں ان کی صرف یہی ایک معلق روایت ہے۔

قَتَبٍ: رحل صغیر، چھوٹے پالان کو کہا جاتا ہے جو اونٹ کے کوہان کے برابر ہوتا ہے۔

شُدُّوا الرِّحَالَ فِي الْحَجِّ: پالانوں کو باندھو حج میں اس لئے کہ حج احد الجہادین ہے، جیسے جہاد میں جان و مال خرچ کرنا پڑتا ہے ایسے ہی حج میں بھی جان و مال مشقت میں ڈالا جاتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حَجَّ أَنَسٌ عَلَى رَحْلٍ وَلَمْ يَكُنْ شَحِيحًا: یعنی پالان پر سواری شح وبخل کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ تواضع اور رسول پاک ﷺ کی اتباع کی وجہ سے تھا۔

أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم حَجَّ عَلَى رَحْلٍ وَكَانَتْ زَامِلَتَهُ: حضور اکرم ﷺ نے پالان پر حج کیا ہے وکانت زاملتہ اور وہ سواری آپ کی زاملہ تھی، زاملہ وہ سواری جس کے اوپر زادِراہ لادا جاتا ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس سواری پر حضرت والا سوار تھے اسی پر آپ کا سامان سفر بھی تھا۔

لیکن ابوداؤد شریف کی ایک روایت میں ہے وکانت زاملتہ وزاملة أبی بکر واحدة، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت رسول پاک ﷺ اور آپ کے رفیق غار کا سامان ایک مستقل سواری پر تھا۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ پورے سفر حج میں تو سامان کی سواری مستقل تھی لیکن جب مکہ مکرمہ سے منیٰ کو روانگی ہوئی تو آپ نے بقدر ضرورت سامان اپنی سواری پر رکھ دیا ہوگا۔

فَأَحْقَبَهَا عَلَى نَاقَةٍ: حضرت عبدالرحمن بن ابی بکرؓ نے حضرت عائشہؓ کو پالان کے حقیبہ پر سوار کر لیا، حقیبہ لکڑی کا وہ حصہ کہلاتا ہے جو پالان کے پچھلے حصہ میں جڑا ہوا ہوتا ہے۔

(ص ٢٠٦) بَابُ فَضْلِ الْحَجِّ الْمَبْرُورِ

١٥١٥. حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ ﷺ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ إِيمَانٌ بِاللهِ وَرَسُولِهِ قِيلَ ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ جِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللهِ قِيلَ ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ حَجٌّ مَبْرُورٌ.

١٥١٦. حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ أَخْبَرَنَا حَبِيبُ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللهِ نَرَى الْجِهَادَ أَفْضَلَ الْعَمَلِ أَفَلَا نُجَاهِدُ؟ قَالَ لَا لَكِنَّ أَفْضَلَ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُورٌ.

١٥١٧. حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ أَبُو الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ.

ترجمہ: باب۔ مقبول حج کے ثواب کا بیان۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ آسان ہے اس لئے حذف کیا جارہا ہے۔ البتہ آخری حدیث کا ترجمہ یہ ہے: جس نے اللہ کے لئے حج کیا پھر اس میں شہوت اور گناہ کی بات نہیں کی تو وہ اس دن کی طرح ہو کر لوٹے گا جس دن اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔

تشریح: حج مبرور کی تفسیر میں علماء کے تین بلکہ چار قول ہیں، (۱) الحج المقبول، (۲) الحج الذی لا ریاء فیہ، (۳) ما لا یخالطہ إثم، حقیقت یہ ہے کہ ان تفاسیر ثلاثہ میں کوئی تعارض اور اختلاف نہیں ہے، یوں بھی کہہ سکتے ہیں الحج المقبول الذی لا ریاء فیہ ولا إثم، امام قرطبی وغیرہ نے یہ لکھا ہے کہ اصل میں حج مبرور وہ حج ہے جو مقبولیت کے اوصاف وشرائط پر مشتمل ہو اور موانع مقبولیت سے پاک اور محفوظ ہو، ایک روایت میں یہ وارد ہوا ہے کہ حضور پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ پوچھا گیا ما برّ الحج؟ آپ نے فرمایا إطعام الطعام اگر یہ روایت ثابت ہو جائے تو حج مبرور کی یہ کھلی ہوئی اور واضح تفسیر ہوگی اور یہی متعین ہوگی۔

لَكُنَّ أَفْضَلُ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُورٌ: لَكُنَّ لام جارہ ہے اور کُنَّ نون مشددہ کے ساتھ ضمیر ہے بمعنی تمہارے لئے، اور لٰکِنْ بمعنی لیکن استدراک کے ساتھ بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

ازواج مطہرات کے دو موقف: چنانچہ حضرت عائشہؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کثرت سے حج وعمرہ کیا کرتی تھیں اور عام ازواج مطہرات کی یہی رائے تھی، لیکن حضرت سودہؓ اور حضرت زینبؓ کہتی تھیں **لا تحرّک بنا دابّة بعد رسول اللہ ﷺ** رواہ ابن سعد یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی سواری ہمیں حرکت نہ دے، اور وجہ اس کی یہ تھی کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں یہ ارشاد فرمایا تھا **هٰذِهٖ، ثُمَّ ظُهُوْرُ الْحُصُرِ** بس یہ تمہارا حج ہے اس کے بعد چٹائی کی پیٹھ کو لازم پکڑ لینا۔

مہلب کہتے ہیں کہ حدیث: **هٰذِهٖ ثُمَّ ظُهُوْرُ الْحُصُرِ** روافض کی مخترعات میں سے ہے انہوں نے یہ حدیث اس لئے تالیف کی تاکہ حضرت ام المؤمنین پر اعتراضات کئے جاسکیں کہ حضور نے کہا تھا کہ گھر میں پڑی رہنا اور یہ باہر سفر کرتی رہیں، کہیں تو جنگ جمل میں شریک ہو گئیں اور کہیں حج میں شریک ہوتی رہیں۔

لیکن مہلب کا یہ قول غلط ہے، **هٰذِهٖ ثُمَّ ظُهُوْرُ الْحُصُرِ** کا مضمون ابوداؤد شریف میں ابو واقد لیثیؓ کی روایت میں اور حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت طبقات ابن سعد میں اور دوسری حدیثوں میں وارد ہوا ہے۔

فلم یرفث: جس نے خدائے برتر کے لئے حج کیا اور رفث نہیں کیا، رفث نازیبا کلام، اور بعض حضرات کہتے ہیں ذکر الجماع بحضرۃ النساء، اور اگر ایسے ہی کنایہ وناپہ ہو تو یہ بھی بظاہر رفث میں داخل ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَلَمْ يَفْسُقْ: اور اطاعت خداوندی سے نہیں نکلا۔

رَجَعَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ: ایسے لوٹے گا جیسے اس دن تھا جس دن اس کی ماں نے جنا تھا، یعنی بالکل گناہوں سے پاک وصاف ہوگا، یہ حدیث پاک حضرت عباس بن مرداسؓ کی اس حدیث پاک کے لئے مؤید ہے جو ابن ماجہ نے اور عبد اللہ بن احمد نے زوائد مسند میں اور طیالسی نے اپنی مسند میں اور ابن جریر طبری نے اپنی تفسیر میں نقل کی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے عرفہ کی شام کو امت کے لئے دعا کی تو حق تعالیٰ شانہ نے سارے گناہ معاف کردیئے صرف مظالم کا استثناء کر دیا، لیکن آپ نے جب صبح مزدلفہ کو دعا کی تو حق تعالیٰ نے مظالم کو معاف کرنے کا بھی وعدہ کر لیا، مفصل روایت ابن ماجہ میں پڑھو۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ حج سے صرف حقوق خداوندی معاف ہوتے ہیں اور لوگوں کے حقوق معاف نہیں ہوتے ہیں، یہ واقعہ ہے کہ حقوق عباد کی معافی ضابطہ کے تحت نہیں آتی ہے لیکن اگر وہ روایت جو عباس بن مرداسؓ سے نقل کی گئی ثابت مان لی جائے جیسا کہ حافظ ابن حجر اور سیوطی وغیرہ کی رائے ہے تو پھر ان شاء اللہ حج سے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں، ولیس الوقت وقت البسط۔

(ص ٢٠٦) بَابُ فَرْضِ مَوَاقِيتِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

١٥١٨. حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ أَنَّهُ أَتَى عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ فِي مَنْزِلِهِ وَلَهُ فُسْطَاطٌ وَسُرَادِقٌ فَسَأَلْتُهُ مِنْ أَيْنَ يَجُوزُ أَنْ أَعْتَمِرَ؟ قَالَ فَرَضَهَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا وَلِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّأْمِ الْجُحْفَةَ.

ترجمہ: باب، حج اور عمرے کے لئے میقات مقرر کرنے کا بیان۔

زید بن جبیر نے بیان کیا کہ وہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کے پاس ان کی قیام گاہ میں گئے وہاں شامیانہ اور قناتیں تھیں، میں نے آپ سے دریافت کیا کہ میرے لئے عمرہ کرنا کس مقام سے جائز ہے؟ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اہل نجد کے لئے قرن، اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ اور اہل شام کے لئے جحفہ مقرر فرمایا ہے۔

تشریح: مواقیت جمع ہے میقات کی، میقات کہتے ہیں کسی شئ کے وقت محدد کو، اس کے بعد میقات کا اطلاق مجازاً مکان محدد پر بھی ہونے لگا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حج کے دو میقات ہیں، میقات زمانی اور میقات مکانی، میقات زمانی تین مہینے شوال، ذی القعدہ اور ذی الحجہ ہیں اور اس کا بیان آئندہ مستقل باب میں آنے والا ہے، یہاں پر مصنف نے میقات مکانی کو بیان فرمایا ہے۔

میقات مکانی: حج کی وہ جگہیں ہیں جہاں سے حق تعالیٰ کے رسول ﷺ نے ایک مخصوص ہیئت کے ساتھ حج کے لئے چلنے کی سنت بیان فرمائی، قاعدہ یہ ہے کہ جب سلاطین اور بادشاہوں کے دربار میں حاضری ہوتی ہے تو وہاں حاضر ہونے کے لئے کچھ خاص جگہیں ہوتی ہیں جہاں سے آنے والے لباس تبدیل کر کے خاص صورت اختیار کرتے ہیں پھر دربار میں حاضری دی جایا کرتی ہے، چونکہ حج رب العالمین کے دربار کی حاضری ہے اس لئے اس کے لئے بھی ایک مخصوص ضابطہ مقرر کیا گیا ہے کہ مخصوص جگہوں سے اپنا عام لباس تبدیل کر کے مخصوص قسم کا لباس اختیار کیا جائے جو حقیقت میں دربار خداوندی میں حاضری کا مخصوص طریقہ ہے، وہی مخصوص جگہیں مواقیت کہلاتی ہیں، یہ مواقیت امام بخاری فرماتے ہیں کہ فرض ہیں، یعنی وہاں پر احرام باندھنا فرض ہے بغیر احرام باندھے وہاں سے آگے گزرنے کی اجازت نہیں ہے۔

یہ مواقیت فرض ہیں یا نہیں؟ (۱) عطاء، نخعی اور حسن وغیرہ سے منقول ہے کہ فرض نہیں، اگر کوئی آدمی بلا احرام بھی آگے گزر جائے اور آگے چل کر احرام باندھ لے تو کوئی حرج نہیں، لیکن جمہور علماء فرماتے ہیں کہ فرض ہے، (۲) سعید بن جبیر اور ابو محمد بن حزم کہتے ہیں کہ اگر کوئی آگے گزر گیا اور وہیں سے احرام باندھ لیا تو اس کا حج ہی نہیں ہوگا الا یہ کہ لوٹ کر واپس میقات پر احرام باندھے۔

(۳) جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے آگے جا کر احرام باندھ لیا تو حج تو ہو جائے گا لیکن اس پر دم واجب ہوگا، اور اگر وہ پھر لوٹ آتا ہے تو اس صورت میں ۱۔ امام شافعی فرماتے ہیں کہ اگر تلبّس بافعال الحج سے پہلے میقات پر لوٹتا ہے تو دم ساقط ہو گیا، ۲۔ امام مالک فرماتے ہیں بشرط أن لا یبعد، ۳۔ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں بشرط أن یعود ملبیا تلبیہ پڑھتے ہوئے لوٹے، اور امام احمد فرماتے ہیں کہ مطلقاً دم ساقط نہیں ہوگا۔

توقیتِ مواقیت اور اس کی فرضیت کب ہوئی ہے؟ امام اثرم نے امام احمد سے نقل کیا ہے کہ ان سے اس بارے میں سوال کیا گیا فی أی سنة وقت النبی ﷺ المواقیت؟ فرمایا عام حجة، علامہ انور شاہ کشمیری فرماتے ہیں کہ شافعیہ کا دعویٰ یہ ہے کہ فرضیت مواقیت حجۃ الوداع سے قُبیل ہوئی ہے، اور حنفیہ یہ کہتے ہیں کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

اس سے بہت پہلے ہو چکی ہے۔

وَلَهُ فُسطَاط: اور ان کے ایک خیمہ تھا اور اس کے دروازہ پر سراپردہ لٹکا ہوا تھا، میں نے پوچھا کہ کہاں سے عمرہ کروں؟ فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مواقیت مقرر فرمائے ہیں، اہل نجد کے لئے قرن سے، اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ سے اور اہل شام کے لئے جحفہ سے، قرن سے مراد قرن المنازل ہے۔

(ص ۲۰۶) بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

۱۵۱۹. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ عَنْ وَرْقَاءَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْيَمَنِ يَحُجُّونَ وَلَا يَتَزَوَّدُونَ وَيَقُولُونَ نَحْنُ الْمُتَوَكِّلُونَ فَإِذَا قَدِمُوا مَكَّةَ سَأَلُوا النَّاسَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى {وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى} رَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلًا.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ توشہ لو کیوں کہ سوال سے بچنا ہی بہترین توشہ ہے۔

ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ یمن کے لوگ حج کرتے اور ساتھ میں زادراہ نہیں رکھتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ ہم توکل والے ہیں لیکن جب مکہ مکرمہ آتے تو لوگوں سے بھیک مانگتے تھے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: کہ توشہ ساتھ میں لو کیوں کہ سوال سے بچنا ہی بہترین توشہ ہے، اس روایت کو ابن عیینہ نے عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ کے طریق سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

تشریح: امام بخاری نے ابتداءً ہی یہ ترجمہ منعقد کرکے اس بات پر تنبیہ فرمادی کہ آدمی جب سفر حج کے لئے چلنے لگے تو اپنے ساتھ زاد راہ لے لے تاکہ راستہ میں دوسرے رفقاء کے لئے بار نہ بنے، اللہ تعالیٰ شانہ فرماتا ہے فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى، اس تعلیل پر بظاہر اشکال ہے کہ یہ تزود کی علت نہیں بن سکتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں پر تقویٰ سے مراد تقویٰ عن السوال ہے، اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ تم توشہ لے لو اس لئے کہ بہترین توشہ یہ ہے کہ آدمی دوسرے سے سوال سے بچے، اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ تقدیر عبارت ہے تَزَوَّدُوا وَاتَّقُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔

(ص ۲۰۶) بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ مَكَّةَ لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

۱۵۲۰. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ

Maktaba Tul Ishaat.com

النَّبِيِّ ﷺ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ هُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِنَّ مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ وَمَنْ كَانَ دُونَ ذَلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ.

ترجمہ: باب، مکہ مکرمہ والوں کے لئے حج اور عمرے کا احرام باندھنے کی جگہ کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے مدینہ منورہ والوں کے لئے ذو الحلیفہ، شام والوں کے لئے جحفہ، نجد والوں کے لئے قرن منازل اور یمن والوں کے لئے یلملم کو میقات مقرر فرمایا ہے، یہ میقاتیں مذکورہ مقام کے لوگوں کے لئے بھی ہیں اور ان کے علاوہ ان عازمین حج و عمرہ کے لئے بھی ہیں جو ان میقاتوں سے گزریں، اور جو لوگ ان میقات کے اندر رہتے ہیں ان کی میقات وہی ہے جہاں سے وہ احرام باندھیں یہاں تک کہ مکہ مکرمہ والے مکہ مکرمہ سے احرام باندھیں گے۔

تشریح: مُهَلّ اسم مفعول کے وزن پر ہے اہلال سے، مُهَلّ موضع اہلال واحرام، اہلال کہتے ہیں رفع الصوت کو، اس کے بعد اہلال کا اطلاق احرام پر اس لئے ہونے لگا کہ حاجی یا معتمر احرام باندھتے ہوئے زور سے تلبیہ پڑھتا ہے۔

حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ: امام بخاری نے سب سے پہلے اہل مکہ کا میقات بیان فرمایا ہے اس لئے کہ دین اسلام کی ابتداء مکہ مکرمہ سے ہوئی ہے۔

لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ: اس سے معلوم ہوا کہ امام بخاری اہل مکہ کا میقاتِ حج اور میقاتِ عمرہ دونوں بیان کرنا چاہتے ہیں، اس میں اتفاق ہے کہ اہل مکہ کا میقاتِ حج مکہ مکرمہ ہے لیکن ان کا میقاتِ عمرہ کیا ہے؟ تمام امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ان کا میقات ادنی الحل ہے، لیکن امام بخاری کے اس ترجمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی رائے میں اہل مکہ کا میقات چاہے وہ میقات الحج ہو اور چاہے میقات العمرہ ہو دونوں کا میقات مکہ ہی ہے، مگر علامہ موفق اور محب طبری وغیرہ نے اس بات پر اجماع نقل کیا ہے کہ میقات عمرہ ادنی الحل ہے، اب اس صورت میں اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ امام بخاری نے سلف کی مخالفت نہیں کی ہے تو یہ کہا جائے گا کہ امام بخاری نے یہاں پر قارن مراد لیا ہے، لیکن یہ بعید ہے۔

اقرب یہی معلوم ہوتا ہے کہ بخاری نے اس مسئلہ میں سلف کی موافقت نہیں کی ہے بلکہ ان کی رائے ہے کہ مکی کا میقات مطلقاً مکہ ہے چاہے حج کا احرام باندھے اور چاہے عمرہ کا احرام باندھے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ: اور اہل یمن کے لئے آپ نے یلملم مقرر کیا، یلملم اور ألملم ایک مقام ہے مکہ مکرمہ سے دو مرحلہ پر، یہی اہل یمن کا میقات ہے، جب پانی کا جہاز اس کے قریب ہوتا ہے تو پہلے ہی سیٹی دیتا ہے جس سے حجاج آگاہ ہو جاتے ہیں اور جلدی جلدی احرام کی تیاری کرتے ہیں۔

هُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِنَّ: یہ مواقیت ان لوگوں کے لئے ہے جو وہاں کے لوگ ہوں اور ان لوگوں کے لئے ہے جو دوسری جگہ کا رہنے والا ہو لیکن ان پر سے گزرے۔

مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ: ان لوگوں میں سے جو حج و عمرہ کا ارادہ کرے، اس سے معلوم ہوا کہ احرام باندھنا اس شخص پر ضروری ہے جو حج یا عمرہ کا ارادہ کرے، اور جو حج یا عمرہ کا ارادہ نہیں رکھتا ہے اس پر احرام باندھنا ضروری نہیں ہے۔

حج یا عمرہ کا ارادہ نہ ہو تو احرام کا حکم: اس مسئلہ میں سب کا اتفاق ہے کہ جو شخص حج یا عمرہ کے ارادہ سے مکہ مکرمہ کو چلے گا اس کے ذمہ احرام باندھنا ضروری اور فرض ہے، لیکن اگر کوئی حج یا عمرہ کے ارادہ سے نہیں چلتا ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟ علامہ ابن قیم نے لکھا ہے کہ جو لوگ قتال مباح کی وجہ سے جاتے ہیں یا ضرورت دائمہ کی وجہ سے جاتے ہیں جیسے حطابین، حشاشین ان کے لئے بھی بلا احرام جانا جائز ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ مسئلے مختلف فیہا ہیں۔

اول تو قتال مباح کا مسئلہ مختلف فیہا ہے، اگرچہ امام ابو حنیفہ، امام احمد بن حنبل اور امام شافعی کا مشہور قول یہ ہے کہ اگر مکہ میں رہنے والے لوگ محارب ہو جائیں تو وہاں پر چڑھائی کرنا اور حملہ کرنا جائز ہے، لیکن شافعیہ کا دوسرا قول اور بہت سے مالکیہ کی رائے اور ابن جریر کا مسلک اور حنفیہ میں سے علامہ سندی کی رائے یہ ہے کہ مکہ پر چڑھائی اور حملہ کرنا جائز نہیں ہے، بھلا وہاں بلا احرام کے جانا کہاں جائز ہو سکتا ہے؟

اور اگر کوئی آدمی حاجت متکررہ یعنی کثرت سے ضرورت کے پیش آنے کی وجہ سے داخل ہوتا ہے تو اس مسئلہ میں بھی اختلاف ہے، (۱) امام احمد کے یہاں بلا احرام جانا جائز ہے، (۲) امام ابو حنیفہ کے یہاں جانا جائز نہیں ہے، (۳) امام مالک اور امام شافعی کے دو دو قول ہیں، حنفیہ کی دلیل حضرت ابن عباسؓ کا وہ اثر ہے جو ابن ابی شیبہ نے ان سے نقل کیا ہے لا يدخل مكة أحد بغير إحرام إلا الحطابون۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اب رہ جاتی ہے یہ بات کہ حضور ﷺ فتح مکہ کے سال بلا احرام داخل ہوئے ہیں؟ ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ یہ حضور ﷺ کے لئے مخصوص ہے اس سال آپ کو اجازت دے دی گئی تھی۔

وَمَنْ كَانَ دُونَ ذَلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ: دون ذلک یعنی جو میقات کے اندر کا باشندہ ہو، فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ آدمی جہاں سے سفر کی ابتداء کرے حتی کہ اہل مکہ مکہ ہی سے احرام باندھے، یہ ہے مقصود بالترجمہ۔

(ص ٢٠٦) بَابُ مِيقَاتِ أَهْلِ الْمَدِينَةِ وَلَا يُهِلُّوا قَبْلَ ذِي الْحُلَيْفَةِ

١٥٢١. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَيُهِلُّ أَهْلُ الشَّأْمِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَأَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ قَالَ عَبْدُ اللهِ وَبَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ.

ترجمہ: باب، اہل مدینہ کی میقات کا بیان اور اس بات کا بیان کہ اہل مدینہ ذوالحلیفہ سے پہلے احرام نہ باندھیں۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اہل مکہ کا میقات بیان کرنے کے بعد اہل مدینہ کا میقات ذکر فرمایا ہے، اور اس کی وجہ ظاہر ہے کہ وحی کی منزل اول مکہ ہے اور منزل ثانی مدینہ منورہ ہے۔

وَلَا يُهِلُّوا قَبْلَ ذِي الْحُلَيْفَةِ: ذوالحلیفہ سے پہلے احرام نہ باندھیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری کے نزدیک مواقیت سے پہلے احرام کا مقدم کرنا جائز نہیں ہے۔

یہ اچھی طرح سمجھ لو کہ میقات کی جیسا کہ میں نے بیان کیا دو قسمیں ہیں، میقات زمانی اور میقات مکانی، میقات زمانی پر تقدم احرام کے مسئلہ میں بعض شراح حافظ ابن حجر وغیرہ نے لکھ دیا ہے کہ بالاجماع تقدم جائز نہیں ہے، غالباً اس کا مطلب یہ ہے کہ تقدم نہ کرنا چاہئے، لیکن اگر کسی نے میقات زمانی سے پہلے احرام باندھ لیا تو ائمہ ثلاثہ کے یہاں اس کا احرام صحیح ہو جائے گا مع الکراہت اور جس چیز کا احرام باندھا ہو گا وہ معتبر ہو گا، امام شافعی کے یہاں حج کا احرام صحیح نہیں ہو گا اور یہ احرام عمرہ کا احرام ہو جائے گا۔

میقات مکانی پر تقدم کا حکم کیا ہے؟ حضرات ائمہ اربعہ فرماتے ہیں کہ جائز ہے، ابن منذر نے اس پر اجماع بھی نقل کیا ہے لیکن یہ اجماع نقل کرنا صحیح نہیں ہے، اسحاق بن راہویہ اور داؤد ظاہری اور ابو محمد

Maktaba Tul Ishaat.com

ابن حزم ظاہری کہتے ہیں کہ تقدم جائز نہیں ہے۔

پھر جواز کے قائلین میں یہ اختلاف ہے کہ میقات سے احرام باندھنا افضل ہے یا اولیٰ یہ ہے کہ آدمی اپنے گھر سے احرام باندھ کر چلے؟ امام مالک اور امام احمد فرماتے ہیں کہ میقات سے احرام باندھنا افضل اور اس پر تقدم مکروہ ہے، سفیان ثوری اور امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اولیٰ یہ ہے کہ آدمی اپنے گھر سے احرام باندھ کر چلے، امام شافعی سے دونوں قول کالمذہبین نقل کئے گئے ہیں۔

جو لوگ کہتے ہیں کہ میقات سے احرام باندھنا افضل ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے میقات مقرر فرمائے اور خود آپ نے میقات ہی سے احرام باندھا، اور جو حضرات تقدم کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وأتموا الحج والعمرة لله، اس کی تفسیر حضرت علیؓ وغیرہ سے نقل کی گئی ہے أن تحرم من دويرة أهلک، نیز امام ابوداؤد نے حضرت ام سلمہؓ سے ایک روایت نقل کی ہے مَنْ أَهَلَّ بحَجَّةٍ أو عُمرَةٍ مِنَ المَسجِدِ الأقصى إلى المسجدِ الحَرامِ غفِرَ له ما تقدّمَ مِنْ ذَنْبِه وما تأخّرَ أو وجبَتْ لهُ الجنة، لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس سے تقدیم کی افضلیت نہیں نکلتی ہے، امام بخاری نے وَلَا يُهِلّوا قبلَ ذِي الحُلَيفَةِ سے اسی اعتراض کی طرف اشارہ کیا ہے اور بظاہر ظاہریہ کی تائید کی ہے کہ ان کے نزدیک میقات سے تقدیم جائز نہیں ہے۔

فائدہ! سب سے بعید میقات اہل مدینہ کی میقات ہے اور غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ مدینہ والے رسول پاک ﷺ کے پڑوسی ہیں ان کا میقات سب سے بعید رکھا گیا تاکہ ان کا ثواب سب سے زیادہ ہو۔

(ص ۲۰٦) بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الشَّامِ

۱۵۲۲. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَقَّتَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّأْمِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ فَهُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ أَهْلِهِنَّ لِمَنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُونَهُنَّ فَمُهَلُّهُ مِنْ أَهْلِهِ وَكَذَاكَ حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّونَ مِنْهَا.

ترجمہ: باب، شام والوں کی میقات کا بیان۔

تشریح: اہل شام کا میقات جحفہ ہے اسی کو مَهيَعَه بھی کہتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ہُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ: یہ مواقیت ان لوگوں کے لئے ہے جو نامزد کئے گئے اور ان لوگوں کے لئے بھی ہیں جہاں سے میقات نہیں ہے لیکن وہاں آئیں، لہذا اگر کوئی شامی مدینہ منورہ آجائے تو ذوالحلیفہ سے احرام باندھے گا۔

لیکن شامی کیلئے آیا ذوالحلیفہ سے احرام باندھنا واجب ہے یا اولیٰ؟ یا جحفہ پر احرام باندھے تو باندھ سکتا ہے؟ اس میں اختلاف ہے، امام شافعی اور امام احمد فرماتے ہیں کہ اب اس شامی کا میقات ذوالحلیفہ بن گیا اور یہیں سے احرام باندھنا واجب ہے اور تاخیر جائز نہیں ہے، مالکیہ اور حنفیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اولیٰ ہے، ویسے اگر تاخیر کرے اور اپنے میقاتِ جحفہ سے احرام باندھے تو جائز ہے۔

(ص ۲۰۷) بَاب مُهَلِّ أَهْلِ نَجْدٍ

١٥٢٣. حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ وَقَّتَ النَّبِيُّ ﷺ.

١٥٢٤. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ مُهَلُّ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ذُو الْحُلَيْفَةِ وَمُهَلُّ أَهْلِ الشَّامِ مَهْيَعَةُ وَهِيَ الْجُحْفَةُ وَأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ زَعَمُوا أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ وَلَمْ أَسْمَعْهُ وَمُهَلُّ أَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمُ.

ترجمہ: باب، نجدوالوں کی میقات کا بیان۔

تشریح: اہل نجد کا میقات قرن المنازل ہے جس کو قرن الثعالب بھی کہا جاتا ہے۔

زَعَمُوا: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن عمرؓ نے اہل یمن کا میقات یلملم ہونا کئی صحابہ سے سنا تھا، اور واقعۃً اہل یمن کے میقات یلملم ہونے کی روایتیں کئی صحابہ سے منقول ہیں جن میں ایک ابن عباسؓ کی ہے جو باب گزشتہ میں گزر چکی ہے اور حضرت جابرؓ کی مسلم شریف میں ہے اور حضرت عائشہؓ کی روایت نسائی میں ہے اور اس کے علاوہ بھی ہیں۔

(ص ۲۰۷) بَاب مُهَلِّ مَنْ كَانَ دُونَ الْمَوَاقِيتِ

١٥٢٦. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ وَقَّتَ لِأَهْلِ

Maktaba Tul Ishaat.com

الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا فَهُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ أَهْلِهِنَّ مِمَّنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُونَهُنَّ فَمِنْ أَهْلِهِ حَتَّى إِنَّ أَهْلَ مَكَّةَ يُهِلُّونَ مِنْهَا.

ترجمہ: باب، جو لوگ میقات کے اندر رہتے ہیں ان کے احرام باندھنے کی جگہ کا بیان۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ جو میقات کے اندر کے باشندے ہیں ان کا موضع احرام کیا ہے؟

۱روایت ابن عباسؓ نے یہ بتلادیا کہ میقات کے اندر کے رہنے والے اپنی منزل سے ہی احرام باندھیں گے، یہی ائمۂ ثلاثہ کا مسلک ہے، ۲حنفیہ فرماتے ہیں کہ اپنی منزل سے بھی احرام باندھ سکتے ہیں اور حرم سے پہلے پہلے حِلّ کا جو حصہ ہے اس میں جہاں سے چاہے احرام باندھ سکتے ہیں، ۳مجاہد سے منقول ہے کہ ان لوگوں کا میقات نفس مکہ ہے، امام بخاری نے ان اقوال میں سے بظاہر ائمۂ ثلاثہ کے قول کو اختیار کیا ہے۔

(ص ۲۰۷) بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الْيَمَنِ

۱۵۲۶. حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ هُنَّ لِأَهْلِهِنَّ وَلِكُلِّ آتٍ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِمْ مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُونَ ذَلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ.

ترجمہ: باب، یمن والوں کی میقات کا بیان۔

تشریح: اہل یمن کا مُہَلّ یعنی موضع احرام یلملم ہے، اس کو الملم بھی کہا جاتا ہے یہ ایک پہاڑ ہے جو مکہ سے جنوب میں واقع ہے، جب حاجی کا جہاز پانی سے گزرتا ہے اور اس پہاڑ کی محاذات پر آتا ہے اس سے کچھ پیشتر ہی جہاز سیٹی دیتا ہے اور اسی کے ساتھ حجاج احرام کی تیاری میں لگ جاتے ہیں۔

(ص ۲۰۷) بَابُ ذَاتُ عِرْقٍ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ

۱۵۲۷. حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا فُتِحَ هَذَانِ الْمِصْرَانِ أَتَوْا عُمَرَ فَقَالُوا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَدَّ لِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا وَهُوَ جَوْرٌ

Maktaba Tul Ishaat.com

عَنْ طَرِيقِنَا وَإِنَّا إِنْ أَرَدْنَا قَرْنًا شَقَّ عَلَيْنَا قَالَ فَانْظُرُوا حَذْوَهَا مِنْ طَرِيقِكُمْ فَحَدَّ لَهُمْ ذَاتَ عِرْقٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ اہل عراق کی میقات ذات عرق ہے۔

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ جب یہ دونوں شہر فتح ہوئے تو لوگ حضرت عمرؓ کے پاس آئے اور یہ عرض کیا کہ اے امیر المؤمنین! بے شک رسول اللہ ﷺ نے نجد والوں کے لئے قرن کو میقات مقرر فرمایا ہے اور قرن ہمارے راستے سے ہٹا ہوا ہے، اگر ہم قرن کا ارادہ کریں تو ہمیں دشواری ہوگی، آپ نے فرمایا کہ تم اپنے راستے میں اسی کی محاذات یعنی برابر میں کوئی جگہ دیکھو تو ان کے لئے ذات عرق مقرر کر دیا۔

تشریح: اس میں اختلاف ہے کہ ذات عرق حضور اکرم ﷺ نے مقرر فرمایا ہے یا حضرت عمرؓ نے؟ بخاری نے جو روایت ذکر کی ہے اس میں یہ تصریح ہے کہ حضرت عمرؓ نے مقرر فرمایا ہے لیکن بعض روایات سے آنحضور ﷺ کا مقرر کرنا ثابت ہوتا ہے، اور اسی اختلاف پر ائمہ میں بھی اختلاف ہے۔

امام شافعی سے منصوص یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے توقیت فرمائی ہے اور یہی امام مالک سے مدونہ میں منقول ہے، لیکن جمہور شافعیہ، حنفیہ اور حنابلہ فرماتے ہیں کہ یہ بھی حضور ﷺ کی توقیت سے ثابت ہے اور اس مضمون کی ایک روایت مسلم شریف میں حضرت جابرؓ سے منقول ہے، لیکن راوی کو اس کے رفع میں شک ہے، وہی روایت امام احمد نے بھی بلاشک وتردد کے نقل کی ہے اس کی سند میں ابن لہیعہ ہے اور ابن ماجہ نے نقل کی ہے اس کی سند میں ابراہیم بن یزید الخوزی الاموی ہے، ویسے حضرت عائشہؓ سے ایک روایت منقول ہے أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ رواه النسائي وأبو داؤد من طريق أفلح بن حميد عن القاسم عن عائشة افلح کا تلمیذ معافی اس روایت کے نقل کرنے میں منفرد ہے، حافظ شمس الدین ذہبی فرماتے ہیں وهو غريب صحيح، اس مضمون کی کئی روایتیں وارد ہیں لیکن ابن منذر اور ابن خزیمہ وغیرہ یہ کہتے ہیں کہ اس باب میں کوئی روایت ثابت نہیں ہے، حافظ ابن عبد البر وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ اگرچہ ان کے افراد ثابت نہیں لیکن ان کو اگر جمع کر دیا جائے تو قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

لَمَّا فُتِحَ هٰذَانِ الْمِصْرَانِ: اس سے مراد کوفہ اور بصرہ ہیں، اور کوفہ اور بصرہ کے فتح ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہاں کی زمین اور علاقہ فتح ہوا، ورنہ کوفہ اور بصرہ مسلمانوں کے آباد کردہ شہر ہیں۔

اَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ حَدَّ لِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا إلخ: حضور اکرم ﷺ نے اہل نجد کے لئے جو قرن

Maktaba Tul Ishaat.com

مقرر کیا ہے وہ ہمارے راستہ سے ہٹا ہوا ہے اور اگر ہم قرن کا ارادہ کریں تو ہم پر شاق ہوتا ہے کیوں کہ راستہ طویل ہو جاتا ہے، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اس کے مقابل میں کوئی جگہ دیکھ لو، انہوں نے ذات عرق دیکھ لیا، حضرت عمرؓ نے ذات عرق کو ان کے لئے مقرر فرما دیا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ کو توقیتِ نبوی کا علم نہیں تھا اور عام طور سے اس نے شہرت نہیں پائی تھی مگر حضرت عمرؓ چونکہ حضرت عمرؓ تھے اس واسطے ان کی زبان سے بھی وہی بات کہلائی گئی جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ارشاد فرمائی تھی اور إن الحق ینطق علی لسانه کا ظہور ہوا۔

(ص ۲۰۷) باب الصلوة بذی الحلیفة

١٥٢٨. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ أَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَصَلَّى بِهَا وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ.

ترجمہ: باب، ذوالحلیفہ میں نماز پڑھنے کا بیان۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ جب آدمی ذوالحلیفہ سے احرام باندھنا چاہے تو پہلے نماز پڑھے۔ یہ نماز پڑھنا جمہور علماء کے نزدیک مستحب ہے، حسن بصری فرماتے ہیں کہ فرض کے بعد احرام باندھنا افضل ہے، حنابلہ نے اس مسئلہ میں کوئی تصریح نہیں کی ہے، علامہ ابن قیم کا رجحان کچھ فرض ہی کی طرف مائل معلوم ہوتا ہے اور اصل میں ان کی رائے یہ ہے کہ اس میں کوئی تحدید نہیں ہے۔

یہاں پر نسخ بخاری میں اختلاف ہے، بعض میں یہ نسخہ ہے اور بعض میں باب من أناخ بالبطحاء وصلی بذی الحلیفة کا نسخہ ہے، اور بعضوں میں باب بلا ترجمہ ہے۔

أَنَاخَ بِالْبَطْحَاءِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ: حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بطحاء میں اپنی سواری بٹھائی جو ذی الحلیفہ میں ہے۔

(ص ۲۰۷) بَاب خُرُوجِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عَلٰى طَرِيقِ الشَّجَرَةِ

١٥٢٩. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَخْرُجُ مِنْ طَرِيقِ الشَّجَرَةِ وَيَدْخُلُ مِنْ طَرِيقِ الْمُعَرَّسِ وَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ

Maktaba Tul Ishaat.com

إِذَا خَرَجَ إِلَى مَكَّةَ يُصَلِّي فِي مَسْجِدِ الشَّجَرَةِ وَإِذَا رَجَعَ صَلَّى بِذِي الْحُلَيْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِي وَبَاتَ حَتَّى يُصْبِحَ.

ترجمہ: باب، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شجرہ والے راستے سے نکلنے کا بیان۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شجرہ کے راستے سے نکلتے تھے اور معرس کے راستے سے داخل ہوتے تھے اور یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ کی طرف تشریف لے جاتے تو شجرہ کی مسجد میں نماز پڑھتے تھے اور جب واپس تشریف لاتے تو ذوالحلیفہ میں وادی کے نشیب میں نماز پڑھتے اور صبح ہونے تک وہیں رات گزارتے تھے۔

تشریح: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے مکہ کے لئے سفر حج کو طریق شجرہ سے چلے ہیں، طریق شجرہ ایک مخصوص راستہ ہے جو مدینہ سے ذوالحلیفہ کو پہنچتا ہے، مرأۃ الحرمین کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مدینہ سے ذوالحلیفہ جانے کے دو راستے ہیں، ایک راستہ طریق شجرہ اور دوسرا راستہ مُعرّس کہلاتا ہے، طریق شجرہ مغرب کی جانب میں ہے اور طریق معرس مشرق کی جانب میں ہے۔

مصنف کے اس ترجمہ سے معلوم ہوا کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے لئے طریق شجرہ سے روانہ ہوتے اور مسجد شجرہ میں نماز ادا فرماتے، اور جب لوٹتے تو ذوالحلیفہ میں بطن وادی میں نماز ادا فرماتے تھے اور وہیں رات گزارتے یہاں تک کہ صبح ہو جائے اور طریق معرس سے مدینہ میں داخل ہوتے تھے۔

یہ روانگی آیا اتفاقی تھی یا قصدی؟ اس میں دونوں احتمال ہیں، ظاہر یہ ہے کہ یہ قصدی روانگی تھی۔

نیز آیا ذوالحلیفہ میں واپسی پر آپ کا نزول اتفاقی تھا یا قصدی؟ صحیح یہ ہے کہ آپ کا یہ نزول قصدی تھا تاکہ آپ مدینہ میں رات میں داخل نہ ہوں۔

(ص ۲۰۷) بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الْعَقِيقُ وَادٍ مُبَارَكٌ

١٥٣٠. حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ وَبِشْرُ بْنُ بَكْرٍ التِّنِّيسِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ إِنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم بِوَادِي الْعَقِيقِ يَقُولُ أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتٍ مِنْ رَبِّي فَقَالَ صَلِّ فِي هَذَا الْوَادِي الْمُبَارَكِ وَقُلْ عُمْرَةً فِي حَجَّةٍ.

١٥٣١. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ

Maktaba Tul Ishaat.com

عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ رُئِيَ وَهُوَ فِي مُعَرَّسٍ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِي قِيلَ لَهُ إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ وَقَدْ أَنَاخَ بِنَا سَالِمٌ يَتَوَخَّى بِالْمُنَاخِ الَّذِي كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُنِيخُ يَتَحَرَّى مُعَرَّسَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ أَسْفَلُ مِنَ الْمَسْجِدِ الَّذِي بِبَطْنِ الْوَادِي بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الطَّرِيقِ وَسَطٌ مِنْ ذٰلِكَ:

ترجمہ: باب، نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کا بیان کہ عقیق بابرکت وادی ہے۔

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ انہوں نے حضرت عمرؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں نے وادی عقیق میں نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میرے پاس میرے رب کے پاس سے ایک آنے والا آیا اور اس نے یہ کہا کہ اس مبارک وادی میں نماز پڑھئے اور کہئے کہ میں نے عمرے کو حج میں شامل کر دیا۔ اگلی روایت کا ترجمہ گزر چکا۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمہ کے ذریعہ اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ جب عقیق وادیِ مبارک ہے تو وہاں کی برکت سے آدمی کو متمتع ہونا چاہئے اور وہیں پر حج کا احرام باندھنا چاہئے جیسا کہ حضور ﷺ سے کہا گیا تھا، إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ اور صَلِّ فِي هٰذَا الْوَادِي الْمُبَارَكِ وَقُلْ عُمْرَةً فِي حَجَّةٍ۔

امام بخاری کے ترجمہ پر یہ اشکال ہے کہ آپ نے قول النبی ﷺ العَقِيقُ وَادٍ مُبَارَك کیوں فرمایا؟ حالانکہ یہ تو فرشتہ کا مقولہ تھا، آپ سے آکر فرشتہ نے کہا تھا، اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے فرشتہ کے قول کو نقل کیا تو آپ کا قول بن گیا۔

صَلِّ فِي هٰذَا الْوَادِي الْمُبَارَكِ: یعنی اس وادیِ مبارک میں صلوۃ احرام دوگانہ ادا فرمایئے، اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد صلوۃ ضحیٰ ہے، لیکن اول قول ارجح ہے۔

وَقُلْ عُمْرَةً فِي حَجَّةٍ: اس کے معنی میں اختلاف ہے، مشہور یہ ہے کہ آپ حج وعمرہ کا احرام ساتھ باندھئے اور قارن بن جایئے، بعضوں نے یہ کہا ہے کہ مطلب یہ ہے کہ افعال عمرہ افعال حج میں داخل ہوگئے ہیں، اور بعض کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ آپ اس سال عمرہ کریں گے، لیکن یہ دونوں مطلب بعید ہیں۔

أَنَّهُ رُئِيَ وَهُوَ فِي مُعَرَّسٍ: ابن عمرؓ نبی کریم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ کو خواب میں دکھلایا گیا اور آپ مقام تعریس میں ذوالحلیفہ کے بطن وادی میں تھے، آپ سے کہا گیا کہ آپ مبارک بطحاء میں ہیں اور یہ مبارک بطحاء وہی وادیِ عقیق ہے فثبتت الترجمة۔

وَقَدْ أَنَاخَ بِنَا سَالِمٌ: موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ سالم نے اونٹ بٹھائے اس جگہ جہاں

Maktaba Tul Ishaat.com

عبد اللہؓ اپنے اونٹ بٹھاتے تھے، اور وہ قصد کرتے تھے حضور ﷺ کے رات گزارنے کی جگہ کا، اور وہ نیچے تھی اس مسجد سے جو بطن وادی میں بنی ہوئی ہے ان کے اور راستہ کے درمیان فاصلہ تھا۔

(ص ۲۰۸) بَابُ غَسْلِ الْخَلُوقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِنَ الثِّيَابِ

١٥٣٢. حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمِ النَّبِيْلُ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلَى أَخْبَرَهُ أَنَّ يَعْلَى قَالَ لِعُمَرَ أَرِنِي النَّبِيَّ ﷺ حِينَ يُوحَى إِلَيْهِ قَالَ فَبَيْنَمَا النَّبِيُّ ﷺ بِالْجِعْرَانَةِ وَمَعَهُ نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِهِ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ وَهُوَ مُتَضَمِّخٌ بِطِيبٍ فَسَكَتَ النَّبِيُّ ﷺ سَاعَةً فَجَاءَهُ الْوَحْيُ فَأَشَارَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى يَعْلَى فَجَاءَ يَعْلَى وَعَلَى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ ثَوْبٌ قَدْ أُظِلَّ بِهِ فَأَدْخَلَ رَأْسَهُ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مُحْمَرُّ الْوَجْهِ وَهُوَ يَغِطُّ ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ أَيْنَ الَّذِي سَأَلَ عَنِ الْعُمْرَةِ؟ فَأُتِيَ بِرَجُلٍ فَقَالَ اغْسِلِ الطِّيبَ الَّذِي بِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَانْزِعْ عَنْكَ الْجُبَّةَ وَاصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِي حَجَّتِكَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ أَرَادَ الْإِنْقَاءَ حِينَ أَمَرَهُ أَنْ يَغْسِلَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ؟ قَالَ نَعَمْ.

ترجمہ: باب، خلوق نامی خوشبو کو کپڑوں سے تین بار دھونے کا بیان۔

صفوان بن یعلی نے بیان کیا کہ یعلی نے حضرت عمرؓ سے یہ کہا کہ مجھے نبی کریم ﷺ پر وحی نازل ہوتے ہوئے دکھاؤ؛ راوی کہتا ہے کہ جس وقت نبی کریم ﷺ جعرانہ میں تھے اور آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ کی ایک جماعت بھی تھی تو ایک شخص آیا اور اس نے یہ کہا کہ یا رسول اللہ! اس شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جس نے عمرے کا احرام ایسی حالت میں باندھا کہ وہ خوشبو میں بھرا ہوا ہے (لت پت ہے)؟ نبی کریم ﷺ نے کچھ دیر سکوت فرمایا تو آپ کے پاس وحی آئی، حضرت عمرؓ نے یعلی کو اشارہ کیا تو یعلی آئے، اس وقت رسول اللہ ﷺ کے اوپر ایک کپڑا تھا جس سے آپ پر سایہ کر دیا گیا تھا، یعلی نے اپنا سر اس میں داخل کیا تو دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کا چہرہ مبارک سرخ ہے اور آپ لمبی لمبی سانس لے رہے ہیں، پھر یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ وہ شخص کہاں ہے جس نے عمرہ کے بارے میں سوال کیا تھا؟ اس شخص کو لایا گیا آپ نے فرمایا جو خوشبو تم نے لگا رکھی ہے اسے تین بار دھوؤ، جبہ کو اپنے جسم سے اتار دو اور اپنے عمرے میں اسی طرح کرو جس طرح تم اپنے حج میں کرتے ہو، ابن جریج کہتے ہیں کہ میں نے عطاء سے دریافت کیا کہ کیا تین بار دھونے کے حکم سے آپ کا مقصد یہ ہے کہ خوب صفائی حاصل ہو جائے؟ تو انہوں نے جواب میں کہا کہ ہاں۔

تشریح: امام بخاری یہ کہتے ہیں کہ جو آدمی احرام باندھنا چاہتا ہے اگر اس کے کپڑوں پر خلوق لگا ہوا

Maktaba Tul Ishaat.com

ہو تو اس کو تین مرتبہ دھولے، تین مرتبہ کی قید حدیث کی اتباع میں لگائی ہے مقصود خلوق کا ازالہ ہے اس لئے کہ خلوق میں عادۃً زعفران پڑتا ہے اور مُحرِم کو مزعفر کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امام اسماعیلی نے امام بخاری پر اعتراض کیا ہے کہ روایت الباب ترجمہ کے مطابق نہیں ہے کیوں کہ روایت سے بظاہر صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ خوشبو اس کے بدن پر لگی ہوئی تھی نہ کے اس کے کپڑوں پر۔

اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری نے اپنا یہ ترجمہ دوسری روایات اور طرق پر نظر کرتے ہوئے ثابت کیا ہے، یہی روایت آئندہ ابواب عمرہ ص ۲۴۱ پر ہے اس میں یہ تصریح ہے وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ وَعَلَيْهِ أَثَرُ الخلوقِ أَوْ قَالَ صُفْرَةٌ، نیز امام بخاری نے یہ حدیث ابواب مغازی میں ذکر کی ہے اس میں ہے جاء أعرابی علیه جبة متضمّخة بطيب، اور مسلم وغیرہ میں جو الفاظ وارد ہوئے ہیں وہ اس مضمون پر صراحۃً دلالت کرتے ہیں۔

جَاءَهُ رَجُلٌ: اس رجل اعرابی کا نام معلوم نہیں ہو سکا، بعض حضرات کہتے ہیں کہ ان کا نام عطاء بن منیہ ہے، لیکن اس کے ثبوت میں کلام ہے بظاہر اس روایت میں سقوط وغیرہ واقع ہو گیا ہے۔

اغْسِلِ الطِّيبَ الَّذِي بِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: تین مرتبہ حضور ﷺ نے دھونے کا حکم انقاء کی نیت سے دیا اور ابن جریج وعطاء کا سوال وجواب اسی پر دلالت کرتا ہے بلکہ اس کی تصویب کر رہا ہے۔

وَانْزِعْ عَنْكَ الجُبَّةَ: اور جبہ اتار دو اس واسطے کہ محرم کو مخیط کے پہننے کی اجازت نہیں ہے۔

وَاصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِي حَجَّتِكَ: اس کا کیا مطلب ہے؟

(۱) علامہ ابن بطال فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ جو ادعیہ وغیرہ حج میں پڑھی جاتی ہیں وہ عمرہ میں بھی پڑھتے رہو۔

(۲) علامہ ابن منیر فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ جیسے تم حج میں طیب سے اجتناب کرتے ہو عمرہ میں بھی اجتناب کرو، علامہ فرماتے ہیں کہ اس سے یہ معلوم ہوا کہ ترک بھی افعال میں ہے اس لئے کہ حضور ﷺ نے اس کے متعلق وَاصْنَعْ ارشاد فرمایا۔

(۳) غسل خلوق اور نزع ثیاب کرو، یعنی جیسے تم حج میں خوشبو سے اجتناب کرتے ہو اور ملبوسات کو نہیں پہنتے ہو ایسے ہی تم عمرہ میں کرو لہٰذا خلوق دھو ڈالو اور جبہ اتار دو، یہ مطلب حافظ ابن حجر نے بظاہر اختیار کیا ہے۔

(۴) چوتھا مطلب میرے ذہن میں آتا ہے بلکہ میرے نزدیک وہی امام بخاری سمجھ رہے ہیں اور وہ یہ ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ حج اور عمرہ تمام چیزوں میں مشترک ہیں، لہذا جو حج میں کیا جاتا ہے وہ عمرہ میں کیا جاتا ہے، ہاں وہ چیزیں مستثنیٰ ہیں جو حج کے ساتھ مخصوص ہیں جیسے عرفات کا وقوف، مزدلفہ میں رات گزارنا اور منیٰ جانا۔

اور یہ جو میں نے کہا کہ امام بخاری نے یہی سمجھا ہے وہ اس لئے کہا کہ امام نے ص ۲۴۱ پر ایک ترجمہ منعقد کیا ہے بَاب يَفعَلُ فِي العُمْرَةِ مَايَفعَلُ فِي الحَجِّ، میری رائے ہے کہ امام بخاری نے اس آنے والے باب سے ارکان عمرہ کی طرف اشارہ کیا ہے، گویا یہ بتلایا ہے کہ جیسے حج میں احرام ہوتا ہے طواف ہوتا ہے سعی ہوتی ہے ایسے ہی عمرہ میں بھی یہ چیزیں ہوں گی، اور جیسے حج میں حلق یا قصر کیا جاتا ہے عمرہ میں بھی کیا جائے گا۔

(ص ۲۰۸) بَاب الطِّيبِ عِندَ الإِحرَامِ وَمَا يَلبَسُ إِذَا أَرَادَ أَن يُحرِمَ وَيَتَرَجَّلَ وَيَدَّهِنَ

وَقَالَ ابنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ يَشَمُّ المُحرِمُ الرَّيحَانَ وَيَنظُرُ فِي المِرآةِ وَيَتَدَاوَى بِمَا يَأكُلُ الزَّيتِ وَالسَّمنِ، وَقَالَ عَطَاءٌ يَتَخَتَّمُ وَيَلبَسُ الهِميَانَ، وَطَافَ ابنُ عُمَرَ وَهُوَ مُحرِمٌ وَقَدْ حَزَمَ عَلَى بَطنِهِ بِثَوبٍ، وَلَم تَرَ عَائِشَةُ بِالتُّبَّانِ بَأسًا، قال أبو عبدالله: تعني لِلَّذِينَ يَرحَلُونَ هَودَجَهَا.

١٥٣٣ . حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفيَانُ عَن مَنصُورٍ عَن سَعِيدِ بنِ جُبَيرٍ قَالَ كَانَ ابنُ عُمَرَ يَدَّهِنُ بِالزَّيتِ فَذَكَرتُهُ لِإِبرَاهِيمَ قَالَ مَا تَصنَعُ بِقَولِهِ.

١٥٣٤ . حَدَّثَنِي الأَسوَدُ عَن عَائِشَةَ قَالَت كَأَنِّي أَنظُرُ إِلَى وَبِيصِ الطِّيبِ فِي مَفَارِقِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ مُحرِمٌ.

١٥٣٥ . حَدَّثَنَا عَبدُ اللّٰهِ بنُ يُوسُفَ أَخبَرَنَا مَالِكٌ عَن عَبدِ الرَّحمٰنِ بنِ القَاسِمِ عَن أَبِيهِ عَن عَائِشَةَ زَوجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَت كُنتُ أُطَيِّبُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ لِإِحرَامِهِ حِينَ يُحرِمُ وَلِحِلِّهِ قَبلَ أَن يَطُوفَ بِالبَيتِ.

ترجمہ: باب، احرام کے وقت خوشبو لگانے کا بیان، نیز اس بات کا بیان کہ محرم جب احرام باندھنے کا ارادہ کرے تو کیا پہنے؟ اور اس بات کا بیان کہ (محرم احرام باندھتے وقت) بالوں میں کنگھی کرے اور تیل لگائے۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ محرم خوشبودار پھول سونگھ سکتا ہے اور آئینہ میں دیکھ سکتا ہے اور ہمیانی باندھ سکتا ہے، اور جو چیز کھاتا ہے تیل اور گھی اس سے علاج کر سکتا ہے، حضرت ابن عمرؓ نے احرام کی حالت میں طواف کیا اور آپ اپنے شکم پر ایک

Maktaba Tul Ishaat.com

کپڑا باندھے ہوئے تھے، حضرت عائشہؓ نے ان لوگوں کے لئے جو ان کے کجاوے کو لیکر چلتے تھے چھوٹے پائے جامے (جانگیا) پہننے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھا۔

سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ حضرت ابن عمرؓ سر میں (خوشبو سے خالی) تیل استعمال کرتے تھے، سعید بن جبیر کے شاگرد منصور کہتے ہیں کہ میں نے اس کا ذکر حضرت ابراہیم نخعی سے کیا تو انہوں نے کہا کہ تم حضرت ابن عمرؓ کے قول کا کیا کروگے؟ جبکہ مجھ سے اسود نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے حضرت عائشہؓ سے سنا وہ فرماتی تھیں کہ میں گویا رسول اللہ ﷺ کی مانگوں میں خوشبو کی چمک دیکھ رہی ہوں جبکہ آپ محرم تھے۔

ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کو خوشبو لگاتی تھیں آپ کے احرام کے لئے بھی جب کہ آپ احرام باندھتے تھے اور آپ کے حلال ہونے کے لئے بھی بیت اللہ کے طواف سے پہلے۔

تشریح: لفظِ احرام کتاب الحج میں باب کے تحت پہلی جگہ آیا ہے اس واسطے پہلے احرام کے متعلق سنو! احرام نام ہے دخول الحرمة المخصوصة کا، تحقق احرام کیلئے کیا چیز ضروری ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

(۱) حضرات ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ احرام نیت سے حاصل ہو جائے گا آگے کسی قول وفعل کی ضرورت نہیں ہے، (۲) حضرات حنفیہ فرماتے ہیں کہ احرام کے تحقق کے لئے نیت کے ساتھ ساتھ قول یا فعل کا ہونا ضروری ہے اور اسی لحاظ سے احرام کی ہمارے یہاں دو قسمیں ہیں، احرام قولی اور احرام فعلی۔

احرام قولی یہ ہے کہ نیت کی جائے اور اس کے ساتھ کوئی ایسا ذکر پڑھا جائے جو تعظیم خالص پر دلالت کرتا ہو، اور تلبیہ ہو تو سب سے بہتر ہے بلکہ تلبیہ کا ہونا سنت ہے کیوں کہ رسول پاک ﷺ سے احرام کے وقت نیت کے ساتھ ساتھ تلبیہ بھی پڑھنا نقل کیا گیا ہے، یہاں ہمارے فقہاء احناف نے بالکل وہی انداز اختیار کیا ہے جو نماز میں ہے یعنی نماز میں داخلہ کے لئے نیت کے ساتھ ساتھ تکبیر تحریمہ کہی جاتی ہے یا کوئی ایسا لفظ کہا جائے جو تعظیم خالص غیر مشوب بالغرض پر دلالت کرتا ہو۔

احرام فعلی یہ ہے کہ نیت کیساتھ کوئی ایسا فعل پایا جائے جو حج کیساتھ خاص ہو جیسے سوق ہدی یا تقلید بدن۔

پھر فقہاء احناف کا بیان اس میں مختلف ہے کہ تحقق احرام کے لئے یہ دونوں چیزیں ارکان ہیں یا شرائط؟ صاحب بحر نے ان کو ارکان سمجھا ہے لیکن صاحب نہر کی رائے ہے کہ یہ اس کے حق میں شرائط ہیں، ہاں پھر احرام ہونا فرائض حج میں سے ہے اس میں کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ کی غرض کیا ہے؟ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اصل میں اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ خلوق کے دھونے کا حکم ثیاب سے متعلق ہے، بدنِ مُحرِم سے متعلق نہیں ہے، لہذا محرم اگر بدن پر کوئی ایسی خوشبو استعمال کرلے جو احرام کے بعد باقی رہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

غور سے سنو! اس مسئلہ میں ائمۂ اربعہ کا اتفاق ہے کہ محرم کو احرام سے پہلے خوشبو لگانا جائز ہے بلکہ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ مندوب ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ کیا ہر نوع کی خوشبو لگا سکتے ہیں یا صرف وہ خوشبو لگائی جاسکتی ہے جس کا احرام کے بعد کوئی اثر باقی نہ رہے؟ امام مالک اور محمد بن حسن فرماتے ہیں کہ صرف ایسی خوشبو لگائی جاسکتی ہے جس کا اثر بعد میں باقی نہ رہے، اور ایسی خوشبو جس کا اثر بعد میں باقی رہے لگانی جائز نہیں ہے، اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ ہر طرح کی خوشبو لگانی جائز ہے۔

پھر جمہور علماء میں اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ آیا ثوب وبدن دونوں کا حکم ایک ہے یا دونوں میں فرق ہے؟ (۱) حضرات حنابلہ فرماتے ہیں کہ ثوب وبدن دونوں کا حکم ایک ہے، (۲) حضرات شافعیہ بدن میں اسی کے قائل ہیں لیکن ثوب میں ان کی دو روایتیں ہیں، ایک جواز کی اور دوسری عدم جواز کی، جواز والی روایت ان کے یہاں اصح ہے، (۳) حضرات حنفیہ بدن میں جمہور کے ساتھ ہیں لیکن ثوب میں ان کی دو روایتیں ہیں، ایک جواز کی اور دوسری عدم جواز کی، یہ دونوں روایتیں علامہ زبیدی نے شرح احیاء میں نقل کی ہے۔

عام طور سے متون کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے یہاں بدن میں خوشبو لگانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، علامہ فخر الدین زیلعی اور ابن ہمام نے عدم جواز کا قول اختیار کیا ہے، مشہور یہی ہے کہ حضرات احناف خوشبو کو بدن میں جائز کہتے ہیں اور ثوب میں ناجائز کہتے ہیں۔

اب مسئلہ میں تین قول ہوگئے، (۱) مالک ومحمد کا قول یہ ہے کہ کسی نوع کی خوشبو نہ ہونی چاہئے یعنی ایسی خوشبو نہ ہو جو احرام کے بعد باقی رہے، (۲) حنابلہ اور شافعیہ فرماتے ہیں کہ مطلقاً بدن اور ثوب میں ایسی خوشبو لگائی جاسکتی ہے جو احرام کے بعد باقی رہے، (۳) حنفیہ فرماتے ہیں کہ بدن میں جائز ہے اور ثوب میں جائز نہیں ہے، حضرت امام بخاری اس مسئلہ میں حنفیہ ہی کے ہم خیال ہیں، اسی لئے پہلے امام نے غَسلِ الخلوقِ ثَلاثَ مَرَّاتٍ مِنَ الثِّيَابِ کا ترجمہ منعقد کیا اور اس کے بعد بَابُ الطِّيبِ عِنْدَ الإِحْرَامِ کا ترجمہ منعقد فرمایا، گویا یہ بتلاتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں کہ کپڑے میں تو کسی قسم کی گنجائش نہیں ہے البتہ بدن میں خوشبو لگا سکتے ہیں۔

یہ خوشبو لگانا کیسا ہے؟ علماء کی رائے ہے کہ احرام سے پہلے خوشبو لگانا مستحبات اور مسنونات میں سے ہے۔

وَيَتَرَجَّلَ وَيَدَّهِنَ: اور کنگھا کرے اور تیل لگائے، امام بخاری نے ترجل واڈھان دو چیزوں کا ترجمہ میں ذکر کیا ہے لیکن روایت میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں، روایت میں صرف خوشبو لگانے کا ذکر ہے، مصنف نے اڈھان اور ترجل کو طیب ہی سے ثابت کیا ہے اس لئے کہ یہ سب چیزیں ترفہ میں مشترک ہیں اس کا بھی مقصود کچھ راحت وآرام ہے اور ان دونوں کا بھی یہی ہے۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: يَشَمُّ الْمُحْرِمُ الرَّيْحَانَ: محرم خوشبو سونگھ سکتا ہے، اس میں علماء کے تین قول ہیں، اسحاق بن راہویہ فرماتے ہیں کہ مباح ہے، امام احمد سے توقف منقول ہے، ویسے حنابلہ کے یہاں دو قول ہیں اباحت اور تحریم، امام شافعی تحریم کے قائل ہیں، مالک اور حنفیہ فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے، تو تین قول ہو گئے، (۱) حرمت کما قاله الشافعية وبعض الحنابلة، (۲) کراہت کما قاله مالك وأبو حنيفة، (۳) اباحت کما قاله إسحاق وجماعة من الحنابلة۔

وَيَنْظُرُ فِي الْمِرْآةِ: ائمہ اربعہ کے یہاں محرم کو آئینہ دیکھنا جائز ہے، لیکن امام شافعی سے منقول ہے کہ مکروہ ہے، امام مالک فرماتے ہیں کہ ضرورت کی وجہ سے دیکھ سکتا ہے بے ضرورت نہ دیکھے۔

وَيَتَدَاوَى بِمَا يَأْكُلُ الزَّيْتِ وَالسَّمْنِ: یعنی جو چیزیں کھانے کے استعمال میں آتی ہیں ان کو بطور علاج کے بھی استعمال کر سکتا ہے، جیسے زیتون کا تیل ہے گھی ہے، جمہور کا یہی مسلک ہے لیکن مجاہد سے منقول ہے کہ اگر کسی آدمی نے سمن کے ساتھ تداوی کی تو اس پر دم واجب ہو گا۔

وَقَالَ عَطَاءٌ يَتَخَتَّمُ: انگوٹھی پہن سکتا ہے، در مختار میں ہمارا بھی یہی مسلک لکھا ہوا ہے۔

وَيَلْبَسُ الْهِمْيَانَ: اور ہمیانی باندھ سکتا ہے، ہمیانی ایک خاص چیز ہوتی ہے پٹے کی سی ہوتی ہے اس میں پیسہ وغیرہ رکھ کر کمر پر باندھ لیا کرتے ہیں، جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ عقدِ ہمیانی میں کوئی حرج نہیں ہے البتہ ابن عمرؓ اور نافع سے کراہت نقل کی گئی ہے۔

وَقَدْ حَزَمَ عَلَى بَطْنِهِ: ابن عمرؓ اپنے پیٹ پر کپڑا باندھے ہوئے تھے یعنی کمر پر کپڑا باندھے ہوئے تھے۔

وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بِالتُّبَّانِ بَأْسًا: حضرت عائشہؓ نے جانگیا پہننے میں کوئی حرج نہیں سمجھا ہے، یہ حضرت

Maktaba Tul Ishaat.com

عائشہؓ کی اپنی رائے ہے، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ جانگیا پہننا ایسے ہی ناجائز ہے جیسے سراویل اس لئے کہ دونوں مخیط ہونے میں برابر ہیں۔

قَالَ أَبُو عَبْدِاللهِ: يَعْنِي لِلَّذِينَ يَرْحَلُونَ هَوْدَجَهَا: یعنی ان لوگوں کے لئے کوئی مضائقہ نہیں سمجھتی تھیں جو ان کا پالان کسا کرتے تھے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ: سعید بن جبیر نے حضرت ابن عمرؓ کا عمل نقل کیا کہ وہ احرام کے وقت زیتون کا تیل لگایا کرتے تھے، منصور بن معتمر کہتے ہیں کہ میں نے ابراہیم نخعی سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا مَا تَصْنَعُ بِقَوْلِهِ تم سعید کا قول کیا پیش کرتے ہو یعنی میرے پاس تو حدیث مرفوع موجود ہے حَدَّثَنِي الْأَسْوَدُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَبِيصِ الطِّيبِ فِي مَفَارِقِ رَسُولِ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ، اس سے معلوم ہوا کہ اصل حضور اکرم ﷺ کا قول و عمل ہے۔

یہ حدیث جمہور علماء کی دلیل ہے کہ محرم احرام سے پہلے ایسی خوشبو لگا سکتا ہے جس کا اثر بعد میں باقی رہے، مالکیہ اور محمد بن حسن کہتے ہیں کہ ایسی خوشبو نہیں لگا سکتا ہے کیوں کہ یعلیٰؓ کی روایت میں یہ وارد ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اعرابی سائل سے فرمادیا تھا اغسِلِ الطِّيبَ الَّذِي بِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَانْزِعْ عَنْكَ الْجُبَّةَ۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یعلیٰؓ جس روایت کو نقل کر رہے ہیں وہ عمرۂ جعرانہ کی ہے جو سن ۸ھ میں واقع ہوا ہے، اور حضرت عائشہؓ حجۃ الوداع کا واقعہ نقل کر رہی ہیں جو سن ۱۰ھ میں ہے، تو بعد کا عمل پہلے کے عمل اور مقدم حدیث کیلئے ناسخ ہوگا، دوسرا جواب بعض علماء نے یہ دیا ہے کہ اصل میں اس اعرابی کو جبۂ متضمخہ بالخلوق کے دھونے کا حکم اس لئے دیا تھا کہ زعفران پڑا ہوا تھا اور محرم کو زعفران کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

(ص ۲۰۸) بَابُ مَنْ أَهَلَّ مُلَبِّدًا

١٥٣٦. حَدَّثَنَا أَصْبَغُ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يُهِلُّ مُلَبِّدًا.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو بالوں کو جمائے ہوئے احرام باندھے۔

ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو تلبیہ کہتے ہوئے سنا اس حال میں کہ آپ بالوں کو جمائے ہوئے تھے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: یہ باب اس شخص کے بیان میں ہے جس نے تلبید کی حالت میں احرام باندھا۔

مُلَبِّدًا اسم فاعل کا صیغہ ہے تلبید سے، صمغ یعنی گوند یا اس جیسی کوئی چیز لیکر بالوں میں لگالینا تاکہ بال جمع رہیں منتشر نہ ہوں، اگر احرام سے پہلے تلبید کرلی جائے تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے۔

تلبید کا حکم کیا ہے؟ امام شافعی اور ان کے اصحاب فرماتے ہیں کہ مستحب ہے، صاحب منہل نے امام احمد سے بھی یہی نقل کیا ہے اور فرماتے ہیں کہ حنفیہ اور مالکیہ بھی اسی کے قائل ہیں بشرطیکہ یسیر ہو ستر راس نہ ہوتا ہو۔

عبد ضعیف کہتا ہے کہ ان حضرات کی کتابوں کے دیکھنے سے جو بات معلوم ہوتی ہے وہ حسب ذیل ہے، امام شافعی اور ان کے اصحاب تلبید کو مستحب کہتے ہیں، مالکیہ اور حنابلہ مباح کہتے ہیں، بعض مالکیہ جیسے قاضی عیاض اور علامہ ابوعبداللہ الابی اور سنوسی وغیرہ نے مستحب کہا ہے، حنفیہ میں سے علامہ رشید الدین نے اپنے مناسک میں اس کو حسن قرار دیا ہے، علامہ عینی نے شرح بخاری میں مستحب لکھا ہے، بہرحال مذاہب اربعہ میں استحباب کا قول ملتا ہے اور ہر حال میں شرط یہ ہے کہ معمولی ہو مؤدی الی ستر الراس نہ ہو۔

(ص ٢٠٨) بَابُ الْإِهْلَالِ عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ

١٥٣٧. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ ح.

١٥٣٨. وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يَقُولُ مَا أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ يَعْنِي مَسْجِدَ ذِي الْحُلَيْفَةِ.

ترجمہ: باب، ذوالحلیفہ کی مسجد کی پاس احرام باندھنے کا بیان۔

تشریح: امام بخاری نے یہ بیان فرمایا ہے کہ مدنی؛ مسجد ذوالحلیفہ کے پاس احرام باندھے گا۔

احرام کب باندھا جائے؟ اس میں اختلاف ہے، ۱۔ امام ابوحنیفہ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ مسجد ذوالحلیفہ میں دوگانہ ادا کرنے کے بعد وہیں احرام باندھنا مستحب ہے، ۲۔ امام مالک اور ان کے اصحاب کہتے ہیں کہ جب آدمی سواری پر سوار ہو جائے، ۳۔ شافعیہ کہتے ہیں کہ جب آدمی سواری پر سوار ہو جائے اور سواری چلنے لگے، ۴۔ عطاء

Maktaba Tul Ishaat.com

بن ابی رباح، اوزاعی اور قتادہ کہتے ہیں کہ جب شرف بیداء یعنی بیداء کے بالائی حصہ پر سواری چڑھ جائے۔

اس اختلاف کا منشاء اصل میں روایات کا اختلاف ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے کہاں پر احرام باندھا؟ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے مسجد ذوالحلیفہ کے پاس احرام باندھا اور بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ جب آپ سواری پر سوار ہوگئے اور بعض میں شرف بیداء پر تلبیہ کا ذکر ہے، امام احمد، ابوداؤد اور حاکم نے حضرت ابن عباسؓ سے ایک روایت نقل کی ہے جس سے یہ سارا اختلاف دور ہو جاتا ہے۔

سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ میں نے ابن عباسؓ سے پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ کا تو ایک ہی حج ہے اور اس میں اتنا اختلاف کہ کوئی کہتا ہے کہ آپ نے مسجد ہی میں احرام باندھا اور کوئی کہتا ہے کہ سواری پر سوار ہو کر اور کوئی شرف بیداء پر کہتا ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اصل بات یہ ہے کہ جناب رسول اکرم ﷺ نے دوگانہ ادا کرنے کے فوراً بعد ہی احرام باندھ لیا، جو لوگ وہاں تھے انہوں نے آپ کو دیکھا، اس کے بعد جب آپ سواری پر سوار ہوئے تو تلبیہ پڑھا جو وہاں کے حاضرین تھے انہوں نے وہاں آپ کو تلبیہ پڑھتے ہوئے سنا، لوگ جماعت در جماعت آرہے تھے جب آپ کی سواری شرف بیداء پر چڑھ گئی تو پھر آپ نے تلبیہ پڑھا وہاں والوں نے وہاں آپ کو تلبیہ پڑھتے ہوئے سنا، جس نے جہاں دیکھا وہیں کو نقل کر دیا، سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی ابن عباسؓ کے قول پر عمل کرے تو مسجد ذوالحلیفہ ہی سے احرام باندھے گا، امام بخاری کا رجحان بھی یہی ہے کہ مسجد ذوالحلیفہ کے پاس احرام باندھا جائے۔

(ص ۲۰۸) بَابُ مَا لَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ

١٥٣٩ . حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَلْبَسُ الْقُمُصَ وَلَا الْعَمَائِمَ وَلَا السَّرَاوِيلَاتِ وَلَا الْبَرَانِسَ وَلَا الْخِفَافَ إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ وَلَا تَلْبَسُوا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ أَوْ وَرْسٌ.

قال أبوعبدالله: يغسل المحرم رأسه ولايترجل ولايحك جسده ويلقى القمل من رأسه وجسده فى الأرض.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، ان کپڑوں کا بیان جن کا پہننا محرم کے لئے جائز نہیں۔

تشریح: امام بخاری کا مقصود ان انواع ثیاب کو بیان کرنا ہے جو مُحرِم کے لئے ممنوع ہیں۔

مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ؟ یہاں مُحرم سے مراد بالاجماع مرد ہے، عورتیں مراد نہیں ہیں اس لئے کہ جن کپڑوں کا آئندہ بیان آرہا ہے مرد ہی کو ان کی اجازت ہے اور جن کپڑوں سے منع کیا گیا ہے مرد ہی کو ان کپڑوں کے استعمال کرنے سے روکا گیا ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لَا يَلْبَسُ الْقَمِيصَ: آپ نے فرمایا کہ قمیص نہ پہنے، عمامہ نہ باندھے، شلوار نہ پہنے، برنس برساتی نہ پہنے، خف استعمال نہ کرے، **وَلَا الْبَرَانِسَ**، برانس جمع ہے بُرنُس کی، برنس ایک مخصوص قسم کا کپڑا ہوتا ہے جس کی ٹوپی اسی کے اندر سلی ہوئی ہوتی ہے، ہمارے یہاں اس کا ترجمہ آسانی کے لئے برساتی سے کر دیا جاتا ہے، **وَلَا الْخِفَافَ**، خف کی جمع ہے بمعنی موزہ، **إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ**، اگر کسی آدمی کو نعلین نہ ملے تو وہ خفین پہن سکتا ہے لیکن کاٹ کے کعبین کے نیچے نیچے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سائل نے ملبوسات کے متعلق سوال کیا تھا لیکن آپ نے سوال کے جواب میں ملبوسات کا ذکر کرنے کے بجائے غیر ملبوسات کا تذکرہ فرمایا، اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لئے کہ (۱) دفع مضارّ جلب منافع سے اہم ہے لہٰذا غیر ملبوسات کا سوال کرنا چاہئے، (۲) دوسرے اس بات پر تنبیہ کرنی مقصود تھی کہ ملبوسات غیر محدود ہیں، اور غیر ملبوسات ہیں محدود، لہٰذا ایسے امر کے متعلق سوال کرنا چاہئے جس کا بیان کرنا اور سائل کا آسانی سے یاد کر لینا آسان ہو، (۳) نیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ طرز جواب جو اختیار کیا ہے وہ اس لئے کہ ملبوسات کو شمار کرنا دشوار ہو جاتا اور غیر ملبوسات محدود ہیں۔

یہ حکمت جنہوں نے بیان کی ہے بظاہر حکمت ثانیہ کے ساتھ متحد ہے لیکن واقع اور نفس الامر میں دونوں میں فرق ہے، میں نے نمبر دو پر جو حکمت بیان کی ہے وہاں یہ ملحوظ ہے کہ سائل کو گویا تنبیہ کی جارہی ہے کہ ایسا سوال کرتے جس کا جواب تمہارے بس میں ہوتا، اور تیسرے نمبر پر ہم نے جو حکمت بیان کی ہے اس میں ملحوظ یہ ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں اسہل طریقہ اختیار فرمایا کہ غیر ملبوسات جو محدود ہیں ان کو بیان کر دیا اور جب وہ معلوم ہو جائیں گے تو آگے ملبوسات خود بھی معلوم ہو جائیں گے، اس سے معلوم ہوا کہ جواب کے

Maktaba Tul Ishaat.com

لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ منطوقاً سوال کے مطابق ہو اگر مفہوماً بھی تطابق ہو جائے تو کافی ہے۔

امام بخاری نے کتاب العلم میں اس حدیث پاک سے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ سائل کے سوال سے زائد جواب دیا جاسکتا ہے، سائل نے صرف ملبوسات کا سوال کیا تھا آپ نے غیر ملبوسات کو بھی جواب میں ذکر کر دیا، تو منطوق کلام سے غیر ملبوسات کا علم ہو گیا اور مفہوم کلام سے ملبوسات کا علم ہو گیا۔

حضرت رسول پاک ﷺ نے جن لباسوں سے منع فرمایا ہے علماء نے ان لباسوں کو سامنے رکھ کر ایک ضابطہ مستنبط کیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ ایسا کپڑا استعمال کرنا جو بدن کی وضع کے مطابق سلا ہوا ہو، جو ساتر راس ہو، اور جو ٹخنوں کو ڈھانکنے والا ہو محرم کے لئے جائز نہیں ہے۔

فتق سراویل ضروری ہے؟ اگر کسی آدمی کے پاس ازار نہ ہو سراویل ہو تو سراویل استعمال کر سکتا ہے لیکن فتق (کھولنا) ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کہتے ہیں کہ فتق ضروری ہے، یہی شافعیہ کا ایک قول ہے، امام مالک واحمد فرماتے ہیں کہ بلا فتق کے بھی استعمال کرنا جائز ہے اور فدیہ وغیرہ کچھ بھی واجب نہیں ہو گا اور یہی شافعیہ کا اصح قول ہے۔

إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ: اگر کسی آدمی کے پاس نعلین نہ ہو تو وہ خفین پہن سکتا ہے لیکن کعبین سے نیچے نیچے کاٹ دینا چاہئے، یہ قطع امام ابو حنیفہ، امام مالک اور امام شافعی کے یہاں واجب ہے، امام احمد فرماتے ہیں کہ واجب نہیں ہے بلا قطع کے بھی پہننا جائز ہے، اس لئے کہ ابن عباسؓ کی روایت میں قطع کا کوئی تذکرہ نہیں ہے، ابو بکر نیساپوری وغیرہ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی روایت مقدم ہے مدینہ کی ہے اور ابن عباسؓ کی روایت مؤخر ہے عرفات کی ہے لہذا ابن عباسؓ کی روایت ابن عمرؓ کی روایت پر مقدم ہو گی۔

جمہور علماء کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ حج ہی سے متعلق دونوں روایتیں ہیں اور ایک ہی سفر سے دونوں کا تعلق ہے اس لئے اس میں نسخ وعدم نسخ کی بات لانی کچھ صحیح معلوم نہیں ہوتی ہے، ظاہر یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے جیسے پہلے قطع کا ایک مرتبہ ذکر کیا تھا دوسری مرتبہ بھی ذکر فرمایا ہو گا لیکن راوی نے بظاہر بُعد کی وجہ سے نہیں سنا، یا سنا لیکن ذہن میں وہ بات مستحضر نہیں رہی، یا اور کسی وجہ سے اس کا تذکرہ نہیں کیا، بہر حال چونکہ ایک ہی واقعہ سے متعلق دونوں روایتیں ہیں لہذا یہاں مطلق کو مقید پر محمول کیا جائے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

کعبین سے کیا مراد ہے؟ حضور پاک ﷺ یہ فرمارہے ہیں کہ کعبین سے نیچے کاٹ لو، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ کعبین سے وہی دو ہڈیاں مراد ہیں جو وضو میں دھوئی جاتی ہیں یعنی العظمان الناتئان اللتان ینتھی إلیھما عظم الساق، امام محمد سے کسی شخص نے پوچھا کہ حج میں کعبین سے کیا مراد ہے تو انہوں نے اس ابھری ہوئی ہڈی کی طرف اشارہ کیا جو ظہر قدم میں اٹھی ہوئی ہوتی ہے، اس لئے حضرات احناف یہ کہتے ہیں کہ محرم ایسا جوتا اور چپل استعمال کرے جس سے ظہر قدم کی ابھری ہوئی ہڈی مستور نہ ہوتی ہو۔

کسی کے پاس چپل موجود ہوں وہ بھی موزے کاٹ سکتا ہے؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ نہیں، صاحب بحر فرماتے ہیں کہ ہمیں اپنے فقہاء کی عبارتوں میں اس کے متعلق کہیں کوئی بیان نہیں ملا، ظاہر یہ ہے کہ ہمارے یہاں بھی ناجائز ہے لیکن یہ چیز بڑی تعجب خیز ہے، علامہ عینی اور ابن ہمام نے لکھا ہے کہ خفین مقطوعین واجد النعلین کے لئے بھی جائز ہے اس لئے کہ اب وہ خفین نہیں رہے بلکہ نعلین بن گئے، البتہ ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ مخالفت سنت کی سی شکل بنتی ہے اس لئے یہ مکروہ ہے۔

اگر کسی شخص نے خفین مقطوعین بضرورت پہن لئے تو باتفاق ائمۂ اربعہ اس پر فدیہ واجب نہیں ہوگا، لیکن طبری، قرطبی، نووی اور حافظ ابن حجر نے حنفیہ سے وجوب فدیہ نقل کر دیا وھو نقل غیر صحیح، اسی طرح سے بعضوں نے مالکیہ سے نقل کر دیا وھو أیضاً غلط۔

وَلَا تَلْبَسُوا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ أَوْ وَرْسٌ: ایسے کپڑے نہ استعال کرو جس میں زعفران یا ورس لگا ہوا ہو، زعفران مشہور خوشبو ہے اور ورس ایک گھاس ہوتی ہے زرد رنگ کی جس میں خوشبو ہوتی ہے اور اس سے کپڑے وغیرہ رنگے جاتے ہیں جس کا رنگ سرخی اور سفیدی کے مابین ہوا کرتا ہے، ثوب مورّس و مزعفر محرم کے واسطے ناجائز ہے، اس کا استعال کرنا اس کے لئے مباح نہیں ہے اگر غیر غسیل ہو۔

اور اگر غسیل ہو تو ثوب مورّس و مزعفر کو استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ امام مالک ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ جائز نہیں ہے، جمہور فرماتے ہیں کہ جائز ہے، حنفیہ فرماتے ہیں کہ بشرطیکہ رنگ کا اثر بدن پر نہ پہنچتا ہو بعض وقت کپڑا دھو دیا جاتا ہے اس کے بعد بھی بدن پر اس کا اثر آتا ہے۔

قال أبو عبد اللہ یغسل المحرم رأسہ: یہی حضرات جمہور کا مسلک ہے، مالک فرماتے ہیں کہ مکروہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے، ولا یترجل، اور کنگھانہ کرے اس لئے کہ یہ من باب الزینۃ ہے، ولا یحک جسدہ، اور اپنے بدن کو نہ کھجائے، مراد بے ضرورت کھجانا ہے، ویلقی القمل من رأسہ وجسدہ فی الأرض، اور قمل یعنی جوئیں کو اپنے سر اور بدن سے نکال کر زمین پر ڈال سکتا ہے، یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، حنابلہ کے اس میں دو قول ہیں، جواز وعدم جواز، حضرات حنفیہ فرماتے ہیں کہ القاء علی الارض مکروہ ہے جائز نہیں۔

(ص ۲۰۹) بَابُ الرُّكُوبِ وَالِارْتِدَافِ فِي الْحَجِّ

١٥٤٠. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ يُونُسَ الْأَيْلِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أُسَامَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ كَانَ رِدْفَ النَّبِيِّ ﷺ مِنْ عَرَفَةَ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ ثُمَّ أَرْدَفَ الْفَضْلَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى قَالَ فَكِلَاهُمَا قَالَ لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ ﷺ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ.

ترجمہ: باب، حج میں سوار ہونے اور سواری پر کسی کو پیچھے بٹھانے کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ عرفہ سے مزدلفہ تک نبی کریم ﷺ کے ردیف اسامہؓ تھے، پھر آپ ﷺ نے مزدلفہ سے منی تک اپنے پیچھے حضرت فضلؓ کو بٹھایا، دونوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ برابر تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ آپ نے جمرۂ عقبہ کی رمی کی۔

تشریح: رکوب سوار ہونا اور ارتداف کسی کے پیچھے سوار ہونا اور إرداف کسی کو پیچھے سوار کرنا، ارتداف کا قانون میں ماقبل میں بیان کرچکا ہوں کہ اگر دابہ میں طاقت ہے تو جائز ہے ورنہ جائز نہیں۔

امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے غالبًا اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ حج کا سفر چونکہ لمبا ہوتا ہے اس لئے ہوسکتا ہے کہ کوئی آدمی یہ سمجھے کہ سفر حج میں بس اکیلے ہی سواری کرنا چاہئے دوسرے کو سواری پر لادنا سواری کو مشقت میں ڈالنا ہے، مصنف نے یہ بتلادیا کہ حج میں تنہا بھی رکوب جائز ہے اور ارتداف بھی جائز ہے دوسرے کا پیچھے سوار ہونا بھی جائز ہے۔

أَنَّ أُسَامَةَ كَانَ رِدْفَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: حضور اکرم ﷺ نے متعدد لوگوں کو متعدد مواقع میں اپنے پیچھے سوار کیا ہے، ابن مندہ اصبہانی نے ان کے ناموں کو جمع بھی کیا ہے، علامہ شہاب الدین قرافی نے نسیم الریاض شرح الشفاء للقاضی عیاض میں ان لوگوں کے نام جمع کئے ہیں جو اڑتیس (۳۸) تک پہنچ گئے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَكِلَاهُمَا قَالَ لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ ﷺ يُلَبِّي: اشکال یہ ہے کہ مسلم کی روایت میں یہ تصریح ہے کہ حضرت اسامہؓ پہلے ہی ان لوگوں میں تھے جو قریش کے ساتھ مکہ بھیج دیئے گئے تھے تو پھر انہوں نے کیسے نقل کر دیا لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ ﷺ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے حضرت اسامہؓ پھر لوٹ آئے ہوں، دوسرا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے جمرہ کے پاس کھڑے رہے ہوں اور حضور ﷺ کے تلبیہ کو سنا ہو، یا کہا جائے کہ سارا مضمون ان دونوں یعنی فضلؓ اور اسامہؓ کی روایت کے مجموعہ سے ثابت ہے۔

حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ: اس سے معلوم ہوا کہ حضور پاک ﷺ نے تلبیہ تا رمی جمرۂ عقبہ قطع نہیں فرمایا، یہی حضرات جمہور امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد کا مسلک ہے، پھر اس میں تھوڑا سا اختلاف ہے کہ تلبیہ پہلی کنکری پر قطع کرے یا آخری کنکری پر قطع کرے، شراح حدیث یہ نقل کرتے ہیں کہ جمہور کے یہاں تو پہلی کنکری پر قطع کرے گا، اور امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک آخری کنکری پر قطع کرے گا، اس کی دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ بیہقی کی روایت میں ہے کہ اول حصاۃ پر تلبیہ قطع کر لیا، اور ابن خزیمہ کی روایت میں ہے کہ آخر حصاۃ پر آپ نے تلبیہ قطع فرمایا، لیکن حضرات حنابلہ اپنی کتابوں میں حضرت احمد بن حنبلؒ کا مسلک جمہور کے موافق نقل کرتے ہیں، جمہور کے خلاف نقل نہیں کرتے ہیں، چنانچہ علامہ موفق نے مغنی میں امام احمد بن حنبلؒ کا مسلک جمہور علماء کے مطابق نقل فرمایا ہے، حضرت امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ تا وقت زوال یوم عرفہ تلبیہ پڑھتا رہے، اس کے بعد جب زوال ہو جائے تو پھر تلبیہ قطع کر دے۔

(ص ٢٠٩) بَابُ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ وَالْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ

وَلَبِسَتْ عَائِشَةُ الثِّيَابَ الْمُعَصْفَرَةَ وَهِيَ مُحْرِمَةٌ وَقَالَتْ: لَا تَلَثَّمْ وَلَا تَتَبَرْقَعْ وَلَا تَلْبَسْ ثَوْبًا بِوَرْسٍ وَلَا زَعْفَرَانٍ، وَقَالَ جَابِرٌ: لَا أَرَى الْمُعَصْفَرَ طِيبًا، وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بَأْسًا بِالْحُلِيِّ وَالثَّوْبِ الْأَسْوَدِ وَالْمُوَرَّدِ وَالْخُفِّ لِلْمَرْأَةِ، وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ: لَا بَأْسَ أَنْ يُبْدِلَ ثِيَابَهُ.

١٥٤١. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ انْطَلَقَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الْمَدِينَةِ بَعْدَ مَا تَرَجَّلَ وَادَّهَنَ وَلَبِسَ إِزَارَهُ وَرِدَاءَهُ هُوَ وَأَصْحَابُهُ فَلَمْ يَنْهَ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ تُلْبَسُ إِلَّا الْمُزَعْفَرَةَ الَّتِي تَرْدَعُ عَلَى الْجِلْدِ

Maktaba Tul Ishaat.com

فَأَصْبَحَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ هُوَ وَأَصْحَابُهُ وَقَلَّدَ بَدَنَتَهُ وَذٰلِكَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ فَقَدِمَ مَكَّةَ لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحَجَّةِ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ أَجْلِ بُدْنِهِ لِأَنَّهُ قَلَّدَهَا ثُمَّ نَزَلَ بِأَعْلَى مَكَّةَ عِنْدَ الْحَجُونِ وَهُوَ مُهِلٌّ بِالْحَجِّ وَلَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا حَتَّى رَجَعَ مِنْ عَرَفَةَ وَأَمَرَ أَصْحَابَهُ أَنْ يَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ يُقَصِّرُوا مِنْ رُءُوسِهِمْ ثُمَّ يَحِلُّوا وَذٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ بَدَنَةٌ قَلَّدَهَا وَمَنْ كَانَتْ مَعَهُ امْرَأَتُهُ فَهِيَ لَهُ حَلَالٌ وَالطِّيبُ وَالثِّيَابُ.

ترجمہ: باب، ان کپڑوں، چادروں اور تہبندوں کا بیان جن کا پہننا محرم کے لئے جائز ہے۔

حضرت عائشہؓ نے کسم سے رنگے ہوئے کپڑے پہنے جب کہ وہ حالت احرام میں تھیں، اور فرمایا کہ عورت نہ تو ہونٹوں کو چھپائے، نہ برقع پہنے اور نہ ہی ورس اور زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے پہنے، حضرت جابرؓ نے فرمایا کہ میں کسم میں رنگے ہوئے کپڑوں کو خوشبو لگا ہوا کپڑا نہیں سمجھتا، حضرت عائشہؓ کے نزدیک عورت کے لئے زیورات، کالے کپڑے، گلابی کپڑے اور موزے پہننے میں کوئی مضائقہ نہیں، حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ محرم کے لئے اپنے کپڑے تبدیل کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ سر میں کنگھی کرنے، تیل لگانے، ازار اور چادر پہننے کے بعد مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، آپ بھی اور آپ کے صحابہ بھی، تو آپ نے کسی چادر اور ازار سے منع نہیں فرمایا سوائے زعفران سے رنگی ہوئے اور اس چادر کے جس کا رنگ کھال پر نظر آتا ہے، آپ نے صبح ذوالحلیفہ میں کی، اپنی سواری پر سوار ہوئے یہاں تک کہ مقام بیدا میں آپ کی سواری سیدھی ہوگئی تو آپ نے اور آپ کے صحابہ نے تلبیہ کہا اور آپ نے اپنی قربانی کے جانور کے گلے میں قلادہ باندھا، اس وقت ذی قعدہ کے پانچ دن باقی تھے، آپ مکہ مکرمہ اس وقت آئے جب کہ ذی الحجہ کے چار دن گزر چکے تھے، آپ نے بیت اللہ کا طواف کیا، صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی اور آپ اپنے اونٹوں کی وجہ سے حلال نہیں ہوئے؛ کیوں کہ آپ نے ان کی گردن میں ہار ڈالے تھے، پھر آپ مکہ مکرمہ کے بالائی حصہ میں حجون نامی پہاڑ کے پاس اترے اس حال میں کہ آپ حج کا احرام باندھے ہوئے تھے اور طواف کرنے کے بعد پھر کعبہ شریف کے پاس نہیں آئے یہاں تک کہ عرفہ سے واپس آئے، اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ بیت اللہ کا طواف کریں، صفا اور مروہ کے درمیان سعی کریں اور پھر اپنے سروں کے بال یا تو چھوٹے کرائیں یا منڈائیں اور پھر حلال ہو جائیں، یہ حکم اس کے لئے ہے جس کے پاس اس کا ہار پہنایا ہوا ہدی کا جانور نہ ہو، نیز جس کے ساتھ اس کی بیوی ہو تو وہ اس کے لئے حلال ہے، اسی طرح اس کے لئے اب خوشبو اور کپڑے بھی جائز ہو گئے۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے باب گزشتہ میں ان انواع ثیاب کو بیان کیا تھا جو محرم کے لئے ممنوع

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں، اور اس باب میں ان انواع کو بیان فرمارہے ہیں جن کا استعمال محرم کے لئے مباح ہے۔

امام بخاری نے انواع مباحات کے لئے ایک ترجمہ یہ منعقد کیا ہے اور ایک ترجمہ ص ۲۰۸ پر بَابُ الطِّیبِ عِنْدَ الإِحْرَامِ وَمَا يَلْبَسُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحْرِمَ منعقد کیا تو اب ترجمہ مکرر ہو گیا، اس کا ایک جواب یہ ہے کہ یہاں مصنف نے بالقصد ملبوسات کو بیان کیا ہے اور وہاں تبعًا، دوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں امام بخاری نے انواع ملبوسہ کو بیان کیا ہے اور وہاں مصنف نے زوائد کو بیان کیا ہے اسی لئے ہمیان کا اور تختم کا تذکرہ فرمایا ہے۔

وَلَبِسَتْ عَائِشَةُ الثِّيَابَ الْمُعَصْفَرَةَ وَهِيَ مُحْرِمَةٌ: معصفرہ جو عصفر سے رنگ دیا گیا ہو جس کا ترجمہ کُسُمبھ ہے، ایک زردی رنگ کی سبزی ہوتی ہے اور باہر اس کا پھول ہوتا ہے زرد رنگ کا اس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں، معلوم ہوا کہ محرمہ کے لئے معصفرہ استعمال کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

امام احمد اور شافعی جواز کے قائل ہیں، حنفیہ فرماتے ہیں کہ کراہت ہے، امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر اس کا رنگ نکلتا ہو تو مکروہ ہے، جو لوگ جواز کے قائل ہیں وہ حضرت عائشہؓ کے عمل کو دلیل بناتے ہیں اور جو منع کرتے ہیں انہوں نے حضرت عمرؓ کے ایک اثر کو دلیل بنایا ہے، حضرت طلحہؓ ثیاب معصفرہ پہنے ہوئے تھے تو اس پر حضرت عمرؓ نے نکیر فرمائی، لیکن اس استدلال میں اشکال ہے اس لئے کہ امام مالک نے مؤطا میں یہ پورا اثر نقل کیا ہے اور اس میں یہ بھی لفظ وارد ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ تم حضرات مقتدیٰ ہو اگر تم یہ استعمال کروگے تو دوسرے اس سے آگے قدم بڑھا دیں گے۔

وَقَالَتْ: لَا تَلَثَّمْ: حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ لِثام نہ استعمال کرے، لثام جس سے منھ ڈھک جائے۔

وَلَا تَتَبَرْقَعْ: اور برقع نہ استعمال کرے اس لئے کہ اس میں چہرہ چھپ جاتا ہے۔

وَقَالَ جَابِرٌ لَا أَرَى الْمُعَصْفَرَ طِيبًا: حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ میں معصفر کو طیب نہیں سمجھتا ہوں اور حنفیہ نے معصفر سے منع اسلئے کیا ہے کہ اس میں خوشبو ہوتی ہے اور محرم کیلئے طیب کا استعمال ممنوع ہے۔

وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بَأْسًا بِالْحُلِيِّ وَالثَّوْبِ الْأَسْوَدِ وَالْمُوَرَّدِ: عورت ہمارے یہاں اور امام احمد وغیرہ کے یہاں زیور پہن سکتی ہے، وَالثَّوْبِ الْأَسْوَدِ کالا کپڑا پہن سکتی ہے، وَالْمُوَرَّدِ جو ورد رنگ سے رنگ دیا گیا ہو یعنی گلابی کپڑا یہ بھی ہمارے یہاں جائز ہے، وَالْخُفِّ اور خف کا استعمال بالاجماع جائز ہے۔

وَقَالَ إِبْرَاهِيمُ لَا بَأْسَ أَنْ يُبْدِلَ ثِيَابَهُ: یعنی اگر آدمی کے احرام کے کپڑے میلے کچیلے ہو جائیں تو اس

Maktaba Tul Ishaat.com

کے تبدیل کرنے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

انطَلَقَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الْمَدِينَةِ بَعْدَ مَا تَرَجَّلَ: بعد اس کے کہ آپ نے کنگھا کیا بالوں میں خوشبو لگائی اور ازار ورداء استعمال کی، اس سے معلوم ہوا کہ محرم احرام سے پہلے خوشبو بھی لگائے، کنگھا بھی کرے اور تیل بھی لگائے۔

فَلَمْ يَنْهَ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْأَرْدِيَةِ وَالْأُزُرِ: آپ نے رداء اور ازار میں سے کسی شیٔ سے منع نہیں کیا سوائے مزعفرہ کے یعنی جو زعفران میں رنگی ہوئی ہو، **الَّتِي تَرْدَعُ عَلَى الْجِلْدِ** جس کا رنگ کھال پر اترتا ہو۔

میں ابھی بیان کر چکا ہوں کہ ثوب مزعفر کے استعمال میں تفصیل ہے اگر غیر غسیل ہو تو بالاجماع ناجائز ہے اور اگر غسیل ہو تو امام مالک ایک روایت میں ناجائز کہتے ہیں اور جمہور جائز کہتے ہیں، حنفیہ کہتے ہیں کہ بشرطیکہ دھونے کے بعد اس کا رنگ بدن پر نہ اترتا ہو۔

فَأَصْبَحَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ: آپ نے صبح کی ذوالحلیفہ میں پھر سوار ہوئے اپنی راحلہ پر یہاں تک کہ بیداء پر تشریف لے آئے تو آپ نے تلبیہ پڑھا۔

اس روایت سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ سفر حج میں ذوالحلیفہ سے صبح کے بعد روانہ ہوئے ہیں لیکن مسلم شریف میں ابن عباسؓ ہی کی روایت میں یہ وارد ہوا ہے کہ آپ نے پہلے ظہر ادا کی ذوالحلیفہ میں اور اس کے بعد پھر اپنی ناقہ کا اشعار کیا اور پھر آپ راحلہ پر سوار ہوئے اور تلبیہ پڑھا، ابو محمد بن حزم ظاہری نے تو بخاری کی اس ظاہر روایت کو اختیار کیا ہے اور یہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ظہر سے پہلے احرام باندھا ہے، علامہ ابن قیم زاد المعاد فی خیر العباد ﷺ میں اس کو وہم قرار دیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ محفوظ یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے ظہر کے بعد احرام باندھا ہے۔

وَقَلَّدَ بَدَنَتَهُ: اور آپ نے اپنے بدنہ کی تقلید کی یعنی اس کو قلادہ پہنایا۔

وَذَلِكَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ: اور یہ واقعہ پچیس ذی القعدہ کا ہے، حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ سے کس دن روانہ ہوئے ہیں اس کے متعلق میں تفصیل سے کتاب الحیض میں کلام کر چکا ہوں، اور میں بتلا چکا ہوں کہ اس میں تین رائے ہیں۔

علامہ ابو محمد بن حزم کہتے ہیں کہ پنج شنبہ کو روانگی ہوئی ہے، محب طبری کی رائے ہے کہ جمعہ کے دن ہوئی

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے، علامہ ابن قیم، حافظ ابن حجر اور حافظ ابن کثیر وغیرہ کی رائے ہے کہ شنبہ کو روانگی ہوئی ہے۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ اُس سال ذوالحجہ کی پہلی تاریخ پنج شنبہ کو تھی اس واسطے کہ وقوف عرفہ جمعہ کو ہوا ہے تو نویں تاریخ جمعہ بنی لہٰذا آٹھویں تاریخ پنج شنبہ تو پہلی تاریخ پنج شنبہ ہوگی، اس لئے کہ قاعدہ یہ ہے کہ مہینہ کی پہلی تاریخ کو جو دن ہوتا ہے وہی آٹھویں تاریخ کا بھی دن ہوا کرتا ہے، اب جب ذی الحجہ کی پہلی تاریخ پنج شنبہ کو بنتی ہے تو ذی القعدہ کی آخری تاریخ بدھ کو ہوگی، لہٰذا بدھ، منگل، دوشنبہ، یک شنبہ اور شنبہ یہ کل پانچ دن پیچھے نکلتے ہیں تو شنبہ کو ہوتی ہے ذی القعدہ کی چھبیسویں تاریخ، اور روایت میں ہے لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ آپ نکلے ہیں تو ذی القعدہ کی پانچ تاریخیں باقی رہ گئی تھیں یعنی پچیس کو روانہ ہوئے ہیں تو پچیس بنتی ہے جمعہ کو، اسی لئے علامہ محب طبری نے کہہ دیا کہ آپ کی روانگی جمعہ کے دن ہوئی ہے۔

مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ روایات میں یہ تصریح وارد ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز مدینہ میں چار رکعت پڑھی اور ذوالحلیفہ میں پہنچ کر عصر کی نماز دو رکعت ادا فرمائی، اگر جمعہ کے دن روانگی ہوتی تو آپ ظہر کے بجائے جمعہ ادا فرمائے ہوتے۔

علامہ ابن حزم نے اس اشکال کو دیکھ کر یہ کہہ دیا کہ آپ کی روانگی بجائے شنبہ اور جمعہ کے پنج شنبہ کو ہوئی ہے، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ روایات میں ہے لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ روانگی جس دن ہوئی ہے تب پانچ تاریخیں رہ گئی تھیں، اور اگر آپ کی روانگی پنج شنبہ کے دن مان لی جائے تو پانچ تاریخیں نہیں بلکہ چھ تاریخیں باقی رہتی ہیں، علامہ ابو محمد نے اس کا جواب یہ دیا کہ اصل میں لِخَمْسٍ بَقِينَ ذوالحلیفہ سے مراد ہے، مطلب یہ ہے کہ جب مدینہ سے روانگی ہوئی تب تو چھ تاریخیں باقی تھیں لیکن جب ذوالحلیفہ سے روانگی ہوئی ہے تو پانچ تاریخیں باقی رہ گئی تھیں، یہ روایت بظاہر علامہ ابن حزم کی تائید کرتی ہے اس لئے کہ اس میں ہے فَأَصْبَحَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ هُوَ وَأَصْحَابُهُ وَقَلَّدَ بَدَنَتَهُ وَذَلِكَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ مگر یہ سیاق عام سیاقات کے خلاف ہے، عام روایات میں یہ وارد ہے کہ آپ جب مدینہ سے روانہ ہوئے ہیں تو پانچ تاریخیں رہ گئی تھیں، اب ابن حزم کا قول اس لئے مردود ہے کہ وہ عام سیاقات کے خلاف پر مبنی ہے، اور محب طبری کا قول اس لئے نہیں نکلتا کہ ان کے قول پر جمعہ کو روانہ ہونا چاہئے تھا حالانکہ روایات میں یہ ہے کہ آپ ظہر پڑھ کر روانہ ہوئے ہیں لامحالہ اب شنبہ کو ماننا پڑے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ لِخَمْسٍ بَقِينَ نہیں بنتا ہے، علماء نے اس کے دو جواب دیئے ہیں، ایک یہ کہ لِخَمْسٍ بَقِينَ کہنے والے نے یہ ملحوظ رکھا کہ مہینہ تیس کا تھا اتفاق سے اُس سال مہینہ تیس کا ہونے کے بجائے انتیس کا ہو گیا، چنانچہ روایات میں ہے لِخَمْسٍ بَقِينَ أو أربع، دوسرا جواب یہ ہے کہ شمار کرنے والے نے یوم الخروج کو بھی شمار کر لیا، یہی قول ارجح ہے اس لئے کہ ابن سعد نے طبقات میں اور حاکم نے اکلیل میں ایک روایت نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خروج مدینہ سے ہوا ہے یوم السبت میں لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ۔

فَقَدِمَ مَكَّةَ لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحَجَّةِ: اور آپ مکہ تشریف لائے جب ذی الحجہ کی چار راتیں گزر چکی تھیں، یعنی چوتھی ذی الحجہ کی صبح کو مکہ مکرمہ پہونچے ہیں، یہی حدیث حافظ ابن کثیر نے البدایة والنهاية میں نقل کی ہے اس میں لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ کے بجائے لِخَمْسٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحَجَّةِ واقع ہو گیا ہے، یہ کاتب کی غلطی ہے۔

فَطَافَ بِالْبَيْتِ: آپ نے بیت اللہ کا طواف کیا اور سعی بین الصفا والمروة کی، لیکن چونکہ آپ سائق الهدی تھے اس لئے حلال نہیں ہوئے، اس سے معلوم ہوا کہ سائق الہدی حلال نہیں ہوگا یہی حنفیہ اور حنابلہ کا مسلک ہے، مالکیہ اور شافعیہ سائق الہدی کے لئے بھی حلال ہونا جائز قرار دیتے ہیں، اور وہ آپ کے حلال نہ ہونے کی علت آپ کا قارن ہونا ٹھہراتے ہیں، لیکن اول تو سارے مالکیہ یہ جواب نہیں دے پائیں گے اور نہ سارے شافعیہ، اس لئے کہ بہت سے موالک اور شوافع کہتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم مفرد بالحج تھے، اور دوسرے یہ کہ راوی خود روایت میں یہ نقل کر رہے ہیں لِأَنَّهُ قَلَّدَهَا معلوم ہوا کہ مانع عن الحلال تقلید بدن تھا، سوق بدن تھا، خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بار بار یہ قول نقل کیا گیا ہے لو استقبلت من أمري ما استدبرت لما سقت الهدی ولجعلتها عمرة أو كما قال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

ثُمَّ نَزَلَ بِأَعْلَى مَكَّةَ عِنْدَ الْحَجُونِ: آپ مکہ کے بالائی حصہ پر حجون کے پاس اترے، مکہ مکرمہ تو وادی کے اندر واقع ہے بیچ میں کعبہ ہے اور اس کے اطراف میں مکانات اور پھر اُس کے اطراف میں پہاڑ بنے ہوئے ہیں، اِدھر ابو قبیس ہے اور اُدھر حجون ہے اور دوسری طرف کوئی دوسرا پہاڑ ہے، غرضکہ پہاڑوں کا یہ سلسلہ تھا، تو آپ کا ورود مسعود حجون پر بالائی حصہ پر ہوا تھا۔

یہ عجیب بات ہے کہ دنیا کی تمام مساجد بلندی پر واقع ہیں نیچے سے لوگ اوپر چڑھتے ہیں لیکن حرم محترم کی

Maktaba Tul Ishaat.com

مسجد پستی میں واقع ہے لوگ اوپر سے نیچے کو اترتے ہیں، پہلی سہ دری سب سے اونچی ہے اس کے بعد دوسری سہ دری اس سے نیچی ہے اور پھر اس کے بعد والی اس سے بھی نیچی ہے اور پھر صحن شروع ہو جاتا ہے، صحن تو بہت ہی نیچا ہے یعنی اگر پانی بھر جائے تو لمبے سے لمبا انسان بھی اس کے اندر ڈوب کے مر سکتا ہے، ایک مرتبہ پانی بھر گیا تھا لوگ بتلا رہے تھے کہ اس میں بھی طواف چالو تھا، تیر تیر کر لوگ طواف کر رہے تھے، کعبہ کبھی خالی نہیں رہتا ہے سخت سے سخت لُو اور سخت سے سخت گرمی میں بھی کعبہ خالی نہیں رہتا ہے، **فاجعل أفئدة من الناس تهوى إليهم** بس دل مائل رہتے ہیں۔

وَلَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا حَتَّى رَجَعَ: یعنی اس میں آپ نے طواف نفلی نہیں کیا، اس کا منشاء تیسیر علی الامت ہے، اگر آپ کر لیتے تو پھر سارے لوگ کرنے لگتے ہر ایک کی یہ کوشش ہوتی کہ یہ کرنا ہے اور یہ کرنا ہے بڑی مشکل ہو جاتی۔

(ص ٢٠٩) بَابُ مَنْ بَاتَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ حَتَّى أَصْبَحَ

قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

١٥٤٢. حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ ﷺ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا وَبِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ بَاتَ حَتَّى أَصْبَحَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَلَمَّا رَكِبَ رَاحِلَتَهُ وَاسْتَوَتْ بِهِ أَهَلَّ.

١٥٤٣. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ قَالَ وَأَحْسِبُهُ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو ذوالحلیفہ میں رات گزارے اور وہیں صبح کرے۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی مدینہ منورہ سے روانہ ہو کر ذوالحلیفہ میں فروکش ہو اور وہ وہاں رات گزارنا چاہے تو یہ اس کے لئے جائز ہے، باقی مناسک حج سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، البتہ حضور ﷺ نے وہاں رات گزاری ہے اور اس رات گزارنے کا یہ فائدہ ہے کہ اگر کوئی ساتھی رہ گیا ہے تو وہ آجائے اور اگر کسی کا کوئی سامان چھوٹ جائے تو واپس جا کر لایا جاسکے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

علامہ ابن منیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ایک توہم کا دفعیہ فرمایا ہے اور وہ یہ ہے کہ بلا احرام میقات پر ٹھہرے رہنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی آدمی بلا احرام باندھے میقات سے آگے چلا جائے، اور جیسے بلا احرام میقات سے آگے جانا جائز نہیں ایسے ہی میقات پر بلا احرام باندھے ٹھہرے رہنا جائز نہ ہونا چاہئے تو مصنف نے یہ بتلا دیا کہ تجاوز من المیقات بلا احرام تو مکروہ ہے، باقی میقات پر بلا احرام کے ٹھہرا رہنا جائز ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں رات گزاری ہے۔

ثُمَّ بَاتَ: امام نووی فرماتے ہیں کہ یہ مبیت اعمال حج میں سے نہیں ہے اور نہ سنن حج میں سے ہے، قاضی عیاض کہتے ہیں لیکن اگر کوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرے تو یہ عمل حسن ہے۔

(ص ٢٠٩) بَابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالْإِهْلَالِ

١٥٤٤. حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ ﷺ بِالْمَدِينَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ وَسَمِعْتُهُمْ يَصْرُخُونَ بِهِمَا جَمِيعًا.

ترجمہ: باب، تلبیہ میں آواز بلند کرنے کا بیان۔

تشریح: امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ جب آدمی تلبیہ پڑھے تو بلند آواز سے پڑھے۔ تلبیہ میں آواز کو بلند کرنا اور جہر کرنا ائمۂ اربعہ کے نزدیک مستحب ہے، بلکہ حنفیہ تو ایک قدم آگے یہ بتلاتے ہیں کہ یہ سنت ہے، خلاد بن سائب اپنے باپ حضرت سائبؓ سے نقل کرتے ہیں قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جَاءَنِي جِبْرِيلُ فَأَمَرَنِي أَنْ آمُرَ أَصْحَابِي يَرْفَعُونَ أَصْوَاتَهُمْ بِالْإِهْلَالِ رواہ مالک و أبو داؤد و النسائی و ابن ماجه، داؤد ظاہری اس روایت کی بناء پر رفع صوت بالتلبیہ کو فرض قرار دیتے ہیں۔

پھر امام مالک فرماتے ہیں کہ صرف مسجد حرام اور مسجد منیٰ میں رفع صوت کرے گا، شافعیہ فرماتے ہیں کہ تمام مساجد میں رفع صوت کرے یہی بظاہر حنفیہ کے کلام کا خلاصہ ہے اور امام مالک کی ایک روایت ہے، حنابلہ کہتے ہیں کہ ساری مساجد حرم میں رفع صوت کرے، اور عورت کے بارے میں یہ اجماع ہے کہ وہ بلند آواز سے تلبیہ نہیں پڑھے گی۔

Maktaba-Tul-Ishaat.com

(ص ۲۱۰) بَابُ التَّلْبِيَةِ

١٥٤٥. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ.

١٥٤٦. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنِّي لَأَعْلَمُ كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُلَبِّي لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ تَابَعَهُ أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ وَقَالَ شُعْبَةُ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ سَمِعْتُ خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ.

ترجمہ: باب، تلبیہ کا بیان۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کا تلبیہ یہ تھا: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ الخ یعنی میں حاضر ہوں؛ اے اللہ! میں حاضر ہوں؛ حاضر ہوں؛ تیرا کوئی شریک نہیں؛ بے شک تمام تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں؛ تمام نعمتیں تیری ہی دی ہوئی ہیں اور ہر طرح کی بادشاہت بھی تیری ہی ہے؛ تیرا کوئی شریک نہیں۔

حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میں اچھی طرح جانتی ہوں کہ نبی کریم ﷺ تلبیہ کس طرح پڑھتے تھے آپ کا تلبیہ یہ تھا: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ الخ، اس روایت کو اعمش سے بیان کرنے میں سفیان ثوری کی متابعت ابو معاویہ نے کی ہے، اور شعبہ نے کہا کہ سلیمان نے بروایتِ خیثمہ حضرت عائشہؓ سے ابو عطیہ کے سماع کی تصریح کی۔

تشریح: بظاہر امام بخاری تلبیہ کی کیفیت بتلانا چاہتے ہیں، تلبیہ کی کیفیت حدیث پاک میں مذکور ہے لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، یہ تلبیۂ نبویہ ہے اور روایات میں یہ تصریح ہے ولزم رسول اللہ ﷺ تلبیته بس آپ اسی تلبیہ پر رہے اور یہی پڑھتے رہے، لیکن صحابۂ کرام سے اس پر وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وغیرہ الفاظ بڑھانا نقل کیا گیا ہے۔

تلبیۂ نبویہ پر اضافہ کا حکم کیا ہے؟ (۱) شافعی واحمد کے یہاں خلاف اولیٰ ہے، (۲) امام مالک کہتے ہیں کہ مکروہ ہے، (۳) صاحب ہدایہ حنفیہ میں سے مباح قرار دیتے ہیں، (۴) صاحب درمختار نے مستحب لکھا ہے اور علامہ عینی نے بھی یہی لکھا ہے، لیکن ہمارے فقہاء نے لکھا ہے کہ تلبیۂ نبویۂ محمدیہ کے بیچ میں اضافہ نہ کرے، بیچ میں کوئی لفظ بڑھانا مکروہ ہے، تلبیہ ختم ہونے کے بعد ہی کچھ اضافہ کر سکتا ہے اور وہ بھی جتنا صحابۂ کرام سے

Maktaba Tul Ishaat.com

ثابت ہے، آدمی کو خود نہیں کرنا چاہئے، امام بیہقی فرماتے ہیں کہ اگر تلبیۂ محمدیہ پڑھ کر اس کے بعد کچھ اضافہ کرے تو کوئی حرج نہیں، ہم نے بتلادیا کہ فقہاء احناف کے کلام کا بھی یہی خلاصہ ہے۔

تلبیہ پڑھنے کا حکم کیا ہے؟ حنفیہ کے مسلک کا خلاصہ منیہ میں یہ لکھا ہوا ہے کہ تلبیہ فرض ہے، سنت ہے، مندوب متاکد ہے، اور مندوب ہے، فرض: احرام کے وقت ایک مرتبہ پڑھنا ہے، اور اس پر زیادہ کرنا سنت ہے، اور حالات کے تغیر کے وقت مستحب متاکد ہے، حالات کے تغیر سے مراد یہ ہے کہ آدمی بلندی پر چڑھے یا پستی میں اترے یا اور کوئی حال بدل رہا ہو، اور اس کا اکثار بغیر تغیر کے مندوب ہے، ویسے ظاہر یہ اور ابن حبیب مالکی فرماتے ہیں کہ رکن ہے، مالکیہ سے منقول ہے کہ واجب ہے اور اگر کوئی چھوڑ دے گا تو دم واجب ہوگا، شافعی واحمد فرماتے ہیں کہ سنت ہے۔

لَبَّيْكَ: یہ لفظ اجابت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، یوں کہتے ہیں کہ اس کی اصل أريد لك إلبابين ہے، پھر إلبابين میں تخفیف کر کے کاف کو یاء کی طرف مضاف کر دیا گیا اور اس سے ملا دیا گیا، اور مطلب یہ ہے کہ میں بار بار حاضر خدمت ہوں، یہ اجابت کس کی دعوت کا جواب ہے؟ کون ہے داعی؟ اس میں علماء کے تین قول ہیں، قیل: الله، وقیل: رسول اللہ ﷺ، اور مشہور یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام داعی ہیں، صاحب ہدایہ نے یہی ذکر کیا ہے اور حافظ ابن عبد البر فرماتے ہیں وهو قول جماعة من أهل العلم۔

ابن عباسؓ وغیرہ سے منقول ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ تعمیر کیا تو حق تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ہوا کہ تم اعلان کرو کہ لوگ حج کے لئے آئیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جناب حق میں یہ عرض کیا کہ اے اللہ میری آواز کیسے پہونچے گی؟ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ تم اعلان کرو ہم آواز پہونچانے والے ہیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام پہاڑ پر چڑھے اور اعلان کیا يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ جس نے بھی اس وقت لبیک کہا ہے وہ حج کرتا ہے۔

إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ: إِنَّ اور أَنَّ کسر ہمزہ اور فتح ہمزہ دونوں کے ساتھ نقل کیا گیا ہے، رافعی نے بلا ترجیح کے نقل کیا ہے اور جمہور علماء نے کسرہ کو راجح قرار دیا ہے یہی امام ابو حنیفہ، ابو یوسف، محمد اور امام احمد کی رائے ہے، امام نووی اور تقی الدین بن دقیق العید نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے، علامہ زمخشری نے امام شافعی

Maktaba Tul Ishaat.com

سے فتحہ نقل کیا ہے، واللہ اعلم یہ نقل صحیح بھی ہے یا نہیں اس لئے کہ شافعیہ امام شافعی سے نقل نہیں کرتے ہیں، محمد بن سماع فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمد سے یہ پوچھا کہ إِنَّ بالکسر پڑھا جائے یا أَنَّ بالفتح پڑھا جائے؟ فرمایا الکسر للابتداء والفتح للبناء، والابتداء خیر من البناء، مطلب یہ ہے کہ اگر إِنَّ پڑھا جائے تو یہ مستقل جملہ ہوگا اور استینافِ حمد مقصود ہوگا اور اگر أَنَّ پڑھا جائے تو یہ ما قبل کی علت بن جائے گا مستقل جملہ نہیں ہوگا۔

وَالمُلْكَ لَكَ: یہ لک جو الملک کے بعد ہے وہ عام نسخ میں نہیں ہے۔

(ص ۲۱۰) بَابُ التَّحْمِيدِ وَالتَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ قَبْلَ الْإِهْلَالِ عِنْدَ الرُّكُوبِ عَلَى الدَّابَّةِ

١٥٤٧. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَنَحْنُ مَعَهُ بِالْمَدِينَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ رَكِبَ حَتَّى اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ حَمِدَ اللَّهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ ثُمَّ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَأَهَلَّ النَّاسُ بِهِمَا فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَ النَّاسَ فَحَلُّوا حَتَّى كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ قَالَ وَنَحَرَ النَّبِيُّ ﷺ بَدَنَاتٍ بِيَدِهِ قِيَامًا وَذَبَحَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ بِالْمَدِينَةِ كَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ قَالَ بَعْضُهُمْ هَذَا عَنْ أَيُّوبَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَنَسٍ.

ترجمہ: باب، سواری پر سوار ہونے کے وقت احرام کا تلبیہ کہنے سے پہلے الحمد للہ، سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہنے کا بیان۔

تشریح: حضرت امام بخاری فرماتے ہیں کہ مسنون و مستحب یہ ہے کہ آدمی احرام باندھنے سے پہلے پہلے تسبیح و تحمید و تکبیر کہے اور اس کے بعد احرام باندھے، علامہ بدر الدین زرکشی اور سراج الدین بن ملقن کہتے ہیں کہ امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے امام ابو حنیفہ پر رد کیا ہے اس لئے کہ وہ یہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی احرام باندھتے ہوئے بجائے تلبیہ کے تسبیح و تحمید و تکبیر کہہ دے تو یہ کافی ہو جائے گا، امام بخاری فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ سے تسبیح و تحمید و تکبیر ثابت تو ہے لیکن احرام سے پہلے نہ کہ احرام کے وقت۔

علامہ عینی نے زرکشی پر رد کیا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ یہ باب؛ حنفیہ پر رد نہیں ہو سکتا ہے اس لئے کہ امام

Maktaba Tul Ishaat.com

بخاری کے نزدیک تلبیۂ نبویہ پر اضافہ کرنا مستحب ہے۔

بات یہ ہے کہ علامہ عینی؛ زرکشی کی بات کو عجلت میں سمجھے نہیں ہیں، علامہ یہ سمجھے کہ زرکشی نے یہاں مسئلۂ زیادۃ علی التلبیہ کا ذکر کیا ہے حالانکہ زرکشی یہ کہنا چاہتے ہیں کہ احناف کا مسلک یہ ہے کہ احرام باندھتے ہوئے نیت کے ساتھ ساتھ قول کرنا پڑے گا اور اصل تو تلبیہ ہے لیکن اگر تلبیہ کو کسی ذکر تعظیمی سے بدل دیا جائے اور تسبیح و تحمید و تکبیر کہہ دی جائے تو کافی ہو جائے گی، حضرت امام بخاری نے اس پر رد کیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ سے یقیناً تسبیح و تحمید و تکبیر منقول ہے لیکن احرام سے پہلے نہ کہ احرام کے وقت۔

مگر حقیقت یہ ہے کہ اس ترجمہ کو امام ابو حنیفہ کی تردید قرار دینا صحیح نہیں ہے، امام صاحب نے کب روایت الباب سے یہ بات ثابت کی ہے کہ تسبیح و تحمید و تکبیر تلبیہ کے قائم مقام ہو جائیں گی، اگر وہ روایت الباب سے استدلال کئے ہوئے ہوتے تو بخاری کی روایت کا محمل متعین کر کے ان پر رد کرنا صحیح ہو جاتا کہ صاحب! یہاں تسبیح و تحمید و تکبیر یقیناً ہے لیکن احرام سے پہلے نہ کہ احرام کے وقت، اصل وہ ہے جو ہم نے بیان کیا کہ حضرت امام بخاری ایک سنت نبویہ بیان فرمارہے ہیں۔

ہمارے حضرت گنگوہی فرماتے ہیں کہ حدیث لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ ﷺ يُلَبِّي حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ کا یہ مطلب نہیں کہ آنحضور ﷺ نے تمام اذکار مسنونہ کو چھوڑ دیا تھا بلکہ مطلب یہ ہے کہ جو اذکار مسنونہ جن مواقع میں منقول ہیں ان مواقع میں وہ اذکار پڑھتے تھے اور باقی اوقات میں آنحضور ﷺ تلبیہ پڑھتے تھے۔

صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَنَحْنُ مَعَهُ بِالْمَدِيْنَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ:

یہ آگئی وہ روایت جس میں مدینہ میں ظہر کی چار رکعات اور عصر کی ذوالحلیفہ میں دو رکعت کا ذکر ہے۔

ثُمَّ بَاتَ بِهَا حَتّٰى أَصْبَحَ ثُمَّ رَكِبَ حَتَّى اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ: صبح ہوگئی تو آپ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور وہ بیداء پر پہنچ گئی، اس روایت سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ نے صبح کی نماز کے بعد احرام باندھا اور سفر شروع فرمایا، اور مسلم شریف میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں تصریح ہے کہ ظہر کے بعد آنحضور ﷺ نے احرام باندھا ہے، علامہ ابن حزم نے اول کو اختیار کیا ہے اور علامہ ابن قیم نے ثانی کو اور یہ فرماتے ہیں کہ اول وہم ہے، میرا خیال یہ ہے کہ ثُمَّ رَكِبَ میں ثُمَّ بیان تراخی کیلئے ہے اور تراخی کبھی قریب ہوتی ہے اور کبھی بعید، یہاں پر تراخیٔ بعید کے بیان کرنے کیلئے ہے لہٰذا اس صورت میں یہ روایت ابن عباسؓ کی

Maktaba Tul Ishaat.com

روایت کے مطابق ہو جائے گی اور اگر تاویل کر کے روایات کا کچھ اختلاف دور ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

ایک اور تعارض ہے کہ حضرت ابن عباسؓ کی جو روایت ہم نے بحوالۂ مسلم ذکر کی ہے اس میں یہ ہے کہ آپ نے ظہر کی نماز ذوالحلیفہ میں ادا فرمائی اور نسائی شریف میں حضرت انسؓ کی روایت میں وارد ہے کہ آپ نے ظہر کی نماز بیداء میں ادا فرمائی اب ان دونوں روایتوں میں تعارض ہو گیا، اس کا جواب یہ ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ نے اواخر ذوالحلیفہ اور مبدأ بیداء میں ظہر کی نماز ادا فرمائی ہو گی۔

حَمِدَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ: امام ابوداؤد نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اس روایت میں تسبیح وتکبیر اور تحمید کا ذکر شاذ ہے لیکن مصنف اس کو صحیح مانتے ہیں اسی لئے اس پر ترجمہ منعقد کیا ہے۔

وَنَحَرَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وآله وسلم بَدَنَاتٍ بِيَدِهِ: اس روایت میں بدنات کی کوئی تعیین نہیں ہے، لیکن آئندہ ص ۲۳۱ پر یہی روایت آرہی ہے اس میں تصریح ہے کہ سات بدنات تھیں، حضور اکرم ﷺ نے کتنی بدنات اپنے دست شریف سے نحر فرمائی ہیں اس میں روایات کا بیان مختلف ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ جہاں پر روایت میں عدد کا ذکر آئے گا کلام کروں گا، بالاجمال اتنا ضرور سمجھ لو کہ سو بدنات حضور ﷺ نے نحر کیں، جابرؓ کی روایت میں ہے کہ ترسیٹھ آپ نے اپنے دست شریف سے اور باقی حضرت علیؓ نے۔

وَذَبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وآله وسلم بِالْمَدِينَةِ كَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ: یہ ضمنی بیان ہے کیوں کہ نحر بدنات کا ذکر تھا لہٰذا ذبح کبشین کو بھی راوی نے بیچ میں ذکر کر دیا، كَبْشَيْنِ، مینڈھے، أَمْلَحَيْنِ، چتکبرے۔

قَالَ بَعْضُهُمْ هٰذَا عَنْ أَيُّوبَ: یہ روایت عنقریب ص ۲۳۱ پر آرہی ہے۔

عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَنَسٍ: اس رجل کا مصداق ابوقلابہ ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ حماد بن سلمہ ہیں۔

(ص ۲۱۰) بَابُ مَنْ أَهَلَّ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ

۱۵۴۸۔ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَهَلَّ النَّبِيُّ ﷺ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ قَائِمَةً.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو احرام کا تلبیہ اس وقت کہے جب کہ اس کی سواری اس کو لیکر سیدھی کھڑی ہو۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی سواری پر سوار ہونے کے بعد احرام باندھے تو سنت

Maktaba Tul Ishaat.com

میں اس کی اصل موجود ہے یہ مسئلہ میں بیان کر چکا کہ احرام باندھنا کب افضل ہے؟

امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ دوگانہ احرام ادا کرنے کے بعد احرام باندھ لیا جائے، امام مالک فرماتے ہیں کہ سواری پر سوار ہونے کے بعد، امام شافعی فرماتے ہیں کہ سواری کے متحرک ہو جانے کے بعد، امام بخاری بظاہر امام مالک کے ہم خیال ہیں۔

یہاں پر سوال یہ ہے کہ امام بخاری نے ص ۲۰۸ پر ایک ترجمہ منعقد کیا ہے باب الإهلال عند مسجد ذی الحليفة، وہاں بتا چکے کہ مسجد ذوالحلیفہ کے پاس احرام باندھے پھر یہاں یہ کہہ رہے ہیں کہ من أهلّ حين استوت به راحلته، اس کا جواب یہ ہے کہ وہاں امام بخاری نے میقات مدینہ کے مناسب یہ مسئلہ بیان کیا تھا کہ جو مدینہ سے روانہ ہو وہ ذوالحلیفہ میں پہنچ کر مسجد ذوالحلیفہ کے پاس احرام باندھے اور یہاں ایک ترجمۂ عامہ بیان کر رہے ہیں کہ سواری پر سوار ہو کر احرام باندھے، اس سے اہل مدینہ کا بھی حکم معلوم ہو گیا، احرام باندھیں گے مسجد ذوالحلیفہ کے پاس لیکن باندھیں گے جب، جب سواری پر سوار ہو جائیں گے، تو امام بخاری نے یہاں طریق مستحب کی تعلیم دی ہے اور جو ان کے نزدیک احب ہے اس کی طرف توجہ دلائی ہے۔

(ص ۲۱۰) بَابُ الْإِهْلَالِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

١٥٤٩. وَقَالَ أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا صَلَّى بِالْغَدَاةِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ أَمَرَ بِرَاحِلَتِهِ فَرُحِلَتْ ثُمَّ رَكِبَ فَإِذَا اسْتَوَتْ بِهِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ قَائِمًا ثُمَّ يُلَبِّي حَتَّى يَبْلُغَ الْحَرَمَ ثُمَّ يُمْسِكُ حَتَّى إِذَا جَاءَ ذَا طُوًى بَاتَ بِهِ حَتَّى يُصْبِحَ فَإِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ اغْتَسَلَ وَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ فَعَلَ ذَلِكَ تَابَعَهُ إِسْمَاعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ فِي الْغَسْلِ.

١٥٥٠. حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا أَرَادَ الْخُرُوجَ إِلَى مَكَّةَ ادَّهَنَ بِدُهْنٍ لَيْسَ لَهُ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ ثُمَّ يَأْتِي مَسْجِدَ ذِي الْحُلَيْفَةِ فَيُصَلِّي ثُمَّ يَرْكَبُ وَإِذَا اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ قَائِمَةً أَحْرَمَ ثُمَّ قَالَ هَكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَفْعَلُ.

ترجمہ: باب، احرام کا تلبیہ قبلہ رخ ہو کر پڑھنے کا بیان۔

نافع بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت ابن عمرؓ ذوالحلیفہ میں صبح کی نماز سے فارغ ہوتے تو اپنی سواری لانے کا حکم دیتے،

Maktaba Tul Ishaat.com

سواری لائی جاتی اور آپ سوار ہوتے، جب وہ سواری آپ کو لیکر سیدھی ہو جاتی تو کھڑے ہو کر قبلہ کی طرف رخ کرتے اور پھر تلبیہ کہتے، نیز آپ تلبیہ جاری رکھتے یہاں تک کہ جب حرم شریف پہنچتے تو تلبیہ موقوف کرتے، یہاں تک کہ ذی طوی آتے تو صبح ہونے تک وہیں قیام کرتے، پھر جب صبح کی نماز پڑھتے تو غسل فرماتے، حضرت ابن عمرؓ کہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی کیا تھا، ایوب سے غسل کا اضافہ روایت کرنے میں عبد الوارث کی متابعت اسماعیل نے کی ہے۔

نافع نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ نے جب مکہ مکرمہ کی طرف نکلنے کا ارادہ فرمایا تو ایسا تیل لگایا جس میں خوشبو نہیں تھی پھر ذوالحلیفہ کی مسجد میں تشریف لائے، الخ۔

تشریح: حضرت امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ جب آدمی احرام باندھے تو روبہ قبلہ ہو، یہ بالاتفاق مستحب ہے اور اس کی حکمت یہ ہے کہ یہ اصل میں اجابت ہے اس دعوت کی جو اللہ کے داعی نے کسی زمانہ میں دی تھی، اسی لئے حاجی احرام باندھتے ہوئے تلبیہ پڑھتا ہے، تو ملبّی کے لئے مناسب یہ ہے کہ جدھر سے داعی کی آواز آئی ہے ادھر اس کا رخ ہو، نہ کہ اس کی طرف اس کی پشت ہوتی ہو۔

اِستَقبَلَ القِبلَةَ قَائِمًا: اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ روبہ قبلہ کھڑے ہوتے تھے لیکن مطلب یہ ہے کہ سواری پر سیدھے ہوتے تھے، قائمًا کے معنی ہیں مستويًا علی ناقته، اور ہو سکتا ہے اپنے آپ کو قیام سے اس لئے موصوف کر دیا کہ ان کی ناقہ قائم ہوتی تھی۔

ثُمَّ يُمسِكُ: أي عن التلبية مطلب یہ ہے کہ تلبیہ ترک کر دیتے تھے اور دوسرے اذکار و اعمال طواف وغیرہ میں مشغول ہو جاتے تھے۔

حَدَّثَنَا سُلَيمَانُ بنُ دَاوُدَ: اس روایت سے بظاہر ترجمہ ثابت نہیں ہوتا ہے اس لئے کہ اس میں احرام اور اہلال کا تو ذکر ہے لیکن اہلال مستقبل القبلہ کا ذکر نہیں ہے، مگر مصنف نے اس کو اس باب میں دو وجہ سے ذکر کیا ہے، اول اس لئے کہ جو آدمی مکہ کی طرف متوجہ ہوگا یقینی بات ہے کہ اس کا چہرہ قبلہ کی طرف ہوگا اور روایت سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ابن عمرؓ حضور ﷺ کی اتباع میں جب سواری پر سوار ہو جاتے تھے تو احرام باندھتے تھے، اور ظاہر ہے کہ حج کے لئے سواری پر سوار ہونے والا عادتًا اپنے سواری کا رخ مکہ کی طرف کرے گا کیوں کہ اس کو اسی طرف جانا ہے، اور جب مکہ کی طرف چہرہ ہوگا تو قبلہ کی طرف ہوگا۔

نیز مصنف یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی پہلی اور یہ دوسری روایت ایک ہے، راوی نے کبھی مختصرًا ذکر کیا

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے اور کبھی مکملاً و مطولاً، جب پہلی روایت میں استقبال قبلہ کا ذکر آگیا تو اب دوسری روایت میں اس کا ذکر ضروری نہیں ہے، یہ میں بتلا چکا ہوں کہ امام بخاری کی یہ عادت مطردہ ہے کہ وہ دو روایتوں کو لاتے ہیں ایک میں مدعا ہوتا ہے اور دوسرے میں نہیں اس لئے کہ وہ دونوں کو ایک واقعہ تصور فرماتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ راوی نے اختصار سے کام لیا ہے۔

(ص ۲۱۰) بَابُ التَّلْبِيَةِ إِذَا انْحَدَرَ فِي الْوَادِي

۱۵۵۱. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَذَكَرُوا الدَّجَّالَ أَنَّهُ قَالَ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمْ أَسْمَعْهُ وَلَكِنَّهُ قَالَ أَمَّا مُوسَى كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ إِذْ انْحَدَرَ فِي الْوَادِي يُلَبِّي.

ترجمہ: باب، وادی میں اترتے وقت تلبیہ کہنے کا بیان۔

مجاہد کہتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عباسؓ کی خدمت میں تھے کہ لوگوں نے دجال کا ذکر کیا اور یہ کہا کہ نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا ہے کہ اسکی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا، (یہ سن کر) حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ بات تو میں نے نہیں سنی البتہ نبی کریم ﷺ نے یہ بات فرمائی تھی کہ جہاں تک حضرت موسیٰ کی بات ہے تو گویا میں اس وقت ان کی طرف دیکھ رہا ہوں جب کہ وہ وادی میں تلبیہ کہتے ہوئے اتر رہے ہیں۔

تشریح: مقصد یہ ہے کہ جب آدمی کہیں پست زمین میں اترے تو تلبیہ پڑھے، یہ باتفاق مستحب ہے۔

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَمْ أَسْمَعْهُ: ابن عباسؓ نے فرمایا کہ میں نے نہیں سنا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ سے دجال کے متعلق کچھ کہا گیا کہ اسکی آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا تو فرمادیا کہ میں نے نہیں سنا ہے البتہ میں نے اور بات سنی ہے کہ حضور ﷺ نے یہ فرمایا أَمَّا مُوسَى كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ إِذْ انْحَدَرَ فِي الْوَادِي يُلَبِّي بہرحال موسیٰ تو گویا میں دیکھ رہا ہوں جب وہ وادی میں تلبیہ پڑھتے ہوئے اتر رہے تھے۔

علامہ مہلب نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ موسیٰ کا تذکرہ وہم ہے، کسی بھی روایت میں یہ وارد نہیں ہوا کہ وہ زندہ ہوں گے اور حج کریں گے یہ تو صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں وارد ہوا ہے۔

لیکن مہلب کا یہ اعتراض غلط ہے اس لئے کہ اس روایت کے بعض طرق میں بجائے حضرت موسیٰ کے

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت ابراہیم کا ذکر وارد ہوا ہے چنانچہ آئندہ بخاری شریف جلد ثانی میں روایت آئے گی اور وہاں میں تنبیہ کروں گا اور مسلم شریف میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر وارد ہوا ہے، تو کیا ان تمام روایات کے بارے میں اور سارے نبیوں کے ناموں کے بارے میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ راوی کو وہم ہو گیا ہے؟

اب سوال یہ ہے کہ جب یہ انبیاء وفات پاگئے تو پھر حضور ﷺ ان کے متعلق كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ إِذْ انْحَدَرَ فِي الْوَادِي يُلَبِّي کیسے فرمارہے ہیں؟

علماء نے اس سوال کے مختلف جوابات دیئے ہیں، (۱) ایک جواب یہ ہے کہ حضور ﷺ نے خواب میں ان حضرات کے حالات کا مشاہدہ کیا تھا اس کو غایت یقین کی بناء پر كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ سے تعبیر فرمادیا، حافظ ابن حجر نے اسی کو معتمد قرار دیا ہے، (۲) دوسرا جواب یہ ہے کہ وحی کے ذریعہ ان احوال کی آپ کو اطلاع کی گئی تھی اس لئے آپ نے غایت رسوخ کی وجہ سے كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ کہہ دیا، (۳) تیسرا جواب یہ ہے کہ ان کی ارواح متمثل ہوئی ہوں اور آپ نے مشاہدہ کیا ہو۔

(ص ۲۱۰) بَابُ كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ

أَهَلَّ تَكَلَّمَ بِهِ وَاسْتَهْلَلْنَا وَأَهْلَلْنَا الْهِلَالَ كُلُّهُ مِنَ الظُّهُورِ وَاسْتَهَلَّ الْمَطَرُ خَرَجَ مِنَ السَّحَابِ {وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ} وَهُوَ مِنَ اسْتِهْلَالِ الصَّبِيِّ.

١٥٥٢. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهِلَّ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلَّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَأَهِلِّي بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ أَرْسَلَنِي النَّبِيُّ ﷺ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ إِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ هَذِهِ مَكَانَ عُمْرَتِكِ قَالَتْ فَطَافَ الَّذِينَ كَانُوا أَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ حیض اور نفاس والی عورت احرام کس طرح باندھے؟

أَهَلَّ کے معنی یہ ہیں کہ تلبیہ کا لفظ کہا، اسْتَهْلَلْنَا اور أَهْلَلْنَا الْهِلَالَ یہ سب ظہور سے ماخوذ ہیں، اسْتَهَلَّ الْمَطَرُ کے معنی یہ ہیں کہ بارش بادل سے نکلی، وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ میں أُهِلَّ: اسْتِهْلَالِ الصَّبِيِّ سے ہے یعنی بچہ کا رونا اور چلانا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ہم حجۃ الوداع میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ نکلے تو ہم نے عمرہ کا احرام باندھا پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس کے پاس قربانی کا جانور ہو وہ عمرے کے ساتھ حج کا احرام باندھے اور پھر حلال نہ ہو یہاں تک کہ دونوں سے حلال ہو جائے، مگر میں مکہ مکرمہ اس حال میں آئی کہ مجھے حیض کا عذر لاحق تھا میں نے نہ تو بیت اللہ کا طواف کیا اور نہ ہی صفا و مروہ کے درمیان سعی کی، میں نے نبی کریم ﷺ سے اس کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ اپنے سر کو کھول دو کنگھی کر لو حج کا احرام باندھو اور عمرہ کو ترک کر دو، میں نے ایسا ہی کیا، پھر جب ہم نے حج ادا کر لیا تو نبی کریم ﷺ نے مجھے عبد الرحمن بن ابی بکرؓ کے ساتھ تنعیم بھیجا تو میں نے عمرہ کیا، اس پر آپ نے فرمایا کہ یہ عمرہ تمہارے اس عمرے کی جگہ پر ہے، حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ جنہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا انہوں نے بیت اللہ کا طواف کیا صفا و مروہ کی سعی کی اور حلال ہو گئے اور پھر انہوں نے منیٰ سے واپس ہونے کے بعد ایک اور طواف کیا اور جنہوں نے حج اور عمرے کو جمع کیا تھا تو انہوں نے صرف ایک طواف کیا۔

تشریح: حائض اور نفساء کس طرح احرام باندھے؟

جیسے اور لوگ احرام باندھتے ہیں اسی طرح کرے گی، لیکن ایک بات اس کے لئے خاص ہے کہ غسل کر کے پھر احرام باندھے، یہ غسل حسن بصری اور ظاہریہ کے یہاں واجب ہے اور جمہور کے نزدیک مندوب ہے، امام احمد بن حنبل کی دونوں روایتیں ہیں لیکن مشہور قول استحباب ہی ہے۔

وَاسْتَهَلَّ الْمَطَرُ خَرَجَ مِنَ السَّحَابِ: اس میں بھی ظہور کا معنی ملحوظ ہے۔

وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَهُوَ مِنَ اسْتِهْلَالِ الصَّبِيِّ: مطلب یہ ہے کہ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ میں وہ معنی ملحوظ ہیں جو استہلال صبی میں ملحوظ ہیں یعنی رفع صوت، بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو روتا اور چیختا ہے اسی طرح جب لوگ غیر اللہ کے نام پر ذبیحہ ذبح کیا کرتے تھے تو آواز کو بلند کیا کرتے تھے۔

فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ: حضرت عائشہؓ نے عمرہ کا احرام باندھا تھا یا حج کا؟ اس میں روایات کے بیانات مختلف ہیں اس کی وضاحت میں کتاب الحیض میں حضرت عائشہؓ کی اسی مضمون کی روایت میں کر چکا ہوں اور تھوڑا کلام ان شاء اللہ باب التَّمَتُّعِ وَالْإِقْرَانِ وَالْإِفْرَادِ بِالْحَجِّ وَفَسْخِ الْحَجِّ کے ذیل میں کروں گا۔

انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَأَهِلِّي بِالْحَجِّ: حضرت عائشہؓ نے عمرہ کا احرام باندھ رکھا تھا مگر

Maktaba Tul Ishaat.com

جب ان کو حیض آگیا تو حضرت والا نے فرمایا انقُضِي رَأسَكِ اپنا سر کھول دو، وَامتَشِطِي کنگھا کرلو، اور حج کا احرام باندھ لو، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں احرام عمرہ فسخ اور ترک کر دیا۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اگر عورت عمرہ کا احرام باندھ کر آئے اور اس کو حیض آجائے تو آیا وہ احرام حج کو احرام عمرہ پر داخل کر کے قارنہ بن جائے گی؟ یا احرام عمرہ فسخ کر کے حج کا احرام باندھ لے گی؟

ائمۂ ثلاثہ اول کے قائل ہیں، امام ابو حنیفہ ثانی کے قائل ہیں، یہ الفاظ امام ابو حنیفہ کی تائید کرتے ہیں، لیکن ائمۂ ثلاثہ دوسرے الفاظ سے استدلال کرتے ہیں اور ان الفاظ کی تاویل کرتے ہیں، مثلاً یہ جو بعض الفاظ میں وارد ہوا ہے کہ آپ نے فرمایا طَوَافُكِ يَسَعُكِ لِحَجِّكِ وَعُمرَتِكِ، تمہارا یہ طواف تمہارے حج وعمرہ کے لئے کافی ہو جائے گا، مگر حنفیہ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کو یاد نہیں تھا چنانچہ جب حضرت عائشہؓ نے حضور سے یہ عرض کیا یرجع الناس بعمرة وحجة وأرجع أنا بحجة ليس معها عمرة تو آپ نے فرمایا أو ما كنت طفتِ ليالي قدمنا مكة؟ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ نہیں، معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہؓ اپنے ذہن میں عمرہ کو بالکل چھوڑ چکی تھیں اسی لئے بار بار کہہ رہی تھیں لَيسَ مَعَهَا عُمرَةٌ لَيسَ مَعَهَا عُمرَةٌ. نیز بعض الفاظ میں وارد ہوا ہے ولم يكن معها هدى ولا صيام ولا صدقة، اگر وہ قارنہ ہوتیں تو ہدی اور صیام اور صدقہ ہوتا، قارن کے ذمہ ہدی واجب ہے لہٰذا وہاں ہدی کیوں نہیں؟

امام نووی نے اس کی توجیہ یہ کی ہے کہ مطلب یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ سے کوئی جنایت صادر نہیں ہوئی جس کی وجہ سے ان پر ہدی واجب ہوتی، لیکن یہ توجیہ سیاق سے بعید معلوم ہوتی ہے۔

ایک جواب یہ دیا گیا ہے کہ ولم يكن معها هدى ولا صيام ولا صدقة والی روایت میں یہ لفظ مختلف فیہ ہے کہ آیا موصول ہے یا مدرج ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اس کو موصولاً نقل کرنے والے حفاظ ہیں، لہٰذا ان کے بیان کو بیانِ ثقات سمجھ کر معتمد مانا جائے گا، اور بالفرض اگر مان لیا جائے کہ بعد کے راوی ہی کا کلام ہے تو یقینی بات ہے کہ اس طرح کی بات راوی اپنی طرف سے حتمی طور پر کیا کہے گا، یقیناً اپنے اساتذہ سے واسطہ یا بالواسطہ سن کر سماع کا سلسلہ صحابی تک پہنچ گیا ہوگا اور نقل کیا ہوگا۔

وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا الحَجَّ وَالعُمرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا: اس سے معلوم ہوا کہ قارن ایک طواف کرے گا، مسئلہ مسائل اختلافیات مشہورات میں سے ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام شافعی، احمد بن حنبل اور امام مالک فرماتے ہیں کہ ایک طواف کرے گا، امام ابوحنیفہ تعدد طواف کے قائل ہیں، اور بھائی یہ قول مجاہد اور ابراہیم نخعی کا ہے اور اس میں ان حضرات نے حضرت علی بن ابی طالبؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ کے آثار پر اعتماد کیا ہے اور یہ آثار امام محمد وغیرہ نے اپنی کتابوں میں روایت کئے ہیں۔

بعضوں نے فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا کا مطلب بیان کیا ہے ای للحل منهما حلال ہونے کے لئے، اس لئے کہ یہ یقینی بات ہے کہ حاجی تین طواف کرتا ہے، طواف قدوم، طواف زیارت اور طواف وداع، تو اب اگر اس کو اپنے بالکل ظاہر پر رکھا جائے تو کسی کے نزدیک بھی صحیح نہیں ہوگا، لہٰذا اگر آپ اس کی یہ تاویل کرتے ہیں، کہ حج وعمرہ کی طرف سے ایک طواف کیا تو احناف یہ تاویل کر سکتے ہیں کہ حج وعمرہ سے حلال ہونے کے لئے صرف ایک ہی طواف کیا اور یہی ایک طواف کافی ہو گیا، یہ نہیں کہ ہر ایک کے لئے الگ الگ طواف کیا جاتا۔

(ص ۲۱۱) بَاب مَنْ أَهَلَّ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

١٥٥٣. حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ أَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ عَلِيًّا أَنْ يُقِيمَ عَلَى إِحْرَامِهِ وَذَكَرَ قَوْلَ سُرَاقَةَ وَزَادَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ بِمَا أَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ؟ قَالَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ ﷺ قَالَ فَأَهْدِ وَامْكُثْ حَرَامًا كَمَا أَنْتَ.

١٥٥٤. حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ الْهُذَلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ سَمِعْتُ مَرْوَانَ الْأَصْفَرَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَدِمَ عَلِيٌّ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ بِمَا أَهْلَلْتَ؟ قَالَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ لَوْلَا أَنَّ مَعِي الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ.

١٥٥٥. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ ﷺ إِلَى قَوْمٍ بِالْيَمَنِ فَجِئْتُ وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ بِمَا أَهْلَلْتَ؟ قُلْتُ أَهْلَلْتُ كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ هَدْيٍ؟ قُلْتُ لَا فَأَمَرَنِي فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَمَرَنِي فَأَحْلَلْتُ فَأَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَوْمِي فَمَشَطَتْنِي أَوْ غَسَلَتْ رَأْسِي فَقَدِمَ عُمَرُ فَقَالَ إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللَّهِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ قَالَ اللَّهُ {وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ} وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ النَّبِيِّ ﷺ فَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى نَحَرَ الْهَدْيَ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو کہ عہد نبوی میں نبی کریم ﷺ کے احرام کی طرح احرام باندھے۔

اس مضمون کو نبی کریم ﷺ سے حضرت ابن عمرؓ نے روایت کیا ہے۔

حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علیؓ کو یہ حکم دیا کہ وہ اپنے احرام پر قائم رہیں، اور انہوں نے (مکی بن ابراہیم نے یا حضرت جابرؓ نے) سراقہ بن مالکؓ کا قول بھی ذکر کیا، محمد بن ابی بکر نے ابن جریج سے یہ اضافہ نقل کیا کہ حضرت علیؓ سے نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا کہ اے علی! تم نے کس چیز کا احرام باندھا؟ حضرت علیؓ نے عرض کیا کہ میں نے اسی چیز کا احرام باندھا جس کا نبی ﷺ نے باندھا ہے، آپ نے ان سے فرمایا کہ اگر ایسا ہے تب تو ہدی کا نظم کرو اور اسی طرح احرام میں رہو جیسے اس وقت ہو۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علیؓ یمن سے پیغمبر ﷺ کے پاس آئے تو آپ نے دریافت کیا کہ تم نے کس چیز کا احرام باندھا؟ انہوں نے عرض کیا کہ جس چیز کا احرام نبی پاک ﷺ نے باندھا ہے، آپ نے فرمایا کہ اگر یہ بات نہ ہوتی کہ میرے ساتھ قربانی کا جانور ہے تو میں احرام کھول دیتا۔

حضرت ابو موسی اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ پیغمبر علیہ السلام نے مجھے یمن میں ایک قوم کے پاس بھیجا، میں واپس اس وقت آیا جب کہ آپ بطحاء میں تھے، آپ نے دریافت کیا کہ تم نے کس چیز کا احرام باندھا؟ میں نے کہا کہ میں نے اسی چیز کا احرام باندھا جس کا نبی ﷺ نے باندھا ہے، آپ نے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس کوئی ہدی ہے؟ میں نے عرض کیا کہ نہیں، تو آپ نے مجھے حکم دیا میں نے بیت اللہ کا طواف کیا صفا و مروہ کی سعی کی، پھر مجھے حکم دیا تو میں نے احرام کھول دیا اور میں اپنی قوم کی ایک عورت کے پاس آیا جس نے میرے سر میں کنگھی کی یا میرے سر کو دھویا، پھر حضرت عمرؓ کا دور آیا تو انہوں نے فرمایا کہ اگر ہم کتاب اللہ کو اختیار کرتے ہیں کہ تو اللہ کی کتاب ہمیں (حج اور عمرے کو) پورا کرنے کا حکم دیتی ہے، اللہ نے فرمایا کہ حج اور عمرے کو اللہ کیلئے پورا کرو، اور اگر ہم نبی ﷺ کی سنت کو اختیار کریں تو آپ نے احرام نہیں کھولا یہاں تک کہ ہدی کو نحر کیا۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے احرام معلق کا مسئلہ بیان کیا ہے۔

احرامِ معلق یہ ہے کہ احرام باندھنے والا یہ کہہ دے أهللت کإهلال فلان میں فلاں کے احرام کی طرح احرام باندھتا ہوں، احرام معلق بالاتفاق صحیح ہے، صرف مالکیہ ایک قول میں معتبر نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ عہد نبوت میں تو ضرورت تھی کہ لوگوں کو انواع مناسک کا علم نہیں تھا اور اب سب کو معلومات ہوگئی تو پھر کیا ضرورت ہے کہ آدمی اپنے احرام کو معلق کرے۔

بہت ممکن ہے کہ امام بخاری بھی اسی بات کے قائل ہوں اس لئے کہ یوں کہہ رہے ہیں من أهل فی زمن

Maktaba Tul Ishaat.com

النبی ﷺ کاھلال النبی ﷺ، اگر کسی نے حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں آپ جیسا احرام باندھا یعنی آپ کے احرام پر اپنے احرام کو معلق کیا تو اس کی گنجائش ہے، اور اب درجات احرام متعین ہو گئے لہذا اب اس کی ضرورت نہیں، لیکن یہ بھی ہو سکتا ہے کہ امام بخاری یہ بتانا چاہتے ہوں کہ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں جس نے احرام باندھا اور اپنے احرام کو آپ کے احرام پر معلق کر دیا اس میں تفصیل ہے، اگر وہ سائق الھدی نہیں ہے تو ایسی صورت میں وہ فسخ الحج کرے گا جیسے ابو موسیٰؓ نے کیا اور اگر سائق الھدی ہے تو وہ اپنے حج کو فسخ نہیں کرے گا جیسے حضرت علیؓ نے کیا تھا۔

فَقَدِمَ عُمَرُ: یہاں پر طیّ الکلام ہے اور بیچ کا حصہ بخاری نے حذف کر دیا ہے جو مسلم کی روایت سے سمجھ میں آتا ہے، ابو موسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں فَكُنْتُ أُفْتِي بِهِ النَّاسَ حَتَّى كَانَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ، اور ایک مفصل روایت میں ہے میں اسی کا فتویٰ دیتا تھا، ایک آدمی نے کہا إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي النُّسُكِ، حضرت ابو موسیٰؓ نے کہہ دیا مَنْ كُنَّا أَفْتَيْنَاهُ فُتْيَا فَلْيَتَّئِدْ فَإِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَادِمٌ عَلَيْكُمْ فَبِهِ فَائْتَمُّوا، ہم نے جس کسی کو کوئی فتویٰ دیا ہو وہ اس فتویٰ سے رک جائے امیر المؤمنین آرہے ہیں ان کا اتباع کیا جائے۔

ابو موسیٰ اشعریؓ فسخ الحج الی العمرہ کا فتویٰ دیتے تھے اور اسی طرح ان کے موافقین، حضرت عمرؓ اس کے قائل نہیں تھے اور وہ قرآن کی آیت إن الحجّ و العمرة لله اور نبی اکرم ﷺ کے عمل سے استدلال کرتے تھے کہ آپ حلال نہیں ہوئے۔

(ص ۲۱۱) بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ

فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ

وَقَوْلِهِ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ أَشْهُرُ الْحَجِّ شَوَّالٌ وَذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِي الْحَجَّةِ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ لَا يُحْرِمَ بِالْحَجِّ إِلَّا فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ، وَكَرِهَ عُثْمَانُ أَنْ يُحْرِمَ مِنْ خُرَاسَانَ أَوْ كَرْمَانَ.

۱۵۵۶. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ وَلَيَالِي الْحَجِّ وَحُرُمِ الْحَجِّ فَنَزَلْنَا بِسَرِفَ

Maktaba Tul Ishaat.com

قَالَتْ فَخَرَجَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ مَعَهُ هَدْيٌ فَأَحَبَّ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلَا قَالَتْ فَالْآخِذُ بِهَا وَالتَّارِكُ لَهَا مِنْ أَصْحَابِهِ قَالَتْ فَأَمَّا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَرِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَكَانُوا أَهْلَ قُوَّةٍ وَكَانَ مَعَهُمُ الْهَدْيُ فَلَمْ يَقْدِرُوا عَلَى الْعُمْرَةِ قَالَتْ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ يَا هَنْتَاهُ؟ قُلْتُ سَمِعْتُ قَوْلَكَ لِأَصْحَابِكَ فَمُنِعْتُ الْعُمْرَةَ قَالَ وَمَا شَأْنُكِ؟ قُلْتُ لَا أُصَلِّي قَالَ فَلَا يَضِيرُكِ إِنَّمَا أَنْتِ امْرَأَةٌ مِنْ بَنَاتِ آدَمَ كَتَبَ اللَّهُ عَلَيْكِ مَا كَتَبَ عَلَيْهِنَّ فَكُونِي فِي حَجَّتِكِ فَعَسَى اللَّهُ أَنْ يَرْزُقَكِيهَا قَالَتْ فَخَرَجْنَا فِي حَجَّتِهِ حَتَّى قَدِمْنَا مِنًى فَطَهَرْتُ ثُمَّ خَرَجْتُ مِنْ مِنًى فَأَفَضْتُ بِالْبَيْتِ قَالَتْ ثُمَّ خَرَجَتْ مَعَهُ فِي النَّفْرِ الْآخِرِ حَتَّى نَزَلَ الْمُحَصَّبَ وَنَزَلْنَا مَعَهُ فَدَعَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ اخْرُجْ بِأُخْتِكَ مِنَ الْحَرَمِ فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ ثُمَّ افْرُغَا ثُمَّ ائْتِيَا هَا هُنَا فَإِنِّي أَنْظُرُكُمَا حَتَّى تَأْتِيَانِي قَالَتْ فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ وَفَرَغْتُ مِنَ الطَّوَافِ ثُمَّ جِئْتُهُ بِسَحَرَ فَقَالَ هَلْ فَرَغْتُمْ؟ فَقُلْتُ نَعَمْ فَآذَنَ بِالرَّحِيلِ فِي أَصْحَابِهِ فَارْتَحَلَ النَّاسُ فَمَرَّ مُتَوَجِّهًا إِلَى الْمَدِينَةِ ، يَضِيرُ مِنْ ضَارَ يَضِيرُ ضَيْرًا وَيُقَالُ ضَارَ يَضُورُ ضَوْرًا وَضَرَّ يَضُرُّ ضَرًّا.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان حج کے چند مہینے ہیں متعین، پھر جس شخص نے لازم کر لیا ان میں حج؛ تو بے حجاب ہونا جائز نہیں عورت سے اور نہ گناہ کرنا اور نہ جھگڑا کرنا، اور اس ارشاد کا بیان: آپ سے پوچھتے ہیں حال نئے چاند کا، کہہ دیجئے کہ وہ اوقات مقررہ ہیں لوگوں کے واسطے اور حج کے واسطے، حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ حج کے مہینے یہ ہیں شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے دس دن، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ سنت میں سے یہ ہے کہ حج کا احرام نہ باندھے مگر حج کے مہینوں میں، حضرت عثمانؓ نے اس بات کو ناپسند کیا کہ احرام خراسان یا کرمان سے باندھا جائے۔

حضرت عائشہؓ کی تفصیلی روایات کتاب الحیض میں گزر چکی ہیں۔ آگے ہے: امام بخاری کہتے ہیں کہ یَضِیْرُ، ضَارَ یَضِیْرُ (باب ضرب) سے ہے نیز ضَارَ یَضُوْرُ ضَوْرًا (باب نصر) اور ضَرَّ یَضُرُّ ضَرًّا (یعنی معتل کے بجائے مضاعف) بھی آتا ہے۔

تشریح: میں نے بیان کیا تھا کہ حج کے دو میقات ہیں میقات مکانی اور میقات زمانی، امام بخاری حج کے میقات مکانی کے بیان سے فارغ ہو چکے، اب حج کا میقات زمانی بیان کر رہے ہیں یعنی اس کا ایک مخصوص اور محدود وقت ہے اسی میں حج کیا جا سکتا ہے، اور وہ تین معلوم متعین مہینے ہیں، اس میں اجماع ہے کہ وہ تین مہینے ہیں اور یہ بھی اجماع ہے کہ وہ تین مہینے شوال، ذی القعدہ اور ذی الحجہ ہیں، لیکن اس میں اختلاف ہے کہ تینوں

Maktaba Tul Ishaat.com

کامل ہیں یا پہلے دونوں کامل اور بعض الثالث ہے؟

جمہور علماء ارشاد فرماتے ہیں کہ پہلے دونوں کامل ہیں اور بعض الثالث (تیسرے کا کچھ حصہ)، امام مالک سے اس میں دو روایتیں ہیں، ایک روایت میں تینوں کامل ہیں، اور دوسری روایت ان کی جمہور کے مطابق ہے۔

پھر جمہور میں ایک اور اختلاف ہے کہ صرف لیلۃ النحر داخل ہے یا یوم النحر بھی داخل ہے؟ امام شافعی اور امام مالک ایک روایت میں ارشاد فرماتے ہیں کہ یوم النحر داخل نہیں، حضرت امام ابو حنیفہ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ یوم النحر بھی داخل ہے۔

سوال یہ ہے کہ آیا پورا ذی الحجہ اشہر حج میں داخل ہے یا بعض ذی الحجہ، اس اختلاف کا ثمرہ کیا ظاہر ہوگا؟ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ثمرہ یہ ظاہر ہوگا کہ اگر کسی نے عشرۂ ذی الحجہ کے بعد عمرہ کر لیا تو ان لوگوں کے نزدیک جو پورے ذی الحجہ کو شہر حج مانتے ہیں متمتع ہو گیا، اور جمہور علماء کے نزدیک متمتع نہیں ہوگا، لیکن میرے نزدیک یہ وجہِ فرق غلط ہے، اس واسطے کہ مالکیہ اگرچہ اس بات کے قائل ہیں کہ پورا ذی الحجہ شہر حج ہے لیکن اس کے باوجود وہ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ حج کے ایام گزر جانے کے بعد یعنی عشرۂ ذی الحجہ کے بعد اگر کوئی عمرہ کرے گا تو وہ متمتع نہیں ہوگا، سوائے حسن بصری کے کوئی بھی اس بات کا قائل نہیں ہے صرف وہ فرماتے ہیں من اعتمر بعد النحر فھی متعۃ، ابن منذر کہتے ہیں کہ مجھے کوئی بھی ایسا معلوم نہیں کہ جو اس قول کا قائل ہو۔

میرا خیال یہ ہے کہ اس اختلاف کا ایک اور اثر ظاہر ہوگا اور وہ یہ کہ اگر کوئی عشرۂ ذی الحجہ کے بعد عمرہ کرے تو اس کے لئے یہ عمرہ بلا کراہت مباح ہے یا مکروہ ہوگا؟ جمہور فرماتے ہیں کہ کوئی کراہت نہیں اور مالکیہ کے یہاں مکروہ ہے اس واسطے کہ یہ ہیں اشہر حج، لہٰذا حج کے ایام میں غیر حج کا کیا کام۔

یَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ إلخ: مطلب یہ ہے کہ تم کو اس کے چھوٹا اور بڑا ہونے کی علت اور حکمت کیا سمجھ میں آئے گی؟ تم کو تو یہ معلوم کرنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہلال کی ترتیب جو رکھی ہے اس کا کیا فائدہ ہے؟ وہ فائدہ یہ ہے کہ اس سے حج کا وقت معلوم ہوتا ہے اور لوگوں کو اوقات معلوم ہوتے ہیں۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مِنَ السُّنَّةِ أَنْ لَا يُحْرِمَ بِالْحَجِّ إِلَّا فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ: یعنی میقات زمانی پر تقدم نہ کرنا چاہئے، حضرت امام شافعی کا یہی مسلک ہے اور اگر کسی آدمی نے اشہر حج سے پہلے احرام باندھ لیا تو عمرہ ہو جائے گا، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اشہر حج سے پہلے احرام باندھنا مکروہ ہے لیکن اگر کسی نے احرام باندھ

Maktaba Tul Ishaat.com

لیا تو حج کا احرام منعقد ہو جائے گا، اور یہ جو حاشیہ صاحب نے لکھ دیا ہے کہ بالاجماع اشہر حج سے پہلے احرام باندھنا صحیح نہیں ہے اس کلام میں ذرا کچھ تجوز ہے۔

وَكَرِهَ عُثْمَانُ أَنْ يُحْرِمَ مِنْ خُرَاسَانَ أَوْ كَرْمَانَ: حضرت عثمانؓ نے خراسان اور کرمان سے احرام باندھنے کو ناپسند کیا، حافظ ابن حجر نے متعدد آثار ایسے نقل کئے ہیں جس میں یہ وارد ہوا ہے کہ عبداللہ بن عامر نے نیشاپور سے احرام باندھا تھا اس شکرانہ میں کہ خراسان وغیرہ کا علاقہ فتح ہو گیا تھا اور جب وہ پہونچے ہیں تو حضرت عثمانؓ نے ان کو ملامت کی اور پسند نہیں کیا، وجہ یہ تھی کہ ایک لمبی مدت کا سفر تھا، خطرہ یہ تھا کہ کہیں احرام پر جنایت نہ ہو جائے۔

اس اثر کو ترجمۃ الباب کے ساتھ کیا مناسبت ہے؟ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اصل میں خراسان ومکہ میں اشہر حج سے زائد کی مسافت ہے، اب جو آدمی خراسان وکرمان سے احرام باندھ کر آئے گا تو یقیناً وہ دخول اشہر حج سے پہلے پہلے احرام باندھ کر آئے گا، چونکہ حضرت عثمانؓ نے یہ احرام ناپسند کیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک دخول اشہر حج سے پہلے احرام باندھنا مکروہ اور ناپسندیدہ ہے۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے ابھی یہ بتلایا کہ احرام کو اس کے میقات زمانی پر مقدم کرنا مکروہ ہے، تو اب اس بات کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ اس کے میقات مکانی پر بھی احرام کو مقدم کرنا مکروہ ہے۔

مگر یہ چیز بعید ہے، اس واسطے کہ امام بخاری اس کو ماقبل میں ص ۲۰۶ پر بَابُ مِيقَاتِ أَهْلِ الْمَدِينَةِ میں بیان کر چکے ہیں وَلَا يُهِلُّوا قَبْلَ ذِي الْحُلَيْفَةِ ذوالحلیفہ سے قبل احرام نہ باندھیں، اور جب اہل مدینہ کو اپنے میقات سے پہلے احرام باندھنا ممنوع ہے تو دوسرے حضرات کو بھی اپنے میقاتوں سے پہلے احرام باندھنا مکروہ وممنوع ہوگا، ویسے یہ مسئلہ خلافیہ ہے اور میں بیان کر چکا ہوں کہ کس کے نزدیک تقدیم اولیٰ ہے اور کس کے نزدیک میقات سے احرام باندھنا اولیٰ ہے۔

خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ: امام بخاری نے اس روایت کے ذریعہ اس بات پر تنبیہ فرمائی کہ اشہر حج پر تقدیم نہ ہونی چاہئے، اس لئے کہ اگر اشہر حج پر تقدیم ہو سکتی تو حضور اکرم ﷺ بیان جواز کے لئے اشہر حج سے پہلے نکلتے حالانکہ آپ اشہر حج میں نکلے۔

وَلَيَالِي الْحَجِّ: اور حج کی راتوں میں نکلے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَحُرُمِ الحَجِّ: حرم راء کے فتحہ اور ضمہ دونوں کے ساتھ جائز ہے، اگر یہ راء کے فتحہ کے ساتھ حَرَم ہو تب یہ حرمة کی جمع ہے اور مراد اس سے محرمات حج اور ممنوعات حج ہے، اور اگر یہ حُرُم بضم الحاء والراء ہو تو اس صورت میں مراد ازمنۃ الحج، امکنۃ الحج اور حالات حج ہیں۔

فَنَزَلْنَا بِسَرِفَ: سرف ایک مقام کا نام ہے مکہ مکرمہ سے کچھ فاصلہ پر، مسند احمد میں ہے کہ مکہ سے نو میل پر ہے، بعض روایات میں ہے کہ دس پر اور بعضوں نے کہا کہ بارہ پر اور بعض کہتے ہیں کہ سات پر اور بعض کہتے ہیں چھ میل پر ہے۔

مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ مَعَهُ هَدْيٌ: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سرف میں پہنچ کر یہ اعلان کر دیا کہ جو غیر سائق الہدی ہیں وہ اگر یہ چاہیں کہ اپنے احرام حج کو افعال عمرہ کر کے کھول دیں اور فسخ الحج الی العمرہ کریں تو کر لیں، یہاں تو آپ نے اختیاری اعلان فرمایا، لیکن اس کے بعد جب آپ مکہ مکرمہ پہنچ گئے تو مروہ پر پہنچ کر آپ نے حتمی اعلان کر دیا کہ جو لوگ غیر سائق الہدی ہیں وہ سارے کے سارے حلال ہو جائیں، جب صحابۂ کرام میں سے بعض نے پس و پیش کیا اس لئے کہ خود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم حلال نہیں ہوئے تھے تو آپ نے ارشاد فرمایا لو استقبلت من أمری ما استدبرت ما سقت الهدی و لجعلتها عمرة۔

وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلَا: اور جو سائق الہدی ہوں وہ حلال نہ ہوں، اس سے معلوم ہوا کہ حج کے اندر جس کے ساتھ ہدی ہو گی وہ حلال نہیں ہو سکتا ہے، یہ مسئلہ میں کئی بار بیان کر چکا ہوں، حنفیہ اور حنابلہ یہی کہتے ہیں و هذا دلیل الحنابلة و الحنفية، اور مالکیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ سائق الہدی بھی حلال ہو سکتا ہے۔

فَالْآخِذُ بِهَا وَالتَّارِكُ لَهَا مِنْ أَصْحَابِهِ: چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فسخ حج کا حکم تو دیا تھا لیکن حتمی حکم نہیں تھا اختیاری تھا اس لئے بعض نے عمل کر لیا اور بعضوں نے نہیں کیا۔

فَأَمَّا رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَرِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِهِ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو صحابۂ کرام سائق الہدی تھے جیسے حضرت طلحہؓ، حضرت علیؓ یہ حضرات سائق الہدی ہونے کی وجہ سے عمرہ نہیں کر سکے۔

وَأَنَا أَبْكِي: میں رو رہی تھی، تو آپ نے فرمایا کہ تو کیوں رو رہی ہے؟

يَا هَنْتَاهُ: یَا هَنْتَاہُ کنایہ ہے یا هذه کے معنی میں، اے عورت تو کیوں رو رہی ہے؟ بڑی بی تو کیوں رو رہی ہے؟ کہنے لگیں کہ میں نے آپ کا ارشاد آپ کے صحابہ سے سنا یعنی آپ نے اپنے صحابہ سے جو ارشاد فرمایا

Maktaba Tul Ishaat.com

وہ میں نے سنا لیکن میں عمرہ کر نہیں سکتی، فرمایا کہ کیا بات ہے؟ کہنے لگیں لا أصلي، یہ کنایہ ہے اس بات سے کہ وہ اس وقت پاک نہیں ہے، علماء نے لکھا ہے کہ ہر عورت اس وقت اسی طرح کنایہ کرے، فرمایا فلا یضرك کوئی حرج کی بات نہیں ہے إنما أنت امرأة من بنات آدم چونکہ تم آدم کی اولاد میں سے ہو جیسے ہر بنات آدم کو یہ حالت پیش آتی ہے تم کو بھی پیش آگئی ہے فکوني في حجتك حج کے اندر رہو۔

فعسی اللہ أن یرزقکیها: شاید اللہ تعالیٰ تم کو حج عطا فرمادے، ترجّی کا لفظ کلام پاک اور کلام رسول میں تحقق کے بیان کرنے کے لئے آیا کرتا ہے، یہاں بھی اسی معنی کو ادا کر رہا ہے اور ایسا ہی ہوا کہ حضرت سیدہ عائشہؓ کو حج ملا اور طواف زیارت سے پہلے پہلے وہ پاک ہوگئی تھیں۔

حتی قدمنا منی فطهرت: میں منیٰ آئی اس کے بعد میں پاک ہوگئی، یہ دسویں تاریخ کو پاک ہوئی ہیں، مسلم کی ایک روایت میں ہے حتی إذا كان يوم عرفة تطهرت عائشة، بظاہر یہ روایت یوم النحر کے طہارت کی روایت کے معارض ہے لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ تطہّر اور ہے، طہارت اور ہے، تطہر کا مطلب یہ ہے کہ وقوف عرفہ کے لئے غسل کیا تھا، اور طہارت کا مطلب یہ ہے کہ دم منتہی ہوگیا اور وہ پاک ہوگئی تھیں۔

فأفضت بالبيت: جب میں پاک ہوگئیں تو بیت اللہ کا طواف کیا۔

ثم خرجت معه في النفر الآخر: میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ نفر آخر میں نکل گئی، یعنی تیرہویں تاریخ کو رمی کرنے کے بعد سرکار دو عالم ﷺ جب منیٰ سے محصب کی طرف نکلے ہیں تو حضرت عائشہؓ بھی نکل گئیں یہاں تک کہ آپ آکر وادی محصب میں قیام پذیر ہوئے۔

فدعا عبد الرحمن بن أبي بكر فقال اخرج بأختك من الحرم: یہ سارا قصہ اس سے پیش آیا کہ حضرت عائشہؓ مصر تھیں کہ مجھے عمرہ کراؤ، یرجع الناس بعمرة وحجة، وأرجع أنا بحجة، لیس معها عمرة حضور ﷺ نے ان کی دل جوئی فرمائی اور ان کے بھائی سے فرمایا کہ ان کو لے جاؤ تنعیم اور وہاں سے احرام باندھ کر آؤ اور ان کو عمرہ کرالو۔

ثم ائتيا ها هنا فإني أنظركما حتی تأتياني: تم یہیں آجانا میں تمہارا انتظار کر رہا ہوں یہاں تک کہ تم آؤ، فرماتی ہیں کہ ہم نکلے اور جب میں اور عبد الرحمن فارغ ہوگئے تو میں سحر کے وقت حاضر ہوئی۔

فقال هل فرغتم؟: فرمایا کہ کیا تم فارغ ہوگئے؟ میں نے کہا کہ ہاں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَأذَنَ بِالرَّحِيلِ: آپ نے روانگی کا اعلان فرمادیا، آپ مدینہ کی طرف چل پڑے۔

آگے مصنف نے فَلَا يَضُرُّكِ کی وجہ سے شرح فرمادی، کشمیہنی کے نسخہ میں ہے فَلَا يَضِيرُكِ، مصنف نے بتلادیا کہ ضَارَ يَضِيرُ اور ضَارَ يَضُورُ بَاعَ يَبِيعُ اور قَالَ يَقُولُ دونوں سے آتا ہے بلکہ ضَرَّ يَضُرُّ ضَرًّا بھی آتا ہے معنیٰ سب کے ایک ہیں۔

(ص ٢١٢) بَابُ التَّمَتُّعِ وَالْإِقْرَانِ وَالْإِفْرَادِ بِالْحَجِّ وَفَسْخِ الْحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ

١٥٥٧. حَدَّثَنَا عُثْمَانُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ وَلَا نُرَى إِلَّا أَنَّهُ الْحَجُّ فَلَمَّا قَدِمْنَا تَطَوَّفْنَا بِالْبَيْتِ فَأَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ أَنْ يَحِلَّ فَحَلَّ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ وَنِسَاؤُهُ لَمْ يَسُقْنَ فَأَحْلَلْنَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَحِضْتُ فَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ يَرْجِعُ النَّاسُ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ وَأَرْجِعُ أَنَا بِحَجَّةٍ قَالَ وَمَا طُفْتِ لَيَالِيَ قَدِمْنَا مَكَّةَ؟ قُلْتُ لَا قَالَ فَاذْهَبِي مَعَ أَخِيكِ إِلَى التَّنْعِيمِ فَأَهِلِّي بِعُمْرَةٍ ثُمَّ مَوْعِدُكِ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ صَفِيَّةُ مَا أُرَانِي إِلَّا حَابِسَتَهُمْ قَالَ عَقْرَى حَلْقَى أَوَمَا طُفْتِ يَوْمَ النَّحْرِ قَالَتْ قُلْتُ بَلَى قَالَ لَا بَأْسَ انْفِرِي عَائِشَةُ فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ ﷺ وَهُوَ مُصْعِدٌ مِنْ مَكَّةَ وَأَنَا مُنْهَبِطَةٌ عَلَيْهَا أَوْ أَنَا مُصْعِدَةٌ وَهُوَ مُنْهَبِطٌ مِنْهَا.

١٥٥٨. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَأَهَلَّ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ بِالْحَجِّ فَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ أَوْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لَمْ يَحِلُّوا حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ.

١٥٥٩. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ شَهِدْتُ عُثْمَانَ وَعَلِيًّا وَعُثْمَانُ يَنْهَى عَنِ الْمُتْعَةِ وَأَنْ يُجْمَعَ بَيْنَهُمَا فَلَمَّا رَأَى عَلِيٌّ أَهَلَّ بِهِمَا لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ قَالَ مَا كُنْتُ لِأَدَعَ سُنَّةَ النَّبِيِّ ﷺ لِقَوْلِ أَحَدٍ.

١٥٦٠. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانُوا

Maktaba Tul Ishaat.com

يَرَوْنَ أَنَّ الْعُمْرَةَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ مِنْ أَفْجَرِ الْفُجُورِ فِي الْأَرْضِ وَيَجْعَلُونَ الْمُحَرَّمَ صَفَرًا وَيَقُولُونَ إِذَا بَرَا الدَّبَرْ وَعَفَا الْأَثَرْ وَانْسَلَخَ صَفَرْ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرْ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ وَأَصْحَابُهُ صَبِيحَةَ رَابِعَةٍ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً فَتَعَاظَمَ ذَٰلِكَ عِنْدَهُمْ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ الْحِلِّ؟ قَالَ حِلٌّ كُلُّهُ.

١٥٦١. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَأَمَرَهُ بِالْحِلِّ.

١٥٦٢. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوا بِعُمْرَةٍ وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ؟ قَالَ إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ.

١٥٦٣. حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَخْبَرَنَا أَبُو جَمْرَةَ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ الضُّبَعِيُّ قَالَ تَمَتَّعْتُ فَنَهَانِي نَاسٌ فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَأَمَرَنِي فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ رَجُلًا يَقُولُ لِي حَجٌّ مَبْرُورٌ وَعُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ فَأَخْبَرْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ سُنَّةَ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ لِي أَقِمْ عِنْدِي فَأَجْعَلَ لَكَ سَهْمًا مِنْ مَالِي قَالَ شُعْبَةُ فَقُلْتُ لِمَ؟ فَقَالَ لِلرُّؤْيَا الَّتِي رَأَيْتُ.

١٥٦٤. حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ قَالَ قَدِمْتُ مُتَمَتِّعًا مَكَّةَ بِعُمْرَةٍ فَدَخَلْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فَقَالَ لِي أُنَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ تَصِيرُ الْآنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً فَدَخَلْتُ عَلَى عَطَاءٍ أَسْتَفْتِيهِ فَقَالَ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ حَجَّ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ يَوْمَ سَاقَ الْبُدْنَ مَعَهُ وَقَدْ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ مُفْرَدًا فَقَالَ لَهُمْ أَحِلُّوا مِنْ إِحْرَامِكُمْ بِطَوَافِ الْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَصِّرُوا ثُمَّ أَقِيمُوا حَلَالًا حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَأَهِلُّوا بِالْحَجِّ وَاجْعَلُوا الَّتِي قَدِمْتُمْ بِهَا مُتْعَةً فَقَالُوا كَيْفَ نَجْعَلُهَا مُتْعَةً وَقَدْ سَمَّيْنَا الْحَجَّ؟ فَقَالَ افْعَلُوا مَا أَمَرْتُكُمْ فَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِي أَمَرْتُكُمْ وَلَكِنْ لَا يَحِلُّ مِنِّي حَرَامٌ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ فَفَعَلُوا قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ أَبُو شِهَابٍ لَيْسَ لَهُ مُسْنَدٌ إِلَّا هَذَا.

١٥٦٥. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَعْوَرُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ اخْتَلَفَ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ وَهُمَا بِعُسْفَانَ فِي الْمُتْعَةِ فَقَالَ عَلِيٌّ مَا تُرِيدُ إِلَّا أَنْ تَنْهَى عَنْ أَمْرٍ فَعَلَهُ النَّبِيُّ ﷺ فَلَمَّا رَأَى ذَٰلِكَ عَلِيٌّ أَهَلَّ بِهِمَا جَمِيعًا.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، حج تمتع، حج قران اور حج افراد کا بیان، نیز اس شخص کے لئے حج کو فسخ کرنے کا حکم جو اپنے ساتھ قربانی کا جانور نہ لایا ہو۔

حضرت عائشہؓ کی روایت کا ترجمہ گزر چکا۔

مروان بن حکم نے بیان کیا کہ میں نے حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کو دیکھا اس حال میں کہ حضرت عثمانؓ تمتع سے اور حج وعمرہ کو جمع کرنے سے منع فرمارہے تھے، تو جب حضرت علیؓ نے یہ دیکھا تو ان دونوں کا احرام باندھا اور تلبیہ عمرہ اور حج دونوں کا پڑھا، نیز فرمایا کہ میں کسی بات کی وجہ سے نبی کریم ﷺ کی سنت کو چھوڑنے والا نہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ لوگ اشہر حج میں عمرہ کرنے کو زمین کا سب سے بڑا گناہ سمجھتے تھے، محرم کو صفر بنا لیتے تھے اور کہتے تھے کہ جب اونٹ کی پیٹھ کا زخم ٹھیک ہو جائے، نشان مٹ جائے، صفر کا مہینہ ختم ہو جائے تو عمرہ کرنے والے کے لئے عمرہ حلال ہو جاتا ہے، پیغمبر ﷺ اور آپ کے صحابہ چوتھی ذی الحجہ کی صبح کو حج کا احرام باندھے ہوئے آئے آپ نے ان کو حکم دیا کہ وہ اس کو عمرہ بنا دیں، یہ بات ان پر شاق گزری تو انہوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! کون سی چیز حلال ہوگی؟ فرمایا کہ تمام چیزیں حلال ہو جائیں گی۔

حضرت حفصہؓ کہتی ہیں کہ انہوں نے کہا کہ یارسول اللہ! لوگوں کا کیا حال ہے کہ وہ عمرہ سے حلال ہو گئے اور آپ اپنے عمرے سے حلال نہیں ہوئے؟ تو آپ نے فرمایا کہ میں نے اپنے سر کے بالوں کو جما لیا ہے اور ہدی کے گلے میں ہار ڈالا ہے اس لئے میں قربانی تک حلال نہیں ہوں گا۔

ابو جمرہ کہتے ہیں کہ میں نے تمتع کیا، کچھ لوگوں نے مجھے منع کیا تو میں نے حضرت ابن عباسؓ سے مسئلہ معلوم کیا، انہوں نے مجھے تمتع کا حکم دیا تو میں نے خواب میں دیکھا کہ جیسے ایک شخص مجھ سے کہہ رہا ہے کہ حج مقبول ہے اور عمرہ مقبول ہے، میں نے یہ خواب حضرت ابن عباسؓ سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ نبی ﷺ کی سنت ہے، پھر فرمایا کہ میرے پاس ٹھہر جاؤ، میں اپنے مال میں سے تمہارا حصہ بھی لگاؤں گا، شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ ایسا کیوں فرمایا؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ اس خواب کی وجہ سے جو کہ میں نے دیکھا تھا۔

ابوشہاب کہتے ہیں کہ میں تمتع کی نیت سے عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ مکرمہ آیا، ہم مکہ میں ترویہ کے دن سے تین روز قبل داخل ہوئے، مجھ سے کچھ اہل مکہ نے کہا کہ اب تمہارا حج مکی ہو جائے گا، میں مسئلہ معلوم کرنے کے لئے حضرت عطاء کے پاس گیا انہوں نے کہا کہ مجھ سے حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ اس دن حج کیا جب کہ آپ قربانی کا جانور ساتھ لائے تھے اس حال میں کہ لوگوں نے صرف حج کا احرام باندھا تھا، تو آپ نے ان سے کہا کہ بیت اللہ کا طواف کر کے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کر کے اپنے احرام سے حلال ہو جاؤ، بالوں کو چھوٹا کر لو اور حلال ہونے کی حالت میں قیام کرو یہاں تک کہ جب آٹھ ذی الحجہ آئے تو حج کا احرام باندھو اور جس کا احرام باندھ کر آئے تھے اس کو تمتع بنا دو، صحابہ

Maktaba Tul Ishaat.com

نے کہا کہ ہم اس کو تمتع کیسے بنا دیں! جب کہ ہم اس کا نام حج رکھ چکے ہیں آپ نے فرمایا کہ تم سے میں جو کہہ رہا ہوں اسے کرو، اگر میں ہدی نہ لایا ہوتا تو وہی کرتا جس کا تمہیں حکم دے رہا ہوں لیکن میرے لئے احرام کی ممنوع چیزوں میں سے کوئی چیز اس وقت تک حلال نہیں ہو سکتی جب تک کہ ہدی اپنے مقام پر نہ پہنچ جائے۔

امام بخاری کہتے ہیں کہ ابو شہاب سے اس کے علاوہ کوئی اور مسند حدیث مروی نہیں ہے۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے انواع حج کو بیان فرمایا ہے۔

اگر تقدیر ترجمہ ہو باب حکم التمتع والإقران والإفراد بالحج، الخ تو اس کے معنی صرف یہ بنتے ہیں کہ بخاری اقسام حج کا حکم بتانا چاہتے ہیں، اور اگر تقدیر ترجمہ ہو باب جواز التمتع والإقران والإفراد بالحج، الخ تو اس کے معنی یہ بنیں گے کہ امام بخاری اقسام اربعہ کو جائز کہتے ہیں، یہی میرے نزدیک راجح ہے اور امام بخاری نے بعد میں جو حدیثیں درج کی ہیں اس سے بھی یہی سمجھ میں آتا ہے۔

(۱) التمتع: تمتع عرف حج میں یہ ہے کہ آدمی عمرہ کا احرام باندھ کر جائے، عمرہ کر کے فارغ ہو جائے اور پھر بعد میں حج کا احرام باندھ کر حج کرے۔

(۲) إقران: اسی طرح سے یہاں پر واقع ہوا ہے، از روئے لغت یہ لفظ غلط ہے اور ممکن ہے کہ امام بخاری کی رائے پر صحیح ہو، اقران کے معنی لغت میں کسی چیز پر قابو پانے کے آتے ہیں قال تعالی وما کنا له مقرنین، یہاں مراد دو نسکوں کو جمع کرنا ہے، حج و عمرہ کے جمع کے لئے قِران کا لفظ آتا ہے، قِران یہ ہے کہ حج و عمرہ دونوں کا احرام ساتھ باندھ لیا جائے، حنفیہ کہتے ہیں کہ اکثر اعمالِ عمرہ سے پہلے اگر حج کا احرام باندھ لیا جائے تو بھی آدمی قارن ہو جائے گا۔

(۳) وَالإِفْرَادِ بِالحَجِّ: افراد بالحج، صرف حج کا احرام باندھے اور اعمالِ حج کر کے فارغ ہو جائے۔

(۴) وَفَسْخِ الحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ: جس کے پاس ہدی نہ ہو اور وہ احرام حج باندھے تو اعمال عمرہ کر کے حلال ہو جائے، انساک ثلاثہ اولیٰ بالاتفاق مشروع ہیں۔

اس نسکِ رابع فسخ الحج إلى العمرة میں اختلاف ہے، اس میں علماء کے تین اقوال ہیں، ۱۔ حضرت ابن عباسؓ، شیعہ اور ظاہریہ واجب کہتے تھے، ۲۔ حضرت معاویہؓ اور عام حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ حرام کہتے ہیں، ۳۔ امام احمد بن حنبل اور جمہور محدثین اس کو مستحب کہتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

جو لوگ قائل نہیں وہ کہتے ہیں کہ ابوذر غفاریؓ وغیرہ کہتے ہیں كَانَتِ الْمُتْعَةُ فِي الْحَجِّ لِأَصْحَابِ مُحَمَّدٍ ﷺ خَاصَّةً رواہ مسلم، یہی مضمون نسائی نے حارث بن بلال سے روایت کیا ہے، لیکن جمہور محدثین اس کے جواز کے قائل ہیں اس لئے کہ سراقہ بن مالکؓ نے حضور ﷺ سے پوچھا تھا ألعامنا هذا؟ تو فرمایا بل هي للأبد ہمیشہ کے لئے ہے یہ کوئی وقتی حکم نہیں ہے۔

امام بخاری کی رائے کیا ہے؟ میں بتا چکا کہ ترجمہ میں دونوں احتمال ہیں، اگر یہ مانا جائے کہ بخاری حکم التمتع کہہ رہے ہیں تو اس سے یہ معلوم نہ ہوگا کہ وہ فسخ حج کے جواز کے قائل ہیں، اور اگر تقدیر عبارت مشروعیة التمتع ہو تو وہ اس کے جواز کے قائل ہوں گے، حافظ ابن حجر وغیرہ نے یہ دونوں احتمالات ذکر کئے ہیں، لیکن ہمارے نزدیک صحیح یہ ہے کہ بخاری اس کی مشروعیت کے قائل ہیں ورنہ اقسام ثلاثہ کی مشروعیت کے ساتھ اس کے ذکر کرنے کیا ضرورت تھی؟ اور یہ احتمال کہ صاحب جب مشروعات کو ذکر کر دیا تو اس کے ضد کو بھی ذکر کر دیا، بعید ہے، امام بخاری نے کوئی ایسی روایت نہیں پیش کی جس سے فسخ الحج الی العمرہ کا عدم جواز نکلتا ہو، بلکہ جواز کی روایتیں پیش کی ہیں اور پہلے بھی آچکی ہیں۔

پھر اس میں اختلاف ہے کہ انواع ثلاثہ سابقہ میں افضل کیا ہے؟

(۱) امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ سب سے افضل قران ہے پھر تمتع پھر افراد۔

(۲) امام شافعی اس کے عکس کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ سب سے افضل افراد پھر تمتع اور پھر قران ہے۔

(۳) امام مالک کہتے ہیں کہ سب سے افضل افراد ہے پھر قران ہے پھر تمتع ہے۔

(۴) امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ سب سے افضل تمتع پھر افراد پھر قران ہے۔

تو قران کے بارے میں شافعی واحمد ایک ساتھ ہیں کہ اس کا درجہ سب سے آخر میں ہے۔

(۵) امام احمد کی ایک روایت یہ ہے کہ اگر کوئی سائق الهدی ہو تو قران افضل ہے ورنہ تمتع افضل ہے۔

جو لوگ کسی بھی نسک کو افضل کہتے ہیں وہ عام طور سے حضور اکرم ﷺ کے نسک سے استدلال کرتے ہیں، صرف چند علماء ایسے ہیں جو آپ کے نسک کے بارے میں کسی اور بات کے قائل ہیں اور افضلیت میں کسی اور بات کے قائل ہیں، اور کسی دوسری دلیل کی وجہ سے انہوں نے حضور کے نسک کے کسی خاص صورت پر

Maktaba Tul Ishaat.com

ماننے کے باوجود اس کے خلاف کو افضل کہا ہے۔

حضور ﷺ نے کون سا احرام باندھا؟ اس میں اختلاف ہے کہ آپ نے حج افراد کیا یا تمتع یا قران؟

(۱) بعض کہتے ہیں کہ آپ نے حج افراد کیا اور اس کے بعد عمرہ نہیں کیا، یہی امام مالک وشافعی کہتے ہیں، بعض شافعیہ ومالکیہ کہتے ہیں کہ آپ نے بعد میں عمرہ بھی کیا ہے لیکن یہ قول بالکل بے دلیل ہے کسی حدیث سے اس کا ثبوت نہیں، یہاں پر انہوں نے صرف قیاس چلایا کہ تنہا حج سے حج وعمرہ کا مجموعہ افضل ہے تو ظاہر ہے کہ حضور ﷺ نے افضل پر عمل کیا ہوگا حج کے بعد عمرہ کر لیا ہوگا، لیکن اگر ایسا ہوتا تو کسی روایت سے اسکا ثبوت ہوتا۔

(۲) بعض کہتے ہیں کہ آپ نے تمتع کیا ہے، پھر قاضی ابو یعلیٰ اور ابن جوزی کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے عمرہ کا احرام باندھا جیسا کہ آئندہ عائشہؓ کی روایت میں آئے گا اور عمرہ سے فراغت کر کے آپ حلال ہوگئے، معاویہؓ کی روایت میں ہے قَصَّرْتُ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ بِمِشْقَصٍ وَهُوَ عَلَى الْمَرْوَةِ رواه البخاری ومسلم والنسائی ولیس لفظ 'علی المروۃ' عند البخاری، لیکن یہ روایت مختلف الحامل ہے، اور ان تمام روایات کے خلاف ہے جن میں حضور ﷺ نے بار بار اور صاف صاف فرمایا وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمَا سقتُ الْهَدْيَ ولجعلتها عمرة، شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ قاضی ابو یعلیٰ سے پہلے کوئی بھی اس بات کا قائل نہیں کہ نبی اکرم ﷺ عمرہ سے حلال ہوگئے تھے۔

(۳) بعض علماء فرماتے ہیں کہ آپ نے کیا تو تھا تمتع لیکن سائق الہدی ہونے کی وجہ سے حلال نہیں ہوئے، شافعیہ میں سے ابو محمد بغوی اور حنابلہ میں سے موفق ابن قدامہ اسی کے قائل ہیں۔

(۴) اور ایک جماعت کہتی ہے کہ حضور اکرم ﷺ قارن تھے، پھر آپ کے قران کے بارے میں دو باتوں میں اختلاف ہو گیا، حنفیہ کہتے ہیں کہ دو طواف اور دو سعی کی، لیکن جمہور علماء کہتے ہیں کہ صرف ایک طواف اور ایک سعی کی، حضرت عائشہؓ اور ابن عمرؓ کی روایتوں سے یہ بات جو بخاری ومسلم میں آئی ہیں وہ واضح ہے۔

اگر قران کیا تو کیا صورت تھی؟ دوسرا اختلاف اس میں ہے کہ آپ کے قران کی صورت کیا ہے؟

(۱) امام طحاوی، ابن حبان اور خطابی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پہلے عمرہ کا احرام باندھا اور اس کے بعد اس پر احرام حج داخل کر کے قران کر لیا، لیکن تقدیم العمرہ کی کُل ایک روایت ہے جو آئندہ بخاری شریف میں

Maktaba Tul Ishaat.com

آرہی ہے اور عام رواۃ تقدیم العمرہ کو ذکر نہیں کرتے اسلئے محققین علماء نے اس سیاق کو مرجوح قرار دیا ہے۔

(۲) قاضی عیاض، ابو القاسم سہیلی، امام نووی، حافظ ابن حجر کی رائے یہ ہے کہ آپ نے پہلے حج کا احرام باندھا اور اس کے بعد اس پر احرام عمرہ داخل کر کے قارن ہوگئے، حافظ ابن حجر نے اس صورت کو بہت سے علماء ابن منذر، ابن حزم اور محب طبری کی طرف منسوب کیا ہے، ابن منذر کا براہ راست کلام تو میں نہیں دیکھ سکا، ابن حزم سے یہ نقل غلط ہے اور محب طبری کا کلام محتمل ہے۔

(۳) امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری، اشہب بن عبدالعزیز، شیخ الاسلام حافظ ابن تیمیہ، حافظ ابن قیم، حافظ ابن عبدالہادی وغیرہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حج وعمرہ دونوں کا احرام ایک ساتھ باندھا، علامہ ابو محمد ابن حزم ظاہری نے جوامع السیرۃ میں **اسی کی تصریح** فرمائی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ محب طبری بھی اسی بات کے قائل ہوں گے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

پھر اس کے بعد اکثریت کہتی ہے کہ آپ نے نسک معین کا احرام باندھا تھا، خواہ وہ افراد کا ہو یا تمتع کا یا قران کا، لیکن امام شافعی نے ایک جگہ یہ لکھ دیا کہ آپ کا احرام مبہم تھا اور اس سلسلہ میں ایک مرسل روایت پیش فرمائی، قاضی عیاض وغیرہ اکابر نے اس قول کو بھی رد کیا ہے اور اس کی دلیل کو بھی کیوں کہ وہ حدیث ان تمام احادیث کے خلاف ہے جن میں حضور ﷺ کے نسک کی تعیین کی تصریح وارد ہوئی ہے۔

حج افراد کے دلائل: جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حج افراد کا احرام باندھا تھا وہ ۱۔ حضرت عائشہ، ابن عمر، ابن عباس اور حضرت جابر رضی اللہ عنہم کی روایتوں سے جو مسلم وغیرہ میں وارد ہوئی ہیں استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان روایتوں کو دوسری احادیث پر ترجیح حاصل ہے، حضرت عائشہؓ کا حضور سے قرب اور آپ کے احوال سے باخبر ہونا ایک امر واقعی ہے، اور حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں حضور کی ناقہ کے پاس تھا، اور حضرت ابن عباسؓ کا تبحر علمی، تحقیق علمی ایک معروف حقیقت ہے، اور حضرت جابرؓ نے تو حضور ﷺ کے حج کی پوری تفصیل از اول تا آخر بیان فرمائی۔

۲۔ دوسری وجہ ترجیح یہ بھی ہے کہ حج مفرد میں کسی کا اختلاف نہیں اور تمتع کے بارے میں حضرت عمرؓ وعثمانؓ کا اختلاف تھا، وہ منع کرتے تھے اور بعض قران سے منع کرتے تھے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

۳۔ تیسری وجہ ترجیح یہ ہے کہ تمتع اور قران میں دم واجب ہوتا ہے اور افراد میں دم واجب نہیں ہوتا۔

تمتع کے دلائل: جو تمتع کے قائل ہیں وہ ابن عمرؓ و عائشہؓ کی ان روایتوں سے استدلال کرتے ہیں جو بخاری شریف اور مسلم شریف میں وارد ہوئی ہیں تَمَتَّعَ رَسُوْلُ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اسی طرح دیگر صحابہ عمران بن حصینؓ وغیرہ سے صحیح مسلم اور دیگر کتب میں تمتع کی روایت وارد ہوئی ہے۔

قران کے دلائل: جو حضرات قران کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ جن حضرات سے بھی افراد کی حدیثیں نقل کی جاتی ہیں ان سب سے قران کی حدیثیں نقل کی گئی ہیں جو صحیح بخاری و مسلم میں یا مسند احمد وابوداؤد وغیرہ میں وارد ہوئی ہیں، اور بہت سے صحابہ ایسے ہیں جن سے صرف قران ہی کی روایت منقول ہے اور افراد کی کوئی روایت منقول نہیں ہے جیسے ابن ابی اوفیؓ، ابو قتادہؓ، اور بہت سے صحابہ ہیں جن کی روایتیں مسند احمد یا سنن دار قطنی وغیرہ میں وارد ہوئی ہیں۔

مزید براں یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قولی روایت منقول ہے، حضرت براءؓ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فَإِنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ وَقَرَنْتُ رواہ النسائی، یہ حدیث ایسی نصِ قاطع ہے کہ اسکے بعد کسی بات کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی، اسی لئے محققین شافعیہ وحنابلہ ومالکیہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قران ہی کو اختیار کیا ہے، یہی قاضی عیاض مالکی، نووی، ابن حجر شافعی اور ابن قیم حنبلی وغیرہ کی رائے ہے، گو صورتِ قران میں ان حضرات کا اختلاف ہو جیسا کہ ابھی بیان کیا جاچکا ہے اور قران میں جو دم ہے یہ دم جبران نہیں ہے بلکہ دم شکر ہے۔

اسی طرح سے جن حضرات نے قران یا تمتع سے منع کیا وہ ان کا اپنا اجتہاد تھا، گفتگو تو اس بات میں ہے کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام سے کیا ثابت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پر جب نظر کی جاتی ہے تو قران کے علاوہ کوئی اور چیز ثابت نہیں ملتی ہے۔

البتہ امام احمد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نسک کے بارے میں قران ہی کے قائل ہونے کے باوجود تمتع کو اسلئے افضل کہتے ہیں کہ آپ نے بار بار فرمایا لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمَا سُقْتُ الْهَدْيَ وَ جَعَلْتُهَا عُمْرَةً۔

امام بخاری نے بظاہر کوئی ترجیحی شکل اختیار نہیں کی ہے کیوں کہ روایات سے سب کا ثبوت ہے، اس لئے ان کے نزدیک شاید بلا ترجیح ساری انواع جائز ہیں، اور جن روایتوں میں تمتع کا ذکر ہے اس سے تمتع لغوی یعنی انتفاع

Maktaba Tul Ishaat.com

بنسکین فی سفرۃ مراد ہے۔

فَأَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ أَنْ يَحِلَّ: جو سائق الہدی نہیں ہیں ان کو فسخ کا حکم دیا گیا ہے اور جو لوگ سائق الہدی تھے ان کو فسخ کی اجازت نہیں تھی، اسی لئے حنفیہ وحنابلہ کہتے ہیں سائق الہدی حلال نہیں ہوگا، اور شافعیہ ومالکیہ کے یہاں جائز ہے لیکن وہ لوگ کہتے ہیں کہ سائقین ہدی کو اس لئے فسخ سے روکا گیا کہ وہ لوگ قارن تھے، اس پر اشکال یہ ہے کہ روایات میں کہیں بھی حضور نے قران کا تذکرہ عمومی انداز میں نہیں کیا کہیں اتفاقاً کسی روایت میں ہو تو امر آخر ہے عامۃً آپ نے سوق ہدی کو سببِ عدم فسخ بتایا ہے۔

لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ: ذی الحجہ کی چودھویں رات، اس رات میں آپ نے محصّب میں قیام کیا اس لئے وہ لیلۃ الحصبہ کہلاتی ہے۔

عَقْرَى حَلْقَى: اسی طرح یہ دونوں الفاظ الفِ مقصورہ کے ساتھ واقع ہوئے ہیں، ابو عبید کہتے ہیں کہ محدثین اسی طرح روایت کرتے ہیں لیکن صحیح عقراً حلقاً تنوین کے ساتھ ہے، اس لئے کہ یہ دعاء کا کلمہ ہے اور الفِ مقصورہ کے ساتھ یہ کلمۂ صفت ہے، لیکن صاحب محکم وغیرہ کہتے ہیں کہ مصدری معنیٰ میں بھی الف مقصورہ کے ساتھ یہ دونوں کلمات استعمال ہوتے ہیں، اب اگر یہ مصدر ہیں تو اس کے معنیٰ ہیں عقر الله جسدها وأصابها وجع في حلقها، اور بعضوں نے کہا کہ معنیٰ ہیں جعلها الله عاقرًا وحلق شعرها، اور اگر یہ الف مقصورہ کے ساتھ صیغۂ صفت ہو تو معنیٰ یہ ہوں گے حلقی مَشْومة منحوس، عقری التی لاتلد، اور بعضوں نے کہا کہ عقریٰ کے معنیٰ حائض اور حلقیٰ کے معنیٰ مشومۃ ہیں۔

فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ ﷺ وَهُوَ مُصْعِدٌ مِنْ مَكَّةَ: نبی اکرم ﷺ کی مجھ سے ملاقات ہوئی آپ مکہ سے اوپر چڑھ رہے تھے اور میں مکہ پر اتر رہی تھی، یا میں چڑھ رہی تھی اور آپ محصّب سے مکہ اتر رہے تھے۔

اترنے چڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ مکہ مکرمہ وادی میں واقع ہے، چاروں طرف پہاڑ ہے، اس لئے مکہ میں باہر سے آنے والا جب آئے گا تو اوپر سے نیچے آئے گا، اور مکہ سے جب باہر جائے گا تو نیچے سے اوپر چڑھے گا۔

اور آخر میں جو منهبط منها ہے یہاں پر منها کی ضمیر مکہ کی طرف عائد نہیں بلکہ حصبہ کی طرف عائد ہے،

یہاں راوی کو شک ہے کہ حضرت عائشہؓ نے کیا کہا؟ وَهُوَ مُصْعِدٌ مِنْ مَكَّةَ وَأَنَا مُنْهَبِطَةٌ عَلَيْهَا کہا یا أَنَا مُصْعِدَةٌ وَهُوَ مُنْهَبِطٌ مِنْهَا کہا، اس کی ترجیح میں اختلاف ہے، امام نووی وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ پہلا جملہ راجح ہے، اور ہوا

Maktaba Tul Ishaat.com

یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت عائشہؓ کو تنعیم روانہ کیا تو آپ طواف کے لئے مکہ مکرمہ آگئے، طواف سے فراغت کے بعد جب آپ مکہ سے اوپر چڑھنے لگے تو حضرت عائشہؓ تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھ کر آرہی تھیں اور مکہ پر اتر رہی تھیں۔

بعض علماء نے اس پر یہ اشکال کیا کہ جب حضور مکہ میں آگئے تھے تو پھر محصب جانے کی کیا ضرورت تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ابورافع کی روایت میں ہے لِيَكُونَ أَسْمَحَ لِخُرُوجِهِ، محصب سے مدینہ کو روانہ ہونا آپ کے لئے سہل تھا اس لئے اس جگہ دوبارہ گئے ہوں گے۔

لیکن محققین علماء علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری، حافظ ابن قیم وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ دوسرا جملہ راجح ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت عائشہؓ کو تنعیم روانہ کر دیا اور وہ وہاں پہونچیں، احرام عمرہ باندھ کر لوٹیں اور عمرہ کر کے جب فارغ ہو گئیں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد طواف وداع کا ارادہ فرمایا، ابھی اس باب سے پہلے حضرت عائشہؓ کی جو روایت آئی ہے اس میں صاف ہے فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ وَفَرَغَ مِنَ الطَّوَافِ ثُمَّ جِئْتُهُ بِسَحَرَ فَقَالَ هَلْ فَرَغْتُمْ؟ فَقُلْتُ نَعَمْ فَآذَنَ بِالرَّحِيلِ فِي أَصْحَابِهِ، جب میں عمرہ سے فارغ ہو گئی اور حضور بھی طواف سے فارغ ہو گئے تو ہم سحر کے وقت آپ کی خدمت میں پہونچے، آپ نے فرمایا کیا تم فارغ ہو گئے؟ ہم نے عرض کیا ہاں، آپ نے صحابہ میں کوچ کا اعلان کر دیا فَمَرَّ مُتَوَجِّهًا إِلَى الْمَدِينَةِ۔

دوسری بات یہ ہے کہ روایات میں تصریح ہے کہ اس دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز مکہ میں پڑھی، اگر پہلا جملہ صحیح ہوتا تو آپ مکہ میں کیسے نماز پڑھتے؟ کیا پھر دوبارہ مکہ آئے؟ کسی روایت میں اس کی تصریح نہیں ہے، اس لئے راجح یہی ہے کہ عائشہؓ عمرہ سے فارغ ہو کر خدمت میں پہنچی ہیں اس کے بعد آپ نے مکہ کا ارادہ فرمایا ہے، اور یہ جو یقینی أَنَا مُصْعِدَةٌ وارد ہوا ہے اس میں تعبیر کے اندر کچھ تجوز اختیار کر لیا گیا، ملاقات راستہ میں نہیں ہوئی ہے بلکہ محصب میں ہوئی ہے مگر چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم محصب سے روانہ ہونے کو تیار بیٹھے تھے اس لئے گویا کہ آپ راستہ میں تھے اور حضرت عائشہؓ مکہ سے اوپر کو آتے ہوئے حضور سے ملیں اس لئے مجازی تعبیر اختیار کر لی، واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

يَنْهَى عَنِ الْمُتْعَةِ: تمتع سے منع کرتے تھے، یہاں متعہ سے کیا مراد ہے؟ بعض کہتے ہیں فسخ الحج الی العمرہ ہے اور بعض کہتے ہیں تمتع معروف۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فَلَمَّا رَأَى عَلِيٌّ أَهَلَّ بِهِمَا: حضرت علیؓ نے عثمانؓ کی ممانعت کی پرواہ نہیں کی، حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھا، اس سے بہر حال یہ معلوم ہو گیا کہ عثمانؓ متعہ سے منع کرتے تھے اور حضرت علیؓ نے حضور کی سنت حج وعمرہ کا احرام باندھنا قرار دیا۔

كَانُوا يَرَوْنَ أَنَّ الْعُمْرَةَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ مِنْ أَفْجَرِ الْفُجُورِ فِي الْأَرْضِ: یہ جاہلیت کے زمانہ میں تھا، ابن عبد البر نے لکھا ہے کہ اہل جاہلیت صرف افراد کے قائل تھے اور اسی کو جانتے تھے اور باقی انواع سے وہ واقف نہیں تھے، ایام حج میں ان کے یہاں حج ہوتا تھا عمرہ نہیں، ایام حج میں عمرہ کرنا گناہ تھا۔

وَيَجْعَلُونَ الْمُحَرَّمَ صَفَرًا: اور محرم کو صفر کر دیتے تھے یعنی نسیئ کرتے تھے اور کہتے تھے کہ محرم مؤخر ہو گیا اور صفر پہلے آ گیا، اور یہ اس لئے کرتے تھے کہ یہ مسلسل تین اشہر حرم ذی القعدہ، ذی الحجہ اور محرم آ جاتے تھے تو ان کے بہت سے کام رک جاتے تھے اس لئے کہتے تھے کہ محرم بعد میں آئے گا صفر پہلے آ گیا۔

وَيَقُولُونَ إِذَا بَرَأَ الدَّبَرْ وَعَفَا الْأَثَرْ وَانْسَلَخَ صَفَرْ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرْ: یہ کلمات اربعہ اسی طرح موقوفاً پڑھے جائیں گے، إِذَا بَرَأَ الدَّبَرْ دَبَرْ وہ زخم کہلاتا ہے جو سواری کی پیٹھ پر پالان کے گھسنے کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے، وَعَفَا الْأَثَرْ اثر سے مراد نشانات قدم ہیں، یہ نشانات جب مٹتے ہیں جب آمد ورفت بند ہو جائے، اور بعض روایات میں وَعَفَا الْوَبَر آیا ہے، وبر کہتے ہیں اون کو، قاعدہ یہ ہے کہ جب زخم خشک ہو جاتا ہے اور بالکل صحیح ہو جاتا ہے پھر خون نکلنا شروع ہو جاتا ہے، وَانْسَلَخَ صَفَرْ اور صفر ختم ہو جائے، اسی طرح سے صحیح مسلم میں بھی ہے، ابو داؤد میں دخل صفر ہے، اور نسائی کی ایک روایت میں انسلخ صفر اور دخل صفر شک کے ساتھ ہے، روایتِ مشکوکہ کا تو کوئی اعتبار نہیں، اب دو ہی روایتیں رہ گئیں اس میں صحیحین کی روایت وَانْسَلَخَ صَفَرْ ہے، امام طحاوی فرماتے ہیں کہ یہ وہم ہے اس لئے کہ وہ لوگ عمرہ کو اشہر حج میں حرام کرتے تھے اور محرم اشہر حج میں ہے نہیں تو پھر اس کے گزر جانے کا انتظار کیوں کرتے؟ اس لئے صواب دخل صفر ہے، اور صفر سے مراد محرم ہے جس کو انہوں نے صفر بنا دیا تھا اس کا نام صفر رکھ دیا تھا۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ محرم کے گزرنے کا انتظار اس لئے کرتے تھے کہ ان کو حج سے فراغت کے بعد غارت گری اور انتقام لینے کے لئے جانا ہوتا تھا، وہ اپنے ان مقاصد سے فراغت پانے کے بعد ہی عمرہ کر سکتے تھے، حافظ کی توجیہ دیکھنے میں تو بڑی معقول ہے لیکن سوال یہ ہے کہ جب وہ غارت گری یا انتقام لینے کے لئے جاتے

Maktaba Tul Ishaat.com

تھے تو کیا ہر جگہ پیدل ہی چلے جاتے تھے؟ ظاہر ہے کہ بہت سی جگہ ان کو سوار ہو کر جانا پڑتا ہو گا تو پھر إِذَا بَرَأَ الدَّبَرُ وَعَفَا الأَثَرُ کہنے کی کیا ضرورت ہے؟ اگر وہ پیدل ہی جاتے تھے تو اس کہنے کی کیا ضرورت ہے إِذَا بَرَأَ الدَّبَرُ وَعَفَا الأَثَرُ بس سیدھے یہ کہہ دینا کافی ہے کہ انسلاخ صفر کے بعد عمرہ کیا جائے گا، اور اگر وہ واقع میں سواریوں پر جاتے تھے اور یہ بات ناگزیر ہے تو پھر سواریوں کے زخم کے صحیح ہونے کا انتظار کیسا؟ سواریاں تو ابھی سفر میں لگی ہوئی ہیں حج سے فراغت کے بعد وہ شن غارات اور اخذ ثارات کیلئے نکلے ہیں تو سواریوں کا زخم صحیح کیسے ہو گا۔

اس لئے امام طحاوی کی تقریر میرا خیال ہے کہ نہایت وقیع اور قابل توجہ ہے اور کوئی کلمہ صحیحین میں اگر وہم کے طور پر آجائے تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے، آخر رواۃ رواۃ ہیں، ایک ہی روایت ہے کوئی انسَلَخَ صَفَرُ کہتا ہے کوئی دخل صفر کہتا ہے، دخل صفر میں کوئی اشکال نہیں ہے، انسَلَخَ صَفَرُ میں اشکال ہے تو خواہ مخواہ اشکال والی روایت کی توجیہ کی کیا ضرورت ہے؟

مُهِلِّينَ بِالحَجِّ: حضور اور صحابہ حج کا احرام باندھ کے آئے، یہی ابن عباسؓ کی روایت ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى: ابو موسیٰؓ کی یہ روایت یہاں مختصر ہے پہلے مفصل آچکی ہے، حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے حضور نے پوچھا بِمَا أَهْلَلْتَ؟ تو کہنے لگے أَهْلَلْتُ كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ ﷺ حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ بیت اللہ کا طواف کرو اور حلال ہو جاؤ، اس سے فسخ الحج الی العمرہ کا ثبوت ہوا۔

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ: اس سے بھی فسخ الحج الی العمرہ کا ثبوت ہوا اور قران کا بھی ثبوت ہوا، نبی کریم ﷺ سائق الھدی تھے حلال نہیں ہوئے۔

تَمَتَّعْتُ فَنَهَانِي نَاسٌ فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَأَمَرَنِي: میں نے تمتع کا ارادہ کیا تو لوگوں نے منع کیا، میں نے ابن عباسؓ سے پوچھا انہوں نے اجازت دے دی، میں نے جب تمتع کر لیا تو خواب میں دیکھا كَأَنَّ رَجُلًا يَقُولُ لِي حَجٌّ مَبْرُورٌ وَعُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ فَأَخْبَرْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ سُنَّةَ النَّبِيِّ ﷺ یہ نبی کی سنت ہے۔

فَقَالَ لِي أَقِمْ عِنْدِي: میرے پاس قیام کرو میں تم کو اپنے مال میں سے کچھ دوں گا۔

قَالَ شُعْبَةُ فَقُلْتُ لِمَ؟: شعبہ نے ابو حمزہ سے پوچھا کیوں؟ کہنے لگے لِلرُّؤْيَا الَّتِي رَأَيْتُ یہ خواب ان کی مقبولیت پر دلالت کرتا تھا اس لئے ابن عباسؓ نے چاہا کہ ان کا کچھ تعاون کریں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حج کی قبولیت کا ایک واقعہ: ایک ویسے ہی غیر مستند قصہ سنا ہے لیکن کچھ عجب نہیں درست ہو، مولوی اظہار الحق مرحوم نے بیان کیا ایک نواب صاحب حج کے لئے گئے ان کے ساتھ ان کا خادم بھی گیا، وہ تھا سیدھا سادھا، لوگ اس سے مذاق کرتے تھے جب حج سے فراغت ہوئی تو اس سے نواب صاحب نے پوچھا ارے تجھ کو مقبولیت کا پرچہ بھی ملا کہ نہیں؟ کہنے لگا نا مجھ کو تو نہیں ملا، کہا پھر کیسا تو نے حج کیا ہے؟ یہ آدمی گیا اور دعا شروع کردی اور رونے لگا کہ یا اللہ مجھے قبولیت کا پرچہ دے، ایک پرچہ اس کے ہاتھ میں گرا اور اس میں لکھا ہوا تھا تیرا حج قبول ہے، تو خوش خوش پرچہ لیکر آیا اور اپنے نواب کو اور ساتھیوں کو دکھایا، وہ لوگ تعجب کرنے لگے، سچے لوگ تھے اس زمانہ کے، کہنے لگے بھائی ہم تو تجھ سے مذاق کر رہے تھے ہم میں سے تو کسی کو بھی پرچہ نہیں ملا، یہ تیری خصوصیت ہے کہ اللہ نے تجھ کو پرچہ دیا۔

کسی کو حقیر نہ جاننا چاہئے، بعض اوقات انسان پراگندہ حال ہوتا ہے اور اللہ کے ہاں اس کا عمل مقبول ہوتا ہے، اللہ ہی بہتر جانتے ہیں کہ کس کا عمل قبول ہوا؟

فَدَخَلْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ: اور مسلم میں ہے بأربعة أيام، کبھی راوی نے کسر پوری کردی أربعة کہہ دیا اور کبھی ساقط کردیا ثلاثة کہہ دیا۔

تَصِيرُ الْآنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً: یعنی قلیلۃ الثواب ہوگا کیوں کہ اس میں مشقت کم ہے۔

لَيْسَ لَهُ مُسْنَدٌ إِلَّا هٰذَا: یعنی ان کی کوئی اور حدیث مرفوع نہیں، یا مطلب یہ ہے کہ وہ عطاء سے کوئی اور روایت اس حدیث کے علاوہ نہیں نقل کرتے۔

مَا تُرِيدُ إِلَّا أَنْ تَنْهَى عَنْ أَمْرٍ فَعَلَهُ النَّبِيُّ ﷺ: أی ما ترید منتهيا إلا أن تنهى عن أمر فعله النبي ﷺ، کیا تمہارا ارادہ ہے سوائے اس بات کی طرف پہونچنے کے کہ تم منع کرتے ہو ایک ایسے امر سے جس کو حضور ﷺ نے کیا ہے۔

(ص ۲۱۳) بَابُ مَنْ لَبَّى بِالْحَجِّ وَسَمَّاهُ

١٥٦٦ . حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُولُ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ

Maktaba-Tul-Ishaat.com

قَالَ قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وَنَحْنُ نَقُولُ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو حج کا تلبیہ کہے اور اس کا نام لے۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد کیا ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ حج کی تعیین وتسمیہ اولیٰ ہے اطلاق سے، اور ہمارے حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے حج افراد کا تنہا احرام باندھا ہو اور اپنے تلبیہ ہی سے اس کی تعیین کی ہو تو وہ فسخ الحج الی العمرہ کرے گا، چنانچہ حضرت جابرؓ کی روایت میں ہے کہ جب حج مفرد والے آئے تو جو غیر سائق الہدی تھے حضور ﷺ نے ان کو یہ حکم دیا کہ وہ حج فسخ کر دیں اور صرف عمرہ کر کے حلال ہو جائیں۔

(ص ۲۱۳) بَاب التَّمَتُّعِ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ ﷺ

۱۵٦۷. حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُطَرِّفٌ عَنْ عِمْرَانَ قَالَ تَمَتَّعْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَنَزَلَ الْقُرْآنُ قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ حج تمتع رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک سے ثابت ہے۔

حضرت عمرانؓ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے عہد میں تمتع کیا اور تمتع کا حکم قرآن میں بھی نازل ہوا (یا یہ کہ اس کے بعد بھی قرآن کا نزول جاری رہا مگر اس کی ممانعت کا کوئی حکم نہیں آیا) پھر ایک شخص نے اپنی رائے سے جو چاہا کہا۔

تشریح: تمتع کا مسئلہ میں ما قبل میں بیان کر چکا ہوں کہ حضور اکرم ﷺ نے جیسے نسک کی اور انواع افراد اور قران کو بیان فرمایا ہے ایسے ہی تمتع کا بھی بیان فرمایا ہے البتہ حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ اپنے زمانہ میں تمتع سے منع کیا کرتے تھے، لیکن یہ معلوم ہو چکا کہ ان حضرات کا منع کرنا تحریم اور ناجائز سمجھنے کی بناء پر نہیں تھا بلکہ تنزیہی ممانعت تھی مخصوص مصلحت کے تحت تھی، فَافْصِلُوا حَجَّكُمْ مِنْ عُمْرَتِكُمْ فَإِنَّهُ أَتَمُّ لِحَجِّكُمْ وَأَتَمُّ لِعُمْرَتِكُمْ وہ یہ سمجھتے تھے کہ ان دونوں کے لئے الگ الگ اسفار ہونے چاہئیں تاکہ استقلال سفر کی وجہ سے کعبہ معمور وآباد رہے، نیز ان کے سامنے یہ تھا کہ حرم محترم کی بار بار زیارت ہوتی رہے یہ نہیں کہ حج کے ساتھ عمرہ سے فارغ ہو جائیں، لیکن یہ اختلاف بس انہی کے زمانہ تک رہا اور پھر ختم ہو گیا، آج ان انواع انساک کے جواز کے سارے لوگ قائل ہیں اور کسی نوع کی کراہت کا کوئی قائل نہیں ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

عَلَى عَهْدِ النبي ﷺ کی زیادتی بعض نسخوں میں ہے اور بعض میں نہیں ہے، اگر یہ زیادتی ہو تو یہ کہا جائے گا کہ امام بخاری نے اسے بڑھا کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ تمتع عہد نبوی میں کیا گیا ہے اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی ہے۔

تَمَتَّعْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَنَزَلَ الْقُرْآنُ: یعنی قرآن پاک میں تمتع کا حکم آیا، اللہ نے فرمایا فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِ ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔

قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ: لیکن ایک آدمی نے اپنی رائے زنی کی اور یہ کہہ دیا کہ تمتع نہ کرو، حضرت عمرانؓ یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ تمتع کا ثبوت قرآن وحدیث سے ہے لہذا کسی کے انکار کی کوئی حقیقت نہیں، یہ رجل مبہم کون ہے؟ اسماعیلی اور حمیدی کہتے ہیں کہ امام بخاری فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ ہیں، اسی طرح قرطبی اور نووی نے بھی رجل مبہم کی تفسیر حضرت عمرؓ ہی سے کی ہے، بعض شارحین بخاری کہتے ہیں کہ حضرت عثمانؓ ہونے چاہئیں، لیکن یہ بعید ہے، اول منع کرنے والے حضرت عمرؓ ہیں۔

تمتع امام احمد کے نزدیک تمام انواع انساک میں سب سے افضل ہے اس لئے کہ رسول اکرم ﷺ نے اس کی تمنا اور خواہش فرمائی، مگر ایک روایت امام احمد کے یہاں یہ ہے کہ غیر سائق الہدی کے لئے تمتع افضل ہے اور اگر سائق الہدی ہو تو اس کے لئے قران افضل ہے۔

(ص ۲۱۳) بَاب قَوْلِ اللهِ تَعَالَى ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

۱۵۶۸۔ وَقَالَ أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مُتْعَةِ الْحَجِّ فَقَالَ أَهَلَّ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ وَأَزْوَاجُ النَّبِيِّ ﷺ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَأَهْلَلْنَا فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ اجْعَلُوا إِهْلَالَكُمْ بِالْحَجِّ عُمْرَةً إِلَّا مَنْ قَلَّدَ الْهَدْيَ فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَأَتَيْنَا النِّسَاءَ وَلَبِسْنَا الثِّيَابَ وَقَالَ مَنْ قَلَّدَ الْهَدْيَ فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ لَهُ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ثُمَّ أَمَرَنَا عَشِيَّةَ التَّرْوِيَةِ أَنْ نُهِلَّ بِالْحَجِّ فَإِذَا فَرَغْنَا مِنَ الْمَنَاسِكِ جِئْنَا فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَدْ تَمَّ حَجُّنَا وَعَلَيْنَا الْهَدْيُ كَمَا قَالَ اللهُ تَعَالَى {فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

Maktaba Tul Ishaat.com

ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ} إِلَى أَمْصَارِكُمْ الشَّاةُ تَجْزِي فَجَمَعُوا نُسُكَيْنِ فِي عَامٍ بَيْنَ الحَجِّ وَالعُمْرَةِ فَإِنَّ اللهَ تَعَالَى أَنْزَلَهُ فِي كِتَابِهِ وَسَنَّهُ نَبِيُّهُ ﷺ وَأَبَاحَهُ لِلنَّاسِ غَيْرَ أَهْلِ مَكَّةَ قَالَ اللهُ {ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي المَسْجِدِ الحَرَامِ} وَأَشْهُرُ الحَجِّ الَّتِي ذَكَرَ اللهُ تَعَالَى فِي كِتَابِهِ شَوَّالٌ وَذُو القَعْدَةِ وَذُو الحَجَّةِ فَمَنْ تَمَتَّعَ فِي هَذِهِ الأَشْهُرِ فَعَلَيْهِ دَمٌ أَوْ صَوْمٌ، وَالرَّفَثُ: الجِمَاعُ، وَالفُسُوقُ: المَعَاصِي، وَالجِدَالُ: المِرَاءُ.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا بیان کہ یہ (حج تمتع وقران کی اجازت) اس کے لئے ہے جس کے گھر والے مسجد حرام کے پاس رہنے والے نہ ہوں۔

عثمان بن غیاث کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ سے حج تمتع کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ مہاجرین، انصار اور نبی کریم ﷺ کی ازواج نے حجۃ الوداع میں احرام باندھا، ہم نے بھی احرام باندھا، جب ہم مکہ مکرمہ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے حج کے احرام کو عمرے کا احرام بنادو علاوہ اس کے جو ہدی لایا ہو، تو ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا، صفا ومروہ کی سعی کی، پھر عورتوں سے ملاقات بھی کی اور (سلے ہوئے) کپڑے بھی پہنے، (کہتے ہیں کہ) نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو ہدی لایا ہے اس کے لئے وہ (احرام کی ممنوعات) حلال نہیں ہوں گی یہاں تک کہ ہدی اپنے محل کو پہنچ جائے، پھر آپ نے آٹھ ذی الحجہ کی رات کو ہمیں حکم دیا کہ ہم حج کا احرام باندھیں، جب ہم حج کے اعمال سے فارغ ہوئے تو (مکہ مکرمہ) آئے ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا صفا ومروہ کے درمیان سعی کی اور ہمارا حج مکمل ہو گیا، نیز ہمارے اوپر ہدی واجب ہو گئی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ کہ (جو شخص حج کے ساتھ عمرے کا فائدہ اٹھائے) تو اس پر واجب ہے ہدی میں سے وہ جو میسر ہو، پھر جو شخص ہدی نہ پائے تو اس پر واجب ہیں تین دن کے روزے حج (کے مقام یعنی حرم میں) میں اور سات جب تم واپس لوٹو یعنی اپنے شہروں کو، (ہدی میں) بکری کافی ہے۔

تو صحابہ نے ایک سال میں حج اور عمرے کی عبادتوں کو جمع کیا اس لئے کہ اللہ پاک نے اس کا حکم اپنی کتاب میں نازل کیا اور اس کے نبی نے اس حکم کو جاری کیا اور اہل مکہ کے علاوہ سب لوگوں کے لئے اس کو جائز کیا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یہ اس کے لئے ہے جس کے گھر والے مسجد حرام کے رہنے والے نہ ہوں، (فرماتے ہیں) حج کے مہینے جن کا اللہ نے ذکر کیا ہے وہ یہ ہیں، شوال کا مہینہ، ذی قعدہ کا مہینہ اور ذی الحجہ (کے دس دن) تو جو ان مہینوں میں تمتع کرے اس پر دم ہے یا روزہ ہے، رفث کے معنی جماع کے ہیں، فسوق معاصی کو کہتے ہیں، جدال کے معنی جھگڑے کے ہیں۔

تشریح: ذلک کا اشارہ کس طرف ہے؟ حنفیہ کہتے ہیں کہ تمتع کی طرف ہے اور باقی حضرات کہتے ہیں کہ دم تمتع کی طرف ہے، اس اختلاف کا ثمرہ یہ مرتب ہوگا کہ جو لوگ ذلک کا اشارہ تمتع کی طرف قرار

Maktaba Tul Ishaat.com

دیتے ہیں ان کے نزدیک تمتع آفاقی کے ساتھ خاص ہوگا، مکی تمتع نہیں کر سکتا ہے۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ تمتع اور قران آفاقی کے ساتھ خاص ہے یا مکی بھی کر سکتا ہے؟

جمہور علماء فرماتے ہیں کہ جیسے آفاقی تمتع کر سکتا ہے مکی بھی کر سکتا ہے، بس فرق اتنا ہے کہ دم تمتع آفاقی پر واجب ہوگا مکی پر واجب نہ ہوگا، حنفیہ فرماتے ہیں کہ تمتع آفاقی کے ساتھ خاص ہے اور ذلک کا اشارہ تمتع کی طرف ہے، مصنف کا رجحان بھی کچھ اسی طرف ہے اسلئے کہ پہلے تمتع کا باب منعقد کیا اور اسکے بعد یہ باب منعقد فرمایا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ذلک کا اشارہ تمتع کی طرف ہے اور بظاہر اقرب یہی معلوم ہوتا ہے۔

ہمارے فقہاء احناف کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اگر مکی تمتع یا قران کرے تو صحیح بھی ہوگا یا نہیں؟ اس میں تین قول ہیں، محقق ابن ہمام کہتے ہیں کہ کوئی بھی صحیح نہیں ہوگا دونوں باطل ہوں گے، مگر اکثر فقہاء یہ کہتے ہیں کہ دونوں میں سے ہر ایک صحیح ہو جائے گا مع الکراہت، صاحب تحفہ، صاحب غایۃ البیان، صاحب عنایہ، صاحب سراج، صاحب بحر، صاحب نہر اور ملا علی قاری سب نے اسی کو اختیار کیا ہے، علامہ شامی کا رجحان یہ ہے کہ تمتع باطل ہے اور قران صحیح ہے۔

ذَلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ: حاضری المسجد الحرام سے کیا مراد ہے؟ کئی اقوال ہیں، (۱) امام طحاوی فرماتے ہیں کہ اس سے اہل مکہ مراد ہیں، امام مالک سے بھی یہی منقول ہے، (۲) لیکن مالکیہ کا مشہور مسلک یہ ہے کہ اس سے مراد سکان مکہ اور سکان ذی طویٰ ہیں، (۳) طاؤس فرماتے ہیں کہ سارے اہل حرم ہیں، (۴) امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ اہل میقات یعنی میقات کے اندر رہنے والے مراد ہیں، (۵) امام شافعی قول قدیم میں فرماتے ہیں کہ جو میقات کے اندر رہنے والے ہیں۔

اس میں اور امام صاحب کے قول میں فرق یہ ہے کہ امام صاحب کے یہاں تو میقات پر اور میقات کے اندر رہنے والے ہر دو حاضری المسجد الحرام ہیں، اور امام شافعی کے اس قول پر کہ جو میقات کے اندر رہنے والے ہیں وہ حاضری المسجد الحرام ہیں میقات پر رہنے والے اس سے خارج ہو جائیں گے، امام احمد بن حنبلؒ اور امام شافعی قول جدید میں ارشاد فرماتے ہیں کہ جو مکہ مکرمہ سے مسافت قصر سے کم کم فاصلہ پر ہوں یعنی اڑتالیس میل کے اندر اندر ہوں وہ حاضری المسجد الحرام ہیں۔

وَقَالَ أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْبَصْرِيُّ: یہ ابو کامل فضیل بن حسین جحدری ہیں، یہاں سے

Maktaba Tul Ishaat.com

سند کی ابتداء ہے، اور یہ بیچ میں جو **حدثنا** موٹا لکھ دیا گیا ہے یہ غلط ہے یہ تو وسط سند ہے۔

اجعلوا إهلالكم بالحج عمرة: یعنی جو صحابۂ کرام حج کا احرام باندھ کر آئے اور غیر سائق الہدی تھے ان سے حضور اکرم ﷺ نے مکہ سے قریب یعنی سرف پہنچ کر یہ فرمادیا کہ تم نے جو حج کا احرام باندھ رکھا ہے اس کو عمرہ بنالو یعنی افعال عمرہ کر کے فارغ ہو جاؤ، صرف سائقین ہدی اس سے مستثنیٰ ہیں، کہتے ہیں کہ ہم نے بات مان لی بیت اللہ کا طواف کیا سعی کی اور اس کے بعد اپنی بیویوں کے پاس آئے اور کپڑے پہنے۔

من قلد الهدي فإنه لا يحل له: جو سائق الہدی ہو یعنی ہدی کو قلادہ پہنایا ہو اس کے لئے حلال ہونا جائز نہیں ہے تا آنکہ ہدی اپنے محل پر نہ پہنچ جائے یعنی منی میں نحر نہ کر دی جائے، اس سے معلوم ہوا کہ سائق الہدی حلال نہیں ہوگا، یہی حنفیہ اور حنابلہ کا مسلک ہے، اور شافعیہ اور مالکیہ کے اباحت کے قائل ہیں۔

ثم أمرنا عشية التروية أن نهل بالحج: یعنی آٹھویں کی شام کو حضرت والا نے ہم کو حکم دیا کہ ہم حج کا احرام باندھیں۔

فإذا فرغنا من المناسك جئنا فطفنا بالبيت: جب ہم مناسک سے فارغ ہوئے تو ہم پھر آئے اور ہم نے طواف بیت کیا اور صفا اور مروہ کا طواف کیا، یہ کہنے والے کون ہیں؟ متمتعین، ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آٹھویں کو احرام باندھا اور جب ہم مناسک سے فارغ ہو گئے **فطفنا بالبيت وبالصفا والمروة**، اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ متمتع تھے انہوں نے دوبارہ سعی کی تھی، علامہ ابن قیم نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ متمتعین نے دوبارہ سعی نہیں کی ہے حضرت ابن عباسؓ کی یہ روایت ان کی تردید کرتی ہے۔

فقد تم حجنا وعلينا الهدي: کہتے ہیں کہ ہمارا حج پورا ہو گیا لیکن ہم پر ہدی واجب ہوئی اس واسطے کہ ہم نے ایک ہی سفر میں دو نسک سے نفع اٹھایا تو ہم پر یہ ہدی شکریہ میں واجب ہوئی، یہ ہدی کیسی ہے؟ میں بتلا چکا ہوں کہ حنفیہ اور حنابلہ کے یہاں ہدیٔ شکر ہے اور مالکیہ اور شافعیہ کے یہاں ہدی جبر ہے، ان کے نزدیک ایک ہی سفر میں جمع کرنا گویا ایک قسم کا نقصان ہے اس نقصان کا جبر ہدی کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

كما قال الله تعالى فما استيسر من الهدي: یعنی جو آدمی تمتع کرے اس کے ذمہ ہدی ہے اور اگر ہدی نہ دے سکتا ہو تو پھر اسکے ذمہ دس روزے ہیں، تین روزے حج میں اور سات روزے رجوع کے بعد۔

حج کے ان تین روزوں کا ایک وقت جواز ہے اور ایک وقت افضلیت ہے، وقت جواز میں بھی اختلاف ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

اور وقت افضلیت میں بھی اختلاف ہے۔

تین روزوں کا وقت زوال: امام ابو حنیفہ اور امام احمد ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ جب عمرہ کا احرام باندھ لے تو اس کے بعد یہ تین روزے رکھنا مباح ہو جاتے ہیں، امام احمد فی المشہور فرماتے ہیں کہ جب عمرہ سے فارغ ہو جائے تب روزے مباح ہو جاتے ہیں، امام شافعی فرماتے ہیں کہ جب حج کا احرام باندھ لے تب مباح ہوتے ہیں اور یہی امام مالک کا مسلک ہے، امام نووی نے شرح مسلم میں لکھا ہے کہ احرام للحج کے بعد ان تین روزوں کا رکھنا افضل ہے اور اگر اس سے پہلے کوئی روزہ رکھ لے تو عمرہ سے حلال ہو جانے کے بعد مباح ہے البتہ عمرہ سے حلال ہونے سے پہلے پہلے مباح نہیں ہے، شیخ ابن حجر مکی نے شرح مناسک نووی میں لکھا ہے کہ نووی نے شافعیہ کا جو مسلک بیان کیا ہے وہ شاذ ہے، بلکہ بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ سہو ہے، صحیح وہی ہے جو ہم نے اولاً بیان کیا ہے کہ احرام للحج کے بعد یہ تینوں روزے رکھنا جائز ہے اس سے پہلے پہلے جائز نہیں۔

روزوں کا وقت مستحب کیا ہے؟ امام شافعی فرماتے ہیں کہ آخری دن یوم الترویہ ہونا چاہئے اور باقی ائمہ فرماتے ہیں کہ آخری دن یوم عرفہ ہونا چاہئے۔

وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ: اس رجوع سے کیا مراد ہے اس میں اختلاف ہے، ۱۔ امام شافعی فی المشہور اور امام مالک ایک روایت میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اس رجوع سے مراد وطن لوٹ جانا ہے، ۲۔ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس سے مراد فراغ من الحج ہے، مطلب یہ ہے کہ ایام تشریق گزر جائیں، اور یہی امام شافعی کی ایک روایت ہے، امام مصنف نے ابن عباسؓ سے جو نقل کیا ہے وہ امام شافعی کے مسلک کے مطابق ہے۔

الشَّاةُ تَجْزِي: یعنی ایک بکری بھی دم میں کافی ہے۔

فَجَمَعُوا انُسُكَيْنِ فِي عَامٍ: یعنی صحابہ کرام نے ایک ہی سال میں حج و عمرہ دونوں کو جمع کیا اور حق تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اسکو نازل کیا اور اسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مسنون قرار دیا اور لوگوں کیلئے مباح کیا۔

غَيْرَ أَهْلِ مَكَّةَ: صرف اہل مکہ کے لئے تمتع مباح نہیں ہے اور یہ حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے، اور میں بتلا چکا کہ یہی حنفیہ کا مسلک اور بخاری کا رجحان ہے، اور اصل اس میں اختلاف وہی ہے کہ ذلک کا اشارہ تمتع کی طرف ہے یا دم تمتع کی طرف؟ ابن عباسؓ یہ اشارہ تمتع کی طرف سمجھ رہے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢١٤) بَابُ الِاغْتِسَالِ عِنْدَ دُخُولِ مَكَّةَ

١٥٦٩. حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ أَخْبَرَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا دَخَلَ أَدْنَى الْحَرَمِ أَمْسَكَ عَنِ التَّلْبِيَةِ ثُمَّ يَبِيتُ بِذِي طِوًى ثُمَّ يُصَلِّي بِهِ الصُّبْحَ وَيَغْتَسِلُ وَيُحَدِّثُ أَنَّ نَبِيَّ اللهِ ﷺ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ.

ترجمہ: باب، مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے وقت غسل کرنے کا بیان۔

تشریح: مکہ میں داخل ہوتے وقت غسل کرنا بالاتفاق مستحب ہے، اگر کوئی آدمی غسل نہیں کر سکتا ہے تو علماء نے لکھا ہے کہ وضوء بھی کافی ہے، شافعیہ کہتے ہیں کہ اگر غسل سے عاجز ہو جائے تو تیمم کرلے، پھر یہ غسل کسلیئے ہوتا ہے؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ دخول مکہ کیلئے اور امام مالک فرماتے ہیں کہ طواف کیلئے ہوتا ہے۔

(ص ٢١٤) بَابُ دُخُولِ مَكَّةَ نَهَارًا أَوْ لَيْلًا

١٥٧٠. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَاتَ النَّبِيُّ ﷺ بِذِي طِوًى حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ.

ترجمہ: باب، مکہ مکرمہ میں دن میں یا رات میں داخل ہونے کا بیان۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ مکہ میں داخلہ دن اور رات دونوں میں جائز ہے لیکن افضل کیا ہے؟ حنفیہ، مالکیہ اور اکثر شافعیہ فرماتے ہیں کہ دن میں داخل ہونا افضل ہے اس لئے کہ رسول پاک ﷺ دن میں داخل ہوئے ہیں، بعض شافعیہ کہتے ہیں کہ دونوں برابر ہیں علامہ ابن قدامہ نے یہی ذکر کیا ہے، حضرت عائشہؓ اور عمر بن عبدالعزیز سے منقول ہے کہ رات میں داخل ہونا افضل ہے، غالبًا اس قول کی دلیل عمرۂ جعرانہ والا قصہ ہے، مسند احمد، ترمذی اور نسائی وغیرہ میں مذکور ہے کہ رسول پاک ﷺ رات ہی میں عمرہ کے لئے تشریف لے گئے اور عمرہ سے فارغ ہو کر واپس تشریف لے آئے، لیکن عمرۂ جعرانہ ضرورت کی بناء پر تھا اور حج میں دن کا داخلہ قصدی تھا اس لئے جمہور علماء اس کو افضل کہتے ہیں۔

یہاں یہ سوال ہے کہ ترجمہ میں دخول نہارًا اولیلًا دو چیزیں مذکور ہیں اور روایت سے صرف دخول فی النہار کا

Maktaba Tul Ishaat.com

ثبوت ہوتا ہے، دخول فی اللیل کا نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مصنف نے یہ بتلایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دن میں مکہ میں داخل ہونا اتفاقی تھا قصدی نہیں، یا یوں کہیے کہ امام نے بعض دیگر روایات کی طرف اشارہ فرمایا ہے چنانچہ عمرۂ جعرانہ والی روایت مسند احمد اور نسائی میں وارد ہوئی ہے جس میں رات میں داخل ہونے کا تذکرہ ہے۔

(ص ۲۱۴) بَاب مِنْ أَيْنَ يَدْخُلُ مَكَّةَ

١٥٧١. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنِي مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ يَدْخُلُ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا وَيَخْرُجُ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلَى.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ مکہ مکرمہ میں کس طرف سے داخل ہو؟

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالائی گھاٹی سے داخل ہوتے تھے اور زیریں گھاٹی سے باہر جاتے تھے۔

تشریح: يَدْخُلُ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا: ثنیۂ علیا کا نام کداء ہے اور ثنیۂ سفلی کا نام کُدیٰ ہے بضم الکاف والالف المقصورۃ۔

جو آدمی باہر سے آئے تو وہ مکہ میں کس راستہ سے داخل ہو؟ روایت نے بتلا دیا کہ کداء بفتح الکاف والالف الممدودۃ ثنیۂ علیا کی جانب سے داخل ہو، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ مطلقاً ثنیۂ علیا کداء کی طرف سے ہر باہر سے آنے والے کیلئے مکہ میں داخل ہونا مستحب ہے، مالکیہ فرماتے ہیں کہ جو مدینہ کے راستہ سے آئے اس کیلئے مستحب ہے اور جو مدینہ کے راستہ سے نہ آئے اس کیلئے مستحب نہیں ہے اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کداء سے داخل ہوئے اور آپ مدینہ سے آئے تھے لہٰذا جو اس راستہ سے آئے گا اس کیلئے کداء سے داخل ہونا مستحب ہوگا۔

(ص ۲۱۴) بَاب مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ مِنْ مَكَّةَ

١٥٧٢. حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ دَخَلَ مَكَّةَ مِنْ كَدَاءٍ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا الَّتِي بِالْبَطْحَاءِ وَخَرَجَ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلَى.

١٥٧٣. حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمَّا جَاءَ إِلَى مَكَّةَ دَخَلَ مِنْ أَعْلَاهَا وَخَرَجَ مِنْ أَسْفَلِهَا.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٥٧٤. حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ وَخَرَجَ مِنْ كُدًا مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ.

١٥٧٥. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنَا عَمْرٌو عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ أَعْلَى مَكَّةَ قَالَ هِشَامٌ وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ عَلَى كِلْتَيْهِمَا مِنْ كَدَاءٍ وَكُدًا وَأَكْثَرُ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَاءٍ وَكَانَتْ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ.

١٥٧٦. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ دَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ وَكَانَ عُرْوَةُ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَاءٍ وَكَانَ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ.

١٥٧٧. حَدَّثَنَا مُوسَى حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ دَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ مِنْهُمَا كِلَيْهِمَا وَكَانَ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَاءٍ أَقْرَبِهِمَا إِلَى مَنْزِلِهِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ كَدَاءٌ وَكُدًا مَوْضِعَانِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ مکہ مکرمہ سے کون سے راستے سے نکلے؟

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں کداء کی جانب سے اس اونچی گھاٹی سے داخل ہوئے جو بطحاء میں ہے فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نیچے والی گھاٹی سے نکلتے تھے۔ بقیہ روایات کا ترجمہ تقریباً ایک جیسا ہے۔

تشریح: روایت سے معلوم ہو گیا کہ ثنیۂ سفلیٰ سے نکلے جس کو کُدیٰ کہا جاتا ہے، امام بخاریؒ کے یہ دونوں ترجمے اس بات کی طرف مشیر ہیں کہ وہ اس مسئلہ میں جمہور کے ہم خیال ہیں، یعنی جو یہ کہتے ہیں کہ مطلقاً ہر باہر سے آنے والا شخص ثنیۂ علیا سے داخل ہوگا اور ثنیۂ سفلیٰ سے نکلے گا۔

وَخَرَجَ مِنْ كُدًا مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ: کُدیٰ کے بعد من أعلی مکة اسی طرح اس روایت میں واقع ہوا ہے لیکن یہ وہم ہے، اس لئے کہ کُدیٰ تو اسفل مکہ میں واقع ہے، بعض علماء نے یہ توجیہ کی ہے کہ من أعلی مکة اصل میں کداء کی تفسیر ہے لیکن مفسر اور تفسیر کے درمیان وَخَرَجَ مِنْ كُدًا بطور جملۂ معترضہ کے آ گیا ہے، مگر یہ توجیہ بہت ہی بعید معلوم ہوتی ہے۔

قَالَ هِشَامٌ وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ عَلَى كِلْتَيْهِمَا: ہشام بن عروہ کہتے ہیں کہ میرے باپ عروہ دونوں ہی سے داخل ہوا کرتے تھے، کبھی کداء سے اور کبھی کُدیٰ سے اور اکثر کدیٰ سے داخل ہوتے تھے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَكَانَ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَاءٍ: اب اشکال یہ ہوا کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کداء سے داخل ہوتے تھے تو عروہ اکثر کدیٰ سے کیوں داخل ہوتے تھے؟ اس کا انہوں نے جواب دیا وَكَانَتْ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ چونکہ یہ یعنی کدیٰ ان کے مکان سے زیادہ قریب تھی اس لئے اسی طرف سے اکثر داخل ہوتے تھے۔

وَكَانَ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ: گویا یہ اعتذار ہے، عذر پیش کر رہے ہیں کہ حدیث کی مخالفت کیوں کرتے تھے، چونکہ کُدیٰ ان کے مکان کے قریب تھی اس لئے آسانی کے لئے اس سے داخل ہو جاتے۔

(ص ۲۱۵) بَابُ فَضْلِ مَكَّةَ وَبُنْيَانِهَا

وَقَوْلِهِ تَعَالَى وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ، وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُمْ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ، وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

۱۵۷۸. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ لَمَّا بُنِيَتِ الْكَعْبَةُ ذَهَبَ النَّبِيُّ ﷺ وَعَبَّاسٌ يَنْقُلَانِ الْحِجَارَةَ فَقَالَ الْعَبَّاسُ لِلنَّبِيِّ ﷺ اجْعَلْ إِزَارَكَ عَلَى رَقَبَتِكَ فَخَرَّ إِلَى الْأَرْضِ وَطَمَحَتْ عَيْنَاهُ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ أَرِنِي إِزَارِي فَشَدَّهُ عَلَيْهِ.

۱۵۷۹. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَخْبَرَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ لَهَا أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ قَوْمَكِ لَمَّا بَنَوُا الْكَعْبَةَ اقْتَصَرُوا عَنْ قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ؟ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا تَرُدُّهَا عَلَى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ؟ قَالَ لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَفَعَلْتُ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ مَا أُرَى رَسُولَ اللهِ ﷺ تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ إِلَّا أَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ

Maktaba Tul Ishaat.com

عَلَى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ.

١٥٨٠. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ حَدَّثَنَا أَشْعَثُ عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَنِ الْجَدْرِ أَمِنَ الْبَيْتِ هُوَ؟ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا لَهُمْ لَمْ يُدْخِلُوهُ فِي الْبَيْتِ؟ قَالَ إِنَّ قَوْمَكِ قَصَّرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ قُلْتُ فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا؟ قَالَ فَعَلَ ذَلِكَ قَوْمُكِ لِيُدْخِلُوا مَنْ شَاءُوا وَيَمْنَعُوا مَنْ شَاءُوا وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثٌ عَهْدُهُمْ بِالْجَاهِلِيَّةِ فَأَخَافُ أَنْ تُنْكِرَ قُلُوبُهُمْ أَنْ أُدْخِلَ الْجَدْرَ فِي الْبَيْتِ وَأَنْ أُلْصِقَ بَابَهُ بِالأَرْضِ.

١٥٨١. حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لَوْلَا حَدَاثَةُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَنَقَضْتُ الْبَيْتَ ثُمَّ لَبَنَيْتُهُ عَلَى أَسَاسِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِنَّ قُرَيْشًا اسْتَقْصَرَتْ بِنَاءَهُ وَجَعَلْتُ لَهُ خَلْفًا قَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ خَلْفًا يَعْنِي بَابًا.

١٥٨٢. حَدَّثَنَا بَيَانُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا يَزِيدُ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ رُومَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لَهَا يَا عَائِشَةُ لَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ لَأَمَرْتُ بِالْبَيْتِ فَهُدِمَ فَأَدْخَلْتُ فِيهِ مَا أُخْرِجَ مِنْهُ وَأَلْزَقْتُهُ بِالأَرْضِ وَجَعَلْتُ لَهُ بَابَيْنِ بَابًا شَرْقِيًّا وَبَابًا غَرْبِيًّا فَبَلَغْتُ بِهِ أَسَاسَ إِبْرَاهِيمَ فَذَلِكَ الَّذِي حَمَلَ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلَى هَدْمِهِ قَالَ يَزِيدُ وَشَهِدْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ حِينَ هَدَمَهُ وَبَنَاهُ وَأَدْخَلَ فِيهِ مِنَ الْحِجْرِ وَقَدْ رَأَيْتُ أَسَاسَ إِبْرَاهِيمَ حِجَارَةً كَأَسْنِمَةِ الإِبِلِ قَالَ جَرِيرٌ فَقُلْتُ لَهُ أَيْنَ مَوْضِعُهُ؟ قَالَ أُرِيكَهُ الآنَ فَدَخَلْتُ مَعَهُ الْحِجْرَ فَأَشَارَ إِلَى مَكَانٍ فَقَالَ هَا هُنَا قَالَ جَرِيرٌ فَحَزَرْتُ مِنَ الْحِجْرِ سِتَّةَ أَذْرُعٍ أَوْ نَحْوَهَا.

ترجمہ: باب، مکہ مکرمہ اور اس کی آبادی کی فضیلت کا بیان۔

نیز اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِلنَّاسِ وَأَمْنًا الخ کا بیان: "اور جب مقرر کیا ہم نے خانہ کعبہ کو اجتماع کی جگہ لوگوں کے واسطے اور جگہ امن کی اور (حکم دیا کہ) بناؤ ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کی جگہ اور حکم کیا ہم نے ابراہیم اور اسماعیل کو کہ پاک رکھو میرے گھر کو طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں اور رکوع وسجدہ کرنے والوں کے واسطے، اور جب کہا ابراہیم نے اے میرے رب! بنا اس شہر کو امن کا اور روزی دے اس کے رہنے والوں کو میوے، جو کوئی ان میں سے ایمان لاوے اللہ پر اور قیامت کے دن پر، فرمایا اور جو کفر کرے اس کو بھی نفع پہنچاؤں گا تھوڑے دنوں پھر اس کو جبرًا بلاؤں گا دوزخ کے عذاب میں اور وہ بری جگہ ہے رہنے کی، اور یاد کرو جب اٹھاتے تھے ابراہیم بنیادیں خانہ کعبہ کی اور

Maktaba Tul Ishaat.com

اسماعیل (اور دونوں یہ) دعا کرتے تھے اے ہمارے پروردگار! قبول کر ہم سے، بے شک تو ہی ہے سننے والا جاننے والا، اے ہمارے پروردگار! اور کر ہم کو حکم بردار اور ہماری اولاد میں بھی کر ایک جماعت فرماں بردار اپنی اور بتلا ہم کو قاعدے حج کرنے کے اور ہم کو معاف کر؛ بے شک تو ہی ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان۔

حضرت جابر بن عبد اللہؓ نے بیان کیا کہ جب خانہ کعبہ کی تعمیر کی گئی تو نبی کریم ﷺ اور حضرت عباسؓ بھی پتھر لانے لگے حضرت عباسؓ نے نبی کریم ﷺ سے کہا کہ اپنے ازار کو اپنے کاندھوں پر رکھ لو، آپ زمین پر گر گئے اور آپ کی دونوں آنکھیں آسمان کی جانب لگ گئیں، آپ نے فرمایا کہ میری ازار دو اور پھر اس کو اپنے اوپر مضبوطی سے باندھ لیا۔

عبد اللہ بن محمد بن ابی بکر نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت بیان کی کہ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ کیا تم نہیں جانتی کہ جب تمہاری قوم نے خانۂ کعبہ کی تعمیر کی تو اس کو ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں سے کم کر دیا، (حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ) میں نے کہا کہ یا رسول اللہ! کیا آپ خانۂ کعبہ کو حضرت ابراہیم کی بنیادوں پر نہیں لوٹائیں گے؟ آپ نے فرمایا کہ اگر تمہاری قوم کے کفر کا زمانہ نزدیک کا گزرا ہوا نہ ہوتا تو میں ایسا ضرور کرتا، حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے فرمایا کہ اگر حضرت عائشہؓ نے یہ بات حضور ﷺ سے سنی ہے تو میرا خیال ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حجر سے متصل دونوں کونوں کا استلام ترک نہیں فرمایا مگر اسی لئے کہ خانۂ کعبہ حضرت ابراہیم کی بنیادوں پر تعمیر نہیں کیا گیا تھا۔

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے نبی ﷺ سے دیوار کے بارے میں دریافت کیا کہ کیا وہ بیت اللہ کا حصہ ہے؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں، میں نے کہا کہ پھر ان کو کیا ہوا کہ انہوں نے اس کو بیت اللہ میں داخل نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا کہ تمہاری قوم کے پاس خرچ کم ہو گیا تھا، میں نے پوچھا کہ دروازے کو کیا ہوا کہ بلند ہے؟ آپ نے فرمایا کہ یہ تمہاری قوم نے کیا ہے تاکہ وہ جسکو چاہیں داخل کریں اور جسکو چاہیں منع کریں اور اگر تمہاری قوم جاہلیت کے زمانہ سے قریب نہ ہوتی اور یہ ڈر نہ ہوتا کہ انکے دلوں کو یہ بات بری لگے گی کہ میں دیوار کو بیت اللہ میں داخل کروں اور اس کے دروازے کو زمین سے لگا دوں (تو میں ایسا کرتا)۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تمہاری قوم کے کفر کا زمانہ نزدیک کا گزرا ہوا نہ ہوتا تو میں بیت اللہ کو منہدم کرتا اور بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرتا اس لئے کہ قریش نے اس کی تعمیر میں کمی کی ہے اور میں اس کا عقبی دروازہ بناتا، ابو معاویہ کہتے ہیں کہ ہم سے ہشام نے بیان کیا خلفًا کے معنی دروازے کے ہیں۔

حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے عائشہ! اگر تمہاری قوم جاہلیت کے دور سے نزدیک نہ ہوتی تو میں بیت اللہ کو منہدم کرنے کا حکم دیتا، پھر اس میں وہ حصہ شامل کرتا جو اس سے نکال دیا گیا ہے اور اس کو زمین سے لگا دیتا اور اس کے دو دروازے بناتا: مشرقی دروازہ اور مغربی دروازہ اور اس کو حضرت ابراہیم کی بنیاد پر پہنچا دیتا، (راوی کہتا ہے کہ) یہی وہ چیز ہے جس نے حضرت ابن زبیر کو بیت اللہ کے انہدام پر آمادہ کیا، یزید کہتے ہیں کہ میں اس وقت حضرت ابن زبیر کے پاس موجود تھا جب انہوں نے خانۂ کعبہ کو منہدم کیا اور اسے تعمیر کیا اور اس میں حجر کو داخل کیا اور میں نے بنائے

Maktaba Tul Ishaat.com

ابراہیمی کو دیکھا ہے وہ چند پتھر تھے اونٹوں کے کوہان کی مانند، جریر کہتے ہیں کہ میں نے ان سے کہا کہ اس کی جگہ کہاں ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ میں تم کو ابھی دکھاتا ہوں تو میں ان کے ساتھ حجر میں داخل ہوا انہوں نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ یہاں، جریر کہتے ہیں کہ میں نے حجر سے پیائش کی تو چھ ہاتھ یا اس کے قریب تھا۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد ظاہر ہے کہ دو باتیں بتلانا چاہتے ہیں، ایک مکہ مکرمہ کی فضیلت اور دوسرے بناء مکہ کا تذکرہ، لیکن مصنف نے اس باب میں جو روایتیں ذکر کی ہیں نہ تو مکہ کی فضیلت ان میں مذکور ہیں اور نہ بناء مکہ کا کوئی تذکرہ ان میں ہے تو پھر مصنف کا مدعا کیسے ثابت ہوا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ امام بخاری نے بناء مکہ کو بناء کعبہ سے ثابت کیا ہے اس لئے کہ کعبہ کی تعمیر حقیقۃً پورے مکہ کی تعمیر کو مستلزم ہے، جب کعبہ آباد رہے گا اور وہ معمور رہے گا تو مکہ بھی آباد اور معمور رہے گا، اور خدانخواستہ جس زمانہ میں کعبہ نہ رہے گا تو مکہ بھی نہیں رہے گا، اور فضیلت مکہ کا ثبوت وجود کعبہ سے ہوتا ہے کیوں کہ کعبۂ محترمہ وہ مکہ مکرمہ میں واقع ہے اور وہ اللہ کا سب سے معظم گھر ہے لہٰذا جہاں وہ گھر واقع ہوگا وہ جگہ ضرور فضیلت والی ہوگی۔

وَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا: اور جب ہم نے بنایا بیت اللہ کو لوگوں کا مرجع یعنی سارے لوگ وہیں آکر جمع ہوتے ہیں، وَأَمْنًا اور امن کی جگہ یعنی جو اس میں داخل ہو جائے اس سے تعدی کی اجازت نہیں۔

وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى: مقام ابراہیم کو مصلّٰی بناؤ، مقام ابراہیم کی تفسیر میں مختلف اقوال ہیں کہ آیا کعبہ مراد ہے یا سارا حرم یا عرفہ وغیرہ مناسک حج مراد ہیں؟ یا وہ جگہ اور وہ پتھر مراد ہے جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر کعبہ تعمیر کیا تھا؟ یہ آخری قول سب سے زیادہ مشہور ہے۔

وَعَهِدْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کی ہے۔

بیت اللہ کے مرتبہ تعمیر کیا گیا ہے؟ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ اس کی تعمیر دس مرتبہ ہوئی ہے، سب سے پہلے ملائکہ نے بنایا، پھر حضرت آدمؑ نے، پھر حضرت شیثؑ نے، پھر حضرت ابراہیمؑ نے، پھر عمالقہ نے، پھر جرہم نے، پھر قصی بن کلاب نے، پھر قریش نے، پھر اس کے بعد عبد اللہ بن زبیرؓ نے، پھر حجاج بن یوسف ثقفی نے، اسی کو بعض شاعروں نے دو شعر میں ضبط کیا ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

بنی بیت رب العرش عشر فخذهم ملائکة اللہ الکرام و آدمُ
فشیث فإبراهیم ثم عمالق قصیٌ قریش قبل هذین جرهمٌ
وعبدُ الإلٰہ ابن الزبیر بنی کذا بناءٌ لِحجاجٍ وهذا متمِّمٌ

لیکن محققین علماء فرماتے ہیں کہ یہ جو دس تعمیریں ذکر کی جاتی ہیں ان میں سے بہت سوں کا ثبوت ہی نہیں ہے مثلاً بناء الملائکہ کا، اسی طرح بناء آدم کا کوئی خاص ثبوت نہیں ہے، بناء شیث کا کوئی ثبوت نہیں، سب سے پہلے اس گھر کے بانی حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام ہیں اس کے بعد قریش کی تعمیر ہے، بناء ابراہیم اور بناء قریش میں دو ہزار سات سو ستر (۲۷۷۰) سال کا فاصلہ ہے، قریش کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے تعمیر کیا ہے، قریش کی بناء میں اور حضرت ابن زبیرؓ کی بناء میں تقریباً بیاسی (۸۲) سال کا فاصلہ ہے، اس کے بعد پھر حجاج بن یوسف ثقفی نے اس کی تعمیر کی ہے، تو کل تین بنائیں ہیں، اصل بناء ابراہیم، بناء قریش اور بناء ابن زبیرؓ۔

حجاج بن یوسف ثقفی کی جو تعمیر ہوئی اس میں حطیم کو پھر باہر کر دیا اور ایک دروازہ رکھا اور اسے بلند کر دیا تھا اور دوسری طرف دروازہ بند کر دیا تھا، باقی جو تعمیر ذکر کی جا رہی ہیں عمالقہ، جرہم اور قصی کی یہ حقیقۃً تعمیر نہیں تھی بلکہ تجدید تھی، کسی نے کہیں سے اصلاح کی اور کسی نے کہیں سے اصلاح کی مگر مرور زمانہ کے بعد جب سیلاب کی وجہ سے کعبہ کی دیواروں پر اثر پڑ گیا تو مفتی ابو السعود کے فتوے کی بناء پر سلطان مراد رابع نے کعبہ کی از سر نو تعمیر کی، اور اب تک وہی تعمیر چل رہی ہے، البتہ اس میں ترمیمات ہوتی رہتی ہیں، سعودی حکومت کے زمانہ میں چھت کی ترمیم کی گئی تھی اور بھی کچھ ترمیم کرتے رہتے ہیں جیسے ابھی نیا کواڑ سونے کا لگایا گیا ہے۔

لَمَّا بُنِيَتِ الكَعْبَةُ: جس وقت کعبہ قریش کے زمانہ میں تعمیر ہوا ہے اس وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر کیا تھی؟ مشہور یہ ہے کہ پینتیس سال تھی اور بعض کہتے ہیں کہ سرکار اس وقت تیس سال کے تھے۔

لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَفَعَلْتُ: حضور اکرم ﷺ کی خواہش و تمنا یہ تھی کہ کعبہ کو بناء ابراہیم کے مطابق تعمیر کیا جائے، قریش پوری تعمیر نہیں کر سکے تھے ان کے یہاں پیسوں کی کمی آگئی تھی لہٰذا انہوں نے حطیم کا ایک حصہ باہر کر دیا۔

اس میں اختلاف ہے، حافظ ابن صلاح کی رائے ہے کہ سارا حطیم کعبہ میں داخل ہے، یہی حنابلہ کے ظاہر کلام سے معلوم ہوتا ہے، مالکیہ کی ایک جماعت کی رائے ہے اور شافعیہ کی ایک بڑی جماعت ابو محمد جوینی، امام

Maktaba Tul Ishaat.com

الحرمین، امام غزالی اور ابو محمد بغوی وغیرہ نے یہ اختیار کیا ہے کہ بعض الحطیم کعبہ کا جزء ہے اور یہی محب طبری نے حضرت امام شافعی سے نقل کیا ہے، حنفیہ میں سے محقق ابن ہمام نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے اور یہی بعض مالکیہ کی رائے ہے، یہ لوگ فرماتے ہیں کہ چھ ذراع حطیم کا کعبہ کا جزء ہے، اور ویسے اور بھی اس میں اقوال ہیں کوئی کہتا ہے سات ذراع کوئی کہتا ہے پانچ ذراع اور کوئی کہتا ہے چار ذراع۔

عَنْ الجدار أَمِنَ البَيْتِ هُوَ؟ حاشیہ کا نسخہ ہے عَنْ الجَذْرِ یہی مشہور ہے، جدر، حطیم اور حجر سب ایک ہی چیزیں ہیں۔

وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثُ عَهْدُهُمْ بِالْجَاهِلِيَّةِ: فرماتے ہیں حضور ﷺ کہ اگر یہ ابھی نئے نئے مسلمان نہ ہوئے ہوتے اور مجھے یہ خطرہ نہ ہوتا کہ ان کو یہ بات بری معلوم ہوگی تو میں کعبہ کی نئی تعمیر کر دیتا، اس کا دروازہ زمین سے ملا دیتا اور حطیم کو کعبہ میں شامل کر دیتا۔

وَجَعَلْتُ لَهُ خَلْفًا: یعنی انہوں نے ایک دروازہ رکھا تھا، حضور ﷺ کا ارادہ تھا دو دروازوں کا ایک شرقی اور دوسرا غربی ایک سے لوگ داخل ہوں اور دوسرے سے نکل جائیں۔

قَالَ يَزِيدُ وَشَهِدْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ: یزید فرماتے ہیں کہ میں نے ابن الزبیرؓ کو دیکھا کہ انہوں نے بیت اللہ کو منہدم کیا اور تعمیر کیا، یہ تعمیر کب ہوئی؟ بعض کہتے ہیں سن ٦٤ھ میں اور بعض کہتے ہیں کہ سن ٦٥ھ میں، ان میں کوئی تعارض نہیں ہے، سن ٦٤ھ میں ابتداء ہوئی ہے اور سن ٦٥ھ میں اس کی تکمیل ہوئی ہے۔

كَأَسْنِمَةِ الإِبِلِ: اونٹوں کے کوہان جیسے پتھر، بڑے بڑے پتھر۔

فَحَزَرْتُ مِنَ الحِجْرِ سِتَّةَ أَذْرُعٍ أَوْ نَحْوَهَا: کہتے ہیں کہ حجر سے لیکر چھ ذراع یا اس کے قریب قریب یہ بیت اللہ حصہ ہے۔

(ص ٢١٦) بَابُ فَضْلِ الْحَرَمِ

وَقَوْلِهِ تَعَالَى إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ كُلُّ شَيْءٍ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، وَقَوْلِهِ أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَى إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقًا مِنْ لَدُنَّا وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

Maktaba Tul Ishaat.com

۱۵۸۳. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ إِنَّ هَذَا الْبَلَدَ حَرَّمَهُ اللهُ لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا.

ترجمہ: باب، حرم کی فضیلت کا بیان، نیز اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس قول إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَذِهِ الْبَلْدَةِ الخ کا بیان کہ مجھے تو یہی حکم ہے کہ بندگی کروں اس شہر کے مالک کی جس نے اس کو حرمت دی اور ہر چیز اسی کی ہے اور مجھ کو حکم ہے کہ میں حکم برداروں میں رہوں، اور اللہ تعالیٰ کے اس قول أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا الخ کا بیان کہ کیا ہم نے جگہ نہیں دی ان کو حرمت والے پناہ کے مکان میں؟ کھینچے چلے آتے ہیں اس کی طرف ہر چیز کے میوے، روزی ہماری طرف سے؛ پر بہت ان میں سمجھ نہیں رکھتے۔

روایت کا ترجمہ باب الإذخر والحشيش في القبر میں گزر چکا۔

تشریح: یہ باب حرم کی فضیلت کے بیان میں ہے، مصنف نے پہلے فضل مکہ کو بیان کیا اور اب فضل حرم کو بیان کر رہے ہیں۔

وَقَوْلِهِ تَعَالَى إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا: میں پرستش کرتا ہوں اس بلد کے رب کی جس نے اس کو معظم اور محترم بنایا ہے، اور وہ بلد کون ہے؟ مکہ مکرمہ ہے، تو مکہ مکرمہ بلدۂ محترم ہے اور بلدۂ محترم میں حرم واقع ہے، لہٰذا حرم بھی معظم اور محترم اور ذو الفضیلت ہوگا۔

آگے آیت میں ہے أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا، حرم کو امن بتلایا، امن أی ذا أمن امن والا، جب کوئی اندر داخل ہو تو اس سے کوئی تعرض کرنے والا نہیں، حتی کہ حاکم دیکھ رہا ہے کہ سامنے سے اس کے بیٹے کا قاتل گزر رہا ہے لیکن ہمت نہیں ہے کہ کچھ کر سکے اس لئے کہ حق تعالیٰ کے امن میں یہ داخل ہو چکا ہے۔

إِنَّ هَذَا الْبَلَدَ حَرَّمَهُ اللهُ: یہ بلد حرم ہے اللہ نے اس کو محترم بنایا ہے، اس لئے یہاں کا حکم عام جگہوں جیسا نہیں ہے۔ **لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ:** اس کے کانٹے نہیں توڑے جائیں گے، یہی حضرات ائمۂ ثلاثہ کا مسلک ہے اور حضرت امام شافعی کے یہاں کانٹے توڑنا جائز ہے۔ **وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ:** اس کے شکاروں کو بھگایا نہیں جائے گا، اگر پاس میں کچھ شکار بیٹھے ہوئے ہوں تو کسی کو یہ حق نہیں پہونچتا ہے کہ انہیں وہاں سے ہٹا کر خود اس جگہ بیٹھ جائے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا: اور اس کے لقطہ کا التقاط نہ کرے مگر وہ جو اس کی تعریف کرے، یہ مسئلہ میں کئی جگہ بیان کر چکا ہوں کہ لقطہ حل اور لقطہ حرم میں کیا فرق ہے، یہ تو سب کہتے ہیں کہ فرق ہے مگر کیا فرق ہے؟ اس میں اختلاف ہے، شافعی واحمد کہتے ہیں کہ اس کی دوامی تعریف ضروری ہے، مالکیہ اور حنفیہ کہتے ہیں کہ تعریف مؤکد ہوگی، ذرا مبالغہ کیا جائے گا باقی حد کی تعریف وہی ہے جو لقطہ حل کی ہے۔

(ص ٢١٦) بَابُ تَوْرِيثِ دُورِ مَكَّةَ وَبَيْعِهَا وَشِرَائِهَا وَأَنَّ النَّاسَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سَوَاءٌ خَاصَّةً

لِقَوْلِهِ تَعَالَى إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ، قال أبو عبدالله: البادي الطاري، معكوفا محبوسا.

١٥٨٤. حَدَّثَنَا أَصْبَغُ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيْنَ تَنْزِلُ فِي دَارِكَ بِمَكَّةَ؟ فَقَالَ وَهَلْ تَرَكَ عَقِيلٌ مِنْ رِبَاعٍ أَوْ دُورٍ وَكَانَ عَقِيلٌ وَرِثَ أَبَا طَالِبٍ هُوَ وَطَالِبٌ وَلَمْ يَرِثْهُ جَعْفَرٌ وَلَا عَلِيٌّ شَيْئًا لِأَنَّهُمَا كَانَا مُسْلِمَيْنِ وَكَانَ عَقِيلٌ وَطَالِبٌ كَافِرَيْنِ فَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَقُولُ لَا يَرِثُ الْمُؤْمِنُ الْكَافِرَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَكَانُوا يَتَأَوَّلُونَ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالَى {إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ} الْآيَةَ.

ترجمہ: باب، مکہ مکرمہ کے گھروں میں میراث جاری ہونے کا بیان اور ان کو بیچنے اور خریدنے کے حکم کا بیان، نیز اس بات کا بیان کہ لوگ خاص مسجد حرام میں برابر ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول کی وجہ سے کہ بے شک جنہوں نے کفر کیا اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستے سے اور اس مسجد حرام سے جس کو ہم نے بنایا لوگوں کے لئے، برابر ہے اس میں مقیم اور مسافر، اور جو اس میں ارادہ کرے گا کج روی کا شرارت سے تو ہم اسے چکھائیں گے دردناک عذاب۔

حضرت اسامہؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ یا رسول اللہ! آپ مکہ مکرمہ میں کہاں قیام کریں گے؟ کیا آپ اپنے گھر میں قیام کریں گے؟ آپ نے فرمایا کہ کیا عقیل نے حویلی یا گھر چھوڑے ہیں؟ عقیل ابوطالب کے وارث ہوئے تھے وہ اور طالب؛

Maktaba Tul Ishaat.com

جب کہ حضرت جعفرؓ اور حضرت علیؓ ان کے وارث نہیں ہوئے تھے کیوں کہ وہ دونوں مسلمان تھے اور عقیل وطالب کافر تھے۔ حضرت عمرؓ کہتے تھے کہ مؤمن کافر کا وارث نہیں ہوگا، ابن شہاب نے کہا کہ سلف اللہ تعالیٰ کے اس قول کا کہ اللہ فرماتا ہے: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اپنے مال وجان کے ساتھ اللہ کے راستہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے ٹھکانہ دیا اور نصرت کی وہ لوگ آپس میں رفیق ہیں، کا یہی مطلب بیان کرتے تھے۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے ایک مسئلۂ اختلافیہ بیان فرمایا ہے، اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ مکہ کی زمین اور مکانات کی بیع وشراء اور اس کی توریث جائز ہے یا جائز نہیں ہے؟

اختلاف اقوال: (۱) حضرت امام شافعی فرماتے ہیں کہ جائز ہے، (۲) امام مالک فرماتے ہیں کہ ناجائز ہے، (۳) امام احمد بن حنبل اور امام ابو حنیفہ کی اس مسئلہ میں دو دو روایتیں ہیں، امام احمد کی راجح روایت جواز کی ہے اسی کو موفق بن قدامہ نے اختیار کیا ہے، امام ابو حنیفہ سے جواز کی روایت حسن بن زیاد نے نقل کی ہے اور بہت سے احناف نے اسی کو اختیار کیا ہے، صدر الشہید نے واقعات میں اور صاحب کنز اور صاحب در مختار نے اسی کو اختیار کیا ہے، قاضی ابو یوسف بھی اسی کے قائل ہیں، امام ابو حنیفہ کی عدم جواز والی روایت ہے تو ظاہر الروایہ، لیکن حقیقت یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ کا مسلک جامع المسلکین ہے، وہ یہ فرماتے ہیں کہ حرم کی زمین کی بیع وشراء اور اس کی توریث جائز نہیں ہے، لیکن اگر کسی آدمی نے تعمیر شدہ مکانات کی بیع کی ہے یا اس کا اجارہ کیا ہے تو وہ جائز ہے لیکن اگر منہدم ہو گیا تو اب اگر زمین کو فروخت کرنا چاہے تو فروخت نہیں کر سکتا ہے۔

اختلاف کا منشاء کیا ہے؟ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اصل میں منشاءِ اختلاف یہ ہے کہ مکہ صلحاً فتح ہوا ہے یا عنوۃً؟ امام شافعی فرماتے ہیں کہ صلحاً فتح ہوا ہے، یہی امام احمد کی ایک روایت ہے، جمہور علماء فرماتے ہیں کہ عنوۃً فتح ہوا ہے یہی امام احمد کی دوسری روایت ہے، اب اگر صلحاً فتح ہوا ہے تو وقف ہوگا لہٰذا کسی کو اس میں مالکانہ تصرف کی اجازت نہیں ہوگی، اور اگر عنوۃً فتح ہوا ہوگا تو اس صورت میں وہ ملکِ غانمین ہوگا لہٰذا اس میں تصرف کرنے کی اجازت ہوگی۔

مگر میرے نزدیک اس کو منشاءِ اختلاف بنانا صحیح نہیں، اس لئے کہ حضرت امام شافعی مکہ کی فتح صلحاً مانتے ہیں اس کے باوجود اس میں مالکانہ تصرف کو جائز قرار دیتے ہیں، امام احمد بھی ایک روایت میں اس کی فتح صلحاً مانتے ہیں اور اس میں مالکانہ تصرف جائز قرار دیتے ہیں، اسی طرح سے اگر یہ مان لیا جائے کہ عنوۃً فتح ہوا ہے تو بھی اس

Maktaba Tul Ishaat.com

میں دو احتمال ہیں، ایک یہ کہ فتح کر کے وہیں کے سکّان کو دے دیا گیا اس صورت میں وہ وقف ہوگا، دوسری شکل یہ ہے کہ یہ غانمین کی ملک ہے، بہرحال دونوں ہی احتمال ہیں کہ اس کی زمین وقف ہو یا ملک ہو۔

اور روایات اور نصوص بھی دونوں طرح کی وارد ہیں، علقمہ بن نضلہؓ کہتے ہیں تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَا تُدْعَى رِبَاعُ مَكَّةَ إِلَّا السَّوَائِبَ، مَنِ احتاج سكن، أخرجه ابن ماجة ومسدد بن مسرهد والطحاوی، عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ نقل کرتے ہیں قال رسول الله ﷺ في مَكَّةَ لَا تُبَاعُ رِبَاعُهَا وَلَا تُكْرَى بُيُوتُهَا رواه سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ فى سُنَنِهِ، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین مکہ وقف ہے اس میں مالکانہ تصرف کی گنجائش نہیں۔

لیکن دوسری بہت سی روایات اجازت کو چاہتی ہے، ١ حضور اکرم ﷺ نے دُور کی نسبت عقیل کی طرف کی اور ان کے تصرف پر کوئی نکیر نہیں کی اور جب آپ سے کہا گیا کہ کیا آپ اپنے مکان میں ٹھہریں گے؟ تو فرمایا وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيلٌ مِنْ رِبَاعٍ؟ ٢ حضرت عمرؓ نے اپنے دورِ خلافت میں مکان کا ایک مکان قید خانہ بنانے کے لئے خریدا، ٣ حضرات صحابہ نے مکانات مکہ میں مالکانہ تصرف کیا اور اس پر کوئی نکیر کسی نے نہیں کی، یہ سب علائم و دلالات ہیں کہ مکہ وقف نہیں ہے ملک ہے، اور جو مالک ہے وہ اس میں مالکانہ تصرف کر سکتا ہے۔

حضرت امام ابو حنیفہ نے دونوں دلیلوں کے مقتضٰی پر عمل کیا، وہ یہ فرماتے ہیں کہ جس نص سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی بیع و شراء اور کراء نہ ہونی چاہئے اس کا تعلق زمین سے ہے، اور جس سے جواز و اباحت نکلتا ہے اس کا تعلق بناء سے ہے، علامہ ابن قیم نے زاد المعاد میں اسی کو اختیار کیا ہے۔

مسجد حرام سے کیا مراد ہے؟　بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ اصل میں بنیادی اختلاف یہ ہے کہ آیت کریمہ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ میں مسجد حرام سے صرف مسجد مراد ہے یا سارا حرم؟ اگر صرف مسجد مراد ہے تو باقی علاقہ میں مالکانہ تصرف جائز ہوگا اور اگر صرف مسجد مراد نہیں ہے بلکہ سارا حرم مراد ہے تو پھر اس صورت میں اس میں مالکانہ تصرف جائز نہیں ہوگا، امام شافعی وغیرہ کہتے ہیں کہ صرف مسجد مراد ہے، حنفیہ، حنابلہ وغیرہ فرماتے ہیں کہ سارا حرم مراد ہے۔

ابو بکر جصاص رازی نے عموم ہی کو ثابت کیا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَذَا میں جیسے مسجد حرام سارے حرم کو شامل ہے ایسے ہی وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

Maktaba Tul Ishaat.com

الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً العَاكِفُ فِيهِ وَالبَادِ میں مسجد حرام سارے حرم کو شامل ہے، اسی طرح سے فَمن تمتع بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ والی آیت میں ذَلِكَ لمن لم يكن أهله حاضري الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سارے حرم کو شامل ہے، لیکن اگر تعمیم مان بھی لی جائے تب بھی کوئی فیصلہ کن بات نہیں کہی جاسکتی ہے، اس واسطے کہ ہو سکتا ہے یہ مساوات عظمت واحترام میں ہو نہ کہ مالکانہ تصرف میں، لہذا مطلب یہ ہے کہ لوگ مسجد حرام میں مساوی ہیں اس لئے کسی کو کسی پر دست اندازی کی اجازت نہیں ہے اور وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ اس کے لئے قرینہ ہوگا، الا یہ کہ یہ کہا جائے کہ سواءت کو عام سمجھا جائے، مساوات اس لحاظ سے بھی کہ کوئی کسی پر دست اندازی نہیں کر سکتا ہے اور مساوات اس لحاظ سے بھی کہ جو جہاں چاہے وقوف و قیام کر سکتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ امام شافعی کے یہاں مکہ کی زمین و مکانات میں مطلقاً مالکانہ تصرف جائز ہے، امام مالک کے یہاں مطلقاً جائز نہیں، امام احمد کی دونوں روایتیں ہیں، امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اس کی بناء میں تو مالکانہ تصرف کر سکتے ہیں لیکن اس کی زمین میں مالکانہ تصرف نہیں کر سکتے ہیں، امام بخاری بظاہر امام شافعی کے ہم خیال ہیں۔

وَأَنَّ النَّاسَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ سَوَاءٌ خَاصَّةً: امام بخاری فرماتے ہیں کہ آیت کریمہ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً میں مساوات صرف مسجد کے اندر مراد ہے، سارے حرم میں مساوات مراد نہیں ہے، لہذا اس آیت شریفہ سے یہ اخذ نہیں کیا جاسکتا ہے کہ مکہ میں اور حرم میں مالکانہ تصرف ممنوع ہے۔

سَوَاءً العَاكِفُ فِيهِ وَالبَادِ: چاہے وہاں مقیم ہو یا باہر سے آیا ہوا مسافر ہو برابر ہے۔

وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ: جو ناحق حرمتِ حرم کرے گا وہاں پر تعدی کرے گا ہم اس کو عذاب الیم چکھائیں گے۔

قال أبو عبد الله: البَادِي، الطَّارِي: یعنی باہر سے آیا ہوا۔

وَكَانَ عَقِيلُ وَرِثَ أَبَا طَالِبٍ هُوَ وَطَالِبٌ: ابو طالب کے چار بیٹے تھے، عقیل، طالب، جعفرؓ اور علیؓ، سب سے بڑے طالب تھے پھر عقیل، پھر جعفرؓ تھے اور پھر علیؓ، پہلے دونوں ابتداءً مسلمان نہیں ہوئے تھے، اخیر میں عقیل مسلمان ہو گئے تھے اس لئے جب ابو طالب کی وفات ہوئی تو عقیل و طالب وارث ہو گئے، باقی جعفرؓ اور علیؓ کو وراثت نہیں ملی۔

وَكَانُوا يَتَأَوَّلُونَ: اس کے معنی ہیں يعملون یا يفسرون، اور مطلب یہ ہے کہ اس آیت شریفہ پر

Maktaba Tul Ishaat.com

لوگ عمل کرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے مؤمنین کو مؤمنین کا اولیاء اور وارث بتلایا ہے، مؤمنین کو کافرین کا اولیاء اور وارث نہیں بتلایا ہے۔

(ص ٢١٦) بَابُ نُزُولِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَكَّةَ

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ نُسِبَتِ الدُّورُ إِلَى عَقِيلٍ وَتُورَثُ الدُّورُ وَتُبَاعُ وَتُشْتَرَى.

١٥٨٥. حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ حِينَ أَرَادَ قُدُومَ مَكَّةَ مَنْزِلُنَا غَدًا إِنْ شَاءَ اللهُ بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوا عَلَى الْكُفْرِ.

١٥٨٦. حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مِنَ الْغَدِ يَوْمَ النَّحْرِ وَهُوَ بِمِنًى نَحْنُ نَازِلُونَ غَدًا بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوا عَلَى الْكُفْرِ يَعْنِي ذَلِكَ الْمُحَصَّبَ وَذَلِكَ أَنَّ قُرَيْشًا وَكِنَانَةَ تَحَالَفَتْ عَلَى بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَوْ بَنِي الْمُطَّلِبِ أَنْ لَا يُنَاكِحُوهُمْ وَلَا يُبَايِعُوهُمْ حَتَّى يُسْلِمُوا إِلَيْهِمُ النَّبِيَّ ﷺ، وَقَالَ سَلَامَةُ عَنْ عُقَيْلٍ وَيَحْيَى بْنُ الضَّحَّاكِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ وَقَالَا بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ، قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ بَنِي الْمُطَّلِبِ أَشْبَهُ.

ترجمہ: باب، مکہ مکرمہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑاؤ کی جگہ کا بیان، امام بخاری کہتے ہیں کہ (گزشتہ حدیث میں گھروں کی نسبت عقیل کی طرف کی گئی ہے، نیز گھروں میں وراثت بھی جاری ہوتی ہے اور وہ بیچے اور خریدے بھی جاسکتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم نحر کے اگلے دن جب کہ آپ منی میں تھے فرمایا کہ ہم کل خیف بنی کنانہ میں قیام کریں گے جہاں قریش نے کفر پر قسم کھائی تھی، راوی کا بیان ہے کہ اس سے محصب مراد ہے اور اس قسم کھانے کا مطلب یہ ہے کہ قریش اور کنانہ نے بنوہاشم اور بنی عبدالمطلب یا بنی المطلب کے خلاف قسم کھائی تھی کہ وہ ان کے یہاں نکاح نہیں کریں گے اور ان سے خرید وفروخت بھی نہیں کریں گے یہاں تک کہ وہ پیغمبر علیہ السلام کو ان کے سپرد کردیں، سلامہ نے یہ حدیث عقیل اور یحیٰ سے اور ان دونوں نے اوزاعی سے اور انہوں نے ابن شہاب سے روایت کی ہے دونوں نے بنی ہاشم و بنی المطلب (عبد کے بغیر) کہا، امام بخاری کہتے ہیں کہ بنی المطلب ہی درست ہے۔

تشریح: امام بخاری حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موضع نزول کو بتلانا چاہتے ہیں۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: نُسِبَتِ الدُّورُ إِلَى عَقِيلٍ وَتُورَثُ الدُّورُ وَتُبَاعُ وَتُشْتَرَى، یہ عبارت اسی طرح سے اس

Maktaba Tul Ishaat.com

باب میں واقع ہوگئی ہے لیکن اس کے مناسب بابِ باب گزشتہ ہے، اس لئے کہ اس سے امام بخاری کو یہ ثابت کرنا ہے کہ جب دُور کی نسبت عقیل کی طرف کی گئی ہے تو معلوم ہوا کہ وہ اس کا مالک ہے اور شیئ مملوک میں وراثت بھی جاری ہوتی ہے اور بیع و شراء بھی اسکی کی جاسکتی ہے۔

بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ: محصب، حصباء، بطحاء، ابطح اور خیف بنی منیٰ سب ایک ہی جگہ کے نام ہیں، کفار مکہ نے حضور اکرم ﷺ اور آپ کے حامی بنو ہاشم کے خلاف اسی جگہ پر آپس میں مشاورت کی تھی اور بائیکاٹ کا معاہدہ کیا تھا اور یہیں معاہدہ نامہ لکھا گیا تھا، سارے بنو ہاشم کے خلاف تھے صرف بنو المطلب انکے ساتھ تھے۔

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ: حضور اکرم ﷺ نے محصب میں جو قیام کا ارادہ فرمایا تھا غالبًا اس کی حکمت یہ تھی کہ جہاں لوگوں نے اسلام کے خلاف کفر کی تائید میں اجتماع کیا تھا وہیں حضور اکرم ﷺ قیام فرما ہوں اور یہ معلوم ہو جائے کہ کلمۂ اسلام غالب ہو کر رہے گا الإسلام يعلو و لا يعلى جہاں کل کفر کی تائید و تقویت کی جا رہی تھی آج حق تعالیٰ شانہ نے وہیں پر پیغمبر اسلام ﷺ کو آرام کا موقع عطا فرمایا اور وہیں پر دین اسلام بڑا ہوا ہے۔

وَبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَوْ بَنِي الْمُطَّلِبِ: یہ اَو تردد کے لئے ہے، صحیح بنو المطلب ہے اور بنو عبد المطلب غلط ہے، اس لئے کہ بنو عبد المطلب تو خود بنو ہاشم ہی کی شاخ ہے، بنو المطلب ہاشم کی اولاد ہے لہٰذا جو بنو ہاشم ہو گا وہ بنو المطلب ضرور ہو گا۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ بَنِي الْمُطَّلِبِ أَشْبَهُ: أی أشبه بالصواب۔

(ص ٢١٦) بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَنْ نَعْبُدَ الْأَصْنَامَ رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيرًا مِنَ النَّاسِ إِلَى قَوْلِهِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ الخ کا بیان کہ یاد کرو اس وقت کو جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ اے رب! اس شہر کو امن والا بنادے اور مجھے اور میری اولاد کو اس بات سے بچا کہ ہم بتوں کی پرستش کریں، اے رب! انہوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کیا، سو جس نے میری پیروی کی وہ تو میرا ہے اور جس نے میرا کہنا نہ مانا سو تو بخشنے والا مہربان ہے، اے رب! میں نے اپنی ایک اولاد کو بسایا ہے اس میدان میں کہ جہاں کھیتی نہیں تیرے محترم گھر کے پاس، اے ہمارے رب! تاکہ وہ قائم رکھیں نماز کو، سو رکھ بعض لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل اور ان کو روزی دے

Maktaba Tul Ishaat.com

میووں میں سے، شاید وہ شکر کریں۔

تشریح: امام بخاری نے آیت شریفہ کو ترجمہ بنا کر اسکے تحت کوئی حدیث ذکر نہیں فرمائی ہے۔

اس ترجمۃ الباب کی غرض اس بلد کی فضیلت بیان کرنی ہے اور یہ بتلانا ہے کہ یہ بلد امن والا ہے یہاں داخل ہونے والا مامون اور بے خوف ہو جاتا ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ بہت ممکن ہے امام بخاری نے حضرت ابن عباسؓ کی اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہو جو احادیث الانبیاء میں ص ٤٧٦ پر آرہی ہے اس میں یہ مذکور ہے کہ حضرت ہاجر عورت ہیں صنف نازک سے ان کا تعلق ہے اور حضرت اسماعیلؑ اس وقت بچے تھے، ابراہیم علیہ السلام نے ان دونوں کو مکہ میں لے جاکر وہیں ٹھہرا دیا اور چھوڑ کر چلے آئے لیکن وہ دونوں وہاں محفوظ رہے، معلوم ہوا کہ یہ بلد اُمن ہے یہاں داخل ہونے والا مامون ہوتا ہے۔

اسی طرح سے آگے آیت شریفہ میں دعا کا جو مضمون مذکور ہے وہ یہ ہے کہ یہاں جو لوگ قیام پذیر ہیں لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل فرما اور ان کو ثمرات سے رزق عطا فرما فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِنَ النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ وارزقهم من الثمرات لَعَلَّهُم يشكرون اس سے بھی اس بلد کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے اور حضرت ابراہیمؑ کی اس دعا کا کھلا ہوا ظہور ہوتا ہے کہ لوگ کہیں بھی ہوں لیکن مکہ کی طرف ان کے دل لگے ہوئے ہوں گے۔

یہی حال بلد رسول ﷺ کا ہے اس لئے کہ حضرت رسول پاک ﷺ نے دعا کی تھی اللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْمَدِينَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ أَوْ أَشَدَّ اے اللہ! مدینہ کو ہمیں ایسا محبوب بنادے جیسے مکہ ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ۔

(ص ٢١٦) بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ إِلَى قَوْلِهِ وَأَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

١٥٨٧. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ.

١٥٨٨. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حفصة عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانُوا يَصُومُونَ عَاشُورَاءَ قَبْلَ أَنْ يُفْرَضَ رَمَضَانُ وَكَانَ يَوْمًا تُسْتَرُ فِيهِ الْكَعْبَةُ

Maktaba Tul Ishaat.com

فَلَمَّا فَرَضَ اللّٰهُ رَمَضَانَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ شَاءَ أَنْ يَصُومَهُ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ شَاءَ أَنْ يَتْرُكَهُ فَلْيَتْرُكْهُ.

١٥٨٩. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي عُتْبَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوجِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، تَابَعَهُ أَبَانُ وَعِمْرَانُ عَنْ قَتَادَةَ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ، وَالْأَوَّلُ أَكْثَرُ، قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعَ قَتَادَةُ عَبْدَ اللّٰهِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ أَبَا سَعِيدٍ.

ترجمہ: باب، اللہ تعالیٰ کے اس قول جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ الخ کا بیان کہ اللہ نے کعبہ کو جو کہ بزرگی والا گھر ہے لوگوں کے واسطے قیام کا باعث کر دیا ہے اور بزرگی والے مہینہ کو اور ہدی کو اور قربانی کے جانوروں کے گلے میں ڈالے جانے والے پٹوں کو، یہ اس لئے کہ تم جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ جانتا ہے اس کو جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور یہ کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کعبہ کو دو پتلی پنڈلیوں والا حبشی منہدم کرے گا۔

حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ لوگ رمضان کے روزے فرض کئے جانے سے پہلے عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے، یوم عاشورہ ایسا دن تھا جس میں کعبہ پر غلاف ڈالا جاتا تھا، جب اللہ نے رمضان کے روزے فرض کر دیئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو (عاشورہ کا) روزہ رکھنا چاہے وہ رکھے اور جو ترک کرنا چاہے وہ ترک کرے۔

حضرت ابو سعیدؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ یاجوج ماجوج کے خروج کے بعد بھی بیت اللہ کا حج وعمرہ بالیقین کیا جائے گا، حجاج بن حجاج کی متابعت ابان بن یزید اور عمران نے کی ہے، عبد الرحمن نے شعبہ سے یہ الفاظ روایت کئے ہیں "لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ" کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک بیت اللہ کا حج بند نہ ہو جائے، امام بخاری کہتے ہیں کہ پہلی حدیث کے راوی زیادہ ہیں، نیز فرمایا کہ قتادہ نے عبد اللہ بن ابی عتبہ سے اور عبد اللہ نے حضرت ابو سعید خدریؓ سے سنا ہے۔

تشریح: حضرت امام بخاری نے اس آیت شریفہ کو ترجمہ بنا کر عظمتِ کعبہ کی طرف اشارہ کیا ہے اور یہ بتلایا ہے کہ کعبہ خدائے پاک کا بڑا عظیم الشان اور رفیع المرتبت گھر ہے، اس کا بقاء قیام عالم کا سبب ہے، اور جو روایات مصنف نے اس باب میں ذکر کی ہیں ان سب کا تعلق اس مضمون کے ساتھ بایں طور ہے کہ جب یہ مکانِ محترم لوگوں کے قیام اور عالم کے بقاء کا سبب ہے تو اس کی تعظیم و تکریم کرنی چاہئے، حج وعمرہ میں اس کا طواف کیا جائے، اسی طرح اس پر پردے لٹکائے جائیں، اور یہ بھی مصنف نے بتلادیا کہ ایک زمانہ وہ آئے گا کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

یہ کعبہ باقی نہیں رہے گا اور جب کعبہ ویران اور خراب کردیا جائے گا تو اس کے بعد جو چیز قیام ناس کا سبب تھی وہ ختم ہو جائے گی، دین ختم ہو جائے گا، اور اس کے بعد اشرار رہ جائیں گے اور ان پر قیامت قائم ہوگی۔

ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ: سویقتین تثنیہ ہے سویقہ کا اور سویقہ تصغیر ہے ساق کی، اور یہ تصغیر تحقیر ہے چھوٹی پنڈلیوں والا حقیر آدمی کعبہ پر حملہ کرے گا اور اس کو ویران کردے گا۔

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ: پہلی جو حدیث مصنف نے ذکر کی ہے بظاہر وہ آیت مترجم بہا کے مضمون کے خلاف ہے، اس لئے کہ آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بیت حرام لوگوں کے قیام اور بقاء کا سبب ہے اور ابوہریرہؓ کی روایت میں ہے کہ ذوالسویقتین اس کو ویران کردے گا، تو جو خود ویران ہو جائے گا وہ دوسروں کے بقاء کا ذریعہ کیا ہو سکتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ لوگوں کے بقاء کا ذریعہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دین کے بقاء کا سبب اور ذریعہ ہے، جب تک یہ کعبہ باقی رہے گا دین باقی رہے گا اور جب تک دین باقی رہے گا لوگ بھی باقی رہیں گے، اور جب یہ کعبہ ختم ہو جائے گا اور ذوالسویقتین من الحبشۃ اس کو ویران کردے گا تو اس کے بعد دین ختم ہو جائے گا اور اختتام دین کے بعد پھر اشرار رہ جائیں گے، اس وقت حق تعالیٰ شانہ کا غضب جوش میں آئے گا اور پھر سارے عالم کو ختم فرمادیں گے۔

دوسری حدیث مصنف نے جو ذکر کی ہے اس کے متعلق امام اسماعیلی نے یہ اشکال کیا ہے کہ اس میں صرف کعبہ کے نام کا ذکر ہے اور ترجمہ میں مصنف نے جو آیت ذکر کی ہے اس کا کوئی مضمون اس میں مذکور نہیں ہے تو پھر یہ حدیث آیت مترجم بہا کے مناسب کیسے ہوگی؟ حافظ ابن حجر وغیرہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ اس حدیث پاک میں کعبہ پر غلاف چڑھانے کا ذکر ہے اور یہ غلاف چڑھانا من باب التعظیم ہے، تو گویا حضرت امام بخاری نے اس حدیث پاک کو ذکر کرکے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ کعبہ کی تعظیم کا اہتمام کرنا چاہئے۔

اس کے بعد یہ سمجھو کہ کعبہ پر غلاف سب سے پہلے اسعد ابوکرب تبع اول نے چڑھایا ہے، بعض کہتے ہیں کہ حضرت اسماعیلؑ نے اور بعضوں نے کہا ہے کہ عدنان نے چڑھایا ہے۔

لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ: بیت اللہ کا حج اور عمرہ کیا جاتا رہے گا یاجوج اور ماجوج کے نکلنے کے بعد، مقصد یہ ہے کہ بیت اللہ یاجوج وماجوج کے زمانہ تک باقی رہے گا اور لوگ حج وعمرہ میں اس کا طواف کریں گے۔

تَابَعَهُ أَبَانُ وَعِمْرَانُ: مصنف یوں فرماتے ہیں کہ جیسے یہ حدیث ان الفاظ سے حجاج بن حجاج نے قتادہ

Maktaba Tul Ishaat.com

سے نقل کی ہے انہی الفاظ سے ابان بن یزید العطار اور عمران القطان نے بھی قتادہ سے نقل کی ہے، ابان بن یزید العطار کی روایت حضرت امام احمد نے اپنی مسند میں اور حاکم نے مستدرک میں تخریج کی ہے، اور عمران قطان کی روایت امام احمد اور ابن خزیمہ نے تخریج کی ہے۔

وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ: یہ عبد الرحمن بن مہدی ہیں اور ان کی یہ روایت امام حاکم نے المستدرک میں موصولاً تخریج کی ہے، مصنف کا مقصود یہ ہے کہ قتادہ کے عام تلامذہ حجاج بن حجاج، ابان بن یزید العطار اور عمران القطان اس حدیث کے الفاظ لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوجِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ نقل کرتے ہیں، لیکن قتادہ کے ایک دوسرے شاگرد شعبہ ہیں اور ان کے شاگرد عبد الرحمن بن مہدی یہی روایت عن شعبۃ عن قتادۃ نقل کرتے ہیں وہ اس کے الفاظ نقل کرتے ہیں لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ، عبد الرحمن کی یہ روایت حاکم نے مستدرک میں تخریج کی ہے، یہ لفظ بظاہر لفظ اول کے معارض ہے، اس لئے کہ لفظ اول سے معلوم ہوتا ہے کہ علامات ساعت کے ظہور کے بعد بھی حج وعمرہ ہوگا، اور دوسرے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ قیام قیامت سے پہلے بیت اللہ کا حج متروک ہو جائے گا، امام بخاری نے اپنے انداز پر فیصلہ کیا، فرماتے ہیں وَالْأَوَّلُ أَكْثَرُ، مطلب یہ ہے کہ ان دونوں لفظوں میں معارضہ ہے لیکن اکثر روات لفظ اول نقل کرتے ہیں لہٰذا وہ ارجح ہے۔

امام حاکم کے کلام سے دو جواب اور مستفاد ہوتے ہیں، ایک جواب بالاشارہ مستفاد ہوتا ہے اور ایک جواب صراحۃً ذکر کیا ہے، اشارۃً جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ شعبہ کی روایت میں اختلاف ہے، عبد الرحمن بن مہدی اور آدم بن ابی ایاس یہی روایت شعبہ سے نقل کرتے ہیں مرفوعاً بلفظ المذکور لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ، اور یہی روایت شعبہ کے تیسرے شاگرد ابو داؤد طیالسی نقل کرتے ہیں تو وہ موقوفاً نقل کرتے ہیں، خلاصہ یہ ہے کہ شعبہ کی روایت میں رفعاً ووقفاً اختلاف ہے بخلاف حجاج وغیرہ کی روایت کے کہ وہ بلا اختلاف مرفوعاً نقل کرتے ہیں، لہٰذا جس روایت میں رفعاً ووقفاً اختلاف نہیں اس کو ترجیح ہوگی اس پر جس میں اختلاف ہے۔

تیسرا جواب جو حاکم نے صراحۃً ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ ان دونوں لفظوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، ممکن ہے کہ خروج یاجوج وماجوج کے بعد بھی بیت اللہ کا طواف کیا جائے لیکن اس کے بعد قیام ساعت سے کچھ پہلے موقوف ہو جائے گا، اس لئے کہ قیامت خروج یاجوج وماجوج کے فوراً بعد تھوڑے قائم ہو جائے گی؟ ان کے

Maktaba Tul Ishaat.com

ظہور کے بعد ایک مدت گزرے گی اور بہت سی آیات کا ظہور ہوگا اس کے بعد قیامت ہوگی، لہذا ہوسکتا ہے کہ یاجوج وماجوج کا خروج ہو لیکن اس کے باوجود بیت اللہ کا طواف کیا جاتا رہے اور حج وعمرہ ہوتا رہے، اور پھر ایک زمانہ آئے قیام ساعت سے پہلے پہلے طواف موقوف ہوجائے اور بیت اللہ ختم ہوجائے۔

(ص ۲۱۷) بَابُ كِسْوَةِ الْكَعْبَةِ

۱۵۹۰. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا وَاصِلُ الْأَحْدَبُ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ جِئْتُ إِلَى شَيْبَةَ ح وحَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ جَلَسْتُ مَعَ شَيْبَةَ عَلَى الْكُرْسِيِّ فِي الْكَعْبَةِ فَقَالَ لَقَدْ جَلَسَ هَذَا الْمَجْلِسَ عُمَرُ فَقَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لَا أَدَعَ فِيهَا صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ إِلَّا قَسَمْتُهُ قُلْتُ إِنَّ صَاحِبَيْكَ لَمْ يَفْعَلَا قَالَ هُمَا الْمَرْءَانِ أَقْتَدِي بِهِمَا.

ترجمہ: باب، کعبہ کے غلاف کا بیان۔

ابووائل بیان کرتے ہیں کہ میں کعبہ میں شیبہ کے ساتھ کرسی پر بیٹھا انہوں نے کہا کہ (ایک مرتبہ) اس جگہ حضرت عمرؓ تشریف فرما ہوئے اور یہ کہا کہ میں نے ارادہ کیا ہے کہ کعبہ میں نہ پیلا مال چھوڑوں یعنی سونا اور نہ سفید مال چھوڑوں یعنی چاندی، مگر یہ کہ اس کو تقسیم کردوں، میں نے کہا کہ آپ کے دونوں ساتھیوں نے ایسا نہیں کیا انہوں نے کہا کہ وہ دونوں ایسے ہیں کہ میں ان کی اقتدا کروں گا۔

تشریح: کسوہ کے معنیٰ ہیں لباس اور اردو میں اس کا ترجمہ غلافِ کعبہ ہے۔

امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے کیا بیان کررہے ہیں اس میں علماء کے تین اقوال ہیں۔

(۱) پہلا قول یہ ہے کہ امام بخاری نے یہ بتایا ہے کہ کعبہ پر غلاف چڑھانا جائز ہے، گو یہ بات حضرت عائشہؓ کی حدیث سابق سے معلوم ہوچکی لیکن امام بخاری نے اس کو یہاں اہمیت کی وجہ سے استقلالاً ذکر کیا ہے، اور خاص طور سے تنبیہ کی وجہ یہ بھی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے حضرت نبی اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَأْمُرْنَا أَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَالطِّينَ رواہ مسلم، تو امام بخاری نے یہ بتادیا کہ کعبۃ اللہ اس کے تحت داخل نہیں اس لئے کہ اس کی الگ شان ہے اس پر غلاف چڑھانا جائز ہے، جس ذات گرامی نے دیوار پر پردہ لٹکانے سے منع کیا ہے اسی نے کعبۃ اللہ پر غلاف دیکھا اور کوئی نکیر نہیں فرمائی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

سوال یہ ہے کہ امام بخاری نے اس باب میں جو روایت ذکر کی ہے اس میں غلافِ کعبہ کا کوئی تذکرہ نہیں۔

۱۔ علامہ ناصر الدین بن منیر اور انہی کی اتباع میں علامہ سندی، حضرت گنگوہی وغیرہ فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے مسئلہ اس طرح اخذ فرمایا ہے کہ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کعبۃ اللہ کے لئے لوگ سونا چاندی بھیجا کرتے تھے اور یہ بھیجنا کعبہ کی تزیین اور اس کی تکریم و تعظیم کے لئے ہوتا تھا، یہ بات غلافِ کعبہ میں بھی پائی جاتی ہے اس لئے کعبہ پر غلاف چڑھانا بھی جائز ہی ہونا چاہئے۔

۲۔ علامہ ابن منیر نے ابن بطال کے حاشیہ میں یہ لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا تھا لا أخرج حتی أقسم مال الکعبۃ اس کے عموم میں کسوہ بھی داخل ہے، معلوم ہوتا ہے کہ صفراء و بیضاء یعنی مال کا لفظ اپنے عموم کی وجہ سے غلاف کعبہ کو بھی شامل ہے۔

۳۔ علامہ کرمانی کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے جس وقت حضرت عمرؓ کعبہ میں شیبہ کے ساتھ کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے تو اس وقت کعبہ پر غلاف چڑھا ہوا ہو حضرت عمرؓ نے اس کی تقریر کر دی۔

(۲) دوسرا قول یہ ہے کہ امام بخاری نے اس ترجمہ سے کعبۃ اللہ کو سونے چاندی کے پانی سے آراستہ کرنے کا جواز بیان کیا ہے، یہ غرض علامہ کرمانی نے بر سبیل احتمال ذکر کی ہے، اس پر اشکال یہ ہے کہ روایت سے صرف اتنا ثبوت ہوتا ہے کہ لوگ کعبۃ اللہ کی خدمت میں سونا چاندی ہدیہ کرتے تھے لیکن سونا چاندی کے ہدیہ کرنے سے اس کا سونا چاندی کے پانی سے مزین کرنا ثابت نہیں ہوتا ہے، اگر ایسا ہوتا تو کسی نہ کسی روایت میں اس کی تصریح موجود ہوتی۔

(۳) تیسرا قول: علامہ ابن بطال کہتے ہیں کہ امام بخاری کی مراد یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے جب مال کعبہ سونا چاندی کو تقسیم کرنے کا ارادہ کر لیا جو کعبہ پر وقف کی حیثیت رکھتا تھا تو غلافِ کعبہ کو بھی تقسیم کرنا جائز ہوگا۔

علامہ ابن منیر اور سندی نے بھی یہ بات بر سبیل احتمال ذکر کی ہے، یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔

شافعیہ میں سے ابن عدلان اور ابو القاسم رافعی نے غلافِ کعبہ کے تقسیم کرنے اور بیچنے خریدنے کو منع کیا ہے، امام ابن صلاح جواز کے قائل ہیں اسلئے کہ حضرت عمرؓ سے منقول ہے کہ وہ کعبہ کے پردے کو تقسیم کر دیتے تھے، حضرت عائشہؓ نے اسکے بیع و شراء کی اجازت دی ہے، حنفیہ میں سے ملا علی قاری اسی کے قائل ہیں۔

ان اغراض ثلاثہ میں ہمارے نزدیک غرض اوّل راجح بلکہ صواب ہے، اس کا قرینہ یہ ہے کہ امام بخاری نے

Maktaba Tul Ishaat.com

یہاں پر کعبہ سے متعلق تراجم منعقد کئے ہیں، یہی علامت ہے کہ یہاں امام بخاری نے کسوۂ کعبہ کا جواز بیان کیا ہے، اگر ان کا مقصود تصرف فی مال الکعبۃ وفی کسوۃ الکعبۃ کا بتانا ہوتا تو اس ترجمۂ مجملہ کسوۃ الکعبۃ کے منعقد کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ سیدھے یہ فرمادیتے باب جواز قسمة مال الكعبة، اور یہ کہنا کہ بخاری کی تو عادت ہے اغماض واجمال کی یہ بعض مالکی شارحین ناصر وزین اور ابن رشید اور انہی کی اتباع میں حافظ ابن حجر وغیرہ نے ایجاد کیا ہے، امام بخاری کی عادت ایضاح کی ہے وہ ہمیشہ وضاحت کرتے ہیں لیکن ان کی شرائط تصحیح بہت سخت ہیں اس لئے ان کے پاس روایات کا ذخیرہ کم ہے، وہ اپنی شرط کے مطابق صحیح روایات سے مسائل اور مقاصد کا استنباط واستخراج کرتے ہیں، بعض لوگ وہاں پہنچ کر یہ سمجھتے ہیں کہ بخاری نے اغماض کردیا اور اخفی کو اجلیٰ پر ترجیح دے دی اجمال کردیا ابہام کردیا حالانکہ یہ کوئی بات نہیں، بخاری نے کتاب اجمال واحتمال ابہام کی غرض سے تصنیف نہیں کی ہے بلکہ امت کو ایک صحیح ومعتمد ذخیرہ دیا ہے تاکہ امت اس کے مطابق عمل کرے اپنے عقیدے کو درست کرے، اگر ابہام واجمال کردیں گے تو ان کا مقصد حاصل نہ ہوگا۔

قَالَ هُمَا الْمَرْءَانِ أَقْتَدِي بِهِمَا: جب حضرت عمرؓ نے مال کعبہ کے تقسیم کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت عمرؓ سے شیبہ نے کہا کہ یہ تو نبی اکرم ﷺ اور ابوبکرؓ نے نہیں کیا آپ کیسے ان کے خلاف کرسکتے ہیں؟ حضرت عمرؓ نے یہاں سپر ڈال دی اور فرمانے لگے هُمَا الْمَرْءَانِ أَقْتَدِي بِهِمَا میں تو انہی دونوں مرد کامل کا اتباع کرتا ہوں، اس سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ جہاں موضع اشتباہ ہو آدمی وہاں اپنے سے اعلم کا اتباع کرلے، لیکن یہ وہیں ہے جہاں اشتباہ ہو اور جہاں نص موجود ہو صاحب علم یقینی محمد رسول اللہ ﷺ کی، وہاں کوئی نہیں ہے، وہاں رسول ہیں فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا۔

(ص ٢١٧) بَابُ هَدْمِ الْكَعْبَةِ

قَالَتْ عَائِشَةُ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَغْزُو جَيْشٌ الْكَعْبَةَ فَيُخْسَفُ بِهِمْ.

١٥٩١. حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْأَخْنَسِ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ كَأَنِّي بِهِ أَسْوَدَ أَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا.

Maktaba Tul Ishaat.com

١٥٩٢. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ.

ترجمہ: باب، کعبہ کو منہدم کرنے کا بیان، حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ایک فوج کعبہ پر حملہ کرے گی مگر اس کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔

حضرت ابن عباسؓ روایت بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ گویا کہ میں اس کو دیکھ رہا ہوں، کالا، ٹیڑھے پاؤں چلنے والا کعبہ کو منہدم کر رہا ہے، اس کے پتھر پتھر کو گرا رہا ہے۔

تشریح: ہدم کعبہ کا بیان، امام بخاری کعبہ سے متعلق تراجم منعقد کر رہے تھے، ضمن میں یہ مسئلہ آ بھی چکا تھا لیکن تنبیہ کے لئے مستقل ترجمہ میں ذکر فرمایا ہے کہ آخری زمانہ میں کعبہ منہدم ہو جائے گا، حبشہ کا ذو السویقتین اس کے ایک ایک پتھر اکھاڑ کر پھینک دے گا۔

قَالَتْ عَائِشَةُ: حضرت عائشہؓ کی یہ روایت کتاب البیوع میں آ رہی ہے، اس سے یہ معلوم ہوا کہ لوگ کعبہ پر حملہ کریں گے ایک مرتبہ اللہ ان کو زمین میں برباد کر دے گا لیکن دوسری مرتبہ اللہ موقع دے دیں گے اور پھر وہ کعبۃ اللہ کو اکھاڑ ڈالیں گے۔

كَأَنِّي بِهِ أَسْوَدَ أَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا: گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں اس شخص کو سیاہ فام ٹیڑھے پاؤں چلنے والا ہے جو اکھاڑ رہا ہے اس کا ایک ایک پتھر، أَفْحَجَ فاء کے بعد حاء مہملہ ہے اور جیم ہے فحج کہتے ہیں تدانی صدور القدمین مع تباعد العقبین یعنی پنجے تو قریب ہوں اور ایڑیاں بعید ہوں جیسے بعض لوگ ہوا کرتے ہیں۔

يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ: کعبہ کو دو چھوٹی پنڈلیوں والا حبشی ویران کرے گا۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے أو لم یروا أنا جعلنا حرما آمنا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کعبۂ حرم میں کسی آدمی کو کسی فرماں روا کو تعدی کی اجازت نہیں کیوں کہ وہ امن کی جگہ ہے چنانچہ ابرہۃ الاشرم کا قصہ اس کی ایک کھلی ہوئی دلیل ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اصل میں ہر چیز کا ایک وقت مقدر اور مقرر ہے حق تعالیٰ شانہ نے یقیناً بیت حرام کو قیام الناس اور حرم آمن بنایا ہے لیکن جب حق تعالیٰ شانہ چاہیں گے تو اس پر چڑھائی کرنے والوں کا غلبہ اور تسلط

Maktaba Tul Ishaat.com

ہو جائے گا، یہ تسلط قیام ساعت کے قریب آخری زمانہ میں ہو گا، اور آیت کا تعلق پہلے زمانہ سے ہے۔

اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ قیام ساعت سے بہت پہلے ہجرت سے تین سو سال کے بعد قرامطہ نے مکہ پر چڑھائی کی اور عین مطاف میں حُجاج کو قتل کیا، اس کا جواب یہ ہے کہ کعبہ کے حرم آمن ہونے کا تعلق کفار سے ہے یعنی کسی کافر کو یہ قدرت نہیں کہ وہاں حملہ آور ہو سکے اور قرامطہ اگرچہ نفس الامر میں کافر اور بدترین کافر تھے لیکن صورۃً وہ اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے۔

(ص ٢١٧) بَاب مَا ذُكِرَ فِي الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ

١٥٩٣۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ فَقَالَ إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ.

ترجمہ: باب، حجر اسود کے بارے میں جو ذکر کیا گیا ہے اس کا بیان۔

عابس بن ربیعہ کہتے ہیں کہ جب حضرت عمرؓ حجر اسود کے نزدیک آئے اور اس کو بوسہ دیا تو فرمایا کہ بے شک میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے جو نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ، اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے دیکھا ہے تو میں تجھے بوسہ نہ دیتا۔

تشریح: حضرت امام بخاری کا مقصود حجر اسود کی فضیلت بیان کرنا ہے لیکن مصنف کے پاس کوئی ایسی صریح روایت نہیں تھی جس سے اس کی فضیلت ثابت ہوتی تو انہوں نے اپنی روایت سے استدلالی طور پر فضیلت ثابت کر دی، حاصل استدلال یہ ہے کہ رسول پاک علیہ الصلوۃ والسلام نے بایں عظمت و بزرگی اس پتھر کی تقبیل فرمائی، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ پتھر عند اللہ تعالیٰ بڑا معظم ہے۔

ویسے حجر اسود کی فضیلت کے سلسلہ میں کئی روایات ترمذی وغیرہ میں وارد ہوئی ہیں کہ حجر اسود دودھ سے زیادہ سفید تھا فَسَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِي آدَمَ بنی آدم کے گناہوں نے اس کو سیاہ بنا ڈالا اَسْوَدَتْهُ، تسوید سے ماخوذ ہے جس کا مادہ سواد ہے چونکہ گناہوں میں ظلمت ہوتی ہے لہذا اس ظلمت کا اثر کعبہ کی سفیدی پر پڑا اور وہ سیاہ ہو گیا۔

بعض ملاحدہ نے اس پر یہ اشکال کیا کہ واہ صاحب! بنو آدم کی خطایا سے پتھر سیاہ ہو گیا اور ان کی طاعات سے

Maktaba Tul Ishaat.com

سفید نہیں ہوا یہ کیا بات ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قاعدہ یہ ہے کہ جب سیاہی اور سفیدی کا تقابل ہوتا ہے تو سیاہی غالب ہو جایا کرتی ہے۔

أَنَّهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ: حضرت عمرؓ حجر اسود کے پاس آئے اور تقبیل کی پھر فرمانے لگے کہ مجھے یہ معلوم ہے کہ تو ایک پتھر ہے نہ تجھ سے کوئی نفع پہنچ سکتا ہے اور نہ ضرر اگر میں حضور اکرم ﷺ کو تجھے تقبیل کرتے ہوئے نہ دیکھتا تو کبھی میں تجھے تقبیل نہ کرتا۔

حضرت عمرؓ نے یہ اس لئے کہا تھا تاکہ کوئی نافہم وشقی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ اس پتھر میں ایسی کوئی خاص شان موجود ہے جس کی وجہ سے مجبوراً اس کی تقبیل کی جاتی ہے، یہ بتلادیا کہ نفع وضرر اللہ کے قبضہ میں ہے اس پتھر میں کچھ نہیں ہے مگر یہ کہ اللہ کی نگاہ میں یہ عظمت والا ہے اور حضور نے اس کی تقبیل کی ہے لہذا میں بھی ان کی اقتداء میں اس کی تقبیل کرتا ہوں۔

ایک غیر ثابت روایت کا ذکر: ازرقی نے تاریخ مکہ میں اور حاکم نے مستدرک میں ابو سعید خدریؓ سے ایک حدیث نقل کی ہے کہ جس وقت حضرت عمرؓ نے یوں کہا **إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ،** حضرت علیؓ نے ارشاد فرمایا امیر المؤمنین! **إنه حجر يضرّ وينفع** یہ پتھر نفع بھی دیتا ہے اور ضرر بھی پہونچاتا ہے، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ کیسے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا وہ اس طرح سے کہ جب حق تعالیٰ شانہ نے عہد الست لیا تھا اور لوگوں سے اپنی وحدانیت اور ربوبیت کا اقرار لیا تھا تو اس کو ایک کاغذ پر لکھ لیا تھا اور اس پتھر کی آنکھیں تھیں اور منھ تھا، اس سے فرمایا کہ منھ کھول اور رقعہ رکھ پھر اس کے منھ میں ڈال دیا اس نے نگل لیا، اب جو حق کے ساتھ اس کی تقبیل کرے گا وہ اس کے لئے شہادت دے گا، اور حق تعالیٰ نے یہ فرمادیا تھا کہ جو بھی توحید کے ساتھ تقبیل کرے تو اس کے لئے شہادت دینا۔

یہ مضمون مفصل طور پر مستدرک وغیرہ میں منقول ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ یہ روایت ثبوت کو نہیں پہونچتی ہے، ابوہارون عبدی اس کا راوی بالاتفاق ضعیف ہے حتی کہ قاضی ابن عربی تو یہاں تک فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہی نہیں ہے۔

اور اگر بالفرض ثابت مان لیا جائے تو اس صورت میں حضرت عمرؓ کے **لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ** اور حضرت علیؓ کے

Maktaba Tul Ishaat.com

یضر وینفع کہنے میں کوئی معارضہ نہیں ہے، حضرت عمرؓ نے اس کی ذات کے اعتبار سے فرمایا ہے اور حضرت علیؓ نے شہادت کے اعتبار سے فرمایا ہے اور دونوں میں فرق یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کا مقصد یہ ہے کہ تیری ذات میں کوئی طاقت نہیں ہے جس کے خوف کی وجہ سے ہم تیری تقبیل کر رہے ہوں یا اس کی توقع میں ہم تیری تقبیل کر رہے ہوں، اور حضرت علیؓ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ کل اس کو شہادت کے لئے کھڑا کریں گے یہ شہادت دے گا تو دونوں میں ظاہر فرق واقع ہے۔

مسند ابن ابی شیبہ میں ایک عجیب وغریب روایت مذکور ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حجر اسود کی تقبیل کی اور یوں فرمایا إنک حجر لاتضر ولاتنفع اور پھر حضرت ابو بکرؓ نے تقبیل کی، اگر یہ روایت ثابت ہو جائے تو پھر متدرک حاکم کی روایت کا بے حقیقت ہونا کھلی ہوئی بات ہے، اس لئے کہ اس صورت میں متدرک کی روایت اس صحیح روایت کے معارض ہو جائے گی، اور یہ جو میں نے کہا مسند ابن ابی شیبہ، اس کا مطلب یہ ہے کہ محدث ابو بکر بن ابی شیبہ کی دو کتابیں ہیں ایک المصنف جس کا کچھ حصہ حیدر آباد سے چھپ چکا ہے جو ہندوستان میں کبھی نہیں چھپا تھا اور اس کا ایک حصہ مصر میں محفوظ وموجود ہے شاید مکمل بھی ہو اور اس کا آدھا ہمارے کتب خانہ میں بھی ہے، اور دوسری انہوں نے لکھی ہے المسند، میری مراد مسند ہے۔

(ص ٢١٧) بَابُ إِغْلَاقِ الْبَيْتِ وَيُصَلِّي فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ

١٥٩٤. حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْبَيْتَ هُوَ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ فَأَغْلَقُوا عَلَيْهِمْ فَلَمَّا فَتَحُوا كُنْتُ أَوَّلَ مَنْ وَلَجَ فَلَقِيتُ بِلَالًا فَسَأَلْتُهُ هَلْ صَلَّى فِيهِ رَسُولُ اللهِ ﷺ؟ قَالَ نَعَمْ بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ.

ترجمہ: باب، بیت اللہ کو بند کرنے کا بیان اور یہ کہ بیت اللہ کے جس کونے میں چاہے نماز پڑھے۔

یہ روایت باب قوله تعالى واتخذوا من مقام إبراهيم مصلى میں گزر چکی۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے بیت اللہ شریف کے مقفل کرنے کا جواز ثابت فرمایا ہے، یہاں بعض متاخرین کو یہ اشکال پیش آگیا کہ صاحب! یہ مضمون تو مصنف ابواب مساجد میں بیان کر آئے ہیں اور مستقل ایک ترجمہ باب الأبواب والغلق للكعبة والمساجد منعقد کیا ہے، یہاں اسکا تکرار ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

میرے نزدیک اس کا جواب یہ ہے کہ وہاں امام بخاری نے بحیثیت مساجد منعقد کیا ہے اور اس کا مقصود یہ ہے کہ مساجد میں کواڑ لگائے جاسکتے ہیں اور ان کو مقفل کیا جاسکتا ہے مگر چونکہ مساجد کے سلسلہ میں کوئی ایسی روایت بخاری کے پاس نہیں تھی جس سے اس کا مقفل کرنا ثابت ہو تو مصنف نے کعبہ کے سلسلہ میں جو روایت وارد ہوئی تھی اس سے اپنا مدعا ثابت کر دیا اور بتلادیا کہ جب کعبہ کو مقفل کر سکتے ہیں تو باقی مساجد کو بھی مقفل کر سکتے ہیں، کیوں کہ باقی مساجد بیوت اللہ ہونے میں کعبہ کے ساتھ شریک ہے، اور یہاں امام بخاری نے بالاصل کعبۃ اللہ کے لئے غلق کا جواز ثابت فرمایا ہے، پھر امام بخاری نے آگے ایک مزید بات ذکر کی وَيُصَلِّي فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ، بیت اللہ کے جس ناحیہ میں آدمی چاہے نماز پڑھ سکتا ہے۔

یہ مسئلہ متفق علیہا ہے، البتہ ایک صورت میں اختلاف ہے کہ اگر کعبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہو تو پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ حنفیہ فرماتے ہیں کہ کوئی مضائقہ نہیں، لیکن شافعیہ کے اقوال مختلف ہیں، ایک قول یہ ہے کہ سامنے کوئی چیز ہونی چاہیے یعنی اس کی چوکھٹ کے بقدر بلند ہوئی چاہیے، ایک قول یہ ہے کہ تا قامتِ انسان بلند ہونا چاہیے، ایک قول یہ ہے کہ بقدر ذراع بلند ہونا چاہیے، ویسے صلاۃ فی الکعبہ کا مسئلہ اگلے باب میں آئے گا۔

اب یہاں سوال یہ ہے کہ بخاری یوں کہتے ہیں وَيُصَلِّي فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ اور روایت میں صلوۃ بین العمودین الیمانیین کا ذکر ہے، دعویٰ عام ہے اور دلیل خاص ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت امام بخاری نے ترجمہ میں تعمیم کر کے اس بات پر تنبیہ کی ہے کہ حضور ﷺ کا عمودین یمانیین کے درمیان نماز پڑھنا اتفاقی تھا قصدی نہیں تھا، یا یوں کہنا چاہتے ہیں کہ خاص طور سے عمودین یمانیین کے درمیان نماز پڑھنا حتمی اور واجب نہیں ہے بلکہ اور جگہوں میں پڑھی جاسکتی ہے، اگرچہ اس جگہ میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

(ص ۲۱۷) بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ

١٥٩٥ . حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْكَعْبَةَ مَشَى قِبَلَ الْوَجْهِ حِينَ يَدْخُلُ وَيَجْعَلُ الْبَابَ قِبَلَ الظَّهْرِ يَمْشِي حَتَّى يَكُونَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِدَارِ الَّذِي قِبَلَ وَجْهِهِ قَرِيبًا مِنْ ثَلَاثِ أَذْرُعٍ فَيُصَلِّي يَتَوَخَّى الْمَكَانَ الَّذِي أَخْبَرَهُ بِلَالٌ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ صَلَّى فِيهِ وَلَيْسَ عَلَى أَحَدٍ بَأْسٌ أَنْ يُصَلِّيَ فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، کعبہ میں نماز پڑھنے کا بیان۔

تشریح: جوف کعبہ میں نماز کے جواز کا بیان، اس میں علماء کے تین اقوال ہیں، (۱) امام ابو حنیفہ، امام شافعی، داؤد ظاہری، ابن حزم ظاہری کہتے ہیں کہ مطلقاً ہر نماز جائز ہے فریضہ ہو یا نافلہ، (۲) ابن عباسؓ، طاؤس، ابن جریر طبری، اصبغ بن الفرج المالکی کہتے ہیں کہ کوئی نماز جائز نہیں ہے، (۳) امام مالک اور امام احمد فرماتے ہیں کہ نافلہ جائز ہے فریضہ جائز نہیں، امام بخاری قول اوّل کے قائل ہیں اور دلیل میں ابن عمرؓ کی حدیث پیش کی ہے أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ صَلّٰى فِيهِ حضور نے بیت اللہ میں نماز ادا فرمائی ہے۔

جو لوگ کہتے ہیں کہ نماز ناجائز ہے وہ ابن عباسؓ کی روایت سے استدلال کرتے ہیں جو آگے آرہی ہے فَدَخَلَ الْبَيْتَ فَكَبَّرَ فِي نَوَاحِيهِ وَلَمْ يُصَلِّ فِيهِ، جمہور علماء نے جواب دیا ہے کہ جب نفی واثبات میں تعارض ہوگا تو اثبات کو ترجیح ہوگی۔

جو لوگ جائز کہتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ صلوۃ منفیہ سے مراد صلوۃ شرعیہ ہے اور صلوۃ مثبتہ سے مراد صلوۃ لغویہ ہے، لیکن یہ صحیح نہیں کیوں کہ جن روایتوں میں یہ ہے صَلّٰى فِيهِ اسی میں رکعتوں کی بھی تصریح وارد ہوئی ہے، صحیح یہ ہے کہ ابن عباسؓ نافی ہیں بلالؓ مثبت ہیں، ابن عباسؓ کی روایت پر بلالؓ کی روایت کو ترجیح ہے۔

اصل میں حضرت ابن عباسؓ نے جو کچھ کہا ہے وہ اپنے علم کی بنیاد پر نہیں کہا بلکہ اسامہؓ سے سن کر کہا ہے، اور اسامہؓ کے بارے میں روایات میں ہے کہ یہ بابِ کعبہ پر بیٹھ کر سو گئے تھے، ہوسکتا ہے حضور نے اتنی دیر میں دو رکعت پڑھ لی ہو اور اسامہؓ کو پتہ نہ چلا ہو، اور بعض روایات میں ہے کہ اسامہؓ کو پانی لینے کے لئے بھیج دیا گیا تو ممکن ہے اتنی دیر میں نماز پڑھ لی ہو اور اسامہؓ کو علم نہ ہو پایا ہو۔

بہر حال روایاتِ نافیہ محتمل ہیں اور روایتِ مثبتہ نص ہے اس لئے اس کو مقدم کیا جائے گا، پھر مالکیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ روایتِ مثبتہ سے نفل کا ثبوت ہوتا ہے، جمہور فرماتے ہیں کہ ارکان صلوۃ میں فرض و نفل دونوں برابر ہیں اسی بات کو سامنے رکھ کر بخاری نے ترجمہ مطلقہ منعقد کیا ہے۔

وَلَيْسَ عَلٰى أَحَدٍ بَأْسٌ أَنْ يُصَلِّيَ فِي أَيِّ نَوَاحِي الْبَيْتِ شَاءَ: یعنی نبی اکرم ﷺ نے جہاں نماز پڑھی وہاں کسی کو نماز پڑھنے کا شرف ملے تو بڑی بات ہے لیکن لازم نہیں، آدمی جہاں چاہے پڑھ سکتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢١٧) بَابُ مَنْ لَمْ يَدْخُلِ الْكَعْبَةَ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحُجُّ كَثِيرًا وَلَا يَدْخُلُ.

١٥٩٦. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ اعْتَمَرَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَهُ مَنْ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ أَدَخَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الْكَعْبَةَ؟ قَالَ لَا.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو کعبہ میں داخل نہ ہو۔

حضرت ابن عمرؓ حج کثرت سے کرتے تھے مگر بیت اللہ میں داخل نہیں ہوتے تھے۔

عبداللہ بن ابی اوفیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عمرہ کیا، بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دوگانہ نماز پڑھی اس حال میں کہ آپ کے ساتھ ایسے افراد تھے جو آپ کو لوگوں سے چھپا رہے تھے، ایک شخص نے ان سے دریافت کیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ کعبہ میں داخل ہوئے تھے؟ انہوں نے جواب دیا کہ نہیں۔

تشریح: امام بخاری یہاں اس بات پر تنبیہ فرمانا چاہتے ہیں کہ دخول کعبہ مناسک حج میں سے نہیں، حضرت ابن عمرؓ حضور پاک ﷺ کے افعال کی اتباع کا بڑا اہتمام کرتے تھے وہ جب حج کرتے تھے تو کعبہ میں داخل نہیں ہوتے تھے، اگر دخول کعبہ مناسک حج میں سے ہوتا تو حضرت ابن عمرؓ اس میں کوتاہی نہ فرماتے۔

فقہاء مذاہب اربعہ نے لکھا ہے کہ کعبہ میں داخل ہونا مستحب ہے بشرطیکہ رشوت نہ دینی پڑے اور کسی کو اذیت نہ پہونچے، ورنہ کعبہ میں داخل ہونا جائز نہیں ہے۔

آیا حضور اکرم ﷺ حج کے موقع پر کعبہ میں داخل ہوئے یا نہیں؟ اس میں اتفاق ہے کہ آپ فتح مکہ کے موقع پر کعبہ میں داخل ہوئے تھے لیکن اس میں اختلاف ہے کہ حج میں داخل ہوئے ہیں یا نہیں؟ محدث ابو حاتم بن حبان البستی، امام بیہقی، محب طبری، ابوالقاسم سہیلی، بدرالدین زرکشی، علامہ ابن ہمام وغیرہ حضرات کی رائے ہے کہ آپ داخل ہوئے ہیں، لیکن امام نووی، شیخ الاسلام ابن تیمیہ، حافظ ابن قیم کی رائے ہے کہ آپ داخل نہیں ہوئے، ازرقی نے تاریخ مکہ میں سفیان بن عیینہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے بہت سے اہل علم سے یہی روایت کیا ہے، بعض روایتوں سے دو مرتبہ دخول کا پتہ چلتا ہے۔

فریق اول یہ کہتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ حج ہی میں دو مرتبہ داخل ہوئے، چنانچہ علامہ بدرالدین زرکشی

Maktaba Tul Ishaat.com

اور ابن ہمام وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ دو مرتبہ کعبہ میں داخلہ ہوا ہے ایک یوم النحر میں اور اس وقت نماز نہیں پڑھی اس لئے کہ اس میں تصویریں تھیں، پھر دوسرے دن داخل ہوئے ہیں تو آپ نے نماز پڑھی ہے، حافظ ابن حجر وغیرہ دوسرے قول کی طرف مائل ہیں اس لئے حافظ صاحب کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے فتح مکہ کے موقع پر دو مرتبہ داخل ہوئے ہوں، حافظ کہتے ہیں کہ دار قطنی کی ایک روایت سے اس کی طرف اشارہ ملتا ہے یا یوں کہیے کہ شہادت دیتی ہے وہ روایت، ویسے اس مسئلہ کو میں ماقبل میں ابواب مساجد میں بیان کر چکا ہوں۔

أَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الْكَعْبَةَ؟ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے تھے؟ تو ابن ابی اوفیٰؓ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل نہیں ہوئے تھے، یہ واقعہ عمرۂ قضاء کا ہے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سن ٦ھ میں عمرہ کے ارادہ سے مکہ کی طرف نکلے لیکن حدیبیہ میں پہنچ کر مشرکین نے مزاحمت کی اور عمرہ نہیں کرنے دیا اس کے بعد پھر فریقین میں مصالحت ہوئی کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اگلے سال آکر عمرہ کریں گے، چنانچہ سن ۷ھ میں آپ عمرہ کرنے کے لئے تشریف لائے اور عمرہ کیا، اس عمرہ کے متعلق حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ سے سوال کیا گیا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں بھی داخل ہوئے تھے یا نہیں؟ فرمایا کہ نہیں! یہ روایت صرف اس عمرہ میں دخول کی نفی کرتی ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل نہیں ہوئے ہیں، عمرۂ قضاء میں آپ اس لئے داخل نہیں ہوئے کہ اس وقت بیت اللہ میں بت رکھے ہوئے تھے، صورتیں اس کی دیواروں پر بنی ہوئی تھیں آپ مطالبانہ انداز میں داخل ہوئے تھے، مشرکین آپ کو کوئی تغیر کرنے نہیں دے سکتے تھے اور نہ آپ خود کوئی تغیر کر سکتے تھے اس لئے آپ نے کچھ بھی نہیں کیا اور داخل بھی نہیں ہوئے۔

لیکن جب فتح مکہ کا دن آیا اور حق تعالیٰ نے اسلام کو عزت دی حق کو علو عطا فرمایا تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ایک شخص کو داخل کرایا اور اس میں جو تصویریں بنی ہوئی تھیں ان کو مٹوایا پھر آپ اندر تشریف لے گئے، مسند احمد کی ایک روایت میں ہے کہ کعبہ میں صورتیں بنی ہوئی تھیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ کو حکم دیا کہ اس کو مٹا دیں حضرت عمرؓ نے ایک ایک کر کے سب کو مٹا دیا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس میں داخل ہوئے۔

(ص ۲۱۸) بَابُ مَنْ كَبَّرَ فِي نَوَاحِي الْكَعْبَةِ

١٥٩٧. حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ رَسُولَ

Maktaba Tul Ishaat.com

اللهِ ﷺ لَمَّا قَدِمَ أَبَى أَنْ يَدْخُلَ الْبَيْتَ وَفِيهِ الْآلِهَةُ فَأَمَرَ بِهَا فَأُخْرِجَتْ فَأَخْرَجُوا صُورَةَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ فِي أَيْدِيهِمَا الْأَزْلَامُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَاتَلَهُمُ اللهُ أَمَا وَاللهِ لَقَدْ عَلِمُوا أَنَّهُمَا لَمْ يَسْتَقْسِمَا بِهَا قَطُّ فَدَخَلَ الْبَيْتَ فَكَبَّرَ فِي نَوَاحِيهِ وَلَمْ يُصَلِّ فِيهِ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو کعبہ کے گوشوں میں تکبیر کہے۔

تشریح: امام بخاری فرماتے ہیں کہ جب کوئی آدمی کعبہ میں داخل ہو اور اس کے اطراف میں تکبیر کہے تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے، امام بخاری نے اس کے تحت حضرت ابن عباسؓ کی وہ حدیث ذکر کی ہے جس میں وارد ہے فَكَبَّرَ فِي نَوَاحِيهِ وَلَمْ يُصَلِّ فِيهِ، سوال یہ ہے کہ بظاہر یہ روایت حضرت بلالؓ کی روایت کے بالکل معارض ہے تو مصنف نے مَنْ كَبَّرَ فِي نَوَاحِي الْكَعْبَةِ کا ترجمہ اس پر کیوں منعقد کیا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اصل میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں ایک خاص مضمون ہے اور وہ ہے تکبیر، لہذا مصنف نے ابن عباسؓ کی روایت سے تکبیر ثابت کر دی، اور ابن عباسؓ کی روایت میں صلوۃ کی نفی ہے اور بلالؓ کی روایت میں اثبات ہے اور قاعدہ ہے کہ جب اثبات و نفی میں تعارض ہو اور دونوں ہم درجہ ہوں صحت میں تو اثبات کو ترجیح ہوتی ہے، لہذا مصنف نے اثبات صلوۃ میں بلالؓ کی روایت کو ترجیح دی اور الصلوۃ فی الکعبۃ کا ترجمہ منعقد فرمادیا۔

بعض علماء نے ان دونوں روایتوں میں ایک اور طرح سے جمع کیا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ اصل میں صلوۃ منفیہ سے مراد صلوۃ شرعیہ ہے، اور صلوۃ مثبتہ سے مراد صلوۃ لغویہ ہے، یہ ان لوگوں کا طریقہ ہے جو صلوۃ فی الکعبۃ کے عدم جواز کے قائل ہیں۔

اور جو حضرات صلوۃ فی الکعبۃ کے جواز کے قائل ہیں مالکیہ اور حنابلہ وہ اور طرح جمع کرتے ہیں، فرماتے ہیں کہ صلوۃ منفیہ سے مراد صلوۃ فریضہ ہے اور صلوۃ مثبتہ سے مراد صلوۃ نافلہ ہے، لیکن جمہور علماء حنفیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ بات تو صحیح ہے کہ حضور نے کعبہ میں جو نماز پڑھی تھی وہ نافلہ تھی لیکن اس سے خاص طور پر یہ نہیں نکالا جاسکتا ہے کہ نفل جائز ہے اور فرض جائز نہیں، اس لئے کہ نفل و فرض ارکان و شرائط میں مساوی ہیں لہذا جب صلوۃ فی الکعبہ کا ثبوت ہو گیا گو نفل ہی کی شکل میں ہو تو فرض کا بھی اس سے ثبوت نکالا جاسکتا ہے۔

لَمَّا قَدِمَ أَبَى أَنْ يَدْخُلَ الْبَيْتَ: جب حضور اکرم ﷺ مکہ تشریف لائے تو کعبہ میں داخل ہونے

Maktaba Tul Ishaat.com

سے انکار کر دیا یہ واقعہ فتح مکہ کا ہے جو سن ۸ھ میں ہوا۔

وَفِيهِ الآلِهَةُ: آلھۃ بمعنی الاصنام ہیں اس کو آلہہ اس لئے کہہ دیا گیا کہ ان کے ساتھ مشرکین اللہ کا معاملہ کرتے تھے، آپ نے حکم دیا تو ان اصنام کو نکال دیا گیا، چنانچہ ابراہیم اور اسماعیل کی صورتیں بھی نکال دی گئیں۔

فِي أَيْدِيهِمَا الأَزْلَامُ: ان (ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ) کے ہاتھوں میں ازلام تھے، ازلام جمع ہے زَلَم کی، زَلَم کہتے ہیں چھوٹے چھوٹے تیروں کو جن کے اوپر بھالا اور پر لگا ہوا نہیں ہوتا ہے، وہ لوگ اس کے ذریعہ سے فال لیا کرتے تھے، سات تیر تھے ایک پر لکھا ہوا تھا أمرنی ربی، دوسرے پر لکھا ہوا تھا نہانی ربی، تیسرے پر لکھا ہوا تھا واحد منکم، چوتھے پر لکھا ہوا تھا واحد من غیر کم، پانچویں پر لکھا ہوا تھا ملصق، چھٹے پر لکھا ہوا تھا العقل، ساتویں پر تھا الغفل یعنی اس پر کچھ بھی لکھا ہوا نہیں تھا، جب ان لوگوں کو کوئی کام درپیش ہوتا تو ان ساتوں تیروں کو لیکر خوب ہلا لیتے اور اس کے بعد بغیر کسی تعیین کے کسی ایک کو نکالتے، اگر أمرنی ربی لکھا ہوتا تو جس کام کا ارادہ ہوتا وہ کر لیتے اور اگر نہانی ربی لکھا ہوا ہوتا تو رک جاتے، اور اگر کسی کے نسب میں اختلاف ہوتا اور واحد منکم والا تیر نکل آئے تو وہ ثابت النسب سمجھا جاتا تھا اور اگر واحد من غیر کم نکل آتا تو وہ غیر ہی سمجھا جاتا تھا، اور اگر مُلصَق نکلتا تو وہ نہ نسبی حیثیت سے شمار ہوتا اور نہ حلیف ہونے کی حیثیت سے شمار ہوتا تھا، اور اگر دیت کا مسئلہ ہوتا اور اس میں کوئی اختلاف ہوتا تو اگر العقل نکل آتا تو دیت واجب ہو جاتی، اور اگر وہ ساتواں تیر نکلتا جس پر کچھ نہیں لکھا ہوتا تھا تو پھر ہلاتے حتی کہ ان میں سے کوئی ایک نکل آئے جو ان کا مقصود ہوتا تھا۔

قَاتَلَهُمُ اللهُ: اللہ تعالیٰ ان پر لعنت کرے انہیں یقیناً معلوم تھا کہ ان دونوں حضرات نے استقسام بالازلام نہیں کیا ہے یعنی تیروں کے ذریعہ سے قسمت آزمائی نہیں کی ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ سب سے پہلے استقسام بالازلام کا موجد عمرو بن لحی ہے اور یہ حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ ان دونوں کے بہت بعد میں ہوا ہے۔

(ص ۲۱۸) بَابٌ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الرَّمَلِ

۱۵۹۸. حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللهِ ﷺ وَأَصْحَابُهُ فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ إِنَّهُ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ وَقَدْ وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ فَأَمَرَهُمُ

Maktaba Tul Ishaat.com

النَّبِيُّ ﷺ أَنْ يَرْمُلُوا الأَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ وَأَنْ يَمْشُوا مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ وَلَمْ يَمْنَعْهُ أَنْ يَأْمُرَهُمْ أَنْ يَرْمُلُوا الأَشْوَاطَ كُلَّهَا إِلَّا الإِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ طواف میں رمل کیسے شروع ہوا؟

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ (عمرۃ القضاء کے موقع پر) مکہ مکرمہ تشریف لائے تو مشرکین نے کہا کہ یہ لوگ اس حال میں تمہارے یہاں آئے ہیں کہ ان کو یثرب کے بخار نے ناتواں کر دیا ہے، تو نبی کریم ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ تینوں چکروں میں رمل کریں اور دونوں رکنوں کے درمیان معمول کے مطابق چلیں، اور نہیں روکا حضور ﷺ کو اس بات سے کہ ان کو تمام چکروں میں رمل کا حکم دیں مگر ان پر شفقت کے خیال نے۔

تشریح: یہ باب اس بات کے بیان میں ہے کہ رمل کی ابتداء کیسے ہوئی؟

رمل راء اور میم کے فتحہ کے ساتھ ہے اس کی تفسیر ہے سرعة المشى مع تقارب الخطا وهزّ الكتفين، چلنے میں تیزی ہو اس طور پر کہ مونڈھے حرکت کر رہے ہوں اور قدم چھوٹے چھوٹے اٹھ رہے ہوں۔

رمل کی ابتداء: جب حضور اکرم ﷺ ہجرت کے ساتویں سال عمرۂ قضاء کے لئے تشریف لے آئے اور مشرکین مکہ کو آپ کی آمد کا قرب معلوم ہو گیا تو مکہ چھوڑ کر اس کے پہاڑوں پر نفرت کی وجہ سے چلے گئے اور جبل قیقعان پر جا کر بیٹھ گئے اور یوں کہنے لگے سیأتیکم قوم وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ ایک قوم آرہی ہے جن کو یثرب کے بخار نے کمزور کر دیا ہے، یعنی بیٹھ جاؤ وہ طواف کریں گے تو ہم ہنسی مذاق کریں گے، رسول پاک ﷺ کو اس کا علم ہوا تو آپ نے اپنے صحابہ کو یہ حکم دیا کہ طواف کے سات اشواط میں سے پہلے تین اشواط میں رمل کریں یعنی ذرا تیز قدم، شانوں کو ہلاتے ہوئے چلیں، جیسے میدان جنگ میں مبالغہ کرنے والا چلتا ہے مگر شفقةً على الصحابہ یہ فرمادیا کہ جب تم ان کی آنکھوں سے مستور ہو جاؤ تو رمل کرنے کے بجائے آہستہ چلو۔

آیا رمل کا حکم باقی ہے یا منسوخ ہو گیا؟ حضرت ابن عباسؓ کی رائے یہ تھی کہ یہ ایک وقتی چیز تھی اور جب ان سے کہا گیا رَمَلَ النبی ﷺ تو فرمایا صدقوا و کذبوا سچ بھی کہتے ہیں اور غلط بھی کہتے ہیں، سچ تو بایں معنی کہ واقعۃً رمل کیا ہے اور غلط اس معنی کے لحاظ سے کہ رمل سنت دائمی نہیں بلکہ ایک وقتی چیز تھی۔

لیکن جمہور علماء نے حضرت ابن عباسؓ کی اس رائے کے ساتھ موافقت نہیں کی اس واسطے کہ جب حضور اکرم ﷺ حجۃ الوداع میں تشریف لائے تو آپ نے تین اشواط میں رمل فرمایا، حضرت ابن عمرؓ اور حضرت جابرؓ

Maktaba Tul Ishaat.com

کی حدیثوں میں مسلم شریف میں وارد ہے أن النبی ﷺ رمل من الحجر إلی الحجر حجر اسود سے لیکر حجر اسود تک آپ نے رمل فرمایا، معلوم ہوا کہ یہ حکم ان احکام کے قبیل سے نہیں ہے جو معلق بالعلت ہوتے ہیں اور ارتفاع علت کے وقت مرتفع ہو جاتے ہیں۔

رمل کا حکم کیا ہے؟ جمہور علماء کہتے ہیں کہ سنت ہے، حسن بصری، سفیان ثوری اور ابن ماجشون فرماتے ہیں کہ واجب ہے اور اگر کوئی چھوڑ دے تو دم واجب ہوگا، یہی امام مالک کا قول اول ہے، امام محمد نے بھی موطا میں وجوب کی تصریح کی ہے لیکن ہمارے فقہاء سنت ہی کی تصریح کرتے ہیں، غالباً انہوں نے امام محمد کے قول کو تاکد پر محمول کیا ہے اور وجوب سے مراد سنت مؤکدہ مراد لی ہے۔

ویسے رمل جمہور علماء کے نزدیک ہیأت میں سے ہے ارکان میں سے نہیں، لہٰذا اگر کوئی رمل چھوڑ دے تو اس کی وجہ سے اس پر کوئی چیز واجب نہیں ہوگی، ابھی میں بیان کر چکا ہوں کہ جمہور علماء کے نزدیک یہ سنت ہے، ہاں البتہ جو حضرات اس کو واجب کہتے ہیں ان کے یہاں اس کے ترک پر دم واجب ہوگا۔

آیا رمل مکمل اشواط ثلاثہ میں ہوگا یا صرف تین طرف رمل اور ایک طرف مشی؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ کعبہ کے چاروں اطراف میں پہلے تین اشواط میں رمل کیا جائے گا، عطاء وطاؤس فرماتے ہیں کہ صرف تین طرف ہوگا اور رکنین یمانیین کے درمیان مشی کی جائے گی جیسا کہ بخاری شریف کی حدیث میں وارد ہے أَمَرَهُمُ النَّبِيُّ ﷺ أَنْ يَرْمُلُوا الأَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ وَأَنْ يَمْشُوا مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ، جمہور کی دلیل حضرت ابن عمرؓ اور حضرت جابرؓ کی وہ حدیثیں ہیں جن کی طرف ابھی میں نے اشارہ کیا ہے أن النبی ﷺ رمل من الحجر إلی الحجر اور جس حدیث سے عطاء اور طاؤس نے استدلال کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اسکا تعلق عمرۂ قضاء سے ہے اور جابر وابن عمرؓ جو روایت نقل کرتے ہیں اسکا تعلق حجۃ الوداع سے ہے۔

رمل کس طواف میں کیا جائے گا؟ امام احمد، مالکیہ اور امام شافعی ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ صرف پہلے طواف طواف قدوم میں رمل کیا جائے گا، امام ابو حنیفہ اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ ہر اس طواف میں جس کے بعد سعی ہو، پھر اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ آیا مکی پر رمل ہے یا نہیں؟ حضرت ابن عباسؓ اور ابن عمرؓ کہتے تھے کہ نہیں ہے، یہی امام محمد کا مسلک ہے، ائمۂ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ جیسے آفاقی رمل کرے گا غیر آفاقی

Maktaba Tul Ishaat.com

بھی رمل کرے گا۔

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ: یہ حدیث اسی سند سے کتاب المغازی میں آرہی ہے۔

إِنَّهُ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ: یہ واقعہ عمرۃ القضاء کا ہے۔

وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ: یثرب کے بخار نے ان کو کمزور کر دیا ہے، یثرب کا بخار مشہور تھا لیکن حضور پاک ﷺ نے دعاء فرمائی تھی کہ وانقل حماها إلى الجحفة اس کا بخار جحفہ میں منتقل فرمادے، اس کے بعد پھر آپ نے خواب بھی دیکھا کہ ایک سیاہ فام عورت مدینہ سے نکلی اور مکہ چلی گئی۔

أَنْ يَرْمُلُوا الْأَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ: آپ نے فرمایا کہ تین اشواط میں رمل کریں اور رکنین کے درمیان مشی کریں، چنانچہ جب صحابہ نے رمل شروع کیا تو کفار آپس میں کہنے لگے کہ ان کے بارے میں ابھی تو تم یہ کہہ رہے تھے وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ حالانکہ هٰؤُلَاءِ أَجْلَدُ مِنْ كَذَا وَكَذَا ارے یہ تو فلاں فلاں سے زیادہ طاقتور معلوم ہوتے ہیں، دیکھو کیسے چلے جارہے ہیں۔

وَلَمْ يَمْنَعْهُ أَنْ يَأْمُرَهُمْ أَنْ يَرْمُلُوا الْأَشْوَاطَ كُلَّهَا إِلَّا الْإِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ: یہ گویا راوی نے ایک سوال کا جواب دیا ہے، سوال یہ ہے کہ حضور ﷺ نے مابین الرکنین مشی کا حکم کیوں دیا؟ اس کا جواب شفقۃ علی الصحابہ، وابقاء علی الصحابہ، یعنی صحابہ کے حال پر رحم کرتے ہوئے۔

(ص ٢١٨) بَابُ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ حِينَ يَقْدَمُ مَكَّةَ أَوَّلَ مَا يَطُوفُ وَيَرْمُلُ ثَلَاثًا

١٥٩٩. حَدَّثَنَا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ أَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ حِينَ يَقْدَمُ مَكَّةَ إِذَا اسْتَلَمَ الرُّكْنَ الْأَسْوَدَ أَوَّلَ مَا يَطُوفُ يَخُبُّ ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ مِنَ السَّبْعِ.

ترجمہ: باب، طواف کے شروع میں حجر اسود کو بوسہ دینے کا بیان جب مکہ مکرمہ آئے، اور اس بات کا بیان کہ رمل کرے گا تین چکروں میں۔

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے پیغمبر علیہ السلام کو دیکھا جب آپ مکہ مکرمہ آئے اور جس وقت کہ آپ نے طواف کے

Maktaba Tul Ishaat.com

شروع میں رکن اسود کا استلام کیا اس حال میں کہ آپ سات میں سے تین چکروں میں تیز گامی سے چل رہے تھے۔

تشریح: یعنی طوافِ قدوم میں استلام ورمل ہوگا، یہ تو میں بتاچکا کہ رمل کس طواف میں ہوگا؟

بخاری کہتے ہیں کہ طوافِ قدوم میں ہوگا اور اس کا حاصل وہی بنتا ہے جو مالکیہ اور شافعیہ کا مذہب ہے، اسلئے کہ وہ لوگ کہتے ہیں کہ یا تو طواف عمرہ میں رمل ہوگا یا طواف قدوم میں، اور طواف عمرہ بھی طواف قدوم ہی بن جاتا ہے اسلئے کہ آدمی جب عمرہ کی نیت سے مکہ میں داخل ہوتا ہے تو سب سے پہلے عمرہ کا طواف کرتا ہے۔

دوسرا مسئلہ امام بخاری نے یہ ذکر کیا ہے کہ حجر اسود کا استلام طواف قدوم کے ابتداء میں ہوگا۔

حجر اسود کا استلام طوافِ قدوم کے ابتداء میں تو بالاتفاق مسنون ہے لیکن پھر اس طواف کے سارے طوفات کی ابتداء میں اور اسی طرح باقی طوافوں میں استلام ہوگا یا نہیں؟

امام مالک نے مدونہ میں صرف طواف قدوم کے آغاز میں استلام ذکر کیا ہے اور طواف قدوم کے طوفات میں استلام کو ذکر نہیں کیا ہے، لیکن ائمۂ ثلاثہ اور ان کے متبعین کہتے ہیں کہ طواف قدوم کے آغاز میں بھی استلام ہوگا اور اس کے ہر شوط کے ابتداء میں بھی جس کو میں نے طوفہ سے تعبیر کیا ہے استلام کیا جائے گا، اور مالکیہ طوفات کے ابتداء میں استلام کو مندوب لکھتے ہیں، امام بخاری نے بَابُ اسْتِلَامِ الحَجَرِ الأَسْوَدِ حِينَ يَقْدَمُ مَكَّةَ أَوَّلَ مَا يَطُوفُ کہہ کر یہ بتادیا کہ وہ مالک کے ہم خیال ہیں یعنی طواف قدوم کے ابتداء میں طواف شروع کرنے کے وقت استلام ہوگا بس۔

استلام کی حقیقت کیا ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ یہ ماخوذ ہے سلام سے، چونکہ یہ استلام بیت اللہ کی سلامی ہے اس لئے اس کا یہ نام پڑ گیا، ابن قتیبہ کہتے ہیں کہ استلام میں سَلِمَہ پتھر کا قصد ہوتا ہے اس لئے اس کو استلام کہتے ہیں۔

استلام کا طریقہ: شافعیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ آدمی اپنا ہاتھ حجر اسود پر رکھ کر تقبیل کرے، حنفیہ کہتے ہیں کہ دونوں ہاتھ رکھ کر پھر تقبیل کرے، مالکیہ نے اس کی کوئی تصریح نہیں فرمائی ہے۔

اس ترجمہ میں طواف قدوم کا ذکر آیا ہے، حج میں تین طواف ہوتے ہیں، ایک طواف زیارت ہے جو دسویں تاریخ کو منیٰ سے واپسی پر ہوتا ہے یہ بالاتفاق فرض ہے، دوسرا طواف قدوم ہے جو مکہ میں داخل ہونے کے بعد

Maktaba Tul Ishaat.com

ہوتا ہے وہ ائمۂ ثلاثہ کے یہاں سنت اور مالکیہ کے یہاں واجب ہے، تیسرا طواف وداع ہے جو رخصتی مکہ کے وقت ہوتا ہے، یہ مالکیہ کے یہاں سنت اور ائمۂ ثلاثہ کے یہاں واجب ہے اس کے ترک پر دم واجب ہوگا۔

(ص ٢١٨) بَابُ الرَّمَلِ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

١٦٠٠. حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَعَى النَّبِيُّ ﷺ ثَلَاثَةَ أَشْوَاطٍ وَمَشَى أَرْبَعَةً فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ تَابَعَهُ اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ فَرْقَدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ.

١٦٠١. حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِلرُّكْنِ أَمَا وَاللَّهِ إِنِّي لَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ اسْتَلَمَكَ مَا اسْتَلَمْتُكَ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ قَالَ فَمَا لَنَا وَلِلرَّمَلِ إِنَّمَا كُنَّا رَاءَيْنَا بِهِ الْمُشْرِكِينَ وَقَدْ أَهْلَكَهُمُ اللَّهُ ثُمَّ قَالَ شَيْءٌ صَنَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَتْرُكَهُ.

١٦٠٢. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا تَرَكْتُ اسْتِلَامَ هَذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ فِي شِدَّةٍ وَلَا رَخَاءٍ مُنْذُ رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَسْتَلِمُهُمَا قُلْتُ لِنَافِعٍ أَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَمْشِي بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ؟ قَالَ إِنَّمَا كَانَ يَمْشِي لِيَكُونَ أَيْسَرَ لِاسْتِلَامِهِ.

ترجمہ: باب، حج اور عمرے میں رمل کا بیان۔

حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے جب سے پیغمبر علیہ السلام کو ان دونوں رکنوں (رکن اسود اور رکن یمانی) کا استلام کرتے ہوئے دیکھا ہے اس وقت سے ان کا استلام نہیں چھوڑا؛ نہ سختی میں اور نہ آسانی میں، عبید اللہ کہتے ہیں کہ میں نے نافع سے دریافت کیا کہ کیا ابن عمرؓ ان دونوں رکنوں کے درمیان (معمول کی رفتار سے) چلتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا کہ (ان دونوں رکنوں کے درمیان) وہ معمول کی رفتار سے چلتے تھے؛ تاکہ یہ آہستہ چلنا استلام میں آسانی کا سبب ہو۔

تشریح: امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ جیسے حج میں رمل مسنون اور مشروع ہے اسی طرح سے عمرہ میں بھی، یہ مسئلہ متفق علیہ مسائل میں سے ہے، البتہ ایک مسئلہ میں ماقبل میں بیان کر آیا تھا کہ آیا رمل ہر حاجی کے حق میں مشروع ہے چاہے وہ آفاقی ہو یا مکی، یا صرف آفاقی کے حق میں مشروع ہے اور مکی کے حق میں نہیں،

Maktaba Tul Ishaat.com

جمہور فرماتے ہیں کہ ہر حاجی کے حق میں ہے اور امام احمد فرماتے ہیں کہ مکی پر رمل نہیں ہے۔

ہمارے حضرت شیخ دامت برکاتہم ارشاد فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے اس اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے اور جمہور علماء کی تائید کی ہے، اسی لئے مصنف نے فرمایا الرَّمَلِ فِي الحَجِّ وَالعُمْرَةِ یہ نہیں کہا کہ غیر مکی پر ہے، یا یوں نہیں فرمایا کہ صرف آفاقی پر ہے۔

میرا خیال یہ ہے کہ امام بخاری نے بالذات تو پہلا ہی مسئلہ بیان کیا ہے یعنی حج اور عمرہ دونوں میں رمل ہوگا، باقی یہ مسئلہ جو حضرت شیخ دامت برکاتہم نے بیان فرمایا ہے یہ ترجمہ کے اشارہ سے مستفاد ہوتا ہے، اور یہ جو میں نے کہا کہ امام بخاری نے پہلا ہی مسئلہ بالذات ذکر کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ امام نے اس باب میں جو روایتیں ذکر فرمائی ہیں اس سے صرف رمل فی الحج والعمرۃ کا ثبوت ہوتا ہے، آفاقی اور مکی کی تعمیم ان کے کسی خاص لفظ سے مستفاد نہیں ہوتی ہے ہاں البتہ روایت کا اطلاق تعمیم کا مقتضی ہے۔

ایک مسئلہ: ابن منذر فرماتے ہیں کہ عورت پر بالاجماع رمل نہیں ہے۔

مَا تَرَكْتُ اسْتِلَامَ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ فِي شِدَّةٍ وَلَا رَخَاءٍ: ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ان دونوں رکنوں یعنی رکن حجر اور رکن یمانی کے استلام کو میں نے شدۃ ورخاء میں نہیں چھوڑا، شدۃ سے مراد ازدحام ہے اور رخاء یہ ہے کہ ازدحام نہ ہو، چنانچہ سعید بن منصور اور عبد الرزاق نے بطریق قاسم بن محمد روایت کیا ہے رَأَيْتُ عبد الله يَعْنِي ابنَ عُمَرَ يُزَاحِمُ عَلَى الْحَجَرِ حَتَّى يُدْمَى، یعنی رکن اسود پر تقبیل کی نیت سے مزاحمت کرتے تھے حتی کہ انکو نکسیر بہہ جاتی تھی، مصنف عبد الرزاق کی ایک روایت میں یہاں تک منقول ہے کہ ابن عمرؓ حجر اسود پر مزاحمت کرتے تھے حتى يرعف ثم يجيئ فيغسله یہاں تک کہ نکسیر پھوٹ جاتی تو آکر دھوتے تھے، لیکن حضرت ابن عباسؓ سے فاکہی نے تاریخ مکہ میں مزاحمت کی کراہت نقل کی ہے اور فرمایا لاتؤذی ولاتؤذی۔

(ص ۲۱۸) بَابُ اسْتِلَامِ الرُّكْنِ بِالْمِحْجَنِ

١٦٠٣. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَيَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ ﷺ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى بَعِيرٍ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ تَابَعَهُ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنِ ابْنِ أَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهِ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، چھڑی کے ذریعہ استلام کرنے کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے روایت بیان کی کہ پیغمبر علیہ السلام نے حجۃ الوداع میں ایک اونٹ پر طواف کیا اس حال میں کہ آپ ایک چھڑی سے استلام کر رہے تھے، یونس کی متابعت دراوردی نے کی ہے انہوں نے اس روایت کو زہری کے بھتیجے سے اور انہوں نے اپنے چچا سے سنا ہے۔

تشریح: یہ باب محجن سے رکن کے استلام کے بیان میں ہے، استلام کی حقیقت میں بیان کر چکا ہوں کہ یہ سَلام سے ماخوذ ہے اور استلام کہتے ہیں حجر اسود کو ہاتھ سے مسح کرنے کو، اس کو استلام اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ بیت کی سلامی ہے، ہر دربار میں ایک سلام ہوا کرتی ہے، چونکہ حاجی اور معتمر اللہ کے دربار میں حاضر ہوتا ہے لہٰذا اس کو اللہ کے دربار کی سلامی سکھلائی گئی اور وہ یہ ہے کہ حجر اسود کا استلام کیا جائے۔

امام بخاری یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ اگر محجن سے کوئی رکن کا استلام کرے تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے لیکن یہ اس وقت ہے جب بالفعل یا بالاستلام اس کی تقبیل دشوار ہو جائے۔

آگے فرماتے ہیں الرکن، رکن سے مراد یہاں رکن حجر ہے اور محجن وہ لکڑی کہلاتی ہے جس کا سر امڑا ہوا ہوتا ہے جس کو آج کل کی اصطلاح میں چھڑی سے تعبیر کیا جاتا ہے، شراح فرماتے ہیں کہ ایسی لکڑی ہوتی ہے جیسے صولجان ہوتا ہے، صولجان کہتے ہیں ہاکی کو۔

اصل یہ ہے کہ حجر اسود کی تقبیل کی جائے، اتنے میں تو ائمۂ اربعہ کا اتفاق ہے لیکن اس کے ساتھ آیا استلام بھی کیا جائے؟ ائمۂ ثلاثہ کہتے ہیں کہ ہاں! استلام کرے یعنی اس پر ہاتھ رکھا جائے، مالکیہ کی کتابوں دردیر اور دسوقی وغیرہ میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا ہے، اس لئے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے یہاں صرف تقبیل ہے استلام نہیں ہے۔

پھر استلام کے قائلین میں تھوڑا سا اختلاف ہے، شافعیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ دائیں ہاتھ کو حجر اسود پر رکھے، اور حنفیہ کہتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں کو حجر اسود پر رکھے، اور اگر تقبیل ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں حنفیہ، حنابلہ اور شافعیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ آدمی ہاتھ سے استلام کرے اور ہاتھ کی تقبیل کر لے، اور اگر یہ بھی ناممکن ہو تو کسی چیز لکڑی وغیرہ سے استلام کرے اور اس کی تقبیل کر لے۔

حضرات مالکیہ فرماتے ہیں کہ اگر ہاتھ یا کسی چیز سے استلام کیا ہے تو تقبیل نہیں کی جائے گی بلکہ اس کو اپنے

Maktaba Tul Ishaat.com

منھ پر رکھ دیا جائے گا، اور اگر استلام ناممکن ہو جائے تو پھر اس صورت میں مالکیہ کہتے ہیں کہ رکن کے مقابل میں تقبیل کی جائے گی۔

حضرات ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ ہاتھ یا کسی اور چیز سے اس کی طرف اشارہ کرے، پھر حنفیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ جس چیز سے اشارہ کیا ہو اس کی تقبیل کرے گا اور حنابلہ فرماتے ہیں کہ تقبیل نہیں کرے گا، یہ اختلاف یہاں پر ہم نے سہولت کے لئے بیان کر دیا ہے، اب اس کے بعد ابواب چلیں گے اور تم سمجھتے رہو گے کہ اس باب میں کیا مسئلہ ذکر کیا ہے۔

(ص ٢١٨) بَاب مَنْ لَمْ يَسْتَلِمْ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ

١٦٠٤. وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ أَبِي الشَّعْثَاءِ أَنَّهُ قَالَ وَمَنْ يَتَّقِي شَيْئًا مِنَ الْبَيْتِ؟ وَكَانَ مُعَاوِيَةُ يَسْتَلِمُ الْأَرْكَانَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ إِنَّهُ لَا نَسْتَلِمُ هَذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ فَقَالَ لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْبَيْتِ بِمَهْجُورٍ وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَسْتَلِمُهُنَّ كُلَّهُنَّ.

١٦٠٥. حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمْ أَرَ النَّبِيَّ ﷺ يَسْتَلِمُ مِنَ الْبَيْتِ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو دونوں یمانی رکنوں کے علاوہ کسی اور رکن کا استلام نہ کرے۔

ابو شعثاء کہتے ہیں کہ بیت اللہ کے کسی حصہ سے پہلو تہی کون کرے گا؟ حضرت معاویہؓ جملہ ارکان کا استلام کرتے تھے، حضرت ابن عباسؓ نے ان سے کہا کہ ہم ان دونوں رکنوں کا استلام نہیں کرتے، امیر معاویہؓ نے جواب دیا کہ بیت اللہ کا کوئی حصہ متروک نہیں ہے، حضرت ابن زبیرؓ بھی سب ارکان کا استلام کرتے تھے۔

تشریح: آیا کعبہ کے چاروں ارکان کا استلام ہو گا یا صرف رکنین یمانیین کا استلام ہو گا؟

رکنین یمانیین: ایک تو رکن حجر ہے اور دوسرا رکن یمانی ہے، ان دونوں کو رکن یمانی اس لئے کہتے ہیں کہ یہ یمن کی جانب میں واقع ہیں، اصل میں کعبہ کے چار ارکان ہیں دو جانبِ شمال میں اور دو جانبِ جنوب میں، جو دونوں جانبِ شمال میں ہیں ان کو شامیین کہتے ہیں کیوں کہ وہ شام کی طرف واقع ہیں اور جو جنوب کی طرف واقع ہیں ان کو یمانیین کہا جاتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت امیر معاویہؓ کی رائے یہ تھی کہ بیت اللہ کے چاروں ارکان کی تقبیل کی جائے گی اور اس میں ان کی موافقت حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ سے بھی منقول ہے، اب بہت ممکن ہے کہ وہ بھی معاویہؓ کے ہم مسلک ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ انہوں نے اس زمانہ میں یہ قول اختیار کیا ہو جب انہوں نے کعبہ کو بناء ابراہیمی کے مطابق تعمیر کروا دیا تھا، اسی طرح کعبہ کے چاروں ارکان کی تقبیل کا قول حضرت انس بن مالک، حضرت جابر اور حضرات حسنین رضی اللہ عنہم سے بھی نقل کیا گیا ہے۔

امیر معاویہؓ نے اپنے قول کی دلیل یہ پیش کی ہے لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْبَيْتِ مَهْجُورًا، امام شافعی نے اس کا یہ جواب دیا کہ ہم جو رکنین شامیین کا استلام نہیں کرتے ہیں وہ اس وجہ سے نہیں کہ ہم اس کو ترک کرتے ہیں بلکہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل وترک میں اتباع کرتے ہیں، جن ارکان کا آپ نے استلام کیا ہے اس کا ہم بھی استلام کرتے ہیں اور جن کا استلام نہیں کیا ہے اس کا ہم بھی نہیں کرتے ہیں، اور بھلا ہم بیت اللہ کا ہجر کہاں کر سکتے ہیں ہم تو اس کا طواف کرتے ہیں، حضرت ابن زبیرؓ کا فعل محتمل ہے اور حضرت معاویہؓ کی دلیل مرجوح ہے۔

جمہور علماء کی رائے یہ ہے کہ رکنین یمانیین کا استلام ہو گا اس لئے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف انہی دونوں ارکان کا استلام نقل کیا گیا ہے اور امام بخاری نے اسی کو ثابت کیا ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف رکنین یمانیین کا جو استلام کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حقیقۃً یہی ارکان ہیں، اور باقی جو رکنین شامیین ہیں وہ تو دیوار کا وسط ہے ورنہ جانب شمال کے دونوں ارکان حطیم میں کسی جگہ پر ہوں گے۔

(ص ٢١٨) بَابُ تَقْبِيلِ الْحَجَرِ

١٦٠٦. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا وَرْقَاءُ أَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَقَالَ لَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم قَبَّلَكَ مَا قَبَّلْتُكَ.

١٦٠٧. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ عَنِ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ فَقَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ قَالَ قُلْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ زُحِمْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ غُلِبْتُ قَالَ اجْعَلْ أَرَأَيْتَ بِالْيَمَنِ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ.

وقال محمد بن يوسف الفربري: وجدت في كتاب أبي جعفر قال أبو عبدالله: الزبير بن عدي كوفي

Maktaba Tul Ishaat.com

والزبير بن عَرَبِي بصري.

ترجمہ: باب، حجر اسود کو بوسہ دینے کا بیان۔

زبیر بن عربی کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابن عمرؓ سے حجر اسود کو بوسہ دینے کے بارے میں پوچھا تو آپ نے جواب دیا کہ میں نے پیغمبر ﷺ کو اس کا استلام اور اس کی تقبیل کرتے ہوئے دیکھا ہے، راوی کہتا ہے کہ میں نے کہا کہ اگر میں ہجوم میں گھر جاؤں تو کیا کروں؟ اگر میں عاجز ہو جاؤں تو کیا کروں؟ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ أرأيتَ (یعنی اپنی اگر مگر) کو یمن میں رکھو؛ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس کا استلام کرتے ہوئے اور اس کی تقبیل کرتے ہوئے دیکھا ہے، محمد بن یوسف فربری نے کہا کہ میں نے ابو جعفر کی کتاب میں دیکھا کہ امام بخاری نے کہا کہ زبیر بن عدی کوفی ہیں اور زبیر بن عربی بصری ہیں۔

تشریح: امام بخاری کا مقصود واضح ہے یعنی حجر اسود کی تقبیل کرنا چاہئے، اصل یہی ہے جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے، پھر حضرات حنفیہ وشافعیہ فرماتے ہیں کہ تقبیل میں آواز ظاہر نہ ہونے پائے اور مالکیہ اپنے اصح قول پر فرماتے ہیں کہ آواز کا ظہور جائز ہے اور ایک قول یہ ہے کہ مکروہ ہے۔

لَوْ لَا أَنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَبَّلَكَ مَا قَبَّلْتُكَ: اگر حضور ﷺ کو تمہیں تقبیل کرتے ہوئے نہ دیکھتا تو تیری تقبیل نہ کرتا، یہ روایت ما قبل باب ما ذكر فى الحجر الأسود میں گزر چکی ہے اور میں اس پر تفصیلی کلام کر چکا ہوں۔

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ: اس حدیث کے راوی زبیر بن عَرَبی (راء مفتوحہ کے ساتھ) ہیں زبیر بن عدی نہیں ہے، ابو محمد اصیلی کی روایت میں یہاں زبیر بن عدی واقع ہوا ہے، حافظ ابو علی جیانی فرماتے ہیں کہ یہ وہم ہے۔

أَرَأَيْتَ إِنْ زُحِمْتُ: یعنی جب حضرت ابن عمرؓ نے تقبیل حجر کا مسئلہ بیان کیا تو اس پر شاگرد رشید زبیر بن عربی نے یہ کہا أَرَأَيْتَ إِنْ زُحِمْتُ، أَرَأَيْتَ إِنْ غُلِبْتُ یہ تو بتائیے کہ اگر ازدحام ہو تو کیا کروں؟ اگر میں مغلوب ہو جاؤں نہ پہنچ پاؤں تو کیا کروں؟ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا اجْعَلْ أَرَأَيْتَ بِالْيَمَنِ یعنی اپنی أرأيت کو یمن میں رکھ کر آجاؤ، معلوم ہوتا ہے کہ سائل وہیں تھا، یہ ایسا ہی ہے جیسے کہتے ہیں کہ یہ بات اپنے گھر رکھ کر آئیے ایسے ہی یہاں پر انہوں نے کہا تھا، فرمایا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ میں نے حضور کو اس کا استلام اور تقبیل کرتے ہوئے دیکھا ہے یعنی آنحضور نے کیا ہے لہذا اس کے کرنے کی آدمی کو کوشش کرنی چاہئے، ازدحام اس کو تھوڑے روک سکتا ہے؟

Maktaba Tul Ishaat.com

وقال محمد بن يوسف الفربري إلخ: محمد بن یوسف فربری؛ بخاری کے تلمیذ ہیں، اور ابو جعفر بن ابی حاتم وراق بخاری ہیں، فربری یوں کہتے ہیں کہ ابو جعفر وراق بخاری کی کتاب میں آگے ایک عبارت ہے اور وہ یہ ہے قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ يَعْنِي الْبُخَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ عَرَبِيٍّ هٰذَا بَصْرِيٌّ وَالزُّبَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ كُوفِيٌّ یعنی زبیر بن عدی اور زبیر بن عربی میں ایک فرق یہ ہے کہ پہلے کے باپ عدی ہیں دال سے اور دوسرے کے باپ عربی ہیں راء سے، دوسرا فرق یہ ہے کہ پہلے کوفی ہیں یعنی ابن عدی اور دوسرے بصری ہیں یعنی ابن عربی۔

(ص ٢١٩) بَابُ مَنْ أَشَارَ إِلَى الرُّكْنِ إِذَا أَتَى عَلَيْهِ

١٦٠٨. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ ﷺ بِالْبَيْتِ عَلَى بَعِيرٍ كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ أَشَارَ إِلَيْهِ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو کہ حجر اسود کے پاس آتے وقت اس کی طرف اشارہ کرے۔

تشریح: اصل تو جیسا کہ میں نے بتلایا کہ حجر اسود کی تقبیل کی جائے گی اور اس کا استلام، لیکن اگر تقبیل اور استلام پر قدرت نہ ہو تو پھر صرف استلام پر اکتفاء کرے اور استلام بالید کرے، اور اگر اس پر بھی قدرت نہ ہو تو استلام بالمحجن یا اور کسی چیز کے ذریعہ استلام کرے، اور اگر اس پر بھی قدرت نہ ہو تو پھر آگے کا درجہ یہ ہے کہ اس کی طرف اشارہ کرے چاہے ہاتھ یا محجن کے ذریعہ سے کرے، لیکن ہر طوفہ میں تقبیل کرے گا یا نہیں؟ حنفیہ اور شافعیہ کہتے ہیں کہ تقبیل کرے گا اور حضرات حنابلہ فرماتے ہیں کہ تقبیل نہیں کرے گا اور مالکیہ کہتے ہیں کہ صرف تکبیر کہے گا۔

(ص ٢١٩) بَابُ التَّكْبِيرِ عِنْدَ الرُّكْنِ

١٦٠٩. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ ﷺ بِالْبَيْتِ عَلَى بَعِيرٍ كُلَّمَا أَتَى الرُّكْنَ أَشَارَ إِلَيْهِ بِشَيْءٍ كَانَ عِنْدَهُ وَكَبَّرَ تَابَعَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ.

ترجمہ: باب، رکن اسود کے پاس تکبیر کہنے کا بیان۔

Maktaba Tul Ishaat.com

ابراہیم بن طہمان نے خالد حذاء سے اس روایت کو نقل کرنے میں خالد بن عبداللہ کی متابعت کی ہے۔

تشریح: یعنی رکن کے پاس آدمی جب پہونچے تو تکبیر کہے گا، امام بخاری کی رائے یہ معلوم ہوتی ہے کہ اشارہ بھی کرے گا اور تکبیر بھی کہے گا۔

(ص ۲۱۹) بَاب مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا

١٦١٠. حَدَّثَنَا أَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ذَكَرْتُ لِعُرْوَةَ قَالَ فَأَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِينَ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ أَنَّهُ تَوَضَّأَ ثُمَّ طَافَ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ مِثْلَهُ ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِي الزُّبَيْرِ فَأَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ يَفْعَلُونَهُ وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا أَهَلَّتْ هِيَ وَأُخْتُهَا وَالزُّبَيْرُ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ بِعُمْرَةٍ فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا.

١٦١١. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ أَنَسٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ كَانَ إِذَا طَافَ فِي الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ أَوَّلَ مَا يَقْدَمُ سَعَى ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ وَمَشَى أَرْبَعَةً ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ يَطُوفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.

١٦١٢. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ الطَّوَافَ الْأَوَّلَ يَخُبُّ ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ وَيَمْشِي أَرْبَعَةً وَأَنَّهُ كَانَ يَسْعَى بَطْنَ الْمَسِيلِ إِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو مکہ مکرمہ حاضر ہونے پر اپنے گھر لوٹنے سے پہلے بیت اللہ کا طواف کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اور اس کے بعد صفا کی طرف جائے۔

محمد بن عبد الرحمن نے بیان کیا کہ میں نے (عراقی شخص کا سوال) حضرت عروہ کے سامنے ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ مجھے حضرت عائشہؓ نے خبر دی کہ جب پیغمبر ﷺ مکہ مکرمہ آئے تو پہلی چیز جس سے آپ نے آغاز کیا یہ تھی کہ آپ نے وضو فرمایا پھر طواف کیا مگر (اتنے عمل سے) عمرہ مکمل نہیں ہوا، حضرت عروہ کہتے ہیں کہ پھر حضرت ابو بکرؓ و عمرؓ نے بھی اسی طرح حج کیا پھر میں نے اپنے والد حضرت زبیرؓ کے ساتھ حج کیا تو پہلی چیز جس سے آپ نے آغاز کیا طواف تھی پھر میں نے مہاجرین و انصار کو ایسا ہی کرتے ہوئے دیکھا، نیز میری والدہ نے خبر دی کہ انہوں نے، ان کی بہن نے، حضرت زبیرؓ نے اور فلاں فلاں نے عمرہ کا

Maktaba Tul Ishaat.com

احرام باندھا اور جب انہوں نے رکن کو مس کیا (یعنی طواف اور سعی سے فارغ ہو گئے) تو حلال ہوئے۔

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ پیغمبر ﷺ حج یا عمرے میں جب مکہ مکرمہ آنے کے بعد سب سے پہلے طواف فرماتے تو تین شوط میں تیز گامی سے چلتے اور چار شوط میں معمول کی رفتار سے پھر دو رکعت ادا فرماتے اور پھر صفا اور مروہ کی سعی فرماتے۔

حضرت ابن عمرؓ نے روایت بیان کی کہ نبی کریم ﷺ جب بیت اللہ کا پہلا طواف فرماتے تو تین شوط میں تیز چلتے اور چار میں معمول کی رفتار سے، نیز آپ علیہ الصلاۃ والسلام صفا اور مروہ کی سعی کرتے ہوئے نالے کے نشیب میں دوڑ کر چلتے تھے۔

تشریح: اگر کوئی شخص مکہ آئے تو گھر لوٹنے سے پہلے دو رکعت پڑھے پھر صفا پر سعی کے لئے جائے۔

امام بخاری نے اس ترجمہ سے ایک خاص اختلافی مسئلہ ذکر کیا ہے اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر آئے تو طواف کے بعد سعی بھی کرے گا یا صرف طواف ہی سے حلال ہو جائے گا؟

جمہور علماء فرماتے ہیں کہ پہلے طواف کرے پھر سعی پھر حلق یا قصر کرا کر حلال ہو گا اس سے پہلے حلال نہیں ہو سکتا، ابن عباسؓ اور ان کے اتباع میں اسحاق بن راہویہ کہتے تھے کہ جو بھی بیت اللہ کا طواف کرے گا حلال ہو جائے گا، امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے جمہور کی تائید کی اور مسلکِ ثانی کے قائلین پر رد کیا ہے۔

قَبلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ: اس قید کے متعلق شارحین نے کوئی گفتگو نہیں کی ہے، بظاہر امام بخاری نے اس کو بڑھا کر یہ اشارہ کیا ہے کہ اگر آدمی نے احرام باندھ لیا تو محض طواف بیت سے حلال نہ ہو گا کہ وطن واپس ہو جانا سعی سے پہلے جائز ہو جائے بلکہ بیت اللہ کا طواف کر کے صفا و مروہ کی سعی کرے پھر حلال ہو گا۔

ذَكَرْتُ لِعُرْوَةَ: محمد بن عبد الرحمن نے عروہ سے کیا بات ذکر کی امام بخاری نے اس کو حذف کر دیا، یہی روایت ص ۲۲۲ پر آئے گی وہاں ہے أنه سئل عروة بن الزبير کیا سوال کیا؟ وہاں بھی امام بخاری نے ذکر نہیں کیا ہے حذف سے کام لیا ہے، امام مسلم نے وہ سوال ذکر کیا ہے حاصل اس کا یہ ہے کہ ایک عراقی نے محمد عبد الرحمن سے جن کی کنیت ابو الاسود ہے یہ کہا کہ میرے لئے عروہ سے یہ مسئلہ معلوم کرو کہ ایک آدمی حج احرام باندھ کر آتا ہے تو کیا طواف کے بعد حلال ہو جائے گا؟ اگر وہ کہتے ہیں کہ حلال نہیں ہو گا تو یہ کہہ دینا کہ یہ آدمی کہہ رہا تھا کہ حلال ہو جائے گا، ابو الاسود نے عروہ سے مسئلہ پوچھا انہوں نے کہا لَا يَحِلُّ مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ إِلَّا بِالْحَجِّ، ابو الاسود نے کہا کہ ایک آدمی تو کہتا ہے، عروہ نے جواب دیا بِئْسَ مَا قَالَ۔

اس آدمی کی پھر ابو الاسود سے ملاقات ہوئی اور وہ مسئلہ معلوم کیا انہوں نے عروہ کا جواب نقل کر دیا تو اس

Maktaba Tul Ishaat.com

آدمی نے یہ کہا کہ عروہ سے کہو کہ ایک آدمی کہتا ہے کہ حضور ﷺ نے کیا، اسماء وزبیر نے کیا ہے، ابوالاسود نے آکر پھر عروہ سے ساری بات کہی، عروہ نے فرمایا یہ ہے کون؟ ابوالاسود نے کہا کہ مجھ کو معلوم نہیں، عروہ کہنے لگے کہ کیا بات ہے وہ مجھ سے آکر خود کیوں نہیں پوچھتا ہے؟ میرا خیال ہے کہ کوئی عراقی ہے، ابوالاسود نے کہا مجھ کو نہیں معلوم، عروہ فرمانے لگے یہ غلط کہتا ہے قَدْ حَجَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ یہ ہے پورا سوال۔

اس حدیث سے ابن عباسؓ اور ان کے بعض موافقین اسحاق کی تردید ہوگئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت نبی اکرم ﷺ نہیں حلال ہوئے اور نہ ازواج مطہرات اور نہ جو لوگ قارن تھے، کوئی حلال نہیں ہوا۔

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً: کا مطلب یہ ہے کہ طواف کرنے کے بعد احرام کھل کر عمرہ نہیں بن گیا۔

ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ مِثْلَهُ: یعنی ابوبکرؓ وعمرؓ نے بھی حج کیا تو ان کا احرام کھل کے عمرہ نہیں بنا۔

ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِي؛ الزُّبَيْرِ: اسی طرح اکثر نسخ میں ہے، الزبیر مجرور ہے أبی سے بدل ہے اور یہی صواب ہے، کشمیہنی کے نسخہ میں مع ابن الزبیر واقع ہوگیا ہے، قاضی عیاض کہتے ہیں کہ یہ تصحیف ہے۔

فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا: عروہ سے مسئلہ پوچھا گیا تھا احرام بالحج کا تو انہوں نے اس کے ساتھ احرام بالعمرہ کا مسئلہ جوڑ دیا یہ بتانے کے لئے کہ محرم بالحج توجہ کرکے ہی حلال ہوگا، اور جو محرم بالعمرہ ہوگا وہ اعمال عمرہ کے بعد حلال ہو جائے گا۔

فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا، رکن سے مراد حجر اسود ہے، اس پر اشکال یہ ہے کہ اس حدیث کا ظاہر یہ چاہتا ہے کہ طواف سے پہلے لوگ حلال ہو جائیں اور بعض شراح نے بعض غیر معین علماء کا یہ قول بھی نقل کیا ہے لیکن جمہور علماء اس کے قائل نہیں اور نہ ہی وہ ابن عباسؓ اور اسحاق بن راہویہ کے مسلک کے قائل ہیں۔

جو کہتے ہیں کہ طواف کرکے حلال ہوگا وہ یہ کہتے ہیں کہ جو آدمی احرام باندھ کر آئے گا وہ طواف اور سعی کے بعد حلال ہوگا اگر عمرہ کا احرام ہے، اور اگر عمرہ کا احرام نہیں ہے توجہ کرکے حلال ہوگا اگر فسخ نہیں کرنا چاہتا مفرد ہونے کی صورت میں یا قارن ہو۔

سوال یہ ہے کہ روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسح رکن پر آدمی حلال ہو جائے گا، لوگ حلال ہوگئے تھے، علامہ کرمانی نے اس کا جواب یہ دیا کہ یہاں مسح رکن سے مراد رکن مروہ ہے، اس پر یہ اشکال ہے کہ ابواب عمرہ میں یہ حدیث آرہی ہے اس میں ہے فلما مسحنا البیت حللنا جب ہم نے بیت اللہ کا مسح کیا تو حلال ہوگئے،

Maktaba Tul Ishaat.com

اس لئے علامہ نووی فرماتے ہیں حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب لوگوں نے رکن کا مسح کیا طواف کیا سعی کی اس کے بعد حلال ہوگئے یہی توجیہ اکثر علماء کے یہاں مشہور ہے، علامہ کرمانی فرماتے ہیں کہ مسح رکن کنایہ ہے طواف سے اور سعی وحلق رکن نہیں، بعض علماء کے نزدیک حافظ ابن حجر اسی توجیہ کی طرف مائل ہیں، اس پر یہ اشکال ہے کہ پھر امام بخاری نے جو ابن عباسؓ پر رد کیا ہے وہ رد تو ہوا نہیں، ابن عباسؓ بھی یہی کہتے ہیں کہ طواف کر کے حاجی حلال ہو جائے گا اور یہی کرمانی روایت کا مطلب بتاتے ہیں اس لئے یہاں پر امام نووی کی توجیہ بظاہر وجیہ ہونا چاہئے اور یہی کہنا پڑے گا کہ روایت میں اختصار ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

(ص ۲۱۹) بَاب طَوَافِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ

١٦١٣. وقَالَ لِي عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنَا قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ إِذْ مَنَعَ ابْنُ هِشَامٍ النِّسَاءَ الطَّوَافَ مَعَ الرِّجَالِ قَالَ كَيْفَ تَمْنَعُهُنَّ؟ وَقَدْ طَافَ نِسَاءُ النَّبِيِّ ﷺ مَعَ الرِّجَالِ؟ قُلْتُ بَعْدَ الحِجَابِ أَوْ قَبْلُ؟ قَالَ إِي لَعَمْرِي لَقَدْ أَدْرَكْتُهُ بَعْدَ الحِجَابِ قُلْتُ كَيْفَ يُخَالِطْنَ الرِّجَالَ؟ قَالَ لَمْ يَكُنَّ يُخَالِطْنَ، كَانَتْ عَائِشَةُ تَطُوفُ حَجْرَةً مِنَ الرِّجَالِ لَا تُخَالِطُهُمْ فَقَالَتْ امْرَأَةٌ انْطَلِقِي نَسْتَلِمْ يَا أُمَّ المُؤْمِنِينَ قَالَتْ انْطَلِقِي عَنْكِ وَأَبَتْ يَخْرُجْنَ مُتَنَكِّرَاتٍ بِاللَّيْلِ فَيَطُفْنَ مَعَ الرِّجَالِ وَلَكِنَّهُنَّ كُنَّ إِذَا دَخَلْنَ البَيْتَ قُمْنَ حِينَ يَدْخُلْنَ وَأُخرِجَ الرِّجَالُ وَكُنْتُ آتِي عَائِشَةَ أَنَا وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهِيَ مُجَاوِرَةٌ فِي جَوْفِ ثَبِيرٍ قُلْتُ وَمَا حِجَابُهَا؟ قَالَ هِيَ فِي قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ لَهَا غِشَاءٌ وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَهَا غَيْرُ ذَلِكَ وَرَأَيْتُ عَلَيْهَا دِرْعًا مُوَرَّدًا.

١٦١٤. حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَنِّي أَشْتَكِي فَقَالَ طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ وَرَسُولُ اللَّهِ ﷺ حِينَئِذٍ يُصَلِّي إِلَى جَنْبِ البَيْتِ وَهُوَ يَقْرَأُ وَالطُّورِ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ.

ترجمہ: باب، مردوں کے ساتھ عورتوں کے طواف کرنے کا بیان۔

ابن جریج کہتے ہیں کہ جب ابن ہشام نے عورتوں کو مردوں کے ساتھ طواف کرنے سے منع کیا تو مجھ سے حضرت عطاء نے

Maktaba Tul Ishaat.com

بیان کیا کہ وہ ان کو کیسے منع کر سکتا ہے جب کہ پیغمبر علیہ السلام کی ازواج نے مردوں کے ساتھ طواف کیا ہے؟ میں نے کہا کہ حجاب کے بعد یا حجاب سے پہلے؟ فرمایا کہ میری عمر کی قسم میں نے اس (طواف) کو حجاب کے بعد ہی دیکھا ہے، میں نے کہا کہ ازواج مطہرات مردوں کے ساتھ اختلاط کیسے کرتی تھیں؟ فرمایا کہ وہ اختلاط نہیں کرتی تھیں، حضرت عائشہؓ مردوں سے الگ ایک کونہ میں طواف کرتی تھیں ان سے اختلاط نہیں کرتی تھیں، ایک عورت نے ان سے کہا کہ ام المؤمنین! چلو حجر اسود کا استلام کریں، انہوں نے جواب دیا کہ تم جاؤ اور خود جانے سے انکار کر دیا، فرماتے ہیں کہ عورتیں رات کے وقت نکلتی تھیں اس طرح کہ پہچانی نہ جائیں اور مردوں کے ساتھ طواف کرتی تھیں لیکن جب وہ بیت اللہ میں داخل ہونا چاہتیں تو کھڑی ہو جاتیں یہاں تک کہ جب مردوں کو نکال دیا جاتا تب داخل ہوتیں، فرماتے ہیں کہ میں اور عبید بن عمیر حضرت عائشہؓ کے پاس حاضر ہوتے تھے جب کہ وہ ثبیر پہاڑ پر ٹھہری ہوئی تھیں، میں نے پوچھا کہ ان کا پردہ کیا تھا؟ تو فرمایا کہ وہ ایک ترکی قبہ میں تھیں جس پر ایک پردہ تھا ہمارے اور ان کے درمیان اس کے سوا کچھ نہ تھا نیز میں نے ان کے اوپر ایک گلابی قمیص دیکھی ہے۔

دوسری روایت کا ترجمہ باب إدخال البعير في المسجد للعلة میں گزر چکا۔

تشریح: عورتیں مردوں کے ساتھ طواف کریں یا منفرداً طواف کریں، اور اگر مردوں کے ساتھ طواف کریں تو مخلوط ہو کر کریں یا ایک طرف الگ ہو کر کریں؟

حضرت امام نے اس باب میں جو روایت ذکر کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرد اور عورت ایک ساتھ طواف کر سکتے ہیں البتہ عورتیں ایک طرف کو کریں گی اور مرد ایک جانب کو کریں گے۔

حضرت عمرؓ نے مردوں اور عورتوں کو ایک ساتھ طواف کرنے سے روک دیا تھا، انکے بعد خالد بن عبد اللہ القسری نے روکا پھر ابن ہشام نے روکا، امام بخاری اس باب سے انہی روکنے والوں کی تردید کرنا چاہتے ہیں۔

حضرت عمرؓ کا روکنا بظاہر بربناءِ مصلحت ہو سکتا ہے، اور ممکن ہے کہ ان کو حضرت عائشہؓ کی حدیث نہ پہونچی ہو یا اگر پہونچی ہو اور واقع میں انہوں نے مرد اور عورتوں کو ایک ساتھ طواف کرتے ہوئے دیکھا ہو تو پھر یہ کہا جا سکتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے ممکن ہے حضور کے فعل کو اُس زمانہ کے لوگوں پر محمول کیا ہو اور اپنے زمانہ میں انہوں نے یہی مناسب سمجھا ہو کہ مرد اور عورتیں ایک ساتھ طواف نہ کریں۔

إِذْ مَنَعَ ابْنُ هِشَامٍ: ابن ہشام سے مراد ابراہیم بن ہشام ہے جو ہشام بن عبد الملک مروانی خلیفہ کا ماموں اور اس کی طرف سے مکہ کا گورنر تھا، جب اس نے روکا تو عطاء نے فرمایا کَيْفَ تَمْنَعُهُنَّ؟ تم کیسے روک سکتے ہو حالانکہ ازواج مطہرات نے مردوں کے ساتھ طواف کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

قُلْتُ: أَبَعْدَ الحِجَابِ أَوْ قَبْلُ؟ سائل ابن جریج نے عطاء سے پوچھا کہ یہ قصہ حجاب سے پہلے کا ہے یا حجاب کے بعد کا؟ اس پر عطاء نے فرمایا کہ یہ تو حجاب کے بعد کا قصہ ہے یعنی یہ سارا قصہ اور عورتوں کا مردوں کے ساتھ طواف کرنا یہ حجاب کے بعد ہی کا ہے۔

قُلْتُ: كَيْفَ يُخَالِطْنَ الرِّجَالَ؟ ابن جریج نے کہا کہ آیا عورتیں مردوں کے ساتھ مخلوط ہو کر کیسے طواف کرتی تھیں؟ عطاء نے فرمایا کہ عورتیں مردوں کے ساتھ مخلوط نہیں ہوتی تھیں بلکہ عورتیں ایک طرف کو مردوں سے ہٹ کر طواف کرتی تھیں۔

كَانَتْ عَائِشَةُ تَطُوفُ حَجْرَةً مِنَ الرِّجَالِ: حضرت عائشہؓ طواف کرتی تھیں حجرة أی ناحية من الرجال مردوں سے ایک جانب میں، **لَاتُخَالِطُهُمْ** ان کے ساتھ مل کر طواف نہیں کرتی تھیں۔

فَقَالَتْ امْرَأَةٌ: انْطَلِقِي نَسْتَلِمْ يَا أُمَّ المُؤْمِنِينَ: ایک عورت نے کہا، شارحین نے لکھا ہے کہ اس کا نام ذقرہ تھا، کہنے لگی کہ چلیے ام المؤمنین! ہم ذرا حجر اسود کا استلام کرلیں، فرمانے لگیں **انْطَلِقِي عَنْكِ** أی انطلقی عن جهة نفسک اپنی طرف سے جاؤ، تنہا جاؤ۔ **وَأَبَتْ:** اور حضرت عائشہؓ نے جانے سے انکار کر دیا۔

يَخْرُجْنَ مُتَنَكِّرَاتٍ بِاللَّيْلِ: یہ مقولہ ہے عطاء کا، عطاء فرماتے ہیں کہ عورتیں رات میں نکلیں گی اور مردوں کے ساتھ طواف کریں گی **وَلٰكِنَّهُنَّ كُنَّ إِذَا دَخَلْنَ البَيْتَ قُمْنَ حَتَّى يَدْخُلْنَ وَأُخْرِجَ الرِّجَالُ** البتہ جب بیت اللہ میں عورتوں کا داخلہ ہوتا تو مرد باہر نکال دیئے جاتے اس کے بعد پھر عورتیں داخل ہوتی تھیں۔

وَكُنْتُ آتِي عَائِشَةَ أَنَا وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ: عطاء کہتے ہیں کہ میں اور عبید بن عمیر حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور یہ کوہ ثبیر کے دامن میں مقیم تھیں، ابن جریج فرماتے ہیں میں نے پوچھا کہ ان کا حجاب کیا تھا؟ فرمایا کہ ایک ترکی قبہ میں قیام پذیر تھیں **لَهَا غِشَاءٌ** اس پر ایک پردہ پڑا ہوا تھا ہمارے اور ان کے درمیان وہی ایک پردہ حائل ہوتا تھا۔

وَرَأَيْتُ عَلَيْهَا دِرْعًا مُوَرَّدًا: عطاء نے ان کو گلابی رنگ کی قمیص پہنے ہوئے جو دیکھا ہے اس کی دو وجہیں ہو سکتی ہیں، یا تو وہ اس وقت نو عمر رہے ہوں یا اتفاق نظر پڑ گئی ہو، پہلا ہی احتمال ارجح ہے، مصنف عبد الرزاق میں یہی روایت ہے اس میں یہ تصریح وارد ہے رأيت عليها درعا معصفرا وأنا صبی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢١٩) بَابُ الْكَلَامِ فِي الطَّوَافِ

١٦١٥. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا هِشَامٌ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ الْأَحْوَلُ أَنَّ طَاوُسًا أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ مَرَّ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ بِإِنْسَانٍ رَبَطَ يَدَهُ إِلَى إِنْسَانٍ بِسَيْرٍ أَوْ بِخَيْطٍ أَوْ بِشَيْءٍ غَيْرِ ذَلِكَ فَقَطَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ قُدْهُ بِيَدِهِ.

ترجمہ: باب، طواف میں گفتگو کرنے کا کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے ایک شخص کے پاس سے گزرے جس نے اپنے ہاتھ کو ایک دوسرے شخص سے ایک تسمہ یا رسی یا کسی اور چیز کے ذریعہ باندھ رکھا تھا، تو آپ ﷺ نے اسے اپنے دست مبارک سے کاٹ دیا اور پھر فرمایا کہ اس کو اپنے ہاتھ سے لے چلو۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ طواف کے اندر کلام کرنا جائز ہے، بعض علماء مکروہ کہتے ہیں، امام مالک سے منقول ہے کہ طواف واجب میں کلام مکروہ ہے، جمہور علماء بلاضرورت کلام کو ناپسند کرتے ہیں اور اگر ضرورت پیش آجائے تو کوئی حرج بھی نہیں ہے، غالباً ابن ابی شیبہ نے نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ عبد اللہ بن عمرؓ طواف کر رہے تھے، عروہ نے ان سے سودہ بنت عبد اللہ بن عمر کا خطبہ کیا تو ابن عمرؓ بولے تک نہیں، پھر جب مدینہ آگئے تو ابن عمرؓ نے فرمایا تم نے سودہ کا خطبہ کیا تھا کیا خیال ہے؟ عروہ نے جواب دیا کہ میں نے جب کہا تو آپ بولے نہیں اس لئے میں نے سوچ لیا تھا کہ اب میں خود کچھ نہیں کہوں گا، ابن عمرؓ نے فرمایا کنت أطوف كأني أرى الله میں طواف کر رہا تھا ایسا لگ رہا تھا کہ میں اللہ کو دیکھ رہا ہوں یعنی اللہ کے سامنے ہوتے ہوئے میں کسی اور کی طرف التفات کیسے کرلیتا؟ یہ تھی صحابہ کی حالت۔

امام بخاری نے اس ترجمہ سے ابن عباسؓ کی ایک روایت کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں وارد ہے الطَّوَافُ حَوْلَ الْبَيْتِ مِثْلُ الصَّلَاةِ إِلَّا أَنَّكُمْ تَتَكَلَّمُونَ فِيهِ، رواه الترمذی وصححه ابن خزيمة وابن حبان بتا دیا کہ کلام فی الطواف جائز ہے اور بظاہر بلاضرورت کلام کو ناپسند کرتے ہوں گے ضروری کلام میں کوئی حرج نہیں۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ باب کی روایت میں جس کلام کا ذکر ہے وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے تعلق رکھتا ہے، ظاہر ہے کہ یہ کلام ضروری ہے اس لئے امام بخاری نے یہ اشارہ کر دیا کہ اگر کوئی ضروری گفتگو ہو، کوئی شرعی داعیہ ہو یا کوئی ایسی دنیوی مصلحت ہو جو اس وقت کہنا ہی ضروری ہو تو پھر گفتگو کرنے کی اجازت ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

طواف کرتے ہوئے قرآن پڑھنا امام شافعی، حنفیہ اور امام احمد کے یہاں جائز ہے، امام احمد سے ایک روایت میں کراہت منقول ہے، یہی امام مالک سے مروی ہے، علامہ ابن منذر ان کی تردید کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ لوگ راستوں اور گلیوں میں تو قرآن پڑھنے کی اجازت دیتے ہیں اور طواف کے وقت منع کرتے ہیں اس لئے ان کے پاس کوئی دلیل نہیں، شافعیہ نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ ذکرِ مسنون اولیٰ ہے تلاوت سے اور تلاوت اولیٰ ہے غیر ذکرِ مسنون سے۔

بِسَيْرٍ أَوْ بِخَيْطٍ أَوْ بِشَيْءٍ غَيْرِ ذٰلِكَ: سیر، کھال کا تسمہ، خیط، دھاگا، أو بشيء یا اور کوئی چیز ہو۔

فَقَطَعَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بِيَدِهِ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے کاٹ دیا اور فرمایا کہ ہاتھ پکڑ کر کھینچو، اس کی وجہ یہ ہے کہ قود بالازمۃ (رسی وغیرہ سے پکڑ کر کھینچنا) بہائم کے ساتھ ہوتا ہے لہٰذا انسان کو اس سے بچانا چاہئے۔

(ص ٢٢٠) بَابُ إِذَا رَأَى سَيْرًا أَوْ شَيْئًا يُكْرَهُ فِي الطَّوَافِ قَطَعَهُ

١٦١٦. حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم رَأَى رَجُلًا يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ بِزِمَامٍ أَوْ غَيْرِهِ فَقَطَعَهُ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ جب کوئی شخص رسی کو یا کسی اور ناپسندیدہ چیز کو دیکھے تو اس کو کاٹ دے۔

تشریح: اگر کسی آدمی نے کوئی تسمہ دیکھا یا اور کوئی مکروہ چیز دیکھی اور اس کو کاٹ دی تو سنت میں اس کی اصل موجود ہے، جائز ہے، اصل میں طواف عبادت ہے اس کا تقاضہ یہ ہے کہ شغل بالطواف کے منافی کوئی عمل آدمی نہ کرے، مصنف نے بتلادیا کہ طواف کے اندر امر بالمعروف کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے نیز نہی عن المنکر بھی کی جاسکتی ہے۔

(ص ٢٢٠) بَابٌ لَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَلَا يَحُجُّ مُشْرِكٌ

١٦١٧. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ يُونُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ بَعَثَهُ فِي الْحَجَّةِ الَّتِي أَمَّرَهُ عَلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

Maktaba Tul Ishaat.com

يَوْمَ النَّحْرِ فِي رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ أَلَا لَا يَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ.

ترجمہ: باب، کوئی شخص بیت اللہ کا طواف برہنہ ہونے کی حالت میں نہ کرے اور کوئی مشرک حج نہ کرے۔

روایت کا ترجمہ باب مایستر من العورۃ میں گزر چکا۔

تشریح: امام بخاری نے اس باب میں دو مسئلے بیان کئے ہیں، پہلا یہ کہ بیت اللہ کا طواف عریاں حالت میں جائز نہیں، اس پر سب کا اتفاق ہے لیکن اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ ستر عورۃ فی الطواف کی حیثیت کیا ہے؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ شرط ہے، اگر کوئی شخص برہنہ طواف کرے گا تو طواف ہی نہیں ہوگا، حنفیہ کہتے ہیں کہ واجب ہے اگر کوئی طواف کرے گا تو ہو جائے گا لیکن دم واجب ہوگا، امام بخاری نے جمہور کی تائید کی ہے کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے علی الاطلاق لَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ فرمایا۔

وَلَا يَحُجُّ مُشْرِكٌ: دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ کسی مشرک کو حج کرنا جائز نہیں ہے، اس بات پر اتفاق ہے اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ مشرک و کافر ایک ہیں، ایک شخص غیر اللہ کو اللہ کے ساتھ شریک کرتا ہے مشرک ہے دوسرا شخص اللہ کو مانتا ہی نہیں ہے یہ شخص مشرک تو نہیں کافر ہے دونوں کا حکم ایک ہے، اور تیسرا شخص جو اللہ کو مانتا ہے اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا لیکن مثلاً رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں مانتا تو ایسا شخص کافر ہے مشرک نہیں، لفظ کافر سب کو شامل ہے اور اصطلاح میں لفظ مشرک قسم اوّل کے ساتھ خاص ہے۔

علامہ ابن حزم نے ایک طویل کلام کے بعد لکھا ہے کہ ہر کفر شرک ہے اور ہر شرک کفر ہے اور یہ دونوں اسم شرعی ہیں ایک ہی معنی کے لئے بولے جاتے ہیں، امام نووی فرماتے ہیں کہ مشرکین کا لفظ تمام غیر مسلمین پر بولا جاتا ہے خواہ اہل کتاب ہوں یا غیر اہل کتاب، اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ کسی غیر مسلم کو طواف کی اجازت نہیں ہے اور نہ حج کرنے کی اجازت ہے۔

یاد رکھئے کسی غیر مسلم کو حج کرنا جائز نہیں ہے خواہ یہودی یا نصرانی ہو، مجوسی ہو یا وثنی ہو یا کسی بھی مذہب کا قائل اور ماننے والا ہو، یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے۔

(ص ۲۲۰) بَابُ إِذَا وَقَفَ فِي الطَّوَافِ

وَقَالَ عَطَاءٌ فِيمَنْ يَطُوفُ فَتُقَامُ الصَّلَاةُ أَوْ يُدْفَعُ عَنْ مَكَانِهِ إِذَا سَلَّمَ يَرْجِعُ إِلَى حَيْثُ قُطِعَ عَلَيْهِ فَيَبْنِي

Maktaba Tul Ishaat.com

وَيُذْكَرُ نَحْوُهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ طواف کے درمیان اگر کوئی شخص رک جائے تو کیا حکم ہے؟
حضرت عطاء نے اس شخص کے بارے میں جو کہ طواف کر رہا تھا اور نماز کھڑی ہوگئی یا اس کو اس کی جگہ سے پیچھے کر دیا گیا اس کے بارے میں فرمایا کہ جب سلام پھیر چکے تو اسی جگہ چلا جائے جس جگہ اس کا طواف منقطع ہوا تھا، اسی کے مانند حضرت ابن عمرؓ اور حضرت عبد الرحمن بن ابی بکرؓ سے بھی منقول ہے۔

تشریح: اگر طواف کے دوران کوئی ٹھہر جائے تو یہ وقوف قاطعِ طواف ہوگا یا نہیں؟
میں بتا چکا کہ اگر وقوف یسیر ہے گویا وقوف ہی نہیں ہے وہ بالاتفاق قاطع نہیں، اور وقوف کثیر ہے تو ایسی صورت میں اختلاف ہے، حنفیہ اور شافعیہ فرماتے ہیں کہ بلاعذر یہ تفریق مکروہ ہے لیکن طواف باطل نہیں ہوگا بناء کرے گا، مالکیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ وقوف طویل سے طواف منقطع ہو جائے گا استیناف کرنا پڑے گا، ہاں اگر نماز شروع ہو جائے یا جنازہ کی نماز شروع ہو جائے تو حنابلہ علی الاطلاق فصل کی اجازت دیتے ہیں، اور مالکیہ کہتے ہیں کہ شرط یہ ہے کہ امام راتب نماز پڑھا رہا ہو اور نماز جنازہ اس شخص پر متعین ہو۔
امام بخاری بظاہر فصل یسیر کو مضر نہیں مانتے اسی لئے کہتے ہیں وَقَالَ عَطَاءٌ إلخ اگر کوئی آدمی طواف کر رہا ہو اور نماز قائم ہو جائے تو آدمی نماز میں شریک ہو جائے سلام کے بعد بناء کرے، یا کسی آدمی کو طواف کرتے ہوئے کسی نے دھکا دے دیا وہ بیچارا ٹھہر گیا آگے نہیں بڑھ سکا تو اس سے کوئی اثر نہیں پڑے گا بناء کرے گا، حسن بصری کہتے ہیں کہ استیناف کرے گا۔

(ص ۲۲۰) بَابُ صَلَّى النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لِسُبُوعِهِ رَكْعَتَيْنِ

وَقَالَ نَافِعٌ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي لِكُلِّ سُبُوعٍ رَكْعَتَيْنِ وَقَالَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ قُلْتُ لِلزُّهْرِيِّ إِنَّ عَطَاءً يَقُولُ تُجْزِئُهُ الْمَكْتُوبَةُ مِنْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ؟ فَقَالَ السُّنَّةُ أَفْضَلُ لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم سُبُوعًا قَطُّ إِلَّا صَلَّى رَكْعَتَيْنِ.

١٦١٨ . حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ أَيَقَعُ الرَّجُلُ عَلَى امْرَأَتِهِ فِي الْعُمْرَةِ قَبْلَ أَنْ يَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ قَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا ثُمَّ صَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَالَ (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ إِسْوَةٌ حَسَنَةٌ).

Maktaba Tul Ishaat.com

١٦١٩. قَالَ وَسَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ لَا يَقْرَبُ امْرَأَتَهُ حَتّٰى يَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ پیغمبر ﷺ نے سات شوط کے لئے دو رکعت ادا کیں۔

نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ ہر سات شوط کے لئے دو رکعت پڑھتے تھے، اسماعیل بن امیہ کہتے ہیں کہ میں نے زہری سے کہا کہ عطاء کہتے ہیں کہ فرض نماز طواف کی دو رکعتوں کی طرف سے کافی ہے تو آپ نے فرمایا کہ سنت افضل ہے، نبی کریم ﷺ نے جب بھی سات شوط طواف کئے دو رکعت نماز پڑھی۔

عمرو بن دینار کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابن عمرؓ سے سوال کیا کہ کیا کوئی شخص عمرہ میں صفا اور مروہ کی سعی سے پہلے اپنی بیوی سے صحبت کر سکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ (مکہ مکرمہ) تشریف لائے بیت اللہ کا سات شوط طواف کیا پھر مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی، صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی اور فرمایا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ بے شک تمہارے لئے اللہ کے رسول کی زندگی میں اسوۂ حسنہ ہے۔

(عمرو بن دینار) فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ بیوی سے صحبت نہ کرے یہاں تک کہ صفا اور مروہ کے درمیان طواف کر لے۔

تشریح: سبوع یہ لغت قلیلہ ہے مشہور أسبوع ہے، یہ جمع ہے سُبُعٌ کی اور سُبُعٌ کہتے ہیں ایک بٹا سات کو، مطلب یہ ہے کہ سات اشواط کے لئے آپ نے دو رکعت پڑھی۔

حافظ ابن حجرؒ کی رائے یہ ہے کہ امام بخاری کا مقصود یہ بتلانا ہے کہ قران بین الاسابیع (یعنی کئی طواف کر کے سب کی تحیۃ الطواف ایک ساتھ پڑھنا) خلاف اولیٰ ہے، اس مسئلہ میں سب کا اتفاق ہے کہ آدمی جب طواف کرے تو اس کا تحیہ اس کے بعد متصلاً ہی پڑھ لے، لیکن کئی طواف ایک ساتھ کر لے تو سب کی تحیات بعد میں پڑھنا کیسا ہے؟ حضرت امام ابو یوسف، حنابلہ اور اکثر شافعیہ فرماتے ہیں کہ قران بین الاسابیع جائز ہے لیکن خلاف اولیٰ ہے، امام ابو حنیفہ، امام مالک اور امام محمد فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے۔

اصل میں یہ اختلاف مبنی ہے ایک اور اختلاف پر، اور وہ یہ ہے کہ طواف اور رکعتی الطواف کے درمیان موالات سنت ہے یا صرف مستحب ہے؟ ابو حنیفہ اور مالک فرماتے ہیں کہ سنت ہے بلا عذر اس کا ترک مکروہ ہے، امام شافعی اور امام احمد فرماتے ہیں کہ مستحبات میں سے ہے لہٰذا اگر کسی نے ترک کیا تو خلاف اولیٰ کا ارتکاب کیا۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام بخاری نے اس باب میں اسی اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے اور انہوں نے یہ اختیار کیا ہے کہ قران بین الاسابیع خلاف اولیٰ ہے گویا شافعی واحمد کا مسلک اختیار کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

میرا خیال یہ ہے کہ امام بخاری نے اس باب میں تحیۃ الطواف کا مسئلہ بیان کیا ہے، حاصل یہ ہے کہ تحیۃ الطواف مستقل سنت ہے وہ فریضہ کے ضمن میں ادا نہیں ہوگی۔

پہلے تحیۃ الطواف کا حکم سنو پھر مسئلہ سنو کہ آیا فریضہ کے ضمن میں تحیۃ الطواف ادا ہو جائے گی یا نہیں؟

تحیۃ الطواف کا حکم: علماء مذاہب اربعہ کے چار قول ہیں، (۱) امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ واجب ہے، (۲) امام احمد فرماتے ہیں کہ سنت ہے، شافعیہ کے تین قول ہیں، دو تو پہلے دونوں اقوال یعنی واجب ہے اور سنت ہے، (۳) واجب بعد الطواف الواجب وسنة بعد الطواف السنة، مالکیہ کے چار قول ہیں، تین تو مذکورہ بالا جیسے اور (۴) چوتھا قول یہ ہے کہ واجب بعد الواجب وتردد في غيرها، تردد کا مطلب یہ ہے کہ تحکیم ان کے یہاں مختلف ہے، احتمال ہے کہ واجب ہو اور احتمال ہے کہ سنت ہو۔

آیا تحیۃ الطواف فریضہ کے ضمن میں ادا ہو جائے گی؟ مثلاً اگر کسی آدمی نے طواف کیا اور اس کے بعد ایک دم فجر کی نماز شروع ہوگئی اور فریضۂ فجر میں شامل ہو گیا تو کیا یہ دونوں رکعتیں تحیۃ الطواف کے قائم مقام ہو جائیں گی؟ اس میں دو قول ہیں، حنفیہ اور مالکیہ فرماتے ہیں کہ قائم مقام نہیں ہوں گی، شافعیہ کہتے ہیں کہ کافی ہو جائیں گی، حنابلہ کے اس میں دونوں قول ہیں۔

جن کے نزدیک یہ تحیہ واجب ہے ان کے نزدیک یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ فریضہ واجب کے قائم مقام نہیں ہوگا، اور جن کے نزدیک یہ سنت ہے ان کی رائے پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس کو سنت مستقلہ مانتے ہیں اور فرض کے ضمن میں یہ سنت ادا نہیں ہوگی، جیسے ظہر کی سنتِ بعدیہ ہے، اگر کسی آدمی نے ظہر کی نماز پڑھی اور اس پر فجر کی نماز بھی واجب تھی مگر وہ بھول گیا تھا بعد میں یاد آیا اور اس نے فجر کی نماز ظہر کی نماز کے بعد ادا کی تو یہ سنت بعدیہ کے قائم مقام نہیں ہوگی، ایسے ہی یہاں پر بھی تحیۃ الطواف کے قائم مقام وہ فریضہ نہیں ہو سکتا ہے جو طواف کے بعد مستقلاً ادا کیا جائے۔

گمان غالب یہ ہے کہ امام بخاری نے یہی مسئلہ بیان کیا ہے اور ان کی رائے یہ ہے کہ تحیۃ الطواف مستقل طواف کی سنت ہے اور فریضہ کے ضمن میں ادا نہیں ہوگی، اسی لئے بخاری کہتے ہیں صَلَّى النَّبِيُّ ﷺ لِسُبُوعِهِ رَكْعَتَيْنِ حضور نے طواف کیا اور اپنے ساتوں اشواط کے لئے دو رکعتیں پڑھیں، معلوم ہوا کہ یہ دو رکعتیں اشواط

Maktaba Tul Ishaat.com

کی ہیں اور جب ساتوں اشواط کی ہیں تو ان کو مستقلاً پڑھنا پڑے گا۔

وَقَالَ نَافِعٌ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي لِكُلِّ سُبُوعٍ رَكْعَتَيْنِ: معلوم ہوا کہ یہ دو رکعتیں مستقل سنت ہیں۔

وَقَالَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ: زہری سے اسماعیل بن امیہ نے کہا کہ عطاء کہتے ہیں کہ تحیۃ الطواف کی جگہ فریضہ کافی ہو جائے گا، زہری نے فرمایا کہ سنت افضل ہے، حضور ﷺ نے جب بھی طواف کیا اسکے بعد دو رکعتیں ادا فرمائیں، أَفْضَلُ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ زہری کے نزدیک افضل ہے باقی اگر کوئی فریضہ پر اکتفاء کر لے تو یہ کافی ہوگا، مگر صحیح بات یہ ہے کہ نرے الفاظ پر توقف نہ کرنا چاہئے جب زہری عطاء کے قول تُجْزِئُهُ الْمَكْتُوبَةُ کے جواب میں افضل کہہ رہے ہیں تو راجح یہی معلوم ہوتا ہے کہ انکے نزدیک کافی نہیں ہوگا۔

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ: مصنف نے یہ روایت صرف اس وجہ سے ذکر کی ہے قَدِمَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا ثُمَّ صَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ اس سے یہ بات بھی اخذ کی جاسکتی ہے کہ تحیۃ الطواف سنت طواف ہے اور یہ بھی اخذ کیا جاسکتا ہے کہ ہر سبوع کے بعد تحیہ پڑھنا چاہئے۔

(ص ۲۲۰) بَابُ مَنْ لَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ وَلَمْ يَطُفْ حَتَّى يَخْرُجَ إِلَى عَرَفَةَ وَيَرْجِعَ بَعْدَ الطَّوَافِ الْأَوَّلِ

١٦٢٠. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ مَكَّةَ فَطَافَ وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا حَتَّى رَجَعَ مِنْ عَرَفَةَ.

ترجمہ: باب، جو پہلے طواف کے بعد کعبہ کے قریب نہ آئے اور (دیگر طواف نہ کرے) یہاں تک کہ عرفات کی طرف نکلے۔

تشریح: علامہ کرمانی کہتے ہیں کہ اس ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ طواف قدوم کے بعد کوئی طواف نہیں یہاں تک کہ حاجی عرفات سے لوٹ کر آجائے، یہی غرض ابن بطال نے مہلب سے نقل کی ہے اور حضرت شیخ نے اسی کو اختیار کیا ہے، مہلب کہتے ہیں کہ یہی امام مالک نے اختیار کیا ہے، وہ کہتے ہیں لا یتنفل بطواف بعد طواف الورود حتی یتم حجه، لیکن ان حضرات کی مراد یہ ہے کہ کوئی طواف واجب نہیں لہٰذا اگر کوئی آدمی

Maktaba Tul Ishaat.com

طواف نہ کرے تو کوئی حرج نہیں۔

آگے سوال یہ ہے کہ طواف قدوم کے بعد طواف زیارت سے پہلے نفلی طواف کرنے کا کیا حکم ہے؟

اسکا جواب یہ ہے کہ آفاقی شخص کیلئے طواف کرنا افضل ہے، سعید بن جبیر فرماتے ہیں الطواف للغرباء أفضل من الصلوة رواہ ابن أبی شیبۃ، یہی مضمون ابن عباسؓ، مجاہد اور عطاء سے منقول ہے، اور خود امام مالک کہتے ہیں کہ اگر کسی کا مکان دور ہو تو اس کیلئے طواف افضل ہے، حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ یہی قول معتمد ہے۔

خلاصہ کے طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ امام بخاری صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر طواف قدوم کے بعد کوئی طواف نہ کرے تو گنجائش ہے کیوں کہ حضرت نبی اکرم ﷺ نے کوئی طواف نہیں کیا لیکن عدم الفعل عدم جواز کی دلیل نہیں ہے، اسی لئے امام بخاری نے ترجمہ بھی ایسے انداز کا پیش کیا ہے جس سے بیانِ جواز سمجھ میں آتا ہے، گویا بخاری یہ بتاتے ہیں کہ ترک کی گنجائش ہے اور اگر کوئی کرنا چاہے تو کر بھی سکتا ہے۔

اگر ہم اس تقریر کو مان لیں تو پھر امام بخاری کی غرض پہلی غرض سے الگ ہو جائے گی کیوں کہ کرمانی وغیرہ نے جو غرض بیان کی ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ طواف قدوم کے بعد کوئی طواف ہی حاجی نہ کرے۔

اور اس غرض ثانی کا حاصل یہ ہے کہ طواف قدوم کے بعد حاجی پر کوئی طواف واجب نہیں اور اگر کوئی کرنا چاہے تو اس کی گنجائش ہے، کیوں کہ ترک مباح ہے واجب نہیں ہے، یہی غرض اکثر شراح حافظ ابن حجر وغیرہ کے کلام سے معلوم ہوتی ہے اور اسی کو حضرت گنگوہی نے اختیار کیا ہے۔

(ص ٢٢٠) بَابُ مَنْ صَلَّى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ

وَصَلَّى عُمَرُ خَارِجًا مِنَ الْحَرَمِ.

١٦٢١. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ ح وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَرْوَانَ يَحْيَى بْنُ أَبِي زَكَرِيَّاءَ الْغَسَّانِيُّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ وَهُوَ بِمَكَّةَ وَأَرَادَ الْخُرُوجَ وَلَمْ تَكُنْ أُمُّ سَلَمَةَ طَافَتْ بِالْبَيْتِ وَأَرَادَتِ الْخُرُوجَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا أُقِيمَتْ صَلَاةُ الصُّبْحِ فَطُوفِي عَلَى بَعِيرِكِ وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ فَلَمْ تُصَلِّ حَتَّى خَرَجَتْ.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو طواف کی دو رکعت مسجد سے باہر پڑھے۔

حضرت عمرؓ نے طواف کی دو رکعت حرم سے باہر پڑھیں۔

تشریح: امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ رکعتی الطواف کی ادائیگی کے لئے کوئی محل متعین نہیں ہے طائف جہاں چاہے پڑھ سکتا ہے، البتہ افضل یہ ہے کہ مقام ابراہیم کے پیچھے ادا کی جائے، امام بخاری نے اس باب میں کوئی فیصلہ کن اور قطعی بات نہیں کہی ہے، مَنْ صَلّٰی کے ساتھ ترجمہ منعقد کیا ہے اور روایت ام سلمہؓ والی ذکر فرمائی ہے جس میں یہ ہے کہ حضرت ام سلمہؓ نے طواف کیا اور تحیۃ الطواف مسجد حرام میں نہیں پڑھ سکیں اس سے نکلنے کے بعد ادا کیا، روایت محتمل ہے ممکن ہے کہ ام سلمہؓ کی روایت معذور کے ساتھ خاص ہو، چونکہ اس میں احتمال عذر تھا اس لئے امام بخاری نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

وَصَلّٰى عُمَرُ خَارِجًا مِنَ الْحَرَمِ: جمہور علماء فرماتے ہیں کہ تحیۃ الطواف حرم سے باہر ادا کی جاسکتی ہے، اگر کسی کو تحیۃ الطواف یاد نہیں رہی تو جب یاد آئے پڑھ لے، سفیان ثوری کہتے ہیں کہ حرم میں پڑھے، امام مالک فرماتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی بالکل اپنے وطن لوٹ گیا تو پھر دم دینا پڑے گا۔

ح وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ: یہ حدیث متنقدات میں سے ہے، امام دار قطنی نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ عروہ اور ام سلمہؓ کے درمیان زینب کا واسطہ ہے جیسا کہ سند سابق میں گزر چکا ہے، حافظ ابن حجر نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ عروہ کا ام سلمہ سے سماع ممکن ہے۔

(ص ۲۲۰) بَاب مَنْ صَلّٰى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَلْفَ الْمَقَامِ

۱۶۲۲. حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى {لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ}.

ترجمہ: باب، اس شخص کا بیان جو طواف کی دو رکعت مقام ابراہیم کے پیچھے ادا کرے۔

تشریح: باب گزشتہ میں بتایا کہ تحیۃ الطواف کو مسجد حرام میں ادا کرنا ضروری نہیں ہے، جہاں موقع ملے ادا کر سکتا ہے، اور یہاں یہ بیان فرماتے ہیں کہ مقام ابراہیم کے پیچھے تحیۃ الطواف ادا کرنا افضل ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢٢٠) بَابُ الطَّوَافِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ

وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ وَطَافَ عُمَرُ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ فَرَكِبَ حَتَّى صَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ بِذِي طُوًى.

١٦٢٣. حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ حَبِيبٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ نَاسًا طَافُوا بِالْبَيْتِ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ ثُمَّ قَعَدُوا إِلَى الْمُذَكِّرِ حَتَّى إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامُوا يُصَلُّونَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ قَعَدُوا حَتَّى إِذَا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِي تُكْرَهُ فِيهَا الصَّلَاةُ قَامُوا يُصَلُّونَ.

١٦٢٤. حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَنْهَى عَنِ الصَّلَاةِ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوبِهَا.

١٦٢٥. حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ قَالَ رَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَطُوفُ بَعْدَ الْفَجْرِ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ.

١٦٢٦. قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ وَرَأَيْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَيُخْبِرُ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ لَمْ يَدْخُلْ بَيْتَهَا إِلَّا صَلَّاهُمَا.

ترجمہ: باب، فجر اور عصر کے بعد طواف کرنے کا بیان۔

حضرت ابن عمرؓ طواف کی دو رکعت سورج نکلنے سے قبل ادا فرماتے تھے، حضرت عمر فاروقؓ نے فجر کے بعد طواف کیا اور سوار ہوگئے یہاں تک کہ ذی طوی میں دو رکعت نماز پڑھی۔

حضرت عروہ نے بیان کیا کہ کچھ لوگوں نے فجر کے بعد بیت اللہ کا طواف کیا پھر وعظ کہنے والے کے پاس بیٹھ گئے یہاں تک کہ جب سورج طلوع ہوا تو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے، حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ یہ لوگ بیٹھ گئے یہاں تک کہ جب وہ وقت آیا جس میں نماز مکروہ ہے تو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے۔

حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو سورج نکلنے اور غروب ہونے کے وقت نماز سے منع فرماتے ہوئے سنا۔

عبد العزیز بن رفیع کہتے ہیں کہ میں نے عبد اللہ بن زبیرؓ کو فجر کے بعد طواف کرتے ہوئے اور دو رکعت نماز پڑھتے ہوئے دیکھا، عبد العزیز کہتے ہیں کہ میں نے عبد اللہ بن زبیرؓ کو عصر کے بعد دو رکعت پڑھتے ہوئے دیکھا، نیز حضرت ابن زبیرؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے ان سے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جب بھی ان کے گھر میں داخل ہوئے یہ دو رکعت ادا کیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے دو مسئلے ذکر فرمائے ہیں۔

فجر و عصر کے بعد طواف جائز ہے: یہی جمہور علماء اور ائمہ اربعہ کا مسلک ہے، سفیان ثوری سے کراہت منقول ہے، ابن عبد البر نے کہہ دیا کہ کوفیین کراہت کے قائل ہیں اور لفظ کوفیین جب بولا جاتا ہے تو امام ابو حنیفہ اور ان کے اتباع عرفاً مراد ہوتے ہیں لیکن نہ امام ابو حنیفہ کراہت کے قائل ہیں اور نہ صاحبین، قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ جواز الطواف بعد الفجر والعصر میں ہمیں کوئی اختلاف معلوم نہیں۔

طلوع و غروب سے قبل تحیۃ الطواف: امام بخاری ابن عمرؓ کا اثر لائے فرمایا وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ ابن عمرؓ تحیۃ الطواف طلوع شمس سے پہلے پہلے پڑھ لیتے تھے، اس سے معلوم ہو گیا کہ فجر و عصر کے بعد تحیۃ الطواف پڑھنا جائز ہے، ابن منذر نے یہی جمہور صحابہ سے نقل کیا ہے، لیکن حضرت عمرؓ، سفیان ثوری، امام مالک اور امام ابو حنیفہ کراہت کے قائل ہیں، امام بخاری دونوں مسئلوں میں جواز کے قائل ہیں، طواف میں تو کسی کا اختلاف ہی نہیں، تحیۃ الطواف کا مسئلہ ضرور مختلف فیہا ہے۔

جو لوگ اباحت کے قائل ہیں وہ حضرت جبیر بن مطعمؓ کی حدیث يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوا أَحَدًا طَافَ بِهَذَا الْبَيْتِ وَصَلَّى أَيَّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ رواه أصحاب السنن الأربعة سے استدلال کرتے ہیں، اور جو حضرات منع کرتے ہیں وہ لوگ ان روایات سے استدلال کرتے ہیں جو بعد الفجر اور بعد العصر نماز کی ممانعت کے بارے میں صحیحین وغیرہ میں وارد ہوئی ہیں۔

علامہ محب الدین قونوی نے اپنے والد علامہ علاء الدین قونوی سے نقل کیا ہے کہ یہاں پر دو حدیثیں ہیں اور دونوں میں عموم و خصوص میں تعارض ہے، مطلب یہ ہے کہ جبیر بن مطعمؓ کی حدیث زمان کے اعتبار سے عام ہے مکان کے اعتبار سے خاص ہے، اس میں ہر زمانہ میں طواف کرنے والوں کو تحیۃ الطواف کی اجازت دی گئی ہے، اور نہی عن الصلوۃ بعد العصر و بعد الفجر کی حدیث زمان کے اعتبار سے خاص ہے اور مکان کے اعتبار سے عام ہے، وقت مخصوص میں ہر جگہ نماز ممنوع ہے، تو نہی عن الصلوۃ بعد العصر و بعد الفجر کا عموم مکانی معارض ہے جبیر بن مطعمؓ کی روایت کے خصوصِ مکانی کے، نہی کی روایات چاہتی ہیں کہ ہر جگہ نماز ممنوع ہو اور جبیر کی روایت چاہتی ہے کہ مکہ میں تحیۃ الطواف مستثنیٰ ہو، اور یہ قاعدہ ہے کہ جب خاص و عام میں تعارض ہوتا ہے تو خاص کو

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجیح ہوتی ہے، اس قاعدے سے جبیر کی روایت کو ترجیح ہونی چاہئے۔

لیکن نہی کی روایات اوقات کے سلسلہ میں خاص ہیں اور جبیر کی روایت عام ہے تو جبیر کی روایت کا عموم معارض ہے نہی کی روایات کے خصوص کے، نہی کی روایات یہ چاہتی ہیں کہ جبیر کی روایت کے عموم میں تخصیص ہو، ہر وقت اجازت ہو، لیکن عصر وفجر کے بعد کا وقت مستثنیٰ ہو اور یہاں کوئی ایسا قرینہ نہیں ہے کہ ہم ایک کے خصوص کو دوسرے کے عموم پر ترجیح دے دیں۔

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اسحاق بن راہویہ اور نسائی نے حضرت معاذ بن عفراءؓ سے نہی عن الصلوۃ بعد العصر کی ممانعت بھی نقل کی ہے اور یہ بھی نقل کیا ہے کہ انہوں نے عصر کے بعد طواف کیا لیکن تحیۃ الطواف نہیں پڑھی، اس سے معلوم ہوا کہ صحابی یہ سمجھ رہے ہیں کہ نہی کی روایت کا خصوص زمانی مقدم ہے جبیر بن مطعمؓ کی روایت کے عموم زمانی پر، لیکن یہ احتمال ہے کہ معاذ بن عفراءؓ کو جبیرؓ کی روایت کا علم ہی نہ ہو۔

مزید یہ ہے کہ مکہ مکرمہ کی بہت سی خصوصیات ہیں جو مکہ سے باہر نہیں پائی جاتی ہیں اس لئے بظاہر جبیر کی روایت کے خصوص مکانی کو نہی کی روایات عموم مکانی پر ترجیح ہونا چاہئے، ہر جگہ ممانعت ہے لیکن مکہ اپنے خصائص کی وجہ سے اس ممانعت سے مستثنیٰ ہے، وہاں جب بھی آدمی طواف کرے گا تو اس خصوصیت کی وجہ سے اس کو وہاں نماز پڑھنے کی اجازت ہے، اور وجہ بھی ظاہر ہے کہ ہر شخص کے طواف کرنے کا ایک ہی وقت نہیں ہوتا، ہر ایک کی اپنی مصالح اور مصروفیات ہوتی ہیں اس لئے مکہ میں جو جس وقت آئے گا اسے تو طواف کرنا ہی ہے کیوں کہ یہ طواف بیت اللہ کی سلامی ہے لہذا اسی وقت اس کو شکرانہ طواف کی بھی اجازت ہوگی۔

ثُمَّ قَعَدُوا إِلَى الْمُذَكِّرِ: شراح کرام نے اس کو علیٰ وزن اسم الفاعل تذکیر سے ضبط کیا ہے، اور علامہ ابن اثیر نے ذکر سے ظرف کے وزن پر ضبط فرمایا ہے اور کہتے ہیں کہ مَذکَر سے مراد موضع ذِکر ہے، اب یا اس سے حجر اسود کا رکن مراد ہے یا حجر (حطیم)۔

قَامُوا يُصَلُّونَ: کہتے ہیں کہ جب سورج طلوع ہونے کے قریب ہوا تو اس وقت لوگ نماز کے لئے چلے، حضرت عائشہؓ نے کہا کہ اب تک بیٹھے رہے اور جب ساعت مکروہہ للصلوۃ آئی تو نماز پڑھنے لگے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عین طلوع کے وقت کراہت ہے اس سے پہلے پہلے کوئی کراہت نہیں ہے، بخاری نے بتادیا کہ یہ دلیل ہے اس بات کی کہ تحیۃ الطواف بعد الفجر والعصر جائز ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۲۲۱) بَابُ الْمَرِيضِ يَطُوفُ رَاكِبًا

١٦٢٧. حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ طَافَ بِالْبَيْتِ وَهُوَ عَلَى بَعِيرٍ كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ أَشَارَ إِلَيْهِ بِشَيْءٍ فِي يَدِهِ وَكَبَّرَ.

١٦٢٨. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَنِّي أَشْتَكِي فَقَالَ طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ وَرَسُولُ اللَّهِ ﷺ يُصَلِّي إِلَى جَنْبِ الْبَيْتِ وَهُوَ يَقْرَأُ بِالطُّورِ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ.

ترجمہ: باب، مریض کے سوار ہو کر طواف کرنے کا بیان۔

تشریح: مریض راکبًا طواف کر سکتا ہے، اس مسئلہ میں اجماع ہے اور یہ مسئلہ بھی مجمع علیہا ہے کہ ماشی کا طواف راکب کے طواف سے اولیٰ ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ اگر کوئی بلا عذر راکبًا طواف کرے تو طواف ہو گا یا نہیں؟ اس میں علماء کے تین یا یوں کہئے کہ چار قول ہیں۔

۱۔ امام شافعی فرماتے ہیں کہ ہو جائے گا اور اس کے ذمہ کچھ بھی واجب نہیں، یہی امام احمد کی ایک روایت ہے، ۲۔ امام احمد کی دوسری روایت اس کے بالمقابل یہ ہے کہ طواف ہی نہیں ادا ہو گا، ۳۔ امام ابو حنیفہ اور مالکیہ فرماتے ہیں کہ اگر مکہ میں ہو تو طواف کا اعادہ کرے اور اگر لوٹ آیا ہے تو پھر دم کے ذریعہ اس کا تدارک کرے، ۴۔ امام احمد سے ایک روایت یہ ہے کہ اگر کسی نے بلا عذر راکبًا طواف کر لیا تو طواف ہو جائے گا لیکن اس پر دم واجب ہو گا، اس قول میں اور قول ثالث میں فرق یہ ہے کہ قول ثالث میں تو مکہ کے قیام میں اعادہ واجب ہے اور وطن لوٹ آنے پر دم ہے اور قول رابع میں طواف کافی ہو جائے گا اور وہیں دم دے دے۔

امام بخاری نے ترجمہ طواف راکبًا کا منعقد کیا ہے اور قید مریض کی لگا دی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مریض ان کے یہاں راکبًا طواف کر سکتا ہے تندرست نہیں کر سکتا ہے، بہت ممکن ہے کہ وہ امام احمد سے جو غیر مشہور روایت ہے اس کے قائل ہوں کہ طواف بلا عذر راکبًا نا کافی ہو گا۔

حضرت امام نے اس باب میں حضرت ابن عباسؓ کی حدیث نقل کی ہے أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طَافَ بِالْبَيْتِ وَهُوَ عَلَى بَعِيرٍ سوال یہ ہے کہ اس میں مرض کا کوئی تذکرہ ہے نہیں تو پھر مصنف کا دعویٰ کیسے ثابت ہوا؟

Maktaba Tul Ishaat.com

امام نووی نے قاضی عیاض کی اتباع میں یہ لکھا ہے کہ اصل میں امام بخاری نے ترجمۃ الباب سے حدیث کی تاویل کی ہے اور یہ بتلایا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے راکباً طواف عذر اور مرض کی وجہ سے کیا تھا، ابوداؤد شریف میں ابن عباسؓ ہی کی حدیث میں حضور ﷺ کی اشتکی اور مرض کی تصریح بھی وارد ہوئی ہے۔

مسلم شریف میں حضرت جابرؓ کی حدیث میں ہے طَافَ النَّبِيُّ ﷺ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيَرَاهُ النَّاسُ وَلِيُشْرِفَ وَلِيَسْأَلُوهُ فَإِنَّ النَّاسَ غَشُوهُ، آپ نے اپنے بعیر پر اس لئے طواف کیا تھا تاکہ لوگ آپ کی زیارت کریں اور آپ لوگوں سے اونچے ہو جائیں یعنی آپ کو ازدحام سے تکلیف نہ پہونچے اور جس کو جو مسئلہ پوچھنا ہو پوچھ لے، لوگوں نے آپ کو گھیر لیا، مختلف علتیں ہو سکتی ہیں، مرض کی وجہ سے بھی سواری ہوئی ہوگی اور ازدحام کی وجہ سے بھی ہوئی ہوگی۔

طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ: حضرت ام سلمہؓ کو حضور اکرم ﷺ نے جس طواف کا حکم فرمایا تھا اس میں اختلاف ہے کہ آیا یہ طواف افاضہ تھا یا طواف وداع؟ قاضی باجی نے دونوں احتمال علی السواء ذکر کئے ہیں، ابن حزم ظاہری کی رائے یہ ہے کہ یہ طواف فرض تھا، امام ابوداؤد کا الطواف الواجب کے ضمن میں اس حدیث کا لانا بھی اسی طرف مشیر ہے، لیکن حافظ ابن قیم اور دوسرے علماء کی رائے یہ ہے کہ یہ طواف وداع تھا اور یہی ہمارے حضرت شیخ کی رائے ہے اور یہی بندہ کے نزدیک راجح ہے، اسلئے کہ نسائی میں اسی حدیث میں حضرت ام سلمہؓ کا قول ماطفت طواف الخروج وارد ہوا ہے اور طواف خروج نام ہے طواف وداع کا۔

(ص ۲۲۱) بَابُ سِقَايَةِ الْحَاجِّ

۱۶۲۹. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اسْتَأْذَنَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ أَنْ يَبِيتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ أَجْلِ سِقَايَتِهِ فَأَذِنَ لَهُ.

۱۶۳۰. حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ جَاءَ إِلَى السِّقَايَةِ فَاسْتَسْقَى فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا فَضْلُ اذْهَبْ إِلَى أُمِّكَ فَأْتِ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ بِشَرَابٍ مِنْ عِنْدِهَا فَقَالَ اسْقِنِي قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُمْ يَجْعَلُونَ أَيْدِيَهُمْ فِيهِ قَالَ اسْقِنِي فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ أَتَى زَمْزَمَ وَهُمْ

Maktaba Tul Ishaat.com

يَسْقُونَ وَيَعْمَلُونَ فِيهَا فَقَالَ اعْمَلُوا فَإِنَّكُمْ عَلَى عَمَلٍ صَالِحٍ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا أَنْ تُغْلَبُوا لَنَزَلْتُ حَتَّى أَضَعَ الْحَبْلَ عَلَى هَذِهِ يَعْنِي عَاتِقَهُ وَأَشَارَ إِلَى عَاتِقِهِ.

ترجمہ: باب، سقایہ یعنی حاجی کو پانی پلانے کا بیان۔

حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ حضرت عباس بن عبد المطلبؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اس بات کی اجازت مانگی کہ وہ سقایہ کی وجہ سے منی کی راتیں مکہ مکرمہ میں گزاریں، آپ نے ان کو اس کی اجازت دے دی۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سقایہ کے پاس آئے اور پانی طلب کیا، حضرت عباسؓ نے کہا کہ اے فضل! اپنی والدہ کے پاس جاؤ اور ان کے پاس سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں مشروب لیکر آؤ؛ لیکن آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے (اسی پانی سے) پلاؤ، حضرت عباسؓ نے کہا کہ یا رسول اللہ! اس میں لوگ اپنے ہاتھ ڈالتے ہیں، آپ نے فرمایا کہ (اسی سے) پلاؤ، چنانچہ آپ نے اس سے پیا پھر زمزم کے پاس آئے اس حال میں کہ وہ لوگوں کو پلا رہے تھے اور وہاں کام کر رہے تھے تو آپ نے فرمایا کہ کام کرتے رہو، بے شک تم ایک نیک کام پر ہو، پھر فرمایا کہ اگر مجھے یہ ڈر نہ ہوتا کہ تم مغلوب کر دیئے جاؤ گے تو میں نیچے آتا یہاں تک کہ رسی کو اس پر رکھتا یعنی اپنے مونڈھے پر اور آپ نے اپنے کاندھے کی طرف اشارہ فرمایا۔

تشریح: سقایہ پانی پلانا، حجاج کو پانی پلانا یہ دستور جاہلیت کے دور ہی سے چلا آرہا تھا کہ قریش آنے والے حاجیوں کے لئے پانی کا انتظام کیا کرتے تھے، حضور اکرم ﷺ کی جب بعثت ہوئی تو آپ نے مآثر جاہلیت کا ابطال فرما دیا اور صاف کہہ دیا ما كان من أمر جاهلية فهو تحت قدمي، اس سے بظاہر یہ شبہ ہوتا ہے کہ شاید سقایۃ الحاج بھی اسی ضمن میں ہو اور اس کا ابطال کر دیا ہو، مصنف نے بتلا دیا کہ سقایۃ الحاج جاہلیت کے ان اعمال میں سے نہیں ہے جن کا آپ نے ابطال کیا، آپ نے جاہلیت کے ان اعمال کا ابطال فرمایا ہے جو اخلاق انسانی سے ہٹے ہوئے اور ظلم وعدوان پر مشتمل تھے، اور یہ تو عین خلق کریم ہے کہ پیاسے کے پانی کا انتظام کیا جائے۔

حاجی کا سقایہ میں سے پانی پینا کیسا ہے؟ مجاہد کہتے ہیں من تمام الحج، بعض سلف سے منقول ہے من السنة، لیکن ابن عمرؓ نہیں پیتے تھے بہت ممکن ہے کہ وہ اس لئے بچتے ہوں تا کہ کوئی آدمی اس کو واجب نہ سمجھ بیٹھے۔

اور اب تو نہ سقایہ ہے اور نہ کچھ ہے بس نل زمزم سے نکال کر لگا دیئے گئے ہیں بہت سارے چھوٹے چھوٹے نل لگا دیئے گئے ہیں اس پر حجاج کا ازدحام ہوتا ہے اور کھڑے کھڑے جس کو جتنا پانی پینا ہوتا ہے پیتا ہے، اور عجیب سا کنواں ہے ہزاروں آدمی سیراب ہوتے ہیں اور وہ کنواں یوں کا یوں ہی رہتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

أَنْ يَبِيتَ بِمَكَّةَ لَيَالِي مِنًى: مبیت لیالی منیٰ گیارہ، بارہ اور تیرہ کی راتوں میں منیٰ میں رہتے ہیں جیسے دس کی رات منیٰ میں گزاری جاتی ہے، منیٰ میں رات گزارنے کو مبیت بمنیٰ کہا جاتا ہے، یہ مبیت واجب ہے یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کہتے ہیں کہ سنت ہے عذر کی وجہ سے چھوڑ سکتے ہیں اور اگر بلاعذر چھوڑے گا تو ارتکاب کراہت لازم آئے گا، لیکن ائمہ ثلاثہ کے یہاں یہ مبیت واجب ہے سقاۃ ورعاۃ کو اس کے ترک کی اجازت ہے معذورین کو اس کے ترک کی اجازت نہیں، مبیت کا مسئلہ ان شاء اللہ ص ۲۳۵ پر آئے گا۔

لَوْ لَا أَنْ تُغْلَبُوا النَزَلْتُ: اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر میں خود اتر کر زمزم سے پانی نکالوں تو لوگوں کو میری اتباع کا جذبہ ہوگا اور پھر ہر شخص خود ہی پانی کھینچنے کی کوشش کرے گا تو تم مجبور ہو جاؤ گے مغلوب ہو جاؤ گے اس لئے میں تمہاری رعایت کر رہا ہوں کہ تم ہی سے پانی نکلوا رہا ہوں۔

(ص ۲۲۱) بَابُ مَا جَاءَ فِي زَمْزَمَ

۱۶۳۱. وَقَالَ عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كَانَ أَبُو ذَرٍّ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ فُرِجَ سَقْفِي وَأَنَا بِمَكَّةَ فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَفَرَجَ صَدْرِي ثُمَّ غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَإِيمَانًا فَأَفْرَغَهَا فِي صَدْرِي ثُمَّ أَطْبَقَهُ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي فَعَرَجَ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا قَالَ جِبْرِيلُ لِخَازِنِ السَّمَاءِ الدُّنْيَا افْتَحْ قَالَ مَنْ هَذَا؟ قَالَ: جِبْرِيلُ.

۱۶۳۲. حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ سَلَامٍ أَخْبَرَنَا الْفَزَارِيُّ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ قَالَ سَقَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ مِنْ زَمْزَمَ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ قَالَ عَاصِمٌ فَحَلَفَ عِكْرِمَةُ مَا كَانَ يَوْمَئِذٍ إِلَّا عَلَى بَعِيرٍ.

ترجمہ: باب، زمزم کے بارے میں جو وارد ہوا ہے اس کا بیان۔

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو زمزم کے پانی سے پلایا تو آپ نے کھڑے ہو کر پیا، راوی عاصم کہتے ہیں کہ حضرت عکرمہؒ نے قسم کھا کر بیان کیا کہ اس دن پیغمبر ﷺ سواری پر تھے۔

تشریح: علامہ ابن بطال فرماتے ہیں کہ امام بخاری اس ترجمۃ الباب سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ ماء زمزم کا پینا سنن حج میں سے ہے، اور ہو سکتا ہے کہ اس ترجمۃ الباب سے فضیلت زمزم کو ثابت فرمایا ہو اور حاصل

Maktaba Tul Ishaat.com

استدلال یہ ہے کہ لیلۃ المعراج میں جب فرشتے آسمان سے آئے تو وہاں سے وہ سب کچھ تو لے آئے لیکن پانی جنت سے لیکر نہیں آئے بلکہ آپ کے سینۂ انور کے دھونے کے واسطے ماءِ زمزم استعمال کیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زمزم کا پانی نہایت افضل پانی ہے، بلکہ یہیں سے سراج بلقینی وغیرہ نے یہ اخذ کیا ہے کہ ماءِ زمزم ماءِ کوثر سے بھی افضل ہے، اور بعض حضرات نے اس کے عکس کا قول اختیار کیا ہے، علامہ سیوطی نے اس میں توقف کیا ہے، یہ مسئلہ کہ کون سا پانی افضل ہے میں کتاب الوضوء کے ابتداء میں بیان کر چکا ہوں، بعض علماء فرماتے ہیں

أفضل المياه ماقدنبع　　من بين أصابع النبي المتبع

فماءزمزم فماءالكوثر　　فنيل مصر ثم باقي الأنهر

ماءِ زمزم کی فضیلت کے سلسلہ میں ایک اور حدیث بھی وارد ہوئی ہے لیکن وہ حدیث مصنف کی شرط پر نہیں ہے، (۱) حضرت ابوذرؓ سے مرفوعاً منقول ہے إِنَّهَا مُبَارَكَةٌ إِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ اور طیالسی میں اسی حدیث میں یہ زیادتی ہے وشفاء سقم، نیز ایک حدیث حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے عن النبی ﷺ قال مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ، یہ حدیث حضرت جابرؓ سے بھی منقول ہے، ابن عباسؓ کی حدیث حاکم اور دار قطنی نے تخریج کی ہے، (۲) حضرت جابرؓ کی حدیث امام احمد، ابن ابی شیبہ اور ابن ماجہ نے تخریج کی ہے، حضرت جابرؓ ہی کی حدیث زیادہ مشہور و معروف ہے لیکن اس حدیث پر علماء نے کلام کیا ہے اور اس کی تضعیف کی ہے اور بعضوں نے تصحیح بھی کی ہے، ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے، چنانچہ امام منذری اور امام دمیاطی نے مستقلاً اس حدیث کے طرق کیلئے ایک جزء تالیف فرمایا اور اس میں اسکی تصحیح کی ہے، اسی طرح جزری نے بھی حصن حصین میں اسکی تصحیح کی ہے، صاحب تطریز الدیباج نے حافظ بلالی سے اسکی تصحیح نقل کی ہے، علامہ ابن ہمام فتح القدیر میں اسی طرف مائل ہیں، علامہ جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ صحیح ہے بعض کہتے ہیں کہ حسن ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ضعیف ہے، فرماتے ہیں کہ اقل درجہ یہ ہے کہ یہ ضعیف ہے، امام نووی نے بھی اسکی تضعیف فرمائی ہے، سیوطی کہتے ہیں کہ کوئی بھی اسکے وضع کا قائل نہیں ہے۔

لیکن یہ عجیب بات ہے علامہ ابن قیم نے زاد المعاد فی خیر العباد میں اس حدیث کے بارے میں تین قول نقل کئے ہیں صحیح، موضوع اور حسن، علامہ ابن قیم نے پہلے دونوں اقوال کی تردید کی ہے اور تحسین والے قول کی ترجیح فرمائی ہے، جیسے ابن قیم نے اسکے حسن ہونے کو راجح قرار دیا ہے ایسے ہی حافظ ابن حجر نے تخریج احادیث

Maktaba Tul Ishaat.com

اذکار میں اور علامہ سیوطی نے الحاوی للفتاویٰ میں اور اسی طرح دوسرے حضرات نے اسی کو راجح قرار دیا ہے۔

امام بیہقی نے شعب الایمان میں اور خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں اور ابو بکر بن المقری نے اپنے فوائد میں سوید بن سعید سے نقل کیا ہے أن عبداللہ بن المبارک جاء إلی زمزم فقال اللھم إن ابن أبی الموال حدثنا عن ابن المنکدر عن جابر أن النبی ﷺ قال ماءُ زَمزَمَ لِمَا شُرِبَ لہُ وأنا أشربہ لعطش یوم القیامۃ فشربہ، حافظ ابن قیم فرماتے ہیں کہ یہ طریق حسن ہے کیوں کہ ابن ابی موال ثقہ ہے، لیکن محدثین کہتے ہیں کہ اس میں سوید کو غلطی ہوگئی، اصل روایت ہے عن عبداللہ بن المؤمل عن أبی الزبیر عن جابر انہوں نے عبداللہ بن المؤمل کی جگہ کر دیا عن ابن أبی الموال اور ابی الزبیر کی جگہ کر دیا محمد بن المنکدر، یہ راوی واقع میں بڑا ضعیف ہے اگرچہ مسلم نے متابعت میں اس سے روایت لی ہے اور شواہد میں اسکی روایت ذکر کی ہے، یحیٰ بن معین یوں فرماتے ہیں لو کان لی فرس ورمح لغزوت سویدًا اگر میرے پاس گھوڑا اور نیزہ ہوتا تو میں سوید سے جہاد کرتا اسلئے کہ وہ کثرت سے منکر روایات نقل کرتا تھا، اور عبداللہ بن مؤمل اس حدیث کا راوی ضعیف ہے۔

بہر حال اس کے شواہد کی وجہ سے بہت سے علماء نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

ماءِ زمزم کسی خاص نیت کے ساتھ پینے کے واقعات: (۱) ابو بکر دینوری نے کتاب المجالسۃ میں نقل کیا ہے کہ حمیدی فرماتے ہیں کہ ہم سفیان بن عیینہ کے پاس تھے ایک آدمی آیا اور کہنے لگا کیا حدیثِ ماء زمزم لما شرب لہ صحیح ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہاں! کہنے لگا کہ ابھی میں ایک ڈول زمزم کا اس نیت سے پی کر آیا ہوں کہ آپ مجھے سو حدیثیں سنادیں، فرمایا کہ بیٹھ جا اور سو حدیثیں اس کو سنادی، علماء نے اس حدیث کے بہت سے تجربہ کئے ہیں، سفیان بن عیینہ سے سوال کرنے والے کا تجربہ تو تمہیں معلوم ہو چکا، (۲) حضرت امام شافعی نے ماءِ زمزم اس نیت سے پیا تھا کہ ان کا نشانہ تیر اندازی میں صحیح ہو جائے چنانچہ اگر دس تیر مارتے تو نو نشانہ پر پڑتے تھے، (۳) محدث ابن خزیمہ نے علم نافع کے لئے زمزم پیا تھا اور اپنے زمانہ میں حدیث کے سلسلہ میں ان کو بہت بڑا مقام حاصل ہوا اور علماء نے ان کی امامت کا اعتراف کیا امام الائمہ انہیں کا لقب ہے، (۴) حاکم نے حسن تصنیف کے لئے پیا تھا علماء نے لکھا ہے کہ اپنے زمانہ میں أحسن الناس تصنیفًا تھے، (۵) حافظ ابن قیم نے بہت سے امراض سے شفاء کے لئے پیا حق تعالیٰ نے انہیں شفاء عطا فرمائی، (٦) حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ میں

Maktaba Tul Ishaat.com

نے ابتدائے طلب حدیث کے زمانہ میں ماء زمزم اس نیت سے پیا تھا کہ حافظ ذہبی کے درجہ تک پہنچ جاؤں اور اب بیس سال ہو گئے ہیں وأنا أرجو المزيد، (۷) محقق ابن ہمام فرماتے ہیں والعبد الضعیف یرجو اللہ سبحانہ شربة الاستقامة والوفاة على حقيقة الإسلام معها، (۸) اور ہمارے دل میں تو دونوں تمنائیں ہیں حافظ ابن حجر والی اور ابن ہمام والی بھی۔

غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ: ماء زمزم سے آپ کے سینۂ انور کو دھویا، زمزم کہتے ہیں کثیر پانی کو، ماء زمزم کو زمزم اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ بڑا کثیر پانی ہے اس قدر پانی نکلتا ہے کہ اس کا کوئی حد وحساب نہیں ہے اور ختم ہونے کا نام نہیں لیتا ہے، یومیہ لاکھوں آدمی پانی پیتے ہیں لیکن وہ چشمہ اور کنواں ہے کہ ختم ہونے کا سوال نہیں۔

فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کھڑے ہو کر آپ نے پیا تھا، لیکن عکرمہ قسم کھاتے ہیں کہ حضور ﷺ اونٹ پر تھے، اب دونوں میں تعارض ہو گیا، اس تعارض کے دفعیہ کی شکل یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ ممکن ہے حضور اکرم ﷺ اول بعیر پر ہوں اور اس کے بعد نیچے اتر پڑے ہوں، اور ممکن ہے وھو قائم بقیام البعیر مطلب یہ ہے کہ آپ تو ہوں اونٹ ہی پر لیکن مجازاً آپ کو راوی نے وھو قائم کہہ دیا لأن بعیرہ کان قائمًا۔

(ص ۲۲۱) بَابُ طَوَافِ الْقَارِنِ

١٦٣٣. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهِلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ فَلَمَّا قَضَيْنَا حَجَّنَا أَرْسَلَنِي مَعَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ ﷺ هَذِهِ مَكَانَ عُمْرَتِكِ فَطَافَ الَّذِينَ أَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا.

١٦٣٤. حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ دَخَلَ ابْنُهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَظَهْرُهُ فِي الدَّارِ فَقَالَ إِنِّي لَا آمَنُ أَنْ يَكُونَ الْعَامَ بَيْنَ النَّاسِ قِتَالٌ فَيَصُدُّوكَ عَنِ الْبَيْتِ فَلَوْ أَقَمْتَ فَقَالَ قَدْ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَإِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ أَفْعَلُ

Maktaba Tul Ishaat.com

كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ إِسْوَةٌ حَسَنَةٌ) ثُمَّ قَالَ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ مَعَ عُمْرَتِي حَجًّا قَالَ ثُمَّ قَدِمَ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا.

١٦٣٥ . حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَرَادَ الحَجَّ عَامَ نَزَلَ الحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ فَقِيلَ لَهُ إِنَّ النَّاسَ كَائِنٌ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ وَإِنَّا نَخَافُ أَنْ يَصُدُّوكَ فَقَالَ (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ إِسْوَةٌ حَسَنَةٌ) إِذًا أَصْنَعَ كَمَا صَنَعَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِظَاهِرِ البَيْدَاءِ قَالَ مَا شَأْنُ الحَجِّ وَالعُمْرَةِ إِلَّا وَاحِدٌ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي وَأَهْدَى هَدْيًا اشْتَرَاهُ بِقُدَيْدٍ وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذَلِكَ فَلَمْ يَنْحَرْ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ وَلَمْ يَحْلِقْ وَلَمْ يُقَصِّرْ حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ فَنَحَرَ وَحَلَقَ وَرَأَى أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الحَجِّ وَالعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الأَوَّلِ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ كَذَلِكَ فَعَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ.

ترجمہ: باب، قارن کے طواف کا بیان۔

حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ کے صاحب زادے حضرت عبد اللہ بن عبد اللہ داخل ہوئے جب کہ حضرت ابن عمرؓ کی سواری گھر میں تھی؛ صاحب زادے نے عرض کیا کہ مجھے اطمینان نہیں ہے کہ اس سال لوگوں کے درمیان قتال نہ ہو اور وہ تمہیں بیت اللہ سے نہ روکیں، تو اگر آپ (یہیں) رہتے (تو اچھا تھا)، حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نکلے تو کفار قریش آپ کے اور بیت اللہ کے درمیان حائل ہوئے تو اگر میرے اور بیت اللہ کے درمیان رکاوٹ آئی تو میں ایسے ہی کروں گا جیسے رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا، (اللہ فرماتا ہے کہ) تمہارے لئے اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے پھر فرمایا کہ میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اپنے عمرہ کے ساتھ حج کو واجب کر لیا، راوی کہتا ہے کہ پھر حضرت ابن عمرؓ (مکہ مکرمہ) آئے اور دونوں کے لئے ایک طواف کیا۔

حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ جس سال حجاج نے حضرت ابن زبیرؓ پر حملہ کیا اس سال حضرت ابن عمرؓ نے حج کا ارادہ فرمایا آپ سے کہا گیا کہ لوگوں میں جنگ ہونے والی ہے ہمیں اندیشہ ہے کہ وہ آپ کو روکیں گے، آپ نے فرمایا کہ (اللہ فرماتا ہے کہ) تمہارے لئے اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے تو میں اسی طرح کروں گا جس طرح رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے عمرہ واجب کر لیا، پھر آپ نکلے یہاں تک کہ جب آپ بیداء میں تھے تو فرمایا کہ حج اور عمرے کی شان ایک ہی ہے میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اپنے عمرے کے ساتھ حج کو واجب کر لیا، پھر آپ نے ایک ہدی پیش کی جو قدید میں خریدی تھی اور اس پر اضافہ نہیں کیا، پھر آپ نے نہ تو نحر کیا نہ ہی ان چیزوں سے حلال ہوئے جو کہ (احرام کی وجہ سے) ممنوع ہوئی تھیں نہ حلق کیا نہ قصر کیا یہاں تک کہ یوم نحر آ گیا تو آپ نے نحر کیا اور حلق کیا اور یہ خیال کیا کہ پہلے

Maktaba Tul Ishaat.com

طواف کے ذریعہ حج اور عمرہ دونوں کا طواف ہو گیا، حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح کیا۔

تشریح: قارن وہ شخص کہلاتا ہے جس نے حج و عمرہ دونوں کا احرام باندھا ہو، اس کے طواف اور سعی میں اختلاف ہے، امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری، ابراہیم نخعی، منصور بن معتمر اور مجاہد وغیرہ فرماتے ہیں کہ دو طواف اور دو سعی کرے گا، امام مالک، امام شافعی، احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ، داؤد ظاہری، ابو ثور، ابن حزم اور جمہور امت کہتی ہے کہ ایک طواف اور ایک سعی کرے گا اسی کو امام بخاری نے اختیار کیا ہے۔

اور دلیل میں حضرت عائشہؓ کی حدیث وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا بَيْنَ الحَجِّ وَالعُمْرَةِ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا اور ابن عمرؓ کی حدیث أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ مَعَ عُمْرَتِي حَجًّا قَالَ ثُمَّ قَدِمَ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا پیش فرمائی ہے۔

جو حضرات دو طواف کے قائل ہیں وہ کئی حدیثیں پیش کرتے ہیں۔

(۱) علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری کہتے ہیں روينا من طريق حماد بن سلمة عن حماد بن أبي سليمان عن إبراهيم النخعي أن الصبي بن معبد قرن بين الحج والعمرة فطاف لهما طوافين وسعى سعيين ولم يحل بينهما وأهدى وأخبر بذلك عمر بن الخطاب فقال هديت لسنة نبيك ﷺ لیکن اس کی سند میں انقطاع ہے، ابراہیم نخعی کی ملاقات نہ تو صبی معبد سے ثابت ہے نہ حضرت عمرؓ سے، البتہ ابن عبد البر کی رائے یہ ہے کہ ابراہیم نخعی جب ارسال کرتے ہیں تو ثقہ سے ارسال کرتے ہیں یعنی واسطہ ثقہ ہوتا ہے۔

(۲) امام نسائی نے سنن کبریٰ میں بطریق حماد بن عبد الرحمن الانصاری عن ابراہیم بن محمد بن الحنفیہ نقل کیا ہے طفت مع أبي وقد جمع بين الحج والعمرة فطاف لهما طوافين وسعى لهما سعيين وحدثني أن عليا فعل ذلك وحدثه أن رسول الله ﷺ فعل ذلك، حماد بن ابراہیم انصاری کو ابو الفتح ازدی نے ضعیف قرار دیا ہے اور ابن حبان نے کتاب الثقات میں ذکر کیا ہے، حافظ ابن حجر نے تقریب التہذیب میں لکھا ہے مقبول یعنی متابعات میں اس کی روایت قبول ہے۔

(۳) امام محمد بن حسن نے کتاب الآثار میں نقل کیا ہے امام ابو حنیفہ سے انہوں نے منصور بن معتمر سے انہوں نے ابراہیم نخعی سے انہوں نے ابو نصر سلمی سے انہوں نے علی بن ابی طالبؓ سے فرمایا إذا أهللت بالحج والعمرة فطف لهما طوافين واسع لهما سعيين بين الصفا والمروة، منصور کہتے ہیں کہ میری ملاقات مجاہد

Maktaba Tul Ishaat.com

سے ہوئی وہ ایک طواف کا فتویٰ دے رہے تھے میں نے یہ حدیث بیان کی فرمانے لگے کہ اگر میں پہلے سے سنے ہوتا تو دو ہی طواف کا فتویٰ دیتا اور اس کے بعد دو ہی کا فتویٰ دوں گا، لیکن ابو نصر سلمی کے متعلق ابن منذر اور بیہقی وغیرہ کہتے ہیں کہ مجہول راوی ہے۔

(۴) اسی طرح ابن ابی شیبہ وغیرہ نے حضرت علیؓ وابن عمرؓ سے دو طواف اور دو سعی کے آثار نقل کئے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ طواف اور سعی کے تعدد کی روایات تو یقیناً ہیں لیکن اس درجہ کی نہیں ہیں جو ایک طواف و سعی کے سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں، اسی لئے جمہور علماء نے ان روایات کی طرف کوئی التفات نہیں کیا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ آپ کی یہ روایتیں گو صریح ہیں لیکن صحیح نہیں، اور ہماری روایتیں صریح بھی ہیں اور صحیح بھی ہیں، اور قاعدہ ہے کہ جب صریح کا صریح سے تعارض ہو اور ایک صحیح ہو اور دوسری غیر صحیح تو صحیح کو غیر صحیح پر ترجیح ہوتی ہے اس لئے طواف واحد اور سعی واحد کی روایتوں کو ترجیح حاصل ہوگی۔

جو تعدد کے قائلین ہیں وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ بھلا ترجیح کی کیا ضرورت ہے تعدد کی روایات کو اختیار کر لیا جائے اور وحدت کی روایات کی تاویل کر لی جائے پھر اس کے بعد تین تاویلیں کی گئی ہیں۔

(۱) حضرت شیخ الہند فرماتے ہیں طاف لهما کے معنی ہیں طاف للحل منهما دونوں سے حلال ہونے کے لئے ایک ہی طواف کیا، حاصل یہ ہے کہ جب کوئی آدمی قران کرتا ہے تو وہ چار کام کرتا ہے، احرام، طواف، سعی اور احلال، احرام اور احلال میں کسی کا اختلاف نہیں کہ وہ ایک ہے، ایک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اگر قران کا احرام باندھتا ہو تو الگ الگ دو مرتبہ احرام باندھنے کی ضرورت نہیں ایک ہی ساتھ باندھ لینا کافی ہو جائے گا، اسی طرح سے جب قران سے حلال ہونا ہو تو الگ الگ حلال ہونے کی ضرورت نہیں ایک مرتبہ دونوں سے حلال ہو جانا کافی ہو جائے گا، صرف اختلاف اس بات میں ہے کہ طواف و سعی ایک مرتبہ ہوگی یا دو مرتبہ؟ جمہور علماء ایک مرتبہ کے قائل ہیں اور فطاف لهما طوافا واحدا سے استدلال کرتے ہیں، حنفیہ کی طرف سے یہ جواب دیا جاتا ہے کہ طاف لهما کے معنی ہیں طاف للحل منهما دونوں سے حلال ہونے کے لئے ایک طواف کیا ہے دو طواف کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

جمہور کی طرف سے اس پر یہ اشکال کیا گیا ہے کہ یہ مسئلہ تو مجمع علیہا ہے کہ حلال ہونے کے لئے الگ الگ عمل کی ضرورت نہیں ایک عمل کافی ہو جائے گا تو پھر اس کے بیان کی کیا ضرورت تھی؟

Maktaba Tul Ishaat.com

(۲) بعض علماء نے یہ جواب دیا کہ طاف لهما طوافا واحدا کے معنی ہیں طاف لهما نسقًا واحدا یعنی دونوں طواف اور دونوں سعی ایک ساتھ کی، اس پر یہ اشکال ہے کہ قران بین الاسابیع حنفیہ ومالکیہ کے یہاں مکروہ ہے، شافعیہ اور حنابلہ کے یہاں خلاف اولیٰ ہے، تو نبی کے فعل کو مکروہ یا خلاف اولیٰ حالت پر کیوں محمول کرتے ہیں؟ اس کا جواب یہ دیا گیا کہ حضور نے بیان جواز کے لئے کیا، اس پر پہلا اشکال یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ سے احادیث میں کہیں بھی یہ تصریح نہیں کہ آپ نے دو طواف اور دو سعی ایک ساتھ کئے اور آپ سے جو لوگ سنت نقل کرتے ہیں یہ اس کی تصریح کے خلاف بھی ہے، آپ نے ابن شہاب زہری کا قول پڑھا ہے لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ ﷺ سبوعًا قطُّ إِلَّا صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، جب بھی حضور ﷺ نے ایک طواف کیا اور سات چکر لگائے تو دو رکعت پڑھی، اس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہاں دو طواف علی نسق واحد نہیں ہوا ہے بلکہ جب بھی آپ نے کوئی طواف کیا تو دو رکعت ادا فرمائی ہے۔

(۳) امام طحاوی کے کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ طواف قدوم طواف عمرہ میں مندرج ہو گیا تھا، تو پہلا طواف ایک تھا لیکن ایک طواف میں دوسرا طواف مندرج ہو گیا، مگر حضرت عائشہؓ کی جو روایت ہے اس کے ساتھ یہ توجیہ جوڑ نہیں کھاتی ہے دیکھو روایت میں ہے فَطَافَ الَّذِينَ أَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ، ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى جن لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا انہوں نے مکہ میں داخل ہونے کے بعد طواف عمرہ کیا اور پھر منیٰ سے واپسی کے بعد دوسرا طواف کیا، پہلا طواف طوافِ عمرہ ہے اور دوسرا طواف طواف حج ہے، آگے کہتی ہیں وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا جن لوگوں نے حج وعمرہ کو جمع کیا تھا انہوں نے ایک ہی طواف کیا، اور یہ گفتگو ہے منیٰ سے واپسی کے بعد کے طواف کی، تو اس سے صاف یہ معلوم ہو گیا کہ حج وعمرہ کا جو ایک ساتھ طواف ہوا ہے وہ منیٰ سے واپسی پر ہوا ہے، اور طواف عمرہ طواف حج میں مندرج ہوا ہے اور ہونا بھی چاہئے، حج کی نسبت عمرہ سے اعلیٰ ہے لہذا طواف عمرہ طواف حج میں داخل ہو کر ادا ہوگا، حدیث نبوی دخلت العمرة فی الحج سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے۔

بہر حال فریقین کے پاس دلائل ہیں اور ہر ایک اپنی معلومات کے اعتبار سے استنباط واستخراج کرتا ہے اس لئے ائمۂ مجتہدین پر کوئی ملام نہیں ہے اور آدمی اپنے علم ہی کا مکلف ہے اسی کے اعتبار سے بیان بھی کرتا ہے۔

وھذا ما فتح الله علیّ وظهر لی والغیب عند الله

Maktaba Tul Ishaat.com

ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى: منیٰ سے واپسی کے بعد ایک طواف کیا، اس سے کیا مراد ہے؟ اس میں علماء کے تین اقوال ہیں۔

(۱) امام احمد فرماتے ہیں کہ یہ متمتع کا طواف قدوم ہے، پہلا طواف طوافِ عمرہ تھا اور متمتع کے طواف قدوم کا کوئی ذکر نہیں ہے وہ ہوا ہے منیٰ سے واپسی کے بعد، اور طواف زیارت کا اس حدیث میں ذکر نہیں، اس کا مطلب یہ نکلا کہ متمتعین نے منیٰ سے واپسی پر دو طواف کئے، ایک طواف قدوم دوسرا طواف زیارت، روایت میں طواف قدوم کا ذکر ہے اور طواف زیارت کا ذکر نہیں ہے، لیکن اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

(۲) علامہ موفق بن قدامہ کہتے ہیں کہ اس سے متمتعین کا طواف زیارت مراد ہے، اس پر اشکال یہ ہے کہ پھر وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا بَيْنَ الحَجِّ وَالعُمْرَةِ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا کہنے کی کیا ضرورت ہے؟ جیسے قارنین نے ایک طواف کیا متمتعین نے بھی ایک ہی طواف کیا، اس کا جواب آگے آرہا ہے۔

(۳) علامہ ابن قیم فرماتے ہیں کہ یہاں طواف سعی کے معنی میں ہے، حضرت عائشہؓ نے بتایا ہے کہ قارنین نے یوم النحر میں ایک ہی سعی کی تھی دوسری سعی نہیں کی، اور متمتعین نے دو سعی کی، ایک جب وہ مکہ میں داخل ہوئے اور دوسرے جب منیٰ سے واپس آئے۔

اس پر پہلا اشکال یہ ہے کہ لفظِ طواف جب بولا جاتا ہے تو عرفاً طوافِ بیت مراد ہوتا ہے اور ابن قیم اس کو سعی پر محمول کررہے ہیں، دوسرا اشکال یہ ہے کہ حضرت جابرؓ نے حضور ﷺ سے متعلق نقل کیا ہے لم يطف النبي ﷺ ولا أصحابه بين الصفا والمروة إلا طوافا واحدا طواف الأول رواه مسلم، لیکن اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ عائشہؓ مثبت ہیں اور جابرؓ نافی ہیں، اور جب مثبت ونافی میں تعارض ہوگا تو مثبت کو ترجیح ہوگی، لیکن یہ جواب بالکل خلاف ظاہر ہے، اور ابن قیم کی توجیہ کی تردید اس بات سے ہوتی ہے کہ امام بخاری نے یہی حدیث بَابُ كَيْفَ تُهِلُّ الحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ میں تخریج کی ہے اور اس میں وارد ہے فَطَافَ الَّذِينَ كَانُوا أَهَلُّوا بِالعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى، تو متمتعین کے متعلق یہ تصریح ہے کہ جب وہ مکہ میں داخل ہوئے تو پہلے بیت اللہ کا طواف کیا اور پھر سعی کی یہ اس بات کا قرینہ ہے کہ حدیث کے آخر میں طواف سے طواف بیت مراد ہے۔

(۴) اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ قارنین نے طوافِ رکن ایک ہی کیا، اس کی وضاحت یہ ہے کہ حضرت

Maktaba Tul Ishaat.com

عائشہؓ یہ بتارہی ہیں کہ متمتعین نے بھی حج وعمرہ کے لئے طواف کیا اور قارنین نے بھی، متمتعین نے دونوں کا طواف رکن الگ الگ کیا، جب مکہ میں داخل ہوئے تو عمرہ کا طواف کیا اور جب منیٰ سے واپس ہوئے تو حج کا طواف کیا، اور قارنین نے دونوں کا طوافِ رکن ایک ہی کیا، ان کا مکہ میں داخل ہونے کے وقت کا طواف تو طواف قدوم تھا اور طوافِ فرض منیٰ سے واپسی کے بعد ہوا ہے اور حج وعمرہ دونوں کا طواف ایک ہی ہوا ہے۔

تو صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ متمتعین نے حج وعمرہ دونوں کے لئے الگ الگ طواف کیا اور قارنین نے حج وعمرہ دونوں کا طواف ایک کیا، اب علامہ موفق پر جو اعتراض پڑتا تھا اس کا جواب معلوم ہوگیا اور انہوں نے طواف زیارت پر جو محمول کیا تھا اس پر یہ اعتراض ہوا تھا کہ جیسے قارنین نے ایک طواف کیا متمتعین نے بھی ایک کیا، اس کا جواب یہ ہوا کہ کیا تو دونوں نے منیٰ سے واپسی پر ایک طواف لیکن متمتعین کا طواف حج کا تھا اور قارنین کا طواف حج وعمرہ دونوں کا تھا، متمتعین نے عمرہ کا طواف مکہ میں داخل ہونے کے ساتھ ہی کر لیا تھا۔

ثُمَّ قَدِمَ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا: ابن عمرؓ کی یہ حدیث بظاہر حضرت عائشہؓ کی حدیث کے معارض ہے، ابن عمرؓ کی حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ طواف قدوم اور طواف عمرہ دونوں ساتھ ادا ہوئے اور عائشہؓ کی روایت میں یہ ہے کہ طواف زیارت اور طواف عمرہ دونوں ایک ساتھ ادا ہوئے، لیکن اس روایت میں بظاہر اختصار ہے۔

أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الحَجِّ وَالعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الأَوَّلِ: یہاں بھی ابن عمرؓ ہی کی روایت ہے، یہاں طواف اول سے مراد طواف قدوم نہیں بلکہ طواف اول سے مراد منیٰ سے واپسی کے بعد کا پہلا طواف ہے، منیٰ سے واپسی کے بعد حاجی دو طواف کرتا ہے، پہلا طواف جس کا اصل وقت دسویں تاریخ ہے وہ ہے طواف زیارت، اور دوسرا طواف جب حاجی مکہ سے روانہ ہونے لگتا ہے یعنی طواف وداع، فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ نے منیٰ سے واپسی پر جو طواف کیا ہے وہی طواف حج وعمرہ کے لئے کافی ہوگیا، یہ سیاق اس بات کی دلیل ہے کہ پہلے سیاق میں اختصار واقع ہوا ہے اسی کی طرف میں نے پہلے اشارہ کیا تھا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ۲۲۲) بَابُ الطَّوَافِ عَلَى وُضُوءٍ

١٦٣٦. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ الْقُرَشِيِّ أَنَّهُ سَأَلَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ قَدْ حَجَّ النَّبِيُّ ﷺ فَأَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّهُ أَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِينَ قَدِمَ أَنَّهُ تَوَضَّأَ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً ثُمَّ عُمَرُ مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ حَجَّ عُثْمَانُ فَرَأَيْتُهُ أَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً ثُمَّ مُعَاوِيَةُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِي الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ يَفْعَلُونَ ذَلِكَ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً ثُمَّ آخِرُ مَنْ رَأَيْتُ فَعَلَ ذَلِكَ ابْنُ عُمَرَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُضْهَا عُمْرَةً وَهَذَا ابْنُ عُمَرَ عِنْدَهُمْ فَلَا يَسْأَلُونَهُ وَلَا أَحَدٌ مِمَّنْ مَضَى مَا كَانُوا يَبْدَءُونَ بِشَيْءٍ حَتَّى يَضَعُوا أَقْدَامَهُمْ مِنَ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَا يَحِلُّونَ وَقَدْ رَأَيْتُ أُمِّي وَخَالَتِي حِينَ تَقْدَمَانِ لَا تَبْتَدِئَانِ بِشَيْءٍ أَوَّلَ مِنَ الْبَيْتِ تَطُوفَانِ بِهِ ثُمَّ إِنَّهُمَا لَا تَحِلَّانِ.

١٦٣٧. وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا أَهَلَّتْ هِيَ وَأُخْتُهَا وَالزُّبَيْرُ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ بِعُمْرَةٍ فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا.

ترجمہ: باب، طواف باوضو ہو کر کرنے کا بیان۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے یہ مسئلہ بیان فرمایا ہے کہ طواف کیلئے وضوء ضروری ہے، طواف کیلئے طہارت شرط ہے یا واجبات میں سے ہے شرائط میں سے نہیں ہے؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ جمہور علماء کہتے ہیں کہ شرط ہے، امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ شرط نہیں ہے، پھر فقہاء احناف میں اس کی تخریج میں اختلاف ہے، محمد بن شجاع کہتے ہیں کہ سنت ہے اور ابو بکر رازی کہتے ہیں کہ واجب ہے، صاحب ہدایہ وغیرہ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے، علامہ ابن تیمیہ کا رجحان بھی اسی بات کی طرف ہے کہ طہارت شرائط طواف میں سے نہیں ہے اور لکھا ہے کہ یہی اکثر سلف کا قول ہے، امام نووی نے یہ دعوی کیا ہے کہ امام ابو حنیفہ عدم اشتراط طہارت کے قول میں منفرد ہے، یہ دعوی صحیح نہیں ہے، حکم بن قتیبہ، حماد بن ابی سلیمان، منصور بن معتمر نے امام ابو حنیفہ کی موافقت کی ہے، حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اسی طرح دوسرے حضرات نے بحوالہ ابن ابی شیبہ ان حضرات کے آثار نقل کئے ہیں، امام بخاری نے ترجمہ میں اجمال رکھا ہے یہ صاف طور سے معلوم

Maktaba Tul Ishaat.com

نہیں ہوتا کہ وہ طہارت کو طواف کے لئے شرط قرار دیتے ہیں یا مستقل واجب؟ اقرب یہی معلوم ہوتا ہے کہ جمہور کے ہم خیال ہوں گے۔

أَنَّهُ سَأَلَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ قَدْ حَجَّ النَّبِيُّ: محمد بن عبد الرحمن نے عروہ سے اپنے طور پر سوال نہیں کیا تھا بلکہ ایک عراقی شخص نے سوال کیا تھا، یہ حدیث امام مسلم نے کتاب الحج میں ص ۴۰۵ پر تخریج کی ہے، میں اس کا تفصیلی واقعہ باب من طاف بالبیت إذا قدم مکۃ میں ذکر کر چکا ہوں نیز یہاں بخاری شریف میں موجود ہے، تو یہ حدیث متفق علیہ ہے لیکن علامہ ابو محمد بن حزم ظاہری جو ہر جگہ منفرد ہوتے ہیں یہاں بھی انہوں نے انفراد اختیار کیا اور یوں کہہ دیا کہ صاحب! یہ حدیث فاسد ہے لیکن علامہ کا یہ قول واہی ہے۔

أَنَّهُ أَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِينَ قَدِمَ: سب سے پہلے آپ نے جس چیز سے ابتداء کی ہے وہ یہ ہے کہ آپ نے وضوء کیا اور بیت اللہ کا طواف کیا، امام بخاری نے اس سے یہ اخذ فرمالیا کہ طواف کے لئے وضوء ضروری ہے اس لئے کہ اگر بلا وضوء طواف جائز ہوتا تو آنحضرت ﷺ تعلیم امت کے واسطے بلا وضوء طواف فرماتے۔

ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً: پھر آپ نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر عمرہ نہیں بنا۔

لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً میں کان تامہ ہے أی لم تحصل عمرۃ، اور ہو سکتا ہے کہ کان ناقصہ ہو اس صورت میں عمرۃً منصوب اور خبر ہوگا، تقدیر عبارت ہوگی ثم لم تکن تلک الفعلۃ عمرۃً، سائل نے اصل میں فسخ الحج الی العمرہ کے متعلق سوال کیا تھا، قاضی عیاض کہتے ہیں کہ ظاہر یہی ہے کہ سائل کا سوال عروہ سے فسخ الحج الی العمرہ کے متعلق تھا اور وہ یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ اگر کوئی حج کا احرام باندھ کر آئے اور پھر بیت اللہ کا طواف کر کے حلال ہو جائے تو اس کا حج فسخ ہو جائے گا یا نہیں؟ عروہ نے اس کا جواب دیا کہ خود نہ نبی اکرم ﷺ نے کیا اور نہ آپ کے بعد کے صحابہ ابو بکرؓ و عمرؓ نے کیا۔

فسخ الحج الی العمرہ کا حکم میں ما قبل میں بتلا چکا ہوں کہ امام احمد اس کے قائل ہیں لیکن دوسرے حضرات اس کو صحابۂ کرام کے ساتھ خاص سمجھتے ہیں، ابو ذر غفاریؓ فرماتے ہیں کانت المتعۃ فی الحج لأصحاب محمد ﷺ خاصۃ أو کما قال رواہ مسلم۔

تنبیہ: اس حدیث میں ہے لَمْ تَكُنْ عُمْرَةً اور مسلم میں ہے ثم لم تکن غیرہ، قاضی عیاض غیر اس کو مغیر و محرف کہتے ہیں، امام نووی فرماتے ہیں کہ توجیہ ممکن ہے یعنی ثم لم تکن غیر الحج محض طواف

Maktaba Tul Ishaat.com

کرنے کی وجہ سے عمرہ نہیں بنا بلکہ حج حج ہی رہا کیوں کہ ایک طواف کی وجہ سے آپ حلال نہیں ہوئے۔

وَقَدْ رَأَيْتُ أُمِّي وَخَالَتِي: عروہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی والدہ اور خالہ یعنی حضرت عائشہؓ کو دیکھا ہے کہ وہ آتی تھیں اور سب سے پہلے طواف کرتی تھیں اور حلال نہیں ہوتی تھیں، معلوم ہوا کہ محض طواف کرنے کی وجہ سے مفرد بالحج کا حج منفسخ ہو کر عمرہ نہیں بنے گا۔

وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي: مجھے میری ماں نے خبر دی کہ انہوں نے احرام باندھا اور ان کی بہن نے یعنی حضرت عائشہؓ نے اور حضرت زبیرؓ نے اور فلاں وفلاں نے عمرہ کا۔

فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا: جب انہوں نے مسح کیا رکن کا تو اس کے بعد حلال ہو گئے، رکن سے مراد حجر اسود ہے، لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ یہ کسی کا بھی مسلک نہیں ہے کہ حجر اسود کی تقبیل کے ساتھ ہی حاجی حلال ہو جائے گا اس لئے کہ سنت یہ ہے کہ جب حاجی حج کو آئے تو سب سے پہلے طواف کی ابتداء حجر اسود سے کرے، حجر اسود کی تقبیل کرے گا پھر کعبہ کے گرد چکر لگائے گا، اور یہ کسی کا بھی مسلک نہیں ہے کہ محض تقبیل کی وجہ سے حلال ہو جائے گا، اس لئے علامہ ابن التین نے یہ فرمایا کہ مسحوا الرکن میں رکن سے مراد رکن مروہ ہے، مگر ان کی یہ توجیہ صحیح نہیں ہے، اس واسطے کہ بخاری شریف میں یہی روایت ابواب عمرہ میں عنقریب آنے والی ہے اس میں ہے **فلما مسحنا البیت** ہم نے بیت اللہ کا مسح کیا تو معلوم ہوا کہ یہاں پر مسح رکن سے مراد مسح رکن اسود ہے، اب یہ کہا جائے گا کہ اس کلام میں حذف ہے اور مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں نے طواف اور سعی کر لی پھر حلال ہوئے۔

یہاں سوال ہوتا ہے کہ سائل نے حاجی کے متعلق سوال کیا تھا کہ مفرد بالحج آیا محض طواف کی وجہ سے حلال ہو جائے گا یا نہیں؟ مگر عروہ نے مفرد بالحج کا مسئلہ بیان کرنے کے بعد عمرہ کا مسئلہ کیوں ذکر کیا؟

اس کا ایک جواب یہ ہے کہ یہ من باب افادۃ المسئلۃ ہے، دوسرا جواب ہمارے حضرت گنگوہی نے دیا حضرت کے ارشاد کا خلاصہ یہ ہے کہ حاجی طواف اور سعی کر لینے کی وجہ سے حلال نہیں ہوتا ہاں البتہ اگر کوئی عمرہ کا احرام باندھ کر کے آتا ہے تو وہ طواف عمرہ کر لینے کے بعد حلال ہو جائے گا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢٢٢) بَابُ وُجُوبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَجُعِلَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ

١٦٣٨ ـ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ عُرْوَةُ سَأَلْتُ عَائِشَةَ فَقُلْتُ لَهَا أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالَى {إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا} فَوَاللّٰهِ مَا عَلَى أَحَدٍ جُنَاحٌ أَنْ لَا يَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَتْ بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ أُخْتِي إِنَّ هَذِهِ لَوْ كَانَتْ كَمَا أَوَّلْتَهَا عَلَيْهِ كَانَتْ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَتَطَوَّفَ بِهِمَا وَلَكِنَّهَا أُنْزِلَتْ فِي الْأَنْصَارِ كَانُوا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوا يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِي كَانُوا يَعْبُدُونَهَا عِنْدَ الْمُشَلَّلِ فَكَانَ مَنْ أَهَلَّ يَتَحَرَّجُ أَنْ يَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمَّا أَسْلَمُوا سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ عَنْ ذَلِكَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا نَتَحَرَّجُ أَنْ نَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى {إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ} الْآيَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ وَقَدْ سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَتْرُكَ الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ أَخْبَرْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَقَالَ إِنَّ هَذَا لَعِلْمٌ مَا كُنْتُ سَمِعْتُهُ وَلَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَذْكُرُونَ أَنَّ النَّاسَ إِلَّا مَنْ ذَكَرَتْ عَائِشَةُ مِمَّنْ كَانَ يُهِلُّ بِمَنَاةَ كَانُوا يَطُوفُونَ كُلُّهُمْ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمَّا ذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالَى الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ فِي الْقُرْآنِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُنَّا نَطُوفُ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَإِنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ فَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا فَهَلْ عَلَيْنَا مِنْ حَرَجٍ أَنْ نَطَّوَّفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى {إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ} الْآيَةَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ فَأَسْمَعُ هَذِهِ الْآيَةَ نَزَلَتْ فِي الْفَرِيقَيْنِ كِلَيْهِمَا فِي الَّذِينَ كَانُوا يَتَحَرَّجُونَ أَنْ يَطُوفُوا بِالْجَاهِلِيَّةِ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَالَّذِينَ يَطُوفُونَ ثُمَّ تَحَرَّجُوا أَنْ يَطُوفُوا بِهِمَا فِي الْإِسْلَامِ مِنْ أَجْلِ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى أَمَرَ بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا حَتَّى ذَكَرَ ذَلِكَ بَعْدَ مَا ذَكَرَ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ.

ترجمہ: باب، صفا اور مروہ کے درمیان سعی کے واجب ہونے کا بیان، اور یہ کہ صفا اور مروہ کی سعی اللہ کی نشانیوں میں سے قرار دی گئی ہے۔

حضرت عروہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے میں آپ کیا کہتی ہیں إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا (بے شک صفا اور مروہ اللہ کے شعائر میں سے ہیں تو جو شخص بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ ان دونوں کا طواف کرے)، پس خدا کی قسم کسی پر گناہ نہیں اس بات میں کہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرے، حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ بھانجے تم نے بری بات کہی، اگر اس آیت کے معنی وہ ہوتے جو تم نے بیان کئے تو الفاظ اس طرح ہوتے لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَتَطَوَّفَ بِهِمَا (کہ اس پر طواف

Maktaba Tul Ishaat.com

نہ کرنے میں کوئی گناہ نہیں)، بات یہ ہے کہ یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی وہ اسلام لانے سے قبل باطل بت مناۃ کے لئے احرام باندھتے تھے جس کی وہ پرستش کرتے تھے مشلل نامی جگہ کے پاس، توان میں سے جو احرام باندھتا وہ صفا اور مروہ کی سعی کو گناہ سمجھتا تھا، جب انہوں نے اسلام قبول کر لیا تو رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا انہوں نے کہا کہ یارسول اللہ! ہم صفا اور مروہ کے درمیان سعی کو گناہ سمجھتے تھے؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ الآيَةَ نازل فرمائی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کو مشروع فرمایا ہے توکسی کے لئے جائز نہیں ہے کہ ان کے درمیان سعی کو ترک کرے، پھر میں نے اس کی خبر ابو بکر بن عبد الرحمنؒ کو دی، انہوں نے فرمایا کہ بے شک یہ تو بڑا قیمتی علم ہے جس کو میں نے نہیں سنا تھا، تحقیق کہ میں نے متعدد اہل علم سے سنا وہ بیان کرتے تھے کہ جو لوگ یعنی ان کے علاوہ جن کا ذکر حضرت عائشہؓ نے کیا مناۃ کا احرام باندھتے تھے وہ سب کے سب صفا اور مروہ کی سعی کرتے تھے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے قرآن میں خانۂ کعبہ کا ذکر کیا اور صفا اور مروہ کا ذکر نہیں کیا تو انہوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! ہم صفا اور مروہ کی سعی کرتے تھے مگر اللہ تعالیٰ نے صرف بیت اللہ کے طواف کا ذکر کیا ہے صفا کا ذکر نہیں کیا تو کیا اس میں ہمارے اوپر کچھ حرج ہے کہ ہم صفا اور مروہ کی سعی کریں؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ الآيَةَ، ابو بکر کہتے ہیں کہ میں سن رہا ہوں کہ یہ آیت دونوں فریقوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے، ان لوگوں کے بارے میں بھی جو دور جاہلیت میں صفا اور مروہ کی سعی کو گناہ سمجھتے تھے اور ان لوگوں کے بارے میں بھی جنہوں نے ان دونوں کی سعی کو اسلام میں اس لئے گناہ سمجھا کہ اللہ نے خانۂ کعبہ کے طواف کا تو حکم دیا لیکن صفا کا ذکر نہیں کیا یہاں تک کہ طواف کعبہ کے ذکر کے بعد صفا کا ذکر فرمایا۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے سعی بین الصفا والمروۃ کا مسئلہ بیان فرمایا ہے۔

اس میں علماء کے تین قول ہیں، (۱) امام شافعی فرماتے ہیں کہ سعی بین الصفا والمروۃ رکن ہے، یہی امام مالک کا مشہور قول اور امام احمد بن حنبلؒ کی ایک روایت ہے، (۲) امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ سعی بین الصفا والمروۃ واجب ہے اگر کوئی اس کو ترک کرے گا تو اس پر دم واجب ہو گا، یہ امام مالک اور امام احمد سے دوسری روایت ہے اور اسی کو قاضی ابو یعلیٰ نے اختیار کیا ہے، (۳) امام احمد بن حنبلؒ سے ایک تیسری روایت یہ ہے کہ سعی بین الصفا والمروہ سنت ہے، حنابلہ کے اقوال ثلاثہ میں سے علامہ موفق حنبلی نے جو حنابلہ کے شیخ المذہب ہیں قول ثانی یعنی وجوب کے قول کو اختیار کیا ہے اور المغنی میں لکھا ہے وهو أولى، یہی سفیان ثوری کا مسلک ہے اور امام مالک سے عتبیہ میں یہی نقل کیا گیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

امام بخاری نے وجوب کی تصریح کی ہے، اقرب یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی اسی قول کے قائل ہیں، لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ انہوں نے وجوب بول کر فرضیت ورکنیت مراد لی ہو خصوصاً جبکہ آگے یہ بھی فرما رہے ہیں وَجُعِلَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ یعنی بین الصفا والمروہ کو اللہ نے اپنے شعائر اور حج کی علامات میں سے قرار دیا ہے، لیکن یہ کہا جاسکتا ہے کہ امام بخاری اسکے شعائر اللہ ہونے سے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ یہ واجب ہے اور وجوب سے رکنیت لازم نہیں آتی ہے، مگر حضرت عائشہؓ کی ذکر کردہ روایت سے بظاہر کچھ رکنیت ہی نکلتی ہے اسلئے کہ اسی روایت میں مسلم شریف میں حضرت عائشہؓ کا ارشاد وارد ہوا ہے مَا أَتَمَّ اللّٰهُ حَجَّ امْرِئٍ وَلَا عُمْرَتَهُ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ اللہ نے اس آدمی کے حج وعمرہ کو تام کیا ہی نہیں جس نے صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہیں کی۔

جو حضرات کہتے ہیں کہ سعی واجب ہے وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ترک واجب کی وجہ سے بھی بہر حال نقص پیدا ہوتا ہے، اگر کوئی آدمی سعی چھوڑ دے تو اس کا حج اور عمرہ مکمل نہیں ہوگا اس لئے کہ وہ تارکِ واجب ہے۔

لیکن اس پر اشکال یہ ہوگا کہ آپ یہ فرماتے ہیں کہ اس ترک واجب کے تدارک کے لئے دم دے دیا جائے اور جب دم دے دیا گیا تو تدارک ہو گیا لہٰذا حج اور عمرہ پورا ہو جائے گا حالانکہ حضرت عائشہؓ بلا کسی قید کے مَا أَتَمَّ اللّٰهُ حَجَّ امْرِئٍ وَلَا عُمْرَتَهُ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فرما رہی ہیں۔

امام ابن منذر نے سعی بین الصفا والمروہ کے وجوب اور اس کی رکنیت پر حبیبہ بنت ابی تجراۃؓ کی حدیث سے استدلال کیا ہے، فرماتی ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کو سعی کرتے ہوئے دیکھا اور آنحضرت ﷺ کی لنگی شدت سعی کی وجہ سے گھوم رہی تھی اور میں نے سنا کہ آپ یوں فرما رہے تھے اسْعَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ السَّعْيَ اے لوگو! سعی کرو اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر سعی کو لکھ دیا ہے أخرجه الشافعي وأحمد، مگر اس کی سند میں عبد اللہ بن مؤمل ہے جو کثیر الخطاء راوی ہے، اور تنہا یہ روایت اثبات رکنیت میں کافی نہیں ہو سکتی ہے ہاں اگر اسکے ساتھ یہ بھی ملا لیا جائے کہ حضور ﷺ نے فرمایا خُذُوا عَنِّي مَنَاسِكَكُمْ تو کسی درجہ میں رکنیت نکل سکتی ہے، لیکن منکرین یہ کہہ سکتے ہیں کہ خُذُوا عَنِّي مَنَاسِكَكُمْ کا لفظ عام ہے ان تمام طریقوں کو شامل ہے جو حضور ﷺ نے حج میں کئے ہیں چاہے علی وجہ الرکنیۃ کئے ہوں یا علی وجہ الوجوب یا علی وجہ الاستحباب۔

قَالَ عُرْوَةُ سَأَلْتُ عَائِشَةَ: عروہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ یہ جو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ الخ اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی صفا اور مروہ کا طواف نہ کرے

Maktaba Tul Ishaat.com.

تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے، عروہ کے سوال کا خلاصہ یہ ہے کہ جب حق تعالیٰ شانہٗ نے صفا اور مروہ کا طواف کرنے والے سے گناہ کی نفی کی ہے اور نفی گناہ دلیل اباحت ہے اس سے یہ معلوم ہو گیا کہ صفا اور مروہ کا طواف امور مباحات میں سے ہے لہٰذا اگر کوئی آدمی چھوڑ دے تو کوئی حرج کی بات نہیں۔

حضرت عائشہؓ نے اس کا جواب یہ دیا کہ اگر اباحت کا بیان کرنا مقصود ہوتا تو طائف سے رفع گناہ نہ فرماتے بلکہ تارک، طواف سے رفع گناہ فرماتے، اس لئے کہ ترک فعل پر گناہ کی نفی اباحت کی دلیل ہے، کوئی فعل ترک کرے اور اسکے متعلق یہ کہا جائے کہ کوئی حرج نہیں تو مطلب یہی نکلتا ہے کہ یہ فعل مباحات میں سے ہے اور اس کی منظوریت واستحباب کو ثابت کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ فاعل کے فعل پر ثواب مرتب ہوتا ہو، اور فرضیت ثابت کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ اس فعل کے ترک پر عقاب ہو، تو اگر قرآن پاک کا مقصود اباحت بیان کرنا ہوتا تو قرآن گناہ کی نفی طواف کرنے والے سے نہ کرتا بلکہ طواف کے ترک کرنے والے سے کرتا۔

اب سوال یہ ہوتا ہے کہ اگر مقصود بیان اباحت نہیں ہے تو پھر قرآن نے یہ انداز بیان کیوں اختیار کیا؟

حضرت عائشہؓ نے اس کا جواب دیا کہ اصل میں یہ انداز بیان سائلین کے سوال پر مرتب ہوا ہے، ان کو طواف میں گناہ معلوم ہوتا تھا اور وہ اس کو گناہ سمجھتے تھے اس لئے حق تعالیٰ شانہ نے ان کے اس توہم کو دور کر دیا اور یہ بتلا دیا کہ طواف کرنے والوں پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

طواف بین الصفا والمروہ کو گناہ سمجھنے کی وجہ کیا تھی؟ تین قسم کے لوگ تھے۔

(۱) حضرت عائشہؓ نے یہ نقل کیا ہے کہ اصل میں صورت حال یہ تھی کہ انصار اسلام سے پہلے مناۃ نامی بت کے نام پر احرام باندھتے تھے جو مشلّل پر نصب تھا اور جو اس کے نام پر احرام باندھتا وہ صفا اور مروہ کا طواف نہیں کرتا تھا، اب جب اسلام آیا تو انہوں نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! جاہلیت میں تو ہمارا معمول یہ تھا کہ ہم مناۃ کے نام پر احرام باندھتے تھے اور صفا اور مروہ کے طواف سے ہم کو حرج اور تنگی معلوم ہوتی تھی، ہم سعی کرتے نہیں تھے، اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ إلخ نازل فرما کر یہ بتلا دیا کہ اسلام میں صفا اور مروہ کا طواف مطلوب ہے اور طائف پر کوئی حرج نہیں۔

اب دو باتیں بیان کرنی ہیں، ا۔ سوال یہ ہے کہ یہاں پر دو قراء تیں ہیں ایک قراءت متواترہ ہے اس میں ہے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا، دوسری قراءت حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ، ابن عباسؓ اور ابی بن کعبؓ سے ابن

Maktaba Tul Ishaat.com

جریر طبری اور ابن ابی داؤد نے ان حضرات سے نقل کیا ہے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا، اس قراءت میں جناح کی نفی ترک طواف کرنے والے سے کی جارہی ہے اور یہ عین اباحت ہے لہذا عروہ کی بات ثابت ہوگئی۔

اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں ا۔یہ قراءت شاذہ قراءت مشہورہ پر محمول ہے اور لا زائدہ ہے، ۲۔قراءت متواترہ کے مقابل میں شاذہ کا کیا اعتبار؟ اس پر اشکال یہ ہے کہ علامہ موفق نے المغنی میں ایک مقام پر لکھا ہے کہ اُبیؓ وابن مسعودؓ کی قراءت خبر کے درجہ سے کم نہیں ہے یعنی جیسے حدیث کا اعتبار ہوتا ہے ایسے ہی اس کا بھی اعتبار کیا جائے گا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ صحیح ہے کہ قراءت شاذہ خبر کے درجہ سے کم نہیں ہوتی ہے لیکن اگر متواتر کے معارض ہوگی تو متواتر کو ترجیح حاصل ہوگی۔

۲۔دوسری بات یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا کا طرز اختیار کرنے کی جو وجہ بیان کی ہے جب یہ بات ابو بکر بن عبد الرحمن نے سنی تو یوں فرمایا إِنَّ هَذَا لَعِلْمٌ مَا كُنْتُ سَمِعْتُهُ یہ علم میں نے سنا نہیں، اور حاشیہ کا نسخہ ہے إِنَّ هَذَا الْعِلْمُ یہ تو بڑا عظیم علم ہے میں نے سنا نہیں، اور پھر ایک اور بات نقل کی۔

(۲) حاصل اس کا یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ نے جن لوگوں کا تذکرہ کیا ہے ان کو مستثنیٰ کر کے باقی حضرات کا معمول یہ تھا کہ جو مناۃ کے نام کا احرام باندھتا وہ صفا اور مروہ کا طواف کرتا تھا، اب جب قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کے طواف کا ذکر فرمایا اور صفا اور مروہ کے طواف کا ذکر نہیں کیا تو ان کو ہوئی تنگی اور حضور اکرم ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا اور کہا کہ اگر ہم بیت اللہ کا طواف کریں تو ہم پر کوئی تنگی تو نہیں؟ اس پر قرآن نے یوں فرمادیا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا تو معلوم یہ ہوا کہ ان حضرات کو طواف صفا و مروہ کے سلسلہ میں تنگی اس وجہ سے ہوئی کہ قرآن نے طواف بیت کا تذکرہ کیا اور طواف صفا و مروہ کا تذکرہ نہیں کیا، ابو بکر بن عبد الرحمن نے دونوں میں جمع کیا اور یوں فرماتے ہیں کہ دونوں قسم کے لوگ تھے، بعض وہ تھے جو مناۃ کے نام پر احرام باندھتے اور صفا و مروہ کا طواف نہیں کرتے تھے، اور بعض وہ تھے جو مناۃ کے نام کا احرام باندھتے تھے اور صفا و مروہ کا طواف کرتے تھے، دونوں فریقوں کو طوافِ صفا و مروہ کے سلسلہ میں تنگی ہوئی دونوں نے سوال کیا، قرآن نے دونوں کے بارے میں یہ کہہ دیا لا کوئی حرج نہیں، فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا۔

(۳) اور مسلم کی ایک روایت میں یہ ہے کہ اصل میں جو لوگ بت کے نام پر احرام باندھتے تھے وہ صفا و مروہ کا طواف کرتے تھے، جب اسلام آیا تو انہیں یہ خیال ہوا کہ صفا و مروہ کا طواف تو سنت جاہلیہ ہے جو ختم ہو

Maktaba Tul Ishaat.com

چکی اب اسلام میں ہم اس کا طواف کیسے کریں؟ قرآن پاک نے یہ فرمادیا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا۔

اب یہ کہا جاسکتا ہے کہ تینوں فریقوں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی، لیکن بات یہ ہے کہ یہاں بخاری میں تھوڑا سا اختصار ہوگیا ہے، اصل میں جو لوگ بت کے نام پر احرام باندھتے تھے وہ صفا و مروہ کا طواف کرتے تھے، جب اسلام آیا تو ان کو صفا و مروہ کے طواف میں تنگی ہوئی اس لئے کہ یہ سنت جاہلیہ تھی اور قرآن نے طواف بیت کا ذکر کیا طواف صفا و مروہ کا ذکر کیا نہیں، تو انہیں یہ خیال آیا کہ معلوم ہوتا ہے کہ جاہلیت کا فعل ہے اس لئے قرآن عزیز نے طواف بیت کے ساتھ اس کا تذکرہ نہیں فرمایا اور حضور اکرم ﷺ سے استفسار کیا اس پر قرآن کی آیت إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ نازل ہوئی۔

(ص ٢٢٣) بَابُ مَا جَاءَ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ السَّعْيُ مِنْ دَارِ بَنِي عَبَّادٍ إِلَى زُقَاقِ بَنِي أَبِي حُسَيْنٍ.

١٦٣٩. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا طَافَ الطَّوَافَ الْأَوَّلَ خَبَّ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا وَكَانَ يَسْعَى بَطْنَ الْمَسِيلِ إِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقُلْتُ لِنَافِعٍ أَكَانَ عَبْدُ اللهِ يَمْشِي إِذَا بَلَغَ الرُّكْنَ الْيَمَانِيَ؟ قَالَ لَا إِلَّا أَنْ يُزَاحَمَ عَلَى الرُّكْنِ فَإِنَّهُ كَانَ لَا يَدَعُهُ حَتَّى يَسْتَلِمَهُ.

١٦٤٠. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَافَ بِالْبَيْتِ فِي عُمْرَةٍ وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ أَيَأْتِي امْرَأَتَهُ؟ فَقَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ فَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا {لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ}.

١٦٤١. وَسَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ لَا يَقْرَبَنَّهَا حَتَّى يَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ.

١٦٤٢. حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ ﷺ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ تَلَا (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ إِسْوَةٌ حَسَنَةٌ).

١٦٤٣. حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَكُنْتُمْ تَكْرَهُونَ

Maktaba Tul Ishaat.com

السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ نَعَمْ لِأَنَّهَا كَانَتْ مِنْ شَعَائِرِ الْجَاهِلِيَّةِ حَتَّى أَنْزَلَ اللهُ {إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا}.

١٦٤٤ . حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّمَا سَعَى رَسُولُ اللهِ ﷺ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِينَ قُوَّتَهُ زَادَ الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو سَمِعْتُ عَطَاءً عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ.

ترجمہ: باب، صفااور مروہ کے درمیان سعی کے بارے میں جو وارد ہوا ہے اس کا بیان۔

حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ سعی (یعنی دوڑنا) بنی عباد کے گھر سے بنی ابی حسین کے کوچہ تک ہے۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے یہ بیان فرمایا ہے کہ صفا و مروہ کی سعی کہاں پر ہوگی؟ فرماتے ہیں کہ صفا و مروہ کے بیچ میں ہوگی، معلوم ہوا کہ صفا پر نہ چڑھے اور نہ مروہ کے اوپر جا کر چڑھے، اس کے بیچ بیچ میں کرے، بالکل اوپر چڑھنا تو کچھ بھی نہیں ہے، بہر حال کچھ صفا پر چڑھ کر وادی میں اترتے ہیں اور پھر چل کر مروہ پر چڑھتے ہیں۔

صفا اور مروہ کی سعی کا حکم کیا ہے؟ بعض کہتے ہیں کہ تعبدی حکم ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ حضرت ہاجر کی سنت کا احیاء ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ اصل میں حضور اکرم ﷺ نے مشرکین کو مسلمین کی طاقت دکھانے کے لئے سعی کی تھی اور اس کے بعد پھر یہ حکم باقی رہ گیا۔

سعی کی ابتداء اور انتہاء کیا ہوگی؟ امام بخاری اصلاً و بالذات اسی بات کو بیان کرنا چاہتے ہیں اور اس کے لئے انہوں نے ابن عمرؓ کا اثر ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا السَّعْيُ مِنْ دَارِ بَنِي عَبَّادٍ إِلَى زُقَاقِ بَنِي أَبِي حُسَيْنٍ، بنو عباد کا مکان صفا کی جانب ہے اور بنو ابی حسین کا مکان مروہ کی جانب ہے اور مطلب یہ ہے کہ سعی کی ابتداء صفا سے ہوگی اور انتہاء مروہ پر ہوگی۔

ایک شوط کب شمار ہوگا؟ جمہور علماء جس میں ائمۂ اربعہ بھی ہیں فرماتے ہیں کہ سعی کی ابتداء صفا سے ہوگی اور انتہاء مروہ پر ہوگی، لہٰذا ساتواں شوط مروہ پر ختم ہوگا۔

اور ایک بہت بڑی جماعت جس میں امام طحاوی، ابن جریر طبری، ابو عبدالرحمن بن بنت الشافعیؒ، ابو حفص

Maktaba Tul Ishaat.com

بن الوکیل، ابو بکر سلفی اور ابو سعید اصطخری وغیرہ اکابر شافعیہ ہیں وہ فرماتے ہیں کہ صفا سے مروہ پر اور پھر مروہ سے صفا پر یہ ایک شوط ہے لہذا صفا ہی سے ابتداء ہوگی اور صفا ہی پر انتہاء ہوگی۔

علماء محققین نے اس قول کو غلط قرار دیا ہے، علامہ موفق اور امام نووی وغیرہ فرماتے ہیں کہ یہ قول غلط ہے، مصنف بھی اس مسئلہ میں جمہور کے ہم خیال ہیں اسی لئے انہوں نے ابن عمرؓ کا اثر ذکر کیا ہے السَّعْيُ مِنْ دَارِ بَنِي عَبَّادٍ إِلَى زُقَاقِ بَنِي أَبِي حُسَيْنٍ سعی کی ابتداء دار بنو عباد یعنی صفا سے ہوگی اور زقاق بنی ابی حسین پر یعنی مروہ پر انتہاء ہوگی۔

صفا سے ابتداء اور مروہ پر انتہاء؛ کیا درجہ رکھتا ہے؟ واجب ہے یا سنت یا کیا ہے؟ اس مسئلہ میں اختلاف ہے، حضرات ائمۂ ثلاثہ ارشاد فرماتے ہیں کہ بداءۃ بالصفا شرط ہے، حضرات حنفیہ کے اس مسئلہ میں تین قول ہیں، ایک قول یہ ہے کہ شرط ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ واجب ہے، تیسرا قول کرمانی حنفی نے اپنے مناسک میں سنیت کا ذکر کیا ہے، ان اقوال ثلاثہ میں سے قول اوسط اعدل الاقوال ہے اسی کو علامہ ابن ہمام اور مولانا علی قاری اور دوسرے حضرات نے اختیار کیا ہے۔

صفا سے ابتداء کا وجوب کس دلیل سے مستفاد ہے؟ اس میں دو قول ہیں، امام شافعی واحمد کہتے ہیں کہ واؤ سے، واؤ سے مستفاد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے إِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةَ واؤ عاطفہ کے ساتھ ذکر کیا ہے پہلے صفا کو اور پھر مروہ کو بیان کیا ہے اور واؤ ترتیب کے لئے آتا ہے معلوم ہوا کہ صفا سے ابتداء ہوگی، لیکن جمہور علماء واؤ کو ترتیب کے لئے تسلیم نہیں کرتے ہیں اس لئے وہ کہتے ہیں کہ یہ وجوب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے مستفاد ہے، آپ نے صفا سے ابتداء کی تھی اور یوں فرمایا تھا نبدأ بما بدأ الله به، یا أبدأ بما بدأ الله به، اور بعض الفاظ حدیث میں ہے ابدءوا بما بدأ الله به، ان تینوں الفاظ کو اور ان کے مخارج کو میں مسلم شریف میں حضرت جابرؓ کی حدیث طویل کے ذیل میں بیان کر چکا ہوں اور وہاں اس سے مزید کلام گزر چکا ہے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ: امام بخاری نے اس باب میں جتنی روایتیں ذکر کی ہیں وہ سب مصنف کے مدعا کے لئے مثبت ہیں یعنی سعی صفا اور مروہ کے درمیان ہوگی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢٢٣) بَاب تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ

وَإِذَا سَعَى عَلَى غَيْرِ وُضُوءٍ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

١٦٤٥. حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ قَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَتْ فَشَكَوْتُ ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ﷺ قَالَ افْعَلِي كَمَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ حَتَّى تَطْهُرِي.

١٦٤٦. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ ح وَقَالَ لِي خَلِيفَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَهَلَّ النَّبِيُّ ﷺ هُوَ وَأَصْحَابُهُ بِالْحَجِّ وَلَيْسَ مَعَ أَحَدٍ مِنْهُمْ هَدْيٌ غَيْرَ النَّبِيِّ ﷺ وَطَلْحَةَ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ وَمَعَهُ هَدْيٌ فَقَالَ أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ ﷺ فَأَمَرَ النَّبِيُّ ﷺ أَصْحَابَهُ أَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً وَيَطُوفُوا ثُمَّ يُقَصِّرُوا وَيَحِلُّوا إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَقَالُوا نَنْطَلِقُ إِلَى مِنًى وَذَكَرُ أَحَدِنَا يَقْطُرُ فَبَلَغَ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ وَلَوْلَا أَنَّ مَعِي الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ وَحَاضَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا فَنَسَكَتِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ أَنَّهَا لَمْ تَطُفْ بِالْبَيْتِ فَلَمَّا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ تَنْطَلِقُونَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ وَأَنْطَلِقُ بِحَجٍّ؟ فَأَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ أَنْ يَخْرُجَ مَعَهَا إِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرَتْ بَعْدَ الْحَجِّ.

١٦٤٧. حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ كُنَّا نَمْنَعُ عَوَاتِقَنَا أَنْ يَخْرُجْنَ فَقَدِمَتِ امْرَأَةٌ فَنَزَلَتْ قَصْرَ بَنِي خَلَفٍ فَحَدَّثَتْ أَنَّ أُخْتَهَا كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ قَدْ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَكَانَتْ أُخْتِي مَعَهُ فِي سِتِّ غَزَوَاتٍ قَالَتْ كُنَّا نُدَاوِي الْكَلْمَى وَنَقُومُ عَلَى الْمَرْضَى فَسَأَلَتْ أُخْتِي رَسُولَ اللَّهِ ﷺ فَقَالَتْ هَلْ عَلَى إِحْدَانَا بَأْسٌ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ أَنْ لَا تَخْرُجَ قَالَ لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا وَلْتَشْهَدِ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِينَ فَلَمَّا قَدِمَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ سَأَلْنَهَا أَوْ قَالَتْ سَأَلْنَاهَا فَقَالَتْ وَكَانَتْ لَا تَذْكُرُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ أَبَدًا إِلَّا قَالَتْ بِأَبِي فَقُلْنَا أَسَمِعْتِ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ نَعَمْ بِأَبِي فَقَالَ لِتَخْرُجِ الْعَوَاتِقُ ذَوَاتُ الْخُدُورِ أَوِ الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُورِ وَالْحُيَّضُ فَيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِينَ وَيَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلَّى فَقُلْتُ: أَلْحَائِضُ؟ فَقَالَتْ أَوَلَيْسَ تَشْهَدُ عَرَفَةَ وَتَشْهَدُ كَذَا وَتَشْهَدُ كَذَا.

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ حیض والی عورت حج کے تمام افعال ادا کرے سوائے بیت اللہ کے طواف کے اور جب کوئی شخص بغیر وضو کے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے تو کیا حکم ہے؟

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمہ میں دو جزء ذکر کئے ہیں، جزء اول کتاب الحیض میں گزر چکا ہے لیکن وہاں بحیثیت مسائل حیض کے ذکر فرمایا ہے اور یہاں بحیثیت مناسک کے، اس لئے یہ تکرار مضر نہیں ہے۔

جزء اول کا مقصد ظاہر ہے کہ حائض بحالت حیض سارے مناسک حج ادا کر سکتی ہے صرف بیت اللہ کا طواف نہیں کرے گی؟ جمہور علماء فرماتے ہیں اس لئے کہ طواف کے لئے طہارت شرط ہے اور یہ ناپاک ہوتی ہے۔

حنفیہ کے یہاں طواف کے لئے طہارت شرط نہیں ہے لہٰذا احناف اس کی علت یہ بیان کرتے ہیں کہ طواف مسجد میں ہوتا ہے اس لئے وہ طواف نہیں کرے گی، مگر اس تعلیل پر حضرت مولانا عبدالحی لکھنوی نے اشکال کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ پھر اگر کوئی عورت لنگوٹ باندھ کر سات چکر لگالے تو اس کا طواف ہو جانا چاہئے حالانکہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عائشہؓ کو حکم فرمایا تھا افْعَلِي مَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ وہ کرو جو حاجی کرتا ہے لیکن بیت اللہ کا طواف نہ کرنا۔

سعی کے لئے طہارت کا حکم: آگے مصنف نے دوسرا جزء ذکر فرمایا ہے وَإِذَا سَعَى عَلَى غَيْرِ وُضُوءٍ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سعی بین الصفا والمروہ کے واسطے طہارت شرط ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے، بعض صحابہ، بعض تابعین حسن بصری اور امام احمد ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ صفا اور مروہ کے طواف کے لئے طہارت شرط ہے، جمہور علماء کی رائے ہے کہ طہارت شرط نہیں ہے، امام بخاری طواف بیت کے لئے طہارت شرط مانتے ہیں لیکن طواف بین الصفا والمروہ کے واسطے طہارت شرط نہیں مانتے ہیں۔

یہاں سوال ہے کہ امام بخاری نے روایت الباب سے یہ کیسے اخذ کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت رسول پاک ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے یوں ارشاد فرمایا تھا افْعَلِي مَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ جو حاجی کرتا ہے وہ سب کچھ کرو صرف بیت اللہ کا طواف نہ کرنا، معلوم ہوا کہ حائضہ صرف ممنوع عن طواف البیت ہے ممنوع عن طواف الصفا والمروۃ نہیں ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ بیت اللہ کے طواف کے لئے طہارت شرط ہے صفا اور مروہ کی سعی کے لئے طہارت شرط نہیں ہے، لیکن چونکہ مسئلہ بہر حال محتمل تھا اس لئے امام بخاری نے صاف

Maktaba Tul Ishaat.com

صاف نہیں فرمایا کہ سعی بین الصفاوالمروہ کے لئے طہارت شرط نہیں ہے۔

روایت الباب کے بعض طرق میں أنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ وَلَا بين الصَّفَا والمروة وارد ہوا ہے، ممکن ہے کہ بخاری نے اس کی طرف اشارہ کیا ہو لیکن یہ زیادتی محدثانہ اصول سے شاذ ہے، امام مالک کے تلامذہ میں صرف یحی نیساپوری نقل کرتے ہیں اور کوئی بھی نقل نہیں کرتا ہے، حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اگر یحی النیساپوری کی روایت ثابت مان لی جائے اور واقعۃً انہوں نے امام مالک سے وَلَا بين الصَّفَا والمروة سنا ہے تو بھی اشتراط طہارت للسعی مستفاد نہیں ہوسکتا ہے، اس لئے کہ ہوسکتا ہے اصلاً وبالذات طہارت طواف بیت کے لئے شرط ہے اور چونکہ طواف بیت کے بعد ہی سعی ہوتی ہے اس لئے آگے وَلَا بين الصَّفَا والمروة بھی ارشاد فرمادیا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى: امام بخاری نے یہ حدیث دو سندوں سے نقل کی ہے اور عادت کے مطابق سند ثانی کے الفاظ ذکر کئے ہیں، سند اول کے الفاظ یہاں نہیں بلکہ ابواب عمرہ میں ذکر فرمائے ہیں۔

وَقَالَ لِي خَلِيفَةُ: یہ خلیفہ بن خیاط ہیں جن کا لقب شباب ہے، امام بخاری نے غالباً ان سے یہ حدیث علی سبیل المذاکرہ لی تھی۔

وَلَيْسَ مَعَ أَحَدٍ مِنْهُمْ هَدْيٌ غَيْرَ النَّبِيِّ ﷺ وَطَلْحَةَ: کسی کے ساتھ بھی ہدی نہیں تھی سوائے نبی کریم ﷺ اور طلحہؓ کے، یہ حضرت جابرؓ نے اپنے علم کے اعتبار سے فرمایا ہے ورنہ مسلم شریف کی ایک روایت میں وارد ہے کہ ابوبکر صدیقؓ اور عمرؓ اور مالدار لوگوں کے پاس ہدی تھی اور مسلم ہی کی ایک روایت میں حضرت زبیرؓ کے ساتھ بھی ہدی ہونا مذکور ہے۔

فَلَمَّا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ: یہ ہے مقصود بالترجمہ، اور اسی طرح اس سے پہلا لفظ فَنَسَكَتُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ أَنَّهَا لَمْ تَطُفْ بِالْبَيْتِ فَلَمَّا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ یہ پورا لفظ مقصود بالترجمہ ہے۔

حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ: یہ آخری جملہ فَقَالَتْ أَوَلَيْسَ تَشْهَدُ عَرَفَةَ وَتَشْهَدُ كَذَا وَتَشْهَدُ كَذَا مقصود بالترجمہ ہے، اور ویسے یہ روایت کتاب الحیض اور اسی طرح ابواب عیدین میں گزر چکی ہے اور وہاں کلام گزر چکا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

(ص ٢٢٤) بَابُ الإِهْلَالِ مِنَ الْبَطْحَاءِ وَغَيْرِهَا لِلْمَكِّيِّ وَلِلْحَاجِّ إِذَا خَرَجَ إِلَى مِنًى

وَسُئِلَ عَطَاءٌ عَنِ الْمُجَاوِرِ يُلَبِّي بِالْحَجِّ؟ فَقَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ يُلَبِّي يَوْمَ التَّرْوِيَةِ إِذَا صَلَّى الظُّهْرَ وَاسْتَوَى عَلَى رَاحِلَتِهِ، وَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَدِمْنَا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فَأَحْلَلْنَا حَتَّى يَوْمِ التَّرْوِيَةِ وَجَعَلْنَا مَكَّةَ بِظَهْرٍ لَبَّيْنَا بِالْحَجِّ، وَقَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَهْلَلْنَا مِنَ الْبَطْحَاءِ، وَقَالَ عُبَيْدُ بْنُ جُرَيْجٍ لِابْنِ عُمَرَ رَأَيْتُكَ إِذَا كُنْتَ بِمَكَّةَ أَهَلَّ النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْهِلَالَ وَلَمْ تُهِلَّ أَنْتَ حَتَّى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ فَقَالَ لَمْ أَرَ النَّبِيَّ ﷺ يُهِلُّ حَتَّى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ.

ترجمہ: باب، مکی کے لئے اور (اس) آفاقی کے لئے (جو کہ مکہ میں مقیم ہو) بطحاء وغیرہ سے احرام باندھنے کا بیان جب کہ وہ منی کی طرف نکلے۔

تشریح: امام بخاری نے اس ترجمۃ الباب سے یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ مکی آدمی کہاں سے احرام باندھے؟ اور اسی طرح وہ آفاقی جو مکہ میں حلال ہونے کی حالت میں مقیم ہو تو وہ کہاں سے احرام باندھے؟

مکی کا میقات امام شافعی کے یہاں نفس مکہ ہے، ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں کہ سارا حرم ہے، اور امام شافعی سے بھی ایک قول نقل کیا گیا ہے لیکن ان کا راجح قول پہلا ہی ہے، امام مالک اور امام احمد سے یہاں تک نقل کیا گیا ہے کہ مکی اگر حِلّ سے احرام باندھے تو صحیح ہو جائے گا، امام بخاری کی رائے اس مسئلہ میں یہ معلوم ہوتی ہے کہ مکی کا میقات نفس مکہ ہے۔

وَسُئِلَ عَطَاءٌ عَنِ الْمُجَاوِرِ: عطاء سے پوچھا گیا کہ جو آدمی مکہ میں مقیم ہو وہ حج کا تلبیہ پڑھے؟ فرمایا کہ ابن عمرؓ یوم الترویہ کو تلبیہ پڑھتے تھے، اس سے معلوم ہوا کہ مکہ والے آٹھویں تاریخ کو احرام باندھیں گے، امام شافعی واحمد اسی کو افضل کہتے ہیں، امام مالک اور ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ پہلی تاریخ کو احرام باندھنا ان کیلئے افضل ہے کیوں کہ حضرت عمرؓ نے اہل مکہ سے فرمایا تھا کہ یہ کیا بات ہے کہ تم لوگ سرمہ اور تیل لگائے پھرتے ہو اور باہر کے لوگ احرام کی حالت میں ہوتے ہیں إذا رأيتم الهلال فأهلوا بالحجِّ رواہ مالک وابن المنذر۔

وَقَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَهْلَلْنَا مِنَ الْبَطْحَاءِ: بطحاء مکہ سے ہم نے احرام باندھا یعنی ابطح سے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

وَقَالَ عُبَيْدُ بْنُ جُرَيْجٍ لِابْنِ عُمَرَ: مکہ میں آدمی سواری پر سوار ہوتا ہے آٹھویں تاریخ کو لہذا آٹھویں تاریخ کو احرام باندھے گا۔

(ص ٢٢٤) بَابُ أَيْنَ يُصَلِّي الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ

١٦٤٨۔ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الأَزْرَقُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ العَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قُلْتُ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالعَصْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ؟ قَالَ بِمِنًى قُلْتُ فَأَيْنَ صَلَّى العَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ؟ قَالَ بِالأَبْطَحِ ثُمَّ قَالَ افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكَ.

١٦٤٩۔ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ سَمِعَ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ العَزِيزِ لَقِيتُ أَنَسًا ح وحَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ العَزِيزِ قَالَ خَرَجْتُ إِلَى مِنًى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ فَلَقِيتُ أَنَسًا ذَاهِبًا عَلَى حِمَارٍ فَقُلْتُ أَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ ﷺ هَذَا اليَوْمَ الظُّهْرَ؟ فَقَالَ انْظُرْ حَيْثُ يُصَلِّي أُمَرَاؤُكَ فَصَلِّ.

ترجمہ: باب، اس بات کا بیان کہ آٹھ ذی الحجہ کو ظہر کہاں ادا کرے؟

عبد العزیز بن رفیع نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالکؓ سے دریافت کیا کہ مجھے اس بارے میں کہ آپ ﷺ نے آٹھ ذی الحجہ کو ظہر اور عصر کہاں پڑھی تھی وہ بتائیں جو آپ نے پیغمبر ﷺ سے اچھی طرح یاد کی ہو؟ انہوں نے جواب دیا کہ منیٰ میں، میں نے کہا کہ (منیٰ سے) کوچ کے دن عصر کہاں پڑھی؟ تو فرمایا کہ ابطح میں، پھر فرمایا کہ تم اس طرح کرو جس طرح تمہارے امراء کرتے ہیں۔

عبد العزیز بیان کرتے ہیں کہ میں منیٰ کی طرف نکلا تو میری ملاقات حضرت انسؓ سے ہوگئی اس حال میں کہ وہ ایک گدھے پر تشریف لے جارہے تھے میں نے معلوم کیا کہ نبی ﷺ نے آج کے دن ظہر کہاں پڑھی؟ تو فرمایا کہ دیکھو جہاں تمہارے امراء پڑھیں وہیں تم پڑھو۔

تشریح: آٹھویں تاریخ کو ظہر کہاں پڑھے گا؟ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ آٹھویں تاریخ کو مکہ سے حاجی منیٰ جائے گا اور وہاں ظہر کی نماز پڑھے گا اور وہیں قیام کرے گا اور باقی پانچوں نمازیں پوری کرے گا اور دوسرے دن حاجی فجر پڑھے گا اس کے بعد عرفات کی طرف روانگی ہوگی۔

شافعیہ کا اصح قول یہی ہے، ان کا ایک قول یہ ہے کہ مکہ میں ظہر کی نماز پڑھ کر پھر منیٰ چلے، امام بخاری نے

Maktaba Tul Ishaat.com

جمہور علماء کے قول کو اختیار فرمایا ہے لیکن امام نے ترجمہ میں أينَ يُصَلِّي الظُّهرَ ذکر کیا یہ نہیں فرمایا یصلی الظهر بمنی، حالانکہ روایت میں یہ تصریح ہے کہ حضور ﷺ نے منیٰ میں ظہر پڑھی تھی، اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت انسؓ نے سائل سے یوں فرمایا تھا افعَلْ كَمَا يَفعَلُ أُمَرَاؤُكَ، معلوم ہوا کہ آٹھویں تاریخ کو ظہر کی نماز منیٰ میں ادا کرنا ضروری نہیں ہے اگر مصلحت ہو تو اس کو ترک کیا جاسکتا ہے۔

أينَ صَلَّى الظُّهرَ وَالعَصرَ يَومَ التَّروِيَةِ؟ علامہ داؤدی کہتے ہیں کہ اس روایت میں عصر کا تذکرہ وہم ہے، عصر کا ذکر تو یوم النفر میں ہے، حافظ ابن حجر وغیرہ نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ عصر کا ذکر اس روایت میں وارد ہوا ہے، یوم النفر میں بھی اور یوم الترویہ میں بھی، لہذا یوم الترویہ میں اس کا تذکرہ وہم کیوں ہوگا؟ اور حضرت جابرؓ کی حدیث مسلم شریف میں یہ تصریح وارد ہے کہ حضور ﷺ نے ظہر و عصر اور اس کے بعد کی نمازیں وقوف عرفہ تک منیٰ ہی میں ادا کی ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عصر کا لفظ وہم نہیں ہے۔

حافظ ابن حجر نے یہی فیصلہ کیا ہے کہ عصر کا ذکر اس میں شاذ ہے اس لئے کہ اسحاق ازرق کے تلامذہ میں عبد اللہ بن محمد ہی تنہا ہے جو اس روایت میں صَلَّى الظُّهرَ وَالعَصرَ کہتے ہیں اور باقی لوگ صرف صَلَّى الظُّهرَ کہتے ہیں، تو وہی بات نکل آئی جو داؤدی نے کہی تھی کہ اس میں عصر کا تذکرہ وہم ہے۔

افعَلْ كَمَا يَفعَلُ أُمَرَاؤُكَ: مطلب یہ ہے کہ تم امراء کا اتباع کرنا، اگر وہ مکہ میں پڑھیں تو مکہ میں پڑھنا ورنہ اگر تم ان کے خلاف کروگے تو خواہ مخواہ تم پر مخالفت کا الزام آئے گا۔

هَذَا اليَومَ: یعنی یوم الترویہ۔

انظُرْ حَيثُ يُصَلِّي أُمَرَاؤُكَ فَصَلِّ: اس سے معلوم ہوا کہ امراء ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھنے پر انظبت نہیں کرتے تھے۔

الحمد للہ جلد ششم مکمل ہوئی

جلد ہفتم باب الصلاة بمنى سے شروع ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ

Maktaba Tul Ishaat.com

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-7224228-7355743

MAKTABA-E-REHMANIA